# انفاس العارفین

تالیف:- حجۃ الاسلام حضرت الامام شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ

ترجمہ وتبویب، تسہیل وتہذیب

**عمران علی مظاہری**

ادارۃ البحوث الاسلامیہ، دارالعلوم منہاج الدعوۃ الہیڑی سہارن پور یوپی

E-Mail>imazahiri@gmail.com

# تفصیلاتِ طباعت


نام کتاب:- انفاس العارفین

مؤلف:- حجۃ الاسلام، حضرت الامام، المحدث الشاہ ولی اللہ رحمہ اللہ

مترجم:- عمران علی مظاہری

حسب ایماء:- داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی دامت برکاتہم

تعداد صفحات:- 496

بارِ اول:- نومبر ۲۰۱۵

بارِ دوم:-

مطبع وناشر:- مکتبہ شاہ ولی اللہ، بٹلہ ہاؤس، نئی دہلی انڈیا


......................................................................

# فہرست مضامین

تفصیلاتِ طباعت ........ ۲
فہرست عنوانات ........ ۴
مقدمہ ........ ۳۰
چند لمحات عارفین کی صحبت میں ........ ۳۰
انفاس العارفین ........ ۳۴
ترتیب وتالیف، اشاعتیں اور ترجمے ........ ۳۴
(حضرت مولانا) نورالحسن راشد کاندھلوی ........ ۳۴
حضرت شاہ ولی اللہ ........ ۴۲
انفاس العارفین ........ ۴۴
ترجمہ، تسہیل، تہذیب وتبویب ........ ۶۹
حصہ اول ........ ۷۶
آغاز کار ........ ۷۷
معنوی میراث ........ ۷۷
اسلاف کا وارث ........ ۷۸
پہ آیا نہ دام میں ........ ۷۹
خواجۂ کائنات ........ ۸۰
جس کا انتظار تھا ........ ۸۰
شغل نفی واثبات ........ ۸۲
پہلا سبق ........ ۸۳

عظمت قرآن اور ہیبت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ............ ۸۴
مرنے سے پہلے مرجانا ............ ۸۵
بیخودی ............ ۸۷
مقامات قلب ............ ۸۷
کوچۂ تنگ ............ ۸۹
شیخ کے خطوط ............ ۹۰
دل کی صفائی ............ ۹۱
امتحان ............ ۹۲
کشف وکرامت کے سرپر جوتے ............ ۹۳
جانوروں سے کیا پردہ ............ ۹۳
رکاوٹ نہیں، حکمت ............ ۹۴
بڑوں کی دعاء ............ ۹۴
خدمت کے حقوق ............ ۹۴
نگاہ لطف کا صدقہ ............ ۹۷
گستاخ بھی فیض یاب ............ ۹۸
تعظیم کے مستحق ............ ۹۸
اپنی اپنی قسمت ............ ۱۰۰
آئے ہیں وہ مزار پہ ............ ۱۰۱
تین سبق ............ ۱۰۲
پڑھیئے کتاب حسن تو ............ ۱۰۲

عادت جو ہوگئی تھی ........................ ۱۰۴
بڑوں کی بڑی بات ........................ ۱۰۴
برکت ........................ ۱۰۵
فقیری یا بادشاہی؟ ........................ ۱۰۶
تمام علوم سے فارغ ........................ ۱۰۷
یارخاں اور غیر ........................ ۱۰۷
ذرا اسکی خبر لینا ........................ ۱۰۸
ہے دیوانگی سے کام ........................ ۱۰۹
جلادئے دفتر تمام ........................ ۱۰۹
حضرت شیخ تاج سنبھلیؒ کی مقبولیت ........................ ۱۱۰
ناموری سے دور ........................ ۱۱۰
عرس کا اہتمام نہیں ........................ ۱۱۱
آخری وصیت ........................ ۱۱۱
وجود اور شہود ........................ ۱۱۲
میر ابوالعلی ........................ ۱۱۴
ملفوظات میر ابوالعلی ........................ ۱۱۶
...تو ہی دوا دے ........................ ۱۱۷
فولاد شکن ........................ ۱۱۷
سودخور کا چراغ ........................ ۱۱۷
باادب جانور ........................ ۱۱۸

امیر کا طریقۂ تصوف ........................ ۱۱۸
روزی کا کفیل ........................ ۱۱۹
نہ بچا بچا کے تو رکھ ........................ ۱۲۰
برطرفی کے احکام ........................ ۱۲۰
برطرفی کا سبب ........................ ۱۲۱
اختیاری نیند ........................ ۱۲۲
ہم سفر چونٹی ........................ ۱۲۲
فقیر ہلاک ہو گیا ........................ ۱۲۳
قلندرانہ انتظام ........................ ۱۲۴
اللہ ساتھ ہے ........................ ۱۲۵
بے ادب ........................ ۱۲۵
شملہ کا مطلب ........................ ۱۲۶
فقیری میں ہے آرام بہت ........................ ۱۲۶
وقت کی قدر ........................ ۱۲۷
نہ کر دستِ طلب دراز ........................ ۱۲۷
تبرکات ........................ ۱۲۷
میاں شیخی کی روٹی ........................ ۱۳۰
مجذوبوں کے نام ........................ ۱۳۰
وہ جس حال میں رکھے ........................ ۱۳۱
الگ دنیا کے باشندے ........................ ۱۳۲

صحبت سے پاک ہو گئے ........................ ۱۳۲
حسین رات ........................ ۱۳۳
صوفیاء کا لباس ........................ ۱۳۵
شاہ ازرائیؒ ........................ ۱۳۵
کوئی خریدار نہیں ........................ ۱۳۶
جوتی کی شان ........................ ۱۳۷
تنور کے قابل ........................ ۱۳۷
غمزے ........................ ۱۳۸
رشوت کے کباب ........................ ۱۳۸
سوانح مرزا زاہد ہروی ........................ ۱۳۹
علمِ اجمالی و تفصیلی ........................ ۱۴۰
فنافی التوحید ........................ ۱۴۳
قیومِ عالم ........................ ۱۴۳
کبھی ان کو کبھی گھر کو دیکھتے ہیں ........................ ۱۴۴
حسن کو مستور کیوں دیکھوں؟ ........................ ۱۴۴
یک جان یک قالب ........................ ۱۴۵
دائرے ........................ ۱۴۵
ایک گھڑی ہزار برس ........................ ۱۴۶
ہیں رنگ الگ الگ ........................ ۱۴۶
جو مجھ میں فنا ہے ........................ ۱۴۶

اولیاء کی جنت .......................................... ۱۴۷

عتاب و عنایت .......................................... ۱۴۷

فاصلے حجاب نہیں .......................................... ۱۴۸

سلسلہ باقی رہے گا .......................................... ۱۴۹

غوث الاعظمؒ کا جبہ .......................................... ۱۴۹

قبلہ نمائی .......................................... ۱۵۰

عاجز ہیں فرشتے بھی .......................................... ۱۵۰

نیک بخت کا درجہ .......................................... ۱۵۰

مغفرت کی دولت .......................................... ۱۵۱

الہدایا مشترک .......................................... ۱۵۱

مبارک زردہ .......................................... ۱۵۲

حسنِ اختلاف .......................................... ۱۵۲

جمالِ محمد جو مستور نہ ہوتا .......................................... ۱۵۴

اک آگ کا دریا ہے .......................................... ۱۵۵

موئے مقدس .......................................... ۱۵۷

غیر اللہ کو سجدہ سے ممانعت .......................................... ۱۵۹

سید صاحب .......................................... ۱۵۹

مقبول درود .......................................... ۱۵۹

نیاز کے چنے .......................................... ۱۶۰

حضرت علیؓ سے ملاقات .......................................... ۱۶۰

خواجہ کی خلافت .................................................۱۶۱
خاص نسبت .................................................۱۶۱
حضرت غوث اعظم کی دوکان .................................................۱۶۱
نورٌ علی نور .................................................۱۶۳
بشارت .................................................۱۶۴
شیخ چراغ کی مجلس .................................................۱۶۵
شیخ سعدیؒ .................................................۱۶۵
مجذوبوں کا سردار .................................................۱۶۶
عجیب دعوت .................................................۱۶۷
غلط خیال ہے تیرا .................................................۱۶۷
روح ودل کی غذا .................................................۱۶۸
گمنام بزرگ .................................................۱۶۹
سفری نماز .................................................۱۷۰
تکلیف سے نجات .................................................۱۷۰
روح کا رقص .................................................۱۷۱
شیخ محمد پھلتیؒ .................................................۱۷۱
وبا کا فرشتہ .................................................۱۷۱
ملک الموت .................................................۱۷۲
کفر کا انجام .................................................۱۷۲
اولیاء اللہ کے ساتھ بحث وتکرار .................................................۱۷۲

خیر خواہی کا ثمرہ ........................ ۱۷۳
طائرانِ نکتہ داں ........................ ۱۷۵
صالح جن ........................ ۱۷۶
صوفی جن کی ہمدردی ........................ ۱۷۶
جن طالب علم ........................ ۱۷۷
کامیاب امتحان ........................ ۱۷۸
قلندر کا حساب ........................ ۱۷۹
اندر کی بات ........................ ۱۷۹
مشکل جسے سمجھا ہے تو ........................ ۱۸۰
ختم بے سود ........................ ۱۸۱
بڑی بوتل ........................ ۱۸۱
دعا کی درخواست ........................ ۱۸۲
مکار نقاب پوش ........................ ۱۸۲
غائبانہ حفاظت ........................ ۱۸۳
اور چراغ جلتا رہا ........................ ۱۸۴
منکر کی توبہ ........................ ۱۸۴
نذر اور بھول ........................ ۱۸۴
دعائیں پڑھنے والا ........................ ۱۸۵
باورچی کی امامت ........................ ۱۸۶
منکر کو نفع نہیں ........................ ۱۸۷

ادھر نہ ادھر، یہ بلا کدھر؟ ............ ۱۸۸

پیر کی تلاش ............ ۱۸۸

حضرت علیؓ کی رہنمائی ............ ۱۸۹

ترے انتظار میں ............ ۱۹۰

بونداباندی کی مصلحت ............ ۱۹۰

غلط فہمی ............ ۱۹۱

روشن ضمیری ............ ۱۹۱

دو دو ہاتھ ............ ۱۹۲

توجہ کے ذریعہ حفاظت ............ ۱۹۲

ٹیڑھی حویلی ............ ۱۹۳

نگاہِ محبت ............ ۱۹۴

نازِ قلندرانہ ............ ۱۹۵

اونٹ کی موت ............ ۱۹۶

صوفیاء کا طب ............ ۱۹۶

آگ اور حصار ............ ۱۹۷

پھلت کی زمینیں ............ ۱۹۷

ظلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں ............ ۱۹۸

جہاں چاہ وہاں راہ ............ ۱۹۸

تندرستی کی بشارت ............ ۱۹۹

ثابت قدمی کا حکم ............ ۲۰۰

گم شدہ بھائی ........................................ ۲۰۰
بیوی کی رحلت گھوڑا اسلامت ........................................ ۲۰۰
زکوۃ کا مال ........................................ ۲۰۱
کنواں کھودو جھیرا پاؤ ........................................ ۲۰۱
عاشق پری ........................................ ۲۰۲
نام ہی کافی ........................................ ۲۰۲
جوتے کی مار ........................................ ۲۰۳
خس وخاشاک ........................................ ۲۰۳
روسیاہی ........................................ ۲۰۳
دعا سے ممانعت ........................................ ۲۰۴
سات بندوق ........................................ ۲۰۴
سچی بات ........................................ ۲۰۴
فرخ سیر اور عبداللہ خاں ........................................ ۲۰۴
نازِ ولایت ........................................ ۲۰۵
کاتب الحروف (شاہ صاحبؒ) کی پیدائش ........................................ ۲۰۵
سیر کا شوق ........................................ ۲۰۶
وہ نہیں لوح وقلم کا محتاج ........................................ ۲۰۷
مفید دوستی ........................................ ۲۰۷
خلوص کے اثرات ........................................ ۲۰۸
روشن ضمیر بچی ........................................ ۲۰۸

دل کی سیر ........................................ ۲۰۹
صبر کا پھل ........................................ ۲۰۹
جمالِ مستور ........................................ ۲۱۰
تاثیر کی بخشش ........................................ ۲۱۰
آنکھوں کا فائدہ ........................................ ۲۱۲
رویت وحجاب ........................................ ۲۱۳
نیت کا فرق ........................................ ۲۱۴
کل کا وعدہ، اے دوست کس لئے؟ ........................................ ۲۱۵
قلندر کی شان ........................................ ۲۱۶
جدید معارف ........................................ ۲۱۸
وہ سمیع ہے ایسا ........................................ ۲۲۰
تعلق مع اللہ ........................................ ۲۲۱
دیکھا ہے کہ سنا ہے؟ ........................................ ۲۲۲
شیخ فقیر اللہ ........................................ ۲۲۲
شیخ فقیر اللہ کا خط ........................................ ۲۲۳
شیخ فقیر اللہ کا دوسرا خط ........................................ ۲۲۶
جوابی مکتوب ........................................ ۲۲۷
صورت خیالیہ ........................................ ۲۳۱
رکاوٹیں ........................................ ۲۳۳
مختلف آثار ........................................ ۲۳۴

نسبتوں کی خصوصیات ........ ۲۳۴
فریبِ دل ........ ۲۳۵
درجات میں ترقی کا مطلب ........ ۲۳۶
نفاست طبع ........ ۲۳۷
لا الہ الا اللہ سے توبہ ........ ۲۳۷
مہرے ........ ۲۳۸
پدرانہ شفقت ........ ۲۳۹
کیفیت کو محفوظ رکھنے کا طریقہ ........ ۲۳۹
مشیخیت کا فن ........ ۲۳۹
تمباکو کی نحوست ........ ۲۴۰
وہ آئے تو، مگر ........ ۲۴۰
عجیب قصہ ........ ۲۴۱
خیر خواہی دلیل سے بہتر ........ ۲۴۱
دو قسم کا علم ........ ۲۴۳
نسبت کا حصول ........ ۲۴۵
سلوک اور کیمیا ........ ۲۴۵
کن فی الناس ........ ۲۴۶
تقوی کا تقاضہ ........ ۲۴۶
تو چیزے دیگری ........ ۲۴۶
مصلحت کوشی ........ ۲۴۷

تم مرے ساتھ ہوتے ہو ........................................ ۲۴۸
تعبیرات کا فرق........................................ ۲۴۹
ایک سچائی ........................................ ۲۵۰
رحیم! پیا سوں یوں ملئے ........................................ ۲۵۱
لطائف ستہ ........................................ ۲۵۱
ملکوتی نام ........................................ ۲۵۳
رکن اعظم........................................ ۲۵۳
چند نصیحتیں ........................................ ۲۵۳
شاہ عبدالرحیمؒ ایک نظر میں ........................................ ۲۵۶
معمولات ........................................ ۲۵۸
آ گیا وصل کا ہنگام.......... ........................................ ۲۵۹
ایک توضیح ........................................ ۲۶۰
ابتدائی احوال ........................................ ۲۶۱
غوث اعظمؒ سے استفادہ ........................................ ۲۶۲
تیسرے آسمان پر نماز ........................................ ۲۶۲
مردِ حق سے بیعت ........................................ ۲۶۳
قرب کی انتہا ........................................ ۲۶۴
شیخ ابوالرضا محمد کے معمولات ........................................ ۲۶۴
فتح کی خبر ........................................ ۲۶۵
خرچ بذمہ مالک........................................ ۲۶۶

تنبیہ ............................................................ ۲۶۶
جنہیں وہ پاک رکھتا ہے ............................................ ۲۶۷
بادشاہ حقیقی کی بارگاہ ............................................ ۲۶۷
یوں بھی بلایا یا جاتا ہے ........................................... ۲۶۸
شریعت کا مدار ظاہر پر ............................................ ۲۶۹
دیہاتی لٹیرے ...................................................... ۲۶۹
کیا جواب دوں؟ .................................................... ۲۷۰
اتباع سنت .......................................................... ۲۷۰
نسبت کی برکتیں ................................................... ۲۷۱
حلوہ روٹی ........................................................... ۲۷۱
دل کو بھا گئی ....................................................... ۲۷۲
ایسا دل کس کام کا ................................................ ۲۷۲
رسوا نہ ہو خدا کے لئے ............................................ ۲۷۳
چند تصرفات ........................................................ ۲۷۳
اللہ مجھے کھلاتا ہے ................................................. ۲۷۴
علم کا غرور ......................................................... ۲۷۴
وہ اور تھے .......................................................... ۲۷۵
لب ہلانے کی حاجت نہیں ........................................ ۲۷۶
بھول گئے سب ابجد ہوز ........................................... ۲۷۶
زیارت نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ................................ ۲۷۷

شیخ اکبرؒ کی زیارت ........................................ ۲۷۷

نورانی پہریدار ........................................ ۲۷۸

ایمان کی حدود ........................................ ۲۷۹

خودی و بیخودی کے بیچ ........................................ ۲۷۹

اللہ کے نام ........................................ ۲۸۰

اللہ والوں کی نیند ........................................ ۲۸۰

صوفیاء اور فلاسفہ ........................................ ۲۸۱

توحید کا عقیدہ ........................................ ۲۸۱

مقامِ معلوم ........................................ ۲۸۱

بہترین مجاہدہ ........................................ ۲۸۲

شیخ عرشی ........................................ ۲۸۲

پاس انفاس ........................................ ۲۸۳

اللہ کی رفاقت کا مشاہدہ ........................................ ۲۸۳

اپنی اپنی خصوصیات ........................................ ۲۸۴

خداشناسی ........................................ ۲۸۵

بصارت و بصیرت میں فرق ........................................ ۲۸۵

لفظی جھگڑا ........................................ ۲۸۵

رویت باری کی کیفیت ........................................ ۲۸۶

بیعت کا مقصد ........................................ ۲۸۶

اللہ کی تجلی ........................................ ۲۸۷

سدراہ ........................................ ۲۸۷

الفاظ کے پجاری ........................................ ۲۸۸

بےکمان کا تیر ........................................ ۲۸۸

زمانے سے تیز گام ........................................ ۲۸۸

مشاہدہ کی چاشنی ........................................ ۲۸۹

فریبِ نظر ........................................ ۲۹۰

جس سے جہنم لرز اٹھے ........................................ ۲۹۰

صوفیاء کی مشقتیں ........................................ ۲۹۰

ہشیار باش ........................................ ۲۹۱

عالم اور واجب الوجود ........................................ ۲۹۲

نہ کوئی اس میں نہ وہ کسی میں ........................................ ۲۹۲

پوشیدہ معانی ........................................ ۲۹۳

آخری مقام ........................................ ۲۹۴

وحدت کا غلبہ ........................................ ۲۹۵

بسطامیؒ کی زنار ........................................ ۲۹۶

اپنا اپنا ظرف ........................................ ۲۹۶

تجھے دیکھنے کے بعد ........................................ ۲۹۷

من الظلمات الی النور ........................................ ۲۹۸

منسوب ہے جو اس سے ........................................ ۲۹۸

مطلق ہے وہ، اطلاق سے آزاد ........................................ ۲۹۹

ہر روپ میں جلوہ گر ........................ ۲۹۹
احدیت اور وحدت ........................ ۲۹۹
اسمائے الٰہی کا اطلاق ........................ ۳۰۰
خوب پردہ ہے کہ ........................ ۳۰۱
عشق کی آگ ........................ ۳۰۲
ذات باری تعالیٰ کا ظہور ........................ ۳۰۲
محدود و لامحدود ........................ ۳۰۲
حدیث قدسی ........................ ۳۰۳
اہل قبر سے مدد کا مطلب ........................ ۳۰۳
دنیا لاش سے بھی بری ........................ ۳۰۳
سب سے جھوٹی بات ........................ ۳۰۴
نہ بن ان جیسا ........................ ۳۰۴
پردوں سے چھٹکارا ........................ ۳۰۴
مشاہدہ سے محروم ........................ ۳۰۵
مشاہدہ کی قسمیں ........................ ۳۰۵
عارف کا کمال ........................ ۳۰۵
علم اور حال ........................ ۳۰۶
شراب کہ شیشہ؟ ........................ ۳۰۷
علم کی فضیلت ........................ ۳۰۸
امردوں کا دیدار ........................ ۳۰۸

عارف کی نظر ........................................ ۳۰۹
ولایت کی قسمیں ........................................ ۳۰۹
ذات محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جامع صفات ........................................ ۳۱۰
فنا کا مطلب ........................................ ۳۱۰
برابر ہیں ناتوان و پہلواں ........................................ ۳۱۰
غیب کی تختی ........................................ ۳۱۱
جنوں کا سایہ ........................................ ۳۱۲
معیت سے پاک ........................................ ۳۱۲
نقصان کا تقاضہ ........................................ ۳۱۲
علوم کے مرتبے ........................................ ۳۱۳
انکار کی وجوہات ........................................ ۳۱۳
عبادت کی حقیقت ........................................ ۳۱۳
مومن کی کھیتی ........................................ ۳۱۴
کرامت کیا ہے؟ ........................................ ۳۱۵
جمالِ محبوب میں گم ........................................ ۳۱۵
جنات کی قید ........................................ ۳۱۵
سورہ فاتحہ کی خاصیت ........................................ ۳۱۶
وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ ........................................ ۳۱۶
شیخ جنیدؒ کے بعض اقوال کا مطلب ........................................ ۳۱۶
روح الارواح ........................................ ۳۱۷

روح کے نام ............................................ ۳۱۸
علی مرتضی آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وزیر خاص ............................................ ۳۱۸
علی کرم اللہ وجہہ کا قول ............................................ ۳۱۸
علم کی قسمیں ............................................ ۳۱۹
کرامت کا اظہار ............................................ ۳۱۹
قہرِ درویش ............................................ ۳۲۰
بے فائدہ توحید ............................................ ۳۲۱
مجذوب اور سالک ............................................ ۳۲۲
موجودات و معقولات ............................................ ۳۲۲
وجود حق کا ثبوت ............................................ ۳۲۴
حق بدلتا نہیں ............................................ ۳۲۵
عارف و متعرف کا فرق ............................................ ۳۲۶
جب اس سے محبت ہوتی ہے ............................................ ۳۲۶
ذات کا عکس ............................................ ۳۲۷
اہلِ شہود ............................................ ۳۲۸
ایک مشہور غلطی ............................................ ۳۲۸
تعوذ کی حقیقت ............................................ ۳۲۸
واپسی ممکن نہیں ............................................ ۳۲۹
عبادت کا مقصد ............................................ ۳۳۰
اہلِ شہود کی عبادت ............................................ ۳۳۰

بال کی گنجائش نہیں ........................ ۳۳۲
وسعت کا مشاہدہ ........................ ۳۳۲
وہ آپ ہی پہچان ہے ........................ ۳۳۳
ستر ہزار پردوں میں ........................ ۳۳۴
مطلق کے معنی ........................ ۳۳۴
حضرت بایزیدؒ کے قول کی توجیہ ........................ ۳۳۵
توحید کی علامات ........................ ۳۳۶
قرب فرض و مستحب ........................ ۳۳۶
حجاب کا غم ........................ ۳۳۷
زمانے کی قسم ........................ ۳۳۸
توحید ہے منزل ........................ ۳۳۸
واجب اور ممکن ........................ ۳۳۹
تخلیق کی ترتیب ........................ ۳۴۰
بندہ، بندہ رہیگا ........................ ۳۴۱
شیخ عبدالاحد کا مکتوب اول ........................ ۳۴۱
جواب اول ........................ ۳۴۲
شیخ عبدالاحد کا دوسرا مکتوب ........................ ۳۴۴
دوسرے خط کا جواب ........................ ۳۵۶
تیسرا مکتوب ........................ ۳۶۶
دو بول مؤلفؒ کے ........................ ۳۸۳

شیخ عبدالاحد کا ایک اور خط ........ ۳۸۷
آسودہ بکامِ خویش ........ ۳۸۸
ایک اور خط، تفاوت ........ ۳۹۰
حکایت محبت و محنت ........ ۳۹۰
الٹا علاج ........ ۳۹۱
سرمۂ معرفت ........ ۳۹۲
دیدہ ور یا کور دیدہ؟ ........ ۳۹۷
جامعہ کی زبان میں ایک خط ........ ۳۹۹
ذکرِ لاہوتی ........ ۳۹۹
تیری ہستی حباب کی سی ہے ........ ۴۰۱
اللہ تعالیٰ کی نماز ........ ۴۰۲
ولی اور گناہ ........ ۴۰۴
دس کلمات ........ ۴۰۴
بسم اللہ کے معارف ........ ۴۰۵
تفسیر سورۂ فاتحہ ........ ۴۰۵
شیخ کے تحریری تراشے ........ ۴۰۶
ولایت کبریٰ کے فرائض ........ ۴۰۸
خلوت کا طریقہ ........ ۴۰۹
شیخ ابوالرضا کا سفرِ آخرت ........ ۴۱۳
چتوڑ کی فتح ........ ۴۱۹

قہرِ درویش ........................................ ۴۲۱
ڈاکوؤں کی توبہ ........................................ ۴۲۲
شیخ معظم کی اولاد ........................................ ۴۲۳
شیخ وجیہ الدین ........................................ ۴۲۳
خونی بوسہ ........................................ ۴۲۴
فراست و بہادری ........................................ ۴۲۵
بہادر ماں ........................................ ۴۲۶
قربانی کا وقت ........................................ ۴۲۷
ضمانت ........................................ ۴۲۸
قلبی طاقت ........................................ ۴۲۸
جائے شہادت ........................................ ۴۳۰
شیخ طاہر اور علمی غیرت ........................................ ۴۳۲
شیخ حسن کا حافظہ ........................................ ۴۳۳
شیخ محمد خیالی اور حکم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ........................................ ۴۳۵
شیخ عبدالعزیز کے حالات ........................................ ۴۳۵
شجرہ سلسلۂ قادریہ ........................................ ۴۳۷
قطب العالم کا انکار ........................................ ۴۳۸
شیخ رفیع الدین محمد کا مختصر تذکرہ ........................................ ۴۴۰
خواجہ محمد باقی کی گرہ ........................................ ۴۴۰
بیوی کے لئے وجد ........................................ ۴۴۱

چچا ٹھگ ........................................ ۴۴۲
اندھا جاسوس ........................................ ۴۴۳
روح کا فیصلہ ........................................ ۴۴۸
شیخ محمدؒ کا علمی وروحانی سفر ........................................ ۴۴۸
ظلمت ........................................ ۴۴۹
خدمت کا صلہ ........................................ ۴۵۰
خلافت واجازت ........................................ ۴۵۰
یوں بھی ہوتے ہیں شفایاب ........................................ ۴۵۱
تجھے ڈھونڈا کہاں کہاں؟ ........................................ ۴۵۱
بشارت ........................................ ۴۵۲
زخم کی لذت ........................................ ۴۵۲
شیخ محمدؒ کی روح ........................................ ۴۵۲
اک نگاہ کی بات ........................................ ۴۵۳
قلندر کا عتاب ........................................ ۴۵۴
دوسروں کا درد ........................................ ۴۵۴
میر عبداللہ ........................................ ۴۵۵
کھانے میں برکت ........................................ ۴۵۵
گستاخی کی سزا ........................................ ۴۵۶
جنگ وجدل فقراء کا شیوہ نہیں ........................................ ۴۵۶
شیخ کی بخشش ........................................ ۴۵۶

کفار کا جتھا ........................................ ۴۵۷

توجہ کا امتحان ........................................ ۴۵۸

بدکاری کی سزا ........................................ ۴۵۸

نہ چھیڑ ان خرقہ پوشوں کو ........................................ ۴۵۹

توحید کا اثر ........................................ ۴۵۹

کشف غیوب ........................................ ۴۶۰

توحید کا غلبہ ........................................ ۴۶۰

دیوانے کو فرزانہ بنادے ........................................ ۴۶۰

منکر کا وجد ........................................ ۴۶۱

حضرت شیخ احمد شناویؒ ........................................ ۴۶۲

شیخ احمد قشاشیؒ ........................................ ۴۶۴

نامِ محمد کیا کہیئے! ........................................ ۴۶۵

سید عبدالرحمن ادریسیؒ ........................................ ۴۶۷

ایران کا مکان مکہ میں ........................................ ۴۶۷

بند دروازے میں ........................................ ۴۶۸

رونے کا سبب ........................................ ۴۶۸

سید عبدالرحمن کی ہردلعزیزی ........................................ ۴۶۹

شیخ شمس الدین بابلیؒ ........................................ ۴۷۰

شیخ عیسیٰ جعفریؒ ........................................ ۴۷۱

شیخ محمد بن محمد بن سلیمانؒ ........................................ ۴۷۲

شیخ ابراہیم کردیؒ ........................ ۴۷۳
دل گیر نغمہ ........................ ۴۷۳
حق پست نہیں ہوتا ........................ ۴۷۴
جو ہاتھیوں کو روک لیتا ہے ........................ ۴۷۵
شیخ حسن عجمی رحمہ اللہ ........................ ۴۷۶
شیخ احمد نخلی رحمۃ اللہ ........................ ۴۸۰
شیخ عبداللہ بصریؒ ........................ ۴۸۲
شیخ ابو طاہر محمد بن ابراہیم کردیؒ ........................ ۴۸۴
شیخ تاج الدین قلعی حنفیؒ ........................ ۴۸۸
حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے خودنوشت حالات زندگی ........................ ۴۹۱
ولادت ........................ ۴۹۱
ابتدائی تعلیم ........................ ۴۹۲
راہِ سلوک اور تعلیم حدیث ........................ ۴۹۲
حضرت والد ماجدؒ سے اجازت ........................ ۴۹۴
درس وتدریس اور فقہی مسلک ........................ ۴۹۴
سفر حرمین شریفین اور خرقۂ جامعہ ........................ ۴۹۵
خلعتِ فاتحیہ ........................ ۴۹۵
طریقۂ سلوک، کمالات اربعہ اور حکمت عملی ........................ ۴۹۶
اختتام ........................ ۴۹۶

# مقدمہ

## چند لمحات عارفین کی صحبت میں

نادر مکتوبات (شاہ ولی اللہ) کی اشاعت پر اسکے اجراء کے موقع پر اردو اکیڈمی کے جلسے میں ملت کے خواص اور علماء و مشاہیر کی موجودگی سے شیخ العرب والعجم سیدی و مرشدی حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی نور اللہ مرقدہ نے خطاب میں بھی فرمایا اور اسکے پیش لفظ میں بھی یہ بات تحریر فرمائی:

''اہل علم و صاحب نظر جانتے ہیں کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ احیاء دین، اشاعت کتاب وسنت، اسرار و مقاصدِ شریعت کی توضیح و تنقیح تربیت وارشاد اور ہندوستان میں ملت اسلامی کے تحفظ و تشخص کے نہ صرف علمبرداروں میں ہیں بلکہ ان میں بھی ایک امتیاز اور سیادت و قیادت کے حامل اور علمبردار ہیں، جس کی مثال عہدوں اور ملکوں بھی مشکل سے ملتی ہے امت کی تاریخ میں عالمانہ و مجتہدانہ، مصلحانہ و مجددانہ، مؤلفانہ و مفکرانہ امتیاز رکھنے والی شخصیتوں کی کوئی مختصر سے مختصر اور ذمہ دارانہ سے ذمہ دارانہ فہرست بنائی جائے تو اس میں ان کا نام آنا ضروری ہے''۔

میرے حضرت والا فرماتے تھے کہ حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہؒ کو تو لوگ جانتے اور مانتے ہیں مگر جن شخصیات نے حضرت شاہ ولی اللہ کو شاہ ولی اللہ بنایا ان کو جاننے اور سمجھنے کی ضرورت ہے، جن شخصیات نے ان کو شاہ ولی اللہ اور حجۃ الاسلام بنایا اور انکی تربیت کرنے والے مدرسین کا تذکرہ حضرت شاہ ولی اللہؒ نے خود اپنے قلم سے اپنے رسائل میں کیا ہے، جس کا مجموعہ انفاس العارفین کے نام سے شائع ہوتا رہا ہے۔

مولانے امت میں ان اولیاء کاملین اور علماء ربانیین اور عارفین صادقین کی تاریخ تواتر کے ساتھ امت کے علماء اور قدردانوں کیلئے محفوظ کی ہے، اور وہ رہتی دنیا تک اس سے فیضیاب ہونے کے لئے ملت کا سرمایہ ہے، مگر ان میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے اسلاف، مشائخ، اور اساتذہ کو امتیازی شان عطا کی گئی تھی۔

اپنے اجداداوراساتذہ کے حالات پر مشتمل یہ رسائل حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ علیہ نے فارسی زبان میں تحریر فرمائے ،جن کے کئی ترجمے شائع ہو چکے ہیں ،اس حقیر کا بھی تائثر ہے اورانفاس العارفین کے پڑھنے والے جس بڑے سے بڑے عالم سے اس حقیر نے انفاس العارفین کا تذکرہ کیاانکا تائثر بھی یہ تھا کہ شاہ صاحب کے اجداد، مشائخ، اساتذہ خصوصاً شاہ صاحب کے والد ماجداور شیخ ومرشد حضرت شاہ عبدالرحیم صاحب جن کا تذکرہ اس مجموعے میں سب سے زیادہ تفصیل کے ساتھ کیا گیاہے، کے حالات پڑھ کرآخری درجہ کا احساس کمتری بہت دور ہوتا دکھائی دینے لگتاہے،اور دل میں اللہ کے تعلق اور قرب میں سب کچھ مٹا دینے کا جذبہ اور گدگدی سی پیدا ہونے لگتی ہے،میرے حضرت والاحضرت مولانا ابوالحسن علی ندوی نوراللہ مرقدہ فرماتے تھے کہ سیرت وسوانح بہترین واعظ ہوتے ہیں،اور یہ نورانی اورروحانی واقعات اولیاءاللہ اورعلماء ربانیین کی صحبت کے قائم مقام ہوتے ہیں،انسان کی فطرت اورمزاج کے اندراللہ تعالیٰ نے یہ بات رکھی ہے کہ انسان جیسے لوگوں کی سیرت وسوانحات پڑھتا ہے،اس میں وہ صفات حمیدہ منتقل ہوتی ہیں،اس ضرورت کے پیش نظر انفاس العارفین کونئی نسلوں کے لئے پڑھنا بے حد مفیداورضروری ہے۔

انفاس العارفین کے کئی اردو تراجم ہوئے اورشائع ہوتے رہے ہیں،ان میں سے اکثر تراجم ان لوگوں نے کئے ہیں جوایک خاص پس منظر میں شاہ صاحب کوپیش کرنا چاہتے ہیں اوراحوال وواقعات اور خاندانی اصل سمجھتے ہیں،جن کے بارے میں خودشاہ صاحبؒ نے کئی جگہ وضاحت کی ہے کہ اولیاء کے احوال لپیٹ کرر کھ دینے کے لئے ہوتے ہیں۔

یہ بھی ایک بدیہی حقیقت ہے کہ رسم ورواج انسان کی ایک فطری مجبوری ہے،اور بڑے بڑے مصلحین کے خاندانوں میں کچھ ایسی خاص رسمیں رواج پذیر دکھائی دیتی ہیں جن کی اصل قرآن وسنت سے ثابت نہیں ،مگرکبھی تو بشریت کے سبب انکی نگاہ ان تک نہیں جاتی،اور کبھی

قرآن وسنت سے مزاجی مناسبت اور اصل سے تعلق جوڑنے کی مہم میں محض رسموں سے ٹکرانے سے احتراز کرتے ہوئے ٹکراؤ کے راستے سے بچنے کی وجہ سے یہ مصلحین خاموشی اختیار کرتے، بلکہ شریک ہوکران کی اصلاح، اورکم ازکم کھلی خرافات سے بچانے کی کوشش کرتے ہیں۔

یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ زبانیں جواللہ کی نشانیاں ہیں، یہ زمان ومکان کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہیں اوران کا بدلاؤ بھی اصل میں اللہ کی نشانی ہے، اہلِ زبان کا خیال ہے کہ ہر چالیس میل اور چالیس سال میں زبان اپنے لب ولہجہ کو بدل دیتی ہے، ایک تو پہلے ہی یہ ان ملکوتی اور علوی صفات عارفین اور علماء ربانیین کے حالات وواقعات ہیں کہ جن کی روحانی اور عرفانی سطح کو سمجھنا آج کے پست ہمت لوگوں کیلئے مشکل ہے، پھر ناقل اور لکھنے والی شخصیت حجۃ الاسلام حضرت شاہ ولی اللہ، جن کی علمی اور روحانی سطح کیلئے میرے حضرت والاحضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ کسی عالم کی سند کیلئے یہ کافی ہے کہ وہ حضرت شاہ صاحبؒ کی معرکۃ الآرا کتاب حجۃ اللہ البالغہ کی ایک سطر کو کما حقہ سمجھ لے، اسکے علاوہ ترجمہ کرنے والوں نے تو اس کے رخ کو اور بھی موڑ دیا تھا۔

میرے حضرت والاحضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی رحمۃ اللہ علیہ نے پھلت میں ایک اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے یہ بات ارشاد فرمائی تھی کہ یہ دور اور اس دور کے سارے ادارے اور دینی تحریکیں شاہ ولی اللہ.............. کا امتداد وتسلسل ہیں اور ان میں اس وقت تک خیر شامل ہے جب تک وہ اسی نہج پر رہیں۔)

خیر کے اس تسلسل وامتداد اور اس کے مربیین کے حالات کو سمجھنا اور پڑھنا اس دور سے صحیح طور پر وابستہ رہنے اور شاہ صاحب سے فکری اور روحانی انتساب کرنے والوں کے لئے ضروری ہے کہ شاہ صاحب کے مشائخ، اساتذہ اور اجداد کے حالات کو پڑھیں، لہذا شدید ضرورت تھی کہ انفاس العارفین کا کوئی سلیس ترجمہ شائع کیا جائے، اسکے لئے اس حقیر نے اپنے فاضل

دوست اور رفیق جناب مولانا عمران مظاہری زید لطفہ کو متوجہ کیا، اللہ تعالیٰ کو یہ سعادت ان کے مقدر میں لکھنی تھی، انھوں نے بھی اپنے ولی اللہی ہونے کا حق سمجھ کر اس کا ارادہ کیا۔

چند روز پہلے ان کی ایک تحقیقی تصنیف اسماء الحسنیٰ پر آئی تھی، اور بھی سیرت وغیرہ پر وہ بڑا قابلِ رشک کام کر رہے ہیں انھوں نے الحمد للہ بڑے سلیقے سے اس کا موجودہ سلیس زبان میں ترجمہ بھی کیا اور اس میں کتاب کو پڑھنے والوں کے لئے ایک مفید اور تحقیقی مقدمہ بھی لکھا، اس پر مزید یہ کہ محقق عالم دین مولانا نور الحسن راشد صاحب کاندھلوی کی بھی ایک قابل قدر تحریر اس میں شامل فرمائی۔

ترجمہ کافی عرصہ ہو گیا، مکمل ہو گیا تھا، اس حقیر سے تعلق کی بنا پر ان کا اصرار تھا کہ اس پر یہ حقیر بھی کچھ لکھے، مگر یہ حقیر ہر مرتبہ اس کتاب کو پڑھ کر ان خاصان خدا کی عظمت کے ادب میں زمین میں گڑا جاتا رہا، ہمت جواب دیتی تھی کہ ان نفوس قدسی کے تذکرہ پر یہ بے بضاعت کیا لکھے، مگر وہ ترجمہ اشاعت سے رکا رہا تو مناع للخیر بننے کے خوف سے بچنے کیلئے مجبوراً یہ کالی لکیریں کاڑھ دی ہیں، رب کریم اس احساس کمتری کو ہی قبول فرمالیں۔

اب یہ ترجمہ ہر خاص و عام کے لئے مولانا موصوف کی طرف سے ایک مبارک تحفہ ہے، اپنے اپنے ظرف اور سطح کے لحاظ سے جو چاہے اس سے فائدہ اٹھائے، رب کریم اس ترجمے کو امت کو خیر کے اس ولی اللہی امتداد و تسلسل کے ساتھ جوڑنے کا ذریعہ بنائے، اور مولانا محترم کو ہم سب کی طرف سے اجر عظیم عطا فرما کر ان کے لئے بھی دارین کے لئے سرمایۂ خیر بنائے۔

والسلام

خاک پائے خدام دین

محمد کلیم صدیقی

# انفاس العارفین

## ترتیب وتالیف، اشاعتیں اور ترجمے

(حضرت مولانا) نورالحسن راشد کاندھلوی

حضرت الامام شاہ ولی اللہ

(احمد بن عبدالرحیم الرہتکی ثم دہلوی) ولادت: ۱۱۱۴ھ وفات: ۱۱۷۶ھ کی ذات گرامی اور انکی غیر معمولی، دینی علمی اصلاحی آفاقی خدمات اور بے نظیر و ہمہ جہت کارنامے، کسی تعارف کے محتاج نہیں، حضرت شاہ صاحب، اگر ایک جانب عظیم المرتبت مترجم ومفسر قرآن ہیں، تو دوسری جانب جلیل القدر محدث، علل ومقاصد شریعت اور حدیث نبوی شریف کے رازداں، ان کے تہہ درتہہ اسرار اور ان کی معنویت کے، ایسے متبحر عالم اور جامع کمالات شناور تھے کہ امت کی چودہ سوسالہ تاریخ میں ایسے گنتی کے چند نمونے اور بہت کم مثالیں وجود میں آئی ہیں۔

حضرت شاہ ولی اللہ کی اسلامی علوم میں نادر جامعیت سے مالا مال، اختلاف فقہاء میں توازن واعتدال کے رہنما،، جمع بین المذاہب کی فقید المثال صلاحیت سے متصف اور ایسے بہت سے کمالات کے ایسے باخبر شاخ درشاخ ماہر وجامع تھے، کہ ان کی مثال ان سے پہلے تھی، نہ ان کے بعد سے اب تک کہیں نظر آئی ہے۔

حضرت شاہ صاحب نے فارسی میں ترجمۂ قرآن مجید لکھا، اصول تفسیر کی نادر مہارت اور اعلیٰ ترین جامعیت سے ترجمانی کی، حدیث، فقہ الحدیث، مقاصد حدیث، اسرار شریعت، مقاصد شریعت اور اختلاف فقہاء کے اسباب اور ان کی نوعیتیں واضح فرمائیں، تصوف کے نازک مباحث، انکی دینی شرعی یا تجرباتی حیثیت کو، الگ الگ اور صاف کردیا، اور تمام فکری، نظریاتی اختلافی مسائل ومباحث کے درمیان، توازن واعتدال کی بے مثال راہ دکھائی اور ان میں سے

تقریباً ہراک موضوع ومبحث پرایسی گراں بہا تصانیف وتحریرات یادگار چھوڑیں، جن سے پوری دنیا نے ہر جہت سے کثیر استفادہ کیا، اور عالم اسلام کی فکری تحریری اُفق پراسکے اس قدر گہرے نقوش واثرات مرتسم ہوگئے ہیں کہ ہرجگہ شاہ صاحب کا حوالہ ضروری سا ہوگیا ہے۔

ظاہر ہیکہ موضوعات کی کثرت، مباحث ومضامین کی وسعت وجامعیت اورسیل رواں کی طرح جاری تحریری کام میں کسی قدر تکرار اور کبھی کبھی باہم اختلاف وتناقض عین ممکن بلکہ تقاضائے فطرت ہے، ان تضادات کی وجہ سے کئی مرتبہ حضرت شاہ صاحب سے اختلاف بھی کیا جاتا ہے، کبھی کوئی طبقہ کرتا ہے تو کبھی کوئی، حضرت شاہ صاحب کی ایسی ہی مؤلفات میں سے، جن پر بحث وتبصرہ جاری رہتا ہے ''القول الجمیل اورانفاس العارفین'' سرفہرست ہے، بعض اصحاب اسکی شاہ صاحب سے نسبت تک کا انکار کرتے ہیں اور بعض سب تحقیقات اورعلوم ومباحث کو یکسر نظرانداز کرکے، فقط اسی کو اپنا رہنما اور پیشوا بناتے ہیں مگر نہ یہ صحیح کہتے ہیں نہ وہ!

انفاس العارفین، حضرت شاہ صاحب کے خاندانی بزرگوں اوراجداد کے واقعات وقصص پر مشتمل، پانچ یاسات رسائل کا مجموعہ ہے، جو یہ ہیں:

(۱) بوارق الولایة: واقعات وحالات شاہ عبدالرحیم (والد ماجد حضرت شاہ ولی اللہ)

(۲) شوارق المعرفه: حالات وواقعات شاہ ابوالرضا محمد (عم حضرت شاہ ولی اللہ)

(۳) الامداد في ماثر الاجداد: خاندانی بزرگوں کے مختلف واقعات واشارات

(۴) النبذة الابریزیة في اللطیفة العزیزیه: واقعات سلسلۂ شیخ عبدالعزیز شکر بار دہلویؒ

(۵) العطیة الصمدیة في الانفاس المحمدیه: مولانا شیخ محمد پھلتی کے احوال۔

(۶) إنسان العین في مشائخ الحرمین: (شاہ صاحب کے اساتذۂ حرمین کا ذکر خیر)

(۷) الجزء اللطیف في تذکرة العبد الضعیف: (شاہ ولی اللہ کے سفر حج تک کے خود نوشت مختصر حالات بلکہ اشارات ہیں)

ان سب کے مجموعہ کا نام ’’انفاس العارفین‘‘ ہے، ان میں سے پہلی تینوں تالیفات یا رسائل، ایک علیحدہ تالیف ہیں، اسی وجہ سے شاہ صاحب نے انکو، قسم اول، دوم، سوم پر مرتب اور تقسیم کیا ہے، آخر کے چاروں رسالے بظاہر بعد میں لکھے گئے، ابتدائی تینوں رسائل کے ساتھ، قلم بند نہیں ہوئے، اگر انکے ساتھ مرتب ہوئے ہوتے، تو وہ بھی اسی ترتیب کے مطابق، قسم چہارم، پنجم، ششم، ہفتم، پر تقسیم و مرتب کئے جا سکتے تھے، اس کی وجہ سے یہ خیال بھی ہوتا ہے کہ شاید، پہلی تینوں تالیفات: **بوارق الولایة، شوارق المعرفة، الإمداد في ماثر الاجداد** سفر حج سے کئی سال پہلے، نوجوانی بلکہ نوعمری میں وجود میں آئیں تھیں، بعد کے چاروں رسالے، خصوصاً آخری دونوں: **إنسان العين في مشائخ الحرمين** اور **الجزء اللطيف في تذكرة العبد الضعيف** میں، ان دونوں کے سفر حج کے بعد، لکھے جانے کی صراحت ونشانات موجود ہیں، اس وجہ سے یہی قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ شاہ صاحب نے سفر حج کے بعد، جب آخری دونوں رسالے مرتب کئے تو ان کو سب سے پہلے مرتب، تینوں رسائل، اور بعد کی دو تالیفات: **النبذة الأبريزيه** اور **العطية الصمديه** کے ساتھ شامل و یک جا کر کے، ان تمام سات یا پانچ رسائل کے مجموعہ کو، انفاس العارفین کے نام سے موسوم کیا ہے، آخری دونوں تالیفات ورسائل کے علاوہ، یہ تمام رسائل ومؤلفات شاہ صاحب کے اپنے اجداد اور اہل خاندان سے سنی ہوئی اطلاعات وروایات اور چند ذاتی مشاہدات پر مشتمل ہیں، احتیاط کا تقاضہ ہے کہ ان میں درج اطلاعات کو، نیم معتبر ماٰخذ ومؤلفات کی فہرست میں رکھا جائے۔

یہاں یہ بھی بالکل صاف ہو جانا چاہئے کہ یہ مؤلفات، حضرت شاہ صاحب اور ان کے اجداد واہل خاندان کی، دینی فکر کے نمائندہ وترجمان اور ان کے اسلامی عقیدہ کی مظہر نہیں ہیں، گویا یہ متفرق اتفاقی واقعات ہیں، جو شاہ صاحب نے اپنے اہل خاندان سے سنے اور ان سب کو قلم بند کر کے، اپنے گھرانہ کے افراد اور ان کی نسلوں کے لئے محفوظ کر دیا، حضرت شاہ ولی اللہؒ نے

انفاس العارفین کی تمہید میں، اس کی صراحت بھی فرما دی ہے، کہ یہ چیزیں میں نے خصوصاً اہل خاندان کی معلومات کے لئے، قلم بند کی ہیں:

''باشد کہ اہل زماں عموماً واہل ایں خاندان خصوصاً منتفع شوند''

اس لئے انفاس العارفین میں شامل رسائل میں، حضرت شاہ ولی اللہ اوران کے اہل خاندان کا عقیدہ اور مذہبی فکر تلاش کرنا غلط اور بے حقیقت بات ہے، شاہ صاحب اورانکے بزرگوں کے عقیدہ کی حقیقت جاننے اوراسکی اصالت وصلابت پہچاننے کے لئے، شاہ صاحب کے وصیت نامہ کو، دیکھنا پڑھنا چاہئے۔ **القول الجلي** اور **التفهيمات الالٰهيه** دونوں سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ شاہ صاحب نے یہ وصیت نامہ، سفرحج سے پہلے مرتب فرمالیا تھا، یہی وصیت نامہ، شاہ صاحب اورانکے اہل خاندان اوراستادوں کی دینی فکروعقیدہ کی نمائندگی وترجمانی کررہا ہے، شاہ صاحب کی تحریرات میں، اسی وصیت نامہ کواصل وبنیاد، سمجھنا چاہئے، انفاس العارفین کے مندرجات کیوجہ سے، وصیت نامہ کونظرانداز کرنا، بلاشبہ زیادتی اور بددیانتی ہے۔

اورحضرت شاہ صاحب کی اہم علمی تصنیفی یادگار: **العقيدة الحسنه** ہے، جس پرحضرت شاہ عبد العزیز نے مفصل حاشیہ بھی لکھا تھا، اورخود بھی عقائد پرایک جامع رسالہ تحریر فرمایا تھا، ان لوگوں کی ان تحریرات ومؤلفات پرکیوں نگاہ نہیں جاتی، انکے ذہن اوردماغ، ان کے پڑھنے، جاننے اورسمجھنے سے کیوں قاصرودرماندہ رہ جاتے ہیں؟ بات صاف ہے کہ ان کا مقصد نہ شاہ ولی اللہ اورانکے عقیدہ اورفکر کوجاننا ہے، نہ ہی اس پرعمل کرنا، یااس کے مطابق کوئی دینی کام اور خدمت انجام دینا، مقصدصرف اپنی پسند کی ہوئی راہ اورغلط طریقہ کی تائید ہے، اس سے زیادہ کچھ نہیں۔ مدارِنجات حضرت محمد الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اتباع اوران کے بتائے ہوئے راستہ پرسفرہے، احمدرضابریلوی کے راستہ کااوراس میں نجات کے منحصرہونے کا، امت کی تیرہ سوسال کی تاریخ میں کہیں تذکرہ نہیں آیا، شاید ایسے ہی کسی موقعہ کے لئے کہا گیا ہے کہ:

ترسم کہ بکعبہ نہ رسی اے اعرابی کیں راہ کہ تو میروی، بہ ترکستان است

بہر حال انفاس العارفین کے ابتدائی رسائل و مؤلفات کا، حضرت شاہ صاحب نے، اپنی تصانیف و کتب میں، علمی استدلالی حیثیت سے کہیں تذکرہ نہیں کیا، حضرت شاہ صاحب کی تحریروں، تالیفات میں، اس کا حوالہ نہ ہونے کے برابر ہے، خاندان ولی اللٰہی اور ان کے وابستگان میں، انفاس العارفین کے مطالعہ اور اس سے استفادہ کا بہت معمول نہیں رہا، جس کا اس سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ انفاس العارفین میں شامل (آخری دونوں رسائل کے علاوہ) کسی رسالہ کا، ایسا کوئی خطی نسخہ، راقم سطور کے علم میں نہیں، جو حضرت شاہ ولی اللہ کی حیات (وفات: ۱۱۷۶ھ) یا اس کے پچاس سال بعد تک، نقل و کتابت ہوا ہو۔

مجھے انفاس العارفین کے، سب سے پرانے جن دو نسخوں کا علم ہے، وہ دونوں ہی حضرت شاہ عبدالعزیز کے سال وفات ۱۲۳۹ھ کے لکھے ہوئے ہیں، انفاس العارفین کے اس سے قبل کے کسی اور قلمی نسخہ کا سراغ نہیں ملا۔

حضرت شاہ ولی اللہ کی تصانیف و کتب، حضرت شاہ عبدالعزیز کی زندگی میں، کلکتہ سے چھپنا شروع ہو گئیں تھیں، لیکن انفاس العارفین، حضرت شاہ رفیع الدین کے نواسہ کے فرزند، سید احمد ولی اللٰہی نے پہلی مرتبہ، اپنے مطبع احمدی (متعلقہ مدرسہ شاہ عبدالعزیز) دہلی سے ۱۳۱۵ھ ۱۸۹۷م میں شائع کی تھی، یہ طباعت بڑی پیمائش کے ایک سو چھیانوے صفحات پر مشتمل ہے، کتابت و طباعت عمدہ ہے، مگر اس میں کہیں اس کا تذکرہ نہیں کہ یہ طباعت کس نسخہ پر مبنی ہے، اس کی اصل کہاں سے دستیاب ہوئی تھی، انفاس العارفین کی اسی طباعت سے یہ کتاب ایک مرتبہ مطبع مجتبائی دہلی سے، ۱۳۳۵ھ ۱۹۱۷م میں چھپی تھی، مگر یہ طباعت عمدہ اور صاف نہیں اور صحت متن میں بھی، مطبع احمدی کے برابر نہیں ہے۔

انفاس العارفین کے متعدد رسائل، **الإمداد في مآثر الأجداد، انسان العين في مشائخ**

**الحرمين** اور **الجزء اللطيف في ترجمة العبد الضعيف** وغیرہ، انفاس العارفین کے علاوہ، حضرت شاہ صاحب کے اور رسائل کے ساتھ، شامل ہو کر بھی چھپے ہیں اور ان کا ترجمہ بھی ہوا ہے، مگر یہ تمام رسالے ایک جگہ نہیں چھپے، ناشرین نے، اپنی پسند اور ضرورت کے مطابق، علیحدہ علیحدہ دوسرے رسائل کے ساتھ شامل اور شائع کئے ہیں، کسی مجموعہ کے ساتھ کوئی رسالہ چھپا ہے، کسی اور کے ساتھ دوسرا، یہ ترجمے اگرچہ ان ہی رسائل کے ہیں، مگر ان کو انفاس العارفین کے ترجموں میں شمار کرنا صحیح نہ ہوگا۔

انفاس العارفین میں شامل تمام رسائل کے مجموعہ کا، کوئی ایک مکمل ترجمہ، کسی ذمہ دار مترجم اور ادارہ کی جانب سے شائع نہیں ہوا، مجھے اس کے صرف دو ترجموں کا علم ہے، جو انفاس العارفین کے جملہ رسائل پر مبنی ہیں، مگر بدقسمتی سے یہ دونوں ترجمے، حضرت شاہ صاحب کی صحیح فہم تک رسائی، ان کے عمل بالقرآن والسنہ اور شرک وبدعات کی پرزور تردید اور پیغام کی تکمیل کے لئے نہیں، بلکہ اس کے بالکل مخالف پہلو کو قوت دینے اور اپنے غلط خیالات ونظریات کی، کسی نہ کسی طرح تائید حاصل کرنے کے لئے کئے، اور چھاپے گئے ہیں، یہ دونوں ترجمے اہل بدعات کے ہیں، ان کے خیال بلکہ عقیدہ وعمل کی سب سے بڑی کمزوری یہ ہے کہ انکے یہاں احادیث صحیحہ نبویہ، حضرات صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، ائمہ سلف، دین وشریعت کے معاملات اور عقائد میں سلف کی وضاحت وتحقیق پر مشتمل اور پوری امت میں معمول ومعتمد کتابوں اور فیصلوں کی ذرا بھی وقعت واہمیت نہیں، صرف وہ چند باتیں جنکی احمد رضا خاں صاحب فاضل بریلوی، یا دوسرے اہل بدعت اور مجاوران قبور کی تحریرات وعمل سے خبر اور تائید ملتی ہے، اسی پر عمل ہے، انہیں کی تائید تلاش کی جاتی ہے اور بدقسمتی اور بدنصیبی ہے، کہ صریح ترین آیات قرآنیہ، احادیث نبویہ علی صاحبہا الف الف صلوٰۃ وتحیہ حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے معمول وہدایات، ائمہ عقائد وفقہ کی وضاحت اور واضح تصریحات

کو، پوری طرح نظر انداز، بلکہ معاذ اللہ معاذ اللہ! ان سب کی جملہ ہدایات، تعلیمات، اور مکمل رہنمائی کو فضول اور بے حقیقت جان کر، ان خرافات و بدعات کی تائید کے لئے، ائمہ سلف اور امت کی چودہ سوسالہ، مسلسل ترتیب و عمل اور ما انا علیہ واصحابی کے ارشاد عالی کو ترک کرکے، خرافاتی دلائل پیش کئے جاتے ہیں۔ غیر معتبر کتابوں، تالیفات کی بے اصل باتوں، اور موضوع و کمزور ترین روایات سے اخذ و استدلال کیا جاتا ہے، انفرادی، شخصی ذوق، ذاتی معمول اور وقتی دلچسپی کی باتوں، کاموں کو، سند کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، جن میں استدلال بننے اور امت کے متفق، علیہ ابدی موقف اور بنیادی عقائد واصول کی موجودگی میں، ٹکنے کی صلاحیت ہی نہیں۔

بہرحال اپنے اسی قبور پرستی اور بدعات و بے سند باتوں پر عمل کے مزاج کو، قوت دینے کے خیال سے، انفاس العارفین کے دو ترجمے، وقفہ وقفہ سے چھپے۔

**ترجمہ اردو، انفاس العارفین:** حکیم محمد اصغر اطہر فاروقی، اسکو پہلی مرتبہ فضل نور اکیڈمی چک سادہ شریف گجرات [پاکستان] نے ۱۹۷۰م میں شائع کیا تھا، یہ ترجمہ دوسو ننا نوے (۲۹۹) صفحات پر مشتمل ہے۔

**انفاس العارفین کا دوسرا ترجمہ:** سید فاروق صاحب قادری (بھاول پور) کے قلم سے شعبان ۱۳۹۳ھ ستمبر ۱۹۷۳م میں پورا ہوا، اور اسی وقت پاکستان سے شائع ہوگیا تھا، بعد میں اسی ترجمہ کو، دیوبند کے ایک ناشر نے، بغیر یہ دیکھے کہ اس کے مقاصد کیا ہیں اور اس میں کہاں کہاں حضرت شاہ صاحب کی تعلیمات ومقاصد سے انحراف ہوا ہے، اس کو بہت زور وشور سے شائع کیا، اکثر قارئین کو، اسی اشاعت سے انفاس کے ترجمہ کا علم ہوا، دیوبند کے نسخہ پر بھی سن طباعت درج نہیں، یہ طباعت چارسو پندرہ صفحات پر مشتمل ہے۔

مذکورہ دونوں ترجمے، چوں کہ خاص مقصد اور حضرت شاہ ولی اللہ کی تعلیمات ونظریات کے بالکل خلاف، غلط باتوں کو آگے بڑھانے، ترویج دینے کے لئے، کئے گئے تھے، اس لئے

ترجمہ کا وہی آہنگ رکھا گیا ہے، جس سے اس کو غلط سمجھا جائے اور وہی عنوانات لگائے گئے ہیں، جن سے پڑھنے والوں کے قدم ڈگمگائیں، اس لئے ضرورت تھی کہ اس کا ایک صحیح ترجمہ کیا جائے، جس کے ذریعہ سے، قارئین کتاب سے صحیح استفادہ کریں، ان واقعات وقصص کی جانکاری حاصل کریں، لیکن یہ ترجمہ، ان کو راہ سے بے راہ (Miss Gaid) نہ کرے، یہ ترجمہ امید ہے کہ اس مقصد کو پورا کرنے میں مدد کرے گا۔

مترجم مولوی محمد عمران مظاہری صاحب نے، اس ترجمہ سے پہلے انفاس العارفین کے نسخہ مطبوعہ احمدی کی مدد سے، اس کا اردو میں ایک خلاصہ تیار کیا تھا، مگر میں نے ان کو پوری کتاب کا ترجمہ کرنے کا مشورہ دیا، جس کو انہوں نے پسند کیا، یہی ترجمہ اس وقت چھپنے کے لئے جا رہا ہے۔ امید ہے کہ اس سے صحیح فائدہ اٹھایا جائے گا اور حضرت شاہ ولی اللہ کی نسبت کی وجہ سے، کسی غلط مقصد سے یہ کتاب اور اس کا یہ ترجمہ استعمال نہیں ہوگا، مترجم مولوی محمد عمران مظاہری صاحب کے سخت اصرار پر، یہ چند صفحات لکھے ہیں۔

اللہ تعالیٰ مترجم کی اس کاوش کو قبول فرمائے، ان کو اخلاص کے ساتھ اچھے کاموں کو آگے بڑھانے کا موقع بخشے، غلط رہنماؤں اور رہنمائی سے پوری حفاظت فرمائے۔

آمین یارب العالمین۔ فقط

**نور الحسن راشد کاندھلوی**
مفتی الٰہی بخش اکیڈمی
کاندھلہ، ضلع شاملی، یوپی

۲۵ر محرم الحرام ۱۴۳۷ھ
۸ر نومبر ۲۰۱۵ م

# عرض مترجم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**الحمد للہ الملك القدوس السلام، فالق الحب والنوی خالق الانام، وقال یا ابن آدَمَ إِنَّكَ مَا دَعَوتَنِي وَرَجَوتَنِي غَفَرتُ لَكَ عَلى مَا كَانَ مِنكَ وَلاَ أُبَالِي *يا ابنَ آدَمَ لَو بَلَغَت ذُنُوبُكَ عَنَانَ السَّماءِ ثُمَّ استَغفَرتَنِي غَفَرتُ لَكَ *يا ابنَ آدَمَ إِنَّكَ لَو أَتَيتَنِي بِقُرَابِ الأَرضِ خَطَايَا ثُمَّ لَقِيتَنِي لا تُشرِكُ بِي شَيئاً لأَتَيتُكَ بقُرَابِها مَغفِرَةً، والصلاة والسلام الاتمان الاكملان علی المبعوث رحمةً للعالمین نبینا محمد الهادي الامین وآله وصحبه ومن اتبعه إلي یوم الدین **(رواہ الترمذی)**

## حضرت شاہ ولی اللہ

امام شاہ ولی اللہؒ کی شخصیت تعارف کی محتاج نہیں، ضلع مظفر نگر میں واقع اہل اللہ کی بستی پھلت سے اٹھارویں صدی میں طلوع ہونے والا یہ سورج یقیناً پوری دنیا کو روشنی کی سوغات بانٹ گیا، آپ نے خود اپنے حالات کافی تفصیل کے ساتھ ذکر فرمائے ہیں جو انفاس العارفین کے آخری رسالہ میں موجود ہیں، لہذا یہاں ان کے تکرار کی قطعاً ضرورت نہیں ہے۔

آپ کا مطالعہ کرنے والے پر یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح کھل جاتی ہے کہ شاہ صاحب کی شخصیت ایسی ہمہ جہت ہے کہ ان کو پورے اسلامی انسائیکلو پیڈیا کا امام قرار دینے میں تردد کی کوئی گنجائش نہیں، یہی وجہ ہے کہ اہلِ سنت والجماعت کے تمام مکاتب فکر، بریلوی، دیوبندی اور غیر مقلدین سب ان کے ساتھ اپنی نسبت کو اپنے لئے باعثِ افتخار سمجھتے ہیں، اور امام صاحب اعتدال کے اس اعلی مقام پر فائز ہیں کہ ہر مکتبۂ فکر آپ کو اپنی اپنی صحیح افکار کا ترجمان اور بانی سمجھتا ہے، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ شاہ صاحب کو کوئی مسلک، کوئی مکتبۂ فکر اور کوئی گروہ بھی اپنی فکری زنجیر میں پوری طرح باندھ نہیں سکتا، ان کا سراپا کسی بھی جماعت کے بنائے ہوئے

فریم میں پورا نہیں سما سکتا، کیونکہ ان جماعتوں میں سے کوئی بھی جماعت ایسی نہیں جس نے اپنی پوری کی پوری آؤٹ لائن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی لائی ہوئی شریعت کے خط پر کھینچی ہو، کسی کی لائن کہیں سے باہر ہے کسی کی کہیں سے، تعصب، تجاہل اور تفاخر کے محلات گرا کر اگر کوشش کی جائے تو ان تمام چوکھٹوں میں سے ایک صحیح فریم ضرور نکل آئیگا، لیکن اس میں دایاں بازو الگ چوکھٹے کا فٹ ہوگا، سر دل الگ فریم کا، بایاں بازو کسی جگہ سے نکلے گا تو پیر دل کہیں اور سے، اور شریعت مطہرہ کے اس فریم کا نام ہوگا ''شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ''۔

ایسی صورت میں ہر ایک لکڑی کا مالک اسے اپنے فریم کا امین سمجھے تو سمجھتا رہے، کسی کا کیا جاتا ہے؟ ایک فریق ان کی ایک تحریر کو غلط نسبت کا تمغہ دیدے دوسرا فریق دوسری تحریر کو۔

ایک تمثیل بیان کی جاتی ہے کہ چار اندھے تھے جنھوں نے کبھی ہاتھی نہ دیکھا تھا، اتفاق سے ایک روز ان کے گاؤں میں ہاتھی آگیا، اپنی دیرینہ خواہش کی تکمیل کے لئے انھوں نے کسی بینا سے فرمائش کی کہ انہیں ہاتھی دکھادے، بینا نے ایک کا ہاتھ پکڑ کر ہاتھی کی ٹانگ پر ٹکا دیا کہ یہ ہے ہاتھی، دوسرے کا ہاتھ سونڈ کو لگا دیا کہ لو یہ رہا ہاتھی، تیسرے کے ہاتھ میں دم پکڑا دی کہ لو تم بھی دیکھ لو ہاتھی، چوتھے کے ہاتھ میں کان تھما دیا کہ ایسا ہوتا ہے ہاتھی۔

چاروں خوش ہو گئے، لیکن جب ہاتھی چلا گیا تو آپس میں جھگڑنے لگے، ایک کہتا ہے کہ ہاتھی ستون کی مانند ہوتا ہے، دوسرا کہتا ہے کہ تم نرے بیوقوف ہو، ہاتھی تم نے دیکھا ہی نہیں، وہ تو بالکل پائپ کی طرح ہوتا ہے، تیسرے کا اصرار ہوا کہ تم دونوں جاہل کے جاہل ہی رہ گئے ہاتھی جھاڑو کے مشابہ ہوتا ہے، چوتھا کہہ رہا ہے کہ تم سب نے تو کھو دیا موقع، ہاتھی کو ہم نے خوب ٹٹول ٹٹول دیکھا ہے، پنکھا اور ہاتھی ایک ہی چیز سمجھو۔

ظاہر ہے کہ اپنے اپنے حال میں سچے اور امین ہونے کے باوجود بیچاروں آدمی ہاتھی کی غلط تعریف کر رہے ہیں، اللہ رحم فرمائے امت پر کہ اس کی کافی طاقت اسی ادھیڑ بن میں خرچ ہو

رہی ہے، اس کے بہترین دماغ اسی طرح کی فضولیات میں ضائع ہو رہے ہیں، اپنے نظریہ کے صحیح ہونے کے دلائل کم اور فریق ثانی کی تغلیط کے دمدمے زیادہ۔

## انفاس العارفین

انفاس العارفین کا موضوع تو شاہ ولی اللہؒ کے اسلاف اور ان کے متعلقین کا ذکرِ خیر ہے، لیکن درحقیقت یہ کتاب علوم تصوف کا خزینہ، معارف کا گنجینہ، علمِ کلام کا نمونہ اور ولی اللہی سلسلہ کا بیش بہا انسائیکلو پیڈیا ہے، اسکے باوجود یہ بھی حقیقت ہے کہ مقبولیت کا جو مقام اس کتاب کو حاصل ہونا چاہئے تھا اسکا عشر بھی حاصل نہیں ہوا، انفاس العارفین کے ایک مترجم سید محمد فاروق شکایتاً لکھتے ہیں:

''عجیب اتفاق ہے کہ شاہ ولی اللہ اور ان کے خاندانی حالات لکھنے والوں کے لئے پہلا اور آخری ماخذ یہی کتاب ہے، لیکن اس سے بے اعتنائی کا یہ عالم ہے کہ ایک دو سطروں سے زیادہ میں کوئی اس کا ذکر بھی نہیں کرتا، آخر اس کے علاوہ کیا وجہ ہوسکتی ہے کہ انفاس العارفین کے مضامین سے ذہنی موافقت نہیں پاتے۔'' (انفاس العارفین کا مقدمہ از سید محمد فاروق ص ۲۰)

اس میں کوئی شک نہیں کہ اسکی جو وجہ فاروق صاحب نے بیان کی ہے وہ بھی اپنی جگہ ہے، لیکن یہ معاملہ صرف انفاس العارفین کے ساتھ نہیں، بلکہ جس طرح ایک ''خاص ذہنیت'' کو انفاس کے مضامین سے ذہنی موافقت نہیں ہوسکی، ٹھیک اسی طرح بلکہ اس سے بھی کہیں زیادہ دوسری ''خاص ذہنیت'' شاہ صاحبؒ کی دوسری کتابوں سے ہم آہنگ نہ ہوسکی، انہوں نے شاہ صاحب کی کئی کتابوں کا سرے سے انکار ہی کر ڈالا، جیسا کہ اسی کتاب کے اندرونی سرورق پر سید ظہیر احمد کے ذریعہ اعلان کیا گیا، اور محمد فاروق صاحب نے شکایت کی:

''تحفۃ الموحدین ایسی فرضی اور جعلی کتابوں اور حجۃ اللہ البالغہ یا تفہیمات کے مصنف شاہ ولی اللہ کو تو ہم اچھی طرح جانتے ہیں لیکن، انفاس العارفین، فیوض الحرمین، الدر الثمین، القول الجمیل،

الانتباہ فی سلاسل الاولیاء اور اطیب النعم فی مدح سید العرب والعجم کے مؤلف شاہ ولی اللہ کے بارے میں ہمیں آج تک نہیں بتایا گیا۔'' (ایضاً ص ۱۹)

انصاف کی بات یہ ہے کہ ہر جماعت، ہر قاری اور ہر ایک ذہن کا اپنا ولی اللہ الگ ہے، لہٰذا جس ذہنیت نے بھی شاہ صاحب کے کسی مضمون کو قبول کرنے سے انکار کیا، اس نے اپنے آپ کو بدلنے اور شاہ صاحب کے فکری ترازو میں خود کو تولنے کے بجائے ترازو کو بدلنے کی کوشش کر ڈالی، ایک نے اغماض کیا دوسرے نے انکار، ایک کو شاہ صاحب کے مضامینِ تصوف سے قبض ہو گیا دوسرے کو مضامینِ توحید سے چڑ، حقیقت یہ ہے کہ یہ دونوں اگر انصاف پسندی، اعتدال اور تحمل سے کام لیتے ہوئے ان دونوں مضامین کا جائزہ لیتے تو نوبت یہاں نہ پہنچتی، کوئی اسلامی فرقہ ایسا نہیں جو توحید کو اسلام کا سب سے پہلا، اہم اور بنیادی ستون نہ مانتا ہو، اسی طرح ایسا بھی فرقہ کوئی نہیں جو صاف ستھرے اور صحیح العقیدہ اور متبع سنت صوفیاء کرام کو عقیدت واحترام سے نہ دیکھتا ہو، پھر یہ لڑائی کیسی ہے؟ یہ لڑائی مبالغہ، افراط وتفریط اور اعتراض وتکفیر کی ہے۔

لیکن یہ سمجھنا بھی پوری طرح صحیح نہیں ہے کہ ذہنی موافقت نہ ہونے میں سارا قصور'' خاص سانچے'' کا ہے بلکہ ان کتابوں کا مواد بھی اس کا اچھا خاصا ذمہ دار ہے، مثلاً انفاس العارفین کو ہی لیں، اس میں کئی جگہوں پر ایسے مضامین موجود ہیں جو بظاہر قرآن وحدیث اور امت کے متفق علیہ عقائد سے ٹکراتے ہیں، یہ واقعہ دیکھیں:

'' کاتب الحروف کہتا ہے خواجہ محمد سلطان نے ایک گھوڑا لیا تھا، اس نے حضرت والد کو دکھایا، آپ نے اسے تنہائی میں بلایا، اسوقت یہ فقیر بھی موجود تھا اور فرمایا کہ گھوڑا خوب ہے مگر اسکی عمر کم ہے۔ عرض کیا: کیا اچھا ہو کہ میری بیوی کی زندگی گھوڑے کو مل جائے، یہ عورت بڑی بدزبان وبدعادت تھی، اس سے وہ تنگ آچکا تھا، آپ نے مسکرا کر فرمایا: ایسا ہی ہو جائے گا، تین مہینے نہ گزرے تھے کہ اس کی بیوی مر گئی اور گھوڑا اسلامت رہا، جس کو بیچ کر خوب نفع کمایا۔ (ص ۱۸۳)

دوسرا واقعہ: شیخ احمد نخلی رحمہ اللہ کے فرزند شیخ عبدالرحمن نخلی رحمۃ اللہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے دادا کے یہاں نرینہ اولاد زندہ نہیں رہتی تھی جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان رہتے تھے، جب شیخ احمد رحمۃ اللہ پیدا ہوئے تو ان کے لئے اولیاء اللہ سے دعاء کی درخواست کی، اوران سے استمداد اور روحانی توجہ کے طالب ہوئے، وہ ہر جمعہ کے دن شیخ احمد نخلی رحمۃ اللہ کو شیخ تاج سنبھلی کی خدمت میں بھیجتے تھے، ایک روز اتفاق سے شیخ تاج سنبھلی نے قدرے تأمل کے بعد شیخ احمد کو لانے والے خادم کے ہاتھ کہلا بھیجا کہ یہ بچہ آپ کی طرح کا نہیں، بلکہ آپ سے بڑھ کر صاحب فضل اور سعادت مند ہے، یہ الگ بات ہے کہ اس کی زندگی کم ہے۔

جب خادم اپنے مالک کے پاس پہنچا اور انہیں شیخ کا پیغام دیا تو انہوں نے اسے یہ کہہ کر فوراً واپس بھیجا کہ میری طرف سے حضرت کی خدمت میں التماس کرو کہ آقائے من! میں نے اپنی عمر اس بچہ کو دیدی، اور آپ سے سفارش کا طالب ہوں، جب حضرت شیخ نے یہ پیغام سنا تو فوراً توجہ کی اور چند لمحوں کے بعد اس خادم سے کہا کہ اپنے مالک سے کہہ دو کہ ان کا مدعاء پورا ہو گیا ہے، اور اپنی طرف سے شیخ احمد نخلیؒ کے والد کو تین ماہ کی مہلت سفر آخرت کی تیاری کے لئے دی، چنانچہ وہ اسی مدت میں اس عالم فانی سے رخصت ہو گئے۔ (کتاب ہذا، ص ۴۶۴)

اسی طرح کا ایک واقعہ اور دیکھ لیجئے: فرمایا: ایک دن میں تنہا اپنے حجرے میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص آیا اور مجھ سے کہنے لگا کہ اگر تم چاہو تو ابھی اس دنیا سے دار الآخرت کی طرف منتقل ہو سکتے ہو اور اگر چاہو تو کچھ عرصہ بعد، میں نے جواب دیا: ابھی کچھ کمالات اور منازل حاصل کرنا باقی ہیں اور میں انکی امید میں ہوں، کہنے لگا: اچھا! تمہاری مرضی کے مطابق تمہاری موت مؤخر کر دی گئی، اسکے بعد وہ واپس ہو گیا، میں نے اسکی پشت پر جڑے ہوئے مرصع جواہرات دیکھے۔ (۱۵۳)

ایسے واقعات سے الجھن ہونا اور ذہنی طور پر ان سے ہم آہنگ نہ ہو پانا ان کی توجیہ وتاویل سمجھ میں نہ آنے کی بنا پر ہے نہ کہ تصوف سے مخالفت یا کسی خاص سانچے کے سبب، اس سلسلے میں ان کو مورد الزام نہیں ٹھہرایا جا سکتا کیونکہ اگر ان کا ذہن ان واقعات کی تاویل نہیں کر سکا ہے تو

ان واقعات کا انکار ہی عین ایمان ہے ،جس طرح یہاں عمروں کے تبادلے کئے جارہے ہیں، اگران کی کوئی مناسب تاویل نہ ہواور یہ اپنے ظاہر پر واقع ہوں تو یہ کوئی سادہ سا واقعہ نہیں بلکہ قرآن کریم کے خلاف ایک سخت ترین دعوی ہے، ارشاد ربی ہے:

مَّا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَ مَا يَسْتَأْخِرُونَ* (الحجر ۵، المؤمنون ۴۳)

کوئی مخلوق اپنے مقررہ وقت کو نہ پہلے لاسکتی ہے نہ ہی پیچھے دھکیل سکتی ہے۔

وَلَن يُؤَخِّرَ اللَّهُ نَفْسًا إِذَا جَاءَ أَجَلُهَا وَ اللَّهُ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ* (المنفقون ۱۱)

اللہ تعالیٰ ہرگز تاخیر نہیں کرتے جب اسکا وقت آجائے ،اللہ کو معلوم ہیں تمہارے سب کرتوت۔

قُل لاَّ أَمْلِكُ لِنَفْسِي ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا إِلاَّ مَا شَاءَ اللَّهُ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ إِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ فَلاَ يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلاَ يَسْتَقْدِمُونَ* (یونس ۴۹)

آپ فرمادیں کہ میں نہ تو کسی کے نقصان کا مالک ہوں نہ ہی نفع کا مگر اللہ تعالیٰ جو چاہیں، ہر ایک مخلوق کا وقت متعین ہے، جیسے ہی وہ وقت آجاتا ہے تو پھر نہ ایک لمحہ آگے ہوسکتا ہے نہ پیچھے۔

قرآن کریم کی یہ آیات ہمیں بتارہی ہیں کہ جب کسی کا وقت موعود آجاتا ہے تو ایک لمحہ کی بھی تاخیر نہیں ہوسکتی، نہ کسی کی موت پہلے آسکتی ہے، اسکا جو وقت مقرر ہے اس سے ادھر ادھر ہو جانے کا سوال ہی نہیں ،ادھر یہ احوال کہتے ہیں کہ اس میں تصرف کیا جاسکتا ہے، ایک کی عمر دوسرے کو بھی دی جاسکتی ہے، یہی نہیں بلکہ انسانوں کی عمر جانوروں کو بھی دے سکتے ہیں۔

لیکن قرآن کریم کے بیانات کے سامنے ہمارے پاس کوئی حجت نہیں، ان اہل اللہ کے بارے میں بھی ہم یہ گمان نہیں کرتے کہ انہوں نے غلط بیانی سے کام لیا ہوگا، لہٰذا ہمارے لئے کوئی چارہ نہیں سوائے اسکے کہ ہم ان واقعات کی کوئی تاویل کریں جس سے ہمارا ایمان سلامت رہے، اور حقیقت بھی یہی ہے کہ یہ واقعات تمثیل محض ہیں، ظاہر سے ان کا کوئی واسطہ نہیں۔

درحقیقت اہل اللہ کی قوت متخیلہ انتہائی فعال اور قوی ہوتی ہے، یہی قوت انہیں تکوینی امور کا

ادراک کراتی ہے جسے کاملین الہام خداوندی کا نام دیتے ہیں، یقیناً ان میں سے اکثر الہامات منجانب اللہ ہوتے ہیں، لیکن ان میں سے بعض انکی اسی قوت متخیلہ کا کارنامہ بھی ہوتے ہیں، اللہ تعالیٰ حکیم ودانا ہیں وہ ایسے تخیلات کے ذریعہ اپنے مقرب بندوں سے بہت سے مفید کام لیتے ہیں، اسکا نام ظاہر میں تصرف رکھ دیں یا الہام یا دعائے مستجاب، ورنہ حقیقی اور شرعی رو سے نہ ان کا وجود ہے نہ اعتبار، اسی لئے نہ عقیدے کے طور پر ان کولازم قرار دیا گیا ہے اور نہ ہی یہ شرعاً دلیل وحجت بن سکتے ہیں، البتہ عالم مثال میں ان کو درک بھی حاصل ہے، وجود بھی، اوران کے فوائد ومنافع خود صاحبِ تصرف ولی کے لئے بھی ہیں اور دوسرے عوام الناس کے لئے بھی، یہ کمزوروں کے لئے سہارا بھی ہیں اور کاہلوں کے لئے مہمیز بھی، ان تصرفات کے اگر فوائد نہ ہوتے، توانبیاء کرام کومعجزوں سے نہ نوازا جاتا، اولیاء اللہ کی کرامات بھی لوگوں کے دلوں کواسی طرح ہدایت واطاعت پر کمر بستہ کرتی ہیں، جس طرح انبیاء کرام کے معجزات ان کو ایمان وایقان کی دولت سے بہرہ ور کرتے ہیں

اسکے علاوہ بھی کتاب میں بعض مضامین ایسے ہیں جو شاہ ولی اللہؒ کی شخصیت پر منطبق نہیں ہوتے، ان کے مزاج وآہنگ سے میل نہیں کھاتے، یقیناً ان میں سے بعض کی حسین اور معقول توجیہات بھی کتاب میں موجود ہیں جواس بات کا بین ثبوت ہیں کہ اہلِ علم اسلاف ان سے وہ مطلب مراد نہیں لیتے جو ظاہر الفاظ سے نکلتا ہے، یا جو معنی موقع پرست جھوٹے لوگ اپنی ہوا پرستی کے لئے بیان کرتے ہیں۔

مثلاً امام جعفر صادق کے قول: نحن اناس سرمدیون * ہم سرمدی لوگ ہیں، (ص ۳۲۴) اسکی تفسیر لمبی مدت سے کی ہے، اسی طرح حضرت بایزید کا قول: خضت بحرا ووقف الانبیاء بساحلہ * ہم نے غوطہ لگایا جبکہ انبیاء ساحل پر کھڑے تھے (۳۲۲) اس کی تفسیر میں فرمایا کہ انبیاء غوطہ لگانے کے بعد ساحل پر کھڑے تھے، مزید تاویلات آپ کتاب میں دیکھ ہی لیں گے۔

معلوم ہوا کہ جب ہم ان اقوال کی تشریحات اور معانی پر مطلع ہوتے ہیں تو اعتراض ختم ہوجاتا ہے ورنہ اعتراض کی قینچی چلتی رہتی ہے۔

یہاں میں ایک بہت ہی مناسب مثال خود اپنی پیش کرونگا، حکیم ترمذی متوفی ۲۹۶ھ کا ایک قول ہے ''الولایۃ افضل من النبوۃ'' اسے پڑھنے کے بعد طبیعت بے چین ومکدر ہوگئی، یہاں تک کہ طے کرلیا کہ مجھے اس کتاب میں حصہ دار نہیں بننا، اور کام بند کردیا، مرشدی وسندی حضرت داعی اسلام مولانا محمد کلیم صدیقی دامت برکاتہم کا فون آیا جس میں انفاس العارفین کے سلسلے میں استفسار فرمایا، میں یہی سمجھا کہ مہمیز کا من جانب اللہ انتظام کیا گیا ہے، لہٰذا دوبارہ کام شروع کر دیا، پھر اللہ تعالیٰ نے اس قول کے جو معانی ذہن میں ڈالے اس سے نہ صرف تکدر دور ہوگیا، بلکہ طبیعت جھوم اٹھی اور نشاط دوبالا ہوگیا، آپ اس کتاب کے صفحہ (۲۰۱) کا حاشیہ ملاحظہ کریں گے تو معلوم ہوجائے گا کہ ظاہر الفاظ اور تاویل میں کیا فرق ہوتا ہے، اس قول کی تاویلیہ ہے کہ یہاں افضل سے مراد افضل فی الدرجات نہیں ہے، بلکہ مفید لوجہٍ ہے، یعنی ولایۃ ایک اعتبار سے نبوت سے زیادہ مفید ہے، کیونکہ وہ قابلِ حصول ہے، ہم اسے حاصل کرنے کی کوشش بھی کر سکتے ہیں، حرص اور دعا بھی، لیکن نبوت چونکہ خالص وہبی شے ہے اس لئے نہ اسکی کوشش جائز کہ یہ سعی لاحاصل ولغو ہوگی، نہ دعا جائز کہ یہ دعائے باطل ہوگی۔

ولایت میں کسب ومحنت، عبادت وریاضت کو دخل ہے اس لئے وہ اس معنی میں زیادہ مفید ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں ایک ہی نبی کی پیروی میں الگ الگ لوگوں کو حاصل ہوسکتی ہے، اور نبی وپیغمبر سے بہت ہی کمتر لوگوں کو اس کے حصول کی امید طاعات پر ابھارتی رہتی ہے، بلکہ یہ کیوں نہ کہدوں کہ اللہ کے گناہ گار، ناکارہ، نکمے اور نالائق ترین بندے بھی اس فضل سے مایوس نہیں ہوتے، انہیں بھی مفت میں توقع رہتی ہے کہ جانے کب قطب بنا دیئے جاؤ، جانے کب کسی شیخ کی نگاہ کامل تمہیں بھی کامل بنا دے۔

اسکی مثال ایسی ہے جیسے کوئی دعوی کرے کہ چراغ سورج سے بہتر ہے، بھلا کہاں سورج کہ جس سے تمام جہان روشن ہے اور کہاں یہ حقیر دیا جو اپنی لو سے اپنے ہی نیچے روشنی پہنچانے سے قاصر ہے، لیکنمدعی کا یہ دعوی بالکل درست ہوگا جب اس کا مطلب یہ ہو کہ چراغ کو ہم جب چاہیں روشن کرلیں، جب چاہیں گل، جہاں چاہیں رکھ لیں، جہاں سے چاہیں اٹھادیں، یہ چراغ کے وہ فوائد ہیں جو ہمیں سورج سے نہیں مل سکتے، غالب کا شعر مستعار لیتا ہوں:

ساغرِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے　　　اور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا

تو الولایۃ افضل من النبوۃ کے معنی ہونگے، انفع من النبوۃ عن وجہ الحصول * واللہ اعلم

حکیم ترمذیؒ، ابن عربیؒ، بایزیدؒ جیسے اسلاف تو بہت بڑی بات ہے، ہم نے ان کو نہیں دیکھا، ان کے دور کو بھی ہم نے نہیں پایا، ہم نے تو ان کے اخلاف در اخلاف دیکھے ہیں، جنکا دور بھی وہ دور ہے جس میں گناہ کو عیب کے بجائے فن، اور طاعات کو بنیاد پرستی کا نام دیا جارہا ہے، بدزبانی اور الزام تراشی کو آزادی رائے کے حسین فریم میں فٹ کرکے اپنے محسنوں کا مذاق اڑایا جارہا ہے، ایسے مخدوش دور میں ان اخلاف کا حال یہ ہے کہ سنتوں پر عمل کے حریص ہیں، اسی کے داعی ہیں، اسی کو تمام شرف اور فضیلت کا محور سمجھتے اور کہتے ہیں، ان کی زبان پر آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے جو جذبات ہیں وہ ان کی تقریر وتحریر میں یوں اجاگر ہوتے ہیں:

نہیں جن میں تمہارا نقش شامل
وہ نقشے ہیں مٹا دینے کے قابل
اجازت ہو تو شاہا پیش کردوں
مرے پہلو میں ہے ٹوٹا ہوا دل

جب وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نام لیتے ہیں تو محسوس ہوتا ہے کہ زبان اس نام کی لذت سے لپٹ لپٹ جا رہی ہے، نام نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہ لیتے ہیں شیرینی ہمارے لبوں تک پہنچتی ہے، ان کو دیکھ کر مردہ

دلوں میں جان پڑتی ہے، سوئے ہوئے علوی جذبات بیدار ہوتے ہیں، اور مستائے ہوئے سفلی جذبات منہ چھپاتے ہیں، دل میں عشق نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیا روشن ہوتا ہے، طاعات وعبادات کی رغبت اور معصیات سے طبیعت میں نفرت پیدا ہوتی ہے، جب ان کے اخلاف کا اس گئے گذرے دور میں یہ عالم ہے تو خود ان کا کیا حال ہوگا؟ جبکہ وہ دور بھی نورانی تھا، اور آج کی یہ خرافات جنہوں نے جینا محال کر رکھا ہے اس وقت نہ تھیں۔

ہم کیسے تصور کرلیں کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لائے ہوئے دین کے خلاف دعوت دی؟ اور امت کو ہدایت کے بجائے گمراہی پر لگایا؟ لہٰذا اسلاف پر طعن کرنے سے بہتر ہے کہ ان کے ایسے اقوال کی تاویل میں سعی کی جائے، امید ہے کہ اس سے حقائق ومعارف کی راہ کھلے گی۔

اگر کسی بدعت پر طعن کرنا ہے، خوشی سے کیجئے، قرآن وحدیث کی وہ تشریح جسے آپ کے علم و وجدان نے آپ پر کھولا ہے، اگر اس کی روشنی میں دیانت کے ساتھ آپ کسی عمل کو شرک سمجھ رہے ہیں تو یقیناً آپ کو حق ہے کہ آپ اس کے سد باب کی ایماندارانہ کوشش کریں، اور اپنے دینی بھائیوں کو خیر خواہانہ دعوت دیں اور انہیں رأس المنکرات سے بچانے کی سچی فکر کریں۔

لیکن اسکے لئے اسلاف کی پگڑیاں اچھالنا، ان کو متہم کرنا، ان کے اندر نقائص پیدا کر کے انہیں یہاں وہاں گاتے پھرنا، خیر خواہی نہیں کہلاتا۔

اپنے بزرگوں اور محسنوں کا نام ہم عقیدت سے نہ لیں، ان کے کارناموں اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش نہ کریں تو ہم احسان فراموش کہلائیں گے، اور ہم اس فیض سے یقیناً محروم رہیں گے جو ان کی اعلیٰ شخصیات سے اللہ تعالیٰ نے جاری فرمایا ہے۔

یہاں مجھے ایک حدیث یاد آ رہی ہے، امام بخاری نے اسے اپنی صحیح میں نقل فرمایا ہے:

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّ أُمَّ حَبِيبَةَ وَأُمَّ سَلَمَةَ ذَكَرَتَا كَنِيسَةً رَأَيْنَهَا بِالْحَبَشَةِ فِيهَا تَصَاوِيرُ فَذَكَرَتَا لِلنَّبِيِّ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أُولَئِكَ إِذَا كَانَ فِيهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فَمَاتَ بَنَوْا عَلَى قَبْرِهِ مَسْجِدًا وَصَوَّرُوا فِيهِ تِيكَ الصُّوَرَ أُولَئِكَ شِرَارُ الْخَلْقِ عِنْدَ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ*(۱)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ سیدہ ام حبیبہ وسیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہما نے نبی کریم ﷺ کے سامنے ایک گرجا کا تذکرہ کیا جو انہوں نے حبشہ میں دیکھا تھا، اس میں تصاویر آویزاں تھیں، آپ ﷺ نے فرمایا ان لوگوں کا حال یہ تھا کہ ان میں جو بھی نیک آدمی ہوتا، تو اس کے بعد لوگ اس کی قبر پر مسجد تعمیر کر دیتے اور اس میں اس کی تصویر لگا لیتے، قیامت کے دن یہ لوگ اللہ کے نزدیک سب سے بدمعاش مخلوق ہونگے۔

اس حدیث کو یہاں لانے کا مقصد یہ ہے کہ آقا ﷺ نے بتوں کے بنانے، پوجنے والوں کو تو شرار الخلق عند اللہ سے تعبیر کیا، لیکن خود ان بزرگوں کا صالح انسان کہہ کر خیر کے ساتھ ذکر فرمایا، معلوم ہوا کہ شرک کا جو بھی گناہ ہے وہ مشرک پر ہے نہ کہ ان صالحین پر۔

جبکہ ہمارے مصلحین کا معاملہ مختلف ہے، مخاطبین جنہیں یہ ذہن مشرک سمجھتا ہے ان سے تو رسم و راہ اور تعلقات ہیں، لیکن اسلاف ہر وقت ان کے عتاب کا شکار ہیں، ان حضرات نے اپنی پوری قوت اسی برے کام پر لگا رکھی ہے کہ بزرگوں میں برائیاں بیان کریں، یہ طریقہ تو اصلاح کا نہیں ہوسکتا۔

لیکن اس سلسلے میں سب کو مطعون کرنا بھی ناروا اور خلاف حقیقت ہے، راقم السطور اپنے بزرگوں کو ہمیشہ سے دیکھتا آیا ہے کہ انکے یہاں اہل اللہ کا اکرام واحترام کیا جاتا ہے، ان کے ملفوظات کو مجلسوں میں پڑھا جاتا ہے، انکے کمالات اور زہد وطاعات کے تذکرے ہوتے ہیں، ان کی سوانحات اور حیات وخدمات پر مضامین، رسائل اور کتابیں شائع کی جاتی ہیں۔

لیکن اختلاف اس وقت شروع ہوتا ہے جب ایک طبقہ کہتا ہے کہ بزرگان دین کو صرف بزرگ

---

۱ صحیح بخاری حدیث نمبر ۳۵۸۴

ماننا کافی نہیں بلکہ انہیں الٰہی درجہ کا مسند نشین جانو، انہیں مختارِ کل اور قادرِ مطلق مانو، انہیں عالم الغیب اور کائنات کے سیاہ سفید کا مالک سمجھو، دوسرا کہتا ہے کہ ائمۂ کرام اور علماء عظام سے برأت کا اعلان کرو، انہیں جاہلِ مطلق سمجھو، نہ صرف ان کی اقتداء سے ہاتھ کھڑے کردو بلکہ جہاں تک ممکن ہو ان کے خلاف عمل کرو! ہمیں نہ ان کی منظور نہ ان کی۔

یہ دونوں طبقے بزرگان دین کو سب وشتم کرنے میں ایک دوسرے سے آگے ہیں، ایک ادھر والوں کو کافر کہتا ہے اور ساتھ میں درمیان والوں کو بھی نوازدیتا ہے، دوسرا اُدھر والوں کو مشرک بتاتا ہے اور بیچ کے لوگوں کو بھی ساتھ گن لیتا ہے۔

ایک نے تو اہل تصوف کو ہدفِ شتم بنایا اور اس بات کی تمیز نہیں کی کہ کون سا تصوف محمود ہے کونسا مذموم؟ اصلاح حال اور اصلاح دل کا ان کے یہاں نہ کوئی درجہ ہے نہ ضرورت، انہوں نے کاغذ کی کتابوں اور روشنائی سے بنے حروف کو اپنے لئے کافی جانا، اور اسی کا نام قرآن وحدیث رکھا، اسوہ انکے یہاں کوئی چیز ہی نہیں، نمونے کے وہ قائل ہی نہیں، ریاضت ومحنت کی حاجت ہی نہیں، عملی مشق اور زندہ قرآن وحدیث کو مانتے ہی نہیں، انھوں نے صحیح کو پڑھا تو سہی، لیکن صحیح کو جانا اور پہچانا بالکل نہیں، اور اس کی پیروی سے بھاگ کھڑے ہوئے، اپنے محسنوں کے تئیں ان کی گستاخ زبانیں، بے لگام قلم اور بیباک طبیعتیں الزام تراشیوں اور اتہام بازیوں میں مصروف ہوگئیں، پھر ان سے نہ ائمۂ عظام محفوظ رہ سکے، نہ صوفیائے کرام بچے اور نہ اولیائے عالی مقام چھوٹ پائے، ان کی چرب زبان قینچیاں سب کو کاٹتی چلی گئیں، حدیث کا نام لیکر اپنی ہفوات عام کو عام کیا، اصلاح کے نام پر تمام اسلامی اقدار کو روند ڈالا، تاریخی ورثہ کو تباہ کیا، اور روایات کو نیست ونابود کردیا۔

دوسرے ذہن نے بدعت کے خلاف آواز نکالنے والے کسی کو نہیں بخشا، شرک کی شناعت بیان کرنے والوں کو نہیں چھوڑا، ہر ایک بدعت کو بدعتِ حسنہ کا تاج پہنا کر سر آنکھوں پر رکھا،

انھوں نے پیچھے مڑکر دیکھنا گوارہ ہی نہیں کیا کہ کتنی دور نکل آئے ہیں؟ انھیں جو بھی کپڑا بھایا اسکو شریعت کے حسین پیراہن پر پیوند بنا کر جڑ دیا، یہاں تک کہ یہ پیراہن پوری طرح پیوندوں سے ڈھک گیا، اور پھر معلوم ہی نہ رہا کہ شریعت کا پیراہن کہاں ہے اور کیسا ہے؟ انھوں نے یہ تو طے کرلیا کہ معیارِحق صرف صحابہ یا تابعین وتبع تابعین نہیں ہیں، لیکن یہ طے نہ کیا کہ پھر شریعت مطہرہ کا معیارِحق ہے کیا؟ وہ یہ سمجھنے کو تیار نہیں کہ جب یہ معیار نہیں تو قرآن وحدیث تو رکھے گئے بغل، اب معیار قصے بنیں گے، کہانیاں بنیں گی، اقوال بنیں گے، اور ان میں بھی معیار نہیں ہوگا کہ کس پائے کے لوگوں کے اقوال لئے جائیں گے؟ کیونکہ پایا تو طے کیا ہی نہیں جا سکتا، ایک شخص ایک طبقہ کا ولی، قطب اور غوث ہے، جبکہ دوسرا طبقہ اسے مسلمان ماننے کو تیار نہیں، بتایئے کیسے قائم ہوگا معیار؟ قرآن کریم نے یہود ونصاریٰ کی مخاصمت کا نقشہ کھینچا ہے:

وَقَالَتِ الْیَھُودُ لَیْسَتِ النَّصَارَی عَلَیٰ شَيْءٍ وَقَالَتِ النَّصَارَی لَیْسَتِ الْیَھُودُ عَلَی شَيْءٍ وَھُمْ یَتْلُونَ الْکِتَابَ کَذٰلِكَ قَالَ الَّذِینَ لاَ یَعْلَمُونَ مِثْلَ قَوْلِھِمْ فَاللهُ یَحْکُمُ بَیْنَھُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ فِیمَا کَانُوا فِیهِ یَخْتَلِفُونَ * (البقرہ ۱۱۳)

یہود کہتے ہیں کہ عیسائی کسی چیز پر نہیں اور عیسائی کہتے ہیں کہ یہودی کسی چیز پر نہیں، حالانکہ وہ کتاب پڑھتے ہیں، یہی حال ان لوگوں کا ہے جو بے علم ہیں، وہ بھی انہیں کی طرح کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن چکا دے گا فیصلہ اس جھگڑے کا جو یہ آپس میں کر رہے ہیں۔

یہاں بھی یہ اختلاف کچھ اسی نوعیت کا ہے، ہر فریق دوسرے کے اعمال کو اپنے علم کی عینک سے دیکھنے پر مصر ہے، خود اس کے زاویئے سے دیکھنے کو تیار نہیں، پھر حقیقت کھلے تو کیونکر؟ اسی لئے یہ لڑائی ایسی بدبختی کے ساتھ جاری ہوگئی کہ پھر یہ ہوش ہی باقی نہ رہا کہ ہم کس چیز کی حمایت میں کھڑے ہو گئے ہیں اور کس کے دشمن ہو رہے ہیں؟ اس سلسلے میں یہ بھی ایک لطیفہ ہی کہا جائیگا کہ انفاس العارفین کے مضامین کو بعض حضرات اہلِ بدعات کا مستدل سمجھتے ہیں اور شاید

اسی بنا پر بعض اس سے پلا بچانے کی کوشش کرتے ہیں اور بعض اسے رواج وشہرت کے بام پر دیکھنا چاہتے ہیں، غالباً اس کی وجہ کتاب میں موجود عرس، میلاد، غیب دانی اور حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت وتشریف آوری کے واقعات ہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ایک طبقہ نے تو اپنی سادہ لوحی اور کم علمی کی بنا پر ایسا سمجھا ہے اور دوسرے نے سہل پسندی اور محض الفاظ سے بدک اٹھنے کی عادت کے سبب۔

جہاں تک عرس وغیرہ کا تعلق ہے تو یہ کوئی ایسا مہتم بالشان معاملہ کبھی نہیں رہا، اس میں ہمیشہ سے اختلاف رہا، اور امت میں ہمیشہ تین قسم کی آراء اس سلسلے میں موجود رہی ہیں، ایکھر سال غلو، مبالغہ، تزک واحتشام اور پورے اہتمام کے ساتھ عرس ومیلاد منانے والے، اس کی دعوت دینے والے، اور شرکت نہ کرنے والوں پر تکفیر کی تیز دھار تلوار چلانے والے۔

دوسرے پوری سختی کے ساتھ اس کا رد کرنے والے، منعقدین کو بدعتی کہنے والے، اور تیسرے اعتدال کے ساتھ بنا اہتمام وتکلف کے کبھی کبھار انعقاد کرنے والے، حضرت شاہ ولی اللہ نے اپنے بزرگ خواجہ خورد کو اسی تیسری رائے کا حامل بیان کیا ہے، تحریر فرماتے ہیں:

''خواجہ گاہے عرس خواجہ بزرگ محمد باقی می کردند حضرت ایشاں می فرمودند بارہا دیدہ ام کسے پیشِ ایشاں می آید ومیگوید برنج بذمۂ من، دیگرے میگوید گوشت برذمۂ من، دیگرے می گوید فلاں قوال را من می آرم وعلیٰ ہذا القیاس، وخواجہ رادر میاں ہیچ تکلف نبود۔ (انفاس العارفین مطبوعہ ۱۳۳۵ھ ۱۹۱۷م، مطبع مجتبائی دہلی)

حضرت خواجہ خورد رحمہ اللہ (اپنے والد ماجد) حضرت خواجہ محمد باقی باللہ کا عرس کبھی کبھار کیا کرتے تھے، حضرت والد ماجد فرماتے تھے کہ ہم نے بارہا دیکھا کہ کوئی شخص ان کے سامنے آکر کہتا ہے کہ حضرت! چاول میرے ذمے، دوسرا آکر کہہ رہا ہے: حضور! گوشت میں لاؤں گا، ایک اور آکر کہتا ہے کہ فلاں قوال کو میں لا رہا ہوں اور اسی طرح دوسرے انتظامات بھی ہو جاتے، حضرت خواجہ خورد رحمہ اللہ خود کوئی تکلف نہ فرماتے تھے۔

دوسرے واقعات بھی اسی طرح اعتدال کے ساتھ بزرگان دین سے اپنی عقیدت کے اظہار اورانہیں خراج تحسین پیش کرنے کی قبیل سے ہیں،جن کوانجام دیناکسی کے نزدیک اچھا ہے کسی کے اعتبار سے برا،لیکن نہ کسی کے نزدیک یہ فرض وواجب ہےاورنہ کوئی اسے شرک بتلاتا ہے۔
اس سے زیادہ اہم بحث وہ ہے جوانبیاء کرام اور بزرگان دین کے علمِ غیب کے متعلق کی گئی ہے، آیئے ہم اس سلسلے میں حضرت امام ولی اللہؒ کاموقف پڑھیں،فرماتے ہیں:

''مےفر مودندکہ ہرکہ سبحانی یاانا الحق گفتہ غالباً ازغلبۂ حال واختفاء جہت امکان ازنظر گفتہ والااطلاق اسمائے الوہیت جائزنیست مگر برعالمِ جمیع معلومات،وایں علم ایشان یافتہ نشد بلکہ بتحقیقت در ہیچ ظہورے ازمظاہر یافتہ نشدہ ونخواہد شد تا ابد،گویند کہ اگر تجلی برقی دائم شود از خواص وی،احاطہ جمیع معلومات است لیکن دوام آں چگونہ شود کہ روح از بدن مفارقت کند وبدن متفرق ومتخیر ے گردد۔(انفاس العارفین مطبع مجتبائی،صفحہ ۱۹۸)

فرماتے تھے کہ جس نے سبحانی مااعظم شانی یا انا الحق کہا تو غالبا غلبۂ حال اورنگاہ سے صفات کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے کہا ورنہ اللہ تعالیٰ کے اسماء کا اطلاق صرف اس پر جائز ہے جوتمام علوم کا عالم ہواور یہ علم ان کہنے والوں میں موجودنہیں ، بلکہ ذات حق کے مظاہر میں سے کسی بھی ظہور میں نہیں پایا گیااورنہ ابدتک پایا جائیگا ، کہتے ہیں کہ تجلی برقی اپنی صفات کے ساتھ مستقل ہوجائے تو تمام معلومات کا احاطہ کرلیتی ہے،لیکن اس کا دوام کیونکرممکن ہے جبکہ روح بدن سے جدا ہوجاتی ہےاورجسم پارہ پارہ ومنتشر ہوجاتا ہے۔(خود یہ مظاہر مستقل نہیں ہیں )

لب لباب اس کا یہ ہے کہ باری تعالیٰ کے مظاہر میں کوئی بھی مظہرایسانہیں جواس کی ذات یاعلم کامکمل احاطہ کرسکے،اس کے اسباب تواوربھی ہیں لیکن یہاں حضرت نے ایسا بدیہی سبب بیان فرمایاہے جس کاانکارناممکن ہے،اور چندلفظوں میں اس کا خلاصہ یہ ہے کہ قدیم کا احاطہ حادث، اورلامحدود کا احاطہ محدودنہیں کرسکتا چاہے وہ محدودزمانے کے اعتبار سے ہو یامکان کے اعتبار سے،جب سرورکائنات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں یہ ہےتو دوسرے کسی کاتو تذکرہ ہی کیا کیا جائے کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے سب سے اکمل مظہر ہیں،لکھتے ہیں:

''در تاویلِ شطح عین القضاۃ ہمدانی ''آنرا کہ شما خدا میدا نید نزدیک ما محمد است ﷺ و آنکہ شما محمد ﷺ میدانید نزدیک ما خدا است'' می فرمودند کہ وے ﷺ مرآت حضرت وجود و مظہر اتم وی ست و حقیقت محمدیہ تعین اول و جامع تعینات و مظاہر ست و ہمہ از نور او ظاہر شدہ، بایں اعتبار چنیں گفتہ است والا حضرت وجود متساوی الظہو راست در ہر ذرہ۔(۱۱۰)

عین القضاۃ ہمدانی کا قول ہے کہ: جسے تم خدا کہتے ہو میرے نزدیک وہ محمد مصطفی ﷺ ہے اور جسے تم محمد ﷺ کہتے ہو وہ میرے نزدیک خدا ہے، اس قول کی تشریح میں فرمایا: چونکہ آنحضرت ﷺ ذات باری تعالیٰ کا آئنہ اور اس کا مظہرِ اتم ہیں، اور محمد ﷺ کی ذات درحقیقت تعینِ اول (مظاہر باری تعالیٰ) اور تمام تعینات و مظاہر (کل مخلوقات) کی جامع ہے، اور تمام کا ظہور اس کے نور سے ہوا ہے، اس اعتبار سے عین القضاۃ ہمدانی نے بات کی ورنہ اللہ تعالیٰ کا وجود تو ہر ذرے میں برابر ہے۔

''اللہ تعالیٰ کا وجود تو ہر ذرہ میں برابر ہے'' یہ قول قابلِ توجہ ہے، یہ وہ پیرایہ ہے جس سے ہمارے بعض بھائی بے انتہا بدکتے ہیں اور اسے کفر بتاتے ہیں لیکن یہاں خموش ہیں، برابری کے جو معنی یہاں ہیں وہی سب جگہ ہیں، آقا ﷺ کی برابری کا نہ یہاں دعوی ہے نہ وہاں۔ یہاں مرآت کا کا لفظ بھی بڑا زبردست ہے، اس سے ہم تمام مقدمے کو سمجھ سکتے ہیں، اس کا مطلب ہوا کہ آپ ﷺ کی ذات ایک اسکرین کی مانند ہے، جو ذات باری تعالیٰ کی ان مشیئات کی منظر نمائی کرہی ہے جنہیں اللہ تعالیٰ کائنات میں جاری وساری فرمانا چاہتے ہیں ،مظہر اتم سے مراد یہ ہے کہ اس سے پہلے جن ہستیوں کو بھی اس کام کے لئے اللہ تعالیٰ نے منتخب فرمایا ہے، ان کے ذریعہ تمام مشیئات باری کو پردۂ شہود پر نہیں لایا گیا تھا، بلکہ ان کے ذریعے جو منظر نمائی کی گئی تھی وہ زمانے، خطے اور قوموں کی حدود میں قید تھی، اور شاہِ بطحا کے بعد جن اخلاف سے یہ کام لیا جائے گا وہ انہیں کو نمونہ بنائیں گے، پھر جس کی ذات و افعال سے

جتنے زیادہ مناظر رونما وظاہر ہونگے، وہ اتنا ہی بڑا اعزاز پائے گا اور اتنا ہی عظیم مظہر کہلائے گا۔
اسے ہم یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ جتنے مظاہر قدرتِ باری کو پردۂ شہود اور عالم ہاہوت، عالم ملکوت یا عالم ناسوت کل عالمین پر جلوہ نما کرنے تھے، ان تمام کا اتمام محمد عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پر ہوگیا، نہ ان سے پہلے کسی ایک ذات میں یہ مناظر جلوہ گر ہوئے تھے نہ اس کے بعد کوئی ذات اس کی تاب لا سکے گی، معلوم ہوا کہ اتم سے مراد تمام مشیئات باری کی منظر نمائی کا احاطہ کرنے والا ہے، نہ کہ خود ذات باری تعالیٰ کا احاطہ کرنے والا۔
جب مظہر اتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں یہ خلاصہ ہو گیا کہ آپ کے علم میں نہ اللہ تعالیٰ کی ذات کا احاطہ شامل ہے اور نہ اس کے علم کا، تو دوسرے مظاہر کا تو تذکرہ ہی کرنے کی حاجت نہ رہی۔
ہاں ہم مانتے ہیں، کہتے ہیں، لکھتے ہیں اعلان کرتے ہیں کہ ازل سے ابد تک ہاہوت سے لاہوت تک انسان جتنے بھی علوم حاصل کرے گا، وہ سائنس کے ذریعے حاصل کرے، کتابوں میں پڑھے، آنکھوں سے مشاہدہ کرے، کانوں سے سنے، تجربات سے سیکھے، ذہن ودماغ کے گھوڑے دوڑا کر دریافت کرے، غرض کسی بھی طرح، کبھی کبھی اور کہیں بھی پائے تمام علوم، تمام فنون، تمام ایجادات وتحقیقات میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علم کی دھول ہیں گرد اور اسکی مرہونِ منت ہیں، جمیع کان ومایکون کا اگر یہی مطلب ہے تو میں اس پر ایمان رکھتا ہوں، علم غیب اور علمِ کل سے اگر یہی مراد ہے تو میں گواہی دیتا ہوں کہ میرے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عالم الغیب تھے۔
اس مضمون کو مزید واضح کرتے ہوئے، صفحہ ۱۱۲ پر شاہ صاحب فرماتے ہیں:
کاتب حروف گوید کہ ای دفع دخلے ست، تقریر دخل آنکہ شامی گوئید کہ بالاتر از شہود وحدت مقامے وعلمے نیست واین آیت مقتضی آنست کہ کہ فوق ہر علم علمے ہست، الیٰ غیر النہایۃ وتقریر دفع آنکہ اینجا استثنا مقدر است یعنی التوحید الذاتی، ووجہ دیگر آنست کہ علیم نامِ خدا است وفوق شہود ووحدت توحید ذاتی حضرت، اوست اگرچہ بندہ را ترقی دیگر ممتنع باشد۔
”کاتب الحروف کہتا ہے کہ یہاں ایک اشکال ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ کہتے ہیں وحدت کے شہود سے بالا کوئی مقام اور علم نہیں، جبکہ آیت ”فوق کل ذی علم علیم“ کا تقاضہ ہے کہ ہر علم سے

اوپر علم ہے،اور یہ نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں توحید ذاتی کا استثنا ءمقدر ہے (اس صورت میں علمِ ذات کے علاوہ علم مراد ہیں ) دوسری وجہ یہ ہے کہ علیم خدا کا نام ہے، اوروحدت وشہود سے آگے توحید ذاتِ باری ہے، اگر چہ بندے کے لئے مزید ترقی کی گنجائش نہیں۔(اس صورت میں علیم سے مراد اللہ تعالیٰ ہیں، کہ وہ ہر عالم سے اوپر ہیں)

ایک اور جگہ شاہ صاحبؒ ایک بڑا مغالطہ رفع کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''شہود انبیاء علیہ الصلوۃ والتسلیمات از عاشقیہ ومعشوقیہ بالا رفتہ است چنانکہ از بعض احادیث ظاہر است محجوبان از بعض الفاظ احادیث محبیت موسیٰؑ ومحبوبیت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم استنباط کردہ اند وحقیقت الامر ہمانست کہ گفتہ۔''

انبیاء علیہم السلام کا شہود عاشقی ومعشوقیت سے بہت بلند ہوتا ہے،مگر ان احادیث کے الفاظ سے سلوک کی راہ کے کچھ مبتدیوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ موسیٰؑ عاشق اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معشوقیت کے درجہ پر فائز تھے، حالانکہ حقیقت تو وہی ہے جو ذکر کی گئی۔(۲۹۴)

لوگوں کو جانے کیا ہوا کہ انہیں اپنے مرتبے کی فکر کے بجائے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مراتب کی فکر لاحق ہوگئی ہے، اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان کا جو مرتبہ ہے وہ کل مخلوقات میں سب سے اعلیٰ ہے، اس عقیدے کا حلف اٹھوا لیجئے ہر مومن سے اور بخش دیجئے اس کی جان، پھر اس میں کیفیات کی مین میخ مت نکالئے، ان درجات کے نام اپنی مرضی سے نہ رکھئے، انسان کی کیا مجال ہے کہ وہ رب کائنات کے بنائے ہوئے درجات کی تفصیل کرے، اسے کہاں یہ حق پہنچتا ہے کہ اپنی جانب سے بھی کچھ درجات تفویض کرنے کی کوشش کرے، جو ایسا کرے گا وہ رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی توہین اور اپنی عاقبت کو تباہ کرنے کے علاوہ اور کیا کر سکے گا؟

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے اپنے فضل سے ہمیں اعتدال کی راہ سجھائی، ہم نے نہ اس کے نیک بندوں کی توہین وتنقیص کو اپنایا اور نہ ہی ان کو الوہیت کے مقام پر فائز کر کے ان کو سجدہ کیا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام سنتوں کو نواجذ سے پکڑنے والے اساتذہ اور صلحاء کرام کی جوتیوں میں بیٹھنے کی توفیق بخشی۔

ہم اس سے بری ہیں جس نے اپنی ہوا پرستی کے لئے دین میں نئی نئی ایجادات کر ڈالی ہیں، جو اپنی انانیت کو سنت پر قربان کر دینے کے بجائے سرورِ کائنات کی سنتوں کا مذاق اڑاتا اور اپنے آپ کو سینہ زوری کے ساتھ عاشقِ رسول کا نام دیتا ہے، اولیاء کرام کو جس نے اپنی روزی روٹی کا ذریعہ بنا کر ان کے مزاروں پر خرافات کے انبار لگا دیئے ہیں، سماع کو آڑ بنا کر ہیجان خیز موسیقی سے ان پاکیزہ نفوس کو تکلیف پہنچاتا ہے، رقص کے نام پر ڈانس کرتا ہے۔

ہاں جو صحیح العقیدہ ہو، متبع سنت ہو، آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک ایک سنت پر جان چھڑکتا ہو ہم اس کے خادم، وہ مخدوم، ہم اس کے مقتدی وہ ہمارا مقتدا اور محبوب ہے، یہی وجہ ہے کہ انفاس العارفین کے بعض مضامین سے اختلاف والجھن کے باوجود کسی دیوبندی عالم نے کبھی انفاس العارفین کے خلاف کوئی بات نہیں کہی، انفاس العارفین ہی کیا، تصوف کی کسی بھی کتاب کی کوئی برائی نہیں کی ، نہ صوفیاء کرام کو کبھی کسی نے برا کہا، ان کا مسلک اعتدال پر مبنی ہے۔

البتہ نجدی علماء نے اس سلسلے میں بریلویوں کو بھی مات دیدی، بیباکی اور دریدہ دہنی میں وہ بہت آگے بڑھ گئے، اب صورت حال یہ ہوگئی کہ جب بریلوی علماء مخالفین پر نشانہ سادھتے ہیں تو اکثر مقدمات نجدیوں کے پیش کرتے ہیں اور طعن دیوبندیوں پر ہوتا ہے، نجدی علماء جب مخالفوں سے نبرد آزما ہوتے ہیں تو وہ بزرگانِ دین کے مزارات پر ہونے والی جہالتوں کو بنیاد بناتے ہیں اور تنقید حنفیت پر کرتے ہیں، اللہ کا شکر ہے کہ ایک طبقہ اب بھی اعتدال پر قائم اور افراط وتفریط سے بری ہے۔

یقیناً اس تمام افراتفری کے اسباب میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بزرگانِ دین کے بہت سے قصے جن کی توجیہات ممکن بلکہ ظاہر تھیں اپنے ظاہر پر محمول کر لئے گئے، لہٰذا اس صورت میں ممکن نہ رہا کہ دوسرے لوگ ان کی توجیہات وتاویلات کرتے پھریں، ان کے لئے آسان یہی تھا کہ ان واقعات کا سرے سے انکار کریں، انھوں نے اسی کو ضروری جانا اور یہی کیا۔

بعض لوگوں نے ان واقعات کی تاویلات کرلیں اور عافیت میں رہ گئے ،لیکن ان تمام توجیہات کے باوجود بھی ایسا مواد باقی رہ گیا جو حقیقت پسندوں کو الجھن اور تکدر میں مبتلا کرتا ہے، لہٰذا ہمیں یہ تسلیم کرنا چاہئے کہ اہل اللہ کی باتوں کو نقل کرنے والوں نے ان کی باتوں کو نقل کرنے میں غلو، بداحتیاطی، تسامح اور تجاہل سے کام لیا اور معاملہ کچھ کا کچھ کر دیا، کرامات کے سلسلے میں بلاتحقیق اور مبالغہ پر مبنی واقعات نقل در نقل ہوتے چلے گئے، احادیث کے نام پر بے سر پیر کے اقوال تک تحریر کر دئے گئے، اور ملفوظات کے باب میں جس کا ملفوظ چاہا لکھ مارا۔ خصوصاً حوالوں کے سلسلے میں تو ایسی مجرمانہ غفلت برتی جس کی تلافی کا امکان نہیں، اس رجحان کی وجہ سے غیر حدیث کو حدیث کہنے میں باک نہ رہا، یہی وجہ ہے کہ ایک ''خاص ذہنیت'' کو معارف تصوف اپیل نہیں کرتے، حدیث رسول ﷺ میں جو نورانیت ہوتی ہے وہ کہاں کسی اور کے کلام کو حاصل ہوسکتی ہے؟ اگر ٹاٹ کو دیباج کا نام دیا جائے تو کیا اسے دیباج کی توہین نہیں کہا جائے گا؟ اگر آپ جوتا پالش کرنے کو حکمت اور موچیوں کو حکیم اجمل خان کے نام سے پکارنے لگیں تو کیا یہ حکمت اور حکیم صاحب کی عزت پر حملہ نہ کہلائیگا؟ آیئے! بعض اقوال کا جائزہ لیتے چلیں تا کہ یہ امر پوری طرح واضح ہوجائے، لکھتے ہیں، حدیث رسول ﷺ ہے:

'':اذا تحیر تم فی الامور فاستعینوا باصحاب القبور''

جب تم دنیاوی امور میں حیران و پریشان ہوجاؤ تو قبر والوں سے مدد طلب کرو۔

حضرت شیخؒ نے حدیث بالا کی وضاحت اس طرح فرمائی کہ یہاں استعانت میں احتمال یہ ہے کہ اس سے مراد مردوں کے حالات کو یاد کر کے عبرت حاصل کرنا ہے، جو دنیاوی امور سے توجہ کو ہٹا دیتا ہے، اور پریشانی روزگار کو کم کر دیتا ہے۔ (صفحہ ٢٨٧'')

آیئے اس حدیث کی تحقیق کریں۔

ولیس بحدیث کما توهم إذا تحیرتم في الأمور فاستعینوا من أصحاب القبور*

یہ عبارت تفسیر آلوسی کی ہے، علامہ آلوسی احادیث کے سلسلے میں بے حد وسیع الظرف ہیں، کسی عبارت پر ذرا بھی حدیث کا اک شائبہ ہو جائے اسے حدیث کے نام سے اپنی تفسیر میں لے لیتے ہیں، ان کے نزدیک بھی یہ حدیث نہیں ہے، اگر دوسرے ائمہ احادیث کی رائے یہاں درج کروں تو بات بہت لمبی ہو جائیگی مختصر یہ کہ ہمیں کوئی عالمِ حدیث ایسا نہیں دکھائی دیتا جس نے اس کو حدیث کہا ہو، اس کو حدیث ہونے کا تاج کس نے اور کب پہنایا؟ نہیں معلوم۔

ہم مانتے ہیں کہ بزرگان دین کے واقعات کی تاویل کی جا سکتی ہے، ان کے اقوال کو غور و خوض اور تدبر کے ساتھ سمجھنے سے تکدر بھی زائل ہو سکتا ہے، جیسا کہ میں پیچھے گفتگو کر آیا ہوں اور آگے کتاب میں بھی آپ متعدد جگہ اس کو ملاحظہ کریں گے، لیکن جب کوئی بات پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانب منسوب کی جائیگی تو سب سے پہلا سوال یہی ہوگا کہ وہ حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے یا نہیں؟ صرف مفہوم و مضمون سے ہی نہیں بلکہ الفاظ سے بھی، ورنہ واضح کرنا ہوگا کہ یہ روایت بالمعنی ہے، اس میں الفاظ حدیث کے نہیں ہیں بلکہ مفہوم بیان کیا گیا ہے، حدیث بیان کرنے والے سے عقیدت ہو، کوئی بات نہیں، وہ ہمارے بڑے اور سر تاج ہوں، سر آنکھوں پر ، یہاں عقیدت کا تقاضہ یہی ہے کہ حدیث کا حوالہ معلوم کیا جائے، راوی پوچھا جائے، جس قرآن غلط پڑھنے پر فوراً ٹوک دیا جاتا ہے، اسی طرح حدیث کے بارے میں بھی اہلِ علم حضرات کا ہمیشہ یہی معمول رہا ہے، کیونکہ احادیث میں جوامع الکلم بھی ہیں، اگر کوئی کلمہ ادھر سے ادھر یا تبدیل ہو گیا تو اس کے معانی کی وہ نورانیت اور گیرائی باقی نہ رہے گی جو اس کی اصل حیثیت میں ہے، مشہور حدیث ہے:

عَنْ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم إِذَا أَتَيْتَ مَضْجَعَكَ فَتَوَضَّأْ وُضُوءَكَ لِلصَّلَاةِ ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلَى شِقِّكَ الْأَيْمَنِ ثُمَّ قُلْ اللَّهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً إِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ اللَّهُمَّ آمَنْتُ

بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ فَإِنْ مُتَّ مِنْ لَيْلَتِكَ فَأَنْتَ عَلَى الْفِطْرَةِ وَاجْعَلْهُنَّ آخِرَ مَا تَتَكَلَّمُ بِهِ قَالَ فَرَدَّدْتُهَا عَلَى النَّبِيِّ ﷺ فَلَمَّا بَلَغْتُ اللَّهُمَّ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ قُلْتُ وَرَسُولِكَ قَالَ لَا وَنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ* (۱)

حضرت براء بن عازبؓ بیان کرتے ہیں نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تو اپنے بستر کا ارادہ کرے تو پہلے اپنی نماز جیسا وضو کر لے، پھر دائیں کروٹ لیٹ کر یہ دعا اللھم اسلمت وجھی الخ پڑھ لیا کر اگر تو اس رات میں مر جائے گا تو اسلام پر مرے گا، اور یہ کلمات تیرے آخری کلمات بن جائیں گے (کہتے ہیں کہ) میں نے یہ کلمات یاد کر کے آقا ﷺ کو سنائے، تو جب میں انزلت پر پہنچا تو میں نے ورسولک کہہ دیا، آقا ﷺ نے فوراً ٹوکا کہ نہ، وہی کہو وبنبیک الذی ارسلت۔

یہ تعلیم دی جا رہی ہے امت کو، اور بتایا جا رہا ہے کہ آقا ﷺ کے ارشادات وفرمودات کے ساتھ عقیدت کا تقاضہ کیا ہے، دماغی کسرت یہاں صرف یاد کرنے کے کام میں لائی جائیگی، نہ کہ حدیث کے الفاظ کو اپنے حساب سے فٹ کرنے میں، لہٰذا آپ جیسے ہی کوئی حدیث بیان کریں گے یہاں آپ سے سند مانگی جائیگی، راوی معلوم کیا جائیگا، کتاب حدیث کا نام پوچھا جائیگا، اور داعی کو اس کا جواب دینا لازم ہوگا، اور حدیث بیان کرنے والا شخص جتنا بڑا محقق ہوگا یہ ذمہ داری اس پر اتنی ہی شدت کے ساتھ عائد ہوگی، شاہ صاحب امام حدیث ہیں، ان کو اپنی اس حیثیت و ذمہ داری اور جواب دہی کا علم و احساس بھی ہے، انہوں نے اسی کتاب میں شاہ عبدالرحیم کے ایک خط کا ذکر کیا ہے جو انھوں نے اورنگ زیب کو لکھا تھا اسے نقل کرنے کے بعد وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں: اس خط کی روایت بالمعنی ہے، الفاظ محفوظ نہیں رہے، بہر حال یہ کچھ لکھ کر آپ نے بھجوا دیا، (صفحہ ۲۰۰)۔

---

۱ صحيح البخاري - حدیث نمبر (۲۳۹)

کون انصاف پسند تسلیم کرسکتا ہے کہ جو عالم ایک ولی کے معمولی خط کو جسے ولی نے پھٹے پورانے کاغذ پر لکھ دیا تھا اتنی اہمیت دے کہ اس کے الفاظ محفوظ نہ رہنے کی باقاعدہ وضاحت کرنا نہ بھولے، وہ حدیث رسولؐ کے سلسلے میں صرف مفہوم بیان کرنے پر اکتفا کریگا؟ حال جبکہ یہ ہے کہ ان میں سے بہت سی روایات کا مفہوم بھی احادیث رسول ﷺ سے ماخوذ نہیں۔

یہ روایت دیکھیں: ”فرمایا: میں نے لوح محفوظ میں لکھا ہوا دیکھا کہ:

**قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حسنات الابرار سیآت المقربین***

نیک لوگوں کی نیکیاں اللہ کے خاص بندوں کے حق میں گناہ کا درجہ رکھتی ہیں۔

فقیر کہتا ہے: اگرچہ جمہور علمائے محدثین نے اس حدیث کو سلف کا قول قرار دیا ہے، مگر حقیقت میں یہ حدیث صحیح ہے۔“ (۲۶۳) حالانکہ یہ قول حضرت جنیدؒ کا ہے، یہ بات امام بغوی نے اپنی تفسیر بغوی میں، علامہ شنقیطی نے ”اضواء البیان“ میں، علی بن نائف الشحود نے ”المفصل في الرد علی شبہات اعداء الاسلام“ میں کہی، علامہ آلوسی نے تفسیر آلوسی میں اس قول کو تقریباً ایک درجن بار دہرایا ہے لیکن ایک جگہ بھی اسے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نہیں کہا۔

تصوف کی کتابوں میں اس طرح کی روایات کے انبار ہیں جن کا حدیث کی کسی کتاب میں وجود نہیں ملتا، انفاس العارفین بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہے، اس کے اسباب وعلل کیا ہیں اور یہ کام کتنا سنجیدہ وسنگین ہے اس کے بارے میں آگے بات کریں گے، پہلے اور روایات دیکھیں:

”ایک بار شیخ عبدالحفیظ نے اس حدیث قدسی کے بارے میں معلوم کیا“ قف یا محمد فإن اللہ یصلی“ جو کہ معراج کے قصہ میں ہے۔“ (۳۸۶)

اس روایت کا ماخذ، روح البیان، روح المعانی، تفسیر حقی وغیرہ ہیں، حدیث کی کسی کتاب یا متقدمین کی کسی تفسیر میں اس کا ذکر نہیں ملتا، کتاب اسے حدیث قدسی قرار دے رہی ہے، جبکہ اگر اس کو حدیث بھی مانا جائے تب بھی یہ حدیث قدسی کے زمرے میں نہیں آتی، آلوسیؒ نے

تصریح کی ہے کہ یہ قول حضرت ابوبکر کی آواز میں سنائی دیا، اس میں یہ تصریح انہوں نے بھی نہیں کی کہ یہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا، ایک اور روایت ملاحظہ کریں:

''میں کہتا ہوں قصہٗ معراج میں مذکور ہے کہ یہ بطور ادب کہا گیا، اللہ کا ارشاد ہے:

**یا محمد انک اخترت العبدیة تادبا اخترتک الکرامات الانسیة تفضیلا***

اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ نے بطور ادب کے بندگی کو اپنا لیا اور میں نے تمہیں تمام انسانی فضائل و خوبیوں کے لئے تفضیلاً پسند کر لیا، لہٰذا پتہ چلا کہ ادب اور چیز ہے اور تفضیل دوسری'' (۳۴۴)

اس روایت کو بھی حدیث قدسی کے زمرے میں بیان کیا گیا ہے، جبکہ کسی حدیث یا تفسیر میں اس کا وجود نہیں، اس کے الفاظ عجمیوں کی عربی کے ہیں نہ کہ عربوں کی زبان کے، اور اسی کے کیا جتنی بھی روایات اس طرح کی ہیں ان سب کا ایسا ہی حال ہے۔

اس خاص سانچے کو جسے تصوف سے خدا واسطہ کا بیر ہے، اسکے حال پر چھوڑ دیجئے اور بات کیجئے انصاف کی، اسلام کی، آقائے نامدار حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لائے ہوئے دین کی، یقیناً آپ اسی نتیجے پر پہنچیں گے کہ خذ ما صفا ودع ما کدر (صاف صاف لے لو گدلا چھوڑ دو) یہی راہِ صواب اور اعتدال کا جادہ ہے، ایسی شخصیت جسکا کامل و مکمل طور پر اتباع کیا جائے گا صرف سرور کائنات سیدنا وسندنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہے، دماغ کے گھوڑے باندھ دیئے جائیں گے، آنکھ، موند لی جائے گی، اگر مگر چنانچہ بغل کر دیئے جائیں گے، اور ہر قول مانا جائیگا، ہر فعل کی اتباع کی جائیگی، ہر حرکت کی نقل ہوگی، ہر ادا پر مٹا جائیگا، ہر اشارے کی تعمیل کی جائیگی، ہر خواہش پر عمل کیا جائیگا، آپ کے علاوہ جو بھی ہونگے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی کے معیار پر پرکھے جائیں گے، آپ کے ہی میزان میں تولے جائیں گے، اور آپ کے ہی پیمانے سے ناپے جائیں گے، اور صرف اتنے ہی قابلِ اتباع و اطاعت قرار دیئے جائیں گے جتنے اس امتحان میں پورے اتریں گے، جہاں سے چوک جائیں گے وہیں سے ان کی اتباع بھی ختم کر دی جائیگی، اسے ہم

بشری کمزوری پر محمول کریں، عقیدت واحترام کو بنا سمجھیں یا استغراق وحال کو باعث جانیں، یا اللہ کی جانب سے پردہ قرار دیں، احوال کے مطابق جو بھی چاہیں ان کے اس عمل کی تاویل کریں لیکن انکے اس عمل کو شرعی طور پر حجت نہیں بنایا جا سکتا، کیونکہ شریعت نے ان کو حجت بنایا ہی نہیں، اس سے نہ تو ان کی توہین کا پہلو نکالنا چاہئے، اور نہ بدعقیدگی کا، بلکہ یہی دین کا مزاج ہے اور یہی حق ہے کہ کامل واکمل اور حسن وخوبی کا مکمل نمونہ صرف ذات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ کی کتاب بخاری شریف کو اصح الکتاب بعد کتاب اللہ کا درجہ حاصل ہے، لیکن امام بخاری کی دوسری کتابوں کو یہ درجہ حاصل نہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ بخاری کی تالیف میں جو حزم واحتیاط امام نے اختیار کی ہے وہ انھوں نے دوسری کتب میں ملحوظ نہیں رکھی، لہٰذا امت نے بھی بخاری کو جس درجہ پر رکھا ہے اس پر ان کی دیگر تالیفات کو نہیں رکھا۔

اسی طرح امت نے یہ بھی نہیں کیا کہ بخاریؒ کو ہر پہلو سے امامت کے درجہ پر فائز رکھا ہو، تالیف حدیث میں انہیں امامت کا درجہ حاصل ہے مگر فقہ میں ان کو یہ منصب نہیں مل سکا، لیکن امام بخاریؒ کو فقہ کا امام تسلیم نہ کرنے کی وجہ سے کسی کو کوئی الزام نہیں دیا گیا، نہ اسے امام کی توہین قرار دیا گیا، نہ کسی کی تکفیر کی ضرورت پڑی، بہرحال انفاس العارفین میں ایسے مضامین کافی ہیں، جو شاہ صاحب کے علمی پائے سے فروتر ہیں، ایسا بھی ممکن ہے حضرت نے خود ان کو لکھا ہو، اور تسامح سے کام لیا ہو جیسا کہ مندرجہ ذیل قصہ میں ہمیں اسکی مثال ملتی ہے:

''ایک دفعہ حضرت والد ماجد سفر میں تھے، آپ کے ساتھی بہلی پر باری باری سوار ہوتے تھے، دوران سفر بعض دوست اپنی باری سے زیادہ سوار ہوئے تو حضرت والا نے فرمایا: بہلی کے سواروں سے پوچھو کہ آیۂ کریمہ: اعدلوا هو اقرب للتقوى *(المائدہ آیت ٨) کون سے پارے میں ہے؟ ساتھیوں میں سے شیخ بدر الحق پھلتی نے اشارہ سمجھ لیا اور بہلی سے نیچے اتر کر کہنے لگے: حضرت یہ آیت پارہ یعتذرون میں ہے۔''

یہ آیت حالانکہ پارۂ یعتذرون میں نہیں ہے، بلکہ لایحب اللہ میں ہے،لیکن شاہ صاحب نے اسے یونہی نقل کیا جس طرح یہ واقعہ پیش آیا تھا اس پر کوئی نوٹ بھی نہیں دیا، کیا تصور کیا جا سکتا ہے کہ شاہ صاحب کو پتہ نہ چلا ہو؟ یہ کھلی دلیل ہے کہ انفاس العارفین میں شاہ صاحب کا مقصد ہرگز اس بات کی چھان پھٹک نہیں ہے کہ کیا صحیح ہے کیا غلط، بلکہ ان کا مقصد ہے اپنے بزرگوں کے ساتھ پیش آمدہ احوال کی جمع وحفاظت۔

امام بخاریؒ کی مثال پیش کر کے میں واضح کر آیا ہوں کہ ایسا کرنے یا ماننے سے حضرت شاہ صاحب کی تنقیص کا پہلو نہیں نکالنا چاہئے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ بعض چیزوں کا یا تو اضافہ کیا گیا ہو یا ان کی تاویلات کو حذف کر دیا گیا ہو، اسے جانچنے کا ہمارے پاس کوئی ذریعہ موجود نہیں ہے، نہ ہی اس کو جانچنا لازم ہے، جس چیز کو جانچنا بے حد ضروری اور فرض ہے وہ یہ ہے کہ کوئی مضمون قرآن وحدیث سے مطابقت رکھتا ہے یا نہیں؟ اور ہمارے پاس اس بات کو پرکھنے کے لئے مضبوط ومعقول ذرائع الحمد للہ آج بھی موجود ہیں اور قیامت تک رہیں گے، پس جو مضمون قرآن وحدیث کے مطابق ہو وہ حجت ہے اور قابلِ تقلید ہے، اور جو اس معیار پر پورا اترتا نہ دکھائی دے اس کی تاویل کریں اور اسے حجت نہ مانیں، اگر کوئی تاویل سجھائی نہ دے تو خاموشی اور سکوت اختیار کرے اور اسے اپنی کم عقلی وکم علمی پر محمول کرے، یا سمجھ لے کہ بیان کرنے والے سے کچھ چوک ہوسکتی ہے، بہر حال جو بھی چاہے سمجھے لیکن اسلاف پر زبان درازکرنے سے پرہیز کرے، یہی عافیت کی راہ ہے، آدمی کو تحمل کے ساتھ غور وفکر کی عادت ڈالنی چاہئے، تاکہ حق واضح ہو، اور اللہ تعالیٰ اسکو قبول کرنے کی صلاحیت وتوفیق اور ہمت بخشے۔

ایک بات کی اور وضاحت ضروری ہے، اس کتاب میں بعض واقعات ایسے بھی ہیں جن سے ہمارے زمانے کے ایک کذاب کے چیلوں نے حلول کے نظریہ کی تائید مستنبط کرنے کی کوشش کی ہے، اس ترجمہ کے صفحہ نمبر ۱۳۸ پر ''اک آگ کا دریا ہے'' کے زیر عنوان ایک واقعہ ہے،

اسے اس مغالطہ بازی کی بنیاد بنایا گیا ہے یاد رکھنا چاہئے کہ اس طرح کے تمام واقعات عارف کے اپنے حال سے تعلق رکھتے ہیں، جب تک وہ ان کی روشنی میں کوئی دعوی نہ کرے تب تک ان کی تاویل کی جائے گی، لیکن جیسے ہی کوئی شخص ایسے حالات کو دلیل وحجت بنا کر کوئی امتیازی دعوی کرے گا، کوئی نیا مسئلہ پیش کرے گا، امت کے کسی متفقہ عقیدے میں ترمیم کی کوشش کرے گا، کسی حلال کو حرام یا حرام کو حلال قرار دیگا، یا کوئی نیا فریضہ امت پر تھوپے گا، تو فوراً اس کی تردید وتکذیب کی جائیگی، مثال کے لئے اس واقعہ کو ملاحظہ کریں:

''فرمایا کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے دنوں میں ایک مرتبہ خزانۂ غیب سے کچھ میسر نہ آسکا کہ میں کچھ طعام پکا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیاز دلوا سکتا، لہٰذا تھوڑے سے بھنے ہوئے چنے اور شکر پر اکتفا کرتے ہوئے میں نے آپ کی نیاز دلوادی، اسی رات بچشم حقیقت دیکھا کہ انواع و اقسام کے طعام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیے جارہے ہیں، اسی دوران وہ شکر اور چنے بھی پیش کیے گئے، انتہائی خوشی ومسرت سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ قبول فرمائے اور اپنی طرف لانے کا اشارہ فرمایا اور تھوڑا سا اس میں سے تناول فرما کر اصحاب میں تقسیم فرمادیا۔''

واقعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نیاز کی چیزیں دربار رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پیش کی جاتی ہیں، اور ان میں بھی مقبولیت کے لحاظ سے فرق ہوتا ہے، اس قسم کے اور واقعات بھی اہل اللہ سے منقول ہیں، یہ تمام واقعات مثالی ہیں، جو لوگ انہیں حقیقت پر محمول کرتے ہیں غلطی کرتے ہیں، بعض لوگوں کے لئے نذرونیاز ہی حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذریعہ بنتی ہے، اور حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مومن کا سرمایہ اور اس کی نجات کا ذریعہ ہے، لہٰذا ممکن ہے ان واقعات کا مقصد ایسے لوگوں کے اطمینان قلب کے لئے ثبوت ومواد فراہم کرنا ہو، اور یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے مقربین کی دلجوئی کے لئے اس طرح کے واقعات مثال کی دنیا میں دکھاتے ہوں، ہم ان واقعات کو غلبۂ حال پر محمول کرینگے اور انکی جائز تاویل بھی کرتے رہیں گے، لیکن کب تک؟

صرف اس وقت تک جب تک ان واقعات کو حجت بنا کر نذر و نیاز کو ایک فریضہ قرار نہ دیا جائے ،اسے صرف بعض احوال تک جائز کے زمرے میں اعتدال کے ساتھ قائم کیا جائے ، لیکن اگر اسے حجت بنا کر پیش کیا جائے گا،اس عمل کو فرض و واجب قرار دیا جائے گا،اس کے نہ کرنے پر ملامت کی جائے گی،اس کے منکرین کی تکفیر کی جائے گی، یا اس کے کرنے والوں کے ثواب اور نیکیوں کی من گڑھت تفصیل بیان کی جائیگی تو اہلِ علم پر واجب وضروری ہوگا کہ اسکی تردید کریں،اور مدعی کو کاذب ومفتری قرار دیں، کیونکہ یہ حالات نہ حجت ہیں نہ شریعت، کوئی شخص کسی بڑے سے بڑے قطب کے کسی حال یا کرامت کا انکار کرنے سے کافر نہیں ہوتا،اگر کوئی آدمی کسی شخص یا جماعت کی تکفیر اس بنیاد پر کرتا ہے کہ وہ اس کی یا اس کے کسی بزرگ کی کرامات وحالات کو جھوٹ سمجھتا ہے،تو تکفیر کرنے والا خود کافر ہوجائیگا۔

## ترجمہ،تسہیل،تہذیب وتبویب

زمانے کے گذرنے سے جس طرح گلاب کی خوشبو نہیں بدلی ،آگ سے حرارت زائل نہیں ہوئی،اسی طرح اہل اللہ کے کلام سے تاثیر بھی ختم نہیں ہوئی ،لہٰذا اس کتاب کے مضامین سے اللہ کی محبت اوراس کی رضا جوئی کا داعیہ پیدا ہوتا ہے،آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عقیدت کا دریا جوش مارنے لگتا ہے، پہلو میں رکھی ہوئی جامدسل دل میں بدل جاتی ہے، شیخ کی قدر وعظمت دل میں راسخ ہوتی ہے، یہ وہ امور ہیں جو ایک مومن کا سرمایہ بھی ہیں اور طلب بھی ،ضرورت یہ ہے کہ لوگ اسے جانیں،اسے چکھیں اوراس سے سیراب ہوں۔

مجھے بے حد خوشی ہے کہ شاہ صاحب کی اس گراں قدر تصنیف کو اردو کی عام فہم زبان میں ڈھالنے کا بیش بہا کام کرنے کی اللہ تعالیٰ نے توفیق وہمت عنایت فرمائی ،عام فہم سے مراد یہ ہے کہ جن لوگوں کو تصوف اور بزرگانِ دین سے نسبت وتعلق ہے ان کو یہ خوب سمجھ میں آجائے گی ، ترجمہ میں ہم نے خیال رکھا ہے کہ نفسِ مضمون مجروح نہ ہوتے ہوئے کتاب کے مضامین سمجھ

میں آجائیں، خصوصاً علمِ کلام کی وہ بحثیں جو واجب الوجود کے متعلق ہیں بہت دقیق اور پیچیدہ بھی تھیں اور ان میں حشو زوائد بھی تھے، ہم نے عبارت کو سہل کر کے مفہوم کو واضح کر دیا ہے ،ایسی بعض جگہوں پر ہمیں خلاصہ لکھنے کی ضرورت پڑی تو ہم نے اسے نشاندہی کے ساتھ اپنی زبان میں بیان کر دیا ہے، جس سے مضمون آئینہ کی طرح صاف ہو گیا ہے، ہم نے ترجمہ کرتے وقت کسی سانچے کو ذہن میں نہیں رکھا بلکہ کتاب نے جو کچھ بیان کیا اس کا ترجمہ کیا گیا ہے، اس لئے اس کی بعض عبارتوں سے اختلاف کی گنجائش سے انکار نہیں کیا جا سکتا، ہاں جہاں صحیح مطلب کو مسخ کرنے کا خطرہ ہو سکتا تھا وہاں توضیح کے ذریعہ اس کا سد باب کر دیا۔

امید ہے کہ اس کتاب سے اب ایک معتدل تصوف کی راہ نمائی میں مدد ملے گی، اور توحید کو ایک معمہ بنا دینے والے الفاظ ونظریات اور پیچیدگیوں سے نجات ملے گی۔

کتاب میں حضرت مولانا نور الحسن راشد صاحب کاندھلوی کی گراں قدر اور وقیع تحریر شامل ہے، جو مختصر ہونے کے باوجود ذہن ودماغ کی گتھیوں کو سلجھانے کیلئے کافی وشافی ہے۔

متن کے مندرجہ ذیل نسخے اس ترجمہ کی بنیاد بنائے گئے ہیں:

''انفاس العارفین''، مطبع احمدی دہلی باہتمام سید ظہیر احمد، ۱۳۱۵ھ مطابق ۱۸۹۷م۔

''انفاس العارفین''، مطبع مجتبائی دہلی، تصحیح وتنقیح حضرت شاہ عبد الاحدؒ ۱۳۳۵ھ ۱۹۱۷م

بعض مضامین ایسے بھی تھے کہ ان کو بنا مثال کے سمجھانا ممکن نہ تھا، انجگہوں پر حاشیہ میں ایسی مثالیں پیش کی ہیں کہ مضمون کا مقصود بالکل واضح ہو گیا۔

جہاں الفاظ کی تبدیلی سے نفس مضمون کے مجروح ہو جانے کا اندیشہ تھا وہاں میں نے الفاظ کو بدلنے کے بجائے قوسین میں ان کے معانی یا مترادف الفاظ شامل کر دیئے ہیں، تا کہ مضمون سمجھ میں بھی آجائے اور تصوف کی اصطلاح میں جو اصل روح پوشیدہ ہے وہ بھی زندہ رہے، میں نے اپنی پوری کوشش کی ہے کہ کتاب میں آنے والی ہر قرآنی آیت یا حدیث کا حوالہ درج

کروں، کتابوں، ڈیجیٹل لائبریریوں، المکتبہ الشاملہ الجدیدہ، اور انٹرنیٹ کے ذریعہ پوری چھان بین کی، اور کتاب میں مذکور حدیث کو توجوں کا توں لکھا کہ دیانت کا تقاضہ یہی تھا، لیکن اس مفہوم کی جو بھی حدیث مذکورہ حدیث کے الفاظ کے زیادہ سے زیادہ قریب ملی اسے فٹ نوٹ میں شامل کردیا، اللہ تعالیٰ اس مکتبہ کو بنانے اور اس پر محنت کرنے والوں کو بہترین اجر عطا فرمائے کہ انہوں نے مہینوں بلکہ سالوں کے کام کو منٹوں اور گھنٹوں میں سمیٹ دیا۔

جو شخصیات بہت زیادہ مشہور نہیں ہیں ان کے مختصر حالات بھی محنت وکوشش کیساتھ تلاش کر کے شاملِ کتاب کئے ہیں تاکہ مضمون میں کوئی تشنگی محسوس نہ ہو۔

اس کے باوجود اچھی خاصی تعداد ایسی روایات کی رہ گئی ہے جن کا مجھے پتہ نہیں لگ سکا، وہ روایات جن پر آپ کو کوئی حوالہ یا فٹ نوٹ نہ ملے ایسی ہی ہیں جن کا کوئی حوالہ مجھے نہیں مل سکا، مجھے اپنی کم مائیگی کا احساس بھی ہے اعتراف بھی۔

ہندی دوہوں کا ترجمہ بھی کیا گیا ہے اور املا بھی درست کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو درحقیقت سرائیکی زبان میں ہیں، ان کا لطف اب دوبالا ہوگیا ہے۔

میرے مرشد حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی دامت برکاتہم کے ہی حکم سے میں نے اس کام کا بیڑہ اٹھایا اور انہیں کی توجہات اور دعاؤں کا ثمرہ اس کی تکمیل کو جانتا ہوں، کتاب میں درجنوں جگہ ایسا موقع آیا کہ نہ مضمون کا مقصود واضح ہوسکا اور نہ کچھ سجھائی دیا، ایسے مواقع پر میں نے یہی کیا کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کی اور شیخ کی جانب توجہ کی، حالانکہ میں اس فن سے واقف نہیں لیکن اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے معانی بھی کھول دیئے اور جہاں تاویل کی حاجت تھی وہاں تاویل بھی سجھادی، اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور ان کو راضی کرے۔

یہ کام میں نے اکیلے نہیں کیا بلکہ میرے کئی ساتھی بھی اس میں برابر کے شریک رہے ہیں ان کا شکریہ ادا کرنا واجب اور ان صفحات میں ان کا ذکر خیر کرنا مفید ہے، ممکن ہے کوئی اللہ کا بندہ اس

کتاب سے فیض حاصل کر کے اعلیٰ درجات حاصل کرے اور اس محنت میں شامل افراد کے لئے اللہ کی بارگاہ میں دعائے خیر کردے۔

سب سے پہلے مکرمی جناب قاری مزمل نوید صاحب مدظلہ جو مفید مشوروں سے برابر نوازتے رہے، مسودات کو بار بار پڑھا اور بحث کی پیچیدگیوں کو حل کرایا، حشو وزوائد کو نشان زد کیا، اور خاص طور پر اشعار کے سلسلے میں بے حد مدد فرمائی، عزیزم مولوی عبدالصمد ندوی سلمہ اللہ تعالیٰ جنہوں نے ترجمہ وتسہیل میں باقاعدہ حصہ لیا، اور بعض پیچیدہ مضامین کو سلجھانے میں مدد کی، عزیزم شاہ عالم صدیقی جنہوں نے انتہائی کاوش کے ساتھ اس کو ٹائپ کیا، اور محترم قاری شفیق احمد صاحب جنہوں نے اس کی پروف ریڈنگ کا حق ادا کیا۔

دارالعلوم منہاج الدعوۃ کے تمام اساتذہ خصوصاً قاری عبدالاحد، قاری محمد فرمان، قاری محمد نعیم صاحبان جنہوں نے میری تمام ذمہ داریوں کو اپنے ذمہ لیکر مجھے اس نیک کام کے لئے فارغ کردیا، یقیناً ان حضرات کا حق اس سے کہیں زیادہ ہے، اوران مختصر الفاظ سے ادا نہیں ہوسکتا، اللہ تعالیٰ ہی اپنے بندوں کو اجر دے سکتا ہے، اسی سے امید ہے اوراسی پر بھروسہ۔

دارالعلوم منہاج الدعوۃ الہیڑی میں ادارۃ البحوث الاسلامیہ کے قیام کا یہ دوسرا سال ہے، اور تیسری پیش کش، اللہ تعالیٰ اس ادارے کو قبول فرمائے، دعا ہے کہ یہ کتاب امت مسلمہ کے لئے صراط مستقیم پر گامزن ہونے کا ذریعہ اور طاعات وعبادات کے لئے مہمیز ثابت ہو اور اس بندۂ گنہ گار کے لئے آخرت کا سامان بن جائے۔ آمین

محمد عمران مظاہری

دارالعلوم منہاج الدعوۃ الہیڑی، سہارن پور، یوپی، انڈیا

۲۹؍شعبان ۱۴۳۵ھ مطابق ۲۸؍جون ۲۰۱۴م

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تمہید

## الحمدللہ رب العلمین ★ وصلی اللہ علیٰ خیر خلقه محمدٍ و اٰله و صحبه اجمعین

امابعد!

یہ بات کسی صاحب بصیرت سے چھپی ہوئی نہیں ہے کہ مشائخ کرام کی باتیں ان اللہ والوں کی باتیں ہیں جن کو "جندٌ من جنود اللہ" (اللہ کے لشکروں میں سے ایک لشکر) کہا گیا ہے۔

مشائخ صوفیہ کے احوال واقوال جن میں ان کی کرامتوں اور کارناموں کا ذکر خیر اور ان کے باطنی وظاہری علوم کا بیان ہوتا ہے مبتدی کے لئے شوق اور ترغیب کا باعث ہوتے ہیں اور پختہ کاروں کے لئے کسوٹی اور دستور کی حیثیت رکھتے ہیں۔

خصوصاً اولاد واخلاف کے لئے اپنے آبا واجداد کے تاریخی اور روحانی کارنامے سننا بہت مفید ہوتا ہے، ان واقعات کو سن کر ان کی اولاد میں سے بعض بے دینی کی زندگی گذارنے والوں کی غیرت جاگ اٹھتی ہے اور یہ غیرت ان کو بسا اوقات بڑی منزل پر پہنچا دیتی ہے، اور شریعت کے مطابق چلنے والی ان کی نسلیں اپنے بزرگوں کے ذکرِ خیر کی برکت سے اپنی کوتاہیوں پر بہت جلد آگاہ ہوجاتے ہیں اور توبہ واستغفار کے دروازے ان پر کھل جاتے ہیں۔

ان حقائق کو دیکھتے ہوئے فقیر حقیر ولی اللہ (اللہ اسکے گناہوں کو معاف فرمائیں اور اس کو صالحین میں شامل فرمائیں ) نے ارادہ کیا کہ اپنے والد بزرگوار قدوۃ العارفین ، زبدۃ الواصلین ، صاحبِ کراماتِ جزیلہ ومقاماتِ جلیلہ، سیدنا ومولانا شیخ عبدالرحیم (اللہ ان سے راضی ہو اور ان کو راضی کرے ) کے علمی ومجلسی فوائد میں سے کچھ نفیس واقعات وحکایات اور نادر کرامات اور تصرفات کو مرتب کرے، جو کہ حضرت والد ماجد اور ان کے مشائخِ کرام سے ظاہر ہوئیں، اور طریقت وحقیقت کے راز جو ان بزرگوں کے سینوں میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ڈالے گئے اور مریدین وسالکین کی ہدایت اور ترقی کے لئے انھوں نے اپنی زبان مبارک سے جو ملفوظات مجلسوں اور تنہائیوں میں ارشاد فرمائے ،اور جن کو راقم الحروف کے حافظے نے محفوظ رکھا۔

اس کے علاوہ اپنے بلند پایہ چچا بزرگوار اہلِ ذوق کے پیشوا اور اہلِ معرفت کے امام، حلقۂ سلسلۂ عارفین ،رونقِ چشمِ کاملین ،اللہ تعالیٰ کے مقرب سیدنا ومولانا ابوالرضا محمد قدس سرہ الامجدؒ کے عرفان وحقائق میں سے جو چیزیں مجھ تک صحیح وقابلِ اعتماد ذریعہ سے پہنچی ہیں ان کی جمع وترتیب کی سعی کروں، ان دو مقاصد سے فارغ ہو کر ان بزرگوں کے حالات بھی تحریر کروں جن سے اس فقیر کا رشتہ داری یا شاگردی کا تعلق رہا ہے، امید ہے کہ اہلِ زمانہ عام طور پر اور اس خاندان کے لوگ خاص طور پر ان علمی فوائد اور روحانی اقوال سے نفع اٹھائیں گے، اور کاتب الحروف کو اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں گے۔

اس کتاب کو میں نے تین حصوں میں تقسیم کیا ہے اور اس کا نام انفاس العارفین تجویز کیا ہے پہلے دو حصوں کو میں نے الگ الگ دو رسالوں کی شکل میں مرتب کیا ہے، پہلے کا نام ''بوارق الولایہ'' رکھا ہے اور دوسرے رسالے کا نام ''شوارق المعرفہ'' تجویز کیا ہے، تیسرے حصہ میں پانچ مقالات ہیں، ان کے عنوان یہ ہیں:

(۱) الامداد فی مآثر الاجداد ،مصنف کے خاندان کے حالات پر۔

(۲) عطیة الصمدیه فی انفاس المحمدیه، مصنف کے نانا شیخ محمد پھلتیؒ کے حالات۔

(۳) النبذة الابریزیة فی لطیفة العزیزیة، (مصنفؒ کے جداعلیٰ مولانا شاہ عبدالعزیز دہلویؒ کے حالات میں۔

(۴) انسان العین فی مشائخ الحرمین، مصنف نے حرمین شریفین میں جن مشائخ سے استفادہ کیا ان کا ذکر خیر۔

(۵) الجزء اللطیف فی ترجمة العبد الضعیف (مصنفؒ کی آپ بیتی)

وسألت اللہ أن ینفع بہ عبادہ الصلحین انہ سمیع قریب مجیب حسبی اللہ ونعم الوکیل ولا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم*

## حصہ اول

جناب کرامت مآب ،قدوۃ العارفین ، زبدۃ
الواصلین ، سیدنا ومولانا شیخ عبدالرحیم کے
پسندیدہ روحانی تصرفات، نایاب واقعات
اور روح پرور واردات قلبی
کے بیان میں۔

تمام حمد وثنا اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے اپنی تجلی اور انوار سے اہل عرفان کے دلوں کو منور فرمایا ،اور معرفت کی بارش سے ان کے سینوں کو سیراب کیا ،عرفان کے نفیس نکتوں اور اسماء وصفات کی باریکیوں سے ان کو وہ مقام عطافرمایا جس تک نہ کسی کا خیال پہنچ سکتا ہے، نہ دیکھنے سننے میں آ سکتا ہے، اور نہ اس مقام تک کسی دوسرے کے قلب ونظر کی رسائی ہوسکتی ہے۔

اس لطف وکرم کی وجہ سے ان اہل اللہ کو انوار وتجلیات نے ہر سمت سے گھیر رکھا ہے۔

اللہ کے ان مقبول بندوں کی زبانیں اللہ تعالی کے حصول، اس کی رضا کی طلب اور طریقت کے راستہ کے اسرار اور باریک گتھیاں سلجھانے اور حکمت واسرار الہی کے بیان کرنے میں بول اٹھیں، اور ان کے ہاتھوں ایسے عظیم الشان واقعات اور کرامات کا ظہور ہوا جن کی وجہ سے ان کو عام لوگوں سے الگ اور ممتاز جانا گیا، سو پاک ہے وہ ذات جو جسے چاہے جتنا چاہے عطا کرے نہ اس کے حکم کو کوئی ٹال سکتا ہے، نہ اس کا لکھا پھیرا جا سکتا ہے۔

عبادت وحمد وثنا اسی کو زیبا ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اس کا کوئی ساجھی یا شریک نہیں اور میں اس بات کا بھی اقرار کرتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس

کے بندے اور رسول ہیں ، یہ شہادت میری زندگی اور موت کا سرمایہ ہے،ازل سے ابد تک صلوۃ وسلام ہوں اس مقدس نبی پر،ان کی پاک اولاد اور اصحاب پر جو ہدایت کے ستارے اور اللہ کے بندوں کے راہنما وقائد ہیں۔

اس کے بعد فقیر ولی اللہ عرض کرتا ہے کہ یہ چند کلمات حضرت والد بزرگوار قدوۃ العارفین، زبدۃ الواصلین، صاحب کرامات جزیلہ ومقامات جلیلہ سیدنا ومولانا شیخ عبدالرحیم رحمہ اللہ کی کرامات ،واقعات،اوراحوال واقوال پر مشتمل ہیں،جن کا نام میں نے بوارق الولای رکھا ہے۔

حسبی اللہ و نعم الوکیل و لا حول و لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم*

## آغاز کار

میرے والد ماجد شاہ عبدالرحیم رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ شروع شروع میں مجھے اپنے نانا شیخ رفیع الدین دہلویؒ کے مزار مبارک سے انسیت ومحبت پیدا ہوگئی تھی، چنانچہ میں وہاں جا کر ان کے مزار کو توجہ کا مرکز بنایا کرتا تھا،اکثر وبیشتر غیبت[1] (بیخودی) کا ایسا حال مجھ پر چھا جاتا کہ مجھے سردی گرمی کا احساس بھی نہیں رہتا تھا۔

## معنوی میراث

فرماتے تھے کہ شیخ رفیع الدین نے ایک بار اپنا تمام سامان جمع کیا اور اسے وارثوں میں تقسیم کر دیا،سب کو ضرورت کے مطابق دیا،میری والدہ (شاہ ولی اللہ کی دادی صاحبہ) سب سے چھوٹی تھیں جب ان کی باری آئی تو ان کو مشائخ کے خاندان کا شجرہ اور طریقت کے فائدوں پر مشتمل ایک رسالہ عنایت فرمایا،شیخ کی اہلیہ نے کہا کہ یہ بچی غیر شادی شدہ ہے،اسے تو جہیز اور گھر میں کام آنے والا سامان چاہئے،نہ کہ تصوف کے رسالے!

---

[1] غیبت ایک اصطلاح ہے،اس کا مطلب ہے گردوپیش سے بے خبر ہوکر اللہ کے دھیان میں کھو جانا۔

فرمانے لگے: یہ رسالے ہمیں مشائخ سے میراث میں ملے ہیں، اس پاک باز کے بطن سے اس معنوی میراث کا مستحق بچہ پیدا ہوگا، ہم نے یہ میراث اسی کے لئے اسے دی ہے، باقی رہا سامان، تو وہ اللہ تعالیٰ مہیا کر دیگا، ہمیں اس کا غم نہیں۔

جب میں (شیخ عبدالرحیم) نے ہوش سنبھالا تو اللہ تعالیٰ نے میری والدہ کے دل میں یہ بات ڈالدی، انھوں نے وہ رسائل مجھے دے دئے، حالانکہ بشارت میں میرے دوسرے بھائی بھی شامل تھے، لیکن والدہ ماجدہ نے یہ فیصلہ اس بنا پر کیا کہ میرے بڑے بھائی شیخ ابوالرضا رحمہ اللہ تو ان دنوں اس کام کا ذوق نہیں رکھتے تھے، اور چھوٹے بھائی عبدالحلیم اس وقت پیدا نہیں ہوئے تھے، کچھ دنوں کے بعد وہ رسائل کھو گئے۔

## اسلاف کا وارث

فرماتے تھے کہ میرے ماموں شیخ عبدالحیؒ نہایت نیک انسان تھے، جو دنیا داری سے متنفر اور بزرگوں کے نقش قدم پر تھے، وہ اپنی اولاد کی دینی تربیت میں بڑی کوشش و محنت کرتے تھے، لیکن اولاد نے ان کا اثر قبول نہ کیا، جس کی وجہ سے وہ غمگین رہتے تھے، ایک روز اتفاق سے مجھے وضو کرتے ہوئے دیکھا، میں نے اس وقت اپنی پگڑی اپنے گھٹنے پر رکھی ہوئی تھی، میں اس وقت کم عمر تھا، مجھے اس حالت میں دیکھ کر ان کا دل کھل اٹھا، اللہ تعالی کا شکر بجالائے اور فرمانے لگے کہ جب میں نے اپنی تربیت کا کوئی اثر اپنی اولاد میں نہ پایا تو فکر مند اور غمگین ہو گیا تھا، کہ شاید اسلاف کا روحانی سلسلہ ختم ہو جائے گا، مگر معلوم ہوا کہ اسکا وارث ہمارے خاندان میں موجود ہے، میرے بیٹوں میں نہ سہی، یہی کیا کم ہے کہ میری نیک بہن کی اولاد میں تو ہے۔

کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) کہتا ہے کہ ہمارے اسلاف کا روحانی دستور یہ رہا ہے کہ ہر صدی میں طریقۂ چشتیہ کی نسبت کے حامل رہے ہیں، اور اکثر و بیشتر ہر جانے والا آنے والے کی بشارت دیتا رہا ہے۔

## پہ آیا نہ دام میں

فرمایا کہ میں نو یا دس برس کا تھا کہ نقشبندی سلسلہ کے ایک بزرگ خواجہ ہاشم (۱) بخارا سے تشریف لائے اور ہمارے محلہ میں قیام پذیر ہوئے، وہ مجھ پر اکثر توجہ فرماتے تھے، ایک مرتبہ فرمانے لگے کہ میں ایک ورد جانتا ہوں، اس کے پڑھنے سے آدمی دولت مند ہو جاتا ہے، میں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ والد ماجد کے ذریعہ میری ضروریات پوری فرما دیتا ہے، مزید احتیاج نہیں، یہ سن کر خاموش ہو گئے۔

چند دن کے بعد پھر فرمانے لگے کہ مجھے بزرگوں سے ایک دعا ملی ہے جسے کوڑھی پر دم کیا جائے تو کوڑھ فوراً کافور ہو جاتا ہے، میں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس مرض سے محفوظ رکھا ہے، اور اگر کوئی کوڑھی نظر پڑا تو اسے آپ کی خدمت میں پیش کر دونگا'' اس پر وہ خاموش ہو گئے۔

کچھ دن بعد فرمانے لگے کہ ورد اور دعا سے ہمارا مقصد تمہیں شکار کرنا تھا، کیونکہ تم اچھی استعداد رکھتے ہو، مگر معلوم ہوا کہ تم نہایت بلند ہمت بھی ہو، دراصل ہم یہ چاہتے ہیں کہ تم صوفیا کے اشغال میں سے کوئی شغل اپنا لو۔

میں نے عرض کیا کہ سر آنکھوں پر، لہٰذا انہوں نے مجھے شغل استکتاب کی تلقین فرمائی، یعنی اسم ذات (اللہ) کو کسی تختی یا کاغذ پر لگاتار لکھتے رہنا، یہانتک کہ کثرت نگاہ کی وجہ سے وہ تمام سوچ اور خیالات میں جم جائے، اور تمام قوت پر غالب آجائے، یہ مشغلہ میں نے شروع کر دیا، جو مجھ پر حاوی ہو گیا، ان دنوں میں شرح عقائد اور حاشیہ خیالی پڑھتا تھا، میں نے حاشیہ ملا عبدالحکیم لکھنے کا ارادہ کیا (کتابوں کے نام)، جب لکھنے لگا تو بلا ارادہ تقریباً ایک کاپی (ستر صفحات) کے برابر اسم ذات ہی لکھتا چلا گیا۔

---

۱حضرت شیخ محمد ہاشم کشمیؒ مراد ہیں جو حضرت مجددؒ کے خلیفہ تھے، کشم بخارا کا ایک قصبہ ہے۔

## خواجۂ کائنات

حضرت والد ماجدؒ نے فرمایا کہ میں بارہ تیرہ برس کا تھا، کہ حضرت زکریا علیہ السلام کو سامنے موجود دیکھا، انہوں نے اسمِ ذات کے ذکر کی تلقین فرمائی۔

نبوت کی نورانیت سے اس تلقین میں یہ تاثیر دکھائی دی کہ اس نوعمری، تعلیم حاصل کرنے کی وجہ سے مشغولی اور کم توجہی کے باوجود ذکر کی ایسی برکات عطا ہوئیں کہ بڑے بڑے کامل اور طالبان حق سے ظاہر نہیں ہوئیں۔

اس واقعہ کے بعد حضرت شیخ عبدالعزیز قدس سرہ کو خواب میں دیکھا، فرمایا کہ ''بیٹا، ارادت کا ہاتھ کسی کے ہاتھ میں نہ دینا، یہانتک کہ حضرت خواجہ تجھے قبول فرمائیں، اس کے بعد تجھے اختیار ہے، یہ واقعہ میں نے تعبیر کی خاطر حضرت خواجہ خوردؒ سے عرض کیا اور کہا کہ اس شہر کے اہل معرفت میں آپ کے سوا کوئی بھی خواجہ کے لقب سے مشہور نہیں۔

فرمانے لگے: ''اس کی تعبیر یہ ہے کہ تمہیں خواجۂ کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت نصیب ہوگی، کیونکہ اس فقیر کا مرتبہ اس سے کم تر ہے کہ حضرت شیخ عبدالعزیزؒ خواجہ کہیں۔

فقیر (شاہ ولی اللہ) کو اسی طرح یاد ہے، جبکہ بعض احباب شیخ عبدالعزیز کے بجائے خواجہ نقش بندؒ کا ذکر کرتے ہیں۔ واللہ اعلم

## جس کا انتظار تھا

اس کے بعد میں تعبیر کے ظاہر ہونے کا منتظر رہا، اس دوران اکثر درود پڑھنے میں مشغول رہتا تھا، ایک رات درور پڑھ رہا تھا کہ چاند کی شکل میں ایک نورانی شبیہ ظاہر ہوئی، حالانکہ اس رات چاند نہیں تھا، آہستہ آہستہ وہ شبیہ پوری زمین پر پھیلنا شروع ہوئی، پھر میرے سر اور جسم پر وارد ہوئی، جب تک وہ شبیہ میرے سر پر پوری طرح وارد نہیں ہوئی تھی، تب تک تو میں اس

نورانی نظارے کی رعنائیوں میں مست ہو رہا تھا، جب بالکل سر پر آ گئی تو میں بے ہوش ہو گیا، اور ظاہری نگاہوں سے میرا وجود غائب ہو گیا، واللہ اعلم، کیونکہ میرے والد نے مجھے بہت ڈھونڈا مگر نہ پایا، جس کی وجہ سے وہ پریشان ہو گئے۔

ادھر اسی عالم اور گمشدگی کی حالت میں رہتے ہوئے میں نے آسمان پر آسمان طے کرنا شروع کئے، یہاں تک کہ ان سب کو پار کر گیا اور بارگاہ سید الانام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں جا پہنچا، جہاں آپ نے مجھے اپنی بیعت میں قبول فرما کر نفی و اثبات کی تلقین فرمائی، تھوڑی دیر بعد مجھے افاقہ ہوا اور پہلی حالت میں آ گیا، چند دنوں بعد میں نے خواجہ خوردؒ کے سامنے عرض کیا کہ مجھ سے جو وعدہ کیا گیا تھا وہ تو پورا ہو چکا ہے، اب میری اصلاح و تربیت کا کیا ہو گا؟

فرمانے لگے: ظاہری بیعت بھی کسی سے کرنی ہی چاہئے۔

میں نے کہا: جی چاہتا ہے کہ آپ سے ہی بیعت کر لوں!

فرمانے لگے: تمہیں بہت ہی دوست رکھتا ہوں، لہٰذا نہیں چاہتا کہ تم کو اپنی بیعت میں لوں۔

میں نے عرض کیا کہ میں آپ کا مطلب نہیں سمجھ سکا کہ دوستی رکاوٹ کیوں بن گئی؟

فرمایا کہ میں بعض غیر شرعی کام کرتا ہوں اور سنت کی اتباع میں بھی کاہلی، غفلت اور سستی کا روادار ہوں، کہیں ایسا نہ ہو کہ مجھ سے تعلق تمہارے قدم شریعت کے راستہ سے ہٹا دے، ہاں البتہ مجلس میں آتے رہو، فیض و بخشش جاری رکھونگا۔

میں نے عرض کیا کہ پھر یہ رہنمائی فرمائیں کہ کس سے تعلق قائم کروں؟

فرمانے لگے:

اگر شیخ آدم بنوریؒ [۱] کے خلفاء میں سے کوئی مل جائے تو زیادہ مناسب رہے گا، کیونکہ یہ حضرات شریعت کی اتباع، دنیا سے بے رغبتی اور نفس کی پاکیزگی میں ایسا کمال رکھتے ہیں جو دوسروں کو میسر نہیں۔

میں نے عرض کیا کہ ہمارے پڑوس میں ان کے خلفا میں سے سید عبداللہؒ قیام پذیر ہیں، فرمانے لگے کہ غنیمت ہیں، جلد ہی ان سے تعلق پیدا کر لینا چاہیئے، میں انکی خدمت میں حاضر ہو گیا، پہلی ہی بار میں حضرت نے بیعت قبول فرمالی، حالانکہ آپ پر تنہائی پسندی، گوشہ نشینی کا غلبہ تھا۔ بیعت کے بعد میں خواجہ خورد اور سید عبداللہ رحمہم اللہ دونوں کی خدمت میں حاضر ہو کر فیض حاصل کرتا رہا۔

## شغلِ نفی و اثبات

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ اسم ذات (۲) کا شغل جو میں نے حضرت زکریا علیہ السلام سے حاصل کیا تھا مجھ پر غالب رہتا تھا اور میں اس سے بہت ہی کیف و سرور حاصل کرتا تھا، اس کے مقابلہ میں شغل نفی و اثبات نہیں کر سکتا تھا۔ (۳)

اگر کبھی کرتا بھی تو اس سے ذرا بھی لذت محسوس نہ ہوتی اور اس پر قادر نہ ہو سکنے کی بناء پر میں

---

۱ سید معز الدین ابو عبداللہ آدم بن سید اسماعیل، آدم بنوریؒ کے نام سے مشہور ہوئے، حضرت مجدد الف ثانی کے اجل خلفاء میں ہیں ہزاروں سالکین آپ کی خانقاہ میں جمع رہتے تھے، سینکڑوں خلفاء ہیں، خیر البلاد مدینہ طیبہ میں بتاریخ ۱۳ / شوال ۱۰۵۳ھ انتقال فرمایا اور جنت البقیع میں قبۂ حضرت عثمانؓ کے نزدیک مدفون ہوئے۔ رحمہ اللہ تعالی۔

۲ اسم ذات کے شغل سے مراد، اللہ اللہ میں کھو جانا، اس کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ کے تلفظ کو لطیفۂ قلب (دل کے مقام) بائیں پہلو پر وارد کرے، اور مکمل توجہ اسکی جانب رکھے۔

۳ نفی سے لا الہ اور اثبات سے الا اللہ مراد ہے، لا الہ الا اللہ کے ورد کو نفی اثبات کے شغل اور ذکر سے تعبیر کرتے ہیں، اس کا طریقہ یہ ہے کہ لا الہ کہتے ہوئے سانس کو باہر نکالے، اور الا اللہ کہتے ہوئے سانس کو اندر کھینچے، اور اللہ کے تلفظ کو لطیفۂ قلب (دل کے مقام) پر وارد کرے، اور مکمل توجہ اسکی جانب رکھے۔ (لطائف کی تفصیل کیلئے صفحہ دیکھیں)

ہمیشہ شرمندہ رہتا تھا، حضرت سید عبداللہ قدس سرہٗ سے اس کوتاہی کا علاج دریافت کیا، بارہا توجہ فرمائی مگر مسئلہ حل نہ ہوا، تو فرمانے لگے کہ جو چیز انبیائے کرام علیہم السلام کے انفاسِ طیبہ کی توجہ سے استحکام حاصل کرے، ہم اس میں تبدیلی نہیں لاسکتے۔

حضرت ختمی مرتبت علیہ الصلوٰاۃ والسلام سے اس بارے میں التجا کی، جس کے نتیجہ میں شغل نفی واثبات مجھ پر غالب آیا اور بہت ہی آسان ہوگیا، اس انداز پر کہ میں کم سنی کے باوجود ایک ہی سانس میں دوسومرتبہ یہ ذکر کرسکتا تھا، میں نے کسی طالب حق میں اس ذکر کے لئے ایسی جذب وکشش نہیں دیکھی، حالانکہ میں تحصیلِ علم میں مشغول تھا اور دوسرے موانعات بھی حائل تھے، بہرحال مجھے نفی واثبات میں سرور حاصل ہونے لگا۔

## حضرت خواجہ حافظ سید عبداللہ قدس سرہٗ

### پہلا سبق

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ حضرت سید عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ اصل میں قصبہ کھیڑی کے رہنے والے تھے، جو بارہہ کے قریب ہے۔

ان کے والد نے کھیڑی کو وطن بنالیا تھا، کم سنی ہی میں ان کے والد فوت ہوگئے تھے اور ان کے دل میں اسی وقت سے خدا طلبی کا جذبہ پیدا ہوا، جگہ جگہ اولیاء کرام کی تلاش کرتے رہے، یہاں تک کہ پنجاب کے ایک بزرگ کی خدمت میں پہنچے، جو علمِ قرأت میں مہارت رکھتے تھے اور صحرائے پنجاب کی ایک مسجد میں اپنا وقت گزار رہے رہتے۔ لوگوں کے میل جول اور آمد ورفت سے بالکل فارغ اور انتہائی متوکل علی اللہ تھے۔ سید صاحب ان کی خدمت میں رہ کر راہِ حق طلب کرنے لگے، ان بزرگ نے سید صاحب سے فرمایا کہ تمہاری تلقین وہدایت ایک اور بزرگ سے وابستہ ہے، جہاں تم انشاء اللہ ضرور پہنچو گے، ہاں البتہ حفظِ قرآن کی نعمت مجھ سے

حاصل کیجئے، چنانچہ سیدؔ صاحب اس جنگل میں مدتوں ٹھہرے رہے اور قرآن حفظ کیا‘ ان بزرگ کے فیضِ محبت سے گوشہ نشینی اور ترکِ دنیا کے آداب سیکھے اور نفس وشیطان کی کج رویوں سے کنارہ کشی کے انداز حاصل کئے۔

## عظمت قرآن اور ہیبت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

حضرت والد ماجد نے فرمایا کہ ایک دن وہ بزرگ اور سید صاحب دونوں قرآن مجید کا دور کر رہے تھے کہ ہرے کپڑوں میں ملبوس کچھ عربی لوگ گروہ در گروہ ظاہر ہوئے۔ان کا سردار مسجد کے قریب کھڑا ہوکران قاریوں کی تلاوت سننے لگا اور کہا:

بارک اللہ ادیّتَ حقَّ القرآنِ * اللہ برکت دے‘ تلاوتِ قرآن کا خوب حق ادا کیا۔

یہ کہہ کر واپس پلٹے۔ان کی عادت تھی کہ تلاوتِ قرآن کے وقت آنکھوں کو نیند کی سی حالت میں رکھتے تھے اور کسی طرف بھی توجہ نہیں کرتے تھے، جب زیرِ تلاوت سورت کو آخر تک پہنچایا تو سید عبداللہ سے پوچھا یہ کون لوگ تھے؟ جن کی ہیبت سے میرا دل کانپ اٹھا،مگر عظمتِ قرآن کے سبب میں اپنی جگہ سے اٹھ نہ سکا۔

سید صاحب نے کہا: قبلہ! یہ تو ایسے لوگ تھے کہ جب ان کا سردار پہنچا تو مجھ میں یہ طاقت نہ رہی کہ میں اپنی جگہ پر بیٹھا رہوں‘ مجبوراً اٹھا اور ان کی تعظیم بجالایا۔

ابھی یہ باتیں ہو ہی رہی تھیں کہ اسی طرح کا ایک اور آدمی آیا اور کہنے لگا کہ حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کل مجمع اصحاب میں بیٹھے ہوئے اس جنگل کے حافظ کی تعریف وتوصیف فرما رہے تھے اور ساتھ ہی فرمارہے تھے کہ کل علی الصباح ہم اسے دیکھنے جائیں گے اور اس کی قرأت بھی سنیں گے،آپ تشریف لائے تھے یا نہیں؟ اگر آئے تھے تو کدھر کو گئے؟ ان دونوں بزرگوں نے جب یہ بات سنی تو دائیں بائیں دوڑے مگر کوئی نشان نہ پایا، اللہ ان دونوں کی قبروں پر رحمت کے پھول برسائے۔

راقم الحروف (شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ) کا گمان ہے کہ حضرت والد نے یہ بھی فرمایا تھا کہ اس واقعہ کے بعد مدتوں اس جنگل سے خوشبو مہکتی رہی، جسے لوگ سونگھتے اور محسوس کرتے تھے۔

## مرنے سے پہلے مرجانا

جب حفظ قرآن سے فراغت حاصل ہوئی تو اس بزرگ نے رخصت عطا فرمائی کہ جاؤ اور جہاں بھی کوئی صاحبِ ولایت ملے' اس کی خدمت گزاری میں انتہائی کوشش کرو، یہ سیر کرتے ہوئے ''سامانہ'' میں شیخ ادریس رحمۃ اللہ کی خدمت میں پہنچے، یہ بزرگ متوکل تھے اور لوگوں سے ملنا جلنا ترک کر کے انتہائی مشکل حالات میں گزارہ کر رہے تھے، سلسلہ قادریہ سے منسلک تھے ۔پہلی مرتبہ جب ان سے ملاقات ہوئی تو شیخ نے فرمایا'' فقیر بہت سارے ہیں کسی دوسری جگہ چلے جاؤ، میرے پاس تو اس مردے کے سوا اور کوئی نہیں ٹھہر سکتا جو طعام' لباس اور تعلقاتِ دنیا سے بالکل کٹ چکا اور حوائجِ ضروریہ کے علاوہ میری اجازت کے بغیر میرے دروازے سے باہر قدم نہ رکھے۔

حضرت حافظ عبداللہ نے ان تمام شرائط کو قبول کیا اور ان کے سامنے راہِ سلوک طے کرنا شروع کیا، بلکہ مردانہ وار اس اختیاری موت پر صابر اور رضامند رہے، یہ دیکھ کر ان پر حضرت شیخ نے اپنی توجہ بڑھا دی، اسی اثناء میں حضرت شیخ کا بیٹا ان سے قرآن حفظ کرنے لگا، جس کی بناء پر شیخ کی توجہ دونی ہوگئی اور انہوں نے بھی شیخ کی خدمت گزاری میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔

حضرت حافظ سید عبداللہ فرماتے تھے ان دنوں میں نے اپنی عادت بنالی تھی کہ درویشوں کے لئے استنجے کے ڈھیلے پتھر سے رگڑ کر صاف کیا کرتا تھا، ایک روز اسی حقیقت پر غور کرنے سے اپنے اندر کبر ونخوت اور خود پسندی کا سرور آیا، شیخ میری اس حالت پر مطلع ہوئے اور فرمایا کہ میرے چہرے اور جسم پر کوئی نشان یا تبدیلی دیکھتے ہو؟

میں نے عرض کیا: کہ ہاں۔

فرمایا: میں ابتدائے سلوک میں ایک بزرگ کی خدمت میں پہنچا تو ان کے لئے استنجوں کے ڈھیلوں کو اپنے چہرے اور بدن سے رگڑ کر صاف کیا کرتا تھا اور اس سے مجھے ایک روحانی لذت ملتی تھی یہ زخموں کے نشانات اسی کی یادگار ہیں۔

نیز حضرت عبداللہ نے یہ بھی فرمایا کہ ان دنوں میری عادت تھی کہ حضرت شیخ اور ان کے اہلِ خانہ کے کپڑے ہر جمعرات کو ندی کے کنارے لے جاتا تھا اور اپنے ہاتھوں سے دھوتا تھا تاکہ نمازِ جمعہ صاف ستھرے کپڑوں میں پڑھ سکیں، ایک بار اتفاق سے میں جمعرات کے دن فاقہ سے تھا اور دستور کے مطابق کپڑے سر پر اٹھا کر ندی کے کنارے چلا گیا، آدمیوں سے ایک طرف ہو کر کپڑے دھونے میں مشغول ہو گیا، جب سورج تیز ہو گیا بھوک اور پیاس کی شدت نے غلبہ پایا تو میں بے دم ہو کر گر پڑا، ناگاہ ایک برقع پوش میرے سر پر پہنچا اور مجھے بیدار کیا برقع میں سے گرم روٹی نکال کر مجھے دی اور کہا: کیا تو نے یہ نہیں پڑھا:

”ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ★(البقرہ ۱۹۵)

اپنی جانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو

مجھے خوف لاحق ہوا کہ کہیں یہ شیطان تو نہیں جو مجھے دھوکا دے رہا ہے؟ اس بناء پر میں نے روٹی قبول نہ کی، وہ بزرگ میرے اس اندیشے پر مطلع ہوئے اور فرمایا: اے فلاں! یہ گمان مت کر، یہ لفظ سنتے ہی یہ خیال میرے دل سے دور ہو گیا، میں نے روٹی پیٹ بھر کر کھائی، دل میں خیال آیا کہ نہر کا پانی گرم ہے، کاش یہاں ٹھنڈا پانی ہوتا، تاکہ سیر ہو کر پیتا، وہ اس کھٹکے پر بھی مطلع ہو گئے اور برقع کے اندر سے پانی کا آبخورہ نکال کر دیا، نہایت ٹھنڈا پانی تھا، میں نے جی بھر کر پیا اور پھر کپڑے دھو کر شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا، جونہی مجھے دیکھا، فرمانے لگے: سید! خضر علیہ السلام کے ہاتھ سے روٹی لیلی؟ محمدیوں (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کو خضر کا احسان ہرگز نہیں اٹھانا چاہیئے۔

## بیخودی

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے: حضرت خواجہ ادریس سامانی رحمہ اللہ کے اہل خانہ جس حجرے میں جانوروں کیلئے بھوسا ذخیرہ کیا کرتے تھے، ایک مرتبہ حضرت خواجہ اسی حجرے کے اندر ذکر میں مشغول تھے، کہ اہلِ خانہ نے اس حجرے میں بھوسا بھر دیا، انہیں حجرے میں شیخ کی موجودگی کا کوئی علم نہ ہوسکا، شیخ بھی اس قدر بے خبر اور محو تھے کہ انہیں احساس تک نہ ہوا۔

چنانچہ حجرے کو گھاس سے بھر کر دروازہ بند کر دیا گیا، کچھ دیر بعد شیخ کی پوچھ گچھ کی گئی، مسجد میں بھی ڈھونڈا گیا، لیکن کہیں نہ ملے آنے جانے والوں سے پوچھا گیا کچھ معلوم نہ ہوا، مایوس ہوکر تلاش وجستجو بھی چھوڑ دی۔

چھ ماہ بعد جب چارہ باہر لانے کی ضرورت پڑی تو حجرے کا دروازہ کھلا اور گھاس باہر نکالنے لگے، بالآخر ایک دن گھاس اٹھانے والے کا ہاتھ شیخ پر جا پڑا تو وہ چونک اٹھا کہ یہاں کوئی آدمی ہے، جب اچھی طرح ٹٹولا تو شیخ کو پہچان لیا، یہ سن کر لوگوں کا ہجوم ہوگیا اور اسی وقت شیخ کو بھی حالتِ سکر (بیخودی) سے افاقہ ہوا۔

دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ نہ تو انہیں وقت گذرنے کا احساس رہا اور نہ ہی ان کے جسم وجان پر بھوک پیاس کا کوئی اثر پڑا، یہ واقعہ عجیب وغریب واقعات میں سے ہے۔ واللہ اعلم

## مقامات قلب

سننے میں آیا ہے کہ جب شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کے ارشادات وکمالات عام ہوئے تو شیخ ادریس نے ان کی خدمت میں کہلا بھیجا کہ اگر میں زمین کی طرف دیکھتا ہوں تو زمین کو نہیں پاتا اور اگر آسمان کی طرف نگاہ اٹھاتا ہوں تو آسمان کو نہیں پاتا، اور اسی طرح عرش و کرسی اور بہشت ودوزخ کو بھی موجود نہیں پاتا اور جب کسی کے سامنے جاتا ہوں تو اس کا وجود

بھی نہیں پا تا، یہاں تک کہ اپنے وجود کو بھی غیر موجود پا تا ہوں اور وجودِ حق سبحانہٗ وتعالیٰ تو بے پایاں ہے، جس کی انتہا کو کوئی نہیں پا سکا، تمام مشائخ بھی صرف یہی کہہ کر رہ گئے ہیں، اس مقام سے آگے کوئی نہیں جا سکا، اگر آپ بھی اسی انتہا کو اپنا کمال سمجھتے ہیں تو کوئی مضائقہ نہیں اور اگر کوئی دوسری بات اس کمال سے آگے کی معلوم ہوئی ہے تو اس سے ہمیں بھی مطلع کیجئے تا کہ ہم اور ہمارے ایک دوست جو اس مقام تک پہنچنے کی بہت خواہش رکھتے ہیں، وہاں تک پہنچ سکیں۔

حضرت شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ نے جواب میں لکھا:

میرے مخدوم! یہ اور اس طرح کے دوسرے حالات دل کی کمزوری کا نتیجہ ہیں، مشاہدہ بتاتا ہے کہ ان حالات کا حامل مقاماتِ قلب میں ایک چوتھائی سے زیادہ طے نہیں کر سکا، ابھی اسے تین حصے طے کرنے چاہئیں تا کہ معاملہ قلب کو بتمام وکمال طے کر کے سمجھ سکے، مقامِ قلب سے گزرنے کے بعد مقامِ روح آتا ہے، مقامِ روح سے آگے بڑھئے تو مقامِ سر کا دروازہ کھلتا ہے اور مقامِ سر کو طے کیجئے تو مقامِ خفی تک رسائی ہوتی ہے، تب جا کر کہیں مقامِ اخفی کے راز کھلتے ہیں، ان چار حصوں کے علاوہ قلب پر کچھ اور اثرات بھی پڑتے ہیں، جن کے احوال وکیفیات جدا جدا ہیں، ان تمام کو الگ الگ طے کرنا چاہئے (آخر مکتوب تک)۔

یہ خط پڑھ کر شیخ ادریس رحمہ اللہ نے حضرت شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضری دینے اور ان کی صحبت سے فیض حاصل کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا تھا، مگر بعض رکاوٹوں کے سبب ان کی یہ تمنا پوری نہ ہو سکی، یہاں تک کہ شیخ احمد سرہندی کے ایامِ رشد وہدایت پورے ہو گئے۔

کچھ بعید نہیں کہ ایک دوست سے مراد سید عبداللہ شاہ ہوں۔

فقیر (مصنف) کا خیال ہے کہ حضرت والد ماجد یہ قصہ حضرت شیخ آدم بنوری رحمہ اللہ کے سلسلے میں بیان فرمایا کرتے تھے۔

## کوچۂ تنگ

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ شیخ ادریس رحمہ اللہ نے حضرت شیخ آدم بنوری کی خدمت میں لکھ کر بھیجا کہ مجھے ہر چیز میں خدا نظر آتا ہے اور ہر در و دیوار کو اس ایک نور کی تجلیات سے بھر پور پاتا ہوں، شیخ آدم نے جواب میں لکھا کہ بابرکت اور عجیب حالت ہے، لیکن کاملینِ سلوک کے حالات سے موازنہ کیا جائے تو مجھے یہ کہنا پڑے گا کہ بھائی! کوچۂ تنگ سے گزرنے کا کوئی تک نہیں، راہِ سلوک میں اتنے سمٹ کر کیوں رہ گئے ہو؟ یہاں تو ایک شاہراہِ عظیم کھلی ہوئی ہے، جس پر فکر و خیال کے گھوڑے کو بڑھا کر چڑھا کر دوڑایا جا سکتا ہے۔

یہ پڑھ کر ان پر شیخ آدم رحمہ اللہ کی ملاقات کا شوق غالب آیا، مگر اللہ کی مرضی نہ تھی چنانچہ وہ انہی دنوں بیمار ہو کر رحمتِ خداوندی کے سائے میں چلے گئے، اور سید عبداللہ اسی واقعہ کی بناء پر ان کی وفات کے بعد حضرت شیخ آدمؒ کی خدمت میں پہنچے۔

نوٹ: یہاں یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ یہ وہی پہلا قصہ ہے جو سہو و نسیان سے ذرا تبدیل ہو گیا ہے یا کوئی دوسرا واقعہ ہے۔

بہر حال سید عبداللہ نے، شیخ آدم بنوری کی صورت میں ایک عالی مقام، عاملِ شریعت، صاحبِ عرفان شیخ کو پایا، ان کی طرزِ زندگی اور فقیری کو پسند کرتے ہوئے وسوسوں اور شکوک و شبہات کو شکست دے کر مدتوں ان کی صحبت میں دلجمعی کے ساتھ مقیم رہے۔

واضح رہے کہ سید عبداللہ رحمہ اللہ کے چچا یا چچا زاد بھائی جن کا نام سید عبدالرحمن تھا، نہایت خوش حال تھے اور ان کا شمار بڑے امراء میں ہوتا تھا، مگر ساتھ ہی دین داری میں بھی شہرت رکھتے تھے، حضرت والد ماجد ان کی دین داری کا بہت ہی ذکر فرمایا کرتے تھے، یہ امیر نما درویش بھی شیخ آدم بنوری رحمہ اللہ کا مرید تھا، اسی بناء پر حضرت سید عبداللہشیخ کے انتقال کے بعد ہمیشہ سید عبدالرحمن کی صحبت میں رہتے تھے اور آپس میں انتہائی انس و محبت رکھتے تھے۔

حضرت سید عبداللہ عفیف و پاک دامن تھے، زندگی بھر شادی نہ کی، محلہ ''کوشک نر'' میں حضرت عبداللہ کی اقامت کا سب سے بڑا سبب سید عبدالرحمن کی رفاقت تھی، سید عبداللہ کے نام لکھے گئے شیخ آدم کے تمام مکتوبات میں سید عبدالرحمن کا ذکر بھی ساتھ ساتھ ملتا ہے۔

شہادتاً شیخ آدمؒ کے مکتوب پیشہیں جو حافظ عبداللہ اور سید عبدالرحمن کے نام صادر ہوئے۔

## شیخ کے خطوط

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**الحمد للہ رب العالمین و الصلوۃ السلام علی خیر خلقہ محمد و آلہ اجمعین ★**

اللہ تعالیٰ دینی اور دنیوی کاموں میں اپنی رضا کے مطابق جمعیت خاطر اور اطمینان قلب کی توفیق ارزانی کرے اور ہمارے دلوں کو اخلاص کی دولت سے مالا مال فرمائے۔

زاں یارِ دلنواز مم شکر یست نے شکایت

گر نکتہ دان عشقیست خوش بشنواین حکایت

اگر عشق کے راز سمجھتے ہو تو سنو! کہ اس محبوب دلنواز کا ہر حالت میں شکر گزار رہنا چاہئے کسی بھی عالم میں زبانِ شکایت نہیں کھولنی چاہئے۔

ہمارا یہ فقیرانہ سلام نامہ ان بھائیوں تک پہنچ کر خبردار کرے کہ چل چلاؤ کا وقت ہے اور کل کا کام کل ہی کے عمل میں شمار ہوگا، اللہ نیکی کی توفیق دینے والا ہے اور اسی سے ہی راہِ راست اور رشد و ہدایت کی توفیق اس کے حبیب' آلِ اطہار' اصحابِ کبار اور تابعینِ ذی وقار کے طفیل نصیب ہوتی ہے، ان سب پر صلوۃ وسلام ہوں، یہاں کے تمام احباب کی طرف سے برادرانہ تسلیمات مطالعہ فرمائیے۔

حضرت شیخ آدم بنوریؒ کا دوسرا خط جو سید عماد، حافظ عبداللہ اور حافظ عبدالرحمن کے نام صادر ہوا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ علی خیر خلقہ محمدٍ وآلہ اجمعین الاکرمین ★

دینی بھائی سیادت پناہ وتوفیق آثار سید عماد وحافظ عبدالرحمن، سلامِ فقیرانہ کے بعد مطالعہ فرمائیں کہ اس طرف کے حالات لائق حمد وشکر ہیں اور آپ بھائیوں کی سلامتی واستقامت اللہ سے مطلوب ہے۔، وہی ذاتِ پاک نخلِ تمنّا کو بار آور کرنے والی ہے۔

خلاصۂ کلام یہ کہ آنجناب کا ایک ایک گرامی نامہ جو اخلاص کی دولت سے پر تھا ''بارہہ'' سے اور دوسرا خط محترم حافظین (حافظ عبداللہ وحافظ عبدالرحمن) کا لکھا ہوا اکبرآباد سے موصول ہوا۔

اللہ کا شکر واحسان ہے کہ آپ حضرات صحت وسلامتی سے ہیں اور فقیروں کی یاد سے غافل نہیں، بہر حال اُمیدوار ہوں کہ اس اخلاص کا نتیجہ سعادتِ دارین کی صورت میں نمودار ہو (اللہ کے فضل واحسان سے) اے بھائی! وقت ایک چلتا دھارا ہے، گریہ وزاری اور صدقِ دل سے دعاؤں میں کوشش کرنی چاہئے تاکہ حق سبحانہٗ وتعالی بقیہ زندگی اس دارِ فانی میں ضائع کرنے سے بچائے۔

## دل کی صفائی

حضرت والد ماجد رحمہ اللہ فرمایا کرتے تھے کہ سید عبداللہ رحمہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ شروع میں جب میں شیخ آدم رحمہ اللہ کی خدمت میں پہنچا' میرا قلب نسبتِ روحانی سے بالکل خالی ہو گیا اور دل جمعی میں فتور ظاہر ہونے لگا، میں پریشان ہوا اور حضرت شیخ کی خدمت میں عرض کی تو فرمایا: پہلی نسبت سرکہ کا حکم رکھتی ہے اور جو جمعیتِ قلب ہماری صحبت میں پاؤ گے، اس کی مثال گلاب کی سی ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ اگر بوتل میں سرکہ ہو اور اس میں گلاب ڈالنے کا ارادہ کیا جائے تو سب سے پہلے بوتل کو خوب صاف کیا جاتا ہے تاکہ سرکہ کا ذرا بھی اثر باقی نہ رہے، تب وہ بوتل گلاب کے قابل بنتی ہے۔

## امتحان

حضرت والد صاحب شیخ آدم بنوری رحمہ اللہ کی اولاد میں سے کسی ایک بزرگ سے نقل فرماتے تھے کہ سید عبداللہ شیخ آدم کے یہاں قیام کے دوران، ایک دن کسی درخت کے نیچے پورے اطمینانِ قلب کے ساتھ آنکھیں بند کئے تلاوتِ قرآن میں مشغول تھے، اسی اثناء میں بہت سی چڑیاں درخت سے گر کر مرتی رہیں، اور جو لوگ ماوراء النہر سے حضرت شیخ کی بیعت کے لئے آئے ہوئے تھے، ذوقِ سماع سے وجد میں آ گئے، کسی نے حضرت شیخ آدمؒ کو اس صورتِ حال سے مطلع کیا، آپ تشریف لائے اور فرمایا کہ حافظ! اب بس بھی کرو۔

حافظ نے آنکھ کھولی، انکساری کے ساتھ کھڑے ہو گئے اور چپ سادھ لی۔

حضرت والد گرامی فرماتے تھے کہ سید صاحب جب بھی قرآن پڑھتے، مسجد میں کوئی شخص ایسا نہ ہوتا جو ان کی قرأت سن کر ذوقِ سماع سے سر نہ دھن رہا ہو۔

ایک مرتبہ داراشکوہ نے ۹ نو قاری ان کے امتحان کے لئے بھیجے، ہر ایک مختلف قواعد مثلاً وقف، مد، پُر باریک، ادغام وغیرہ میں امتحان لینا چاہتا تھا اور حضرت حافظ صاحب سے ان قواعد کے ساتھ قرأت کی استدعا کر رہا تھا۔

سید صاحب نے فرمایا: اگر دور کوع سننا چاہتے ہو تو ابھی سنائے دیتا ہوں اور اگر تھوڑا سا انتظار کر لو تو نمازِ چاشت کے بعد دو پارے سنا دوں گا۔

چنانچہ یہ حضرات رک گئے، مگر ان دو پاروں کی قرأت میں کوئی غلطی نہ پا سکے، فراغت کے بعد حضرت حافظ صاحب نے فرمایا کہ لوگ سات قرأتوں کو اس طرح پڑھتے ہیں کہ ہر لفظ کو مختلف قرأتوں کے طریقہ سے ادا کرتے ہیں، مگر یہ طریقہ میرے نزدیک کچھ وقعت نہیں رکھتا، میرے خیال میں بہترین طریقہ یہ ہے کہ ایک بار طریقِ عاصم کوفی پر تلاوت کی جائے کہ دوسرے کسی کا طریقہ بھی اس قرأت میں مخلوط نہ ہو اور دوسری بار تمام قرآن کو ابوعمرو کے طریق

پر پڑھا جائے اور اس میں دوسروں کی قرأت کو نہ ملایا جائے اور اسی طریق پر باقی تمام قرأتوں کی تکمیل کی جائے۔ یہ سن کر ممتحن قاری عاجز آ گئے۔

## کشف وکرامت کے سر پر جوتے

فرمایا کہ میں نے یہ نکتہ حضرت حافظ صاحب سے کئی بار سنا کہ ''کفش برسرِ کشف'' (کشف وکرامت کے سَر پر جوتے) یعنی صوفیاء کے نزدیک استقامت معتبر ہے نہ کہ کرامت۔

قبلہ والد صاحب فرماتے تھے کہ حضرت حافظ صاحب کا طریقہ تنہائی وگمنامی تھا، لوگوں میں اس طرح گھل مل کر رہتے تھے کہ کوئی انہیں کسی خصوصیت سے الگ نہیں کر سکتا تھا، وہ اکثر بوڑھی یا بیوہ عورتوں کے دروازوں پر چکر لگایا کرتے تھے تاکہ انہیں پانی، اناج وغیرہ ضروریاتِ خانگی بازار سے لاکر دے سکیں، بسا اوقات ضعیف خادمائیں اپنے آقاؤں کا سامان لینے آتیں تو حضرت حافظ صاحب ان کی یہ خدمت اپنے ذمے لیکر منزلِ مقصود تک پہنچا آتے اور ساتھ ہی کہتے کہ آقاؤں سے مت کہنا تاکہ وہ تمہیں ایذاء نہ دے سکیں، الغرض باوجود اس گمنامی اور انکساری کے شیخ آدم بنوری رحمہ اللہ کے صحبت یافتگان جیسے شیخ عبداللہ کوہاٹی جن کا لقب حاجی بہادر تھا، شیخ بایزید اور اس قسم کے دوسرے لوگ حضرت سید کی انتہائی تعظیم کرتے تھے۔

## جانوروں سے کیا پَردہ

حضرت والد ماجد نے فرمایا کہ سید عبداللہ سنایا کرتے تھے کہ طلب کے ابتدائی ایام میں میں ایک مجذوب کی خدمت میں پہنچا، جو ہمیشہ بازاروں میں ننگے پھرا کرتے تھے جب مجھے دیکھا تو بھاگ کھڑے ہوئے، میں بھی ان کے پیچھے تیز چلنے لگا، جب قصبہ سے باہر آئے تو وہاں ایک بڑھیا لکڑیاں چن رہی تھی، مجذوب نے اس کا دوپٹہ لے کر تن ڈھانپ لیا اور میری طرف متوجہ ہو کر کہا: السلام علیکم! پھر کہنے لگے کہ اس وقت میں ننگا تھا اور تم سے حیا آ رہی تھی، مگر تم نے

میرا تعاقب کیوں کیا؟ میں نے عرض کیا: میں جانتا تھا کہ آپ کی عادت ہی کچھ ایسی ہے، فرمانے لگے: قصبے والے جانور ہیں:

**اولئک کالانعام بل ھم اضل ★(الانعام ۱۸۹)**

جانور ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے۔

اس لئے ان سے پردہ نہیں کرتا مگر جب کوئی اہلِ دل آجاتا ہے تو پابند ہوجاتا ہوں۔

## رکاوٹ نہیں، حکمت

فرمایا کہ سید عبداللہ فرماتے تھے: کہ جب شیخ آدم بنوری رحمہ اللہ نے حج کا ارادہ کیا تو میں نے بھی ہمراہ چلنا چاہا، آپ نے مجھے جانے سے روک دیا، روانہ ہونے لگے تو میں نے عرض کیا کہ اہل وعیال والے تو ہمراہ جارہے ہیں، اور فقیر جو غیر شادی شدہ اور نان ونفقہ سے آزاد ہے اسے محروم کیا جارہا ہے؟ فرمانے لگے کہ تمہارا ٹھہرانا حکمت پر مبنی ہے جو تمہیں بعد میں معلوم ہو جائے گی، اب معلوم ہوا کہ وہ حکمت تمہاری تربیت تھی۔

## بڑوں کی دعاء

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ سید عبداللہ سنایا کرتے تھے کہ جب بچپن میں تم (شاہ عبد الرحیم رحمہ اللہ) بچوں کے ساتھ کھیلا کرتے تھے تو ہم اپنے دل میں تمہارے لئے کشش محسوس کرتے تھے اور دعا کیا کرتے تھے: بارِ خدا! اس بچے کو زمرۂ اولیاء میں شریک کر اور اس کے کمالات میرے ہاتھوں پایۂ تکمیل کو پہنچا، الحمدللہ! میری دعاؤں کو اللہ تعالی نے قبول فرمایا۔

## خدمت کے حقوق

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ حضرت سید عبداللہ مجھ سے کوئی خدمت نہیں لیتے تھے، اگر میں خدمت کرنا چاہتا تو کسی بہانے' باز رکھنے کی کوشش کرتے، ان کی اس روش سے ایک رات

میرے دل میں وسوسہ پیدا ہوا، چنانچہ اس خیال کے اظہار کی خاطر ان کے حجرے میں چلا گیا، گرمی کا وقت تھا کپڑے بدن سے اُتار رکھے تھے، مجھے دیکھتے ہی خوش آمدید کہا اور فرمایا: میرے جسم کی میل کھرچ لو۔

میں انتہائی مسرت سے بدن کی میل صاف کرنے لگا، درمیان میں فرمایا پورے ہاتھ کو کیوں تکلیف دیتے ہو، یہ کام تو دو انگلیوں سے بھی ہو سکتا ہے، چنانچہ میں نے دو انگلیوں سے میل صاف کرنے پر اکتفاء کی۔

پھر فرمایا: راہِ طریقت میں طالب سے خدمت لینے کی جو شرط تھی وہ میرے ساتھ پیوست ہو کر تم نے پوری کر لی ہے، آئندہ کسی بھی ایسے اندیشے کو دل میں راہ مت دو، کیونکہ میں نے اپنی طرف سے صحبت ظاہری و باطنی کے تمام حقوق تمہیں معاف کر دیئے ہیں۔

حضرت سید صاحب ایک بزرگ سے جو شیخ آدم بنوری رحمہ اللہ کا صحبت یافتہ تھا (مصنّف کے گمان میں یہ بزرگ سید صاحب کے عمِ محترم یا ان کے کوئی عمِ زاد بھائی تھے) روایت کرتے تھے کہ سید علم اللہ مجھ سے تعلیم حاصل کیا کرتے تھے، اسی دوران انہیں طریقت کا شوق پیدا ہوا اور شیخ آدم بنوری کی خدمت میں حاضری دینے لگے، اکثر اوقات تعلیم میں حرج اور ناغہ ہونے لگا، اس بات پر میں نے انہیں بہت ٹوکا، اسی اثناء میں میری زبان سے نکلا: علم سے کورے عام فقیروں سے کیا فائدہ حاصل ہوگا؟

یہ سن کر سید علم اللہ کی حالت تبدیل ہوگئی اور کہنے لگے کہ تم اور تم جیسے لوگ اگر ان کی صحبت میں آئیں تو اپنے آپ کو گونگے اور جاہل مطلق سمجھنے لگیں، میں یہ سن کر بہت تلملایا اور بھڑک اٹھا اور علمِ کلام کا ایک انتہائی مشکل ترین مسئلہ تلاش کر کے انہیں عاجز اور زچ کرنے کی نیت سے ان کے پاس پہنچ گیا، شیخ بہت عزت و تکریم کے ساتھ پیش آئے، میں نے اپنا اشکال ان کے سامنے پیش کیا۔

پہلے تو فرمانے لگے: یہ مسئلہ خالص علمی ہے اور فقیر عامی ہے، میں کیا جانوں! ہاں البتہ تم عالم ہو، یہ تو تم ہی سے حل کرانا چاہیئے، اسی طرح ٹال مٹول کرتے رہے، یہاں تک کہ میں نے یقین کر لیا کہ انہیں علم لدنّی (۱) کا کوئی دعوی نہیں اور مشکل مسئلہ میں ان کی لاعلمی مجھ پر ظاہر ہوگئی۔

اس خیال کا آنا تھا کہ ایکدم ان کا چہرہ سرخ ہوگیا اور بلند آواز سے فرمانے لگے کہ یہ ایسا مسئلہ ہے کہ اگر مشرق و مغرب کے علماء جمع ہوں تو بھی حل نہ کرسکیں، البتہ ہم اسے حل کریں گے، پھر شگفتہ، پرتاثیر تقریر شروع کی جس سے اشکال رفع ہوگیا آپ نے ایسے معارف اور نکات بیان کئے جن تک میرا فہم و شعور نہیں پہنچ سکتا تھا، اکثر باتیں میری سمجھ سے اوپر تھیں۔

میں اپنے آپ کو انکے آگے طفلِ مکتب سمجھنے لگا، جب ان کی مجلس سے اٹھا تو خیال آیا کہ ان کی سچائی ظاہر ہوچکی ہے، لہٰذا توبہ کر لینی چاہیئے، مگر جھوٹی انا اور خواہشِ نفس نے ایسا جکڑ رکھا تھا کہ دوبارہ علمِ تفسیر کا ایک مشکل ترین مسئلہ ڈھونڈ کر انکے سامنے پیش کیا، اس بار بھی روزِ اوّل کی طرح تعظیم سے پیش آئے اور حد سے زیادہ معذرت کرنے لگے، جس سے مجھے شبہ گزرا کہ شاید اس مسئلے کے بیان سے عاجز آ گئے ہیں، مگر یکدم پلٹا کھایا اور تقریر دل پذیر شروع کردی۔

تیسرے دن بھی یہی واقعہ پیش آیا، جس سے متأثر ہوکر میں نے دل ہی دل میں کہا کہ راست رو اور منصف مزاج ہیں، لیکن میرے اندر کج روی اور خامی ہے۔

چنانچہ میں نے ان کا امتحان اور آزمائش لینے سے توبہ کی اور اپنی خطا و قصور کا معترف ہوکر نیاز مندی و انکساری سے ان کی مجلس میں پہنچا، اس بار کوئی توجہ نہ فرمائی، جوتیوں میں بیٹھا، توبہ وزاری کا اظہار کرتا رہا، فرمانے لگے: تم تو صاحبِ علم ہو؟ سر کے بال کنپٹیوں سے نیچے کیوں چھوڑ رکھے ہیں؟ اور تہ بند ٹخنوں سے نیچے کیوں لٹک رہا ہے؟ حجام کو بلوایا سر منڈوا دیا اور تہہ بند ٹخنوں سے اوپر کرا کے بیعت فرمالیا۔

---

۱وہ علم جو درسگاہ سے نہیں سیکھا جاتا بلکہ الٰہی عطیہ ہوتا ہے، کتابوں میں نہیں ہوتا۔

سننے میں آیا ہے کہ شیخ ابراہیم مراد آبادی طریقۂ چشتیہ کے ایک نامور بزرگ تھے، وہ کہتے تھے کہ طلب سلوک کے آغاز میں جب میں شیخ آدم بنوریؒ کی خدمت میں پہنچا تو ان دوستوں میں سے ایک بزرگ نے میری سفارش کی کہ حضرت! یہ شخص صحیح معنوں میں طالبِ خدا ہے۔

اسی وقت مجھ پر شیخ نے ایسی نگاہ ڈالی کہ مجھ پر ایک کیفیت طاری ہوگئی، جواب تک باقی ہے، چندروز وہاں ٹھہر کر راہِ سفر لی اور شیخ محمد صادق قدس سرہٗ کے حلقۂ ارادت میں شامل ہوگیا، وہاں سے بھی بے انتہا روحانی فوائد حاصل کئے، مگر ریاضت اور تصفیۂ قلب (دل کی صفائی) کے بعد معلوم ہوا کہ میری جمعیت خاطر اور للّٰہیت کا اصل سرمایہ شیخ آدم کی اسی نگاہِ کرم سے ہے، ریاضت اور مجاہدات نے اس میں رونق وصفائی کے علاوہ کوئی اضافہ نہیں کیا۔

سننے میں آیا ہے کہ شیخ بایزید جو کہ اللہ گو کے لقب سے مشہور تھے مردِ سخی اور بے غرض انسان تھے، مخلوق پر انتہائی شفقت فرماتے تھے اور ان کا یہ وصف جگہ جگہ مشہور تھا۔

## نگاہ لطف کا صدقہ

فرمایا کرتے تھے کہ ابتدائے سلوک میں جب میں حضرت شیخ آدم کی بارگاہ میں پہنچا تو دیکھا کہ تمام ارادت مندوں نے شیخ کے گھر کی خدمات اور کام کاج کو آپس میں بانٹ رکھا ہے اور کوئی خدمت بھی باقی نہیں چھوڑی، کچھ مدت میں نے انتظار کیا تو دیکھا کہ جو ارادت مند جنگل سے لکڑیاں وغیرہ لانے پر مقرر رہے بہت ہی کمزور اور لاغر ہے صحیح معنوں میں یہ خدمت سر انجام نہیں دے سکتا، میں چونکہ تنومند جوان تھا لہٰذا یہ کام میں نے اپنے ذمے لے لیا، ہر روز دو ڈھیر اٹھالاتا تھا مگر ابھی تک یہ شرف حاصل نہیں تھا کہ شیخ کی مجلس میں باریاب ہوسکوں۔

کچھ مدت کے بعد شیخ ایک نہر پر غسل کرنے تشریف لے گئے، ارادت مند بدن کی میل اتارنے اور مالش کرنے میں مشغول ہوگئے، میں بھی ان کے ساتھ شامل ہوگیا ان سب کے بنسبت میں نے بہتر طور پر خدمت کی، جس کی بناء پر شیخ اسی وقت میری طرف متوجہ ہوئے،

ایک نگاہ نے میرا کام تمام کر دیا اور اسی نہر میں بے ہوش ہوکر گر پڑا، ساتھی مجھے مردے کی طرح وہاں سے شیخ کے گھر اٹھا لائے، چھ ماہ بعد پھر اسی نہر پر شیخ کے بدن کی مالش میں مصروف تھا کہ ازراہ کرم پھر مجھ سے دریافت حال فرمایا، اس التفات کی کیفیت سے میں پھر بے ہوش ہو گیا، میرے پلے جو کچھ بھی ہے، وہ اسی نگاہ لطف کا صدقہ ہے جو حضرت شیخ نے دو مرتبہ مجھ پر مبذول فرمائی۔

## گستاخ بھی فیض یاب

حضرت فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے شیخ آدم کی خدمت میں حاضر ہو کر توجہ طلب کی، فرمایا: وضو کر کے دو رکعت پڑھ لے۔

یہ سن کر میرے سامنے اس شخص نے منہ بنا کر کہا: وضو تو خود ہی گناہوں کا کفارہ ہے، پھر تمہاری توجہ کی کیا ضرورت ہے؟ شیخ اسکی بے ادبی سے درگزر فرماتے ہوئے اٹھ کر چلے گئے، الہام ہوا کہ کیا ہم نے تمہیں اپنی مخلوق میں اس لئے رکھا ہے کہ بے ادبوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں راہ ہدایت دکھاؤ؟ تم نے "ويدرؤن بالحسنة السيئة" رعد ۳۴ (برائی کے بدلے نیکی کو اختیار کرتے ہیں) پر عمل کیوں نہ کیا؟ اس پر شیخ نے کسی آدمی کو بھیجا تا کہ اسے واپس لے آئے اور بے ادبی کے باوجود اس پر خاص توجہ فرمائیں، شیخ کا قاصد اسے واپس لانے میں کامیاب نہ ہوسکا، شیخ نے قاصد سے فرمایا کہ اس کے دونوں کانوں میں اللہ کا نام پڑھو، لفظ اللہ سنتے ہی وہ بے ہوش ہو گیا تو اسے اٹھا کر شیخ کی خدمت میں لایا گیا۔

## تعظیم کے مستحق

حضرت والد ماجد نے حضرت شیخ آدم رحمہ اللہ کے رفقاء سے نقل کیا کہ شیخ کی شہرت عام ہوگئی تو ان کی دھوم شہنشاہ ہند شاہجہان تک بھی جا پہنچی، شاہجہاں نے اپنے وزیر سعد اللہ خان اور ملا

عبدالحکیم سیالکوٹی کو بھیجا تا کہ شیخ سے مل کر حقیقت حال کا پتہ کریں، دونوں شیخ کی خدمت میں پہنچے، شیخ اس وقت مراقبے میں تھے، یہ دونوں کافی دیر دروازہ پر بیٹھے رہے، جب شیخ حالت مراقبے سے باہر نکلے تو دونوں ان کے حجرے میں داخل ہو گئے، شیخ نے ان کی کچھ تعظیم نہ کی، یہ دیکھ کر دونوں بزرگوں کا مزاج بگڑ گیا، سعد اللہ خان نے کہا: میں تو دنیا دار ہوں، مشائخ کے نزدیک تعظیم کا مستحق نہیں، مگر مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی تو عالم دین ہیں، ان کی تعظیم ضروری ہے، شیخ نے فرمایا: حدیث میں آتا ہے:

**العلماء امناء الدین مالم یخالطوا الملوک فاذا خالطوھم فھم اللصوص★**

علماء محافظ دین ہیں، جب تک کہ بادشاہوں سے دور رہیں، جب سلاطین کی بارگاہوں تک جا پہنچیں تو وہ علماء نہیں، چور ہیں۔(۱)

پھر ان دونوں نے پوچھا: آپ کا نسب کیا ہے؟ فرمایا: سید ہوں، مگر چونکہ ہماری مائیں افغان قبائل سے تعلق رکھتی ہیں، اس لئے عوام کی زبان پر افغان مشہور ہو گئے ہیں، پھر پوچھا کہ ہم نے سنا ہے کہ آپ علم لدنی رکھتے ہیں؟ فرمایا: ہاں اور اس نعمت پر اللہ کی حمد وثنا کرتا ہوں۔

یہ سن کر دونوں اٹھ کھڑے ہوئے اور شاہ جہاں سے جا کر کہا کہ یہ ایک عامی اور متکبر فقیر ہے، جو لمبے چوڑے دعوے کرتا ہے، برادری سے اصل میں افغان ہے مگر خود کو سید بتلاتا ہے، لیکن پٹھان ہونے کے باوجود اس کے بہت لوگ معتقد ہیں، لہٰذا اسے چھیڑنے سے خوف ہے کہ فتنہ نہ کھڑا ہو جائے، یہ سن کر شاہ جہاں بگڑ گیا، قاصد کے ہاتھ شیخ کو کہلا بھیجا کہ آپ حج کو چلے جائیں، شیخ نے انتہائی تیزی سے مکہ کا ارادہ کیا، جب سورت پہنچے تو معلوم ہوا کہ سورت کا حاکم آپ کا ارادت مند ہے۔

---

[۱] العلماء أمناء الرسل علی عباد الله ما لم یخالطوا السلطان ویداخلوا الدنیا فإن خالطوا السلطان وداخلوا الدنیا فقد خانوا الرسل فاحذروهم واعتزلوهم. *جامع الأحادیث ۱۴۵۰۴

شیخ نے کہا: تمہارے ذمہ یہ خدمت ہے کہ ہمیں جلدی سے جلدی جہاز میں سوار کرادو، جب آپ سوار ہو لئے تو بادشاہ کا حکم پہنچا کہ اس فقیر کو جلد لوٹا یئے، کیونکہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ اس درویش کا باہر جانا میرے ملک کے لئے زوال کا باعث ہوگا۔

حاکم سورت نے معذرت لکھی کہ شاہی حکم پہنچنے سے پہلے حضرت شیخ جہاز پر سوار ہو گئے، بہت ہی جلد بادشاہ قید ہوا، ادھر شیخ کی وفات مدینہ منورہ میں بتاریخ ۱۳/شوال ۱۰۵۳ھ واقع ہوئی اور جنت البقیع میں قبہ حضرت عثمانؓ کے قریب مدفون ہوئے۔ رحمه الله رحمة واسعة

## اپنی اپنی قسمت

فرمایا کرتے تھے کہ طالب نامی ایک درویش حضرت سید عبداللہ قدس سرہٗ کی خدمت میں رہتا تھا، وہ ہمیشہ روتا اور ہائے ہائے کا نعرہ لگاتا رہتا تھا، حضرت نے اس سے روتے رہنے کا سبب پوچھا، تو میری طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ عزیز تعلیم میں مشغول رہتا ہے اور میں فارغ البال اور یکسو ہوں، مگر پھر بھی اس پر مجھ سے زیادہ روحانی عقدے اور مخفی اسرار کھلتے جا رہے ہیں، فرمانے لگے: اس فکر واندیشے میں مت پڑو، یہ عطائے الٰہی ہے، ہر ایک کو الگ الگ حوصلہ وہمت تفویض ہوئی ہے، مگر وہ پھر بھی روتا رہا۔

حضرت سید نے فرمایا: تیری اصلاح یوں ہوسکتی ہے کہ تو سفر میں رہا کر۔

چنانچہ اس نے دائمی سفر اختیار کیا، کبھی کبھی مجھے دیکھنے کے لئے آجایا کرتا تھا اور کہا کرتا کہ حضرت سید صاحب کے منہ سے جو بات نکل گئی، اس کا یہ اثر ہے کہ سفر میں مجھے ہمیشہ جمعیت خاطر اور سرور حاصل رہتا ہے، اور ایک جگہ ٹھہرنے میں تنگی وغمگینی رہتی ہے۔

کبھی کبھی وہ مغلوب الحال ہوجاتا، ایسی حالت میں ایک مرتبہ کسی کے گھر میں گھس گیا، انہوں نے پکڑ کر اسے تکلیف دی اور قید کر ڈالا، جس قدر بھی اس کی قید اور تکلیف بڑھتی رہی، اس کے گھریلو نقصان میں اضافہ ہوتا رہا، اس کا ایک بیٹا مر گیا، گھوڑا لنگڑا ہو گیا، دوسرا بیٹا بیمار پڑ گیا،

جب یہ حالات پیش آئے تو وہ مکان مالک سخت نادم ہوا، توبہ کی اور انکے ساتھ نیازمندانہ سلوک شروع کردیا۔

## آئے ہیں وہ مزار پہ

فرمایا کرتے تھے کہ جن دنوں اورنگزیب اکبرآباد میں تھا' میں میرزاہد ہروی محتسب لشکر سے کچھ اسباق پڑھتا تھا، اسی زمانے میں اپنے والد کے ہمراہ اکبرآباد آ گیا، سید عبداللہ بھی سید عبدالرحمن کی رفاقت کے سبب وہاں موجود تھے' وہاں انہیں ایک مرض ہو گیا اور اسی مرض میں رحمت حق سے واصل ہوئے، انہوں نے وصیت کی کہ مجھے مسکینوں کے قبرستان میں دفن کرنا تاکہ کوئی پہچان نہ سکے، چنانچہ لوگوں نے ایسا ہی کیا، میں بھی اس دن شدید بیمار تھا، جنازے کے ساتھ جانے کی سکت نہیں تھی، جب میں تندرست ہوا اور چلنے پھرنے کی طاقت پیدا ہوئی تو ایک ایسے ساتھی کے ساتھ جو ان کے جنازہ و دفن میں موجود تھا' زیارت و برکت کے لئے ان کے مزار مبارک کی طرف چل پڑا۔

یہ ان کی آخری وصیت کا کمال تھا کہ میرا ساتھی کافی غور و فکر کے باوجود ان کی قبر نہ پہچان سکا، آخر اندازے سے ایک قبر کی طرف اشارہ کیا میں وہاں بیٹھ کر قران پڑھنے لگا، میری پشت کی طرف سے سید صاحب نے آواز دی کہ فقیر کی قبر ادھر ہے لیکن جو کچھ شروع کر چکے ہو اسے وہیں تمام کرلو اور اس کا ثواب اسی قبر والے کو بخشو، جلدی مت کرو جو کچھ پڑھ رہے ہو اسے انجام تک پہنچاؤ، یہ سن کر میں نے ساتھی سے کہا: اچھی طرح غور کرو، سید صاحب کی قبر وہی ہے جدھر تم نے اشارہ کیا ہے یا میری پیٹھ کے پیچھے ہے؟ سوچ کر کہنے لگا: میں غلطی پر تھا، حضرت سیدؒ کی قبر تمہارے پیچھے ہے، میں اسی سمت ہو کر بیٹھا اور قرآن پڑھنا شرع کیا، دل گرفتہ اور غمگین ہونے کے سبب اکثر مقامات پر تجوید کی رعایت نہ کر سکا، قبر سے آواز آئی کہ فلاں فلاں جگہ پر تساہل سے کام لیا ہے، قرأت کے معاملہ میں حزم واحتیاط کی ضرورت ہے۔

## تذکرہ حضرت خواجہ خورد رحمہ اللہ  فرزند خواجہ محمد باقی باللہ دہلوی رحمہ اللہ

### تین سبق

حضرت والد ماجد فرماتے تھے کہ رسائل صغار (شرح عقائد سے پہلے کی کتابیں) سے لے کر شرح عقائد و حاشیہ خیالی تک ساتھ والی تمام کتابیں میں نے مخدومی بھائی ابوالرضا محمد سے پڑھیں اور دوسری کتب میرزا زاہد ہروی سے، ایک دن شرح عقائد و حاشیہ خیالی کے درس کے دوران میرے دل میں ایک اعتراض اٹھا، مخدومی ابوالرضا نے اس کا جواب دیا، اس مناظرے نے طول پکڑا اور معاملہ ناراضگی و غصہ تک جا پہنچا، میں نے کتاب پڑھنا چھوڑ دی، کچھ عرصہ بعد ایک دن ہم دونوں خواجہ خوردؒ کی خدمت میں پہنچے، آپ نے مجھ سے پوچھا کہ خیالی کتنی ہوگئی ہے؟ میں نے عرض کیا کہ عرصہ ہوا کہ ترک کردی ہے۔

فرمایا: کیا سبب ہوا؟ عرض کی: نماز روزے کے ضروری احکام معلوم ہو چکے ہیں، اس سے زیادہ حاصل نہیں ہوسکتا مگر آپ نے حقیقت معلوم کرنے میں مبالغے سے کام لیا بالآخر بات ظاہر ہوگئی، تاکید سے فرمانے لگے کہ مجھ سے پڑھ لیا کرو۔

صبح سویرے کتاب لے کر خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے درس دینا شروع کیا اور میرے سابقہ اعتراض کو بہت ہی پسند کیا اور قوت استدلال کو سراہا، دوسرے تیسرے روز بھی سلسلہ یونہی چلتا رہا، چوتھے دن فرمایا کہ تمہارے جد بزرگوار شیخ رفیع الدین نے مجھے تین دن سے زیادہ سبق نہیں پڑھایا تھا، لہٰذا میں بھی تین اسباق سے زیادہ نہیں پڑھاؤں گا۔

### پڑھئے کتاب حسن تو

پھر یوں حکایت شروع کردی کہ آغاز جوانی میں مجھے حسن پرستی کی عادت تھی، شیخ رفیع الدین کا ایک صاحبزادہ بہت ہی خوبصورت تھا، اس کو دیکھنے کے ارادے سے گیا اور شرح لمعات بھی

ساتھ لیتا گیا تا کہ لوگ سمجھیں کہ مسائل تصوف کی تحقیق کے لئے آیا ہے، کیونکہ حضرت شیخ رفیع الدین مشکل مسائل حل کرنے میں مشہور تھے، جب میں ان کی خدمت میں پہنچا تو خواجہ (حضرت باقی باللہ رحمہ اللہ) سے ہمارے تعلقکے سبب میرے ساتھ انتہائی مہربانی سے پیش آئے اور تعظیم بجالائے۔

جب میں نے سبق شروع کیا تو سرسری طور پر دو چار چیزیں بیان کیں، زیادہ تحقیق نہ فرمائی، اور اٹھ کھڑے ہوئے اور اپنے صاحبزادے کو بلا کر فرمایا کہ خواجہ کی خدمت میں رہو، یہ دیکھ کر میں شرمندہ ونادم ہوا، مگر چونکہ ایام شباب تھے، دوسرے روز بھی اسی نیت وارادے سے جا پہنچا، پھر بھی وہی سلوک ہوا، تیسرے روز مجھ پر انتہائی ندامت غالب ہوئی، میں نے توبہ کی اور خلوص نیت کے ساتھ پہنچا، اخلاص کی تلقین فرمائی اور پہلے سے بھی زیادہ التفات دکھایا، اس روز نکات تصوف پر خوب زوردار تحقیقی تقریر فرمائی اور اس لڑکے کی طرف کوئی توجہ نہ کی، جب سبق سے فارغ ہوئے تو فرمایا: اگر تمہاری غرض اس فن کی تحقیق سے ہے تو مجھے حکم دیجئے کہ ہر روز قیام گاہ پر حاضر ہوتا رہوں، کیونکہ آپ کا یہاں تشریف لانا میرے لئے بے ادبی کے مترادف ہے، میں نے عرض کی: مجھے آپ آنے کی اجازت نہیں دے رہے، اور آپ کی تکلیف کے لئے میں تیار نہیں، لہٰذا معلوم ہوتا ہے کہ آپ اس کام کو بند رکھنا چاہتے ہیں؟

مجھ سے اختلاف کرتے ہوئے فرمایا کہ دراصل سبب کچھ اور ہے، یہ کہتے ہوئے میرا ہاتھ پکڑ کر مسجد فیروزشاہ میں لے آئے اور ایک مقام پر لے جا کر کہنے لگے کہ تمہیں تصوف کی ہر کتاب کا مطالعہ اس جگہ بیٹھ کر کرنا چاہئے، اگر پھر بھی مسئلہ حل نہ ہو تو میرا ذمہ رہا۔

اس کے بعد جب بھی مجھے کوئی مشکل مسئلہ پیش آتا تو میں وہاں جا کر مطالعہ کرتا، وہ حل ہو جاتا، اگر ایک بالشت بھی اس جگہ سے ہٹتا تو کوئی خاص فیض نہ ہوتا۔

جب خواجہ خورد رحمہ اللہ یہ قصہ بیان کر چکے تو میں نے عرض کیا کہ تین اسباق پر اکتفاء کرنا بھی شاید کرامت کی وجہ سے تھا، آپ بھی اگر ایسا ہی تصرف فرمائیں تو کیا ہی بہتر ہو!

فرمانے لگے: یہی تو عرض کر رہا ہوں کہ اگر تمہیں بھی علمی مشکل پیش آئے اور اسے حل نہ کر سکو تو مجھے بتاؤ کہ فلاں نالائق نے میرا راستہ روک رکھا ہے۔

حضرت والد ماجد فرماتے تھے کہ اس کے بعد مجھے کوئی ایسا مشکل مسئلہ پیش نہیں آیا جو حل نہ کر سکا ہوں، اگرچہ میں نے تمام علوم کی تکمیل میرزا زاہد سے کی، مگر ان کے پاس پڑھنا بھی گویا نچوڑ تھا، اکثر اوقات ایسا ہوتا کہ میں اول سے پڑھ رہا ہوں اور آخر سے پڑھا رہا ہوں۔

## عادت جو ہوگئی تھی

فرماتے تھے کہ خواجہ خوردؒ ہمیشہ انگوٹھے سے اپنی ہتھیلی پر کچھ لکھتے رہتے تھے، یہاں تک کہ اسباق اور باتوں کے درمیان بھی، ایک دن میں ان سے پوچھ بیٹھا، فرمانے لگے: یہ عمل میں ہمیشہ کرتا ہوں، مگر تیرے سوا آج تک کسی نے نہ پوچھا، پھر فرمایا: آغاز حال میں مجھے شغل استکتاب[1] () سے لگاؤ رہا ہے، یہی وجہ ہے کہ اب بھی یہ عادت پوری کر لیا کرتا ہوں۔

## بڑوں کی بڑی بات

فرمایا: ایک دن خواجہ خورد رحمہ اللہ اپنے اصحاب و احباب میں بیٹھے ہوئے تھے، آپ پلنگ پر تشریف فرما تھے، جبکہ باقی لوگ چٹائی پر، اس موقع پر میں بھی خدمت میں جا پہنچا، حد سے زیادہ تعظیم و تکریم فرمائی، خود پلنگ کی پائنتی کو ہو بیٹھے اور مجھے صدر نشین بنا دیا، ہر چند میں نے معذرت چاہی مگر نہ مانے، اہل مجلس کے چہرے متغیر ہو گئے، ان کے فرزند خواجہ رحمہ اللہ

---

[1] یعنی اسم ذات (اللہ) کو کسی تختی یا کاغذ پر لگاتار لکھتے رہنا، یہاںتک کہ کثرت نگاہ کی وجہ سے وہ تمام سوچ اور خیالات میں جم جائے، اور تمام قوت پر غالب آجائے۔

کھڑے ہوکر عرض کرنے لگے کہ مجلس میں ان سے بھی زیادہ معمر اور لائق تعظیم لوگ بیٹھے ہیں، آخر ان میں کیا خصوصیت ہے جو آپ اس قدر انکساری سے پیش آرہے ہیں؟

فرمایا: میں یہ اس لئے کررہا ہوں کہ تم سلوک کا مشاہدہ کرسکو اور میری طرح ان سے پیش آتے رہو، جب میں ان کے نانا حضرت شیخ رفیع الدین کے دولت خانے پر حاضری دیتا تھا تو وہ میرے ساتھ اسی طرح سلوک فرماتے تھے، حالانکہ وہ میرے استاذ تھے، میں نے ان سے فیوض حاصل کئے تھے۔

اسی طرح جب شیخ رفیع الدین ہمارے پیشوا خواجہ محمد باقی قدس سرہٗ کی خدمت میں آتے تھے تو قریب قریب وہ بھی ان کے ساتھ یہی سلوک کرتے تھے، اگرچہ شیخ رفیع الدین حضرت خواجہ کے خلفاء میں سے تھے مگر چونکہ ابتدائے سلوک میں حضرت شیخ قطب العالم سے کچھ کتابیں پڑھی تھیں اور علمی فوائد حاصل کئے تھے، لہٰذا ہمیں بھی یہی سلوک روا رکھنا چاہئے۔

## برکت

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک دفعہ ہم دونوں بھائی حضرت خواجہ خوردؒ کی خدمت میں حاضر ہوئے، ان پر بھوک کا اتنا غلبہ تھا کہ ہدرس دینے کے قابل نہ تھے، اہلیہ سے پوچھا: کوئی کھانے کی چیز موجود ہے؟ انہوں نے کہا کہ کسی بچے کے لئے تھوڑا سا کھانا پکایا ہے۔

فرمایا: اس میں سے تھوڑا سا لے آؤ۔

چنانچہ پیالی میں بہت ہی تھوڑا کھانا لایا گیا، آپ نے ہاتھ دھوئے اور حاضرین سے کہا: آیئے مل کر کھائیں سب کو کافی ہے، سب لوگ حیرت سے تکنے لگے، ہمیں دوسرے انداز میں دوبارہ اشارہ کیا، ہم چلے گئے اور ہم تینوں نے مل کر کھایا، یہاں تک کہ سب سیر ہو گئے اور پیالی میں پھر بھی کچھ بچا رہا، جو بچے کے لئے بھیج دیا۔

## فقیری یا بادشاہی؟

حضرت والد ماجد نے فرمایا کہ ایک شیخ، خواجہ خورد رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ بادشاہ مجھے کسی مہم پر بھیج رہا ہے، دشمن کی تعداد زیادہ ہے اور میں اسباب جنگ سے خالی ہوں، جانے سے انکار بھی نہیں کرسکتا، آپ توجہ فرمایئے کہ یہ مصیبت ٹل جائے۔

حضرت نے خوش طبعی کے طور پر فرمایا: کچھ نقدی وقدی پیش کرو تاکہ ہمارا دل تمہاری طرف متوجہ ہو جائے۔

اتفاقاً اس وقت اس کے پاس کچھ نہ تھا، دوستوں سے بھی اسے کچھ نہ مل سکا، کمر سے لٹکا ہوا خنجر گروی رکھ کر دس روپے حضرت کی خدمت میں پیش کئے۔

آپ نے فرمایا کہ فلاں دن جنگ لڑنا، دشمن کی کثرت اور دوستوں کی قلت سے خوف نہ کھانا، گھبراہٹ کو قریب نے آنے دینا، اپنی جگہ جمے رہنا، پھر مجھ سے فرمایا کہ جب یہ تاریخ آئے تو مجھے یاددہانی کرانا۔

لہٰذا وہ وقت آیا تو میں نے یاددہانی کرائی، آپ حجرے میں اکیلے بیٹھ گئے اور مجھے دروازے پر بیٹھا دیا تاکہ کوئی شخص خلل انداز نہ ہو۔

کچھ دیر بعد خوش ہو کر باہر نکلے اور فرمایا کہ دشمن کی تعداد بہت زیادہ تھی اور دوست بہت ہی کم پہلے حملے میں دوستوں کو شکست کا منہ دیکھنا پڑا، مگر وہ عزیز شکست سے گھبرایا نہیں اور نہ ہی اپنی جگہ سے اکھڑا، ہم بھی اسی حالت میں وہاں پہنچ گئے، الحمدللہ فتح نصیب ہوئی، دشمن کافی تعداد میں قتل ہوئے اور باقی ماندہ لشکر نے شکست و پسپائی کو غنیمت جانا۔

کافی عرصہ بعد اس عزیز کا عریضہ پہنچا، جس میں یہ قصہ پوری تفصیل کے ساتھ لکھا ہوا تھا، بطور نذرانہ اسنے بہت سامال بھیجا، مگر آپ نے قبول نہ فرمایا۔

## تمام علوم سے فارغ

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ محلہ ''کوشک نز'' کے آدمی نے حضرت خواجہ خورد کی خدمت میں التماس کیا کہ توجہ فرمایئے تاکہ حصول علم سے جلد فراغت نصیب ہو۔فرمایا: ہم جواب دیں گے، جب گھر واپس آئے تو ایک آدمی کے ہاتھ اسکو رقعہ بھجوایا جسمیں لکھا کہ ''کل انشاء اللہ تمام علوم سے فارغ ہو جاؤ گے'' یہ خوش خبری سن کر اسے بڑی حیرت ہوئی، دوسری صبح سوتے ہوئے بغیر کسی ظاہری سبب کے اسکا انتقال ہو گیا۔

کسی نے حضرت والد سے سوال کیا: لوگوں میں یہ افواہ پھیلی ہوئی ہے کہ خواجہ خورد رحمہ اللہ شراب خوری کے مرتکب ہوئے، یہ کیا قصہ ہے؟

فرمایا: کم سنی میں حضرت خواجہ کو کوئی خطرناک مرض ہوا تھا، طبیبوں نے بالاتفاق علاج کیلئے شراب تجویز کی، علماء نے بھی نزاکت حال کے پیش نظر جواز کا فتوی دیا، مگر خواجہ خورد رحمہ اللہ ان تمام رعایتوں کے باوجود شراب کے استعمال پر آمادہ نہ ہوئے، پھر خواجہ حسام الدین نے اس بارے میں انتہائی اصرار اور مبالغہ سے کام لے کر انہیں بطور دوا شراب پینے پر مجبور کر دیا۔ شراب کا قصہ تو بس اتنا سا ہے، مگر جاہلوں نے خواجہ خوردؒ پر تہمتوں کے ڈھیر لگا دیئے اور غلط رنگ چڑھا دیا، ایسے موقع پر اجازت کے صحیح مفہوم کو نہ سمجھنے کی وجہ سے انہوں نے اس کو شرعی کوتاہی سمجھا۔

## یار خاں اور غیر

فرمایا: ایک دن بہمن یار خاں بہترین لباس پہن کر حضرت خواجہ خورد رحمہ اللہ کی خدمت میں آئے، اس وقت حضرت کے گھر میں کوئی فرش (قالین وغیرہ) نہیں تھا، لوگ زمین پر بیٹھے ہوئے تھے، بہمن یار خان بھی زمین پر بیٹھ گیا، حاضرین میں سے کوئی شخص اٹھا اور خواجہ کے

کان میں کہا کہ یہ بہمن یار خاں ہے، اسکی تعظیم کرنی چاہئے، حضرت نے بآواز فرمایا: اگر یار ہے تو محتاج تعظیم نہیں اور غیر ہے تو لائق تعظیم نہیں، یہ سن کر بہمن یار خان بہت محفوظ ہوا۔

## ذرا اسکی خبر لینا

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک دفعہ خواجہ کے خدام میں سے ایک نے شراب پی رکھی تھی، میں اس سے جھگڑ پڑا، بات ناراضگی تک جا پہنچی، میں نے ارادہ کرلیا کہ دوبارہ ادھر کبھی نہیں جاؤں گا، دو تین روز بعد خواجہ خورد رحمہ اللہ خود تشریف لائے اور میرے دروازہ پر آکر کسی بڑھیا سے میرا اپتا معلوم کیا، اس نے کہا کہ سو رہے ہیں۔

فرمایا: جب بیدار ہوں تو انہیں کہہ دینا کہ خورد تمہیں ڈھونڈ رہا ہے اور مسجد حبوط میں سویا ہوا ہے، ذرا اس کی بھی خبر لے لینا۔

میں جب بیدار ہوا، بڑھیا نے مجھے اطلاع دی، فوراً اس مسجد میں پہنچا، حضرت خواجہ اپنی دستار سر کے نیچے رکھ کر سو رہے تھے، جب ظہر کی اذان ہوئی تو بیدار ہوئے اور میرے ساتھ بڑے لطف وکرم سے پیش آئے اور دیر تک خیر وعافیت پوچھتے رہے۔

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ خواجہ خورد اور خواجہ کلاں دونوں کم سن تھے کہ حضرت خواجہ محمد باقی وفات پا گئے، جب یہ دونوں صاحبزادے سن بلوغ کو پہنچے تو حضرت شیخ سرہندی رحمہ اللہ کے پاس گئے اور بہت دن وہاں مقیم رہے۔

خواجہ کلاں کے حالات تو معلوم نہیں ہو سکے، البتہ خواجہ خورد نے حضرت شیخ سرہندی رحمہ اللہ سے طریقۂ نقشبندیہ میں فیض حاصل کیا اور اجازت بیعت بھی پائی، وہاں سے آکر خواجہ حسام الدین اور شیخ اللہ داد (خلفائے خواجہ محمد باقی رحمہ اللہ) سے بھی رشد وہدایت اور فیوض روحانی میں کمال حاصل کیا۔

## ہے دیوانگی سے کام

خواجہ حسام الدین بچپن میں امراء میں شمار ہوتے تھے اوران کے والد اپنے وقت کے امیر الامراء تھے، جب یہ خواجہ محمد باقی باللہ رحمہ اللہ کی صحبت میں پہنچے اورجذب وطریقہ نے ان میں تاثیر دکھائی تو انہوں نے سب ترک کر دیا،اورتمام دنیاوی کاموں سے ہاتھ کھینچ لیا،مگر جب ان کے عزیزوں نے انہیں فقیرانہ بھیس میں دیکھنا پسند نہ کیا تو انہوں نے اپنے آپ کو دیوانہ ظاہرکیااور برسرعام گندگی کے ڈھیر پر بیٹھ کراپنے کپڑوں کواس سے آلودہ کرنے لگے، یہ دیکھ کرعزیزواقرباءنے ان سے ہاتھ دھولئے۔

حضرت خواجہ محمد باقی باللہ رحمہ اللہ کی اولاد اوران کے مریدین کا اکرام اوران کے طریق تصوف اور اشغال واوراد کجس قدر رعایت و پابندی ان دو بزرگوں (خواجہ حسام الدین وخواجہ اللہ داد) کے دل میں پائی جاتی تھی کسی عقیدت مند میں بہت کم دیکھی گئی۔

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ نوجوانی میں خواجہ خوردؒ دعوت اسماء کے شغل میں مشغول تھے کہ جنات نے مزاحمت کی، یہاں تک کہ خواجہ کے جسم میں حلول کر گئے،جس سے خواجہ بے ہوش ہوکر مردے کی طرح گر پڑے،خواجہ حسام الدین اتفاق سے وہاں پہنچے، کچھ دیران پر توجہ ڈالی،خداکے فضل سے افاقہ ہوگیا۔

## جلا دئے دفتر تمام

شیخ اللہ داد پہلے بہت سے ہم عصر بزرگوں کی خدمت میں پہنچے،اوران سے فیضحاصل کیا، جب خواجہ محمد باقی کی بارگاہ میں آئے تو پچھلے تمام دفتر لپیٹ کر رکھ دئے اورخواجہ کی طرف متوجہ ہوئے،خانقاہ کی تمام خدمات اپنے ذمہ لے لیں،خواہ ظاہری خدمات مثلاً قیام وطعام کاانتظام ہو یاباطنی خدمت مثلاً طالبان حق کی مزاج پرسی، دریافت حال اوران پرتوجہ دیناہو۔

بیخودی اور استغراق کی کیفیت جونسبت نقشبندیہ کا حاصل سمجھی جاتی ہے، شیخ اللہ داد میں اس قدر تھی کہ ان تمام خدمات اور مشاغل کے باوجود وہ ہر وقت اس سے پر کیف رہتے تھے۔

حضرت والد ماجد کونقشبندیہ کی مختلف شاخوں میں سے حضرت خواجہ محمد باقیؒ کی شاخ زیادہ پسند تھی اور اس کے ساتھ ایسی رغبت رکھتے تھے کہ دوسری شاخوں میں سے کسی کے ساتھ ایسی رغبت نہ تھی، آپکی تمام تعلیم وتربیت اور ارشاد وہدایت اسی شعبہ کے ذریعہ تکمیل کو پہنچی ہے۔

## حضرت شیخ تاج سنبھلیؒ کی مقبولیت

شیخ تاج سنبھلی رحمہ اللہ خواجہ محمد باقی باللہ کے اولین خلفاء میں سے ہیں اور آخر عمر میں مکہ معظّمہ میں اقامت اختیار فرما کر وہیں مدفون ہوئے، آپ کی رفعت شان کا عالم یہ ہے کہ اس فقیر نے آخری دور کے مشائخ ہند میں سے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جس کے ساتھ اہل مکہ شیخ سنبھلی رحمہ اللہ سے زیادہ عقیدت رکھتے ہوں اور شیخ تاج سے زیادہ اسکی کرامات وکمالات بیان کر تے ہوں، چنانچہ شیخ تاج سنبھلی رحمہ اللہ نے سلسلۂ نقشبندیہ کی اسی محبوب ترین شاخ یعنی شعبہ باقویہ کے اشغال وعقائد کے بارے میں مستقل ایک عربی رسالہ لکھا جو افراط وتفریط سے پاک اور واضح باتوں پر مشتمل ہے۔

حضرت والد ماجد نے فارسی زبان میں اسکا ترجمہ بھی کیا تھا جسے جابجا عبارات واقوال سلف سے مزین کیا گیا ہے، اس فقیر (حضرت شاہ ولی اللہؒ) نے حضرت والد کے سامنے ان دونوں رسالوں کا مطالعہکیا، اس پر اللہ کا شکر ہے۔

## ناموری سے دور

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ خواجہ خورد رحمہ اللہ کا رہن سہن اور گذر اوقات گوشہ نشینی اور تنہائی سے عبارت تھے، ایک بزرگ عالم جن کا نام نامی محمد صالح، تھامسجد فیروز شاہ میں

درس دیتے تھے، ان سے ہمارے شہر کے اکثر لوگ استفادہ کیا کرتے تھے، وہ حضرت خواجہ خوردؒ سے بیعت ہو گئے، خواجہ نے انہیں تاکید فرمادی کہ میرے ساتھ اپنی نسبت کبھی ظاہر نہ کرنا اور صحبت بھی خلوت میں اختیار کرتے رہنا، چنانچہ یہ ہمیشہ بیگانوں کی طرح رہتے رہے، جب اپنے وطن کو جانے لگے تو عرض کیا کہ اگر لوگ پوچھیں کہ طریق فقر کس سے حاصل کیا ہے؟ تو کیا جواب دوں؟ فرمایا: اگر مجبوراً بتانا پڑے تو میرا نام بتادینا ورنہ اظہار سے احتراز کرنا۔

## عرس کا اہتمام نہیں

حضرت خواجہ خورد رحمہ اللہ حضرت خواجہ محمد باقی باللہ کا عرس کبھی کبھار کیا کرتے تھے، حضرت والد ماجد فرماتے تھے کہ ہم نے بارہا دیکھا کہ کوئی شخص ان کے سامنے آکر کہتا ہے کہ حضرت! چاول میرے ذمے، دوسرا آکر کہہ رہا ہے: حضور! گوشت میں لاؤں گا، ایک اور آکر کہتا ہے کہ فلاں قوال کو میں لا رہا ہوں اور اسی طرح دوسرے انتظامات بھی ہو جاتے، حضرت خواجہ خورد رحمہ اللہ خود تکلف نہ فرماتے تھے۔

## آخری وصیت

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ خواجہ خورد رحمہ اللہ نے آخری عمر میں مجھ سے فرمایا کہ مجھے حضرت خواجہ محمد باقی رحمہ اللہ کے روضۂ اقدس میں جوتے اتارنے کی جگہ میں دفن کرنا، حضرت خواجہ کی نسبت روحانی براہ راست ذات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مستحکم ہے، اسلئے مجھے مقبرے میں دفن نہ کرنا، میں مقام نعلین میں دفن ہونے کے لائق ہوں۔

میں نے عرض کی: آپ کی تدفین تو دوسروں کے سپرد ہوگی، مجھے اس پر کیا اختیار؟

فرمایا: میری وصیت ان کو پہنچا دینا، حضرت کی وفات کے بعد میں نے آپ کی وصیت ورثاء سے بیان کی، مگر انھوں نے کان نہ دھرا۔

# تذکرہ خلیفہ ابوالقاسم اکبرآبادی قدس سرہٗ

## وجود اور شہود

فرماتے تھے کہ جب اکبرآباد میں حضرت سید عبداللہؒ، اللہ کو پیارے ہوگئے تو میں بہت رنجیدہ اور ملول ہوا اور کسی ایسے بزرگ کی طلب محسوس ہوئی جس کی صحبت سے کچھ فیض پاسکوں، اسی نواح میں کسی نے حضرت خلیفہ ابوالقاسم کا ذکر خیر کیا۔

چنانچہ میں حضرت خلیفہ کی خدمت گرامی میں جب پہلی بار حاضر ہوا تو حضرت خلیفہ اپنے گھر کی تعمیر میں مشغول تھے اور معمار کو ہدایات دے رہے تھے، اسی دوران یہ شعر آپ کی زبان مبارک پر آیا:

ہرکرا ذرۂ وجود بود      پیش ہر ذرہ در سجود بود

جسے ذوق ووجدان سے ذرہ بھر نعمت بھی حاصل ہے وہ کائنات کے ہر ذرہ کو لائق سجدہ سمجھے گا۔

میں نے ادنی تصرف کے ساتھ اس شعر کو یوں دہرایا:

ہرکرا ذرہ شہود بود      پیش ہر ذرہ در سجود بود

جسے شہود باری تعالیٰ کی نعمت کا ذرا سا عرفان حاصل ہو، وہ ذرات عالم کو مسجود تصور کریگا۔

فرمانے لگے: میں نے کثرت سے صحیح نسخوں کا مطالعہ کیا ان میں لفظ وجود لکھا ہے، میں نے عرض کیا: فقیر نے بھی صحیح نسخوں کا مطالعہ کیا ہے، ان میں لفظ شہود پایا ہے۔

فرمانے لگے: معلوم ہوتا ہے کہ علم سے بھی بہرہ ور ہو؟ میں نے عرض کیا کہ اگر راہ حق میں یہ علم نقصان کرتا ہو تو اس سے توبہ کرلوں؟

فرمایا: علم ہر شخص کے لئے نقصان دہ نہیں اور نہ ہی ہر شخص کے لئے نافع ہے اور پھر یہ شعر پڑھا:

علم را برتن زنی مارے بود
علم را بر دل زنی یارے بود

اگر علم جسم وتن کیلئے حاصل کیا جائے تو وہ سانپ کی مانند ہے اور اگر حصول علم کا مقصد دل کی اصلاح ہو تو وہ رفیق راہ ثابت ہوتا ہے۔

عرض کیا: کہ آپ کا روشن دل ہمارے لئے کسوٹی ہے، لہٰذا دریافت طلب امر یہ ہے کہ میرا علم میرے لئے نافع ہے یا نقصان دہ؟ یہاں پہنچ کر مجلس ختم ہوگئی اور جواب میں کچھ بھی نہ فرمایا۔

دوسرے دن دل میں آیا کہ کل تعمیر مکان میں مشغول تھے، بات ادھوری رہ گئی اور زیادہ تحقیق بیان نہ کر سکے، لہٰذا آج پھر ان کی خدمت میں جانا چاہئے، جب میں پہنچا تو خندہ پیشانی اور حسن اخلاق کے ساتھ پیش آئے اور فرمایا: کل میں تعمیر میں مشغول تھا، بات نامکمل رہ گئی تھی، اب کہئے کہ شعر میں لفظ شہود ہونے کی صورت میں آپ مصرعہ کا کیا معنی لیں گے؟

عرض کی: جس کسی کو بھی ذرات عالم میں حضرت حق تعالیٰ کا دیدار حاصل ہوگا وہ لامحالہ ہر ذرہ کو سجدہ کرے گا، جبکہ لفظ وجود کی صورت میں عبارت کا مطلب ہوگا ذات باری تعالیٰ میں ڈوبا ہوا، لہٰذا جب وہ خود ذات میں مستغرق ہوگیا تو سجدے سے آزاد ہوگیا۔

فرمانے لگے: بعض صحیح نسخوں میں لفظ وجود بھی پایا جاتا ہے، اس صورت میں آپ اس کی کیا تاویل کریں گے؟ میں نے عرض کیا: اس صورت میں مناسب ہوگا کہ لفظ وجود وجدان (دل سے دیکھنے) کے معنی میں لیا جائے گا جو کہ شہود کے قریب قریب ہے۔

اس بات سے وہ مانوس ہوئے اور طبیعت پر شگفتگی چھا گئی، اس روز کی مجلس بڑی خوشگوار رہی، اس کے بعد میں ان کی خدمت میں مسلسل جاتا رہا اور وہ مجھ پر التفات فرماتے رہے، یہاں تک کہ کچھ پرانے لوگ مجھ سے حسد کرنے لگے۔

واضح ہو کہ خلیفہ ابوالقاسم ملا عمر کے داماد تھے، جنہوں نے شرح ملا پر حاشیہ لکھا اور اپنے زمانے کے معتبر علماء میں شمار ہوتے تھے، ملا عمر حضرت میر ابوالعلی (سلسلۂ ابوالعلائیہ کے بانی) کی خدمت میں بھی رہ چکے تھے، نیز ملا ولی محمد کے شاگرد رشید تھے، جو اپنے زمانے کے اکابر میں

سے تھے اور حضرت میر ابوالعلی کے ممتاز خلفاء میں شمار ہوتے تھے، انہیں حضرت امیر ابوالعلی کے خلفاء میں وہی مقام حاصل تھا، جو شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی کو حضرت شیخ نظام الدین دہلوی قدس سرہٗ کے خلفاء میں حاصل ہے، ملا ولی محمد بھی اکبر آباد میں مدفون ہیں۔

## میر ابوالعلی

معلوم ہونا چاہئے کہ میر ابوالعلی اکبر آبادی آبائی سلسلے میں حسینی سید تھے، آپ کا سلسلۂ نسب امیر تقی الدین کرمانی تک جا پہنچتا ہے، امیر تقی الدین اور خواجہ عبید اللہ احرار کا ایک واقعہ ’’رشحات‘‘ میں تفصیل کے ساتھ مذکور ہے، امیر ابوالعلی کے ننہالی مورث اعلی خواجہ محمد فیضی ابن خواجہ ابوالفیض ابن خواجہ عبداللہ ابن خواجہ عبید اللہ احرار ہیں۔

حضرت میر ابوالعلی کے والد ماجد ابوالوفا خواجہ ابوالفیض مذکور کے نواسے تھے اور میر ابوالعلی کے جد محترم میر عبدالسلام خواجہ عبداللہ ابن خواجہ عبید اللہ احرار کے نواسے تھے، اسی لحاظ سے میر ابوالعلی کو دو طرف سے نسبت احرار حاصل تھی، میر ابوالعلی کے والد بزرگوار اور جد امجد سمرقند سے سفر کر کے ہندوستان کے راستے مکہ معظّمہ پہنچے اور وہیں انتقال ہوا۔

حضرت میر ابوالعلی اسی سفر کے دوران پیدا ہوئے اور اپنے والد ماجد و جد امجد کی وفات کے بعد خواجہ فیضی (مصاحب مان سنگھ صوبیدار پورب) پرورش میں جوان ہوئے، خواجہ فیضی کی وفات کے کچھ دن بعد انھوں نے بھی مان سنگھ کے لشکر میں ملازمت اختیار کر لی۔

انہی دنوں ایک رات آپ نے خواب میں دیکھا کہ تین بزرگوں نے آکر انہیں فرمایا کہ یہ کیا روش اختیار کر رکھی ہے؟ وضع تو یہ ہے جو ہم رکھتے ہیں، ہماری وضع قطع اختیار کرو اور اگر معاش کی فکر ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

اللہ نور السموات والارض ★ (النور ۲۶)

اللہ تعالیٰ زمینوں اور آسمانوں کا نور ہیں۔

یہ کہہ کر ان میں سے ایک آدمی نے استرا لیکر ان کا سر مونڈ دیا، دوسرے نے ایک پیراہن پہنا دیا، تیسرے نے دستار بندھا کر نعلین پکڑا دی۔

اس خواب کے بعد حضرت امیر ابوالعلی کے دل میں ایک قسم کا اضطراب اور قلق پیدا ہوا، چاہا کہ ملازمت ترک کر دیں مگر مان سنگھ رکاوٹ بن گیا، یہاں تک کہ "اذا اراد اللّٰہ شیئا ھیا اسبابہ" (اللہ تعالیٰ جس کام کا ارادہ فرماتے ہیں اس کے اسباب پیدا فرما دیتے ہیں) کے تحت ایسے حالات پیدا ہو گئے کہ چارونا چار یہ ملازمت سے فارغ ہو گئے اور تلاش خدا میں یکسو ہو کر لگ گئے، اسی اثناء میں حضرت خواجہ معین الدین قدس سرہٗ کے مزار کی طرف متوجہ رہنے لگے اور بارگاہ خواجہ کی عنایات اور فیوض سے بہرہ ور ہوئے۔

مروی ہے کہ میر ابوالعلی کے اہل خانہ نے ان کے فرزند میر نور العلی کی بیماری کے سبب ایک روپیہ اور ایک چادر بطور نیاز خواجہ کے مزار پر بھجوائی تھی، حضرت امیر کو اس کی اطلاع نہیں تھی، ایک دن صاحب مزار کی طرف متوجہ تھے کہ مزار سے ندا آئی کہ تمہارے فرزند کی صحت کے لئے تمہارے گھر سے یہ کچھ نیاز آئی ہے اور اہل خانہ نے دوسرے فرزند کے لئے بھی التجا کی ہے، نیاز قبول اور التجا زیرِ غور ہے۔

یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ خواجہ کے مزار سے خطاب ہوا کہ یہ نعمت جو تمہیں عنایت ہوئی ہے، بائیس یا ایکسو تیس سال بعد بندگان خاص میں سے کسی ایک کو عنایت ہوگی (پھر بطور جملہ معترضہ حضرت شاہ عبدالرحیم نے ارشاد فرمایا) ہمارے زمانے میں یہ نعمت ہمیں عنایت ہوئی۔

اس واقعہ کے بعد سید تقی الدین کرمانی مذکور کے پوتے سید جعفر کی قبر کی توجہ سے امیر ابوالعلی کے دل میں اپنے عم بزرگوار امیر عبداللہ کی بیعت کا شوق اور خواہش پیدا ہوئی۔

حضرت امیر ابوالعلی اگرچہ بظاہر نوکری پیشہ تھے مگر حقیقت میں ان کی ذات سے ولایت کے آثار نمایاں تھے اور طریقت میں ان کا تعلق اپنے خالو خواجہ یحیی کے ساتھ تھا جو حضرت خواجہ

عبید اللہ احرار کے خلیفہ وفرزند اور اپنے عم بزرگوار خواجہ عبدالحق سے مجاز تھے، حضرت امیر ابو العلی طریقۂ تصوف میں اسی سلسلے کے مطابق عمل فرماتے تھے مگر حقیقت میں ان کی تربیت اویسی طرز پر تھی، آپ کے ارشادات وکلمات طیبات میں سے چند یہ ہیں:

## ملفوظات میر ابوالعلی

*نسبت روحانی کا ارتقاء بھی کشتی کی سیر کی مانند ہے، کشتی کا سوار ہمیشہ یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ ساکن (ٹھہرا ہوا) ہے، جب ساحل پر پہنچتا ہے تو سفر کٹنے کا پتہ چلتا ہے۔

*سماع اور بے خودی کا مقصد بشریت کی خراب عادات کو ختم کرنا ہوتا ہے نہ کہ ان کے ذریعے عقل وہوش کو مغلوب کرنا، جیسا کہ غوطہ خوروں کا اصل مقصد موتیوں کا حصول ہوتا ہے نہ کہ منہ اور ناک میں پانی داخل کرنا۔

* دنیاوی کام کے دوران حضرت حق سبحانہٗ تعالیٰ سے آگہی وعرفان کے تعلق کی مثال ایسی ہے، جیسے کوئی شخص مٹکے پر مٹکا سر پر رکھ کر باتوں میں مشغول ہو جائے، اس حالت میں اس کی ذہنی توجہ مٹکے کی آواز سے نہیں ہٹتی۔

* اگر کوئی شخص ہماری صحبت ومجلس میں آکر اس مسافر کی طرح سکون واطمینان محسوس کرتا ہے جو انتہائی گرمی کے موسم میں اچانک کسی درخت کے سائے میں پہنچ کر تن بدن کی راحت محسوس کرتا ہے تو اسے ہماری صحبت مبارک ہے، ورنہ وہ دوسری جگہ چلا جائے، ہمارے ہاں کشف وکرامت کی دنیا نہیں بلکہ عالم الوندی ہے۔

* میر نورالعلی حبس دم کے ساتھ ذکر نفی واثبات بکثرت کرتے تھے، آپ نے ان سے فرمایا کہ جو کچھ تم نے اختیار کیا ہے یہ سلف کا طریقہ ہے، مگر اسم ذات کی ورزش دوسرے اذکار سے زیادہ مؤثر ہے، اگر کوئی شخص ان سے وصول حق کی طلب کرتا تو اس سے دریافت کرتے کہ محنت ومشقت سے حاصل کرنا چاہتے ہو یا مفت میں؟ اگر کوئی شخص پہلا طریقہ پسند کرتا تو اسے

طریقۂ ذکر لکھ کر دے دیتے اور اگر دوسری خواہش (مفت میں حاصل کرنے) کا اظہار کرتا تو فرماتے: صحبت میں آیا کرو۔

*فرماتے تھے کہ جس شخص نے ہمارے سامنے آ کر کچھ فیوض حاصل کر لئے، بالفرض اگر وہ دولت آباد جا کر بھی گناہ کا مرتکب ہو تو ہمارے فیض سے دور نہیں جائے گا، ہاں البتہ ترقی کی راہ میں رکاوٹ آ سکتی ہے۔

## .........تو ہی دوا دے

نقل ہے کہ حضرت امیر صاحب فالج کی بیماری میں مبتلا ہو گئے ،جسکی وجہ سے خاص طور پر طہارت اور وضو کے وقت آپ کو انتہائی تکلیف ہوتی تھی، ایک دن یہ شعر پڑھنے لگے:

دردم از یار است و درماں نیز ہم دل فدائے او شد و جاں نیز ہم

ہر سانس اور ہر علاج اسی دوست کا مرہون منت ہے، دل اس پر قربان اور جان بھی صدقے۔

اس شعر کی تاثیر سے آپ پر زبردست وجد طاری ہوا جس کی حرارت سے تمام اعضاء وجوارح میں کشادگی پیدا ہو گئی اور بدن کی قوت پہلی حالت پر واپس لوٹ آئی۔

## فولاد شکن

حضرت امیر نے ایک آدمی کو اپنی ٹوپی عنایت فرمائی، جسے اس نے جنگ میں پہنا، اتفاق سے کسی سپاہی کا تیر اس ٹوپی کو آ کر لگا، پھل ٹیڑھا ہو گیا اور تیر گر پڑا۔

## سود خور کا چراغ

ایک رات حضرت امیر نے اہلِ مجلس پر بھرپور توجہ ڈالی' مگر انہوں نے کچھ اثر قبول نہ کیا، آپ متعجب ہوئے ،اچانک چراغ گل ہو گیا ،اسی وقت مجلس میں توجہ کے آثار ظاہر ہونے لگے، دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ یہ چراغ ایک سود خور لایا تھا، واضح ہو کہ حضرت امیر جذب

وکشش کی انتہائی قوت رکھتے تھے، جب بھی کسی پر توجہ ڈالتے، وہ بے خود ہو کر مردے کی طرح کھنچا چلا آتا تھا۔

## باادب جانور

منقول ہے کہ حضرت امیر کی سواری کے جانوروں میں سے ایک جانور آپ سے اس قدر متأثر تھا کہ وہ ان کی مجلس میں دوسرے طالبان حق کی طرح باادب ہو کر بیٹھتا تھا، جب اہل طلب امیر کی خدمت میں پہنچتے اور ان کے رخ انور کو دیکھ کر جوش ومستی میں بے قراری کا مظاہرہ کرتے، ان کے گرنے پڑنے سے اگر اس جانور کو کوئی چوٹ ضرب یا ڈھول دھپہ لگ جاتا تو وہ اپنے آپ میں ہی مست بیٹھا رہتا، انہیں کوئی نقصان نہ پہنچاتا، جانوروں کے اس قسم کے بے شمار قصے حضرت امیر سے روایت ہیں۔

## امیر کا طریقۂ تصوف

واضح رہے کہ حضرت امیر ابو العلی رحمہ اللہ تعالیٰ کا طریقۂ تصوف شریعت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اتباع اور طریق محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی کے علاوہ اور کچھ نہیں تھا، جادۂ طریقت پر انہوں نے کسی چیز کا بھی اضافہ نہیں کیا اور اس جادۂ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سرمو بھی انحراف نہیں فرماتے تھے، نہ قول میں اور نہ ہی فعل میں، ان کے ابتدائی صحبت یافت گان مثلاً ملا ولی محمد وغیرہ بھی اسی روش پر کاربند تھے۔ لیکن ان کے بعد ع

بدنام کنند مرد نکونامے

نیک نام کو بدنام کرنے والے لوگ آئے جنہوں نے خواہشات نفسانی کا اتباع کیا، فاسد عقیدے اور کھوٹے اعمال کو اختیار کیا اور اللہ کے اس فرمان:

وَمِن ذُرِّيَّتِهِمَا مُحۡسِنٌ وَظَالِمٌ لِّنَفۡسِهِ مُبِينٌ (113 الصفت)

اور ان کی اولاد میں کوئی اچھا کام کرنے والا اور کوئی اپنی جان پر صریح ظلم کرنے والا ہے۔

حالانکہ حضرت امیر کی دستار مقدس اس خس وخاشاک سے پاک تھی اوران کے طریقۂ عالیہ کا دامن اس گندگی سے آلودہ نہیں تھا، ملا لطف اللہ (جامعمقامات حضرت امیر رحمہ اللہ) نے اس بات کوزیادہ واضح طور پر بیان کیا ہے، وہ لکھتے ہیں:

حضرت امیر کی مجلس میں حاضرین پر ہمیشہ وجد طاری ہوتا تھا، یوں نہیں کہ کوئی ان کی محفل میں خلاف شرع کام کرے اور مزامیر وسرود کی آواز پر رقص کرے، آپ مزامیر کو بھی خواجہ بزرگ (خواجہ معین الدین رحمہ اللہ) کے فرمان کہ ''مانہ ایں کارمی کنیم نہ انکارمی کنیم'' (نہ ہم اس کام کو کرتے ہیں نہ منع کرتے ہیں) کے مطابق کبھی کبھار اتفاق سے سن لیا کرتے تھے۔

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ میں نے نورالعلی امیر ابوالعلی سے زیادہ حق گو کسی کو نہیں دیکھا، میں نے ان سے پوچھا کہ لوگ کہتے ہیں کہ میر ابوالعلی سماع کی طرف حد سے زیادہ راغب تھے؟ فرمانے لگے: مجھے یاد نہیں کہ سوائے چند تقریبات کے انہوں نے سماع میں حصہ لیا ہو، میں نے کہا: لوگ کہتے ہیں کہ امیر ابوالعلی جس شخص پر بھی نگاہ فرماتے تھے یا اسے پان چبا کر دیتے تھے، وہ بے ہوش ہو جایا کرتا تھا، فرمانے لگے، ان کا چبایا ہوا پان کئی بار استعمال کیا ہے، یہ کوئی کلیہ نہیں تھا، واضح ہو کہ حضرت والد ماجد نے میر ابوالعلی کی کافی صحبت اٹھائی اوران سے کلاہ وخرقہ بھی حاصل کیا تھا۔

## روزی کا کفیل

حضرت والد ماجد فرماتے تھے کہ خلیفہ ابوالقاسم کو بھی میر ابوالعلی کی صحبت نصیب ہوئی، لیکن حصول فیض کا رابطہ اور بیعت کا شرف ولی محمد سے تھا، ایک دن میر ابوالعلی نے حضرت خلیفہ سے فرمایا کہ تم ہم سے بیعت کیوں نہیں کرتے؟ خلیفہ نے عرض کیا کہ ولی محمد کی بارگاہ بھی آپ کی بارگاہ کی مظہر ہے، اس عاجز نے ان سے علمِ ظاہری حاصل کیا دورانِ تعلیم ان سے بیحد محبت کی تو رابطہ بیعت بھی ان کے ساتھ بہتر سمجھا، حضرت امیر نے یہ سن کر تبسم اور تحسین فرمائی۔

حضرت والد صاحب نے فرمایا کہ خلیفہ ابوالقاسم پر گوشہ نشینی غالب تھی، کسی سے تعلقات نہیں رکھتے تھے، نیز ان کا طریقہ کلی طور پر توکل اور ترک کاروبار تھا، اولیاء کی شان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بغیر کسی واسطے کے ان کی روزی کا کفیل ہوتا ہے سچ یہ ہے کہ یہ بات حضرت خلیفہ کے حق میں بالکل درست تھی، ظاہری سامان نہ رکھتے ہوئے بھی وہ ہمیشہ پر لطف زندگی گزارتے تھے۔

## نہ بچا بچا کے تو رکھ

ایک بار حضرت خلیفہ کے گھر میں گھی ختم ہوگیا اور کئی دن تک کہیں سے گھی میسر نہ آسکا، آپ حیران ہوئے اور بغیر گھی کے گزارہ کرتے رہے ایک دن کسی سبب سے مکان کی چھت پر تشریف لے گئے دیکھا کہ لنگر کے گھی کا ایک مٹکا کسی نے چھپا رکھا ہے، فرمایا: غیب سے روزی نہ ملنے کا سبب یہی تھا چنانچہ وہ گھی لنگر میں خرچ کیا اور اس کے بعد متواتر لنگر میں گھی آتا رہا۔

## برطرفی کے احکام

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ شہنشاہ عالم گیر کے زمانے میں بادشاہ کے حکم سے جب فتاوی عالمگیری تدوین وترتیب اور نظرِ ثانی کے مراحل سے گزر رہا تھا تو کچھ کام شیخ حامد کے سپرد بھی ہوا، جو مرزا محمد زاہد کے مدرسہ میں ہمارے شریکِ درس تھے، یہ علمی خدمت ملنے پر وہ میرے پاس آئے کہ تم بھی میرے ساتھ اس کام میں تعاون کرو، تمہارے نام اتنا روزینہ مقرر ہوجائے گا، میں نے قبول نہ کیا، والدہ ماجدہ نے یہ قصہ سن کر انتہائی ناگواری کا اظہار کیا اور مجھے اس کام پر آمادہ کرنے کے لئے بہت مبالغے سے کام لیا، مجبور ہو کر ایک مقررہ وظیفے پر میں اس کام میں مشغول ہوگیا، حضرت خلیفہ جب اس حقیقت پر مطلع ہوئے تو فرمایا کہ یہ ملازمت ترک کردو، میں نے عرض کیا کہ والدہ ماجدہ ناراض ہوتی ہیں تو فرمایا:

اذا جاء حق اللہ ذھب حق العباد★

جب اللہ کا حق آ گیا تو بندوں کا حق جاتا رہا۔

میں نے عرض کیا کہ دعا فرمایئے حق سبحانہ تعالیٰ بغیر کوشش کے یہ ملازمت مجھ سے چھڑا دے تاکہ والدہ کی ناراضگی سے بھی بچ جاؤں، آپ نے دعا فرمائی چنانچہ کچھ دنوں بعد بادشاہ نے تدوین فتاوی کے تمام ملازموں کی فہرست طلب کی اور از سر نو احکام صادر کئے، جب میرے نام پر پہونچا تو وظیفہ خواروں سے کاٹ کر لکھا کہ اگر چاہیں تو اتنی زرعی زمین ان کو دیجائے، اہلکاروں نے مجھ سے پوچھا، میں نے قبول نہ کیا اور اس نجات پر شکر بجالایا اور حمد وثنا کی۔

## برطرفی کا سبب

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک دن فتاوی عالمگیری کے مسودے پر نظرِ ثانی کے دوران ایک ایسی عبارت پر نظر پڑی جس میں صورت مسئلہ کو گڈ مڈ کر کے مشکل بنا دیا گیا تھا، میں نے ان کتابوں کو دیکھا جن سے یہ مسئلہ لیا گیا تھا، مطالعہ سے معلوم ہوا کہ یہ مسئلہ دو کتابوں میں مذکور ہے، اور دونوں کی عبارت مختلف ہے، مولف نے دونوں عبارتوں کو یکجا کر دیا ہے، اس وجہ سے صورت مسئلہ کچھ سے کچھ ہو کر رہ گئی ہے، میں نے اس مقام پر ایک نوٹ لکھ دیا:

من لم یتفقه فی الدین قد خلط فیه هذا غلط و صوابه کذا ★

جو دین کی سمجھ نہیں رکھتا اس نے یہاں گڑ بڑ کر دی اور صحیح یوں ہے۔

ان دنوں عالمگیر کو اس کتاب کی ترتیب و تدوین میں حد سے زیادہ دلچسپی تھی، ملا نظام روزانہ ایک دو صفحات بادشاہ کو سناتے تھے، جبملا میرے اختلافی نوٹ پر پہونچے تو اتفاقاً نوٹ کو متن کے ساتھ ملا کر ایک ہی سانس میں پڑھ دیا، بادشاہ چونک اٹھا، اور کہا یہ عبارت کیسی ہے؟ ملا نظام نے بہانہ کرتے ہوئے کہا، اس مقام کا میں نے مطالعہ نہیں کیا ہے، کل تفصیل سے عرض کروں گا، جب گھر لوٹے تو ملا حامد پر بگڑے کہ فتاوی کا یہ حصہ میں نے تمہارے اعتماد پر چھوڑا تھا، تم نے مجھے بادشاہ سے شرمندہ کیا ہے، فرمایئے یہ لفظ کیا ہے؟ حامد اس وقت کچھ نہ بولے بعد میں مجھ سے ملال کا اظہار کیا، میں نے وہ کتابیں جو مسئلے کا ماخذ تھیں پیش کر کے مسئلے کا الجھاوا

اور عبارت کی گڑبڑ کو ان پر اس انداز سے واضح کیا کہ سب کی آنکھیں کھل گئیں، اس دن کے بعد مفتیان کرام کا یہ گروہ مجھ سے حسد کرنے لگا، میری برطرفی کا اصل سبب یہ واقعہ بنا، زیادہ بہتر خدا جانتا ہے۔

## اختیاری نیند

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک دن حضرت خلیفہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ مکان کی تعمیر میں مشغول تھے، کاریگر کی کھڑی کی ہوئی دیوار میں خامی نکال رہے تھے، میں بھی اسی دوران پہونچا، مجھے دیکھ کر خوش ہوئے ، میں نے اپنے کپڑے کس لئے اور چاہا کہ گارا تیار کروں فرمانے لگے: اس سے پہلے بھی کبھی گارا تیار کیا ہے؟ میں نے عرض کی کہ نہیں، مگر اندازے سے ضرورت کی ہر چیز بنا سکتا ہوں، فرمانے لگے یہ کام اٹکل پچو نہیں ہوسکتا، تمہارے لئے دوسرا کام تجویز کیا ہے، ایک آدمی کو اشارہ کیا کہ چارپائی لاکر دیوار کے سایہ میں بچھا دو اور مجھے حکم دیا کہ تم دور سے آئے ہو ذرا آرام کرلو، میں تعمیل حکم میں لیٹ گیا مگر نیند کوسوں دور تھی، فرمانے لگے: درویشوں کی نیند تو اختیاری ہوتی ہے، یعنی غیر اللہ سے آنکھیں موند کر اللہ میں کھو جانا۔

اسی اثنا میں ایک دوسرا رفیق سید عبد الرسول نامی آیا، فرمانے لگے وقت پر پہونچے ہو، وہ کمر کس کر حکم کا انتظار کرنے لگا، فرمانے لگے میرا مطلب یہ ہے کہ اس چارپائی پر بیٹھ کر اس درویش کے پاؤں داب دیجئے کیونکہ یہ لمبا سفر طے کرکے آئے ہیں، بہر حال اس قسم کے الطاف کریمانہ فرماتے رہے اور ہر روز کرم و احسان میں اضافہ ہوتا رہا۔

## ہم سفر چوٹی

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ حضرت خلیفہ کو حج کا خیال آیا، بغیر سواری، بنا زادراہ اور اہل خانہ سے بنا رخصت لئے گھر سے نکل کر حجاز کی راہ لی، راستے میں بعض مخلص ان کے ہم سفر ہونے

لگے اگر کوئی غیر شادی شدہ ہوتا تو اسکو ساتھ لیتے اور عیالدار کو یہ کہہ کر دور کر دیتے کہ ہم نے طویل سفر کا قصد کر رکھا ہے، اسی طرح حجاز پہونچے اور کافی عرصہ وہاں رہے، بہت دنوں بعد وطن کو واپس لوٹے، سفر حجاز میں آپ سے بہت سی کرامات ظاہر ہوئیں، مثلاً ان میں سے ایک یہ ہے کہ رفقا میں مشہور تھا کہ جب آپ گھر سے نکلے تو صرف ایک چونی پاس تھی، پورے سفر میں کہیں بھی اسے خرچ کرنے کی ضرورت پیش نہیں آئی، یہاں تک کہ جب واپس لوٹے تو جیب میں وہی چونی موجود تھی، جب ان سے اس کے متعلق معلوم کیا گیا تو فرمایا کہ اب تک کسی نے بھی اس بارے میں سوالنہیں کیا، جب میں گھر سے نکلا تو ایک شخص نے یہ چونی بطور نیاز پیش کی، میں نے جیب میں رکھ لی، بعد میں کہیں بھی اس کی ضرورت پیش نہیں آئی، جب وہ کپڑے اتار کر میں نے نیا لباس پہنا تو ہم سفروں نے وہ چونی کپڑے میں باندھ کر محفوظ کر دی، اس کے بعد لباس بدلتا رہا اور وہ چونی باندھ کر محفوظ کی جاتی رہی، مجھے پورے سفر میں نہ اترے ہوئے لباس اور نہ اس چونی کی طرف کوئی التفات ہوا، جب گھر لوٹے تو وہ کپڑے اور چونی رفقائے سفر نے پیش کی اور یہ قصہ مشہور ہو گیا۔

## فقیر ہلاک ہو گیا

حضرت خلیفہ سفر حجاز میں عموماً اپنے رفقائے جہاز کو مقامات اور کرامات اولیاء سنایا کرتے تھے، چنانچہ ایک دفعہ اولیاء کے پانی پر چلنے اور دور دراز مقامات کو آناً فاناً طے کرنے کی بات چل پڑی، جہاز کے کپتان نے ان کرامات کا انکار کر دیا اور کہنے لگے کہ ایسے جھوٹ کے طومار بہت سے سننے میں آتے ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں ہوتی، یہ سن کر آپ کی غیرت ایمانی جاگ اٹھی اور سمندر میں چھلانگ لگادی، یہ دیکھ کر لوگوں نے کپتان کو ملامت کی، وہ خود بھی اس پر نادم ہوا کہ میرے جھگڑے کی وجہ سے فقیر ہلاک ہو گیا، رفقائے خلیفہ بھی حضرت کی جدائی کے خیال سے غمگین ہونے لگے، عین اسی وقت حضرت خلیفہ نے بلند آواز سے کہا رنجیدہ نہ ہوں، میں خیرو

عافیت سے پانی کی سطح پر سیر کر رہا ہوں، یہ سن کر تمام اہل جہاز اور کپتان نے آئندہ درویشوں سے گستاخی کرنے سے توبہ کی، اور نیازمندوں کے حلقہ میں شامل ہو گئے، ان کے رجوع و توبہ کے بعد حضرت خلیفہ صحیح و سالم جہاز پر چڑھ آئے۔

## قلندرانہ انتظام

حرمین شریفین میں ایک ایسا شخص مقیم تھا جسے اپنے آباء و اجداد سے حضرت غوث الاعظم رحمہ اللہ کی کلاہ مبارک ملی ہوئی تھی، جس کی برکت سے وہ شخص حرمین شریفین کے نواح میں عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا اور شہرت کی بلندیوں پر فائز تھا، ایک رات حضرت غوث الاعظم کو خواب میں دیکھا، فرما رہے ہیں: کہ یہ کلاہ ابوالقاسم اکبر آبادی کو پہونچا دو۔

یہ فرمان سن کر اس کے دل میں آیا کہ اس بزرگ کی تخصیص کا ضرور کوئی سبب ہے، چنانچہ امتحان کی نیت سے کلاہِ مبارک کے ساتھ ایک قیمتی جبہ بھی شامل کر لیا اور پوچھتے ہوئے حضرت خلیفہ کی خدمت میں جا پہنچا، اور ان سے کہا کہ یہ دونوں تبرک حضرت غوث الاعظم رحمہ اللہ کے ہیں اور انہوں نے مجھے خواب میں حکم دیا ہے کہ یہ تبرکات ابوالقاسم اکبر آبادی کو دیدو۔

یہ کہہ کر تبرکات ان سامنے رکھ دیئے خلیفہ ابوالقاسم نے تبرکات قبول فرما کر انتہائی مسرت کا اظہار کیا، اس شخص نے کہا، یہ تبرک بہت بڑے بزرگ کی طرف سے عطا ہوئے ہیں، لہٰذا اس کے شکریے میں ایک بڑی دعوت کا انتظام کر کے رؤسائے شہر کو مدعو کیا جائے، حضرت خلیفہ نے فرمایا: کل تشریف لانا ہم کافی سارا طعام تیار کرائیں گے، آپ جس جس کو چاہیں دیجیے، دوسرے دن وہ درویش صبح صبح شہر کے دوسرے رئیسوں کے ساتھ آئے، دعوت تناول فرمائی اور فاتحہ پڑھی، فارغ ہونے کے بعد لوگوں نے معلوم کیا کہ آپ تو متوکل علی اللہ ہیں، ظاہری سامان بھی کچھ نہیں رکھتے پھر یہ اتنا سارا انتظام کیونکر فرمایا؟ کہنے لگے: اس قیمتی جبہ کو بیچ کر ضروری اشیا خریدی ہیں، یہ سن کر وہ شخص چیخ اٹھا کہ میں نے تو اس فقیر کو اہل اللہ سمجھا تھا مگر یہ تو

مکار ثابت ہوا، ایسے تبرکات کی اس نے قدر نہ کی، آپ نے فرمایا، چپ رہو، جو تبرک تھا وہ ہم نے محفوظ کرلیا، اور سامانِ امتحان کو بیچ کر دعوت شکرانہ کا انتظام کر دیا، یہ سن کر وہ شخص متنبہ ہو گیا ، اوراس نے تمام اہل مجلس پر ساری حقیقت کھول دی، سب نے کہا کہ الحمد للہ، تبرک اپنے مستحق تک پہنچ گیا۔

## اللہ ساتھ ہے

حاجی نور محمد جو حضرت سید عبداللہ اور خلیفہ ابوالقاسم دونوں کے صحبت یافتہ اور ہمارے پرانے دوست ہیں، بیان کرتے ہیں کہ حضرت خلیفہ مکہ معظّمہ میں سخت قحط کے دوران مقیم تھے، کسی کو کھانے کے لئے کچھ میسر نہ تھا، ہم بارہا حضرت خلیفہ کی خدمت میں گئے تو انہیں بریانی وغیرہ لذیذ کھانے کھاتے پایا، ہمیں بھی عنایت فرماتے، ہم لوگوں کو حیرت ہوتی تھی، ایک دن ہم نے پوچھ ہی لیا، مسکرا کر فرمانے لگے کہ جو اللہ اکبر آباد میں تھا، وہ یہاں بھی ہمارے ساتھ ہے۔

## بے ادب

والد واجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک روز ہم حضرت خلیفہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، دیکھا کہ آپ نہانے کی تیاری کر کے گھر سے باہر آئے ہوئے ہیں، مجھے دیکھ کر واپس گھر میں گئے اور چمچہ، پیالہ، گلاب اور بتاشے لا کر میرے سامنے رکھ دئے، اور فرمایا کہ جی چاہے تو بتاشے کھا لیجئے، ورنہ گلاب میں ڈال کر شربت پی لیجئے۔

ان کے مریدوں میں سے ایک درویش نے جلدی سے کہا کہ موسم سرد ہے اس لئے بتاشے ہی مناسب رہیں گے، آپ خاموش رہے، پھر مجھ سے پوچھا کہ آپ کو کیا پسند ہے؟ میں نے عرض کیا کہ شربت، فرمایا: کیوں؟ میں نے عرض کیا: مختصراً یہ کہ اگر بتاشوں پر اکتفا کرلوں تو آپ جو چمچہ، گلاب، اور پیالہ لائے ہیں یہ چیزیں بے کار جائیں گی، جبکہ بزرگوں کا کوئی کام حکمت

سے خالی نہیں ہوتا، اور تفصیلاً یہ کہ آپ نہانے جارہے ہیں لہٰذا شربت سے تسکین حاصل ہوگی، ادھر فقیر بھی لمبا سفر طے کر کے آیا ہے اور خفقان کا مریض ہے، اور شربت خفقان کے لئے مفید ہوتا ہے، یہ سن کر آپ اس درویش کی جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا، تم سے تو ہم نے نہ پوچھا تھا تم نے کیوں جواب دیا؟ بے ادب! تم ہماری مجلس کے لائق نہیں ہو، جاؤ نکلو!

میں نے عرض کیا کہ یہ درویش مجھے بددعا دیگا، کیونکہ میری ہی وجہ سے وہ آپ کی مجلس سے محروم ہو رہا ہے، اس مرتبہ درگذر فرمایئے، اگر دوبارہ کوتاہی کرے تو آپ کو اختیار ہے، آپ نے اسے معاف کر دیا، آپ اس طرح لوگوں کو ادب سکھاتے تھے۔

## شملہ کا مطلب

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ حضرت خلیفہ نے جب ارادہ کیا کہ مجھے ارشاد و ہدایت میں اجازت بخشیں تو اپنے ایک انتہائی مخلص کو حکم دیا کہ کھانا تیار کراؤ، لوگوں کو دعوت پر بلایا اور فقیر کو بھی طلب کر کے دستار بندھائی، اور دُم کی مانند شملہ بھی چھوڑ دیا، میں نے عرض کیا کہ میں اس عظیم کام کا اہل نہیں ہوں اور حقوق کی ادائیگی نہیں کر سکتا، فرمانے لگے: تمہیں دوسری جگہ سے بھی اجازت حاصل ہے، سید عبداللہ کے ساتھ تمہارا معاملہ کیسا تھا؟

میں نے عرض کیا کہ حضرت نے تمام خادمانہ حقوق مجھے معاف کر رکھے تھے۔

فرمایا: ہم نے بھی تمام ظاہری و باطنی حقوق معاف کر دیئے ہیں، پھر فرمایا: عذبہ (شملہ) علاقہ اور تعلق کو کہتے ہیں، اس کو پس پشت ڈالنے کا مطلب یہ ہے کہ تمام تعلقات کو چھوڑ دیا گیا ہے۔

## فقیری میں ہے آرام بہت

حضرت والد نے فرمایا: کہ حضرت خلیفہ ابوالقاسم کہا کرتے تھے کہ لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کہ اپنے آرام کے لئے بھی فقیری اختیار نہیں کرتے! یعنی فقیری میں خطرات اور وسوسے دور ہو جاتے

ہیں جس کی وجہ سے طبیعت یکسو ہو جاتی ہے اور ظاہری پریشانیوں کے باوجود سکون و اطمینان حاصل رہتا ہے۔ (متن انفاس العارفین، صفحہ نمبر ۷۲ مطبع احمدی)

## وقت کی قدر

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک معمار حضرت خلیفہ کے مخلص مریدوں میں سے تھا، وہ اکثر یہ شعر پڑھا کرتا تھا:

کارِ عالم درازئ دارد    ہر چہ گیرد مختصر گیرد

دنیا کے کاروبار کی کوئی انتہا نہیں، جہاں تک ممکن ہو اسے مختصر رکھو۔

## نہ کر دستِ طلب دراز

فرمایا کہ حضرت خلیفہ کے مخلص مریدوں میں ایک درویش عبد الرسول نامی تھے، وہ اپنی صاحبزادی کے نکاح کے لئے پریشان ہوئے تو ارادہ کیا کہ بعض مالداروں سے مدد مانگیں، حضرت کے پاس آ کر کہنے لگے کہ میں دہلی جا رہا ہوں، حضرت نے رخصت کرتے ہوئے فرمایا کہ سب سے پہلے عبد الرحیم سے ملنا، اس کے بعد جہاں جی چاہے چلے جانا۔

چنانچہ وہ سب سے پہلے میرے پاس آئے، میں نے ملتے ہی کہا کہ حضرت خلیفہ کا اصل مقصد آپ کو دولت مندوں کے دروازوں سے باز رکھنا تھا، مگر جب آپ کو پریشان دیکھا تو نہ چاہا کہ خود منع کریں، یہ سنتے ہی سید صاحب اصل حقیقت کو جان گئے اور اپنا ارادہ ترک کر دیا، جب حضرت خلیفہ تک یہ بات پہنچی تو فرمایا کہ واقعی میری غرض یہی تھی۔

## تبرکات

حضرت والد ماجد نے فرمایا کہ حضرت خلیفہؒ مجھ سے فرماتے کہ شہر کے درویشوں کی زیارت کیا کرو، لیکن میں ٹال مٹول کرتا تھا، کیونکہ حضرت خلیفہؒ کے علاوہ مجھے کسی سے بھی رغبت نہ

تھی، ایک روز بڑی تاکید کے ساتھ حکم فرمایا، پھر میرے اندر جھجک دیکھی تو ایک خادم سے فرمایا کہ ان کو شیخ عظمت اللہ کی خدمت میں لے جاؤ! انہیں میرا سلام کہنا اور عرض کرنا کہ ایک درویش کو آپ کی ملاقات کے لئے بھیج رہا ہوں، شیخ عظمت اللہ مشائخ چشتیہ میں سے تھے، ہم ان کے محلے میں تو پہنچ گئے لیکن خادم ان کا مکان بھول گیا، وہاں کچھ بچے کھیل رہے تھے، میری نگاہ ایک بچے پر پڑی تو میں نے فوراً کہا کہ یہ بچہ بزرگ زادہ معلوم ہوتا ہے، اس سے پوچھ لیجئے، پوچھنے سے معلوم ہوا کہ وہ شیخ کا ہی لڑکا ہے، چنانچہ وہ ہمیں گھر لے گیا اور حضرت خلیفہ کا پیغام جناب سید تک پہنچایا۔ انہوں نے کہلا بھیجا کہ میں بسترِ علالت پر پڑا ہوں چلنے پھرنے کی طاقت نہیں رکھتا اور خاندان کی سب عورتیں گھر میں جمع ہیں پردہ بھی نہیں ہوسکتا، اس لئے مجھے معاف رکھئے، پھر یکا یک دوسرے آدمی کو بھیجا کہ حضرت خلیفہ کے درویشوں کو بٹھائیے، اور خادموں سے چارپائی اٹھوا کر دروازے میں رکھوائی، اور فرمایا کہ میں معذور تھا مگر پھر خیال آیا کہ حضرت خلیفہ کا بھیجنا حکمت سے خالی نہ ہوگا۔

پھر مجھ سے میرے متعلق دریافت کرنے لگے، اور جانچ پڑتال کرتے رہے، میں نے اپنے جد بزرگوار شیخ عبدالعزیز شکر بار کی نسبت کو چھپائے رکھا، کیونکہ مجھے معلوم تھا کہ سید صاحب کا سلسلہ حضرت شیخ تک پہنچتا ہے، اس اعتبار سے ایسی تکلیف کے وقت میں بھی وہ تواضع اور خدمت سے باز نہ آئیں گے، جو ان کے لئے تکلیف کا باعث ہوگی، مگر انہوں نے اپنی فراست سے پہچان لیا، اور ایک علمی اشکال میرے سامنے پیش کر کے جواب کے طالب ہوئے۔

میں نے عرض کیا کہ میں فائدہ حاصل کرنے آیا ہوں نہ کہ فائدہ پہنچانے، فرمانے لگے کہ ہم یہ سوال پیش کرنے پر مامور ہیں، میں نے بروقت جیسا ظاہر و منکشف ہوا بیان کر دیا۔

جواب سن کر ان کے چہرے پر تازگی اور مسرت پھیل گئی، اپنے آپ کو چارپائی سے گرا دیا اور فرمانے لگے کہ نادانی میں مجھ سے کوتاہی سرزد ہوگئی، پھر فرمایا کہ شیخ عبدالعزیز شکر بارؒ نے

میرے دادا صاحب کو وصیت فرمائی تھی کہ اگر میری اولاد میں سے کوئی آپ کے پاس آئے اور اس علمی اشکال کا جواب اس طرح سے پیش کرے تو میری امانت اس تک پہنچا دینا۔

وہ امانت حضرت شیخ کے بعض تبرکات اور اجازتِ طریقہ پر مشتمل ہے، میرے دادا زندگی بھر تلاش کرتے رہے، وہ میرے والد کو وصیت فرما گئے، والد محترم بھی جستجو کرتے رہے مگر نہ پا سکے تو نوبت مجھ تک پہنچی، میں بھی عمر بھر ڈھونڈتا رہا، اب دمِ آخر ہے، اس لیاقت کا کوئی فرزند بھی نہیں کہ اس امانت کو سنبھالے، مگر اللہ کا شکر ہے کہ امانت کا مالک حسن تقدیر سے خود آ گیا ہے، یہ کہہ کر عمامہ میرے سر پر باندھا، اجازتِ طریقت عنایت فرمائی، کافی مقدار میں شیرینی اور کچھ نقد نذرانہ بھی پیش فرمایا۔

واپس آیا تو حضرت خلیفہ خوش دلی سے ملے اور فرمایا کہ کامل اور بھرپور ہو کر آئے ہو، میں نے وہ سب خدمت میں پیش کر دیا، فرمانے لگے: نقد ظاہری خوشحالی کی جانب اشارہ ہے، اور عمامہ سکونِ قلب اور اجازت کی جانب، ان دونوں چیزوں میں کوئی کسی کا حصہ دار نہیں ہو سکتا۔

بعد میں آپ نے تھوڑی سی شیرینی قبول فرمالی، حضرت والد ماجد نے فرمایا کہ اس قصہ سے کئی کرامات کا اظہار ہوتا ہے، خاص طور پر حضرت شیخ عبدالعزیز اور حضرت خلیفہ رحمہم اللہ کی کرامات ظاہر ہوتی ہیں۔

راقم الحروف کہتا ہے کہ مفتاح العارفین جو میر محمد نعمان نقشبندیؒ کے اخلاف کی تصانیف میں سے ہے، اس کے مطابق شاہ عظمت اللہ بدرالدینؒ ابن سید جلال قادری متوکل اکبر آبادی کے فرزند حسینی سادات میں سے تھے، ان کی جائے پیدائش و رہائش اکبر آباد تھی، مدفون بھی یہیں ہوئے، نایاب شخصیت، فقراء اور امراء سب سے الگ تھلگ رہتے، سلسلۂ قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ اور عطاریہ میں لوگوں سے بیعت لیتے تھے، بہتر برس کی عمر پائی، اور ۴ ربیع الاول ۱۰۸۴ھ کو انتقال فرمایا، اور اپنے محلے میں ہی مدفون ہوئے۔ رحمۃ اللہ علیہ رحمۃً واسعۃً *

# فقراء اور مجذوبوں کے ساتھ حضرت والد ماجد کی ملاقاتیں

## میاں شیخی کی روٹی

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے میں نے خواجہ بیرنگ کے ایک خلیفہ کو دیکھا، بوڑھا ہونے کے باوجود چہرے پر کمال کی تازگی اور نورانیت تھی، شیخی کے نام سے مشہور تھے، عرس منایا کرتے تھے، میں بھی بچپن میں کئی باران کے عرس میں شریک ہوا۔

راقم الحروف (شاہ صاحبؒ) کہتا ہے کہ اس جلیل القدر مردِ بزرگ کا نام شیخ نعمت اللہ تھا، شیخ الاسلام خواجہ عبداللہ انصاری کی اولاد میں سے تھے، مگر شیخی کے نام سے مشہور تھے، جب شیخ نعمت اللہ خواجہ بیرنگ کی خدمت میں گئے تو انہوں نے ان پر بے حد لطف وکرم فرمایا، حضرت شیخیؒ نے ۱۰۶۷ھ میں رحلت فرمائی۔

خواجہ شیخی کے تذکرہ کے بعد حضرت والد ماجد نے لطیفہ کے انداز میں حکایت بیان فرمائی، کہ حضرت شیخیؒ ولایتی شخص تھے، بڑی سی پگڑی سر پر رکھا کرتے، اور خوب کشادہ جبہ پہنتے تھے، عرس میں تبرک کے طور پر بہت چھوٹی چھوٹی روٹی تقسیم کیا کرتے، اس پر ایک ہنس مکھ نے مزاحاً کہا: میاں شیخی! جبۂ شما ہزار میخی، دستار شما آں ونانِ شما ایں۔ (میاں شیخی، تمہارا جبہ ہزار میخی، پگڑی ایسی تگڑی، اور روٹی اتنی چھوٹی!)

## مجذوبوں کے نام

حضرت والد ماجد نے فرمایا کہ ایک رات میں اکبرآباد میں سرِ راہ جا رہا تھا کہ مجذوب جیسے ایک درویش سامنے آ گئے، اور زمانے بھر کے مجذوبوں کے نام گنانے لگے کہ شام میں فلاں مجذوب ہے، روم میں فلاں، میرے دل میں آیا کہ کاش ہندوستانی مجذوبوں کا نام بھی لیتے،

میرے دل میں یہ خیال گذرا ہی تھا کہ فوراً ہندوستان کے مجذوبوں کے نام گنانے لگے، کہنے لگے کہ فلاں مجذوب بہت ہی خوب ہے (راقم الحروف کا خیال ہے کہ یہ رائے بھیکا مجذوب کے متعلق تھی) اور فلاں نیم مجذوب ہے، (راقم کا خیال ہے کہ یہ پیرا مجذوب کے متعلق کہا) اسی دوران میرے دل میں خیال آیا کہ کاش ہندوستان کے سالکوں کے بارے میں بھی کچھ بیان کرتے، اس خیال پر فوراً مطلع ہوکر کہنے لگے کہ اکبرآباد میں خلیفہ ابوالقاسم کا ثانی کوئی نہیں، پھر میری طرف متوجہ ہوکر کہا: تم کیوں کھڑے ہو؟ چلے جاؤ! اور میں وہاں سے چل پڑا۔

## وہ جس حال میں رکھے

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ میں کسی تقریب کے سلسلے میں سونی پت گیا تو دل میں خیال آیا کہ منوا مجذوب کی زیارت بھی کرلوں، ان کے ٹھکانے پر گیا تو وہ سوئے ہوئے تھے، میری آہٹ پا کر گدڑی لپیٹ لی، ستر ڈھانپا اور سیدھے ہوکر بیٹھ گئے، کچھ دیر تک میں یونہی بیٹھا رہا، وہ بھی خاموش رہے، بالآخر میں نے ہی بات شروع کی اور کہا کہ میں آپ سے کچھ پوچھنا چاہتا ہوں، اگر سنجیدگی سے جواب دیں تو پوچھ لوں ورنہ رہنے دوں؟

فرمایا: حتی الامکان احتیاط برتوں گا۔

میں نے کہا: کہ آخر سلوک کی منزل میں آپ کو وہ کونسا مقام حاصل ہوا ہے کہ عقل وشعور سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے ہیں؟ کچھ دیر سوچتے رہے پھر کہنے لگے: اگر کوئی شخص گرمی سے شرابور ہوکر آئے، اور اچانک ٹھنڈی ہوا چلنے سے اسے راحت نصیب ہوجائے تو تم اس راحت کو کن الفاظ سے تعبیر کروگے؟ میں نے کہا کہ یہ اور اس سے بھی بہتر بہت کچھ کتنے ہی سالکوں کو حاصل ہوتا ہے، مگر ان کی عقل برقرار رہتی ہے۔

کہنے لگے: یہ فضل اور عطائے الٰہی ہے، جس کو جس حال میں چاہے رکھے۔

## الگ دنیا کے باشندے

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک دفعہ میرے والد کسی لمبے سفر سے آئے، ارادہ یہ تھا کہ باہر سے ہی کسی دوسرے سفر پر روانہ ہو جائیں گے، مجھے طلب فرمایا، میں زیارت کو چل پڑا، راستے میں میرا گذر ایک بارونق باغ سے ہوا، میں اس میں سیر وتفریح کرنے لگا، اس میں ایک درخت کی شاخیں زمین سے لگی ہوئی تھیں، ان شاخوں کے اندر ایک مجذوب بیٹھا ہوا تھا، مجھے دیکھتے ہی آواز دی کہ دوست ادھر آؤ، کچھ دیر ہمارے ساتھ بھی بیٹھو! میں جا کر قریب بیٹھ گیا، یہ مجذوب بظاہر مولانا قاضی کے سلسلے سے نسبت رکھتا تھا، اس نے اپنے مجاہدات اور سلوک کی باتیں شروع کر دیں، کہشروع میں میں ایک پہر سے بھی زیادہ حبس دم کیا کرتا تھا، پھر کہنے لگا کہ تمہارے ساتھ فلاں کھانا ہے اس میں سے تھوڑا سا میرے لئے منگواؤ!

میں نے کھانا منگوا دیا، انہوں نے کھا لیا، پھر کہنے لگے: تمہاری جیب میں اتنے پیسے ہیں مجھے ان میں سے ایک سکے کی ضرورت ہے تا کہ میں حجامت بنوا سکوں، میں نے پیسے ان کے سامنے رکھے اور چل پڑا۔

## صحبت سے پاک ہو گئے

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ مارواڑ کی طرف ایک مجذوب رہتے تھے، جو مسجد میں کبھی نہیں آتے تھے، کہتے تھے کہ ہم پلید ہیں، ہمیں مسجدوں میں آنا مناسب نہیں، وہ زمین داروں کا کھانا بھی نہیں کھاتا تھا، اور اس سلسلے میں ہندی میں کچھ کہا کرتا تھا، جس کا مطلب یہ تھا کہ اس کھانے میں روحانی قبض اور گھٹن ہے، جب میں اس طرف گیا تو مجھے دیکھتے ہی وہ مسجد میں چلے گئے، اور میرے ساتھ کھانا بھی تناول فرمایا، لوگوں نے معلوم کیا کہ ایسا کیوں؟ کہنے لگے: اس بزرگ کی وجہ سے میں پاک ہو گیا اور تمہارے کھانے سے قبض و گھٹن بھی جاتی رہی۔

## حسین رات

فرمایا کرتے تھے کہ شرح جامی کی بحثِ عطف میں ایک ایسی مشکل عبارت سامنے آئی جسے فضلاء اور ذہین وخوش مزاج لوگ موضوع بنا کر دوسروں کو نیچا دکھانے کے لئے استعمال کیا کرتے تھے، میں نے ایک رات اس مقام کا مطالعہ کیا اور ایک اعتراض مرتب کر کے شیخ حامد کے سامنے پیش کیا، کہنے لگے کہ بالکل یہی اعتراض مجھے بھی سوجھا ہے، دوسری رات میں نے اس کا حل سوچا، اور شیخ حامد نے شرح جامی کا نسخہ منگوا کر دیکھا تو اس مقام پر یہ اعتراض لکھا ہوا تھا اور آخر میں فتأمل لکھا تھا کہنے لگے کہ عبارت میں غور وفکر سے یہی حل نکل سکتا ہے، تیسری رات میں نے اس حل کو پھر کمزور کر دیا اور اعتراض کی تائید کی۔

بہر حال اسی بحث ومباحثہ میں آدھی رات تک مسجد جٹو میں بیٹھا مطالعہ کرتا رہتا تھا، ایک رات میں تنہا مطالعہ میں مصروف تھا کہ ایک لمبا تڑنگا خوبصورت مجذوب آیا، فارسی میں بات کرتا تھا، میرے قریب آ بیٹھا اور ہنس کر کہنے لگا، استاذ! دستار کا شملہ چھوڑنا مکروہ ہے یا حرام؟

میں ان دنوں شملہ نہیں رکھتا تھا، میں نے دستار کا کونہ نیچے سے کھینچ کر شملہ نکال دیا اور بولا: بعض روایات میں سنت ہے بعض میں مستحب۔

یہ حرکت دیکھ کر وہ بہت ہنسا، اور کہنے لگا کہ کیسی حسین رات ہے، کسی طالب علم کی گردن پر سوار ہو کر اسے اس مسجد میں اتنا دوڑانا چاہئے کہ بے ہوش ہو کر گر پڑے، مجھے اندیشہ ہوا کہ کہیں مجھ پر ہی نہ جھپٹ پڑے، خنجر میرے پاس تھا، اسے مضبوط پکڑ کر میں نے کہا: واقعی آج رات کتنی اچھی ہے! کسی درویش کو ذبح کر کے اس کا گوشت پوست کھانا چاہئے!

بہت ہنسا اور کہنے لگا: اے استاذ یہ کس کتاب میں پڑھا ہے کہ درویشوں کو ذبح کرنا اور ان کا کھانا حلال ہے؟ میں نے کہا: اور تم نے کس کتاب میں پڑھا ہے کہ طالب علموں پر سوار ہو کر ان کو بے ہوش کرنا مباح ہے؟ کہنے لگا: ان الفاظ سے میں مجازی (بناوٹی) معنی مراد لے رہا تھا

یعنی طالب علم کو اپنے تصرف میں لیکر دنیا کے سرد گرم سے نجات دلانی چاہئے، میں نے کہا: میں بھی مجازی معنوں میں کہہ رہا تھا، یعنی درویش کے پاک دل کو پوری طرح اپنی طرف متوجہ کرکے اس سے کمالات حاصل کرنے چاہئیں، کہنے لگا: مجاز کو حقیقی معنوں سے کچھ تعلق ہونا چاہئے، میرے مجاز کا تعلق ظاہر ہے، تمہارے مجاز کا حقیقت سے کیا تعلق ہے؟

میں نے کہا: منقول ہے کہ حضرت امام ابوحنیفہؒ نے خواب دیکھا کہ حضرت خاتم الانبیاء کی ہڈیاں قبر مبارک سے نکال کر چھانٹ رہے ہیں، اس خواب کی ہیبت سے آپ بیدار ہو گئے، اور مشہور معبر ابن سیرینؒ کے شاگردوں میں سے ایک کے سامنے یہ خواب بیان کیا، انہوں نے کہا: مبارک اور بشارت ہو کہ تم سنت نبویؐ کو بخوبی پہچانو گے اور غلط کو صحیح سے جدا کردو گے، یہ تعبیر میرے مجاز پر گواہ ہے۔

کہنے لگا، اگر ان تین راتوں میں تم ذکر اللہ کرتے تو آخرت کے فوائد حاصل ہوتے، اگر آرام کرتے تو تن بدن کو راحت نصیب ہوتی، مردوں کے جھگڑوں سے تمہیں کیا حاصل؟

میں نے عرض کیا: سچ کہتے ہو، مگر کیا کروں ایسی علمی تحقیقات سے اس قدر الفت پیدا ہو چکی ہے کہ اسے چھوڑنا ممکن نہیں۔

کہنے لگا: خوش ہو جاؤ، بے مطلب کاموں کے چھٹ جانے کا زمانہ قریب آ گیا ہے۔

پھر فرمایا ایک شعر لکھ لو! میں نے عرض کیا: قلم دوات ساتھ نہیں ہے۔

فرمایا: حافظے پر نقش کرلو!

کارے نساختیم ودمیدن گرفت صبح　　　　اوجِ چراغ خانہ بافسانہ سوختیم

کچھ کام کر نہ سکے اور صبح ہوگئی، چراغ کی بتی افسانہ گوئی کی نذر ہوگئی۔

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ اس واقعہ کے بعد مطالعہ کی طرف سے دل بجھ گیا، اور پھر کبھی طالب علموں کی طرح مطالعہ کا اتفاق نہیں ہوسکا۔

## صوفیاء کا لباس

پھر ایک دفعہ میں چلا جا رہا تھا کہ ایک مجذوبہ سامنے آ گئی، چیتھڑوں سے بنی ایک گدڑی اس نے اوڑھ رکھی تھی جو چراغ کی بتی کے تیل سے تر تھی، میرا راستہ روک لیا اور بلند آواز سے کہنے لگی "یہ شخص سلسلۂ نقشبندیہ کا علم بردار ہے جسے خواہش ہوا سے دیکھ لے"

میں نے کہا: مجھے زیادہ رسوا مت کرو! چنانچہ یہ سن کر وہ چلی گئی۔

راقم الحروف کا گمان ہے کہ والد صاحب نے اس روز یہ بھی فرمایا کہ مجھے الہام ہوا ہے کہ آج تجھے جو بھی دیکھے گا بخشا جائے گا، اسی لئے میں بازار چلا گیا۔

فرمایا کرتے تھے کہ ایک دن میرے دل میں آیا کہ صوفیاء کے لباس میں قید رہنا تکلف سے خالی نہیں، تو میں نے یہ لباس اتار دیا، سپاہیوں والا عمامہ باندھکر کمر سے تلوار لٹکائی، گھوڑے پر سوار ہو کر چل پڑا، ایک مجذوب سامنے آیا اور کہنے لگا: کیا کوئی شخص چاند کو پیالے سے ڈھانپ سکتا ہے؟ تجھے قسم ہے معبودِ ذوالجلال کی! یہ وردی اتار اور صوفیاء کا لباس پہن! اسکے بعد میں نے صوفیاء کا لباس خود پر لازم کرلیا۔

### شاہ ازرانیؒ

حضرت والد ماجد فرماتے تھے کہ شاہ ارزانیؒ ایک مجذوب بزرگ تھے، جو عام طور پر حاکموں کی سج دھج میں رہتے تھے، میری دعوت قبول کرنے میں خاص دلچسپی رکھتے تھے، کبھی کبھی ایسی شاندار پوشاک پہن کر باہر نکلتے جو بادشاہوں کے علاوہ کسی کو میسر نہیں آسکتی، پھر تھوڑی ہی دیر میں لباس اتار کر ننگے ہو جاتے، ایک روز ہم مسجد جٹو میں بیٹھے ہوئے تھے، میں اٹھ کر کسی کام چلا گیا، اور گھر والوں کو مجذوب کی مہمان نوازی کے متعلق بھی کہنا بھول گیا، پندرہ دن بعد میں واپس آیا تو ان کو وہیں موجود پایا، اس عرصہ میں انہیں ایک یا دو بار سے زیادہ کھانا نہیں مل سکا، مگر اس کے باوجود ان کے بدن پر کمزوری وغیرہ کا کوئی اثر نہ تھا۔

برادرِ محترم ابوالرضا محمد کے حالات شروع میں بہت تنگ تھے، انہوں نے اس سلسلے میں انہیں مجذوب بزرگ سے رجوع کیا، مجذوب نے اکتالیس بار سورۂ مزمل پڑھنے کو کہا، اللہ تعالیٰ نے انہیں خوش حالی عطا فرمادی۔

ایک مرتبہ کسی دوست کے بارے میں ان سے سفارش کی کہ تنگ دست اور کنبہ دار ہے، اس پر توجہ فرمایئے، انہیں ایک دعا پڑھنے کو کہا، جھوٹ اور جاندار کے قتل سے مکمل پرہیز کی ہدایت کی ،لیکن اس نے اس دوران ایک جوں ماردی، اسی طرح ایک لڑکے کو کچھ دینے کا وعدہ کر کے بلایا اور پھر اسے کچھ بھی نہ دیا، مجذوب کو جب معلوم ہوا تو انہوں نے اس سے کہا کہ اب تم کو دعا پڑھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، تمہیں کچھ فائدہ نہ ہوگا۔

مگر اس نے چلہ پورا کیا اور آہ وزاری کے ساتھ مجذوب کی خدمت میں حاضر ہوا، مجذوب نے ایک کورا برتن طلب کیا، اس میں نقش لکھا اور پارا ڈال کر اسے آگ پر رکھ دیا، اس میں سے تھوڑا سا جوڑا بنا باقی ایسے ہی رہ گیا، اس کے بعد مجذوب نے فرمایا کہ یہ شخص اس قابل ہے ہی نہیں، ورنہ شرط کے بغیر ہی مقصود حاصل ہو گیا ہوتا۔

## کوئی خریدار نہیں

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ شیخ لعل کے پاس عجیب قسم کی دعائیں تھیں، ایک دن مجھ سے کہا: سماع کا شوق ہے؟ میں نے کہا: ہاں رکھتا ہوں۔

وہ ایک کنویں کے کنارے کھڑے ہو گئے، سنگریزوں پر کچھ لکھا اور ان کو وہیں ڈال دیا، عجیب وغریب سازوں کی آوازیں آنے لگیں، کبھی دعا پڑھتے تو کنویں سے بھڑ نکل آتے، یہ ان کو لاٹھی سے مارتے وہ بھڑیں خالص سونا بن کر گرتیں۔

ایک دن میرے پاس آئے اور کہنے لگے کہ زندگی کے آخری لمحات ہیں مجھ سے یہ اعمال لے لو! میں نے کہا کہ مجھے کچھ ضرورت نہیں، کہنے لگے: اگر تم نہیں لیتے تو دریا میں ڈالتا ہوں، کیونکہ

دوسرا کوئی اہل نظر نہیں آتا، میں نے کہا: ڈال دیجئے، چنانچہ اعمال و اوراد کی وہ تمام کتابیں انہوں نے دریا میں ڈال دیں۔

## جوتی کی شان

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے شہر میں ایک صالح مرد رہتے تھے، لوگوں سے لا تعلق رہ کر گذارا کرتے تھے، سعد اللہ خان کے بعض خواجہ سرا ان سے پڑھنے آتے اور ان کی خدمت کرتے، سعد اللہ خان نے ان کو اپنے پاس بلانے کی بہت کوشش کی مگر وہ ہرگز نہ گئے۔ اتفاق سے میں ایک دن ان کے پاس گیا، میں ان دنوں کافیہ پڑھتا تھا، ایک خواجہ سرا نے مجھ سے منادیٰ کی بحث کا ایک سوال کیا، میرے ذہن میں اس کا جواب فوراً نہ آسکا جس کی وجہ سے میں غمگین ہو گیا، وہ صالح بزرگ میری پریشانی دیکھ کر اس خواجہ سرا پر ناراض ہوئے اور کہا: اس بچہ کو نہیں جانتے کہ کون ہے؟ ایک وقت آئے گا کہ اس کی جوتی تیرے آقا کے سر تک پہنچنے کو اپنی کسرِ شان سمجھے گی۔

## تنور کے قابل

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ حاجی شاہ محمد ایک عمر رسیدہ اور سیاح بزرگ تھے، بہت سے بزرگوں سے مل چکے تھے، مزاج میں بہت گرمی تھی، میں مرض الموت میں ان کی عیادت کو گیا، میں نے کہا: آپ کا وجود مسعود تو غنیمت ہے۔

فرمانے لگے: یہ وجود تو تنور میں ڈالنے کے لائق ہے۔

میں نے کہا: ہمارا اعتقاد تو یہ ہے کہ جو وجود تنور میں ڈالنے کے قابل ہو اسے تنور میں ہی ڈالا جاتا ہے، جبکہ آپ کا وجود تو اللہ کی نعمت ہے جو اس نے آپ کو عنایت کی ہے، یہ سن کر خاموش ہو گئے۔

## غمزے

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ میں نے شرح مواقف اور کلام واصول کی دوسری کتابیں مرزا زاہد کوتوال سے پڑھیں، ان کی توجہ مجھ پر اتنی زیادہ تھی کہ اگر میں کبھی کہتا کہ آج میں نے مطالعہ نہیں کیا تو فرماتے کہ ایک دو سطر پڑھ لیجئے تا کہ ناغہ نہ ہو۔

ایک دن بادشاہ نے ان کو بلوا بھیجا، یہ فوراً ادھر جانے لگے، چلے ہی تھے کہ میں پہنچ گیا، میں نے دروازے کے دونوں تختے مضبوطی سے تھام لئے اور کہنے لگا کہ جب تک فلاں کام پورا نہ کریں گے ہرگز جانے نہیں دونگا۔

فرمانے لگے: تم بیٹھو، میں واپس آ کر تمہاری بات اطمینان سے سنونگا، اس وقت دل پریشان ہے۔

میں نے کہا: جب تک کام نہیں پورا کریں گے دروازہ نہیں کھولونگا، جب یہ اصرار دیکھا تو رک گئے اور جب تک کام پورا نہیں کرلیا قدم باہر نہ نکالا، جن لوگوں نے یہ معاملہ دیکھا حیرت کی۔

## رشوت کے کباب

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ مرزا محمد زاہد نے ایک دن رمضان میں میری دعوت کی، میں ان کے گھر تھا کہ مغرب کے وقت ایک کباب فروش نے کبابوں کا خوانچہ ان کے سامنے لاکر رکھا کہ نیاز لایا ہوں، مرزا صاحب مسکرا کر بولے: اے عزیز! میں تمہارا استاذ ہوں نہ پیر، پھر یہ نیاز کیسی؟ البتہ کوئی ضرورت پیش آئی ہوگی سو بیان کرو! کہنے لگا: کوئی ضرورت نہیں ہے۔

مرزا صاحب نے اصرار کیا تو معلوم ہوا کہ اس کی دوکان راستے میں ہے مرزا صاحب کے کارکن اس کو وہاں سے اٹھا دینا چاہتے ہیں۔

مرزا صاحب نے کہا: کل کسی منصف کو بھیجونگا تا کہ بنا ظلم وزیادتی کے تمہاری حق رسی کردے، اور اسے جانے کا حکم دیا، کبابی کہنے لگا: یہ اتنے سارے کباب میں نے آپ کے

لئے تیار کئے تھے، اب تو وقت بھی کافی گذر گیا ہے، اس تنگ وقت میں یہ کباب بک نہیں سکیں گے، مرزا کے بچوں کا اتالیق وہاں موجود تھا مرزا نے اس سے کہا کہ ان کبابوں کی قیمت لگا کر میرے گھر سے لا دیجئے!

اتالیق نے اٹھنی لا کر دیدی، اس فقیر (شاہ عبدالرحیمؒ) نے مرزا کو آہستہ سے کہا کہ اس سارے معاملے میں آپ کا مقصد رشوت سے بچنا تھا وہ تو پورا نہیں ہو سکا، کیونکہ ان کبابوں کی قیمت زیادہ ہے مگر اپنی مجبوری کی وجہ سے کباب فروش اس کم قیمت پر راضی ہو گیا ہے۔

مرزا نے فوراً کباب فروش کو کہا: سچ بتا گوشت کتنے میں خریدا؟ مصالحہ جات کی قیمت کیا ہے اور تیری مزدوری کتنی بنتی ہے؟

الغرض جب حساب کیا تو ان کبابوں کی قیمت تین گنا بڑھ گئی، پوری قیمت اس کو ادا کر کے اتالیق کو طلب کیا اور اس پر بے حد بگڑے کہ کیا تم چاہتے ہو کہ ہم مالِ حرام سے روزہ افطار کریں! یہ کہاں کی عقل مندی اور کہاں کی دوستی ہے؟

## سوانح مرزا زاہد ہروی

واضح ہو کہ مرزا زاہد ہروی قاضی اسلم کے فرزند تھے، جو جہانگیر کے زمانے میں ہرات سے ہندوستان آئے اور بادشاہ نے انہیں قاضی القضاۃ بنا دیا، وہ ملا محمد فاضل کے شاگرد تھے، ملا محمد فاضل کا وطن بدخشاں تھا، نوجوانی میں سب سے پہلے کابل میں ملا صادق حلوائی کی شاگردی اختیار کی، پھر توران جا کر ملا مرزا جان شیرازی کی صحبت اختیار کی، جو زبردست عالم، مشہور علمی مشکلات کے حل کرنے والے اور معقولات کی گتھیاں سلجھانے میں ماہر تھے، نیز حکمت کا فن ملا مرزا جان شیرازی کے شاگرد اور اپنے وقت کے استاذ العلماء ملا یوسف سے حاصل کر کے لاہور میں آ کر قیام پذیر ہوئے، اور لاہور ہی میں علمِ تفسیر و اصول ملا جمال لاہوری سے حاصل کیا، جو عربی میں یگانۂ روزگار تھے۔

اس طرح مرزا محمد زاہد ہروی تیرہ سال کی عمر میں معقول ومنقول سے فارغ ہو گئے تھے، وہ سادگی وشرافت اور فہم رسا کے لحاظ سے اپنے زمانے میں بے نظیر مانے جاتے تھے، ان کی تصانیف میں سے شرح مواقف، شرح تہذیب، اور رسالہ تصور وتصدیق کے حواشی علماء وطلباء میں مشہور ومقبول ہیں، اس کے علاوہ مرزا کی تصانیف اور بھی ہیں، مثلاً'' حاشیہ شرح تجرید اور حاشیہ ہیاکل''، معلوم ہوتا ہے کہ حاشیہ شرح مواقف کی مسودہ نگاری کا کام مرزا نے اسی زمانے میں کیا جب والد گرامی ان سے یہ کتاب پڑھتے تھے اور اسکا مبیضہ (۱) کابل میں تیار ہوا کیونکہ احتساب کے عہدے سے استعفاد ینے کے بعد مرزا صاحب کابل میں جا کر گوشہ نشین ہو گئے تھے، مرزا زاہد نے صوفیاء سے بھی کافی فیض حاصل کیا تھا، انہوں نے مشائخ عظام کی صحبت میں رہ کر طریق تصوف میں کمال حاصل کیا، نہ کہ تصوف کی کتابوں سے۔

دو تین نکتے تو فقیر کے دل میں پیوست ہو کر رہ گئے مثلاً وحدت الوجود کی بحث میں لکھتے ہیں:

## علمِ اجمالی و تفصیلی

درست یہ ہیکہ لفظ وجود اپنے مصدر (پیدائش، ابتدائی معنی) کے لحاظ سے ایک ایسی حقیقت ہے جو بنا کسی خارجی امداد کے اپنے آپ ثابت ہے۔

اور اصطلاحی معنی کے اعتبار سے وجود ہر اس چیز کو کہا جائیگا جو خود بخود موجود ہو، جس کا وجود اپنی ذات کے لئے واجب اور ضروری ہو۔

اور یہ اس لئے کہ کسی چیز کے قابل اعتبار (جسے محسوس ومعلوم کیا جا سکے) اور اپنے آپ میں ثابت ہونے کے معنی یہ ہیں کہ اس وجود کا موصوف ایسا ہو کہ اس پر وجود کے سلب (چھیننے، ختم کرنے) کا اطلاق صحیح ہو سکے، اور کسی بھی شے کے وجود کو سلب کرنے کے سلسلہ میں تین باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے: اول یہ کہ وجود سے جس چیز کو سلب کیا جا رہا ہے کیا وہ ماہیت وجود (وجود کا مادہ) ہے؟

---

۱ مسودہ کی نقلیں۔

(یعنی کیا وہ چیز اس وجود کی جنس سے ہے؟) دوسرے یہ کہ کیا سلب کردہ چیز وجود کا مصدری معنی ہے؟ (یعنی کیا خود بخود ثابت ہونے کی صفت وحیثیت کو ہی ختم کر دیا گیا ہے؟)

تحقیق کرنے سے جب ان دونوں امور کا جواب نفی میں ملا تو تیسرا امر خود بخود ثابت ہو گیا کہ یہاں سلب کا مقصد و معنی ذات باری تعالیٰ کے موجود حقیقی ہونے کی شہادت وادراک ہے، کیونکہ وجود اپنی قوت وحیثیت میں قائم اور اپنی ذات کے لئے واجب ہے اور محض انضمام کی وجہ سے وجود کو کسی ماہیت (مادہ) پر منحصر نہیں کہا جا سکتا، ورنہ اس کا اپنے موصوف (مادہ) سے موخر ہونا لازم آتا ہے، (کیونکہ جس پر انحصار کیا جائے گا وہ مقدم ہوگا) جو ظاہری طور پر غلط ہے، اور نہ ہی وجود سے ماہیت (مادہ، جنس) کے الگ ہونے کی وجہ سے اسے ماہیت پر قائم کہا جا سکتا ہے، اگر ایسا کیا جائے تو وجودِ اصلی سے ماہیت کو جدا کرتے وقت دوسرا انتزاع لازم آ سکتا ہے اور اس طرح انتزاعات کا لامتناہی سلسلہ چل سکتا ہے۔

واجب الوجو کی بحث میں ایک نفیس نکتہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

جاننا چاہئے کہ ذات واجب الوجود تعالیٰ شانہ کے لیے علم اجمالی بھی ہے اور علم تفصیلی بھی۔

علم اجمالی: سنو علمِ اجمالی ہی علمِ تفصیلی کے لیے مبدا و ماخذ ہے اور وہی اس کی ذہنی وجسمانی صورت کا خالق ہے یہی علم حقیقی ہے اور یہی صفتِ کمال اور عینِ ذات ہے، اس مسئلہ کی جو تحقیق میرے پروردگار نے اپنے فضل وکرم سے الہام فرمائی ہے، سو یہ ہے کہ ممکن (ہستی) کی دو قسمیں ہیں۔

ایک وجود اور فعلیت، دوسری عدم وجود اور لافعلیت۔(۱)

اگر ممکن دوسری قسم سے متعلق ہو تو وہ صلاحیت نہیں رکھتا کہ علم اس سے متعلق ہو کیونکہ دوسری قسم سے متعلق ہونے کی صورت میں تو وہ ہے ہی نہیں بلکہ معدوم محض ہے، پس جس جہت کے ساتھ علم متعلق ہو سکتا ہے وہ جہت اولی ہی ہے اور اسی جہت اولیٰ کا مرجع علم ہے، کہ وجود ممکن بالکل وجود

---

[۱] اس پوری بحث کا لب لباب یہ ہے کہ وجود باری سے صرف ایک ہی جہت وجود وفعلیت کا تعلق ہے، عدم اور لافعلیت اس سے متعلق نہیں ہو سکتے، اس لئے علم اجمالی و تفصیلی دونوں کا محور اسی کی ذات واحد ہے۔ واللہ اعلم

واجب ہے،(اس سے ثابت ہوا کہ صفت علم ذات باری تعالیٰ سے جدا نہیں ہوسکتی وہ اس کی عینِ ذات کا حصہ ہے) جیسا کہ اہل تحقیق کا مسلک ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ کا علم بالممکنات (وہ علم جو شعور وہوش کا محتاج ہو) اسکے علم بذاتہ (جوشعور کا محتاج نہ ہو) میں سمویا ہوا ہے، اس حیثیت سے کہ اس سے ممکنات اور ذات کی کوئی چیز خارج قرار نہیں پائے گی، موصوفات کے ساتھ اوصاف انتزاعی کے احوال سے بھی آپ کو اس سلسلہ میں مدد ملے گی، اوصاف انتزاعی بھی وجود رکھتی ہیں جو آثار (خارجی ذرائع) کے مرتب ہونے پر خارجی وجود کے ساتھ نظر آتی ہیں، اورانہیں انتزاعی صفات کی بنا پر موصوف اور صفات میں امتیاز قائم کیا جاتا ہے۔(۱)

اورعلم تفصیلی موجودات خارجی (حواس خمسہ سے محسوس ہو سکنے والے اجسام واجرام) اور علوی و سفلی مراتب میں صور ذہنی (محسوس جسم نہ رکھنے والے موجودات کی خیالی صورت، چاہے وہ کسی بھی وجہ سے دماغ میں بن گئی ہو) کی علم حضوری (ہمہ وقت علم رکھنا) کو کہتے ہیں پس غور وفکر کرو کہ شاید یہ اہم مسئلہ خالی الذہن ہوکر باریک بینی سے اور زیادہ واضح ہوجائے، ہم نے اس کی کچھ مزید تفصیل تعلیقات شرح تجرید میں بیان کردی ہے۔(۲)

---

۱اصفات دوقسم کی ہوتی ہیں، ایک وہ جو موصوف سے الگ ہو جائیں تو موصوف کے وجود پر کوئی اثر نہیں پڑتا، انہیں انتزاعی صفات کہتے ہیں، یہ صفات اپنے موصوف سے جداگانہ اور ممتاز ہوسکتی ہیں، جیسے پانی کے اندر جو ٹھنڈک ہے وہ اس کی صفت انتزاعی ہے، اگر پانی کو گرم کیا جائے تو یہ ٹھنڈک اس سے جدا ہوجائیگی، اور پانی کا وجود بھی باقی رہے گا، دوسری قسم ان صفات کی ہے جن کو موصوف سے الگ نہیں کیا جاسکتا انہیں صفت واجبہ قائمہ بالذات کہتے ہیں جیسے آگ کی حرارت اس کی صفت واجبہ ہے، آگ سے اس کی یہ صفت الگ نہیں کی جاسکتی، علم، سمع وبصر وغیرہ اللہ تعالیٰ کی صفات واجبہ ہیں، جبکہ انسان کیلئے یہ صفات انتزاعیہ ہیں، اس باریک فرق کو نہ سمجھنے کی وجہ سے ہی لوگوں نے اللہ تعالیٰ کے علم اور کلام وغیرہ صفات کے تعلق سے موشگافیاں کیں اور گمراہی میں جا پڑے۔ واللہ اعلم

۲اس تفصیل کا مطلب یہ ہوا کہ علم اجمالی تو خالصتاً اللہ تعالیٰ کی ذات کو حاصل ہے، رہا علم تفصیل تو وہ بھی حقیقی طور پر اسی کی دسترس میں ہے، اول اس وجہ سے کہ اس کے ماخذ یعنی علم اجمالی کا مالک وہ اکیلا ہے، دوسرے اس لئے کہ علمِ تفصیلی کے احاطہ کا اس کے علاوہ کسی کو یارہ نہیں۔

# ارواح کے کشف اور اس قسم کے دوسرے احوال پر شاہ عبدالرحیمؒ کے وقائع

## فنافی التوحید

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ میں نے باطنی آنکھ سے دیکھا کہ ایک جماعت حضرت حق تعالیٰ کو دیکھنے کا ارادہ کرکے چلی جارہی ہے، میں بھی اس جماعت میں شامل ہوں، زمین کا ایک صاف ٹکڑا آیا اور ادھر عصر کا وقت ہوگیا، ان لوگوں نے مجھے اپنا امام بنالیا، جب نماز ختم ہوئی تو میں نے جماعت کی طرف رخ کرکے کہا کہ دوستو! اس قدر سعی و کاوش کس کی تلاش میں دکھا رہے ہو؟ کہنے لگے: حق تعالیٰ کی طلب میں، میں نے کہا کہ میں ہی تو ہوں، جس کی تلاش میں تم نکلے ہو، وہ ایکدم اٹھے اور مجھ سے مصافحہ کرنے لگے۔

راقم الحروف (شاہ ولی اللہؒ) کہتا ہے کہ اس قسم کے واقعات کی حقیقت و اصلیت یہ ہے کہ یا تو ایسا واقعہ حق تعالیٰ کی اعانت سے تصرف فی الخلق (۱) کے مقام حاصل ہونے کی نشاندہی کرتا ہے اور کبھی کبھار ایسا دعویٰ شیخ اس عالم میں کرتا ہے، جب وہ فنافی التوحید ہوتا ہے۔

## قیومِ عالم

جیسا کہ فرمایا کہ ایک بار تدبر و تفکر کرتے وقت میں نے تحقیق و اطمینان کی نیت سے حق سبحانہ و تعالیٰ سے اپنی ذات اور کائنات کے تعلق کو مثالی صورت میں دیکھنے کی درخواست کی، میرے اوپر ایک حالت طاری ہوگئی اور میں نے خود کو قیوم عالم (جس پر دنیا ٹکی ہو، حاکمِ مطلق) کی صورت میں دیکھا، میں نے دیکھا کہ کائنات کے ذرے ذرے کا تعلق اور ربط میری ذات کے ساتھ اس طرح ہے کہ اگر وہ تعلق کٹ جائے تو پوری کائنات ختم ہوجائے۔

---

۲۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مخلوقات میں پھیر بدل کرنا۔

## کبھی ان کو کبھی گھر کو دیکھتے ہیں

فرماتے تھے کہ میں نے دیکھا گویا حق تعالیٰ میرے گھر تشریف لائے ہیں اور میں جگہ کی تنگی، سامان کی افراتفری اور بے سلیقگی کی وجہ سے جو بزرگ ہستیوں کی تشریف آوری کے وقت غیر موزوں سمجھی جاتی ہیں، شرمندہ اور خجل ہوں، اس کے باوجود ادھر سے بے انتہا لطف و کرم ہو رہا ہے، صبح اٹھتے ہی اتفاقاً میں حافظ عبد اللطیف کے گھر گیا، انہوں نے مجھے اپنے گھر میں بٹھایا اور جگہ کی تنگی وغیرہ سے اظہار ندامت کرنے لگے، میں نے کہا آج رات حق تعالیٰ سبحانہ کو میں نے دیکھا اور اسی طرح شرمندہ رہا، مگر ادھر سے اظہار نوازش ہوتا رہا۔

راقم الحروف کہتا ہے یہ واقعہ بھی اس بات پر شہادت دیتا ہے کہ حضرت والد صاحب تصرف فی الخلق کے مقام پر فائز تھے، کیونکہ اس میں وہ ہستی جو حق پر دلالت کرنے والی ہے، خود حق کی صورت میں ظاہر نظر آ رہی ہے۔

## حسن کو مستور کیوں دیکھوں؟

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ بعض درویشوں کے بارے میں مجھے تردد تھا کہ حق تعالیٰ کی بارگاہ میں وہ کیا مرتبہ رکھتے ہیں، چنانچہ میں نے بہ چشم مشاہدہ ایک تجلی دیکھی، گویا حق تعالیٰ حسین صورت میں مجسم ہو کر برقعہ پوش ہیں، میرے اور ان کے درمیان کچھ فاصلہ ہے، جب انکا جمال پاک مجھ پر ظاہر ہوا تو دل ہاتھ سے چلا اور مجھے اس سے بھی زیادہ قرب کی خواہش پیدا ہوئی، وہ میری اس تمنا پر مطلع ہو کر قدرے اور نزدیک ہوئے، اس پر آتش شوق بھڑک اٹھی اور قرب کی خواہش میں اضافہ ہوا، اس پر مطلع ہو کر وہ اور نزدیک آئے، اس مرحلہ پر میں برقعہ کی موجودگی سے تنگ آ گیا اور اس کے ہٹانے کی آرزو کی، تو ارشاد فرمایا کہ برقعہ تو بہت باریک ہے جو حسن مستور کو اور نمایاں کر رہا ہے، میں نے عرض کیا: پھر بھی حجاب تو ہے ہی، آخر

کا رروئے مبارک سے نقاب اٹھا دی اور فرمایا کہ بعض سالکوں کو پہلا مرتبہ ملتا ہے، خواص کو دوسرا اور اخص الخواص کو تیسرا مرتبہ میسر ہے، اور فلاں فلاں کو کوئی مرتبہ حاصل نہیں۔

## یک جان یک قالب

فرماتے تھے کہ ایک مرتبہ میں انتہائی روحانی گھٹن محسوس کر رہا تھا کہ مجھ پر ایک تجلی وارد ہوئی، میں نے دیکھا کہ ایک حسین وجمیل عورت زیورات اور دلکش لباس سے آراستہ ہے، وہ آہستہ آہستہ میرے قریب آنے لگی اور اسکے قرب سے میرے عشق کا شعلہ بھڑکنے لگا، بالآخر وہ مجھ سے بغل گیر ہوکر یک جان ہوگئی میرا وجود اس کے اندر سما گیا میں نے خود کو اس کی شکل میں محسوس کیا اور وہ تمام زیورات اور لباس میں نے اپنے اوپر موجود پائے، یہ دیکھ کر مجھے انتہائی انبساط وسرور حاصل ہوا اور وہ گھٹن جاتی رہی۔

راقم الحروف کہتا ہے کہ یہ واقعہ بھی مقام توحید[۱] ( ) کے حصول پر دلالت کرتا ہے اور گذشتہ واقعہ کی ہی ایک شاخ ہے۔

## دائرے

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک دفعہ میں نے بصورت کشف دیکھا کہ اللہ تعالیٰ کے اسماء حیؔ، علیم، سمیع اور بصیر میرے لیے روشنی پھیلانے والے دائروں مثلاً سورج اور چاند کی شکل میں مجسم ہوگئے ہیں، ایک چھپتا ہے تو دوسرا نکل آتا ہے، بار بار اسی طرح کر رہے ہیں، پھر فرمایا کہ بسیط (بے اوڑ) اگر شکل اختیار کرنا چاہے تو اس کے لیے قریب تر صورت دائرے کی ہے، اسی وجہ سے اسماء الٰہیہ دائروں کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں۔(۲)

---

[۱] جہاں پہنچ کر بس ایک ہی وجود نظر آئے، وجود باری تعالیٰ۔ باقی سب اس میں ضم ہو جائے۔

[۲] کیونکہ دائرہ بھی بے اوڑ ہوتا ہے، نہ اس کا شروع ہوتا ہے نہ خاتمہ، لہذا ایسی چیز جسے انسان دیکھ اور سمجھ سکے اور اس میں حد بندی بھی نہ ہو صرف دائرہ یعنی گولائی یا گولا ہی ہے۔

## ایک گھڑی ہزار برس

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک دن عصر کے وقت میں مراقبے میں تھا کہ غیبت کی کیفیت طاری ہوگئی، میرے لئے اس وقت کو چالیس ہزار برس کے برابر وسیع کر دیا گیا اور اس مدت میں روز اولسے روز قیامت تک پیدا ہونے والی مخلوق کے حالات ظاہر کردئے گئے۔[۱] ()

راقم الحروف (شاولی اللہ) کا گمان ہے کہ آپ نے یہ کلمات بیان کرتے ہوئے یہ بھی فرمایا تھا کہ لاالہ الا اللہ کے حروف کا فاصلہ اتنے ہزار برس کا ہے۔ واللہ اعلم

## ہیں رنگ الگ الگ

حضرت والد گرامی فرمایا کرتے تھے کہ مجھے دو آدمی دکھائے گئے، ایک ذکر حق میں اس قدر ڈوبا ہوا تھا کہ دوسرے طرف نہ کوئی توجہ تھی نہ ہوش تھا، دوسرا اس سے بھی زیادہ کامل لیکن وہ ذکر اللہ کے ساتھ تمام کائنات پر نظر بھی رکھتا تھا اور اپنا شعور بھی، اور ظاہری و باطنی آداب سے بھی کمال درجہ مزین تھا، یہ دیکھ کر میرے دل میں الہام ہوا کہ پہلا ذات حق میں فانی ہے اور دوسرے کا مقام آیت کریمہ: فَلَنُحْيِيَنَّهُ حَيَاةً طَيِّبَةً *(نحل ۹۷) (ہم ایسے مردان حق آگاہ کو پاکیزہ زندگی عطا فرماتے ہیں) کی تفسیر بیان کر رہا ہے۔ یعنی احوال الگ الگ ہونے کے باوجود دونوں مقبولِ بارگاہ ہیں۔

## جو مجھ میں فنا ہے

والد گرامی فرماتے تھے کہ ایک وقت فنائے کلی اور غیبت تامہ میسر ہوئی تو دیکھا کہ حق تعالیٰ نے فرشتوں کو حکم دیا ہے کہ میرے فلاں بندے کو ڈھونڈ لاؤ! چنانچہ زمین میں تلاش کیا، نہ پایا، آسمان چھان مارے، نہ ملا، بہشت میں تلاش کیا، نہ دکھائی دیا، تو حق سبحانہ تعالیٰ نے فرشتوں

---

[۱] ایسی حالت جس میں اپنے آپ اور آس پاس سے بے خبر ہو جائے، صرف اللہ تعالیٰ کی موجودگی کا استحضار رہے۔

سے خطاب کیا: جو بھی مجھ میں فنا ہو، وہ نہ آسمان میں ملے گا نہ زمینوں میں پایا جاسکے گا اور نہ ہی بہشت میں دکھائی دیگا۔

## اولیاء کی جنت

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک رات میں نے بہشت کو دیکھا گویا عین اس کے درمیان میں کھڑا ہوں اور اس کی حوروں اور محلات کو بخوبی دیکھ رہا ہوں، اس وقت دل میں آیا کہ ہم نے تو حور و قصور کو دل سے نکال دیا تھا اور یکسو ہو کر حضرت حق تعالیٰ کی طلب میں لگے رہتے تھے، یہ کیا ہوا کہ یہاں حور و قصور سامنے ہیں مگر مقصود حقیقی نہیں مل رہا، اسی وقت مجھ پر وجد اور گریہ طاری ہوا، وہاں کے لوگ آ آ کر مجھے اپنی آستینوں اور دامنوں میں چھپانے لگے اور کہنے لگے یہ تو مستی و شادمانی کی جگہ ہے نہ کہ گریہ و غم کی، میں نے ان کے دامن جھٹک دیئے اور منہ پھیر لیا۔ آخر کار انہوں نے کہا کہ تجھے اپنے معبود و مقصود کی قسم ہے بتا کہ تیرے رونے کا سبب کیا ہے؟ ان کی بات سن کر میں پریشان ہوا اور اسرار و رموز کی کچھ باتیں انہیں بتائیں، اسی وقت مولائے مہربان نے الہام فرمایا کہ کیا تم نے ہماری کتاب میں یہ نہیں پڑھا:

**کانت لهم جنت الفردوس نزلا** * (کھف ۱۰۷) ان کی میزبانی کے لیے فردوس کے باغ ہیں۔

نزل اس آسن کو کہتے ہیں جو مہمان کے آتے ہی فوری طور پر بچھایا جاتا ہے، تا کہ وہ اس پر بیٹھ جائے، اسکے بعد اسکی ضیافت کا انتظام کیا جاتا ہے، تم اس قدر گریہ وزاری کیوں کر رہے ہو؟

## عتاب و عنایت

سید نور نے بیان کیا کہ ایک رات میں بیٹھا ہوا تھا اور حضوری میں مشغول تھا کہ اسی دوران اندھیرے میں سیاہ رنگ کا ایک ہیولا ظاہر ہوا، میں نے سوچا کہ یہ کوئی جن ہے، اور مجھے نقصان پہنچانا چاہتا ہے، میں پوری قوت کیساتھ اس کی جانب متوجہ ہوا اور اسے ہلاک کر دینے کا ارادہ

کیا، لیکن وہ اس سے بھی زیادہ تیزی کیساتھ میری طرف آیا اور میرے دل کو اپنے قابو میں کرلیا اور مجھکو فسق و فجور اور عقائد اسلامیہ میں شک کی دعوت دینے لگا، میں نے حضرت سے التجا کی، آپ نے بار بار میرے حال پر توجہ ڈالی، تو یہ الہام ہوا، للعشق حالات عجیبة وغریبة وطریقة مخسوفة وعظیمة (عشق کے حالات عجیب وغریب اور اس کا جادہ دشوار گذار ہے)

جرأت کسے کہ جرح کند در قضائے ما ما پروریم دشمن و یا می کشیم دوست

(ہم دشمنوں کو پرورش کریں یا دوست کو قتل، ہمارے فیصلے میں لب کشائی کی ہمت کس کو ہے؟ کبھی ہم التفات کے ساتھ معتوب کرتے ہیں اور کبھی عنایات کرتے ہیں، یہ نہ کریں تو عشق کے لوازم پورے نہ ہوں، اور وہ نہ کریں تو زندگی ختم ہوجائے، اللہ تعالیٰ اپنی مرضی کے مالک ہیں جو چاہیں کریں۔

یہ بھی الہام ہوا کہ اس مصیبت سے چھٹکارہ پانے کے لئے یہ دعا پڑھیں "یا لطیف ادرکنی بلطفك الخفی" (یا لطیف مجھے اپنے لطف خفی سے نواز دیجئے) اور اسی کے ساتھ درود پاک کی کثرت کریں۔

## فاصلے حجاب نہیں

اس فقیر نے حضرت والد ماجد کے خادم شیخ فقیر اللہ سے (جو حسب ذیل واقعہ کے عینی شاہد اور قاصد رہے ہیں) خود سنا ہے کہ محمد فاضل کے رشتہ داروں میں سے رابعہ نامی ایک عورت کے بچہ نہیں ہوتا تھا، اس سلسلہ میں اس نے حضرت والا سے التجا کی، آپ نے توجہ کامل سے دعا فرمائی تو اللہ تعالیٰ نے فرزند عطا فرمایا۔

جب نومولود سات ماہ کا ہوا تو اس پر حالت نزع طاری ہوگئی، آپ اس وقت اکبرآباد (آگرہ) میں تھے، حق تعالیٰ سبحانہ نے آپ کے دل پر روشن کیا کہ یہ شخص (نومولود) جو تمہارے متوسلین میں سے تھا، قریب مرگ ہے، مگر تجھے غمگین نہ ہونا چاہئے، ہم تجھے اسکا اجر جمیل عطا کریں گے،

اس سانحہ کو دل سے نکال دیجئے، اس الہام کے بعد آپ کی حالت درست ہوگئی، مگر آپ کو قدرے تأمل ہوا کہ یہ متوسل کون ہے، اس خیال کے آتے ہی آپ پر منکشف ہوا کہ یہ رابعہ کا بچہ ہے، جو فلاں تاریخ اور فلاں وقت میں مر گیا ہے، آپ نے شیخ فقیر اللہ کو بھیجا تاکہ محمد فاضل کو اس سارے قصے سے آگاہ کرے اور تعزیت بھی کرے، محمد فاضل نے اس واقعہ کو وقت اور تاریخ کے ساتھ ایک کاغذ پر لکھ کر رکھ لیا، ایک ہفتہ کے بعد اس کا خط پہونچا تو مذکورہ واقعہ بے کم وکاست سچ ثابت ہوا۔

## سلسلہ باقی رہے گا

فرمایا کرتے تھے کہ میں نے ایک صاحب کشف آدمی کی تعریف سنی تھی، میں نے چاہا کہ اس کی صحبت سے کچھ حاصل کروں تو میرے دلمیں یہ بات ڈالی گئی کہ وہ بدعتی ہے اسکے پاس نہیں جانا چاہیئے، میں نے اس واہمہ کو دل سے نکال دیا، دوبارہ دل میں یہ خیال ڈالا گیا، پھر میں نے اسے جھٹک دیا اور اٹھا کہ اس کے پاس جاؤں مگر بغیر کسی کیچڑ، سنگ وخشت اور لکڑی کے بغیر میرا پاؤں پھسلا، شدید چوٹ لگی اور میں گر پڑا، دماغ میں یہ بات ڈالی گئی کہ اگر پہلی مرتبہ کے انتباہ پر عمل کرتے تو یہ تکلیف نہ پہونچتی، فرمایا کرتے تھے مجھے یہ الہام کیا گیا ہے کہ تیرا سلسلہ قیامت تک باقی رہے گا۔

## غوث الاعظمؒ کا جبہ

فرمایا کرتے تھے: ایک دن میرے دل میں ایک بات ڈالی گئی کہ آج تجھے ایک نعمت ملے گی، میں سیر وتفریح کے خیال سے باہر نکل کر شہر کے بعض مقامات سے گزرا تو دل نے یہ گواہی دی کے تیرا مطلوب یہیں ہے، میں نے لوگوں سے پوچھا کہ یہاں کوئی درویش یا فاضل ہے؟ تو جواب ملا کہ ہاں فلاں درویش یہاں رہتا ہے، میں اس کی زیارت کو پہونچا تو وہ کہنے لگا کہ

حضرت غوث الاعظم کا جبہ تبرکاً مجھ تک پہونچا ہے اور آج رات مجھے حکم دیا گیا ہے کہ آج کے دن جو شخص بھی سب سے پہلے میرے سامنے آئے میں یہ جبہ مبارک اسے دیدوں، میں نے وہ جبہ اس درویش سے لے لیا اور اللہ کا شکر ادا کیا۔

## قبلہ نمائی

ایک دن قبلہ کا رخ متعین کرنے میں اختلاف ہوا، تو آپ نے فرمایا کہ اگر ہماری چشم وجدان کے مشاہدہ کے مطابق عمل کیا جائے تو اس سمت کو کھڑے ہوں یہ کہہ کر آپ ذرا دائیں طرف کو مڑ گئے، (ادھر ہی قبلہ نکلا)

## عاجز ہیں فرشتے بھی

یہ بھی فرمایا کہ ذکر اسم ذات (اللہ اللہ) کے دوران میں نے بعض فرشتوں کو دیکھا کہ میرے اردگرد بیٹھے ہوئے تسبیح وتقدیس اور تحمید وتکبیر میں مشغول ہیں، میں نے ان سے کہا کہ میرے قریب آؤ اور ذکر اسم ذات میں میرا ساتھ دو، کہنے لگے: ہم تیرے نزدیک آنے اور تیرے ذکر میں شامل ہونے کی طاقت نہیں رکھتے۔

فرماتے تھے کہ ابتدائے حال میں بازاری لوگوں کی آوازیں بھی مجھ پر اسم ذات کی صورت میں ظاہر ہوتی تھیں، ایک مرتبہ میں نے نیا جوتا پہنا تو چلنے میں اس سے جو آواز نکلتی اس پر بھی ''جل جلالہ'' کہتا جسے سن کر لوگ تعجب کرتے۔

## نیک بخت کا درجہ

فرمایا کرتے تھے: ایک بار میں پھلت میں تھا، مجھے ایک درجہ دکھایا گیا کہ یہ درجہ اس شخص کے لیے ہے جو آج کے دن تمہاری بیعت کرے گا، اسی روز ایک عورت بیعت کے لیے تیار ہو کر آئی اور رسم کے مطابق شیرینی وغیرہ بھی ساتھ لائی، مجھے تعجب ہوا کہ یہ عورت تو اس درجہ کے

قابل نہیں ،تھوڑی دیر گزری کہ اسے زنانہ عذر لاحق ہوا اور وہ شرف بیعت حاصل نہ کرسکی ، صالحات میں سے ایک دوسری نیک بخت آئی ،اس کی شیرینی وغیرہ خرید کر بیعت کرلی۔

## مغفرت کی دولت

فرمایا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ عصر کے وقت ، دل میں یہ بات ڈالی گئی کہ آج جو شخص بھی تیری اقتدا کرے گا ،اس کی مغفرت کردی جائیگی ،اس جماعت میں ایک ایسا آدمی بھی تھا جس کے بارے میں میرا دل یہ گواہی دیتا تھا کہ اسے یہ دولت نصیب نہیں ہوگی ، جب تکبیر کہی گئی تو اتفاقاً اس کا وضوٹوٹ گیا ، جب وہ دوبارہ وضو کر کے پہنچا تو ہم نماز سے فارغ ہو چکے تھے ، جبکہ ایک اور اجنبی شخص آیا اور اس کی جگہ شریک ہو گیا۔

## الہدایا مشترک

فرمایا کرتے تھے کہ ابتدا میں میں نے چاہا کہ ہمیشہ روزہ رکھا کروں ، آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں متوجہ ہوا تو بچشم حقیقت دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے روٹی عطا فرمائی ہے ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خوش طبعی کے طور پر فرمایا ''الہدایا مشترک'' ہدیہ مشترک ہوتا ہے۔

میں نے وہ روٹی انکی خدمت میں پیش کردی ، انہوں نے ٹکڑا لے لیا ، اسی وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا : ''الہدایا مشترک' میں نے پھر روٹی انہیں پیش کی ، انہوں نے بھی ایک ٹکڑا لے لیا پھر حضرت علیؓ نے فرمایا ''الہدایا مشترک'' تو میں نے ان کی بارگاہ میں روٹی پیش کی ، انہوں نے بھی ایک ٹکڑا لے لیا ، پھر حضرت عثمانؓ نے فرمایا ''الہدایا مشترک'' میں نے عرض کی اگر روٹی اسی طرح تقسیم ہوتی رہی تو اس فقیر کو کیا حصہ ملے گا ؟ آپ نے اپنا ہاتھ روک لیا۔

اس موقعہ پر میں بیدار ہوگیا ، ایک عرصے تک میں غور وفکر کرتا رہا کہ حضرت ذوالنورینؓ کی باری پر حرف عذر کہنے میں آخر کیا نکتہ پوشیدہ تھا ؟

آخر کار معلوم ہوا کہ مثالی صورتوں میں ایسے واقعات سے رابطہ اور تعلق مراد ہوتا ہے، جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق ؓ سے طریقہ نقشبندیہ کا تعلق ہے، حضرت عمر ؓ تک ہمارا شجرۂ نسب پہنچتا ہے حضرت علی کی ذات گرامی کے ساتھ والدہ کی طرف سے ہمارے نسب اور اصل کا تعلق ہے، طریقۂ نقشبندیہ نیز دیگر سلاسلِ صوفیا بھی انہی کی ذات گرامی تک پہنچے ہیں اور بعض واقعات میں آنجناب کی ذات گرامی سے ہم نے فیوض بھی حاصل کیے ہیں، تو یہ معاملہ ان اصحابِ ثلاثہ تک محدود رہنا ضروری تھا، جبکہ حضرت عثمان ؓ کے ساتھ ان وجوہات واسباب میں سے کوئی ایک بھی موجود نہیں ہے۔ واللہ اعلم

## مبارک زردہ

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ماہ رمضان میں ایک دن میری نکسیر پھوٹ پڑی تو مجھ پر ضعف طاری ہوگیا، قریب تھا کہ میں کمزوری کی بنا پر روزہ افطار کرلوں، مگر غم تھا کہ رمضان کے روزے کی فضیلت ہاتھ سے جائے گی، اسی غم میں قدرے غنودگی طاری ہوئی تو حضرت پیغمبر ﷺ کو خواب میں دیکھا کہ آپ نے مجھے لذیذ اور خوشبودار زردہ مرحمت فرمایا ہے، پھر انتہائی خوشگوار ٹھنڈا پانی بھی عطا فرمایا، جو میں نے سیر ہو کر پیا، میں اس عالم غنودگی سے نکلا تو بھوک اور پیاس بالکل ختم ہو چکی تھی اور میرے ہاتھوں میں اب تک زردہ کے زعفران کی خوشبو موجود تھی، عقیدت مندوں نے میرے ہاتھ دھو کر پانی محفوظ کرلیا، اور تبرکاً اس سے روزہ افطار کیا۔

## حسنِ اختلاف

والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ حضرت خاتم الانبیا ﷺ کو اس انداز میں دیکھا کہ آپ ﷺ یاقوتِ سرخ کی ایک ایسی مسجد میں تشریف فرما ہیں کہ جس کا ظاہر و باطن حسن

وخوبی کا مظہر ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بشکلِ مراقبہ تشریف فرما ہیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم و اولیائے کاملین بھی مراقبے کی صورت میں صف باندھے ہوئے آپ کے اردگرد بیٹھے ہیں، جب مسجد کے دروازے پر پہنچا تو دیکھا کہ یاقوت کے رنگ کا پردہ لٹکا ہوا ہے، حضرت غوث الاعظم اور خواجہ نقشبند قدس اللہ اسرارہما اندر سے اٹھ کر میرے پاس آئے اور میرے ہی بارے میں آپس میں مناظرہ کرنے لگے، حضرت غوث الاعظمؒ فرمانے لگے اس شخص کے آباؤ اجداد میرے خلفاء سے تعلق رکھتے تھے، اس لیے میں اس سے زیادہ قریب ہوں، اور حضرت نقشبند نے فرمایا: اس شخص نے میرے خلفاء سے روحانی تربیت حاصل کی ہے، اس لیے مجھے اس پر زیادہ حق حاصل ہے، یعنی آپ کی اس سے مراد تھی کہ اس نے شیخ رفیع الدین خلیفۂ خواجہ محمد باقی سے روحانی تربیت حاصل کی ہے۔

اس گفتگو نے طول پکڑا، یہاں تک کہ مجھے خوف ہوا کہ اس مجلس کے ختم ہونے تک کہیں میں اس فیض سے محروم نہ رہ جاؤں آخرکار حضرت غوث الاعظم نے فرمایا: جبکہ آپ کے اور ہمارے طریقے میں کوئی فرق نہیں تو پھر اس قدر مناظرے کی کیا ضرورت ہے؟

خواجہ نقشبند نے فرمایا: اگر کچھ فرق نہیں تو پھر یہ سعادت میں کیوں نہ حاصل کروں؟ حضرت غوث الاعظمؒ نے فرمایا: کچھ مضائقہ نہیں، آپ ہی اسے اندر لے جایئے، خواجہ نے فرمایا حقیقت میں یہ شخص میرا اعزو شرف ہے اور میں اسے اپنی نسبت سے ہی بہرہ ور کروں گا، یہ تمام مناظرہ ایسے ادب و احترام کی فضا میں ہوتا رہا جس سے زیادہ بہتر صورت ناممکن ہے، اسی وقت خواجہ نقشبند نے میرا ہاتھ پکڑا اور اس مسجد میں داخل کیا اور لاکر سید الانبیا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے اہل صف سے ذرا آگے بٹھا دیا اور آپ میرے ساتھ صف کے برابر میں بیٹھ گئے ،میرے دل میں یہ خیال گزرا کہ اس صورت میں بجز اس کے اور کیا حکمت ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مراقبے سے سر اٹھائیں تو سب سے پہلے آپ کی نگاہِ کرم مجھ پر پڑے اور

جو کوئی شخص پوچھے کہ تجھے کون لایا ہے تو خواجہ نقشبند عرض کر سکیں کہ میں نے اسے حاضر کیا ہے، خواجہ اس خیال پر مطلع ہوئے اور فرمایا: واقعی اس انداز میں بٹھانے کا سبب یہی ہے۔

اتنے میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مراقبے سے سر اٹھایا اور بے پایاں لطف و کرم سے مشرف فرمایا، کاتب الحروف (شاہ صاحب) کا گمان ہے کہ اس واقعہ کا تتمہ (انجام) یہ ہوا ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خلوت میں لے گئے اور نفی و اثبات کی عجیب و غریب کیفیات سے تلقین فرمائی۔ واللہ اعلم

## جمالِ محمد جو مستور نہ ہوتا

فرمایا کہ حدیث "انا املح و اخی یوسف اصبح"

میں گندمی ہوں اور میرے بھائی یوسف سفید تھے۔

کے بارے میں میرے دل میں حیرت پیدا ہوئی تھی کیونکہ حسن کی ملاحت عاشقوں کے لیے صباحت سے زیادہ بے قراری و اضطراب کا موجب بنا کرتی ہے، اور یہ بھی نقل کرتے ہیں کہ جب حضرت یوسف علیہ السلام لباسِ فاخرہ پہن کر جلوہ گر ہوتے تھے تو جمالِ یوسفی کی تاب نہ لا کر بہت سے لوگ دارالبقا کو سدھار جاتے تھے، جبکہ اس قسم کی کوئی بات سید الرسل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت نہیں ہے جبکہ معاملہ برعکس ہونا چاہئے تھا۔

ایک دفعہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو چشمِ حقیقت سے دیکھا اور اس نکتے کے بارے میں استفسار کیا تو فرمانے لگے کہ خدائے غیور نے میرے حسن و جمال کو لوگوں کی آنکھوں سے مستور رکھا ہے، اگر میرا حسن ظاہر ہو جاتا تو ہر شخص وہی کرتا جو یوسف علیہ السلام کو دیکھنے والے کیا کرتے تھے۔

اس توجیہ کے بعد مجھے معلوم ہوا کہ حضرت عائشہ یا حضرت فاطمہ علیہما السلام کے اس قول کا کیا مطلب ہے کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام عمر میں ایک یا دو بار دیکھا ہے۔

چونکہ ان معصومات کا رشتہ آقاؐ سے نہایت قریبی تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیوض حاصل کرنے کی صلاحیت بھی دونوں میں بہت زیادہ تھی، اسلئے ان کو ایک آدھ بار اس جمالِ جہاں آراء کا حقیقی دیدار ہوا ہے۔ (جبکہ دوسروں کو ایک آدھ مرتبہ بھی نہیں ہوا)

## اک آگ کا دریا ہے

فرمایا کہ حضرت سید الرسلؐ کو میں نے صورتِ واقعی میں دیکھا، میری طرف متوجہ ہوئے، محض توجہ گرامی سے میں مقامات اولیا کو عبور کر گیا اور وہ تمام مقامات مجھ پر بخوبی منکشف ہو گئے، حتی کہ میں اس مقام تک جا پہنچا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی ولی اس سے آگے جا ہی نہیں سکتا، میں نے عرض کیا کہ اس فقیر کا عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس محال (ناممکن) کی طرف متوجہ ہوں وہ امکان کی صورت قبول کر لیتا ہے، کچھ مشکل نہیں کہ استعداد نہ ہونے کے باوجود بھی اس مقصود کا چہرہ مجھ پر جلوہ نمائی کرے، پس آنحضرتؐ میری روح کو اپنی روح کے سائے میں لیکر مقام صدیقیت سے بھی عبور فرما گئے، جو ولایت کا انتہائی مقام ہے، وہاں برزخ ہمارے سامنے آیا گویا آگ کا دریا ہے، جسے کوئی ولی پار نہیں کر سکتا، اس کے بعد ولایت کے مقامات سابقہ کی مثل ہم پر کچھ مقامات منکشف ہوئے، مقام صبر اور مقام توکل سابقہ مقامات کی طرح ہمیں دکھائے گئے، لیکن اس فرق کے ساتھ کہ اب کے یہ مقامات بطور حقیقت دکھلائے گئے جبکہ سابقہ مقامات محض خیالی تھے، گویا اس مرتبہ پر یہ مقامات اصول کی حیثیت رکھتے تھے جبکہ پہلی مرتبہ شبیہ و تماثیل (فوٹو یا مجسمہ) کی صورت میں دکھائے گئے۔

کاتب الحروف نے حضرت والد ماجد کی روح کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح مبارک کے سائے میں لینے کی کیفیت کے بارے میں دریافت کیا تو فرمانے لگے، یوں محسوس ہوتا تھا گویا میرا وجود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وجود سے مل کر ایک ہو گیا، خارج میں وجود کی کوئی الگ حیثیت نہیں تھی، سوا اس کے کہ میرا علم مجھے اپنا شعور دلا رہا تھا۔

کاتب الحروف کے نزدیک اس واقعہ میں آگ کے دریا کو مثالی صورت میں دیکھنے کا راز سمجھنا تبھی ممکن ہے جب کہ اس بات کو سمجھ لے کہ نبوت مکمل طور پر عطائے رب تسلیم کی جاتی ہے، نہ کوئی مصلحت اور نہ ہی کوئی محنت درکار، اللہ تعالیٰ اپنی عنایت سے نبوت کے ذریعہ ہر نبی اور اس کی قوم کو دنیا میں ہونے والے عظیم واقعات، طوفانوں اور قیامت وغیرہ کینشانیوں اور حالات سے مطلع کرتا رہتا ہے، اس کے برعکس اولیائے کرام کا ہر کمال محض ان کے نفوس کی پاکیزگی، استعداد اور ہمت پر منحصر ہوتا ہے، گویا ولایت کے کمالات عطا کرنے میں خود ولی کی محنت، عبادت وطاعت اور دوسری دینی ودنیاوی مصلحتوں کا دخل ہوتا ہے۔

انبیاء کرام علیہم السلام کی نبوت حکم کے اعتبار سے دو حصوں میں تقسیم کی جاسکتی ہے، (۱) جاندار دنیا کی تدبیر ومصلحت (۲) کائنات کے اسرار ورموز سے آگہی، پہلے امر کا وجود داخلی ہے اور دوسرا حکم وجود خارجی رکھتا ہے، یعنی پہلے حکم کا موضوع جاندار مخلوق کی حکمت ہے، اور دوسرے حکم کا منشا عالم آفاق کی حکمت وتدبیر ہے، مجموعی طور پر پہلے حکم میں کسب ومحنت اور صلاحیت کو دخل ہے، مگر نبوت کے حکم ثانی یعنی عالم آفاق کی مصلحت وتدبیر میں کسب ومحنت نہیں بلکہ اللہ کی عطا اور اس کی عنایت کو دخل ہے، گویا پہلے حکم کے لیے الگ استعداد کی ضرورت ہے اور دوسرے حکم کے لیے دوسری استعداد کی حاجت۔

حاصلِ کلام یہ کہ کمالات نبوت کے دوسرے امر کے ناقابل حصول ہونے کی وجہ سے حضرت والد ماجد کے سامنے اس کو آگ کے دریا کی شکل میں برزخی طور پر پیش کیا گیا، حالانکہ کمال اول کی استعداد واہلیت بھی تھی اور سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح سے بغل گیر ہونے کا شرف بھی حاصل تھا۔(۱)

---

۱ حاصل یہ ہے کہ اولیاء کرام کو نبوت کے پہلے زمرے سے حصہ ملتا ہے، جس میں نیک نفسی اور مجاہدات کو دخل ہے، جبکہ دوسرے درجہ سے ولی کو کوئی حصہ نہیں مل سکتا اسی لئے دوسرے درجہ کو آگ کی شکل میں دکھایا گیا، واللہ اعلم۔

## موئے مقدس

فرمایا کہ ایک بار مجھے بخار نے آلیا اور بیماری نے طول پکڑا، یہاں تک کہ زندگی سے ناامید ہوگیا، اسی دوران مجھ پر غنودگی طاری ہوئی تو میں نے دیکھا کہ حضرت شیخ عبدالعزیز سامنے موجود ہیں اور فرمارہے ہیں: بیٹے! حضرت ﷺ تیری بیمار پرسی کو تشریف لا رہے ہیں اور شاید تیری پائنتی کی طرف سے تشریف لائیں، اس لیے چارپائی کو اس طرح رکھنا چاہئے کہ حضور ﷺ کی طرف تمہارے پاؤں نہ ہوں، یہ سن کر مجھے افاقہ ہوگیا، قوت گویائی نہیں تھی، حاضرین نے میرے اشارے پر چارپائی کا رخ پھیر دیا، اسی وقت حضور ﷺ تشریف فرما ہوئے اور فرمایا: "کیف حالک یا بنی" "تمہاری طبیعت کیسی ہے بیٹے؟

اس کلام کی لذت اس قدر غالب ہوئی کہ مجھ پر آہ و بکا اور درد و اضطراب کی کیفیت طاری ہوگئی، آنحضرت ﷺ نے مجھے اس انداز سے اپنی بغل میں لیا کہ آپ کی ڈاڑھی مبارک میرے سر پر تھی، آپ کا جبہ مبارک میری آنکھوں سے تر ہوگیا، پھر آہستہ آہستہ یہ وجد و اضطراب کی کیفیت سکون میں بدل گئی، اسی وقت میرے دل میں آیا کہ ایک مدت سے موئے مبارک کے حصول کی آرزو رکھتا ہوں، کیا ہی کرم ہو کہ اس وقت تبرک عنایت فرمائیں، میرے خیال سے آپ مطلع ہوئے اور ڈاڑھی مبارک پر ہاتھ پھیر کر دو مقدس بال میرے ہاتھ میں تھما دیئے، پھر میرے دل میں خیال آیا کہ یہ دونوں مقدس بال بیداری میں بھی رہیں گے یا نہیں، اس کھٹکے پر مطلع ہوکر آپ ﷺ نے فرمایا یہ دونوں بال جاگنے کی حالت میں بھی باقی رہیں گے اس کے بعد آپ نے کلی صحت اور طویل عمر کی خوشخبری سنائی، اسی وقت مرض سے افاقہ ہوگیا۔

میں نے چراغ منگوایا، وہ دونوں مقدس بال اپنے ہاتھ میں نہ پائے تو میں غمگین ہوکر بارگاہ عالی کی طرف متوجہ ہوا، غیبت واقع ہوئی اور آنحضور ﷺ مثالی صورت میں جلوہ فرما ہوئے، فرمایا: اے بیٹے عقل و ہوش سے کام لو، وہ دونوں بال احتیاطاً تمہارے سرہانے کے نیچے رکھ

دیئے تھے، وہاں سے لے لو، افاقہ ہوتے ہی میں نے وہ مقدس بال وہاں سے اٹھا لیے اور تعظیم وتکریم سے ایک جگہ رکھ دیئے۔

اس کے بعد دفعتاً بخار ٹوٹا اور انتہائی ضعف ونقاہت طاری ہوئی، عزیزوں نے سمجھا کہ موت آ پہنچی، رونے لگے، مجھ میں بات کرنے کی سکت نہیں تھی، سر سے اشارہ کرتا رہا، کچھ دیر بعد طاقت بحال ہوئی اور صحت کلی نصیب ہوگئی، اسی سلسلہ میں یہ کلمات بھی فرمائے تھے کہ ان دو بالوں کے خواص میں سے ایک یہ بھی ہے کہ آپس میں گتھے رہتے ہیں مگر جب درود پڑھا جاتا ہے تو جدا جدا کھڑے ہو جاتے ہیں، دوسرے یہ کہ ایک مرتبہ تاثیر تبرکات کے منکروں میں سے تین آدمیوں نے امتحان لینا چاہا، میں اس بے ادبی پر راضی نہ ہوا مگر جب مناظرے نے طول کھینچا تو عزیز ان مقدس بالوں کو سورج کے سامنے لے گئے، اسی وقت بادل کا ٹکڑا ظاہر ہوا، حالانکہ سورج بہت گرم تھا اور بادلوں کا موسم بھی نہیں تھا۔

یہ واقعہ دیکھ کر منکروں میں سے ایک نے توبہ کی اور دوسروں نے کہا: یہ اتفاقی امر ہے، عزیز دوسری مرتبہ لے گئے تو دوبارہ بادل کا ٹکڑا ظاہر ہوا، اس پر دوسرے نے توبہ کی، مگر تیسرے نے کہا یہ تو اتفاقی بات تھی، یہ سن کر تیسری مرتبہ موئے مقدس کو سورج کے سامنے لے گئے، سہ بارہ بادل کا ٹکڑا ظاہر ہوا تو تیسرا منکر بھی تائب ہو گیا۔

آپ نے یہ بھی فرمایا کہ ایک مرتبہ میں موئے مبارک کو زیارت کے لئے باہر لایا، بہت بڑا مجمع تھا، ہر چند صندوق کا تالا کھولنے کی کوشش کی گئی لیکن نہ کھلا، اپنے دل کی طرف متوجہ ہوا تو معلوم ہوا فلاں آدمی ناپاک ہے، جس کی نحوست سے یہ نعمت میسر نہیں آ رہی، عیب پوشی کرتے ہوئے میں نے سب کو طہارت کے لیے حکم دیا وہ آدمی بھی مجمع سے چلا گیا، فوراً تالا کھل گیا اور ہم سب نے زیارت کی، حضرت والد ماجد نے آخری عمر میں جب تبرکات تقسیم فرمائے تو ان دونوں بالوں میں سے ایک کاتب الحروف کو عنایت فرمایا جس پر پروردگار عالم کا شکر ہے۔

## غیر اللہ کو سجدہ سے ممانعت

فرمایا: ایک مرتبہ حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بچشم حقیقت دیکھا، جب اس مظہر اتم میں صفات الٰہیہ کے کمال کا مشاہدہ کیا تو سجدے میں گر گیا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اظہار تعجب کے طور پر انگلی منہ میں دبالی، اور اس شکل سے منع فرمایا، بارہا دل میں آیا کہ اس صورت سے منع کرنے میں کیا نکتہ تھا، بعد میں معلوم ہوا کہ انسان کو دو طرح سے سجدہ کیا جاسکتا ہے، ایک اس صورت میں کہ اس کے معبود ہونے کا اعتقاد دل میں ہو اور یہ کفر ہے، دوسرا اس صورت میں کہ اس میں اللہ کی صفات کے ظہور کا مشاہدہ کر کے سجدہ کیا جائے اور یہ کفر کی مشابہت کی وجہ سے ممنوع ہے، لہٰذا اس باریک فرق کی بنا پر اسطرح سے آپ نے منع فرمایا۔

## سید صاحب

فرمایا: ایک آدمی کے سید یا غیر سید ہونے کے کے بارے میں مجھے شک تھا، ایک روز خواب میں دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک پلنگ پر لیٹے ہوئے ہیں، اور وہ آدمی پلنگ کے نیچے سویا ہوا ہے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اگر سید ہونے کی قرابت نہ رکھتا تو یہاں کیسے پہنچتا؟

## مقبول درود

فرمایا کہ ایک دن میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم (کی مجلس) کو دیکھا کہ وہاں حاضر ہر ایک ہر ایک شخص اپنے فہم وفراست کے مطابق آپ کی بارگاہ میں درود وسلام پیش کر رہا ہے، میں نے بھی یہ درود عرض کیا'' اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَآلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَبَارِكْ وَسَلِّمَ * (یا اللہ درود نازل فرما، محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نبی امی پر، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اولاد پر، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اصحاب پر اور برکت وسلام نازل فرما) اس درود پاک سن کر آپ کے چہرۂ مبارک سے بشاشت وتازگی کا اظہار ہو رہا تھا۔

## نیاز کے چنے

فرمایا کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے دنوں میں ایک مرتبہ خزانۂ غیب سے کچھ میسر نہ آسکا کہ میں کچھ طعام پکا کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیاز دلوا سکتا، لہٰذا تھوڑے سے بھنے ہوئے چنے اور شکر پر اکتفا کرتے ہوئے میں نے آپ کی نیاز دلوادی، اسی رات بچشم حقیقت دیکھا کہ انواع واقسام کے طعام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیے جارہے ہیں، اسی دوران وہ شکر اور چنے بھی پیش کیے گئے، انتہائی خوشی ومسرت سے آپؐ نے وہ قبول فرمائے اور اپنی طرف لانیکا اشارہ فرمایا، پھر تھوڑے سے تناول فرما کر باقی تقسیم فرمادیئے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ اس قسم کا قصہ اگلے بزرگوں سے بھی روایت کیا جاتا ہے، مگر یہ قصہ بلا شبہ حضرت والد ماجد کا ہے، ہوسکتا ہے کہ توارد ہوگیا ہو۔

## حضرت علیؓ سے ملاقات

فرمایا ایک مرتبہ حقیقتاً دیکھا کہ حضرات حسنؓ وحسینؓ یاقوت سرخ کی بہلی پر سوار ہیں، جو بغیر جانوروں کے محض اللہ کی قدرت سے چل رہی ہے، میں بھی ان کے ساتھ ساتھ چل رہا ہوں، آپ نے فرمایا کہ آؤ ہمارے ساتھ بہلی میں بیٹھ جاؤ، مگر میں ادب کی وجہ سے اس بات پر راضی نہ ہوا، بات ہلکے مزاح پر جا پہنچی، بلا کر فرمایا کہ بہلی کے پردے کو نیچے لٹکادو، میں اسکے پائے پر چڑھ کر پردہ لٹکانے ہی والا تھا کہ ایک ہاتھ سے حضرت امام حسینؓ اور دوسرے ہاتھ سے امام حسنؓ نے مضبوط پکڑ لیا اور ہنستے ہوئے فرمایا: اب خبر دیجئے کیسے رہے؟

میں نے عرض کیا: اس شخص کی حالت کیا بیان کی جائے جس کے دونوں ہاتھ حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جگر گوشوں کے ہاتھوں میں ہوں؟ بہر حال مجھے بہلی میں بٹھا کر مسرت وشادمانی کے ساتھ اپنے گھر تک لائے جہاں مجھے حضرت علیؓ کی ملاقات نصیب ہوئی، میں نے عرض کیا

کہ ہم فقیروں کو محنت و مشقت سے جو فقر کی نسبت حاصل ہوتی ہے کیا یہ وہی نسبت ہے جو حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ سے صحابۂ کرام حاصل فرمایا کرتے تھے، یا طویل زمانہ گذرنے کے سبب اب کچھ تبدیلی ہوگئی ہے؟

فرمانے لگے: کچھ دیر اپنی نسبت میں غرق ہوجاؤ، تاکہ میں تمہاری نسبت میں غور کرلوں، میں اپنی روحانیت کی طرف متوجہ ہوکر مستغرق ہوا تو تھوڑی دیر بعد آپ نے فرمایا کہ تمہیں بھی بغیر کسی فرق کے وہی نسبت حاصل ہے جو صحابہ کرامؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حاصل تھی۔

## خواجہ کی خلافت

فرمایا کہ ابتدائے احوال میں سلوک کے مختلف طریق کے لوگوں کو میں نے دیکھا اور ان سے امر واقعی میں اجازت حاصل کی، یہی نہیں بلکہ حضرت خواجہ نقشبندیؒ کو بھی میں نے بچشم حقیقت دیکھا کہ لکڑی کے پیالے میں انہوں نے مجھے پانی دیا، میں نے سیر ہوکر پیا پھر انہوں نے مختلف طریق اور سلسلوں کی باتیں بیان کیں اور آخر میں تلقین کی اجازت مرحمت فرمائی۔

## خاص نسبت

فرمایا کہ حضرت خواجہ معین الدینؒ کو میں نے دیکھا کہ گھر میں بیٹھے ہوئے ہیں اور ایک چراغ روشن ہے، لیکن اس چراغ کی بتی صفائی چاہتی تھی تاکہ تازہ ہوکر روشنی کرسکے، مجھے انہوں نے اس خدمت پر مامور فرمایا، چنانچہ میں نے بتی کا پھول جھاڑ کر صاف کیا، اس کے بعد اپنی خاص نسبت مجھے عنایت فرمائی، اور اس واقعہ کی تعبیر بھی طریقہ کی اجازت ہے۔

## حضرت غوث اعظم کی دوکان

فرمایا کہ ایک بار اولیاء اللہ کے سلاسل مجھے اس طرح دکھائے گئے کہ ایک وسیع بازار ہے، جس میں خوبصورت پختہ دکانیں ہیں، ہر دکان میں صاحب سلسلہ بزرگ اپنے اپنے خلفاء اور

معتقدین کے ساتھ فروکش ہیں، میں سب بزرگوں کی زیارت کرتا ہوا بازار سے گزرتا گیا، یہاں تک کہ حضرت غوث اعظمؒ کی دکان پر پہنچا اور آپ کی مجلس مبارک میں بیٹھ گیا، اس وقت "الاعیان ما شمت رائحة الوجود" (۱) (آنکھیں باری تعالیٰ کی ہوا کو بھی نہیں پاسکتیں) پر بحث ہورہی تھی، حاضرین میں سے ہر شخص اپنی فہم وفراست کے مطابق اس کے معانی بیان کر رہا تھا، اپنی باری آنے پر میں نے بھی اس کا مفہوم بیان کیا حضرت غوث الاعظمؒ نے میری تشریح پر خوش ہوکر فرمایا: غرضِ آں بیچارہ ہمیں بود (اس بیچارے مصنف کی مراد بھی یہی تھی)

اس واقعہ کو عرصہ گزر گیا لیکن فارسی زبان میں ادا کئے ہوئے آپ کے یہ کلمات ابھی تک میرے ذہن میں محفوظ ہیں، اس کے بعد آپ مجلس سے اٹھے اور میرا ہاتھ پکڑ کر خلوت میں لے گئے اور فرمانے لگے: کیا تمہارے دل میں میری طرف سے کوئی کھٹکا ہے؟

میں نے عرض کیا: ہاں! تمام صاحب سلسلہ بزرگوں نے مجھے بلا واسطہ اجازت وخلافت عطا فرمائی، سوائے آپ کے، آپ نے فرمایا: میرے خلفاء سے تم نے اجازت حاصل کرلی، گویا بلا واسطہ مجھ سے کسب فیض کرلیا ہے، کیونکہ میرے خلفا اور میں معنی کے لحاظ سے ایک ہیں۔

میں نے عرض کیا: یہ درست ہے، لیکن بلا واسطہ فیض میں ایک خاص لطف ولذت ہے، اس پر ارشاد فرمایا: میں نے بھی تمکو اجازت دی، میرے طریقہ پر لوگوں کو ارشاد وسلوک کی تعلیم دو۔

جب اشغال کی نوبت آئی تو فرمایا: تم نے ابتدائی، درمیانی اور انتہائی تینوں قسم کے اشغال کر رکھے ہیں مزید ضرورت نہیں ہے، پھر آپ نے میرے دل پر توجہ ڈالی اور خاص نسبت عنایت فرمائی، اس کے بعد میں آگے روانہ ہوا اور سلاسل کی سیر کرتا رہا، اس دوران میں نے بے شمار عجائب وحقائق دیکھے، آخر میں عرش کے زیر سایہ پہنچا، میں نے دیکھا کہ ایک سلسلہ عرش کے ساتھ معلق ہے اور حضرت خواجہ نقشبندؒ اس کو تھامے ہوئے حالت استغراق میں ہیں، میں نے

---

ا تفسیر آلوسی، آیت، سنریھم أیاتنا فی الآفاق وفی انفسھم۔ (الاحزاب)

محسوس کیا کہ آپ کے استغراق کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے خلفاء میں مخلوق کی طرف توجہ کی ریاضت ومشقت زیادہ ہے۔

کاتب الحروف عرض کرتا ہے کہ حضرت خواجہ نقشبندؒ کی نسبت کا اثر لطیفۂ سر میں، حضرت غوث اعظمؒ کی نسبت کی وسعت لطیفۂ روح میں، (چنانچہ روحانی تربیت اسی صورت میں ظاہر ہوتی ہے) قدیم صوفیائے کرام کی نسبت لطیفۂ نفس میں زیادہ ہے، اسلیئے قدیم صوفیائے کرام کے ہاں سخت مشکل ریاضتیں پائی جاتی ہیں۔ (لطائف کی تفصیل دیکھیں صفحہ ۲۲۶)

بظاہر آپ نے بے چارے کا لفظ اس لیے استعمال فرمایا کہ جو نفوس قدسیہ ارشاد کے بلند مقام پر فائز ہوتے ہیں، انکے نزدیک عجیب وغریب علوم ومعارف کو کوئی خاص اہمیت حاصل نہیں۔

## نورٌ علی نور

فرمایا کہ ایک بار میں حضرت خواجہ قطب الدینؒ کے مزار مبارک کی زیارت کے لیے گیا، یکا یک میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ میری گناہ گار آنکھیں اور وجود اس قابل نہیں کہ اس مقدس بارگاہ میں حاضر ہوں، یہ خیال آتے ہی مزار سے متصل چبوترے پر رک گیا، اسی دوران آپ کی روحانیت جلوہ گر ہوئی اور مجھے حکم دیا کہ آگے آؤ! میں چند قدم آگے بڑھا، تبھی میں نے دیکھا کہ آسمان سے چار فرشتے ایک تخت لئے ہوئے آپ کی قبر کے قریب اترے، اس تخت پر حضرت خواجہ نقشبندؒ تھے، دونوں کی ملاقات ہوئی، دونوں نے راز و نیاز کی باتیں کیں، اسکے بعد فرشتے تخت اٹھا کر روانہ ہو گئے اور حضرت خواجہ میری طرف متوجہ ہو کر فرمانے لگے: نزدیک آؤ، میں دو تین قدم اور آگے بڑھا، آپ بار بار نزدیک آنے کے متعلق فرماتے رہے اور میں آہستہ آہستہ قریب ہوتا گیا، یہاں تک کہ حضرت کے بہت نزدیک ہو گیا پھر آپ نے پوچھا شعر کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟ میں نے کہا ''کلام حسنہ اچھا ہے اور قبیحہ برا ہے، شعر بھی دوسرے کلام کی مانند ہے اس میں جو تعمیری ہے وہ اچھا ہے اور جو مخرب ہے وہ برا ہے۔

آپ نے فرمایا: بارک اللہ، پھر پوچھا: خوبصورت آواز کے بارے میں تمہارا کیا نظریہ ہے؟
میں نے عرض کیا ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء (الحدید ۲۱) (یہ لطف ایزدی ہے، جسے چاہے عطا کرے) فرمایا: بارک اللہ! لیکن جب یہ دونوں (شعر و آواز) جمع ہوجائیں پھر؟
میں نے کہا: نور علی نور یھدی اللہ لنورہ من یشاء (النور ۳۶) (نور پر نور، اللہ جسے چاہے اپنے نور کی ہدایت دے) آپ نے فرمایا: بارک اللہ، تم بھی کبھی کبھی ایک دو شعر سن لیا کرو!
میں نے عرض کیا: حضرت خواجہ نقشبندؒ کی موجودگی میں آپ نے یہ بات کیوں نہیں فرمائی؟
فرمایا: خلافِ ادب تھا، یا یوں فرمایا کہ مصلحت نہیں تھی۔
حضرت والد ماجد نے فرمایا: عرصے کی بات ہے صحیح الفاظ یاد نہیں رہے۔

## بشارت

فرمایا: ایک دفعہ میں انہی (حضرت شیخ قطب الدینؒ) کے مزار مبارک کی زیارت کے لیے گیا، آپ کی روحِ مبارک ظاہر ہوئی، اور مجھے فرمایا کہ تمہارے ہاں ایک فرزند پیدا ہوگا، اس کا نام قطب الدین احمد رکھنا، اس وقت میری زوجہ عمر کے اس حصہ کو پہنچ چکی تھیں جس میں اولاد کا پیدا ہونا ناممکن ہوتا ہے، میں نے سوچا کہ شاید اس سے مراد بیٹے کا فرزند یعنی پوتا ہے، میرے اس وہم پر آپ فوراً مطلع ہوگئے اور فرمایا: میرا مقصد یہ نہیں بلکہ یہ فرزند خود تمہاری صلب سے ہوگا۔
چنانچہ کچھ عرصہ بعد دوسرے عقد کا خیال پیدا ہوا۔
(حضرت شاہ صاحبؒ کہتے ہیں کہ) اسی نکاح سے کاتب الحروف پیدا ہوا، لیکن میری پیدائش کے وقت حضرت والد ماجد یہ واقعہ اور بشارت بھول گئے اس لیے انہوں نے میرا نام ولی اللہ رکھ دیا، کچھ عرصہ کے بعد جب یہ واقعہ حضرت والد ماجد رحمہ اللہ کو یاد آیا تو پھر میرا دوسرا نام قطب الدین احمد رکھا۔

## شیخ چراغ کی مجلس

فرمایا: ایک دفعہ میں نے شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی قدس سرہٗ کو خواب میں دیکھا کہ وضو فرمارہے ہیں اور نماز کی تیاری میں مشغول ہیں۔

میں نے پوچھا کہ آخرت تو عمل کی دنیا نہیں ہے، یہاں پر وضو اور نماز کی حکمت کیا ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا کہ چونکہ دنیا میں اکثر وقت ان امور کی انجام دہی میں گزرا ہے، اس لئے ان میں لذت محسوس ہوتی ہے، یہاں پر ان کی ادائیگی کسی فریضہ کے طور پر نہیں، بلکہ لطف ولذت کی خاطر ہے، نماز کے بعد اولیاء کی ارواح جمع ہوگئیں اور ان کے درمیان گفتگو شروع ہوگئی، حضرت شیخ چراغ دہلوی رحمہ اللہ نے مجھے ارشاد فرمایا کہ تم بھی ہماری محفل میں شامل ہو جاؤ، میں اس مقدس مجلس میں جانے سے گریز کرنے لگا، اس پر آپ نے فرمایا: ہماری مجلس عام مجالس کی طرح نہیں ہے، چنانچہ میں حاضر ہو گیا، اس روحانی محفل میں وجد بھی دیکھا گیا۔

## شیخ سعدیؒ

فرمایا کہ ایک دفعہ اکبر آباد میں میر محمد زاہد کے درس سے واپسی پر میں ایک کوچے سے گزرا، اس وقت میں خوب ذوق میں سعدی شیرازی رحمہ اللہ کے یہ اشعار گنگنا رہا تھا:

جز یاد دوست ہر چہ کنی عمر ضائع است
جز سر عشق ہر چہ بخوانی بطالت است
سعدی بشوی لوحِ دل از نقش غیر حق
علمے کہ راہ حق نماید جہالت است

یار کی یاد کے علاوہ جس کام میں بھی عمر گذری ضائع سمجھو، عشق کے اسرار کے سوا جو کچھ بھی پڑھے فضول ہے، سعدی دل کی تختی سے حق کے علاوہ تمام نقشوں کو مٹا دے، جو علم راہ حق کی ہدایت و رہنمائی نہ کرے وہ علم نہیں، جہالت ہے۔

اتفاق کی بات کہ چوتھا مصرعہ میرے ذہن سے اتر گیا، ہر چند ذہن پر زور دیا لیکن یاد نہ آیا، اس تار کے ٹوٹنے سے میرے دل میں سخت اضطراب اور بے ذوقی کی کیفیت پیدا ہوئی کہ اچانک ایک فقیر منش، ملیح چہرہ، دراززلف، پیر مرد نمودار ہوا اور اس نے مجھے لقمہ دیا۔

میں نے کہا: جزاک اللہ خیرالجزاء! آپ نے مجھے کتنی پریشانی سے نجات دلائی ہے، میں نے ان کی خدمت میں کچھ پان پیش کئے، انہوں نے مسکراتے ہوئے فرمایا: یہ بھولا ہوا مصرعہ یاد دلانے کی مزدوری ہے؟ میں نے عرض کیا: نہیں، یہ تو بطور ہدیہ اور شکریہ پیش کر رہا ہوں۔

اس پر انہوں نے فرمایا: میں پان استعمال نہیں کیا کرتا۔

میں نے عرض کیا: کوئی شرعی پابندی ہے یا طریقت کی رکاوٹ؟ اگر کوئی ایسی بات ہے تو مجھے بتا یئے تاکہ میں بھی اس سے احتراز کروں۔

فرمایا: ایسی کوئی بات نہیں، البتہ میں پان کھایا نہیں کرتا، مجھے جلدی جانا چاہئے۔

میں نے کہا: میں بھی جلدی چلوں گا، انہوں نے فرمایا: میں جلد تر جانا چاہتا ہوں، یہ کہہ کر انہوں نے قدم اٹھایا اور کوچہ کے آخر میں رکھا، میں نے جان لیا کہ کسی اہل اللہ کیمبارک روح انسانی شکل میں جلوہ گر ہے، میں نے آواز دی کے اپنے نام سے تو اطلاع دیتے جائیں، تاکہ فاتحہ تو پڑھ لیا کروں، فرمایا: فقیر کو سعدی (رحمہ اللہ) کہتے ہیں۔

## مجذوبوں کا سردار

فرمایا: میں نے چشم حقیقت سے دیکھا کہ میں آسمان پر گیا، وہاں ایک شخص گدڑی لپیٹے سویا ہوا ہے اور اس سے محبت کے شعلے بھڑک رہے ہیں، معلوم ہوا کہ یہ مجذوبوں کا سردار ہے اور ہر مجذوب اس کا مقلد ہے، بظاہر یہ مجذوب آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پہلے گزرا ہے۔

کاتب الحروف عرض پرداز ہے کہ ممکن ہے کہ مجاذیب کے لیے یہ مثالی صورت تربیت الٰہی اور عقل وخرد سلب کرنے والی عظیم نسبت کا راز ہو۔

## عجیب دعوت

اس فقیر (شاہ ولی اللہ) نے ان احباب سے جو خود اس واقعہ کے عینی شاہد تھے، سنا ہے کہ ایک بار حضرت والد ماجد مخدوم شیخ اللہ دیا صاحب کے مزار کی زیارت کے لیے قصبہ ڈاسنہ میں گئے ہوئے تھے، یہ رات کا وقت تھا، اسی دوران آپ نے فرمایا کہ مخدوم صاحب نے ہماری دعوت کی ہے اور فرمایا ہے کہ کچھ تناول کر کے جائیں، آپ نے دعوت کا انتظار فرمایا، یہاں تک کہ رات گزر جانے کی وجہ سے لوگوں کی آمدورفت بھی ختم ہوگئی، احبا بغمگین ہوئے، اچانک ایک عورت میٹھے کا تھال لیے نمودار ہوئی اور اس نے کہا: میں نے منت مانی تھی کہ جس وقت میرا شوہر گھر واپس آئے میں اسی وقت کھانا پکا کر مخدوم اللہ دیاؒ کی درگاہ میں قیام پذیر فقراء میں تقسیم کروں گی، میرا شوہر ابھی واپس پہنچا ہے، میں نے اپنی منت پوری کی ہے، میری خواہش تھی کہ خدا کرے اس وقت رات گئے درگاہ میں کوئی موجود ہو تا کہ کھانا کھالے۔

## غلط خیال ہے تیرا

فرمایا: ایک دفعہ رات کے وقت میں سیر کرتا ہوا ایک بہت ہی خوبصورت مقبرے میں پہنچا، میں تھوڑی دیر وہاں ٹھہرا، میرے دل میں خیال آیا کہ اس وقت یہاں میرے علاوہ کوئی ذاکر نہیں ہے، اس خیال کے آتے ہی ایک جھکی کمر والا بوڑھا ظاہر ہوا اور اس نے پنجابی زبان میں گانا شروع کیا اس کے گیت کا مفہوم یہ تھا: دوست کے دیدار کی آرزو مجھ پر غالب آ گئی ہے۔

میں اس نغمے سے متاثر ہو کر اس کی طرف بڑھا میں جوں جوں اس کے نزدیک ہو رہا تھا وہ اسی قدر مجھ سے دور ہوتا جا رہا تھا پھر اس نے کہا: تمہارا خیال یہ ہے کہ اس مقام پر تمہارے علاوہ کوئی ذاکر نہیں ہے، میں نے جواب دیا: میرا یہ خیال زندوں کے بارے میں تھا، کہنے لگا: اس وقت تو تم نے مطلق تصور کیا تھا، اب خاص کر رہے ہو، اسکے بعد وہ غائب ہو گیا۔

## روح و دل کی غذا

فرمایا: شیخ بایزید اللہ گوؒ نے حرمین کی زیارت کا قصد کیا، آپ کی معیت میں بہت سے ضعیف مرد، بچے اور عورتیں بھی تیار ہو گئیں، حالانکہ زادراہ کا کوئی انتظام نہ تھا، برادر گرامی اور میں نے متفق ہو کر ارادہ کیا کہ انہیں واپس لایا جائے، جب ہم تغلق آباد پہنچے تو دن بہت گرم ہو چکا تھا ہم لوگ ایک سایہ دار درخت کے نیچے آرام کی غرض سے بیٹھ گئے، اس دوران تمام احباب سو گئے اور میں اکیلا ان کے کپڑوں اور سامان کی حفاظت کے لیے جاگتا رہا، اپنے آپ کو بیدار رکھنے کے لیے میں نے قرآن مجید کی تلاوت شروع کر دی، چند سورتیں تلاوت کر کے میں خاموش ہو گیا، اچانک قریبی قبور میں سے ایک صاحبِ قبر مجھ سے مخاطب ہوا: قرآن مجید کے زندگی بخش نغمات سننے کے لیے مدت سے ترس رہا ہوں، اگر کچھ وقت اور تلاوت کریں تو احسان مند ہوں گا۔

میں کچھ اور تلاوت کر کے پھر خاموش ہو گیا، صاحبِ قبر نے مزید استدعا کی، میں نے پھر پڑھا، میرے چپ ہونے پر اس نے تیسری بار درخواست کی میں نے اس دفعہ بھی اس کی درخواست قبول کی اور قرآن مجید کی چند آیات تلاوت کیں۔

اس کے بعد یہ صاحبِ قبر مخدومی برادر گرامی جو پاس ہی سو رہے تھے کے خواب میں آیا اور کہا: میں نے ان کو بار بار تلاوت کے لیے کہا ہے، اب مجھے حیاء آتی ہے، آپ انہیں فرمائیں کہ قرآن مجید کا کچھ حصہ زیادہ تلاوت کر کے میری روح کی غذا فراہم کریں، وہ نیند سے اٹھے اور مجھے صورت حال سے آگاہ کیا، میں نے اب کی بار زیادہ تلاوت کی، میں نے ان اہل قبور میں خوشی و مسرت کی لہر محسوس کی، انہوں نے مجھ سے کہا: جزاك الله عنى خير الجزاء، اس کے بعد میں نے ان سے عالم برزخ کے متعلق پوچھا، انھوں نے کہا کہ میں ان قبروں میں سے کسی کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتا، البتہ میں اپنا حال آپ کو سناتا ہوں، جب سے میں نے دنیا

سے انتقال کیا ہے میں نے کسی قسم کا عذاب یا عتاب نہیں دیکھا، اگرچہ بہت زیادہ انعام و اکرام بھی نہیں ہے۔

میں نے پوچھا: تمہیں معلوم ہے کہ کون سے عمل کی برکت سے تمہیں نجات ملی ہے؟ اس نے کہا: میں نے ہمیشہ اس بات کی کوشش کی کہ دنیاوی بکھیڑوں سے خود کو آزاد رکھوں اور ذکر الٰہی اور عبادات سے غافل کرنے والی چیزوں سے کنارہ کشی اختیار کروں، اگرچہ اپنے اس ارادے کو مکمل عملی جامہ نہ پہنا سکا، تاہم خدائے بزرگ و برتر نے میرے حسنِ نیت کو پسند فرما کر مجھے یہ صلہ عطا فرمایا، بہرحال جب سب لوگ قیلولہ سے فارغ ہوئے تو شیخ بایزیدؒ سے گفتگو ہوئی اور ہم انہیں واپس لے آئے۔

## گمنام بزرگ

فرمایا: ایک دفعہ حضرت خواجہ قطب الدین رحمہ اللہ کی درگاہ کے قریب سیر کر رہا تھا، اس دوران مجھے ایسی قبر نظر پڑی کہ اس کے ذکر کی وجہ سے زمین سے تحت الثریٰ اور فضا میں عرش معلیٰ تک ہر چیز ذاکر تھی، مجھے تعجب ہوا، میں نے فضیلت پناہ شیخ محمد پھلتیؒ سے جو اس وقت میرے ہمراہ تھے، کہا کہ آپ بھی اس قبر پر مراقبہ کر کے اس کا حال معلوم کریں۔

مراقبے کے بعد قریب قریب انہوں نے بھی وہی کیفیت بیان کی جو میں مشاہدہ کر چکا تھا، وہاں ہمیں ایک بوڑھا دیہاتی ملا، میں نے اس قبر کے متعلق اس سے معلوم کیا، اس نے بتایا کہ یہ ایک بزرگ کا مزار ہے، اس وقت میری عمر ۸۰ سال ہے میرے والد سو برس کے ہو کر فوت ہوئے اور میرے دادا کی ایک سو بیس سال عمر ہوئی، میں نے اپنے والد سے سنا، وہ اپنے والد سے نقل کرتے تھے کہ اس مزار پر ہر وقت مجمع لگا رہتا تھا، لوگ نذر نیاز لایا کرتے تھے، حضرت قطب الدینؒ کے مزار کی طرح زائرین دور دراز سے یہاں آ کر قیام کرتے تھے، اس کے بعد آہستہ آہستہ یہ بزرگ گمنامی میں چلے گئے اور لوگ اس مزار سے غافل ہو گئے۔

## سفری نماز

فرمایا: ایک سفر کے دوران مجھے خیال آیا کہ سفری نماز میں قصر رخصت ہے(۱)، کبھی کبھار سفر کی حالت میں مکمل نماز بھی پڑھ لینی چاہئے، چنانچہ اس دفعہ میں نے قصر نہیں کی، رات کو خواب میں میں نے حضرت امام شافعیؒ کو دیکھا کہ آپ بے حد مسرور اور میری طرف متوجہ ہیں۔

## تکلیف سے نجات

فرمایا: کہ میرے والد شہید شہادت کے بعد کبھی کبھار ظاہری شکل وصورت میں مجسم ہو کر میرے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور حال و مستقبل کی خبریں سناتے تھے، ایک دفعہ مخدومی برادر گرامی کی دختر کریمہ بیمار ہوگئی، اس کی بیماری نے طول پکڑا، انہی ایام میں ایک دن تن تنہا میں اپنے حجرے میں سو رہا تھا، کہ اچانک والد صاحب تشریف لائے اور فرمانے لگے کہ میں کریمہ کو ایک نظر دیکھنا چاہتا ہوں، لیکن گھر میں بہت سی مستورات آئی ہوئی ہیں، انکی موجودگی میں وہاں جانا طبیعت پر گراں گزرتا ہے، ان کو ایک طرف کر دو، چونکہ اس وقت ان مستورات کا اٹھانا خلاف مصلحت تھا اس لئے میں نے انکے اور کریمہ کے درمیان پردہ لٹکا دیا، اسکے بعد وہ اس طرح ظاہر ہوئے کہ کریمہ اور میرے علاوہ انہیں کوئی نہیں دیکھ رہا تھا، کریمہ نے انہیں پہچان لیا اور کہا: عجیب بات ہے لوگ انکو شہید کہتے ہیں، حالانکہ یہ زندہ ہیں، فرمانے لگے: بیٹی! اس بات کو چھوڑو، تم نے بیماری میں کافی تکلیف برداشت کی ہے، انشاءاللہ کل صبح کی اذان کے وقت تمہیں مکمل نجات مل جائے گی، یہ بات فرما کر اٹھے اور دروازے کے راستے باہر نکلے، میں بھی ان کے پیچھے روانہ ہوا، فرمایا: تم ٹھہرو، اور پھر غائب ہو گئے، دوسرے روز فجر کی اذان کے وقت کریمہ کی روح پرواز کر گئی اور اس نے ہر قسم کی تکلیف سے نجات حاصل کر لی۔

---

۱ امام اعظم ابوحنیفہؒ کے نزدیک مسافر کیلئے قصر کرنا واجب ہے، جبکہ حضرت امام شافعیؒ کے نزدیک رخصت ہے۔

## روح کا رقص

حضرت والد ماجد ایک دفعہ قصبہ پھلت میں تھے،عرس کے روز ایک بزرگ تشریف لائے، قوالوں نے نغمہ چھیڑا،تھوڑی دیر کے بعد وہ بزرگ فرمانے لگے: شیخ ابوالفتح قدس سرہ کی روح محفل میں آ کر رقص کر رہی ہے،عنقریب ان کے جذب کے اثرات اہل محفل پر طاری ہو جا ئینگے،تھوڑی ہی دیر میں مجلس کا رنگ بدل گیااور ہاؤ ہو کے مستانہ نعروں سے محفل گونج اٹھی۔

## شیخ محمد پھلتیؒ

حضرت والد گرامی جب کبھی مخدومی شیخ محمد پھلتی قدس سرہ کی قبر مبارک کے پاس بیٹھتے،تو فرماتے کہ ان کی روح نماز میں میری اقتدا کرتی ہے،اور مجھ سے معارف حاصل کرتی ہے۔
ایک دفعہ اس فقیر ( ولی اللہ ) کی طرف متوجہ ہوئے اور بعض فیوض و معارف عطا فرمائے، پھر فرمایا: مخدومی شیخ محمد پھلتی قدس سرہ کی روح پر فتوح نے مجھے حکم دیا ہے کہ فلاں ( ولی اللہ ) کو کچھ معارف کی تعلیم دو، وہ تمام میں نے تمہارے سامنے بیان کر دیئے ہیں۔

## وبا کا فرشتہ

فرمایا: ایک دفعہ میں چند احباب کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ ایک لمبا تڑنگا خوفناک شخص ہاتھ میں تیر و کمان لئے ہوئے آیا اور مسنون طریقہ سے سلام کیا، میں نے سلام کا جواب دیا، اس نے بتایا کہ میں وبا پر مقرر فرشتہ ہوں،عرصہ سے آپ کی ملاقات کی خواہش تھی،آج ہمارا لشکر اس علاقے سے گزرا ہے، میں نے سوچا اچھا اتفاق ہے،آپ سے مل لوں،آج ہمیں فلاں جگہ سے کوچ اور فلاں مقام پر پہنچنے کا حکم ہے، میں آپ کو خوشخبری سناتا ہوں کہ آپ کے احباب و معتقدین میں سے کوئی اس وبا میں ہلاک نہیں ہوگا، اس کے بعد اس نے سلام کیا اور چلا گیا، چند دنوں میں وباء اسکے بتائے ہوئے علاقے میں منتقل ہوگئی اور معتقدین بھی محفوظ رہے۔

## ملک الموت

فرمایا: ایک دفعہ میں تنہا اپنے حجرے میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص آیا اور کہنے لگا کہ اگر تم چاہو تو ابھی اس دنیا سے دار الآخرت کی طرف منتقل ہو سکتے ہو اور اگر چاہو تو کچھ عرصہ بعد، میں نے جواب دیا: ابھی کچھ کمالات اور منازل حاصل کرنا باقی ہیں اور میں ان کی امید میں ہوں، کہنے لگا: اچھا تمہاری مرضی کے مطابق تمہاری موت مؤخر کر دی گئی ہے، اسکے بعد وہ شخص واپس ہوا، میں نے اس کی پشت پر جڑے ہوئے مرصع جواہرات دیکھے، یہ قصہ مختصراً بیان کیا گیا ہے۔

## کفر کا انجام

فرمایا: ایک دفعہ میں روہتک کے شہر میں تفریح کے ارادے سے باہر نکلا، راستے کی تھکاوٹ اور دن کی گرمی کے باعث تھوڑی دیر ستانے کے لیے ایک مقبرے میں چلا گیا، اندر جاتے ہی مجھے احساس ہوا کہ ان قبور میں آگ بھڑک رہی ہے اور اس کی تپش کے اثرات میں محسوس کرنے لگا، میں نے احباب سے کہا کہ اس مقبرے سے جلدی باہر نکلو، کیونکہ یہاں آگ بھڑک رہی ہے، میں نہیں سمجھتا کہ یہاں کوئی مسلمان دفن ہے، وہاں ایک ہندو بھی موجود تھا، وہ متعجب ہو کر کہنے لگا: آپکو کیسے معلوم ہوا کہ یہ مسلمانوں کی قبریں نہیں ہیں؟ میں نے کہا: کشف کے ذریعے، پھر اس ہندو نے اعتراف کیا کہ یہ مسلمانوں کی قبریں نہیں، بلکہ یہاں پر چند یوگی زندہ درگور ہو گئے تھے، بعد میں لوگوں نے مسلمانوں کی طرز پر انکی قبریں بنا ڈالیں۔

## اولیاء اللہ کے ساتھ بحث و تکرار

فرمایا: ایک صاحبِ کشف بزرگ بعض کشفی مسائل کے بارے میں اکثر مجھ سے جھگڑتے رہتے تھے، ہم نے معاہدہ کیا کہ ہم دونوں میں سے جو بھی اس دنیا سے پہلے انتقال کر جائے وہ دوسرے کو ان مسائل کی حقیقت سے مطلع کرے۔

اس بزرگ کی وفات کے بعد میں نے اسے دیکھا کہ وہ فردوس کے بلند مقام پر فائز اور گونا گوں نعمتوں سے بہرہ مند ہے، لیکن اس کی بصارت کمزور ہے، میں نے بصارت کی کمی کا سبب پوچھا تو کہنے لگا کہ اسکا باعث وہی عقیدہ ہے جس پر میں تمہارے ساتھ بحثیں کیا کرتا تھا۔
کاتب الحروف کہتا ہے کہ شیخ عبدالباقی لکھنویؒ نے وحدت الوجود کے متعلق بہت مطالعہ کیا تھا، لیکن کم فہمی کی بنا پر عبادات اور اسلامی عقائد کے بارے میں سست تھے، ان کی وفات کے بعد والد گرامی ان کے مزار پر تشریف لے گئے اور کچھ دیر وہاں قیام فرمایا، اسکے بعد ارشاد فرمایا کہ عبادات و عقائد میں کمزوری کی وجہ سے ماخوذ تھے، لیکن میں نے ان کی شفاعت کر دی ہے۔

## خیر خواہی کا ثمرہ

فرمایا: اکبر آباد کا قصہ ہے بارش اور ہواؤں کے موسم تھا میں سوار ہو کر کہیں جا رہا تھا، راستے میں ایک جگہ دیکھا کہ کتے کا بچہ دلدل میں ڈوب رہا ہے اور خوب زور زور سے چلا رہا ہے۔
اس کی مصیبت اور دردناک آواز سے میرا دل بھر آیا، میں نے خادم سے کہا کہ جلدی جاؤ اور اس پلے کو باہر نکالو، اس نے نفرت کا اظہار کرتے ہوئے انکار کیا، میں جلدی جلدی گھوڑے سے اترا، کپڑے اوپر چڑھائے اور پانی میں اترنے کے لیے آگے بڑھا، خادم نے جب یہ صورت حال دیکھی تو چار و نا چار وہ خود آگے بڑھا اور پلے کو باہر نکال لایا۔
قریب ہی ایک حمام تھا، وہاں سے گرم پانی لیکر میں نے اس کو نہلایا، طباخ سے روٹی اور شوربا لیکر اسے خوب کھلایا، پھر میں نے کہا: یہ کتا اس محلے کا ہے، اگر اس محلے والے اس کی خبر گیری کا ذمہ اٹھائیں تو بہتر، ورنہ ہم اس کو اپنے محلے میں لے جائیں گے، طباخ نے یہ ذمہ داری قبول کر لی، چنانچہ یہ کتا اس کے حوالے کر کے میں رخصت ہو گیا، کچھ عرصہ بعد میں اسی محلے کے اسی کوچے سے گزر رہا تھا، میں نے دیکھا کہ سامنے ایک کتا آ رہا ہے اور اس کوچے میں کچھ کیچڑ بھی ہے، میرے دل میں آیا، اس جگہ سے جلدی گزر جانا چاہئے تاکہ کتے کے ناپاک چھینٹے

کپڑوں پر نہ پڑیں، میں تیزی سے آگے بڑھا، مگر کتا مجھ سے بھی زیادہ تیزی سے آگے آیا، اسی کیچڑ پر ہم ایک دوسرے کے قریب آ گئے، مجھے دیکھ کر وہ کتا ٹھہر گیا اور صاف زبان میں کہنے لگا: السلام علیک میں نے وعلیک السلام کہا، پھر اس نے کہا: تم نے حدیث قدسی میں پڑھا ہے :رب العزت فرماتا ہے :"یا عبادی انی حرمت الظلم علی نفسی وجعلته علیکم محرما فلا تظلمو"(۱) میں نے ظلم کو اپنے اوپر حرام کر رکھا ہے، اسی طرح تمہارے لیے بھی ظلم حرام ہے، پس ظلم نہ کرو) مجھ پر تم نے کیوں ظلم کیا ہے؟ میں نے کہا: مجھے تو کچھ علم نہیں کہ میں نے کون سا ظلم کیا ہے؟ اس نے کہا: راستہ اور کوچہ انسان اور حیوان دونوں کی گزرگاہ ہے، اصولاً ہمیں حسب عادت نرم رفتار سے آنا چاہئے تھا پھر بھی ہم دونوں اگر اکٹھا ہو جاتے تو اس میں کوئی حرج نہ تھا، میں نے کہا:

انسان پر عبادت الٰہی کی بجا آوری کے لیے جسم اور کپڑوں کی پاکیزگی بھی فرائض میں شامل ہے، میں نے سوچا میں جلدی سے گزر جاؤں کیونکہ اگر میرے کپڑے ناپاک ہو گئے تو انہیں پاک کرنے میں وقت لگے گا، اس نے کہا: اس وقت تمہارے دل میں یہ خیال نہ تھا بلکہ محض کتے سے نفرت وکراہت کے سبب جلدی گزر جانا چاہا، اب اس فعل کو صحیح ثابت کرنے کے لیے ایک جائز عذر بہانہ بنا رہے ہو، اگر تمہارے کپڑے پلید ہو جاتے تو وہ پانی کی معمولی مقدار سے پاک ہو سکتے تھے، لیکن اگر انسانی قلب تکبر اور خود بینی کی گندگی سے ناپاک ہو جائے تو سات دریاؤں کے پانی سے بھی پاک نہیں ہو سکتا، میں نے اس بات پر اس کو داد دی اور دل میں شرمسار ہوا، اسکے بعد میں دیوار کے ساتھ لگ کر کھڑا ہو گیا اور اسے کہا: تم نے مجھے نصیحت کی ہے، اب اس راستے سے گزر جاؤ، کہنے لگا: گزشتہ زمانے کے درویش قربانی وایثار کا جذبہ رکھتے تھے، لیکن اس دور کے فقراء اپنے آپ کو ترجیح دیتے ہیں، میں نے کہا: ان دو لفظوں کی تشریح تو

---

۱ صحیح مسلم حدیث ۴۶۷۴

کرو! کہنے لگا: پہلے فقراء خراب اپنے لیے اور نفیس دوسروں کے لیے اختیار کرتے تھے، لیکن اس دور کے درویش اچھی چیز اپنے لیے لے لیتے ہیں اور بری دوسروں کے لیے چھوڑ دیتے ہیں صاف راستہ تم نے پسند کرلیا ہے اور کیچڑ والا راستہ میرے لیے چھوڑ دیا ہے، یہ سنتے ہی میں خراب راستے کی طرف ہولیا اور اس کے لیے صاف راستہ چھوڑ دیا۔

پھر کہنے لگا: اللہ تعالیٰ پاکیزہ عقل عطا کرے اور عقلِ کور سے بچائے، میں نے پوچھا: پاکیزہ عقل کیا ہے اور عقل کور کون سی؟ کہنے لگا: پاکیزہ عقل یہ ہے کہ بغیر کہے سنے آدمی صحیح راستہ اختیار کرے، اور عقل کور یہ کہ جب تک اسے بتایا نہ جائے وہ بھٹکتا رہے، اس کے بعد اس نے سلام کیا اور رخصت ہوگیا، میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو کچھ نہ تھا، میں نے جان لیا کہ پلے کو باہر نکالنے کا عمل مقبول ہوگیا ہے، اور اسی کے نتیجے میں یوں تعلیم دی جا رہی ہے۔

## طائرانِ نکتہ داں

فرمایا: رمضان المبارک کے آخری دن (جب کہ عید کے چاند کی توقع ہوتی ہے) میں مسجد حبوط میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک چڑیا آ کر کہنے لگی: کل عید ہے، میں نے یہ بات حاضرین کو بتادی۔

فرہاد بیگ کہنے لگے: حیوانات کی باتوں کا کیا اعتبار، اس پر وہ چڑیا کہنے لگی: جھوٹ بنی آدم کی عادت ہے، ہم اس سے آزاد ہیں، پھر وہ اڑ گئی اور ایک دوسری چڑیا کو لائی، اس نے بھی اس بات کی گواہی دی، اسکے بعد جلد ہی قاضی شہر کے سامنے چاند کی شرعی شہادتیں پیش ہوگئیں۔

کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) نے چڑیوں کی گفتگو کے بارے میں پوچھا، فرمانے لگے: ان کی آواز بھی دوسری چڑیوں کی طرح چوں چوں ہی تھی، مگر لطفِ ربانی سے میں نے ان کی چوں چوں سے بامعنی مفہوم اخذ کرلیا۔

شیخ فقیر اللہ بیان کرتے تھے کہ ایک جنگلی کوا دوسرے تیسرے دن حضرت کی خدمت میں آیا کرتا تھا اور توحید کے بارے میں پوچھا کرتا تھا، کچھ عرصے بعد آپ نے اسے نہ پایا تو شیخ فقیر

اللہ سے پوچھا کہ اکثر یہاں پر ایک کوا بیٹھا کرتا تھا، جسے میں چند دنوں سے نہیں دیکھ رہا؟ میں نے عرض کیا: فلاں شخص نے اسے شکار کر کے اپنے شکاری پرندے کو کھلا دیا ہے، آپ نے بہت افسوس کیا، رنجیدہ ہوئے اور فرمایا کہ یہ کوا مؤحد تھا مجھ سے توحید کے بارے میں اکثر سوالات پوچھا کرتا تھا۔

## صالح جن

فرمایا: ابتدائے حال میں بعض اوقات ساری ساری رات اور بعض دفعہ اکثر شب ذکر الٰہی میں گزرتی تھی، کبھی یہ ذکر اونچی آواز میں ہوتا کبھی آہستگی سے، ذکر کرتے وقت ہمارے ساتھ ایک نیک بخت جن بھی انسانی شکل میں شریک ہوا کرتا، بعض احباب نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ تو اس نے بڑی سختیسے جواب دیا: تم یہ سوال کیوں پوچھتے ہو؟

جمعہ کے دن میرے وعظ میں بھی شریک ہوا کرتا تھا، ایک دن حاضرین میں سے ایک شخص نے پوچھا کہ کیا جنات میں ایسے بھی ہوتے ہیں جو نماز روزہ ادا کرتے ہوں؟ میں نے کہا: ہاں! یہ شخص جو تمہارے درمیان موجود ہے جنات کے متقی افراد میں سے ہے، وعظ سننے کے لیے آیا کرتا ہے، یہ سن کر وہ ایسا غائب ہوا کہ پھر نظر نہ آیا۔

کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) نے اس کی شکل و شباہت کے بارے میں پوچھا تو آپ نے فرمایا: اس کی پیشانی اور آنکھوں سے وحشت ٹپکتی تھی۔

## صوفی جن کی ہمدردی

فرمایا: ایک جن نے مجھ سے اشغال واوراد سیکھے، ایک دن میں گھوڑے پر جا رہا تھا کہ وہ انسانی شکل میں سامنے آ گیا اور صلوۃ التسبیح کے متعلق پوچھنے لگا، میں نے اسے بتایا، جہاں اسے میری بات پوری طرح سمجھ میں نہ آتی وہ دوبارہ پوچھتا، یہاںتکلہ اچھی طرح سمجھ گیا۔

ایک دن محمد غوث کی چارپائی پریاں اٹھا کر لے گئیں اور اسے تکلیف پہنچانے لگیں، یہی جن وہاں پہنچ گیا اور اس نے پریوں کو ڈانٹ ڈپٹ کر محمد غوث کو چھڑایا اور اسے کہا کہ حضرت والا سے سلام کے بعد کہنا کہ پریاں تمہیں ایذا پہنچا رہی تھیں، میں نے انہیں بھگا دیا۔

ایک بار آ کر کہنے لگا: میرا دکن جانے کا ارادہ ہے، معلوم نہیں وہاں سے زندہ واپس آ سکوں یا نہ آ سکوں، میری نجات کے لیے دعا کیجئے، میں نے دعا کی اس کے بعد پھر وہ نظر نہ آیا۔

## جن طالب علم

فرمایا: اکبر آباد میں محمد زاہد کے درس سے واپسی پر سید لطف سونی پتی کے دروازے سے میرا گزر ہوا تو دیکھا کہ وہ دروازے پر پریشان کھڑے ہیں، میں نے سبب پوچھا تو فرمانے لگے: ایک عجیب مصیبت میں مبتلا ہوں، یہ کہہ کر مجھے گھر کے اندر لے گئے، ان کی ایک عزیزہ کو جن نے پاگل کر رکھا تھا، مجھے دیکھتے ہی وہ تعظیم کے لئے اٹھا اور سلام کیا، میں نے کہا: تم کون ہو؟ کہنے لگا: میرا نام عبداللہ ہے اور میں محمد طاہر کا درس انسانی شکل میں پڑھتا ہوں، جب آپ اکبر آباد میں آئے اور محمد طاہر اپنے تلامذہ سمیت آپکے استقبال کو شہر سے باہر آئے تو میں بھی ان میں موجود تھا، میں آپکو اچھی طرح جانتا ہوں، البتہ آپ مجھے نہیں پہچانتے۔

میں نے کہا کیا پڑھتے ہو؟ کہنے لگا: کافیہ میں مفعول مطلق کی بحث کا وہ حصہ پڑھ رہا ہوں جہاں سے مصنف ''لبیک وسعدیک'' سے بحث کرتے ہیں، میں نے کہا: ان دونوں لفظوں کی اس طرح نحوی تشریح کرو کہ جو طالب علم بیان نہ کر سکتے ہوں، اس نے تشریح کی، میں نے کہا: میں محمد طاہر سے تمہاری شفارش کروں گا تا کہ وہ تمہاری طرف زیادہ توجہ رکھیں۔

اس نے کہا: اگر انہیں پتہ چل گیا کہ میں جن ہوں تو وہ مجھے ہرگز نہیں پڑھائیں گے، پھر اس نے کہا: میرا طریقہ یہ ہے کہ میں رات کو چار حصوں میں تقسیم کر لیتا ہوں، ایک حصے میں نماز پڑھتا ہوں، دوسرے میں نفی و اثبات کرتا ہوں، تیسرے حصے میں کافیہ کا مطالعہ کرتا ہوں، اور

آخری حصے میں آرام کرتا ہوں اور دن بھر محمد طاہر کے پاس رہتا ہوں، ایک اونچی کھڑکی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس نے کہا: میں یہاں رہتا ہوں، اس عورت نے اس مقام پر پیشاب کرکے میری جگہ کو ناپاک کردیا ہے، اور میرے نظام الاوقات کو خراب کردیا ہے، اسی لیے میں نے اسے تکلیف دی ہے۔

میں نے حکم دیا، فوراً اس جگہ کو پاک کرکے خوشبو میں بسا دیا گیا، اس انتظام سے وہ خوش ہوگیا اور واپس چلا گیا، فوراً وہ عورت ہوش میں آگئی اور شرم وحیا کے مارے اپنا چہرہ ڈھانپ لیا۔

## شاہ عبدالرحیمؒ کے تصرفات، مکاشفات اور دیگر کرامات کا بیان۔

### کامیاب امتحان

فرمایا: ایک آدمی شیخ عبدالاحد سرہندی کی مجلس میں کہنے لگا کہ اس زمانے میں کوئی صاحب کرامت نہیں ہے، شیخ نے اس کے عقیدہ کی اصلاح کے لیے اسی کے سامنے سات روپے میری نذر کے لیے مقرر کردیئے، پھر فرمایا: پہلے پانچ روپیہ پیش کریں گے، دیکھیں کیا فرماتے ہیں؟ پھر مجھے کہلا بھیجا کہ میں آج آپ کی ملاقات کے لیے آرہا ہوں۔

میں نے کہلایا: بہتر یہ ہے کہ میں آپ کی ملاقات کے لیے آؤں، انہوں نے فرمایا: میں نے سواری کا انتظام کرلیا ہے، میں نے کہا: سواری کا ارادہ بے سود ہے، ہمارے درمیان جب یہ بات بڑھی تو ہم نے باہم ایک درمیانی جگہ کا انتخاب کرلیا کہ ہم میں سے جو بھی پہلے اس مقام پر پہنچے گا وہ دوسرے کو واپس لے جائیگا۔

میں نے گھوڑے کے لیے بہت کوشش کی، لیکن کہیں سے میسر نہ آسکا، اسی طرح شیخ عبدالاحد نے پالکی تیار کرائی لیکن انہیں چوتھا کہار نہ مل سکا، آخرکار میں ان سے پہلے پہنچ گیا اور انہیں واپس ان کے دولت کدہ پر لے گیا۔

جب ہم وہاں پہنچے تو انہوں نے پانچ روپے میرے سامنے رکھ دیئے اور فرمانے لگے: یہ آپ کی نذر ہیں، میں نے کہا: میری نذر یہ نہیں، میری نذر تو سات روپے ہے۔

چنانچہ انہوں نے پورے سات روپے پیش کئے، اس کے بعد شیخ عبدالاحد نے از راہ خوش طبعی فرمایا کہ اس کامیاب امتحان پر آپ کی خدمت میں دو روپے اور بھی پیش کرنے چاہئیں، چنانچہ دو روپے مجھے پیش کئے پھر فرمایا: یہ سب کچھ اس شخص کی اصلاح کے لیے کیا ہے۔

## قلندر کا حساب

فرمایا: شیخ عبدالاحد رمضان المبارک کے آخری عشرے میں اعتکاف میں تھے، میں ان سے ملاقات کے لیے وہاں پہنچا، باتوں کے درمیان انہوں نے کہا: پرسوں عید ہے، پھر ملاقات ہوگی، میں نے کہا: نہیں، بلکہ عید اس کے بعد ہوگی، فرمانے لگے: جنتری والے یہی کچھ کہتے ہیں، میں نے کہا: لیکن میرا حساب یوں کہتا ہے، چنانچہ جیسے میں نے کہا تھا اسی طرح ہوا۔

## اندر کی بات

فرمایا: ایک مرتبہ شیخ عبدالاحد پورب یا کسی دوسرے علاقے سے واپس آئے تو میرے لیے ایک تحفہ بھی لیتے آئے، فرمانے لگے کہ کشف سے بتلا دیں کہ کیا لایا ہوں تو سمجھوں گا کہ تحفہ قبول ہوگیا، میں نے کہا: ابھی تو معلوم نہیں بعد میں بتلا سکوں گا، چند دنوں بعد میں آرام کر رہا تھا کہ اس ہدیے کی شکل مجھ کو دکھائی گئی۔

جب دوسری بار ملاقات ہوئی تو میں نے کہا: کہ یہ ایک دوہرے رنگ کا کپڑا ہے، ایک حصہ سبز پھولدار ہے اور دوسرا حصہ بادامی رنگ کا ہے اور بناوٹ میں ہمارے لباس کی طرح نہیں ہے، یہ ایک ایسی چادر کی طرح ہے کہ اسکا اوپر والا حصہ گھماؤ دار اور نچلا حصہ سپاٹ ہے، یہ ایک چہار خانہ کپڑے میں لپٹا ہوا ہے۔

کہنے لگے :اور تو سب درست ہے لیکن وہ چار خانہ کپڑے میں لپٹا ہوا نہیں ہے، کچھ روز بعد انہوں نے یہ کپڑا ایک آدمی کے ہاتھ بھجوایا، اس وقت وہ چار خانہ چیک میں لپٹا ہوا تھا، انہوں نے اس کے متعلق پوچھا تو معلوم ہوا کہ پہلے یہ جس کپڑے میں بندھا ہوا تھا، وہ کپڑا کام آ گیا، لہٰذا اسے اس کپڑے میں لپیٹ کر رکھ دیا گیا، یہ کپڑا چار خانہ تھا، اس درمیانی تبدیلی کا شاہ عبدالاحد کو علم نہ ہو سکا تھا۔

## مشکل جسے سمجھا ہے تو

فرمایا کہ شیخ عبدالاحد سرہند سے چار مسئلے لے کر میرے پاس آئے، جب باتیں چلیں تو کہنے لگے :ایک تو ان میں سے بہت ہی آسان ہے، دو درمیانی درجے کے اور چوتھا بمشکل پورا ہونے والا ہے، اس پر میں نے کہا کہ جسے تم زیادہ مشکل سمجھ رہے ہو وہ تو بادشاہ سے پہلی ملاقات میں ہی پورا ہو جائے گا، اور وہ دو جو اوسط درجے کے ہیں ایک دو تین مہینے بعد اور دوسرا پانچ چھ مہینے میں پورا ہو جائیگا، اور جسے تم آسان سمجھ رہے ہو اس کا ہونا نہ ہونا میری زبان پر موقوف ہے، جب تک میں نہیں کہوں گا اس کے حل کی کوئی صورت نہیں نکل سکتی۔

اس گفتگو کے بعد انہوں نے بادشاہ سے ملاقات کی، میری ترتیب سے بتایا ہوا پہلا عقدہ اسی وقت حل ہو گیا اور دوسرا تیسرا میری بتائی ہوئی میعاد کے مطابق مگر چوتھا جوں کا توں رہ گیا۔

دوبارہ ملاقات کی اور مجھ سے توجہ کے طالب ہوئے۔

میں نے کہا :ایسے نہیں، پہلے تمہیں شہر کے ان بزرگوں سے رجوع کرنا چاہئے جو کشف و کرامت میں پوری شہرت رکھتے ہوں، ان سے مشکل حل ہونے کی میعاد مقرر کروانی چاہئے۔

وہ ایک نامور صاحب کشف بزرگ کے پاس گئے، بزرگ نے تین ہفتے کی میعاد مقرر کر دی، یہ وقت گزر گیا مگر کچھ حل نہ ہوا، پھر دوسرے بزرگ کی طرف رجوع کیا، انہوں نے ایک ماہ کا عرصہ بتایا، وہ بھی گزر گیا مگر کام ہونے کے کچھ آثار نظر نہ آئے، پھر میرے پاس لوٹ کر آئے

اور توجہ کے طالب ہوئے، میں نے کہا: کچھ فرصت چاہئے، تا کہ میری زبان سے خود بخود کام ہونے کی بشارت نکلے، انہوں نے اپنا مسئلہ کاغذ پر لکھ کر فقیر اللہ کے حوالہ کر دیا تا کہ روز آنہ اشراق اور نماز عشا کے بعد وہ مجھے دکھا تا رہے، مدت لمبی ہوگئی اور انتظار کی گھڑیاں حد سے بڑھ گئیں، اتفاق سے ایک دن طبیعت کھل اٹھی اور میں نے فوراً کہد یا کہ بادشاہ کے پاس جایئے کام ہوجائیگا۔

وہ اسی دن دربار میں چلے گئے، بادشاہ نے توجہ سے پوچھا کہ کوئی مطلب ہے تو بتلایئے، انہوں نے سارا قصہ بیان کیا، اسی وقت حسب منشا کام ہو گیا۔

## ختم بے سود

فرمایا کہ میں شیخ عبدالاحد کے دولت کدہ پر گیا، وہ ختمِ خواجگان پڑھ رہے تھے، مجھ سے بھی اس میں شریک ہونے کی درخواست کی۔

میں نے کہا: ختم پڑھنا بے سود ہے، اس سے آپ کا کام نہیں ہوگا، کہنے لگے: کیا آپ کو معلوم ہے کہ کون سا کام ہے؟ میں نے کہا: ہاں! فلاں کام ہے اور اس کا حل اس عورت کے ہاتھ میں ہے، جس کی شکل ایسی ہے اور عمر یہ ہے، اس طرح میں ان کی زندگی کا پورا کچا چٹھا اور کرتوت بیان کرنے لگا، تو وہ کہنے لگے: خدارا! بس کیجئے، راز ظاہر ہوئے جاتے ہیں۔

## بڑی بوتل

حضرت والد ماجد ایک دفعہ شیخ عبدالقدوس کے گھر گئے تو انہوں نے اپنے بیٹے سے کہا کہ حضرت کی خدمت میں شربتِ گلاب پیش کرو، وہاں دو بوتلیں رکھی ہوئی تھیں، لڑکے نے بڑی بوتل رکھ دی اور چھوٹی لا کر پیش کی، حضرت والد ماجد نے ہنستے ہوئے فرمایا کہ بیٹے، بڑی بوتل کیوں چھوڑ آئے ہو؟ وہ بھی لے آؤ۔

## دعا کی درخواست

کاتب الحروف شاہ ولی اللہ کہتا ہے کہ شیخ عبدالاحد بیمار ہوئے اور حضرت والد ماجد عیادت کے لئے تشریف لے گئے، فقیر بھی ہمراہ تھا، شیخ نے صحت کے لئے دعاء کی درخواست کی تو حضرت والد چپ ہوگئے، ان کے عزیزوں نے دعاء کے لئے زور دیا تو پھر بھی خاموش رہے۔

بالآخر شیخ عبدالاحد نے حضرت کے دل کی بات سمجھ لی اور اپنے عزیزوں کو دعا کے لئے مجبور کرنے سے منع کردیا کہ اولیاء کی بارگاہ میں اصرار نہیں کرنا چاہئے۔

حضرت والد ماجد وہاں سے اٹھے تو فقیر سے فرمایا کہ شیخ کی زندگی کے دن پورے ہوگئے ہیں، اس وقت دعا سے کچھ فائدہ نہ ہوتا، میری خاموشی میں یہی حکمت تھی، شیخ چند دنوں کے بعد آغوش رحمت میں چلے گئے۔

## مکار نقاب پوش

ایک دن حضرت والد ماجد اس فقیر کو علم وعرفان کے عجیب نکتے تعلیم فرمارہے تھے کہ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

"اتقوا فراسة المؤمن فإنه ينظر بنور الله"(۱)

مومن کی فراست کا لحاظ کرو کہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

کی بحث چل نکلی اس کی تشریح میں آپ نے دو قصے بیان فرمائے۔

ایک قصہ شیخ رفیع الدین کی فراست کا، جو اپنی جگہ بیان ہوگا اور دوسرا قصہ اپنی فراست کا۔

کہ ایک مرتبہ فقیرانہ بھیس میں، ایک نقاب پوش شخص میرے پاس آیا، بظاہر بڑا دردمند، بات بات میں عاشقانہ شعر اور پرسوز ہندی دوہے پڑھتا اور گریہ وزاری کرتا تھا، مجھ سے قیام کے

---

۱ترمذی حدیث نمبر ۳۰۵۲

لئے حجرہ مانگا اور رشد و ہدایت کی طلب جتائی، میں نے بالکل انکار کر دیا، جب وہ چلا گیا تو میں نے کہا: یہ کالا سانپ ہے اس سے ڈرنا چاہئے، حاضرین نے اس بات کو ماننے میں تامل کیا۔

ایک مدت کے بعد وہ فقیر عورتوں کے لباس میں آیا اور عاقل خاں صوبیدار دہلی کے گھر کے اندر خیرات کی تقریب میں عورتوں کے ساتھ چلا گیا، باہر آتے وقت دربان نے اس کی رفتار دیکھ کر کہا کہ یہ تو عورتوں کی چال نہیں ہے، لہٰذا تفتیش کے خیال سے اس کے پیچھے چل پڑا، آخر حقیقت کھل گئی اور اسے قید کر لیا گیا، بالآخر معلوم ہوا کہ وہ کسی عورت کو بھگائے ہوئے پھر رہا تھا، اسی لئے اس نے نقاب پوشی اور گوشہ نشینی اختیار کر لی تھی، اس کا فقیرانہ سوز و ساز اور درد مندی محض ایک چال تھی۔

## غائبانہ حفاظت

فرمایا: عبدالحفیظ تھانیسری نے اپنے وطن جانے کا ارادہ کیا اور میرے پاس رخصت کے لئے آئے، ایک دستار اور نصف روپیہ نذرانہ بھی لائے اور چاہا کہ نصف روپیہ مخدومی ابوالرضا کی خدمت میں پیش کرے۔

میں نے خوش دلی سے کہا کہ تمہیں اعظم آباد کے میدان میں بہت خوفناک مشکل پیش آئے گی، بہلی کا ایک پہیہ نکل جائیگا، میدان میں اسے ٹھیک کرنا بہت مشکل ہو جائیگا، جو شخص سواریوں کی حفاظت، چوروں اور ڈاکوؤں کی مار دھاڑ سے بچانے اور ساز و سامان کی حفاظت میں کوشش کرے گا مناسب ہے کہ اسے پورا روپیہ دیا جائے۔

اس نے پورا روپیہ مجھے دے دیا اور رخصت ہو گیا، ایک مدت کے بعد جب واپس لوٹا تو کہا کہ اس خوفناک وادی میں جہاں ڈاکوؤں کا بہت خطرہ تھا بہلی کا پہیہ جدا ہو گیا، اور کچھ دور تک بغیر پہیے کے گاڑی چلتی رہی، ہمیں کوئی تکلیف بھی نہ پہنچی اور پھر اس بیابان میں آسانی کے ساتھ ٹھیک کر لیگئی، یہاں تک کہ ہم ساتھ والے قافلے سے ذرا بھی پیچھے نہ رہے۔

## اور چراغ جلتا رہا

سننے میں آیا ہے کہ ایک دن مخدومی شیخ ابوالرضا کی مجلس میں توجہ اور تاثیر کی بات چل رہی تھی، رات کا وقت تھا، تیز ہوا چل رہی تھی، چراغ روشن کرنے کا کوئی امکان ہی نہیں تھا، حضرت والد ماجد نے فرمایا کہ نگاہیں چراغ پر مرکوز رکھو، قدرت کے عجیب تماشے نظر آئیں گے۔

چراغ کو پیالے میں رکھ کر لے آئے، حضرت والد چراغ کی طرف متوجہ ہوئے، جب حضرت نے پوری توجہ ڈال دی تو پیالہ بھی چراغ سے ہٹا دیا گیا، چراغ بے خطر جلتا رہا، اس کی لو پر آندھی کا کچھ اثر نہ ہوا۔

## منکر کی توبہ

فرمایا: محمد ظفر نے مجھے خط لکھ کر ایک آدمی کے ہاتھ روانہ کیا، جسمیں لکھا تھا کہ خط لانے والا توجہ وتاثیر کا منکر ہے، اگر اس پر نگاہ عنایت ہو جائے تو اس کے لئے ہدایت کا سبب بن جائیگی، خط پڑھتے ہی میں نے اس پر توجہ ڈالی تو وہ بے ہوش ہو کر اپنے آپ سے بالکل بے خبر ہو گیا اور تاثیر کے انکار سے تائب ہو گیا۔

## نذر اور بھول

حضرت والد ماجد نے فرمایا کہ فرہاد بیگ کو ایک مشکل پیش آئی، اس نے نذر مانی کہ بارِ خدایا! اگر میری مشکل حل ہو جائے تو اتنی رقم شاہ عبدالرحیم کی خدمت میں ہدیہ پیش کروں گا، وہ مشکل حل ہو گئی تو نذر کا خیال دل سے جاتا رہا، کچھ دنوں بعد اس کا گھوڑا بیمار ہو کر ہلاکت کے قریب پہنچ گیا، مجھے اس بات کی روحانی طور پر اطلاع ہوئی تو میں نے ایک نوکر کے ہاتھ کہلا بھیجا کہ یہ بیماری نذر پوری نہ کرنے کے سبب ہے، اگر گھوڑا بچانا چاہتے ہو تو جو نذر فلاں موقع پر تم نے مانی تھی، وہ بھیج دو، یہ سن کر وہ نادم ہوا اور نذر بھجوا دی، اس کا گھوڑا فوراً درست ہو گیا۔

## دعائیں پڑھنے والا

فرمایا: ایک مستجاب الدعاء شخص ایران کے راستے روم سے ہندوستان پہنچا، اسے عبداللہ چلپی کہتے تھے، اس سے بہت سے عجائبات مشاہدے میں آئے، ان میں سے ایک یہ دیکھا گیا کہ وہ اپنے حجرے میں چالیس دن تک بغیر روٹی اور پانی کے اعتکاف میں رہا، حجرے کا دروازہ بند کر دیا تھا، اپنے پورے وجود کے ساتھ بغیر کسی مزاحمت کے وہ باہر نکل آتا تھا، اکثر ایسا ہوتا تھا کہ وہ کمرے کے اندر اندھیرے میں قرآن مجید لکھا کرتا تھا اور بارہا یہ بھی دیکھا گیا کہ وہ زمین کے اندر دھنس جاتا اور جہاں سے چاہتا باہر نکل آتا تھا۔

ان دنوں وہ ایرانیوں کے ایک گھر میں بادشاہ سے چھپ کر رہ رہا تھا، لوگ کہتے تھے کہ یہ صاحب کرامات اولیاء میں سے ہے، میں بھی اسے دیکھنے چلا گیا، اور جاتے ہی رافضیوں میں گھل مل گیا، بارہ مسائل میں گفتگو چل پڑی، میں تمام مسائل میں الزامی (۱) جوابات دے کر انہیں خاموش کرتا رہا، وہ داد دیتے اور قبول کرتے رہے، مگر میں نے انہیں یہ نہیں بتایا کہ میں سنی ہوں بلکہ یوں کہا کہ میرا مذہب ''خذ ما صفا و دع ما کدر'' (اچھی چیز لے لو اور بری چیز چھوڑ دو) ہے، اس بنا پر وہ زیادہ تعصب سے پیش نہ آئے، موقع سے فائدہ اٹھا کر میں نے ایک مسئلہ دلائل برہانی، خطابی اور الزامی جوابات کی صورت میں انکے سامنے بیان کیا، انھوں نے قبول کیا اور انکار کی گنجائش نہ پائی، ان سے نمٹ کر میں نے عبداللہ سے ملاقات کی، مگر اس کے اندر میں نے طریقۂ اولیاء میں سے کچھ نہ پایا، یہ دیکھ کر میں نے اس کی تعظیم سے منہ پھیر لیا، ایرانیوں نے پوچھا کہ کیا بات ہے کہ انتہائی شوق سے آئے مگر دیکھنے کے بعد منہ پھیر لیا؟

---

۱ وہ جواب جو اگلے کو محض خاموش کرنے کے لئے دیا جائے، ضروری نہیں کہ وہ درست ہی ہو، مثلاً نقل ہے کہ ایک بے وقوف بادشاہ نے کسی عقلمند سے معلوم کیا، بتاؤ زمین کا بیچ کہاں ہے؟ اس نے کہا کہ جہاں میرے گدھے کے پاؤں ہیں یہاں زمین کا بیچ ہے، یقین نہ ہو تو ناپ لو۔

میں نے کہا: ولی سمجھ کر آیا تھا مگر یہ تو دعائیں پڑھنے والا نکلا، عبداللہ نے یہ سن کر خوب داد دی اس کے بعد وہ دعائے سیفی پڑھنے میں مشغول ہو گیا، دعا میں ایک ایسا مقام آیا جہاں نحو کے قاعدے سے دو اعراب پڑھے جا سکتے تھے، مگر ذوق و وجدان کے اعتبار سے ایک اعراب متعین تھا، اس نے خلاف ذوق اعراب اختیار کیا۔

میں نے اس سے کہا کہ غلط پڑھ رہے ہو!

کہنے لگا: یہ غلط نہیں، بلکہ ٹھیک ہے، مناظرہ کرنے لگا اور دعائے سیفی کے وہ تمام نسخے منگوا لیے جو اساتذہ سے اسے ملے ہوئے تھے، تمام نسخے اسی اعراب کی تائید کر رہے تھے، یہاں تک کہ تیرھواں نسخہ جو حضرت جام کے تبرکات میں سے تھا، بعض امراء کے گھر سے منگوایا، اس میں اعراب میرے موافق نکل آیا، داد دی اور اعتراف کیا، پھر ایرانیوں سے کہنے لگا: جانتے ہو اتنی بحث میں کیوں کر رہا ہوں؟ اس لئے کہ میں جب بھی اس مقام پر پہنچتا تھا تو نور کے بجائے ظلمت نظر آتی تھی، بالآخر یہ عبداللہ چلپی طریقۂ قادریہ میں مجھ سے بیعت ہو گیا۔

## باورچی کی امامت

فرمایا: ایک دفعہ سید لطف کے دولت کدہ پر جانا ہوا تو وہاں ایک ایسے فاضل سے ملاقات ہوئی جو صوفیاء کی بعض باتوں کا منکر تھا، نماز کا وقت ہوا تو اسی کو امام بنایا گیا، اس وقت چولہے پر دیگچہ رکھا تھا اور نوکر بازار گیا ہوا تھا، صوفیاء کے اس منکر امام کے دل میں یہ خیال گزرا کہ کہیں کھانا جل نہ جائے، اسے یہ خیال پوری نماز میں ستاتا رہا، میں اس بات پر روحانی طور پر مطلع ہوا اور اسکی اقتداء چھوڑ کر تنہا نماز پڑھنے لگا، جب وہ نماز ختم کر چکے تو شکایت کرنے لگے کہ اکیلے نماز پڑھنے کا کیا سبب تھا؟ میں نے کہا: تم تو نماز میں اپنے نوکر کے پیچھے دوڑتے اور کھانا پکاتے پھر رہے تھے، میں تمہاری اقتداء کیسے کرتا؟ اس نے اعتراف کیا اور صوفیاء کے انکار سے باز آیا۔

## منکر کو نفع نہیں

حضرت والد ماجد سے اجمالاً اور ان کے بعض احباب سے تفصیلاً سننے میں آیا ہے کہ سرہند کا ایک شخص ولایت کا منکر تھا، پہلے پہل ایک بزرگ سے بیعت کر کے اس سے فیض حاصل کیا۔

اتفاقاً عید کے دن شیخ احمد سرہندی کے صاحبزادے شیخ محمد معصوم سے مصافحہ کیا، انہوں نے فرمایا کہ میاں! دیر سے آئے ہو، کہاں تھے؟ اس قسم کے دو تین جملے اور ارشاد فرمائے تو اس کا دل ان کی طرف مائل ہو گیا، اور آنا جانا شروع کر دیا، پہلے بزرگ کے یہاں جانے میں کمی کر دی، جب اسے یہ قصہ معلوم ہوا تو وہ توجہ کے ذریعہ شیخ محمد معصوم کو ہلاک کرنے پر کمر بستہ ہو گیا، انہوں نے مدافعت کی، یہاں تک کہ اس کا بھیجا ہوا شر اسی پر پلٹا اور وہ ہلاک ہو گیا، اس کے بعد وہ مریدان کی خدمت میں اسی طرح رہتا رہا۔

کافی مدت بعد ادھر سے بھی اس کے دل میں شک و اضطراب پیدا ہوا، الغرض اسی طرح وہ درویشوں کے پاس آتا جاتا اور انکار کرتا رہا اور اسی وجہ سے کوئی نفع حاصل نہ کر سکا، ایک دن میرے پاس آیا اور کہنے لگا کوئی شخص بھی صاحب تصرف نہیں ہے، یہ سن کر میں نے اس پر توجہ ڈالی تو وہ بے خود ہو گیا اور اسی بے خبری کے عالم میں دیکھا کہ گویا اسے سبز خلعت دی گئی ہے، جب اسے افاقہ ہوا تو اس کا دیکھا واقعہ بھی میں نے اسے بیان کر دیا، اس نے واقعہ سن کر اعتراف کیا مگر فطرتاً ولایت کا منکر ہونے کے سبب کوئی نفع حاصل نہ کر سکا۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ یہ واقعہ طویل ہے مگر مجھے خلعت پہنانے تک ہی یاد رہ سکا، واللہ اعلم

حضرت والد ماجد سے اجمالاً اور بعض احباب سے تفصیلاً یہ بھی سنا ہے کہ ایک مرتبہ آپ نے حالت غلبہ میں بکری پر توجہ ڈالی تو اس پر ایک عجیب حالت طاری ہو گئی، کئی دن اسے پانی اور گھاس تک کا شعور نہ رہا اور بالآخر مر گئی۔

## ادھر نہ ادھر، یہ بلا کدھر؟

فرمایا: ایک دفعہ میں دوستوں کی محفل میں بیٹھا ہوا تھا، اس وقت مجھے کشفی طور پر ایک آدمی کی صورت دکھائی گئی اور میرے دماغ میں یہ بات ڈالی گئی کہ یہ شخص تیرے ہاتھ پر رافضیت سے توبہ کریگا، یہ واقعہ میں نے اہلِ مجلس کو سنایا اور اس آدمی کا پورا حلیہ بھی بیان کر دیا۔

اس واقعہ سے تقریباً بیس سال بعد میں محمد فاضل کے گھر گیا تو وہاں ایک مہمان کو بیٹھا ہوا دیکھا، اسے پہچانا اور انتہائی لطف و کرم سے پیش آیا، دوستوں کو حیرت ہوئی کہ ایک ایسے اجنبی شخص کے ساتھ جو رافضیت اور غلط عقائد کی وجہ سے بدنام ہے، اتنی مہربانی کا آخر کیا سبب ہے؟

یہ سن کر میں نے ان سے کہا کہ تمہیں وہ واقعہ یاد نہیں رہا، معمولی غور کے بعد انہوں نے بھی اسے پہچان لیا، تھوڑی دیر بعد ہی اس نے میرے ہاتھ پر توبہ کر لی۔

کچھ دنوں کے بعد غلط لوگوں کی صحبت نے اسے پھر شکوک میں مبتلا کر دیا، تو اسے پیٹ کے درد نے آلیا، وہ جان گیا کہ پیٹ کے درد کا کیا سبب ہے، اس نے پھر توبہ کر لی، کچھ دنوں بعد پھر شک میں گرفتار ہوا تو پھر وہ پیٹ کے شدید درد میں مبتلا ہوا، تب دوستوں نے اس سے کہا کہ گر سچی توبہ نہ کرو گے تو ہلاک ہو جاؤ گے، لہٰذا اس نے سچی پکی توبہ کی اور رافضیت سے کلی طور پر بیزار ہو کر خالص سنی ہو گیا، اس نے مجھ سے طریقت کا سبق بھی لیا، پہلے اس نے پوچھا کہ کون سا طریق اختیار کروں؟ میں نے کہا: طریقۂ قادریہ سب سے بہتر رہے گا، یہ اس لیے کہا کہ رافضی حضرت غوث اعظمؒ سے عداوت رکھتے ہیں۔

## پیر کی تلاش

حضرت والد ماجد سے اجمالاً اور بعض احباب سے تفصیلاً میں نے سنا کہ تاشقہ بیگ ایک ترکستانی تھا، جسے حصولِ طریقت کا ذوق ترکستان سے بخارا لایا، وہاں ایک مدت تک وہ حضرت خواجہ

نقشبند کے مزار پر ٹھہرا رہا، اس انتظار میں کہ اولیاء اللہ میں سے کسی ولی کا اسے پتہ دیا جائے، آخر حضرت خواجہ نے اسے کشف میں فرمایا کہ تیرا پیر ہندوستان کے شہر دہلی میں ہے اور حضرت والد ماجد کی صورت اسے دکھائی گئی، مگر اسے خیال آیا کہ دہلی تو بہت بڑا شہر ہے اس بزرگ کو وہاں ڈھونڈنا مشکل ہو جائے گا، اس خیال پر مطلع ہو کر حضرت خواجہ نے فرمایا کہ جس دن دہلی میں داخل ہو گے اسی دن تمہیں وہ بزرگ وعظ کہتے ہوئے ملیں گے۔

اس واقعہ کے بعد تاشقہ بیگ کو شوق بیعت کشاں کشاں دہلی لے آیا، پہلے پہل وہ شیخ فرید کے ہوٹل میں پہنچا، جمعہ کا دن تھا، اس نے جامع مسجد کا پتہ پوچھا تو لوگوں نے اسے مسجد فیروزی کا پتہ بتا دیا، وہاں پہنچا تو حضرت والد ماجد کو خواجہ نقشبندی کے بتائے ہوئے حلیے کے مطابق پایا، نماز کے بعد حضرت والد ماجد نے وعظ فرمایا اسے بھی تاشقہ بیگ نے اپنے موافق پایا، فراغت کے بعد آپ کے ساتھ گھر آیا اور اپنے سر سے دستار اتار کر اظہار عقیدت کیا۔

حضرت نے فرمایا: شرط یہ ہے کہ کچھ دن ہماری صحبت میں رہو تا کہ ہمیں سمجھ سکو، اس نے یہاں تک پہنچنے کا سارا قصہ بیان کر دیا، حضرت والد نے اسے اپنی بیعت میں لے کر اشغال و اعمال کی تلقین فرمائی، اس کے بعد وہ دکن چلا گیا تو پھر واپس نہ آیا۔

## حضرت علیؓ کی رہنمائی

حضرت والد ماجد سے اجمالاً اور دوسرے احباب سے تفصیلاً سنا کہ مرزا علی خوافی قصبہ خوافہ کا ایک صحیح العقیدہ اور پاکیزہ خیال سنی تھا، حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا کہ فرما رہے ہیں: تیرا پیر دہلی میں ہے، ساتھ ہی حضرت والد ماجد کی صورت بھی دکھلا دی۔

کافی عرصے بعد وہ کسی تقریب سے دہلی آیا مگر مدتوں ملاقات نہ ہو سکی، بعد میں محمد افضل پھلواری سے حضرت والد کا نام و اوصاف سنے تو فوراً آپ کی خدمت میں پہنچا اور بیعت کی، بعض اوقات اس پر وجد کی کیفیت طاری ہوتی تو چہرہ سرخ ہو جاتا اور کہتا کہ تم مجھے اسکے

بارے میں ملامت کرتے ہو؟ ایک مرتبہ حضرت والد ماجد پھلت میں تھے کہ مرزا علی خوافی جدائی کی تاب نہ لاکر بغیر توشہ، بنا سواری اور بنا راستہ جانے دوڑ پڑا اور پھلت پہنچ کر بے تاب دل کی پیاس بجھائی۔

## ترے انتظار میں

حضرت والد ماجد سے اجمالاً اور یاران طریقت سے تفصیلاً سنا کھسہارنپور کا ایک آدمی صوفی نامی تھا، جو جوانی میں ایک صاحب کشف درویش کی خدمت رہتا اور ان سے فیض حاصل کرتا تھا، وہ اسے کہتے تھے کہ تیری بیعت ایک ایسے شخص کے متعلق ہے جو اس شکل وصورت اور اس وضع قطع کے ہیں اور اس نام سے مشہور واعظ ہیں۔

صوفی اس بزرگ کی انتظار میں بوڑھا ہوگیا اور مختلف قسم کے صوفیانہ اشغال اور ریاضتیں بھی کرتا رہا، آخری عمر میں محمد اسمعیل میرٹھی کے بتلانے پر حضرت والد کی خدمت میں پہنچا اور بیعت وتلقین سے مشرف ہوا، آغاز میں اپنے اشغال اور ریاضات خوب بیان کیا کرتا تھا، حضرت والد نے فرمایا: آغاز اچھا ہے، انشاءاللہ دروازے کھل جائیں گے، بالآخر وہ حضرت والد کی تربیت سے کامل ہوکر نکلا۔

## بوندا باندی کی مصلحت

فرمایا: ایک بار علاقے میں بارش نہ ہوئی، لوگ میرے پاس آئے اور دعا چاہی، میں نے دعا کی تو بوندا باندی ہونے لگی، میں نے کہا کہ ہمارے مکان کی دیواریں کمزور ہیں، اسلئے پوری بارش نہیں ہورہی، اللہ کی مشیت ہماری دیواروں کو گرانے سے احتراز کررہی ہے، لوگ جلدی سے گارا بنالائے اور ہماری دیواروں کی لپائی کردی، فوراً موسلا دھار بارش شروع ہوگئی۔

## غلط فہمی

فرمایا کہ اکبرآباد میں مرزا ابوالعلی کے پیروں کاروں میں علی قلی نامی ایک شخص تھا جو اپنی توجہ و تاثیر کی قوتوں کے سبب مشہور اوران پر نازاں تھا ایک دن شیخ عبداللہ محدث کو میں نے دیکھا کہ اسکے دروازے پر کھڑے ہیں اور وہ اندر داخل ہونے کی اجازت نہیں دے رہا ہے، میں نے چاہا کہ اسے اس غلط فہمی پر متنبہ کروں، تو میں نے اپنے اور علی قلی کے درمیان ایک بھاری پتھر رکھوا کر کہا کہ تاثیر کی قوت یہ ہے کہ اس پتھر کو اپنی طرف کھینچا جائے، جب پیمائش کی گئی تو وہ پتھر چند انگل میری طرف نکلا۔

## روشن ضمیری

حضرت والد ماجد نے فرمایا: شیخ ایوب مرادآبادی ہمیں دیکھنے آئے، ان کی آمد کا اصل مقصد ہمارا امتحان لینا تھا، اپنے ساتھیوں، سواریوں اور سامان کو دور چھوڑ کر تنہا اجنبی بھیس میں آئے، میں اس وقت تیراندازی کر رہا تھا، میں نے انہیں دیکھتے ہی تیر و کمان رکھ دیئے اور کہا کہ خوب تشریف لائے، آیئے آیئے! خیر و عافیت ہے؟ وہ متعجب ہو کر کہنے لگے: میں اس سے پہلے آپ کی خدمت میں کبھی حاضر نہیں ہوا، کیا آپ مجھے پہچانتے ہیں؟

میں نے کہا: تمہارا نام ایوب ہے؟

اس نے کہا: حضرت والا نے کیسے معلوم کر لیا کہ میرا نام ایوب ہے؟ میں نے کہا: کہ تمہاری صورت دیکھتے ہی میرے دل نے گواہی دی، تب شیخ ایوب نے کہا: میں جان گیا ہوں کہ بلا شبہ یہ آپ کی کرامت ہے لیکن یہ تو بتایئے کہ جس کام کے لئے میں لشکر لیکر جا رہا ہوں اس میں کامیاب ہوں گا یا نہیں؟ میں نے کہا: کہ نہیں، اس کے بعد وہ لشکر میں چلے گئے اور بہتیری کوشش کی مگر کامیاب نہ ہوئے۔

## دو دو ہاتھ

فرمایا کہ محمد فاضل کے گھر کشتی کے لئے اکھاڑہ بنا ہوا تھا اور وہاں ایک پہلوان اس کے بیٹوں کو کشتی لڑنا سکھاتا تھا۔

ایک دفعہ ایک بلند قامت اور انتہائی طاقت ور پہلوان آیا اور خواہش ظاہر کی کہ تربیت دینے والے پہلوان سے کشتی کے دو دو ہاتھ کرے، یہ بات محمد فاضل کے لیے بھی عزت و ذلت کا مسئلہ تھی، بظاہر دونوں کا مقابلہ ناممکن تھا، اس لئے کہ اس کے غالب آنے کا تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا تھا، میں نے یہ حالت دیکھ کر کہا کہ جب تک میں اجازت نہ دوں کشتی شروع نہ کرنا۔

جب اکھاڑہ گرم ہوا، تو پہلے ہم نے چپ سادھ لی، پھر یک دم اجازت دی، اس طاقت ور پہلوان نے اسے ہاتھوں پر اٹھالیا تو کمزور پہلوان نے اپنے دونوں پنجے زمین میں مضبوطی سے گاڑ دیئے اور اپنے پاؤں سے طاقت ور پہلوان کی گردن جکڑ لی اور پیروں سے ہی اسے اٹھا کر زمین پر دے مارا، یہ دیکھ کر تماشائیوں نے واہ واہی کا شور مچا دیا۔

## توجہ کے ذریعہ حفاظت

فرمایا: محمد فاضل نے چاہا کہ اپنے بیٹے کو اجمیر بھیج دے اور راستے کی بدامنی کے پیش نظر خود بھی اس کے ساتھ جانا چاہا، جب مجھ سے رخصت ہونے آیا تو میں نے کہا کہ تمہارے جانے کی ضرورت نہیں، کیونکہ وہ بحفاظت واپس آ جائیگا، ہاں! البتہ اجمیر سے دو منزل ادھر ڈاکو قافلے پر حملہ کریں گے مگر اس کی حفاظت ہمارے ذمہ رہی، ہاں البتہ اسے سمجھا دیجئے کہ اس وقت اپنی بہلی الگ ایک طرف کھڑی کر دے۔

جب وہ وقت آیا تو حضرت والد ادھر متوجہ ہوئے اور توجہ کے دوران آپ کے بدن پر تکان ظاہر ہوئی، حاضرین نے سبب پوچھا تو فرمایا: کئی دنوں کے سخت سفر نے تھکا دیا ہے۔

جب وہ لڑکا واپس آیا تو بیان کیا کہ وہاں ڈاکو آئے تھے میں نے اپنی بہلی کو ایک طرف کر دیا، وہاں حضرت والا مثالی صورت میں موجود تھے، ڈاکوؤں نے قافلے کو لوٹا مگر میں محفوظ رہا۔

## ٹیڑھی حویلی

فرمایا: ایک حاکم امیر نے محمد فاضلکے پڑوس میں حویلی کے لیے پلاٹ لیا، پلاٹ کی بناوٹکچھ ایسی تھی کہ حویلی میں ٹیڑھ آتی تھی، اس نے محمد فاضل سے دگنی تگنی قیمت پر تھوڑی زمین مانگی مگر وہ نہ مانا، بالآخر ان کے درمیان رنجش اور جھگڑا ہو گیا۔

اس امیر نے کہا: میں صبح جا کر بادشاہ سے کہوں گا کہ یہ محمد فاضل کی ملکیت نہیں بلکہ سرکاری ہے، زمین کا یہ ٹکڑا میں کسی بھی صورت نہیں چھوڑوں گا چاہے ہزاروں روپے خرچ ہو جائیں، محمد فاضل رات کو میرے پاس آ کر حد درجہ گڑگڑایا، میں نے اس سے کہا کہ وہ بادشاہ سے ہرگز نہیں مل سکے گا اور کسی بھی صورت یہ جھگڑا پیدا نہیں ہوگا۔

چنانچہ صبح سویرے جب وہ امیر گھر سے نکل کر دربار شاہی میں جانے لگا تو راستے میں اسے شاہی سواروں نے آ لیا اور کہا کہ بادشاہ نے تمہارے لئے حکم دیا ہے کہ ابھی ابھی فلاں مہم کے لیے روانہ ہو جاؤ، امیر نے کہا: میری خواہش ہے کہ بادشاہ سے روبرو مل کر کچھ ضروری باتیں عرض کروں، کارندوں نے اس کی یہ بات نہ مانی اور فوراً ہی کوچ کرنے پر مجبور کر کے اسے زبردستی اسی وقت شہر سے باہر نکال دیا اور وہ امیر اسی مہم میں مر گیا، چنانچہ اسے محمد فاضل سے جھگڑا کرنے کی فرصت ہی نہ ملی۔

کاتب الحروف شاہ ولی اللہ کہتا ہے کہ یہ بات بھی عجیب اتفاقات میں سے ہے کہ حضرت والد کچھ عرصے کے لئے سیر کو نکل گئے، اس فرصت میں آپ کی طویل صحبتوں اور کرامات کے مشاہدے کے باوجود محمد فاضل فاسقوں کی صحبت میں آ کر شراب کا رسیا ہو گیا، جب حضرت والا سیر و سیاحت سے واپس آئے اور یہ قصہ سنا تو سخت برافروختہ ہوئے، جلال ولایت کی تاثیر

سے مجلس شراب سونی پڑ گئی، جام و مینا توڑ دیئے گئے، صراحیاں اوندھی کر دی گئیں اور محمد فاضل پر کپکپی طاری ہو گئی اس نے شراب سے رشتہ توڑ کر پکی توبہ کر لی۔

فَهُمُ الْقَوْمُ لا يَشْقَى جَلِيسُهُمْ (۱) یہ وہ ہیں جنکے پاس بیٹھنے والا بھی محروم نہیں رہتا۔

## نگاہِ محبت

فرمایا کہ شروع شروع میں جس پر بھی میں محبت کی نگاہ ڈالتا وہ میرا دیوانہ ہو جاتا، اس وجہ سے میں کسی پر بھی نگاہ التفات نہ ڈالتا تھا اور محمد فاضل کے بالا خانے پر اکیلا رہتا تھا، ادھر ادھر جاتے وقت اپنے چہرے پر چادر ڈال لیا کرتا تھا، اتفاق سے ایک دن ہدایت اللہ بیگ رشتہ داری کی تقریب سے محمد فاضل کے گھر آیا، جب اس سے میرا سامنا ہوا تو وہ میرا دیوانہ ہو گیا اور مجھ سے بیعت کی خواہش کی۔

میں نے سن رکھا تھا کہ ایک بزرگ متوکل نقشبندی سے اس کا تعلق ہے، میں نے اس سے کہا کہ فقراء ایکجسم کی طرح ہیں، لہٰذا بات ایک ہی ہے، البتہ اس بزرگ کا حق مقدم ہے، اس لیے انہیں سے بیعت کیجئے، اس نے دوبارہ اصرار کیا اور اس کی محبت حد سے بڑھ گئی، بالآخر میں نے اسے بیعت میں قبول کیا اور کہا کہ ان بزرگ سے بھی تعلق نہ توڑیئے گا، کچھ دنوں بعد اس بزرگ کو خبر پہنچی تو غصہ ہوئے اور ہدایت اللہ بیگ کے ہاتھ کہلا بھیجا کہ ابھی جوان ہو تمہیں حصول طریقت کی کوشش کرنی چاہئے نہ کہ بیعت وارشاد۔

میں نے کہا: اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے اس کا انحصار بڑی عمر پر نہیں ہوتا، انہوں نے پھر کہلایا کہ میں تم سے اس زیادتی کا بدلہ لوں گا، میں نے کہا:

"ولا يحيق المكر السيئی الا باهله" (الفاطر ۴۳)

---

۱ الأسماء والصفات۔ للبیہقی۔ (521/1)

مکر وفریب کا شکار اور کوئی نہیں ہوگا مگر اس کے کرنے والے مکار ہی۔

جو چاہے کرلو، افتاد تم پر ہی پڑے گی، اس نے مجھے تکلیف پہنچانے کے لئے اپنا عمل شروع کر دیا، میں نے مدافعت کی، نوبت یہاں پہنچی کہ انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ انکے سینے میں خنجر چبھو دیا گیا، اور موت سر پر آ پہنچی ہے، آدھی رات کے وقت ہدایت اللہ بیگ کو بلوایا، اللہ تعالیٰ سے گناہوں کی معافی مانگی اور میرے حق میں نیاز مندی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یقین ہے کہ میری جان نہیں بچے گی مگر انہیں چاہئے کہ میرا ایمان چھیننے کا قصد نہ کریں، میں نے انہیں کہلا بھیجا کہ اگر تم آغاز نہ کرتے تو نوبت یہاں تک نہ پہنچتی، بحمد اللہ تمہارے ایمان کو ضرر نہیں پہنچے گا، وہ بیچارے اسی رات اللہ کو پیارے ہوگئے، ان پر اللہ کی رحمت ہو۔

## نازِ قلندرانہ

فرمایا: بادشاہ اورنگ زیب عالم گیر نے کسی بات پر ہدایت اللہ بیگ کو اپنے منصب سے ہٹا دیا، وہ اس بات پر بہت غمگین اور شکستہ خاطر ہوکر میرے پاس آیا، مالی پریشانیوں اور کثرت عیال کا رونا روتا رہا، اس کے گڑگڑانے اور گھگھیانے سے میرا دل اتنا پسیجا کہ پورے طور پر اس کی طرف متوجہ ہوا، پہلے پہل مجھ پر ظاہر کیا گیا کہ اس کے بارے میں تقدیر مبرم ہو چکی ہے، میں نے بارگاہ الٰہی میں التجا کی اور اس بارے میں میری اس حد تک پہنچی کہ اگر یہ کام میرے حسب منشا نہ ہوا تو میں صوفیانہ چولا اتار پھینکوں گا اور دوبارہ صوفیانہ وضع قطع کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھوں گا، اسی عالم میں حضرت حق سبحانہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے میری دعا قبول کر لی اور مجھے بتایا گیا کہ اسے معزول کرنے کا پختہ اور مضبوط انتظام کرنے کے باوجود ہم نے اسے اسکے منصب پر بحال کر دیا ہے، میں نے دعا کی: بار خدایا! یہ عہدہ تو اسے پہلے ہی ملا ہوا تھا، میری آہ وزاری کا آخر ثمرہ کیا ہے؟ میرے خیال میں ڈالا گیا کہ اچھا! یہ کچھ ہم نے اسے ترقی بھی دیدی ہے، صبح سویرے میں نے اسے خوش خبری سنائی، بادشاہ نے بغیر کسی

ظاہری سبب کے اسے یاد کیا کہ ہم نے تمہاری خطا معاف کر کے عہدہ بحال کر دیا اور اس قدر ترقی بھی دیدی ہے، یہ سن کر اس کے دشمنوں نے بہتیری کوششیں کیں، کامیاب نہ ہو سکے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ اولیاء اللہ کے ایسے واقعات بیشمار بیان کیے گئے ہیں اور ان کے لئے تاویلات موجود ہیں اور اس پر ہم نے فیوض الحرمین میں تفصیل سے لکھا ہے۔

## اونٹ کی موت

فرمایا: ہدایت اللہ بیگ نے تجارت کے لئے کچھ اونٹ خریدے، میں نے اسے کہا کہ ان میں سے ایک ضرور مر جائے گا، لیکن مجھے اس بات کا اختیار دیا گیا ہے میں اپنی مرضی کے مطابق کسی ایک اونٹ کو موت کے لئے منتخب کرلوں، چنانچہ میں نے ان میں سے ایک کمزور اور لاغر اونٹ کو متعین کر دیا اور یہ مشورہ دیا کہ اسے آخر تک محفوظ رکھا جائے۔

اس نے سارے اونٹ بیچ دیئے اور سب سے آخر میں اسے بھی فروخت کر دیا، لیکن خریدار نے واپس لوٹا دیا اور اسی کے ہاتھ وہ مر گیا۔

## صوفیاء کا طب

حضرت والد ماجد بارہہ کے علاقے میں تشریف لائے ہوئے تھے، لوگ بیماروں کے قارورے لائے، آپ نے فوراً سب کے لئے نسخے تجویز کر دیئے، اس مجلس میں ایک ہندو طبیب بھی موجود تھا، ایک بیمار کے قارورے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس نے عرض کیا: حضرت! اس کی بیماری بھی معلوم کی ہے یا نہیں؟

آپ نے ہنس کر فرمایا: یہ ایک عورت کا قارورہ ہے جس کا نام یہ ہے، ہاتھ ایسے ہیں، کردار یہ ہے اور اس کی بیماری کا سبب یہ ہے، آپ نے سبب ایسا بتایا جسے بیان کرنے میں عورت کو شرم مانع تھی، گویا آپ کو اس عورت کا پورا کچا چٹھا معلوم تھا۔

اس ہندو نے یہ سب سن کر عرض کیا: حضرت! یہ مسئلہ طب میں کہاں ہے؟
فرمایا: یہ سب طب کی بات نہیں، یہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پیرو کاروں کی سچی فراست ہے۔

## آگ اور حصار

فرمایا کہ مجھے کشف میں دکھایا گیا کہ قصبۂ پھلت کو آگ نے گھیر لیا ہے، میں نے اس وقت اندازے کے مطابق اپنے مخلصین کے اردگرد ایک لکیر کھینچ دی اور ان کو بشارت دی کہ فلاں جگہ سے فلاں جگہ تک سارے گھر آگ سے محفوظ رہیں گے۔
کچھ عرصے بعد قصبہ کو آگ لگ گئی بعض لوگوں کے گھر جل گئے، اہل اللہ کے بارے میں نفاق رکھنے والوں نے اس بات کو موضوع بحث بنا لیا، میں نے کہا: ذرا ذہن پر زور دے کر سوچئے کہ جلنے والے گھر میرے حصار میں داخل تھے یا اس سے باہر؟ جب انہوں نے سوچ بچار کی تو وہ گھر میری بتائی ہوئی حد سے باہر نکلے اور جھک مارنے والوں کے منہ بند ہو گئے۔

## پھلت کی زمینیں

فرمایا: قصبہ پھلت میں ہمارے معتقدین کے دشمنوں نے رئیسوں کے کان بھر دیئے کہ اس جماعت (شاہ عبدالرحیم کے عقیدت مندوں) کے قبضے میں فرمان شاہی سے زیادہ زمین آئی ہوئی ہے، چنانچہ رئیسوں نے کچھ لوگوں کو پیمائش کے لئے مقرر کر دیا۔
اس بات سے پھلت والوں کو سخت پریشانی ہوئی اور مجھ سے التجا کی کہ جب ناپنے والا بھی دشمن ہو تو ہماری تدبیر کیسے چل سکے گی؟
میں نے انہیں تسلی دی اور پیمائش کے دن خود پہنچا، کچھ توجہ ڈالی اور ان سے کہا کہ اب پیمائش کرو، جس کھیت کی پیمائش کرتے وہ اصل حساب سے بھی کم بیٹھتا، پھلت والے پھر رونے لگے کہ اگر سبھی کھیت اصل پیمائش سے کم نکلے تو دشمن پٹواری پر شک کریں گے اور جھگڑے کی بنیاد

ختم نہ ہوگی، چاہئے کہ کچھ کھیت کم نکلیں، کچھ برابر اور کچھ زائد تاکہ سب کھیت مل کر اجتماعی شکل میں برابر ہوجائیں۔

میں نے دوبارہ توجہ ڈالی، اگرچہ پٹواری نے مختلف حیلوں بہانوں سے کام لینا چاہا مگر اسے کامیابی نہ ہوئی اور پھلت والوں کی مرضی کے مطابق کام ہوگیا۔

## ظلم کی ٹہنی کبھی پھلتی نہیں

فرمایا کہ رستم اور اسداللہ ظالم رئیس تھے، جو قصبہ پھلت اور آس پاس کے لوگوں کو ہمیشہ تنگ کرتے رہتے تھے، ایک مرتبہ پھلت والوں پر ایک لشکر چڑھا لائے، قصبے والے یہ دیکھ کر پریشان ہوگئے اور مجھے اپنی بپتا سنائی، میں نے کہا: تمہیں فتح اور ان کے ٹولے کو شکست فاش ہوگی اور کچھ دنوں میں اسی طرح پا بہ زنجیر ہوکر مرجائیں گے، جب مقابلے کا دن آیا تو آیتِ کریمہ''

کم من فئۃ قلیلۃ غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ''(البقرہ ۲۴۹)

کتنی ہی چھوٹی چھوٹی جماعتیں اللہ کے حکم سے بھاری بھاری لشکروں کو شکست دے چکی ہیں۔

کا نقشہ سامنے آ گیا، اس واقعہ کے چند روز بعد یہ لوگ ڈاکہ زنی، شرانگیزی اور دوسرے جرائم میں ملوث ہوئے اور ان کے کچھ قریب ترین دوستوں نے بادشاہ اورنگ زیب کی خدمت میں ان کا کچا چٹھا پہنچا دیا، بادشاہ نے ان کی گرفتاری کے احکام صادر کر دیئے، حاکم نے انہیں ہوشیاری سے قید کر کے لشکر کے ساتھ بھیج دیا اور قید ہی میں مر گئے۔

## جہاں چاہ وہاں راہ

فرمایا: میں پھلت میں تھا، ارادہ تھا کہ صبح سویرے دہلی روانہ ہوجاؤں، اس وقت بذریعہ کشف معلوم ہوا کہ میری بیعت کے لئے ایک بزرگ دور سے آ رہا ہے، نمازِ عشا کے بعد میں مسجد میں ٹھہر گیا اور مجھے وہاں کافی دیر ہوگئی، لوگ تنگ ہونے لگے اور کھانا ٹھنڈا ہوگیا۔

شیخ محمد نے کہا کہ اب آرام کرنا چاہیئے، اگر وہ بزرگ آئے تو دوبارہ گھر سے باہر آنے میں کوئی مضائقہ نہیں، میں نے کہا: جب تک وہ نہیں آئے گا میں تو یہیں بیٹھا رہوں گا۔

جب آدھی رات گزر گئی تو گھوڑے کی ٹاپ کی آواز آئی، میں نے کہا اب وہ شخص پہنچ گیا ہے، اس نے آتے ہی بیعت کر لی اور کہا کہ دن کے پچھلے پہر چلنے کا ارادہ تھا، مگر انتظام نہ ہوسکا، جب رات ہونے لگی تو یہ آرزو لیکر چل پڑا کہ اے کاش! حضرت کو مسجد میں بیٹھا پاؤں۔

## تندرستی کی بشارت

اس فقیر (شاہ ولی اللہ) نے حضرت والد ماجد سے اجمالاً اور بعض احباب سے تفصیلاً سنا کہ سید غلام محی الدین اوران کے والد بیجاپور کی مہم میں بیمار ہو گئے اور وہ اس سخت مرض میں کافی دنوں مبتلا رہے، ایک راتغلام محی الدین نے حضرت غوث اعظمؒ کو خواب میں دیکھا کہ فرماتے ہیں: اپنے شیخ سے رجوع کیوں نہیں کرتے؟

جب بیدار ہوئے تو حضرت والد ماجد کے لئے کچھ نیاز مانی اور دل سے التجا کی، تین دن بعد خواب میں دیکھا کہ حضرت والد ماجد تشریف لائے، ان کے قریب بیٹھ کر تندرستی کی بشارت دی، اور فرمایا کہ آج سے ساتویں دن قلعہ بیجاپور کے مورچہ پر لشکر خاں غازی الدین خاں کی رفاقت کرے تو اس فتح کا سہرا اسی کے سر رہے گا، اور اسکی پلٹن کے لئے فخر کا سبب ہوگا، پھر آپنے غلام محی الدین کو سفید چادر پہنائی اور چلے گئے۔

صبح سویرے اس کے والد تو وفات پا گئے اور وہ تندرست ہو گیا، لشکر خاں کو صورت حال سے مطلع کر دیا گیا، چنانچہ وہ غازی الدین خاں کے ساتھ شامل ہو گیا اور اسی دن فتح ہو گئی جس سے اسے کافی مالی فائدہ پہنچا، حضرت والد ماجد نے بیماری، تندرستی، وفات، فتح اور غازی الدین خاں کی لشکر خاں کے ساتھ رفاقت یہ سب دوستوں کے سامنے یہاں بیان کر دیا تھا، کچھ عرصے بعد ان کا خط پہنچا اس سے معلوم ہوا کہ آپ کی باتیں پوری ہو کر رہیں۔

## ثابت قدمی کا حکم

فرمایا کہ اسد علی کا اپنے بعض ساتھیوں سے جھگڑا ہو گیا، ان سب نے مل کر اسے ہلاک کرنے کی ٹھان لی، یہ میرے پاس آ کر بہت گڑ گڑایا میں اسکی طرف متوجہ ہوا اور کہا کہ مضبوط رہو اور کسی سے مت ڈرو، اسکے دشمن کئی ہزار مددگاروں کے ساتھ آئے، اور یہ صرف بیس تھے، بالآخر لڑائی کے دوران میری شکل دیکھی کہ ثابت قدمی کا حکم کر رہا ہوں، چنانچہ اس نے بندوق داغ دی جو دشمن کے گھوڑے کو جا لگی، وہ تو وہیں ڈھیر ہو گیا اور دشمن مرعوب ہو کر بھاگ گئے۔

## گم شدہ بھائی

فرمایا: محمد قلی اورنگ زیب کے لشکر کے ساتھ گیا ہوا تھا، کافی مدت گزر گئی، اس کی طرف سے خیریت کی کوئی خبر نہ پہنچی، اسکا بھائی محمد سلطان بہت غمگین ہوا اور مجھ سے التجا کی۔

میں نے پوری قوت سے توجہ کی اور خیمہ خیمہ چھان مارا مگر کہیں نہ پایا، مردوں میں ڈھونڈا تو بھی نہ پایا، شاہی لشکر کے آس پاس نظر دوڑائی تو دیکھا کہ بیماری سے صحت یاب ہو کر غسل کیا ہے، گیروے رنگ کے کپڑے پہن کر کرسی پر بیٹھا ہوا ہے اور آنے کی تیاریوں میں ہے، میں نے یہ سب کچھ اس کے بھائی کو بتا دیا، چنانچہ دو تین ماہ بعد وہ آیا اور میری باتوں کی تصدیق کی۔

## بیوی کی رحلت گھوڑا اسلامت

کاتب الحروف کہتا ہے خواجہ محمد سلطان نے ایک گھوڑا لے رکھا تھا جو اس نے حضرت والد کو دکھا یا آپ نے اسے تنہائی میں بلایا، اسوقت یہ فقیر بھی موجود تھا اور فرمایا کہ گھوڑا خوب ہے مگر اس کی عمر تھوڑی ہے، اس نے عرض کیا: کیا اچھا ہو کہ میری بیوی کی زندگی گھوڑے کو مل جائے، یہ عورت بڑی بدزبان و بدعادت تھی، وہ اس سے وہ تنگ آ چکا تھا، آپ نے مسکرا کر فرمایا: ایسا ہی ہو جائے گا، تین ماہ کے اندر بیوی مر گئی اور گھوڑا اسلامت رہا جس کو بیچ کر خوب نفع کمایا۔

## زکوۃ کا مال

فرمایا کہ ایک شخص کچھ روپے لایا کہ یہ آپکی نذر ہیں، رقم دیکھ کر میں نے کہا کہ مجھے اس میں ایک خاص قسم کی ظلمت نظر آتی ہے، شاید یہ مالِ زکوۃ ہے، بعد میں معلوم ہوا کہ ایسا ہی تھا۔

## کنواں کھودو جھیرا پاؤ

فرمایا: اکبرآباد میں میرے والد ماجد ایک حویلی میں ٹھہرے ہوئے تھے، کم وبیش ایک ہفتہ برسات ہوتی رہی، مریض ہونے کی وجہ سے آپ میں چلنے کی سکت نہ تھی، اسی لمحے مجھ پر منکشف ہوا کہ یہ حویلی گرے گی اور اس میں رہنے والوں کا کافی نقصان ہوگا۔

میں نے اسی وقت باہر نکل کر بہت جستجو کی مگر کہیں بھی کرائے کا مکان نہ مل سکا، چونکہ بادشاہ کا لشکر اترا تھا، تمام حویلیاں بھر چکی تھیں، کافی تلاش کے بعد ایک غیر آباد خالی قلعہ مل گیا، شہر والوں سے اس کے مالک کا پتہ اور اس کی ویرانی کا سبب پوچھا تو کہنے لگے: یہ ایک ہندو کی ملکیت ہے، یہاں ایک جادوگر جوگی رہتا ہے جو بھی یہاں ٹھہرتا ہے اسے نقصان پہنچاتا ہے۔

میں نے کہا: کوئی بات نہیں اور تھوڑے سے کرائے پر وہ لے لیا، گھانس پھونس لا کر اسی حالت میں ایک چھپر کھڑا کر دیا اور اپنا بوریا بستر وہاں لے آیا، اسی دن ہماری متروکہ حویلی میں کوئی دوسرا شخص آ بیٹھا، چھت گری اور سارے گھوڑے ہلاک ہو گئے، بعد میں وہ جوگی ظاہر ہوا اور اس نے مجھے کہا یہاں زندہ جوگی دفن ہیں، آپ کا یہاں ٹھہرنا مناسب نہیں، میں نے جوگیوں کے دفن ہونے کی جگہ پوچھی تو اس نے ایک کونے کی طرف اشارہ کیا، میں نے کہا: ہم یہاں بیت الخلا بنائیں گے، یہ سن کر وہ چلا گیا اور مجھ پر جادو کرنے لگا جس کا سارا نقصان اسی پر پلٹا، چنانچہ ایک دن والد ماجد کی خدمت میں آ کر کہنے لگا کہ تمہارا بیٹا مجھے تکلیف پہنچا رہا ہے۔

والد صاحب نے مجھے سمجھایا، میں نے کہا پہلے آپ اس سے یہ تو پوچھئے کہ میں نے اسے کس قسم

کی تکلیف پہنچائی ہے، گالیاں دی ہیں یا مارا ہے؟ پھر اپنے ہاتھ سے مارا یا کسی کو کہہ کر مروایا ؟ والد ماجد نے اس سے پوچھا تو وہ کہنے لگا کہ ایسی کوئی تکلیف بھی نہیں پہنچی بلکہ ہمارے بیروں (مؤکل شیطان) سے ہمیں مروا رہا ہے۔

## عاشق پری

فرمایا: دولت آباد کے نواح میں ایک سید اپنے معتقدین کی ایک جماعت کے ساتھ سفر میں تھے، ایک دن رفع حاجت کے لئے ایک پرانی عمارت میں گئے، وہاں پریوں کو مثالی شکل میں دیکھا، ان میں سے ایک پری لٹو ہو کر انہیں چمٹ گئی، تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد وہ مثالی شکل میں ان کے سامنے آتی اور وہ حد سے زیادہ تکلیف محسوس کرتے، اسکو ہٹانے کے لئے بہت کوشش کی مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔

بالآخر سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر میری طرف روانہ ہوئے، اس سفر میں بھی وہ پری ان کے سامنے روز آنہ آتی رہی، جب وہ فرید آباد پہنچے تو پری نے حاضر ہو کر ان سے رخصت چاہی کہ اب میرے لئے تم سے ملنے کا امکان نہیں رہا، جب میرے پاس پہنچے دن بدن تندرست ہوتے چلے گئے اور انہیں بغیر کسی علاج اور تعویذ کے بالکل آرام ہو گیا۔

## نام ہی کافی

فرمایا: ایک شخص کو جن تکلیف پہنچایا کرتا تھا، اس کے گھر والوں نے مجھ سے رجوع کیا۔

میں نے کہا: اسے میرا پیغام پہنچا دو کہ فلاں کہہ رہا ہے یہاں سے چلے جاؤ ورنہ اچھا نہیں ہوگا، انہوں نے پیغام پہنچایا مگر وہ پھر بھی نہ ٹلا، میں نے کہا: تم نے میرا نام اسے اس انداز اور تفصیل سے نہیں بتایا ہوگا جس سے وہ سمجھتا، دوبارہ جاؤ اور اس انداز سے میرا نام لے کر اسے پیغام دو، چنانچہ وہ گئے اور اسی طریقہ سے میرا نام لیا، پھر اس جن نے اسے کبھی تکلیف نہ پہنچائی۔

## جوتے کی مار

فرمایا: محلے والوں نے ایک مرتبہ مجھ پر جادو کر دیا، میں رات کے وقت بیت الخلا گیا تو مجھے ایک جوگی نظر آیا، میں اس کی طرف متوجہ ہوا اور اسے جوتا دے مارا تو وہ دھواں بن کر اڑ گیا۔

## خس و خاشاک

فرمایا: لوگوں نے مجھ پر دوبارہ جادو کیا تو میں نے عالم مثال میں دیکھا کہ ایک شخص آگ کا مجسمہ، آگ کے گھوڑے پر سوار، آگ کا نیزہ ہاتھ میں لئے مجھ پر حملہ کر رہا ہے۔

میں نے بیدا اٹھایا اور اس پر قرآن مجید کی چند سورتیں دم کر کے اسے مارا، وہ آتشیں آدمی اس کا نیزہ اور گھوڑا میری پھونک کے اثر سے مردہ ہو کر گر پڑے، گرتے وقت وہ کہنے لگا کہ میں تمہارے عمل کے اثر سے نہیں گرا، صبح سویرے میں یہ واقعہ مخدومی شیخ ابوالرضا کی خدمت میں عرض کر رہا تھا کہ اس وقت میرے سامنے ایک بلی کا بچہ آیا، میں نے اس پر ہاتھ پھیرا تو وہ اپنی جگہ سے اچھلا، اس کے منہ سے خون نکلا اور وہ مر گیا۔

فرمایا: ان لوگوں نے پھر جادو کیا، میں بیمار ہو گیا، بہتیرا علاج کیا کچھ افاقہ نہ ہوا، بزرگوں میں سے ایک کو خواب میں دیکھا (کاتب الحروف کے گمان میں یہ خواجہ قطب الدین تھے) کہ فرما رہے ہیں تم پر جادو کیا گیا ہے فلاں فلاں آیت پڑھو۔

## روسیاہی

فرمایا: ایک مرتبہ ان لوگوں نے مجھے کسی جھوٹے مقدمے میں پھنسا کر قاضی کی عدالت میں پیش کرا دیا، جب میں عدالت میں حاضر ہوا تو گواہوں کے منہ کالے اور زبانیں سرخ ہو گئیں، جسے سب نے دیکھا، قاضی نے چاہا کہ اس بات کی تشہیر کرے مگر میں نے کہہ دیا کہ جو کچھ دیکھا ہے اسی پر اکتفا کرو۔

## دعا سے ممانعت

اس فقیر (شاہ ولی اللہ) نے حضرت والد ماجد سے اجمالاً اور دیگر احباب سے تفصیلاً سنا ہے، کہ جب اورنگ زیب حسن ابدال کی طرف روانہ ہوا اور پٹھانوں نے بغاوت کر دی تو پوری کوششوں کے باوجود کامیابی کی صورت نظر نہیں آ رہی تھی، بعض مخلصوں نے حضرت والد ماجد سے اس بارے میں دعا کی درخواست کی، حضرت متوجہ ہوئے تو فرمایا: ایک معمر بزرگ کی شکل سامنے آ کر دعا سے منع کر رہی ہے، بعد میں معلوم ہوا کہ شیخ بزرگوار حضرت آدم بنوریؒ کے خلفا میں سے حاجی یار محمد نے پٹھانوں کی مدد پر کمر باندھ رکھی تھی۔

## سات بندوق

جب اورنگ زیب کی وفات ہوئی اور اس کی اولاد آپس میں لڑنے لگی تو بعض احباب نے پوچھا کہ کون کامیاب ہوگا؟ فرمایا: اعظم کی طرف تو سات بندوقیں اٹھی ہوئیں دیکھ رہا ہوں کیسے بچ جائے گا؟ تھوڑے دنوں کے بعد ایسا ہی ہوا۔

## سچی بات

جب معزالدین بادشاہ بنا تو فرخ سیر نے پورب کی طرف سے اس پر چڑھائی کر دی، وہ بہت پریشان ہوا اور درویشوں کی خدمت میں جا جا کر دعا کی درخواست کرنے لگا، کسی نے حضرت والا سے عرض کیا کہ وہ آپ کی خدمت میں بھی آنا چاہتا ہے؟ فرمایا: اس کا یہاں آنا مناسب نہیں رہے گا، اس لئے کہ وہ سچی بات سے ناخوش ہوگا اور مکر وفریب فقراء کا کام نہیں۔

## فرخ سیر اور عبداللہ خاں

جب فرخ سیر اور عبداللہ خاں باہم لڑنے لگے تو حضرت والد کی خدمت میں ان کی لڑائی کا کچھ حال بیان کیا گیا، آپ نے فرمایا: میں نے عالمِ مثال میں دیکھا ہے کہ گویا فرخ سیر کے تخت کو

لوگ الٹ دینا چاہتے ہیں اور میں لوگوں سے کہہ رہا ہوں کہ اسے میری وجہ سے معاف کردو کیونکہ ابھی ابھی پچھلے دنوں تو خونریزی ہو چکی ہے، بہرحال حضرت والد کی وفات سے پچاس دن بعد فرخ سیر قید ہو گیا۔

## نازِ ولایت

حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ جب فرزند عزیز صلاح الدین بیمار ہوا اور ہم نے اس کی زندگی سے ہاتھ دھو لئے تو میں نے کفن خریدنے اور قبر کھودنے کے لئے کہہ دیا، اچانک میرے دل میں جوش آیا اور ایک کونے میں جا بیٹھا، حد سے زیادہ گڑگڑا کر دعا مانگی، فرشتے نے آ کر اس کی زندگی اور صحت کی بشارت دی، اسی دم وہ چھینکا اور اس کی زندگی لوٹ آئی۔

## کاتب الحروف (شاہ صاحبؒ) کی پیدائش

حضرت والد ماجد جب ساٹھ سال کے ہوئے تو ان پر منکشف ہوا کہ تقدیر کے فیصلے کے مطابق آپ کے ہاں ایک اور فرزند پیدا ہو گا، بعض یاران طریقت سے یہ بھی سننے میں آیا کہ آپ کو بشارت دی گئی تھی کہ وہ نومولود علمی اور روحانی بلند مقامات کو پہنچے گا۔

چنانچہ آپ کے دل میں شادی کرنے کا خیال پیدا ہوا، جب مخدومی شیخ محمد پھلتیؒ نے ماجرا سنا تو انہوں نے چاہا کہ یہ بچہ ان کی لخت جگر سے ہو۔

اس فقیر نے بعض ثقہ لوگوں سے سن رکھا ہے کہ جب اس شادی کی بات پکی ہو گئی تو بعض مخالفین اور منافقین نے کہا کہ اس عمر میں شادی مناسب نہیں رہے گی۔

حضرت والد نے ان کی باتیں سنیں تو فرمایا کہ میری عمر کا ابھی کافی حصہ باقی ہے اور لڑکے بھی پیدا ہونگے، چنانچہ آپ شادی کے سترہ سال بعد تک زندہ رہے اور دو بچے بھی پیدا ہوئے۔

فقیر ولی اللہ کی پیدائش سے پہلے ایک رات حضرت والد ماجد نماز تہجد پڑھ رہے تھے میری

والدہ ماجدہ بھی ان کے قریب تہجد میں مشغول تھیں، نوافل کے بعد حضرت والد نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے اور والدہ آمین کہتی رہیں، اسی اثنا میں دو اور ہاتھ ظاہر ہوئے، حضرت والد نے فرمایا کہ یہ دو ہاتھ ہمارے بیٹے کے ہیں جو پیدا ہوگا۔

اس کے بعد یہ فقیر پیدا ہوا اور سات سال کی عمر میں نماز تہجد میں والدین کا ساتھی بنا، اور اسی خواب والی وضع میں ان دونوں کے درمیان ہاتھ اٹھائے۔

هَذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِن قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا*(یوسف ۱۰۰)

یہ میرے خواب کی تعبیر ہے جو میں نے پہلے دیکھا تھا، میرے رب نے سچ کر دکھائی۔

یہ فقیر ابھی ماں کے پیٹ میں تھا کہ اس وقت حضرت والد نے ایک بھکارن کو آدھی روٹی خیرات دی، وہ جانے لگی تو پھر اسے واپس بلا کر باقی آدھی بھی دیدی اور فرمایا کہ بچہ جو پیٹ میں ہے، کہہ رہا ہے کہ خدا کی راہ میں ساری روٹی دینی چاہئے۔

یہ فقیر ابھی کمسن تھا، کہ ایک دن حضرت والد نے اہل اللہ کے نام سے کسی کو دو بار آواز دی۔ ایک آدمی نے پوچھا: حضرت کسے بلا رہے ہیں؟ میری طرف اشارہ کر کے فرمایا: اہل اللہ اس کا بھائی ہے، جو عنقریب پیدا ہوگا، اس کا نام خود بخود میری زبان پر جاری ہو گیا۔

حضرت والد مجلس اور تنہائی میں اکثر اس فقیر کی طرف متوجہ ہو کر لطف و مہربانی فرماتے تھے، مجھے دیکھ کر باغ باغ ہو جاتے اور فرماتے کہ میرے دل میں بارہا یہ خیال آتا ہے کہ ایک ہی دفعہ تمام علوم و معارف تیرے سینے میں ڈال دوں، جوش میں آکر آپ بار بار یہ بات فرماتے، بالآخر آپ کی ان باتوں کا اثر ظاہر ہوا، ورنہ فقیر نے حصول علم میں کچھ اتنی زیادہ محنت نہیں کی۔

## سیر کا شوق

یہ فقیر (شاہ ولی اللہ) بچپن میں ہم عمر رشتے دار بچوں کے ساتھ باغ میں سیر و تفریح کے لیے چلا گیا، جب واپس آیا تو آپ نے فرمایا کہ اے فلاں! آج کے دن تم نے کون سی ایسی چیز

حاصل کی ہے جو سرمایہ اور توشہ بنے؟ ابھی ابھی ہم نے اس مختصر وقت میں اتنی مرتبہ درود پاک پڑھ لیا ہے، یہ بات سنتے ہی فقیر کے دل سے سیر کا شوق جاتا رہا اور پھر کبھی ایسا خیال نہ آیا۔

## وہ نہیں لوح وقلم کا محتاج

حضرت والد ماجد کو شوال میں ایک ایسے مرض سے سابقہ پڑا کہ زندگی سے آس توڑ بیٹھے، انہی دنوں میں اس فقیر کو خلوت میں اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ اپنے دل کو ہر وقت حضرت والا کی طرف متوجہ رکھوں اور یہ بھی فرمایا کہ یہ قید تین مہینے کے لئے ہے، اس وقت مجھے تین مہینوں کی تخصیص کا نکتہ سمجھ میں نہ آیا، جب شفایاب ہوکر غسل صحت فرمانے کے تین ماہ بعد مرض پھر لوٹ آیا تو اس وقت یہ نکتہ سمجھ میں آیا، اسی مرض میں بارہ صفر کو آپ کی وفات ہوگئی۔

حضرت والا آخر عمر میں جب بیمار پڑے تو اس فقیر کو فرمایا کہ قلم دوات لاؤ، میں چاہتا ہوں کہ اپنے خاص نکاتِ معرفت تحریر کروں، میں نے دو چار مرتبہ قلم دوات پیش کی مگر آپ میں لکھنے یا املا کرانے کی طاقت نہ رہی تھی، آپ کی وفات کے بعد میرے دل میں حضرت والا کے حالات لکھنے کا خیال پیدا ہوا، تحریر کے دوران اکثر حالات میرے دل میں اس طرح پختہ ہوجاتے گویا یہ تمام واقعات میرے سامنے ہوئے ہیں، انہی دنوں چند مرتبہ خواب میں دیکھا گویا میں اپنی تحریریں حضرت والد کو سنا رہا ہوں اور وہ پورے ذوق کے ساتھ سن رہے ہیں، یہاں تک کہ سارے مسودات مکمل طور پر محفوظ ہو گئے، میرا غالب گمان ہے کہ آپ جو کچھ لکھوانا چاہتے تھے اس میں کوئی ایسی چیز باقی نہ رہی جو تحریر میں نہ آ گئی ہو۔

## مفید دوستی

اپنی زندگی کے آخری ایام میں ایک دن محمد عاشق اور میری طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں اور ان کی دوستی و محبت میرے لئے مسرت و

شادمانی کا سبب ہے، اس بات کی حقیقت بعد میں کھلی جب محمد عاشق فقیر کے ساتھ بیعت کا تعلق کر کے نفع مند ہوا اور امید ہے کہ ہماری یہ دوستی بہت سے فوائد کا باعث بنے گی۔

## خلوص کے اثرات

جو شخص بھی حضرت والا کی صحبت میں خلوص نیت سے آتا تھا اس میں عجیب اثرات نمودار ہوتے تھے، محمد قلی سپاہیوں کی روایتی بے توجہی کے باوجود حضرت کی باتیں بیان کرتے وقت اس قدر مغلوب ہو جاتا کہ بے ہوش ہو کر گر پڑتا تھا اور جب کبھی زیادہ متأثر ہو جاتا تو اس کا اثر اس گھوڑے پر بھی پڑتا جو اس وقت سواری میں ہوتا، چنانچہ گھوڑا گر پڑتا اور کاٹھی بکھر جاتی۔

## روشن ضمیر بچی

محمد فاضل کی بیٹی شریفہ خاتون کم عمری کے باوجود حضرت والا کی نورانیت کا اثر قبول کر چکی تھی، بہت سے معاملات اس پر بھی منکشف ہو جاتے تھے، چنانچہ ایک رات حضرت والد محمد فاضل کے گھر جا رہے تھے کہ راستے میں آپ کے ہاتھ سے تسبیح گر پڑی، شریفہ نے کہا: میں دیکھ رہی ہوں کہ تسبیح فلاں جگہ گری ہے، شمع لے جا کر دیکھا تو تسبیح وہیں پڑی تھی۔

اپنے گھر میں ایک دن شریفہ کہنے لگی کہ حضرت والا ہمارے گھر تشریف لا رہے ہیں اور فلاں کھانے کی خواہش رکھتے ہیں، چنانچہ وہ طعام تیار کیا گیا اور حضرت والا سے دریافت کیا گیا تو آپ نے شریفہ کی باتوں کی تصدیق فرمائی۔

ایک دفعہ شریفہ اپنے گھر میں تھی، حضرت والا بھی وہیں تھے، کہنے لگی: فتح محمد ہمارے گھر کا ارادہ کر رہا ہے، پھر اب راستہ میں کھڑا کسی سے بات کر رہا ہے، وہ خود دھوپ میں اور دوسرا آدمی سائے میں کھڑا ہے، اب اس نے تین نارنگیاں خریدی ہیں، دو اپنے دونوں بیٹوں کے لیے اور ایک حضرت والا کے لیے، پھر کہا: اب اس کی نیت بدل چکی ہے، دو حضرت والا کے لیے اور

ایک دونوں بیٹوں کے لیے نامزد کردی ہے، پھر کہنے لگی: اب وہ دروازے پر کھڑا ہے، فتح محمد کے پہنچنے پر شریفہ کی ساری باتوں کی تصدیق ہوگئی۔

## دل کی سیر

اس فقیر (شاہ ولی اللہ) نے شریفہ سے عجیب وغریب قصے سن رکھے ہیں، سناتی تھی: ایک دفعہ میں نے حضرت والا سے گزارش کی کہ میں آپ کا دل دیکھنا چاہتی ہوں، حضرت نے فرمایا: میرے سامنے بیٹھ کر میری طرف توجہ کرو، جب میں متوجہ ہوئی تو میں خود سے بے خبر ہوگئی، اسی عالم میں میں نے دیکھا کہ گویا آپ کے حلق میں چلی گئی ہوں، میں نے دیکھا کہ حضرت کا دل آئینے کی طرح ہے جو لمبائی میں ایک ہاتھ اور چوڑائی میں بالشت ہے، اس آئینے میں اسم ذات ایسے رنگ سے ظاہر ہوا جو چراغ کی لو کا عکس آئینے پر پڑنے سے پیدا ہوتا ہے۔

روحانی امور منکشف ہونے کی وجہ سے میں اس شعلے کو منہ میں لے کر نگل گئی، اسی وقت حضرت والا بے قرار ہو گئے اور بے ہوش ہو گئے، جب افاقہ ہوا تو فرمایا کہ جب تو نے میرے لطیفۂ قلب کو اپنے حلق کے اندر لیا تو میں کم زور ہو گیا۔

## صبر کا پھل

شیخ فقیر اللہ نے بتایا کہ حضرت والا کی والدہ جب فوت ہوئیں تو آپ نے بیحد غمگینی کے باوجود اظہار غم اور رونے دھونے سے اپنے آپ کو باز رکھا، اسی دوران ایک رات سوئے ہوئے تھے اور میں ان کے پاؤں داب رہا تھا، اس وقت میں نے ظاہری آنکھوں سے ایک نور دیکھا جسے محسوس کیا جا سکتا تھا، اس نے حضرت والا کا احاطہ کر لیا، خاص طور پر ان کے سینے، چہرے اور منہ کو گھیر لیا، جب آپ کی آنکھ کھلی تو میں نے یہ واقعہ عرض کیا، فرمایا: یہ میرے صبر کا پھل تھا۔

خلیفہ محمد حضرت والا کے قدیمی دوستوں میں سے تھے، جب آپ کسی کتاب سے کوئی مسئلہ نکالنا

چاہتے اور مقام وصفحہ معلوم نہیں ہوتا تھا تو وہ کتاب ان کے ہاتھ میں تھما دیتے، معمولی غور کے بعد وہ کتاب کھولتے تو مطلوبہ جگہ ایک صفحہ آگے یا پیچھے نکل آتی تھی۔

## جمالِ مستور

محمد غوث پھلتی بیان کرتے تھے کہ ایک دفعہ حضرت والا حجرے میں اکیلے سو رہے تھے کہ میں ان کی زیارت کے لیے آیا، بعض عقیدت مندوں نے مجھے روکا کہ آپ آرام میں ہیں، حجرے میں مت جاؤ، میں دروازے پر ٹھہر گیا، اسی اثنا میں حجرے سے رونے کی آواز میرے کان میں پہنچی، میں گھبرا کر بغیر اجازت کے حجرے کے اندر چلا گیا، اندر قدم رکھتے ہی بعض راز کی باتیں مجھ پر منکشف ہوئیں، مثلاً یہ کہ فرہاد خان حسین پوری حضرت والا کی زیارت کو آ رہا ہے، جب حضرت والا کے قریب پہنچا تو آپ نے اپنے پاؤں میری طرف بڑھا دیئے اور میں پاؤں دابنے میں مشغول ہو گیا، اسی حالت میں میرے ذہن میں یہ خیال آیا کہ کہا جاتا ہے اولیاء اللہ کی ایک باطنی شکل وصورت ہوتی ہے جو لوگوں کی نگاہوں سے مستور رہتی ہے، وہ باطنی جمال کیسا ہوگا؟ جب آنکھ اوپر اٹھائی تو دیکھا کہ حضرت والا کے مبارک چہرے سے ایک حجاب آہستہ آہستہ اٹھ رہا ہے، گویا بادل کا ٹکڑا چاند سے جدا ہو رہا ہے، جب ٹھوڑی تک پردہ اٹھ گیا تو ایسی شعاعیں چمکیں کہ میں قریب قریب بے ہوش ہو گیا، تب حضرت والا اٹھے اور وضو فرمایا، میں بھی آگے جا بیٹھا تا کہ یہ قصہ عرض کروں، اشارے سے فرمایا کہ بیان کرنے کی ضرورت نہیں، کچھ دیر بعد فرہاد خاں نے بھی آ کر شرفِ قدم بوسی حاصل کیا۔

## تاثیر کی بخشش

حضرت والد ماجد جب بھی چاہتے تھے اور جس میں بھی چاہتے تھے ایسی تاثیر پیدا فرما دیتے کہ اسے اپنی سدھ بدھ نہیں رہتی تھی، ایسے قصے اعداد وشمار سے زیادہ ہیں، بعض اوقات تو آپ

کی توجہ سے جماعتوں کی جماعتیں بے ہوش ہوگئیں اور بعض اوقات آپ کی توجہ سے لوگوں پر اس قدر بیہوشی طاری ہوجاتی تھی کہ ان کے انتقال کا خطرہ پیدا ہوجاتا تھا، آخری عمر میں آپ نے اس قسم کی توجہ سے ہاتھ روک لیا تھا اور اسے ناپسند فرماتے تھے، ایک دن قصبۂ پرتاپ پور میں مستورات نے جمع ہوکر اس قسم کی تاثیر چاہی آپ نے اس فقیر کی والدہ کو ان مستورات پر توجہ کا حکم دیا اور یہ حکم دیتے وقت ایسی تاثیر پیدا کردی کہ اس دن والدہ نے جس کو بھی چاہا عالمِ بیخودی میں پہنچادیا کم وبیش بیس عورتوں پر والدہ محترمہ نے توجہ ڈالی۔ واللہ اعلم

دلوں کے بھید بتانے اور نادیدہ امور منکشف کرنے کے سلسلے میں حضرت والد ماجد کے اس قسم واقعات بے شمار ہیں، ان کے معتقدین اور مخلصین میں کوئی بھی ایسا نہیں جو اس قبیل کی پانچ چھ کرامات اپنے مشاہدے کی روشنی میں بیان نہ کرتا ہو، فقیر کی غرض حضرت والا کے سلسلے میں صرف اپنی سنی ہوئی روایات محفوظ کرنا ہے ورنہ ع

سفینہ چاہئے اس بحر بیکراں کیلئے

*******

# حضرت والد ماجد کے ملفوظات

## آنکھوں کا فائدہ

فرمایا کرتے تھے کہ ایک بار میں ایک مشہور بزرگ کی زیارت کو گیا۔

وہ کہنے لگے: عرصے سے دو باتوں کی الجھن میرے دل میں پائی جاتی ہے اور اطمینان حاصل نہیں ہو رہا، پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ جو علماء کہتے ہیں کہ اس دنیا میں حق سبحانہ وتعالی کا ظاہری آنکھوں سے دیکھنا محال (ناممکن) ہے حالانکہ ہم اللہ تعالی کو بچشم ظاہر دیکھتے ہیں، علماء کے قول کی وجہ سے کھلی حقیقت کا انکار نہیں کرنا چاہئے اور معتقدین صوفیاء بھی اس حقیقت کی طرف اشارہ کر چکے ہیں جیسا کہ کہتے ہیں:

دیدہ را فائدہ آنست کہ دلبر بیند
ورنہ بیند چہ بود فائدہ بینائی را

آنکھوں سے تو یہی فائدہ ہے کہ محبوب کو دیکھیں اور اگر نہ دیکھ سکیں تو پھر بینائی سے کیا حاصل؟

میں نے کہا: معلوم نہیں کہ اس شعر کے کہنے والے نے جمال حقیقی مراد لیا ہے یا مجازی، پہلی صورت میں تاویل کا دروازہ کھلا ہے۔

البتہ یہ جو بچشم ظاہر آپ نے اپنے دیکھنے کا ذکر کیا ہے تو یہ بصیرت اور بصرا کے فرق کو نہ سمجھنے کی وجہ سے ہے، آپ اپنی آنکھیں میچلیں، انہوں نے آنکھیں بند کرلیں۔

میں نے پوچھا: کیا بند کرنے کی کیفیت کا ادراک باقی ہے؟

کہنے لگے: ہاں! باقی ہے، میں نے کہا: یہی تو اشتباہ کی علامت ہے۔(۲)

---

ابصیرت، دل کی آنکھ، بصر و بصارت ظاہری آنکھ۔

۲ مطلب یہ ہے کہ جب تک آنکھ موندنے کی کیفیت کا احساس باقی ہے تب تک شبہ باقی ہے، اور جب تک شبہ باقی ہے تب تک ظاہری آنکھ سے رویت کا دعوی باطل ہے، لہذا یہ دعوی ہمیشہ باطل ہے۔

اس بزرگ نے کہا: دوسری الجھن یہ ہے کہ یہ جو نقشبندی کہتے ہیں کہ ہم جب سالک پر توجہ ڈالتے ہیں تو پہلی ہی صحبت میں بیخودی اور خودفراموشی کی کیفیت اس پر طاری ہوجاتی ہے، یہ بات سچ ہے یا نہیں اور آپ نے ایسی کیفیت اپنی آنکھوں سے بھی دیکھی ہے؟ میں نے کہا: ہاں! یہ حقیقت ہے اور ایسی بہت سی باتیں میں نے دیکھی ہیں، مگر ایسی تاثیرات تو مجھ سے بھی بکثرت ظاہر ہوئی ہیں، کہنے لگے: تم نے سچ کہا ہے مگر میری تسلی نہیں ہوتی، میں نے اسی وقت ان کے عزیزوں میں سے ایک پر جو میرے سامنے بیٹھا ہوا تھا نگاہ اٹھا کر توجہ ڈالی تو وہ بیہوش ہوکر گر پڑا، وہ پریشان ہوئے کہ اس پر مرگی یا غشی کا دورہ پڑ گیا ہے، میں نے کہا: کچھ بھی نہیں، میری تاثیر سے بیخود ہوا ہے، جب وہ آدمی ہوش میں آیا تو اس سے سوال کیا گیا کہ کس وجہ سے بے ہوش تھے؟ کہنے لگا: میں اس سے زیادہ کچھ نہیں جانتا کہ ان حضرت میں سے ایک نور نکل کر مجھ میں جذب ہوگیا اور میرا ہوش جاتا رہا، یہ سن کر وہ بزرگ کہنے لگے کہ عین الیقین تو حاصل ہوا ہے مگر ابھی حق الیقین نہیں ہوا، میں نے کہا: چونکہ آپ صاحب ارشاد بزرگ ہیں، آپ کو بخوبی علم ہے کہ ہر سلسلۂ طریقت میں ایک خاص تاثیر ہوتی ہے، سلسلۂ نقشبندیہ کی یہ تاثیر بغیر ارتباط (بیعت) آپ کو سمجھانا مناسب نہیں۔

## رویت وحجاب

کاتب الحروف کہتا ہے کہ مکہ معظّمہ میں مسجد الحرام کے اندر میں شیخ آدم بنوری قدس سرہ کے ایک خلیفہ کی روحانی مجلس سے محظوظ ہوا، جو اس دنیا میں ظاہری آنکھوں سے حق سبحانہ تعالیٰ کی رویت کے قائل تھے، میں نے ایک موقع پر انہیں رویت باری سے متعلق اپنے نظریے سے آگاہ کیا، تو انہوں نے اعتراض کیا کہ جب حق سبحانہ وتعالیٰ جہت ومکان کی قید سے پاک ہے تو پھر دیکھنے والے کی آنکھ کی پلکیں حضرت حق سبحانہ تعالیٰ اور دیکھنے والے کی آنکھ کے ڈیلے کے درمیان ہرگز روک اور حجاب نہیں بن سکتیں، اس لیے ثابت ہوا کہ آنکھیں جھپکنے کے باوجود

دیدار کا سلسلہ قائم رہتا ہے اور بصر و بصیرت میں کوئی فرق و امتیاز ثابت نہیں کیا جا سکتا، میں نے کہا: حقیقتِ رویت (کھلی آنکھوں سے دیکھنا) عام مفہوم یا عرف عام میں ایک کامل و اشگاف اور کھلی حقیقت کے دیکھنے کو کہتے ہیں، جو آنکھ مچولی اور چکا چوند میں نہیں بلکہ ہمیشہ آنکھیں کھو لنے کے بعد والے نظارے کو کہا جاتا ہے، ملا جلال نے رویت معاویہ کی بحث میں اسے تفصیل سے بیان کیا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ وہ دیدار جو آنکھیں بند کر کے اور کھولنے کے بعد ایک ہی طرح محسوس ہوا سے رویت نہیں کہہ سکتے۔ واللہ اعلم (۱)

## نیت کا فرق

فرمایا کہ میرے ایک ہم سبق نے مجھ سے سوال کیا کہ حق سبحانہ تعالیٰ آپ کو بھی اپنے بندوں کے وسیلے سے رزق پہنچاتا ہے اور دوسرے لوگوں کو بھی آپ ہی کی طرح کسی حیلے بہانے سے دیتا ہے، ہم سب کا اس پر ایمان ہے کہ رزاق حقیقی خداوند تعالیٰ ہے، لیکن آپ اور عام لوگوں کے درمیان کیا فرق رہا؟

میں نے کہا تم حصول رزق کے لیے مخلوق کی طرف توجہ رکھتے ہو لالچ میں ان کے آگے پیچھے جاتے ہو مگر ہم رزاق حقیقی کی طرف توجہ رکھتے ہیں، اسی سے طلب کرتے اور جو کچھ آتا ہے اسی کی عطا سمجھتے ہیں، کہنے لگا: ابھی فرق واضح نہیں ہوا۔

حضرت والد ماجد فرماتے ہیں کہ میں نے تصرف سے کام لیا، تو خداوند تعالیٰ نے یہ کرشمہ ظاہر فرمایا کہ اس کے دل میں بغیر کسی دباؤ کے یہ بات آئی کہ مجھے کچھ نذرانہ پیش کرے، اس کی خواہش لمحہ بہ لمحہ بڑھنے لگی یہاں تک کہ وہ بے اختیار ہو گیا، ادھر میں نے نذرانہ قبول کرنے سے انکار کر دیا، وہ کافی دیر دھوپ میں کھڑا ہو کر گڑگڑاتا اور عاجزی کرتا رہا اور کہنے لگا کہ میں

---

۱یعنی آنکھ بند ہو یا کھلی، اندھیرے میں ہو کہ اجالے میں ہر حال میں رب کریم کا مشاہدہ کرتی رہے گی، اس کی ذات کے جہات اور مکان سے پاک ہونے کا مطلب ہی یہ ہے کہ پلکوں کے اندر بھی وہ موجود ہے۔

بخوبی جانتا ہوں کہ نذرانہ قبول کرنے میں میری بھلائی اور ٹھکرانے میں میری بدبختی ہے، میں نے نذرانہ لینے کے لیے کچھ مشکل شرائط پیش کیں تو وہ بھی اس نے ہنسی خوشی پوری کیں، اس کے بعد میں نے اسے کہا کہ یہ نذرانہ میری چوکھٹ پر رکھ دو، اس نے ایسا ہی کیا، وہاں سے ایک بھکارن گزر رہی تھی، میں نے اشارہ کیا کہ یہ اٹھالو، پھر میں نے اسے کہا کہ اب کچھ معلوم ہوا کہ امیروں سے تیرے حاصل کرنے اور میرے لینے میں کیا فرق ہے؟ کہنے لگا: اب یہ مسئلہ پوری طرح واضح ہو چکا ہے۔

## کل کا وعدہ، اے دوست کس لئے؟

فرمایا: علماومشائخ کے اجتماع میں ایک آدمی نے کہا کہ یہ جو خواجہ حافظ نے فرمایا ہے:

امروز چوں جمال پرتو بے پردہ ظاہر است
در حیرتم کہ وعدۂ فردا برائے چیست

اے محبوب ازل! تیرا جلوۂ حسن تو ہم پر آج بھی بے نقاب ہے، میں حیران ہوں کہ پھر یہ کل کا وعدہ آخر کس لیے ہے؟''

اور عقائد کی کتابوں میں لکھا ہے کہ اس دنیا میں حق سبحانہ وتعالیٰ کا دیدار ناممکنہے، ان دونوں باتوں میں کیسے مطابقت پیدا کی جاسکے گی؟

اس مسئلے نے مناظرے کی کیفیت اختیار کر لی اور بات کافی بڑھ گئی، آخر سب نے تھک ہار کر مجھ سے رجوع کیا، فریقین کو خاموش کرا کے میں نے کہا کہ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ حق تعالیٰ محتجب (چھپا ہوا) ہے، محجوب (چھپایا ہوا) نہیں یعنی اپنے اختیاری حجاب کی آڑ میں ہے، کسی کے ڈالے ہوئے حجاب میں مستور نہیں۔

خواجہ حافظ نے تقاضائے شوق کے تحت فرمایا کہ جب حق سبحانہ تعالیٰ کسی کے حجاب کی قید میں نہیں اور ہماری آنکھوں کی کمزوری کے علاوہ اور کوئی رکاوٹ بھی نہیں اور ان رکاوٹوں کا اٹھانا

بھی اسی کے ہاتھ میں ہے تو اس دنیا میں جمالِ جہاں آرا سے کیوں محروم رکھا جا رہا ہے؟ میری اس تشریح کو دونوں نے بغیر کسی تردد کے قبول کرلیا۔

کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) کہتا ہے کہ یہ مناظرہ اس بات پر تھا کہ صوفیا کے نزدیک حق سبحانہ وتعالیٰ کے بے پردہ ہونے سے مراد ایسا دیدار وانکشاف ہے جس سے اوپر کوئی انکشاف نہیں اور اولیاء اللہ کو اس دنیا میں انہی معنوں میں رویت باری حاصل ہوتی ہے، البتہ عوام کے لیے ایسا دیدار آخرت پر موقوف ہے، علما اس معنی سے انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ رویت کے لیے کھلی آنکھوں سے دیکھنا ضروری ہے۔

## قلندر کی شان

بادشاہ اورنگ زیب کے مقربین میں سے ایک شخص حضرت والد ماجد کا معتقد تھا، ایک دن بادشاہ نے مراقبہ کیا اور وہ پنکھا جھلنے لگا، اس پر بھی شغل غالب آنے لگا اور وہ بیخود ہو گیا، پنکھا اس کے ہاتھ سے گر پڑا، قریب تھا کہ بادشاہ کو تکلیف پہنچتی مگر پنکھا گرنے کی آواز سے بادشاہ مراقبے سے چونکا اور پوچھا کیا بات ہے؟

اس نے اپنے بے خود ہونے اور حضرت والا سے اپنی نسبت کے بارے میں بادشاہ کو بتایا، بادشاہ کے دل میں حضرت والا سے ملاقات کا شوق پیدا ہوا، بادشاہ نے کہا کہ حضرت کو میرے پاس لاؤ، اس نے کہا کہ وہ بادشاہوں اور دولت مندوں کے ہاں جانا مناسب نہیں سمجھتے۔

بادشاہ نے حضرت والا کے ایک مخلص شیخ پیر کو بلوایا اور اس کے ذریعہ شوق زیارت اور خواہشِ ملاقات کے بارے میں کہلا بھیجا، آپ نے یہ بات قبول نہ کی، شیخ پیر کا اصرار بھی بے سود نکلا، جب وہ مایوس ہوئے تو کہا کم از کم ایک خط ہی لکھ دیجئے تا کہ آپ کا نہ جانا میری کوتاہی پر محمول نہ کیا جائے، وہاں پر کاغذ کے ایک پھٹے پرانے ٹکڑے میں جوتے لپٹے ہوئے تھے، آپ نے وہ کاغذ لے لیا اور اس پر لکھا:

’’اس بات پر اہل اللہ کا اجماع ہے، ’’ بئس الفقیر علی باب الأمیر ‘‘(امراء کے دروازوں پر فقراء کا جانا بدتر ہے )اور حق سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے’’ وما متاع الحیوۃ الدنیا إلا قلیل ‘‘ ( دنیا کی ناپائیدار زندگی کا سارا ساز وسامان کچھ بھی تونہیں )اس قلیل میں سے بہت ہی تھوڑا حصہ آپ کوملا ہے اگر بفرض محال آپ مجھے کچھ دینا بھی چاہیں تو وہ جزء لا یتجزی ہی ہوسکتا ہے (ایسا ذرہ جسے تقسیم نہ کیا جاسکے )اس معمولی مقدار کے لیے میں اپنا نام خدائے برتر کے دفتر سے آخر کیوں کٹادوں؟ مشائخ چشتیہؒ کے ملفوظات سے ثابت ہے کہ جو شخص بادشاہ کے دفتر میں اپنا نام لکھا دے حق تعالیٰ کے دفتر سے اس کا نام کاٹ دیا جاتا ہے‘‘

اس خط کی روایت بالمعنی (صرف مفہوم بیان کیا گیا) ہے، الفاظ محفوظ نہیں رہے، بہرحال اسی طرح کے الفاظ لکھ کر آپ نے بھجوادیا، اس روایت کے ناقل نے بیان کیا کہ بادشاہ نے اس رقعہ کو اپنی جیب میں محفوظ رکھا، جب نیا لباس زیب تن کرتا تو اس کی جیب میں رکھ لیتا یہاں تک کہ مدتوں یہ خط محفوظ رہا،فرصت کے اوقات میں اسکا مطالعہ کرکے روتا تھا۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ اس قسم کا ایک اور واقعہ بھی ملتا ہے کہ آخری دنوں میں بہادر شاہ کے بیٹے عظیم الشان نے دعا کی درخواست اور عجز وانکساری سے بھر پور عریضہ لکھ کر زیارت کی خواہش کی اور کہا کہ اگر آپ خواجہ معین الدین چشتیؒ کی زیارت کے قصد سے تشریف لائیں اور اس بہانے سے ہماری ملاقات بھی ہوجائے تو اس میں کیا حرج ہے؟ اس پر آپ نے فرمایا:

ان اللہ لا ینظر إلی صورکم وأعمالکم وانما ینظر إلی قلوبکم ونیاتکم([1])

بیشک اللہ تعالی نہ تمہاری صورتوں کو دیکھتے ہیں نہ اعمال کو بلکہ تمہارے دل اور نیت کو دکھتے ہیں۔ لہٰذا میں آپ کی چکنی چپڑی باتوں کے فریب میں نہیں آسکتا۔

---

[1] صحیح مسلم - (حدیث ۴۶۵۱)عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إن الله لا ينظر إلى صوركم وأموالكم ولكن ينظر إلى قلوبكم وأعمالكم*

اللہ تعالیٰ نہ تمہاری صورتوں کو دیکھتے ہیں نہ مال کو بلکہ تمہارے دلوں اور اعمال کو دیکھتے ہیں۔

## جدید معارف

شیخ احمد سرہندی کی اولاد میں سے شیخ نقشبند نامی ایک بزرگ نے ایک دن مجمع میں کہا کہ اس زمانے کے درویش پرانے گھسے پٹے نکات کے سوا کچھ نہیں جانتے، جدید معارف کے عرفان کی ہوا بھی ان کو نہیں لگی، حضرت والا نے فرمایا: ایسا نہیں بلکہ اس طبقے کے بعض لوگ تو خاص طور پر ایسے جدید معارف کا سرمایہ رکھتے ہیں کہ اس میں وہ کسی کے مقلد نظر نہیں آتے۔

وہ کہنے لگے: اگر ایسا ہے تو پھر ان میں سے کچھ ہمیں بھی سنا دیجئے تاکہ آپ کی اس بات کی حقیقت ہم پر بھی واضح ہو جائے، آپ نے فرمایا "کلموا الناس علی قدر عقولهم"[۱] (لوگوں سے ان کی سمجھ کے مطابق بات کرو) حد مقرر ہو چکی ہے اس لئے عام مجلس میں ایسے رموز ظاہر نہیں کرنے چاہئیں، کہنے لگے کہ اس مجلس میں اکثریت اہل سلوک کی ہے۔

آپ نے فرمایا: معرفت کے بعض نکتوں کے سلسلے میں اہل اللہ بھی عوام کا سا درجہ رکھتے ہیں، لیکن وہ نہ مانے اور اصرار کرتے رہے، حضرت والا نے فرمایا: شیخ بسطامیؒ کا قول ہے:

"نهاية الصديقين بداية الأنبياء[۲]"()

جہاں صدیقین کا کمال ختم ہوتا ہے وہاں سے انبیاء کرام کا آغاز ہوتا ہے۔

اور اکثر اہل استقامت (۳) اسی راہ پر چل رہے ہیں مگر عرفان کچھ اور تقاضا کرتا ہے۔

جب حضرت والا کی بات یہاں تک پہنچی تو شیخ نقشبندؒ کی پیشانی پر بل پڑ گئے، چہرے پر ناگواری کے اثرات محسوس ہونے لگے، حضرت والا نے خیال کیا کہ شاید شیخ نقشبند اس

---

[۱] أمرنا أن نكلم الناس على قدر عقولهم (الديلمى عن ابن عباس بسند ضعيف، جامع الاحاديث ۱۵۴۱۴)

[۲] إيقاظ الهمم شرح متن الحكم - لابن عجيبه (1/273) فنهاية الأولياء بداية الأنبياء ونهاية الأنبياء بداية الرسل وبدايته عليه السلام من نهاية الرسل * صلى الله عليه وآله وسلم

[۳] پوری عزیمت اور اٹل ارادے کے ساتھ راہ تصوف پر چلنے والے حضرات۔

دوسرے قول کو پسند کرتے ہیں کہ "الولایة افضل من النبوة"(۱) (ولایت نبوت پر فوقیت رکھتی ہے) تو آپ نے فرمایا کہ میرے نزدیک "نہایۃ الصدیقین بدایۃ الانبیاء" والا مقام ایک برزخی حیثیت رکھتا ہے جسے نبی کے سوا کوئی طے نہیں کرسکتا۔

اس کے بعد اپنے اسی مضمون کو دوبارہ ایسے انداز سے بیان فرمایا کہ تمام اہل مجلس نے بھی سمجھ کر قبول کیا اور شیخ نقشبند انتہائی مسرور ومحظوظ ہوکر کہنے لگے کہ بایزید بسطامیؒ کی بات تو روشنائی سے لکھی گئی ہے مگر آپ کا یہ نکتۂ معرفت تو آبِ زر سے لکھے جانے کے قابل ہے۔

---

۱یہ قول حکیم ترمذی کا ہے، واضح ہو کہ یہ امام ترمذی صاحب السنن نہیں ہیں بلکہ یہ ہیں محمد بن علی بن حسن بن بشر الترمذی المتوفی ۲۹۶ھ ان کی کتاب کا نام ختم الولایہ ہے، اس کے بعد ان کے قول کو پھیلانے اور قبول کرنے والوں میں فصوص الحکم کے مصنف محمد بن علی بن محمد بن احمد بن عبداللہ بن حاتم طائی معروف بہ محی الدین ابن عربیؒ، متوفی ۶۳۸ھ، اور سعد الدین حموی متوفی ۷۹۸ھ ہیں، لیکن اہل علم حضرات نے پوری شدت کے ساتھ اس عقیدے کا بطلان کیا ہے اور اس کو ملحدانہ عقیدہ کہا ہے، کتاب وسنت یا فقہاء وعلماء امت کی تصریحات میں اس نظریہ کی کوئی گنجائش نہیں، بڑے سے بڑا ولی ادنیٰ صحابی کے پائدان کو نہیں چھوسکتا، نبوت کا تو ذکر ہی بند کردیجئے، نبی بصیرت پر قائم، براہین سے مزین، معجزات سے مؤید ہوتا ہے، جبکہ ولی کا دارومدار مکمل طور پر نبی کی پیروی پر ہے، جہاں اپنے نبی کی اطاعت سے ذرا ادھر ادھر ہوا تمام کیا دھرا غارت، سر پر دھرا تاج ولایت ایک بوجھ، کرامتیں جادو اور استدراج کے زمرے میں داخل، راہنمائی کے بجائے خود گمراہی میں گرفتار، نبی کی جتنی زیادہ اطاعت اتنا ہی بڑا ولی، اسکے علاوہ جو کچھ ہے محض ظن ہے، قیاس ہے، اٹکل ہے، بلکہ بغاوت ہے، جس کی کوئی دلیل نہیں، کوئی گنجائش نہیں، یہاں بھی حضرت شیخ عبدالرحیمؒ نے اس کو غلط قرار دیا ہے، قیامت تک کے لئے اعلان ہو چکا: مَّنۡ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدۡ أَطَاعَ اللَّهَ وَمَن تَوَلَّىٰ فَمَا أَرۡسَلۡنَاكَ عَلَيۡهِمۡ حَفِيظًا*(النساء۸۰) جوشخص رسول کی اطاعت کرتا ہے تو یقیناً اس نے کرلی اطاعت اللہ کی، اور جس نے انحراف کیا تو آپ نہیں ان پر نگہبان۔

یہ تمام بحث اس وقت ہے جب کہ یہ قول اپنے ظاہر پر محمول کیا جائے، ہمارا یقین ہے کہ اس سے ان کی مراد افضل فی الدرجات نہیں ہے، بلکہ مفید لوجہٖ ہے، یعنی ولایۃ ایک اعتبار سے نبوت سے زیادہ مفید ہے، کیونکہ وہ قابلِ حصول ہے، ہم اسے حاصل کرنے کی کوشش بھی کرسکتے ہیں، حرص اور دعا بھی۔ (آگے)

## وہ سمیع ہے ایسا

(۱) واضح ہو کہ حضرت والد ماجد اکثر مسائل میں حنفی مذہب کے مطابق عمل کرتے تھے مگر جہاں حنفی مسلک کے مقابلے میں حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یا وجدان سے دوسرے مسالک قابل ترجیح نظر آتے تو انہیں قبول کر لیتے مثلاً امام کے پیچھے اور جنازہ میں سورۂ فاتحہ پڑھتے تھے۔

ایک دن اس بارے میں شیخ عبدالاحد نے بحث کی اور اپنے بعض اسلاف سے نقل کیا کہ اگر کوئی جماعت بادشاہ کی بارگاہ میں اپنی ضرورت بیان کرنے کے لئے کھڑی ہو تو ادب کا تقاضا یہ ہے کہ اپنا کوئی نمائندہ آگے کریں، نہ یہ کہ ہر شخص بولنے لگ جائے۔

حضرت والا نے فرمایا کہ یہ قیاس مع الفارق ہے، نماز کی حقیقی غرض تو دعا اور خشوع وخضوع کے ذریعے اصلاح نفس اور خدائے قدوس سے شرف ہمکلامی حاصل کرنا ہے جیسا کہ حدیث "لا

---

۱(صفحہ ۱۹۰ کا بقیہ) لیکن نبوت چونکہ خالص وہبی شے ہے اس لئے نہ اس کی کوشش جائز کہ یہ سعی لا حاصل ولغو ہوگی، نہ دعا جائز کہ یہ دعائے باطل ہوگی۔

ولایت میں کسب ومحنت، عبادت وریاضت کو دخل ہے اس لئے وہ اس معنی میں زیادہ مفید ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں ایک ہی نبی کی پیروی میں الگ الگ لوگوں کو حاصل ہو سکتی ہے، اور نبی وپیغمبر سے بہت ہی کمتر لوگوں کو اس کے حصول کی امید طاعات پر ابھارتی رہتی ہے، بلکہ اللہ کے گناہ گار، ناکارہ، نکمے اور نالائق ترین بندے بھی اس فضل سے مایوس نہیں ہوتے، انہیں بھی مفت میں توقع رہتی ہے کہ جانے کب قطب بنا دیئے جاؤ۔

اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی دعوی کرے کہ چراغ سورج سے بہتر ہے، بھلا کہاں سورج کہ جس سے تمام جہان روشن ہے اور کہاں یہ حقیر دیا جو اپنی روشنی اپنے ہی نیچے پہنچانے سے قاصر ہے، لیکن اگر اس کا مطلب یہ ہو کہ چراغ ہمارے لئے سورج کی بنسبت اس وجہ سے اچھا ہے کہ چراغ کو ہم جب چاہیں روشن کر لیں، جب چاہیں گل کر دیں، جہاں چاہیں رکھ لیں، جہاں سے چاہیں اٹھا دیں تو یہ دعوی بالکل درست ہے، کیونکہ چراغ کے یہ فوائد ہمیں سورج سے نہیں مل سکتے، غالب کا شعر مستعار لیتا ہوں جو انھوں نے اسی پیرائے میں کہا ہے:

اور بازار سے لے آئے اگر ٹوٹ گیا     ساغرِ جم سے مرا جامِ سفال اچھا ہے

تو الولایۃ افضل من النبوۃ کے معنی ہونگے، انفع من النبوۃ عن وجہ الحصول* واللہ اعلم

صلوۃ لمن لا یقرء بام الکتاب "(جوام الکتاب نہ پڑھے اس کی نماز نہیں) دلالت کر رہی ہے اور اللہ تعالیٰ تو ایسا سمیع ہے کہ اگر تمام جہان ایک میدان میں کھڑا ہو جائے اور ہر شخص اپنی اپنی بولی میں کچھ کہے، تو کسی کی مناجات دوسرے کی مناجات کے سننے میں خلل انداز نہیں ہو سکتی۔

بحث کے دوران ہم اس بات پر آ گئے کہ بعض اوقات مقتدیوں کی قرأت امام کی قرأت میں خلل پیدا کر سکتی ہے لیکن اس زمانے کا حال تو یہ ہے کہ امام کی زبان پر لفظ الحمد ہوتا ہے اور حقیقت میں صلوۃ کے معنی کی طرف اس کی کوئی توجہ نہیں ہوتی، اس لیے امام کی تشویش سے گھبرانا نہیں چاہئے۔

کاتب الحروف اس ضمن میں عرض کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان:

**و اذا قرئ القرآن فاستمعو الہ و أنصتو العلکم ترحمون*(الاعراف:۲۰۴)**

جب قرآن پڑھا جائے تو غور سے سنو اور چپ رہو تا کہ تم پر خدا کی رحمت ہو۔

محض جہری نمازوں کے لئے ہے، اور اس کی تاویلات تفسیروں میں موجود ہیں۔

## تعلق مع اللہ

ایک دن اولیاء اللہ کی دائمی حضوری پر بات چل نکلی، شیخ عبد الاحد نے فرمایا کہ ہمارے نزدیک دائمی حضوری یعنی تعلق مع اللہ کی تعریف یہ ہے کہ ولی جس آن بھی حق کی حضوری کے لیے اپنے آپ میں توجہ کرے تو بغیر کسی کوشش کے دل میں حضور حق کی یادداشتیں آنا شروع ہو جائیں۔

حضرت والا نے فرمایا: یہ تو معمولی کوشش سے میسر آ سکتی ہے، میرے نزدیک دوام حضور کی تعریف یہ ہے کہ ولی سے ان معنوں میں کبھی منقطع نہ ہو جسے بصیر (دیکھنے والے) سے بصارت (نظر) کسی لمحے جدا نہیں ہو سکتی۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ دائمی حضور ایسے آدمی کے لیے جو ابھی فنا کے مقام سے نہیں گزرا ایک قسم کا تکلف ہے، اور جو فانی فی اللہ ہوا سے اپنے زندۂ جاوید نقطہ وجود یہ جو کہ حقیقت عالم میں

موجود ہے (روح) کی طرف ذرا سا التفات کرنے سے بھی حضورِ حق حاصل ہو جاتا ہے، اور فانی کو مطلق حضورِ حق، جو کہ ایک لحاظ سے نقطہ وجود یہ بھی ہے، یا التفات اجمالی ہمیشہ حاصل رہتا ہے، جیسا کہ آنکھ میں روشنی موجود رہتی ہے، اور یہ ایک حقیقت ہے کہ آنکھ کی روشنی کا ایک جگہ جم جانا ہو یا پتلیوں کی گردش سے اس کا بکھر جانا ، آنکھ ان دونوں حالتوں کی جامع اور نقطۂ اتحاد ہے، گویا بصارت آناً فاناً آتی بھی رہتی ہے اور جاتی بھی رہتی ہے، اس حقیقت سے دونوں مسئلوں کی حقیقت واضح ہو گئی ہے۔

## دیکھا ہے کہ سنا ہے؟

شیخ عبدالاحد ایک دن کچھ بزرگوں کے تصرفات بیان کر رہے تھے، حاضرین نے سمجھا کہ اس قسم کی کرامات صرف انہیں بزرگوں سے ہوتی تھیں، حضرت نے قریب بیٹھے ہوئے دوستوں کو اشارہ کیا کہ فلاں فلاں قصہ بیان کرو، انہوں نے حضرت والا کے جو تصرفات اپنی آنکھوں سے دیکھے تھے بیان کئے اور "شنیدہ کے بود مانند دیدہ" (آنکھوں دیکھا اور کانوں سنا برابر کہاں) کا سماں باندھ دیا، اس سے لوگوں کا شک مٹ گیا اور کوئی اشکال باقی نہ رہا۔

## شیخ فقیر اللہ

شیخ فقیر اللہ جن کا لقب زین العابدین تھا، حضرت شیخ احمد سرہندیؒ کے پوتوں اور خواجۂ کلاں ابن خواجہ محمد باقی باللہ کے نواسوں میں سے تھے، اپنے خاندان کے بزرگوں سے کافی فیوض و برکات حاصل کرنے کے بعد دہلی میں آ گئے تھے، وہاں ایک مدت تک حضرت خواجہ محمد باقی باللہ کے مزار پر نور پر بیٹھ کر فیض حاصل کرتے رہے، ایک دن انکے دل میں آیا کہ یہ اویسی نسبت جو حضرت خواجہ کی روحِ مبارک سے حاصل ہو رہی ہے جب تک ظاہری استفادے کی شکل اختیار نہیں کرے گی مضبوط نہیں ہوگی، اس خیال کے آتے ہی حضرت خواجہ

کی طرف متوجہ ہوکر انہوں نے استخارہ کیا کہ وہ ظاہری طور پر کس بزرگ سے اپنا ربط پیدا کریں؟ حضرت خواجہ نے انہیں اشارہ فرمایا کہ اگر ہماری خاص نسبت کے طالب ہوتو حضرت والا (شاہ عبدالرحیمؒ) کی صحبت میں جاؤ اور ان سے استفادہ کرو۔

شیخ زادے فوراً حضرت کی خدمت میں پہنچے اور آپ کی خدمت میں ہی ان پر حضرت خواجہ کا لطف وکرم اور عجیب وغریب فیوض وبرکات جلوہ گر ہوئے، چنانچہ انہوں نے ان حالات و کیفیات کا اظہار اپنے ایک خط میں کیا ہے جو یہ ہے:

## شیخ فقیر اللہ کا خط

حقیر ترین مخلوق، زین العابدین، فیاض زمان، قبلہ مہربان، کی خدمت میں سلام عرض کرتا ہے:

عرض حال یہ ہے کہ آپ کی صحبتِ سرمایۂ سعادت کا اشتیاق اس قدر ہے کہ قلم کی سرخ زبان اسے بیان نہیں کرسکتی، دیوانگی اور بے تابی سے دل میں اکثر یہ خیال آتا ہے کہ کچھ بھی ہو وہاں جاکر آستاں بوسی کا شرف حاصل کروں، مگر کیا کیجئے کہ جسمانی کمزوریاں اور زادِ راہ میسر نہ ہونے جیسی انسانی مجبوریاں منزلِ مقصود کے لئے رکاوٹ ہیں، آپ کے جمال مظہر کمال کے جلد میسر آنے کی دعا دیوانگی کے ساتھ خداوند قدوس سے دن رات کرتا ہوں ''انہ قریب مجیب''۔

خدا کا شکر واحسان ہے کہ باوجود اس ظاہری دوری کے یہ ناکارہ آپ کے فیوض وبرکات سے لبریز ہے اور شب وروز دلی اطمینان کے ساتھ گزار رہا ہے، مصیبتیں اور سختیاں جتنی شدت کے ساتھ حملہ آور ہوتی ہیں اسی قدر ترقی کی راہیں کثرت کے ساتھ کھلتی ہیں، محبوب کی ایذا رسانی جو اپنے اندر کچھ مصلحتیں اور مقاصد رکھتی ہے اہل محبت کی نظر میں خوب اور پسندیدہ ہے بلکہ انہیں تو نعمتوں سے بھی زیادہ لذت اسی میں ملتی ہے:

ہجرے کہ بود مراد محبوب — از وصل ہزار بار خوشتر

عاشق کی دوری جسے محبوب پسند کرے، عشاق کے لئے وصل سے ہزار درجہ اچھی ہے۔

پہلے بھی یہ حقیقت فقیر پر روشن تھی مگر آپ کی صحبت کی برکت وتاثیر سے یہ دولت بتام وکمال حاصل ہوئی ہے اوراسی طرح دنیااوراہل دنیا کی بے اعتباری، گھٹیا پن اوران دونوں سے بے رغبتی بھی ان دنوں زیادہ ہو چکی ہے۔

دنیوی ترقی کی باتوں سے بھی دل کو خوشی نہیں ملتی ،فقیرانہ وضع دنیااوراہل دنیا سے بے تعلقی اور فقر کی بدولت پیدا ہونے والی بے سروسامانی خوب پسندیدہ اوراچھی نظر آتی ہے، جب کہ دولت کا چھننا اہل دولت کیلئے ناپسندیدہ اور تکلیف دہ ہوتا ہے۔

دہلی میں قیام کے دوران احقر کو بھی دنیوی رہن سہن کے زوال کا احساس کسی قدر باقی تھا،مگر آپ کی صحبت بابرکت سے جو فیوض وبرکات حاصل کرتا رہا وہ تحریر میں نہیں لاسکتا۔

ان دنوں آپ سے نسبت وتعلق نے بے اختیار مغلوب کیا ہوا ہے، اکثر و بیشتر آپ کی شکل مبارک سامنے رہتی ہے جسے دیکھ کر یہ ادنی خادم بے خود اور بیقرار ہوجاتا ہے۔

آستاں بوسی کا شوق اس حد تک جا پہنچا ہے کہ نہ نیند میں چین اوراور نہ بیداری میں آرام، کچھ سمجھ میں نہیں آتا کہ آپ تک کیسے پہنچوں سخت گرمی اور بارش کے سبب گھر سے نکلنے کی ہمت نہیں پڑتی ، ایسے موسم میں احقر کا آنا ہلاکت کا باعث ہوسکتا ہے،اوردوسری ظاہری رکاوٹیں بھی مانع ہیں، برسات گزرجانے کے بعد اگر کوئی رکاوٹ پیش نہ آئی تو امید ہے کہ آستاں بوسی کرکے اپنی استعداد کے مطابق فیض یاب ہوں گا۔

اگر آپ کی باطنی عنایات جو فوری طور پر پہنچ کرتسلی کرادیتی ہیں میسر نہ ہوتیں تو قریب تھا کہ درد عشق کی شدت بے جان ڈھانچہ بنا کر رکھ دیتی مگر چونکہ آپ کا فرمان تھا کہ ہم غائبانہ بھی تمہارے دل پر متوجہ رہیں گے اور یہ بھی فرمایا تھا کہ غائبانہ توجہ سے تمہیں فیوض و برکات حاصل ہوں گی ،اس فرمان سے ذرا دلی سکون حاصل ہے،مگر ساتھ ساتھ شرف صحبت کا ذوق و شوق بھی ہے،امید رکھتا ہوں غائبانہ توجہ کرامت سے پابوسی کا شرف بھی بخشیں گے۔

ہفتے میں آپ نے توجہ کے لیے جو جمعرات کا دن مقرر فرمایا تھا اس پر پیر کا دن بھی بڑھا دیجئے تا کہ آپ احقر کے حال پر ہفتے میں دو دن توجہ فرما سکیں اور روحانی ترقی حاصل ہوتی رہے، امید ہے کہ اپ یہ التجا قبول فرمائیں گے، جمعرات کے دن نماز عصر کے بعد فرمان عالی کے مطابق آنجناب کی طرف متوجہ رہتا ہوں ان لمحات میں بعض اوقات تو عجیب وغریب کیفیات نمودار ہوتی ہیں بالخصوص پندرہ صفر کو حسب دستور آپ کی روحانیت کی طرف متوجہ تھا کہ جذبۂ روحانی کی نسبت شعاعوں کی شکل میں جلوہ گر ہوئی قریب تھا کہ نسبت باطنی کے غلبے کی وجہ سے مدہوش اور بیخود ہو کر گرتا کہ اسی دوران میں نماز مغرب کی اذان ہوئی اور نماز میں مشغول ہونے کی وجہ سے یہ کیفیت قدرے ہلکی ہوگئی۔

اس طرح اکثر اوقات توجہ باطنی کے دوران مغلوب النسبت ہو جاتا ہوں پہلے یہ کیفیت کبھی کبھار ہوتی تھی، اب مستقل اور متواتر ہوگئی ہے، طبیعت گوشہ نشینی کو پسند کرتی ہے، علمی مشاغل اور تلاش روزگار کتنا ہی ضروری کیوں نہ ہو طبیعت ان سے متنفر ہو چکی ہے، دو سطریں پڑھنے کو بھی جی نہیں چاہتا۔

رخصت کرتے وقت آپ کی زبان گوہر بار سے نکلا تھا کہ تمہیں اصل نسبت حاصل ہو چکی ہے، مداومت اور پابندی کرنے سے یہ روز بروز زیادہ ہوگی اور اس کے اثرات ظاہر ہوں گے، سچ تو یہ ہے کہ آپ کا فرمان پورا ہوتا دیکھ رہا ہوں، دن بدن نسبت مضبوط ہو رہی ہے اور اس کے آثارِ خاصیت جلوہ گر ہو رہے ہیں، یہ سب کچھ آپ کے لطف وکرم کا ثمرہ جانتا ہوں۔

من آں خاکم کہ ابرِ نو بہاری
کند از لطف بر من قطرہ باری
اگر بر روید از تن صد زبانم
چوں سوسن شکر لطفش کے توانم

میں وہ ناچیز مٹی ہوں جس پر بہار نو کا بادل اپنے لطف وکرم سے رحمت کا مینہ برسا رہا ہے، میرے بدن سے اگر سوز بانیں نکلیں تو گلِ سوسن کی طرح اس کے لطف وکرم کا شکر ادا نہیں کر سکتیں۔

میرے پاس اٹھ بیٹھ رکھنے والے بعض احباب میری اس نسبت کی خیر اور کیفیت بتلا دیا کرتے ہیں اور بعض تو مغلوب الحال ہو کر اپنے اندر ایک عظیم کیفیت مشاہدہ کرتے ہیں، برخور دار درویش احمد تو ان دنوں اس نسبت سے بھر پور ہے مگر تمنا یہ ہے کے اس بیخودی اور مغلوب الحالی کی کیفیت تمام یاران طریقت میں ظاہر ہو، جو ابھی تک دیکھنے میں نہیں آ رہی البتہ آپ کی عنایات سے امید رکھتا ہوں کہ فقیر کے حسب منشا یہ بھی ہو جائے گا۔

علم باطنی کی ترقی کے سلسلے میں احقر امید رکھتا ہے کہ توجہ مبذول فرمائیں گے کیونکہ بعض ضروری امور اسی کے حصول پر موقوف ہیں، احقر اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ تمام امور باطنی کی عقدہ کشائی آپ ہی کی توجہ پر منحصر ہے:

سالہا در طلب روئے نکو در بدرم　　روئے بنما دخلاصم کن کہ ازیں در بدری

مدتوں سے رخ انور کی تلاش میں مارا مارا پھر رہا ہوں ذرا سی جھلک دکھا کر مجھے اس کوچہ گردی سے نجات دلا دیجئے۔

ان پر اللہ کی سلامتی ہو جو سیدھی راہ چلتے ہیں۔

## شیخ فقیر اللہ کا دوسرا خط

ایک اور خط میں حضرت والد ماجد کو لکھا کہ:

قبلہ گاہا! آپ کی نگرانی میں مکمل کئے ہوئے چلے میں جو فیوض و برکات ہوئیں، ان کی تفصیل کسی بیان میں نہیں سما سکتی، مختصراً یہ کہ آپ کی توجہ عالی کی برکت سے بہت سی ایسی فتوحات باطنی حاصل ہوئیں جن کا میں اہل نہیں تھا، اور نفس کے پلید وسوسوں سے نجات پا کر نسبت روحانی کے مختلف مقامات پر فائز ہوا۔

گر برتن من زباں شود ہر مو     یک شکر تو از ہزار نتوانم گفت

''میرے وجود کا ہر بال اگر زبان بن جائے تب بھی تیرے ہزاروں احسانات میں سے ایک کا بھی شکر ادا نہ کرسکوں''

دوسرے یہ کہ احقر آپ کے فرمان کے بموجب اب تک آغاز قلب کے جوف سے نکلنے والے نور کے مطالعہ ومشاہدہ میں مستغرق ہے، اس مشاہدہ ومطالعہ میں عجیب وغریب امور ظاہر ہوتے رہتے ہیں جیسے بیخودی، حضوری، ربودگی اور بعض کونی امور کا کشف۔

اس مطالعہ ومشاہدہ کی مشق کے لیے جن مریدین کو اجازت دی تھی ان کے بقول انوار وتجلیات بھی اس مشاہدہ میں میسر آتے رہتے ہیں، اگر حکم ہو تو یہ مطالعہ جاری رکھا جائے یا پھر کوئی اور چیز مناسب حال ارشاد فرما دیں تا کہ اسے معمول بنالیا جائے۔

قبلہ گاہا! عجیب معاملہ ہے جب آپ کا اشتیاق غالب آتا ہے تو گویا آپ کی طرف سے ایک کھڑکی کھل جاتی ہے اور آپ کے فیوض باطنی اور برکات روحانی اس ادنی خادمِ درگاہ پر موسلا دھار مینہ کی طرح برستی رہتی ہے، جس قدر شوق تیز ہوتا ہے اسی قدر یہ برسات شدت اختیار کرتی ہے، احقر کو یقین کامل ہے کہ میری تمام باطنی فتوحات آپ کی توجہ کی محتاج ہیں جناب والا کی ایک توجہ سو سالہ عبادت اور چلوں سے بہتر ہے۔

اگر از جانب معشوق نباشد کششے     کوششِ عاشق بیچارہ بہ جائے نہ رسد

اگر محبوب کی طرف سے کشش اور وصل کی رغبت شامل حال نہ ہو تو عاشق مسکین کبھی منزل مقصود تک نہ پہنچ پائے گا۔

## جوابی مکتوب

حضرت والد ماجد نے جوابی مکتوب میں لکھا:

''ذات الٰہی میں گم ہونے اور عرفان وآگاہی میں پوری توجہ صرف کرنے سے قوت مشاہدہ

اورحق کی حضوری میں دوامی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے، یہ اور بات ہے کہ کچھ لوگ اس کیفیت سے متاثر نہیں ہوتے، میرے مشفق! جب یہ نسبت دوامی کیفیت حاصل کر لے تو کیفیت اور کمیت ہر لحاظ سے لحظہ بلحظہ ترقی کرتی رہتی ہے اور تمام ہستی موہوم پس پردہ چلی جاتی ہے۔“

طالب کو وجود حقیقی عطا ہوتا ہے، اور عالم شہود میں مفروضہ وجود کے آثار کلی طور پر مٹ جاتے ہیں اور وجود حقانی کے انوار و آثار ظہور پذیر ہوتے ہیں، اور سالک قرب نوافل (غیر ضروری تقرب) کے مقام سے گزر کر قرب فرائض کے مقام میں جا پہنچتا ہے، انسان تو کیا جانور بھی اس نسبت سے متاثر ہوتے ہیں، چنانچہ محمد قلی، فقیر (شاہ عبد الرحیم) کا ایک مخلص جس وقت بھی جذبۂ آ گاہی کی نسبت سے متاثر ہوتا تھا تو اس کا گھوڑا چلنے سے رک جاتا تھا، جب وہ اس نسبت سے مغلوب ہوتا تو گھوڑا زمین پر گر جاتا تھا، جب اس سے بھی زیادہ مغلوب الحال ہوتا تو گھوڑے پر بیخودی طاری ہو جاتی، بعض اوقات کچھ حیوانات نے اس فقیر کی نسبت سے بھی متاثر ہو کر دانے پانی سے تین تین دن تک منہ پھیر لیا ہے، بلکہ بعض تو اس روحانی نشے کی تاب نہ لا کر مر بھی گئے، بزرگان طریقت کے ایسے قصے اور حیوانات کے متاثر ہونے کی باتیں حد تواتر تک پہنچی ہوئی ہیں اور ایسے مشاہدات کثرت سے واقع ہوئے ہیں۔

مگر بعض اکابر سے کرامات وغیرہ اس وقت ظاہر ہوتی تھیں جب وہ مامور ہوتے تھے، یعنی ان کو ایسا کرنے کا حکم دیا جاتا تھا، بعض فقراء نسبت سے مغلوب ہو کر ایسے آثار دکھاتے تھے اور بعض کاملین ایسے بھی گزرے ہیں جو جب چاہتے یہ تصرفات دکھا سکتے تھے۔

یہ عجیب بات بھی قابل ملاحظہ ہے کہ جوانی کے دنوں میں بعض احباب توجہ سے ایسے متاثر ہوئے کہ ان کا جسم ہوا میں اڑا اور پھر زمین پر لوٹا۔

امید کرتا ہوں کہ کچھ عرصہ اس نسبت کو دوام بخشنے کے لئے مجاہدات اور کوشش کریں گے تا کہ آپ کو اس میں پختگی حاصل ہو اور آپ کے تمام احباب طریقت پر بھی اس کا اثر ظاہر ہو۔

جوابی مکتوب میں یہ بھی لکھا تھا کہ:

سوموار کے دن بھی میری طرف متوجہ ہوا کرو، میرے مخدوم و مشفق! یہ خط لکھ کر جمعرات کے دن بعد نماز عصر آں عزیز کی طرف توجہ ڈالی جائے گی، انشاءاللہ آپ پر اس کے نیک اثرات کا ظہور ہوگا، نیز امید کرتا ہوں کہ آپ درس وتدریس اور کتابوں کے مطالعے کو فی الحال بند رکھیں گے اور وقت کو کامل توجہ کے ساتھ نسبت مذکورہ حاصل کرنے میں صرف کریں گے۔

حرف کو کاغذے سیاہ کند　　　　دل کہ تیرہ است کے چو ماہ کند

جو حرف اچھے بھلے کاغذوں کو سیاہ کر دیتے ہیں وہ تاریک دل کو چاند جیسا کیسے بنا سکتے ہیں۔

حرف اور ان کے لہجوں کو دل میں مت لاؤ بلکہ جاگتے سوتے حصول نسبت پر دھیان رکھو، حق تو یہ ہے کہ نیند میں بیداری سے بھی زیادہ نسبت حاصل ہوتی ہے، جہری ذکر نسبت کے مطالعہ کو اسی طرح متاثر کرتا ہے جس طرح وسوسہ انسان کو ذکر خفی سے دور کر دیتا ہے، اس لئے نسبت کے حصول میں حضوری پیدا کرنے کیلئے ذکر ظاہری سے باز رہنا طریقت کے واجبات اور فرائض میں سے ہے، کیونکہ نسبت معنوی و نسبت آ گاہی حقیقت ذکر کی حیثیت رکھتی ہے اور جہاں حقیقت حاصل ہو وہاں الفاظ واقوال کے تخیل کا کیا دخل؟

میرے مشفق! یہ فقیر جب بھی پیشوائے عارفاں حضرت خواجہ خورد قدس سرہ کی خدمت میں جاتا تھا یہی نصیحت فرماتے تھے کہ اپنے آپ کو درس وتدریس غیر ضروری کہانیوں اور کتابوں کے مطالعے سے دور رکھو اور اپنی تمام تر توجہ اس نسبت پر مبذول رکھو جو تمام برگزیدہ بندوں کیلئے ضروری قرار دی گئی ہے، سچ تو یہ ہے کہ جب تک درس وتدریس اور کتابوں کے اسیر رہے اس نسبت کے عجیب وغریب آثار ہم پر ظاہر نہ ہو سکے، مگر جونہی ان چیزوں سے ہاتھ اٹھایا جو چاہا وہی پایا اگر اپنے بزرگوں کی توجہات وتصرفات کے قصے لکھوں تو ان کے لئے دفتر چاہئیں۔

میرے مشفق! اس طریقے کے اکثر اکابر نسبت آ گاہی اور مشاہدے کو اس لحاظ سے ذاتی تجلی

گمان کرتے ہیں کہ مشاہدہ کرنے والے یا حق آگاہ کا وجود درمیان سے اٹھ جاتا ہے، اے کاش! کہ تجلی ذاتی ابھی ہم سے کوسوں دور ہے کہنے والے نے کیا ہی خوب کہا ہے:

کیف الوصول إلی سعاد و دونها  قلل الجبال و دونهن حتوف [۱]

منزل عشقت مکان دیگر است  مرد ایں رہرو نشانِ دیگر است

تیرے عشق کی منزل کا اوڑ ہی اور ہے، اس راہ کے متوالوں کے تو نشان ہی الگ ہیں۔

ہاں ہاں! نسبت آگاہی کی تجلی ذات کا آئینہ ہے اور یہ نسبت سطوت محبت اور غلبۂ شوق کی تاثیر سے پیدا ہوتی ہے اور اس نسبت کا تعین صرف وہی علم کر سکتا ہے جو سالک کو باریک اور نازک تر مقامات تک پہنچا سکے

معشوق چوں نقاب زرخ برنمیکشد  ہرکس حکایتے بتصور چرا کند

محبوب جب اپنے رخ سے پردہ نہیں ہٹا رہا تو پھر ہر شخص اپنے دل میں تصویریں کیوں بنا رہا ہے؟

بلند ہمت ارباب سلوک نے اپنی تمام روحانی قوت اور توجہ اس بات پر مبذول رکھی ہے کہ لطیفہ مدرکہ کو بجز ایک حقیقت کے جسے حق کہتے ہیں اور کچھ معلوم نہ ہو سکے۔

آپ کی عقلمندی اور احتیاط کا تقاضا ہے کہ اپنے لطیفہ مدرکہ کو بھی حقیقتِ باری کے علم کے سوا باقی تمام آلائشوں سے پاک، خالی، بیگانہ اور صاف و شفاف رکھنے کیلئے انتہائی اہتمام کریں تا کہ تمہیں استغراق کاملہ اور دائمی حضوری حاصل ہو جو تمام مقامات کی انتہاء ہے، آیت:

وان الی ربک المنتهی *(والنجم آیت ۴۱)

اسی مقام کی طرف اشارہ کر رہی ہے تا کہ اس حالت عظیم اور سعادت دائمی کے وسیلے سے سالک تجلی ذاتی کے اس بلند مرتبے پر فائز ہو سکے جہاں ظاہر و باطن اور قلب و روح میں حقیقت حق سبحانہ کے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا اور:

---

[۱] (دیوان إمام الشافعی ۱/۱۶) تفصیل و ترجمہ صفحہ ۳۱۵ پر۔

**کل شیء ھالک الا وجھہ* (العنکبوت آیت:۸۷)**

رخ انور کے سوا سب کچھ ہلاک ہو جانا ہے۔

کے رموز واسرار بھی سالک پر روز روشن کی طرح کھل جاتے ہیں، الحمد اللہ! کہ حضرات خواجگان قدس اللہ اسرار ہما کے طریقہ میں برگزیدہ اور مقبول درویشوں کی یہ دولت آغازِ سلوک ہی میں بغیر کسی ظاہری وسیلے کے یقین واخلاص کی بدولت مکمل طور پر حاصل ہو جاتی ہے بے شک جس نے چاہا پالیا جس نے شک کیا بے نصیب رہا۔ والسلام

## صورت خیالیہ

حضرت والد ماجد فرماتے تھے کہ ایک بزرگ بتوفیق الٰہی دنیوی مشاغل سے کنارہ کش ہو گئے، اور اپنی تمام تر توجہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف متوجہ ہونے اور درود پڑھنے میں صرف کر دی۔

کچھ دنوں میں اس پر نسبت اویسی ظاہر ہوئی اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیض پانے لگا اور اپنے آپ کو کمونی کے لقب سے مشہور کر دیا، اس وجہ سے کہ کمون کے معنی پردہ کے ہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طریق اویسی (۱) کے ذریعے مخفی اسرار سے پردے اٹھادئے تھے۔

والد ماجد نے فرمایا: مجھے بھی اس بزرگ سے ملاقات اور دوستی کا شرف تھا، ایک دن ان سے سنا کہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خلاؤں میں، دھرتی پر، بیٹھنے اٹھنے، بولنے چالنے اور کھانے پینے الغرض ہر حالت میں دیکھتا ہوں اور آنحضرت کی کوئی حالت مبارک بھی مجھ سے چھپی نہیں رہتی اور مجھ ناچیز پر حق سبحانہ تعالیٰ کا یہ کرم خاص ہے۔

میں نے کہا: آپکی انتہائی محبت کے سبب آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت کریمہ آپ کے شعور و خیالات میں رچ بس چکی ہے ورنہ آپ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رؤیت حقیقیہ نصیب نہیں۔

یہ سن کر وہ کہنے لگے: اس پر دلیل لائیے تاکہ مجھے تصدیق حاصل ہو!

---

اطریق اویسی اور اویسی نسبت سے مراد دور رہ کر فیض حاصل کرنا، جیسا کہ حضرت اویس قرنیؓ نے کیا۔

میں نے کہا کہ فلاں آیت کا معنی یا بدر واحد کا قصہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معلوم کیجئے، اگر ایسا جواب ملے جو علما کے نزدیک یقینی اور تحقیقی ہے تو ماننا پڑے گا کہ آپ کو رؤیت حقیقیہ حاصل ہے اور اگر کچھ معلوم نہ ہو یا خلاف حقیقت ظاہر ہو تو پھر سمجھ لیجئے کہ آپ کے دماغ میں آں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صورت خیالیہ بس رہی ہے، چنانچہ انھوں نے کچھ آیات واحادیث پڑھیں اور بزعم خویش آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بار بار پوچھا مگر کچھ جواب نہ ملا۔

میں نے کہا: حقیقت واضح ہوگئی کہ فرط محبت کی وجہ سے آپ کے ذہن وخیال میں صورت خیالیہ کی کیفیت طاری رہتی ہے نہ کہ رؤیت حقیقیہ، حضرت والا کے ہمنشینوں میں ایک اور بزرگ پر یہی حالت طاری ہوئی تو آپ نے اسے بھی یہی کچھ فرمایا۔

فقیر اس مقام پر ایک تحقیق پیش کرتا ہے اور یہ کہ کبھی کبھی ایسے حضوری لوگوں کو حضورؐ کی روحِ انوار سے کامل مناسبت پیدا ہو جاتی ہے تو ایسے میں خواب اور بیداری کی تمیز اٹھ جاتی ہے اور ان حضرات کو بنا دقت ذرہ ذرہ میں صورت محمدی جلوہ گر نظر آتی ہے، اگر یہ کیفیت زندگی بھر طاری رہے تو بھی اسے رؤیت حقیقی کہا جائیگا، عالمِ خواب، انبیاء وصالحین کے مبشرات اور صوفیا کے اس حال میں کوئی فرق نہیں، مذکورہ بالا واقعہ میں شخص مذکور کا آیات واحادیث کے معانی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دریافت نہ کر پانا کچھ وجوہات رکھتا ہے، مثلاً یہ کہ اس بزرگ کی نسبت اس پایہ کی نہیں تھی کہ براہ راست آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے علوم واسرار کی گرہ کشائی کر سکے یا صاحب نسبت ابھی خام تھا، یا اس لئے کہ صاحب نسبت نے چند خاص امور میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مناسبت پیدا کی، نہ کہ یہ نسبت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مخفی علوم کے حصول کی نیت سے پیدا کی گئی۔

فقیر کا گمان یہ ہے کہ مذکورہ بالا بزرگ کے مناسبت کے دعوی کو حضرت والد ماجد نے اس سبب سے رد نہیں فرمایا تھا کہ آپ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جسمانی وحقیقی زیارت کو ناممکن سمجھتے تھے بلکہ وجوہات کچھ اور تھیں، ضمناً یہ بات بھی ان وجوہات میں شامل ہوگئی۔ واللہ اعلم

## رکاوٹیں

حضرت والد ماجد اپنے ایک ہم عصر بزرگ کی ملاقات کو گئے جو نسبت اویسیہ میں مشہور اور حد درجہ خوش طبع تھے، طویل گفتگو کے بعد حضرت نے فرمایا کہ حضورؐ کی روح شریف سے فیضان حاصل کرنا نسبت کے بغیر ناممکن ہے اور نسبت کا تقاضا یہ ہے کہ صاحب نسبت (فیض حاصل کرنے والا) اور مرکز نسبت (جہاں سے فیض چاہتا ہے) کے درمیان تمام احوال واعمال میں موافقت ہو، یہ تو صحیح ہے کہ آپ کو ایک قسم کی نسبت حاصل ہے، لیکن اگر آپ فضول اور بیہودہ کلام سے اجتناب کریں اور اپنی زندگی کو سیرت نبوی کا نمونہ بنائیں تو یقیناً آپ کی نسبت مضبوط تر ہو جائیگی اور فیض کا دروازہ بھی کھل جائیگا، کس قدر بری بات ہے کہ چند گھٹیا قسم کی رکاوٹیں آپ کو پاکیزہ مقاصد تک پہنچنے سے روکے ہوئے ہیں، سننے میں آیا ہے کہ حضرت والا کے یہ کلمات ان کے دل میں پیوست ہوگئے اور فضول گوئی سے قدرے رک گئے۔

فرمایا کہ شیخ میرٹھی نے مجھ سے پوچھا کہ یہ جو نقشبندی حضرات کہتے ہیں کہ دوسرے سلسلوں کا جہاں آخری قدم ہوتا ہے نقشبندیوں کی وہاں سے شروعات ہوتی ہے، اسی طرح میں خواجہ بہاء الدین نقشبندیؒ کی باتوں سے بیزار ہوں جنکا دعویٰ ہے کہ حضرت بایزید کا آخری قدم ان کے پہلے قدم کو نہیں چھوسکتا، بھلا جو شخص پچاس یا ساٹھ سال تک مجاہدے کرتا رہا ہو وہ آج شروع کرنے والے مبتدی کے برابر کیسے ہو جائیگا؟

میں نے کہا: تم لوگ منازل سلوک کیسے طے کرتے ہو؟ کہنے لگا: پہلے اسم ذات دوضربی پھر چار ضربی اور پھر شغل نفی واثبات کرتے ہیں۔(۱)

---

۱ اسمِ ذات لفظ اللہ کے ورد کے طریقے ہیں، یک ضربی، لگاتار اللہ اللہ کو اپنے بائیں پہلو کی جانب مقامِ قلب پر وارد کرنا، دوضربی میں پہلی ضرب دائیں جانب اور دوسری بائیں جانب، سہ ضربی، پہلے بائیں ہلکے انداز میں، پھر دائیں اور پھر بائیں جانب سختی کے ساتھ، چہار ضربی میں پہلے بائیں پھر دائیں پھر بائیں اور پھر سامنے سینے پر وارد کرے۔

میں نے کہا: پھر کیا کرتے ہو؟ کہنے لگا شغلِ امہات اور اسمائے ملتقفہ کا ورد کرتے ہیں۔
میں نے پوچھا پھر؟ کہنے لگے: شغل کو بکو۔
پوچھا اس کے بعد کیا کرتے ہو؟ کہنے لگا شغلِ بے مثال۔
میں نے پوچھا: پھر کیا کرتے ہو؟ کہنے لگا: اس کے بعد ہائے ہوت میں غرق ہو جاتے ہیں۔
میں نے کہا: نقشبندی سب سے پہلے ہائے ہوت میں غرق ہوتے ہیں اور شیخ نقشبندؒ کے کلام کا یہی مطلب ہے، نہ یہ کہ صوفیاء کے تمام احوال و آثار آغاز ہی میں ان پر طاری ہو جاتے ہیں۔

## مختلف آثار

حضرت والد ماجد کے خاص معتقدین میں سے شیخ امان اللہ نے ایک سوال کیا کہ جب کوئی سالک کسی طریق صوفیا کے اشغال و اوراد پورے کر کے جمعیت خاطر حاصل کر لے تو کسی دوسرے طریقے میں داخل ہو کر اس کے اعمال و اشغال میں منہمک ہونا اس کے لیے مفید ہے یا نہیں؟ اگر یہ بات اس کے لیے بہتر ہے تو اسے اس سے کیا فائدہ ملے گا؟
آپ نے فرمایا کہ ایک طریقے میں کمال حاصل کرنے کے بعد دوسرے طریقے سے فیض حاصل کرنا مستحسن ہے، اس کا سب سے بڑا فائدہ تو یہ ہے کہ اسے اس طریقے کی نسبت حاصل ہوگی اور ہر طریقے کی نسبت اور اس کے آثار مختلف ہوتے ہیں۔

## نسبتوں کی خصوصیات

واضح ہو کہ آپ کی زبان مبارک سے بار بار خلوت میں یہ سنا گیا کہ مجھے جو نسبت حضرت غوث الاعظم سے ملی ہے، وہ بہت ہی صاف اور حد درجہ نازک ہے، اور جو نسبت خواجہ نقشبند سے ملی ہے وہ غالب و مؤثر ہے، جمعیت قلب اور قبول عام اس میں بدرجۂ اتم موجود ہے اور جو نسبت خواجہ معین الدین سے پائی ہے وہ عشق کے قریب، تاثیر اسماء اور دل کی صفائی کی مظہر ہے۔

کاتب الحروف کو آپ کے الفاظ تو یاد نہیں رہے مگر مطلب تقریباً یہی تھا۔ واللہ اعلم

نیز آپ کی باتوں اور عمل سے اکثر و بیشتر یہ ظاہر ہوتا تھا کہ کسی ایک طریقے کے بزرگ کو دوسرے طریقے کے بزرگ پر فضیلت یا ترجیح دینے کو آپ ناپسند فرماتے تھے خاص طور پر اس انداز سے کہ کسی کی تنقیص مقصود ہو۔

فقیر نے صلوۃِ موسم کے متعلق صوفیا اور محدثین کے اختلاف پر سوال کیا تو فرمایا: صوفیاء کے کلام سے ہٹ کر دیکھیں تو یہ نوافل میں داخل ہے پھر کیوں نہ اسے نفل کی نیت سے ہی ادا کیا جائے؟ یہی وجہ ہے کہ حضرت والا راتوں کو عبادت سے زندہ رکھا کرتے تھے اور نوافل میں تعداد کے بجائے نشاطِ روح اور حضورِ قلب کا زیادہ خیال فرماتے تھے۔

## فریبِ دل

بعض طالبانِ سلوک کی تربیت کے پیش نظر فرمایا کہ عدم (اپنے وجود کا احساس ختم کر دینا) اور غیبت (دوسروں کی موجودگی سے بے خبری) کے واقع ہونے کے بارے میں ہمارے زمانے کے اہلِ سلوک نے جن باتوں کو قابل اعتماد سمجھا ہے وہ حقیقت کے خلاف ہے، بلکہ ان کے گمان میں غیبت یہ ہے کہ جب ان کے نام نہاد سالکین کے دماغوں پر معدہ کے بخارات چڑھتے ہیں تو نیند کی ایک کیفیت ان پر طاری ہو جاتی ہے اور وہ اپنے آپ میں کھو جاتے ہیں، اگر چہ اس کا آغاز حق تعالیٰ سبحانہ کی طرف توجہ کرنے ہی سے کیوں نہ ہو۔

باقی رہا ان کا عدم تو بے تحاشہ کھانے کی وجہ سے جب ان پر بھول اور بیخودی کا دورہ پڑتا ہے تو اس کے سبب انہیں یوں محسوس ہوتا ہے کہ ساری قوت یادداشت ختم ہو چکی ہے اور انہیں اپنے وجود کی کوئی سدھ بدھ نہیں رہی۔

مجھے کچھ کچھ یاد آرہا ہے کہ حضرت والا کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کیا کہ ان دنوں میرے دل میں ذکر جاری ہو چکا ہے، آپ نے ہنس کر فرمایا کہ اگر واقعی ذکر جاری ہو گیا ہے تو

مبارک ہو، بعد میں اس فقیر (شاہ ولی اللہ) سے فرمایا کہ لوگوں پر خفقان (جنون) کا دورہ پڑتا ہے تو وہ سمجھتے ہیں کہ لطیفۂ قلب جاری ہوگیا ہے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ ہر انسان کے دل بلکہ تمام اعضا میں ایک متحرک نبض موجود ہوتی ہے اوراس کے حرکت میں آنے یا نہ آنے سے انسان کے کمال میں کچھ فرق نہیں پڑتا، ہاں! البتہ اگراس حرکت کو کوئی شخص اسمِ ذات خیال کرے، اور یہ خیال اس پر غالب آجائے تو اس سے یہ فائدہ ہوگا کہ اسمِ ذات اس کے دل پر نقش ہوکر رہ جائیگا، ایسی حالت میں اس کا ذمہ دار تخیل ہے نہ کہ حرکت۔ واللہ اعلم

## درجات میں ترقی کا مطلب

فرمایا کہ موت کے بعد درجات میں ترقی ایک ناقابل انکار حقیقت ہے مگر اس سلسلے میں یہ بات کھٹکتی ہے کہ جب آخرت میں ایک عام آدمی لگا تار ترقی کرتا رہے گا تو ایسا بھی ہوگا کہ ترقی کرتے ہوئے وہ مقامات پر مقامات طے کرتا جائے گا اس طرح تو وہ کچھ مدت بعد انبیاء و اولیاء کا ہمسر بن جائے گا نتیجۃً ان اولوالعزم ہستیوں اور اس عامی میں کوئی فرق نہ رہ جائیگا۔ یہ خیال آتے ہی کشفی طور پر جواب ملا کہ وہاں ہر شخص کی ترقی اپنے اپنے مقررہ مقام کے اندر ہوگی کیونکہ اس عالم کا ہر مقام اپنے اندر اتنے پہلو شاخیں مراتب اور درجات رکھتا ہے کہ جس کی کوئی حد و نہایت نہیں، اسی مقام کے مختلف زینے مراتب اور درجات طے کرنے کو یہ سمجھنا خلافِ حقیقت ہیکہ وہ ایک مقام سے دوسرے مقام پر ترقی کر رہا ہے بلکہ اس کا یہ روحانی سفر اپنے ہی مقام کے آخری حدود تک جاری رہ سکے گا۔(۱)

---

۱ یہ اشکال صرف اس صورت میں پیدا ہوتا ہے کہ ترقی کا معاملہ انبیاء کرامؑ کے ساتھ نہ ہو، جبکہ ترقی کا یہ معاملہ انبیاءؑ کے ساتھ بھی جاری رہے گا، بلکہ انکی ترقی اور بھی تیز ہوگی کیونکہ ان کی صلاحیت ونسبت دوسروں سے بڑھ کر قوی ہوتی ہے، لہٰذا ایسی صورت میں فاصلہ بجائے کم ہونے کے مزید بڑھتا جائیگا، اس صورت میں کوئی اشکال نہیں رہا۔ واللہ اعلم۔

کاتب الحروف کے نزدیک موت کے بعد ترقی مدارج اس لیے نصیب ہوتی ہے کہ مادی وجود کے تمام اجزا گھل کر ختم ہوجاتے ہیں اور ملکوتی قوتیں ظاہر ہوجاتی ہیں، نیز اللہ تعالیٰ نے ہر شخص کو خاص استعداد دے کر پیدا کیا ہے، فرمایا:

**ومامنا الا له مقام معلوم* (الصفت:۱۶۴)**

ہم میں سے کوئی ایسا نہیں جس کے لیے ایک مقامِ معلوم مقرر نہ کیا گیا ہو۔

لٰہذا مرنے کے بعد جب انسان کے اندر چھپی ہوئیں حیوانی قوتیں اور مادی وجود کے فانی اجزا منتشر ہوجانے سے روح کی صفائی اور نوری رونق پیدا ہوتی ہے تو انسان اپنے اس مقام کو پا لیتا ہے جسے مقام معلوم کہا گیا ہے۔

## نفاست طبع

فرمایا: جب میں زرق برق لباس پہنتا اور پان چباتا تو اپنے آپ میں ایک ترقی محسوس کرتا۔ کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) کہتا ہے کہ اس قسم کے واقعات سے آپ کی طہارت و پاکیزگی اور نفاست طبع کا اندازہ ہوتا ہے۔

## لا الہ الا اللہ سے توبہ

سلطان العارفین (۱) کا قول ہے:

**توبة الناس عن ذنوبهم و توبتي عن قول لا إله إلا الله.**

عوام کی توبہ تو اپنے گناہوں سے ہوتی ہے لیکن میری توبہ لا الہ الا اللہ سے ہے۔

حضرت والد ماجد اس قول کا معنی بیان کرتے ہوئے فرماتے تھے کہ لا إلہ إلا اللہ میں نفی و اثبات کا جھگڑا ہے جب، کل شئ ھالك إلا وجهه* کا جلوہ نظر آیا تو پھر نفی کس کی کریں؟

---

۱ ابو یزید طیقور بن عیسی بن آدم بن سروشان بسطامی معروف بہ: بایزید بسطامی ملقب بہ: سلطان العارفین، متوفی ۲۶۱ھ

باوجود اس کے کہ خواص (عارفین) نفی کو حقیقت غیر ثابتہ سمجھتے ہیں، مگر کبھی کبھی جب غیر اللہ کی جانب سے بے اطمینانی اور خوف وخطر کی کیفیات دل میں کھٹکتی ہیں تو انہیں مٹانے کے لیے نفی و اثبات کا شغل اختیار کرنا پڑتا ہے۔(۱)

## مہرے

فرمایا کہ طالب علمی کے زمانے میں میرے ہم سبق لڑکے شطرنج کا سامان اور ایک کتاب لائے مگر مطالعہ کے باوجود وہ کچھ نہ سمجھ سکے، مجھے دی تو میں نے کہا کہ میں تو مہروں کے نام اور ان کی چالوں سے بھی بیخبر ہوں، مجھے انہوں نے اس بارے میں کچھ باتیں بتلائیں پھر میں نے اس کتاب کا مطالعہ کیا اس میں کھیل سے متعلق لمبی چوڑی باتیں درج تھیں مگر عبارت میں کچھ غلطیاں تھیں میں نے ان کی اصلاح کر دی اور پھر ہر روز اس کتاب کا ایک آدھ سبق اپنے ہم درسوں کو سمجھاتا جس سے وہ بہت خوش ہوتے اور اسی انداز سے شطرنج کھیلتے۔

انہی دنوں میں بیمار پڑ گیا، دل کا سکون جاتا رہا اور سخت پریشان ہوا جب چھپر کے کونوں پر نظر پڑتی تو مجھے شطرنج کے مہرے اور دوستوں کا کھیل یاد آجاتا۔

حضرت حافظ سے بہت التجا کی کہ اس مصیبت سے نجات دلائیں، تو فرمایا کہ تم ہر حال میں حضرت خاتم الانبیاء علیہ الصلاۃ والسلام سے تربیت لینے کے عادی رہے ہو اس لیے کثرت سے درود پاک پڑھو اور اسی درگاہ میں التجا کرو، میں نے کثرت سے درود پڑھا اور بارگاہ نبوت سے التجا کی تو کافی تکلیف کے بعد اس مصیبت سے جان چھوٹی اور شطرنج کے مہروں کے نام اور کھیل کے طریقے میرے دل سے محو ہو گئے اس پر اللہ کا شکر ہے۔

---

۱یعنی میں محض زبانی نفی اثبات سے توبہ کرتا ہوں، بلکہ ایسے نفی اثبات کا قائل ہوں جو حقیقی اور عملی ہو، صرف زبان سے نفی اثبات کرنے والا عارفین کی نگاہ میں منافق ہے۔ واللہ اعلم

## پدرانہ شفقت

فرمایا: لوگ سمجھتے ہیں کہ والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنا بہت ہی مشکل ہے کیونکہ حقیقت میں ان کے ساتھ جتنی بھی نیکی کی جائے وہ اس سے بھی زیادہ کے مستحق ہیں، لیکن میرے نزدیک یہ بہت ہی آسان ہے کیونکہ والدین تو معمولی دل جوئی سے بھی انتہائی مسرور ہو جاتے ہیں اور اولاد کے معمولی احسان کو بھی انتہائی پدرانہ شفقت کے سبب بہت بڑا احسان سمجھتے ہیں۔

## کیفیت کو محفوظ رکھنے کا طریقہ

فرمایا: جب حق تعالیٰ کسی کو حالت و کیفیت عطا فرمائے تو اسے چاہئے کہ اپنے آپ کو کسی دوسری چیز میں مشغول نہ کرے، اور اسے جس جگہ پر یہ کیفیت حاصل ہوئی ہے وہیں ٹکا رہے اور اگر ممکن ہو تو جس ہیئت میں بیٹھا ہوا ہے اس میں بھی تبدیلی پیدا نہ کرے اور جس کلام سے یہ کیفیت طاری ہوئی ہے بجز اس کے اور کوئی بات زبان پر نہ لائے، تا کہ یہ کیفیت محفوظ و باقی رہے۔

## مشیخیت کا فن

حافظ شیرازیؒ نے فرمایا ہے:

ایں جا فنون شیخ نیرز د بنیم جو      دل رابدست آرہمیں مشرب است بس

اس دنیا میں مشیخیت کا فن وقعت نہیں رکھتا، کسی دل کو راضی کرو بس یہی صوفیاء کا مسلک ہے۔

اس شعر کی تشریح میں فرمایا: بعض خود ساختہ مشائخ کی زبانوں سے ایسی باتیں نکل جاتی ہیں جن پر فراست یا کشف و کرامت کا گمان ہوتا ہے، اور یہ لوگ کچھ چیزوں سے بے رغبتی دکھلا کر یہ باور کراتے ہیں کہ یہ چیزیں انہوں نے حق سبحانہ وتعالی کی خاطر چھوڑ رکھی ہیں، حالانکہ وہ چیزیں ان کی ضروریات زندگی سے زائد ہوتی ہیں، اور کبھی آپ یوں فرماتے تھے کہ اس شعر میں شیخ سے مراد شیخ حقیقی ہے جسے مقامِ ارشاد عطا ہوا ہے اور دل سے مراد وہ قلب سلیم ہے جو طلب غیر سے خالی اور محفوظ ہو اور فنونِ شیخ سے مراد تصرف اور کشف ہے۔

## تمباکو کی نحوست

شیخ کی مجلس میں جب کبھی تمباکو نوشی کی بات چل پڑتی تو اس کی قباحتوں پر بہت سے دلائل اور شواہد پیش فرماتے تھے، بس قطعی حرمت نہیں فرماتے تھے، چنانچہ فرماتے کہ لاہور میں دو دوست رہتے تھے ان میں سے ایک فاضل، درویش اور جامع کمالات، تمباکو کا عادی تھا اور دوسرا عام فقیر جو تمباکو سے پرہیز کرتا تھا، دونوں نے عالم مثال میں ایک ہی رات، ایک ہی حالت میں حضور رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی، گویا یہ عامی آپؐ کی مجلس میں بیٹھا ہے، مگر اس فاضل کو بیٹھنے کی اجازت نہیں مل رہی، عامی فقیر نے اہل مجلس سے فاضل کو اجازت نہ ملنے کا سبب پوچھا تو جواب ملا کہ یہ شخص تمباکو نوشی کرتا ہے، اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے ناپسند فرماتے ہیں۔
صبح اٹھتے ہی خیر خواہی سے ارادہ کیا کہ یہ بات اس فاضل تک پہنچائے، جب اس کے گھر میں داخل ہوا تو دیکھا کہ وہ سخت رنج و غم میں مبتلا ہے اور رو رہا ہے۔

سبب پوچھا تو اس نے وہی بارگاہ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں حاضری کی اجازت نہ ملنے کا قصہ سنایا، اس عامی درویش نے کہا: تمہیں مبارک ہو کہ میں نے اہل مجلس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ناراضگی کا سبب پوچھ لیا تھا، جو تمباکو نوشی ہے۔

اس فاضل نے اسی وقت حقہ کو ٹکڑے ٹکڑے کیا اور تمباکو نوشی سے پکی توبہ کر لی، دوسری رات دونوں نے ایک ہی منظر خواب میں دیکھا کہ گویا اس فاضل کو تمام اہل مجلس سے زیادہ قرب حاصل ہے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس پر سب سے زیادہ عنایات و التفات فرما رہے ہیں۔

## وہ آئے تو، مگر

فرمایا کہ ہمارے ایک بزرگ دوست تمباکو نوشی نہیں کرتے تھے مگر مہمانوں کے لیے گھر میں حقے کا انتظام کر رکھا تھا، عالم مثال میں دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے جھونپڑے میں

تشریف لائے ہیں اور اندر آنے کے بعد ناپسندیدگی سے واپس لوٹے، یہ شخص آپ کے پیچھے پیچھے دوڑا اور ناپسندیدگی کا سبب پوچھا آپ نے فرمایا کہ تمہارے گھر میں حقہ چلم اور نے موجود ہے جنہیں میں پسند نہیں کرتا۔

## عجیب قصہ

فرمایا: ہمارے محلے میں ایک درزی رہتا تھا، ایک دن میں نے اسے بلوا بھیجا، بلانے والے نے دیکھا کہ وہ مردہ پڑا ہے اور اسکے ورثاء اس پر رورہے ہیں، کفن دفن کا انتظام کیا جارہا ہے، کچھ دن بعد میں جامع مسجد کو جارہا تھا کہ اسے بازار میں دیکھا، متعجب ہوکر اسکا حال پوچھا۔

اس نے کہا: میرا قصہ بھی عجیب ہے، میں اس محلے کی گلیوں میں جارہا تھا کہ دو ہیبت ناک مرد غضب ناک شکل میں میرے سامنے آئے، ان میں سے ایک نے مجھے تھپڑ مارا تو میں بیہوش ہوکر گر پڑا اور بظاہر مر گیا، لوگ مجھے اٹھا کر گھر لائے، کفن کا انتظام کیا اور میں دیکھ رہا ہوں کہ وہ دونوں آدمی مجھے لیکر ایسی جگہ پہنچے جہاں سامنے بہت سے لوگ جمع تھے جن کی شکلیں انسانوں سے مختلف تھیں، مجھے اپنے سردار کے کے سامنے لے گئے۔

اس نے کہا: جسے ہم نے بلوایا تھا وہ یہ تو نہیں اسے جہاں سے لائے ہو وہیں پہنچا آؤ، جب وہ مجھے لیکر واپس ہونے لگے تو پیچھے سے آواز آئی کہ اسے ذرا ادھر لانا یہ تمبا کو نوشی کرتا ہے، یہ کہہ کر انہوں نے لوہے کا ٹکڑا گرم کر کے میری ران کو داغ دیا میری ران جل گئی اور میں اسی حالت میں بیدار ہوا تو دیکھا کہ عزیز و اقارب مجھے نہلا کر کفن پہنانے کا ارادہ کررہے ہیں۔

## خیر خواہی دلیل سے بہتر

ایک دن حضرت والد ماجد نے باتوں باتوں میں مجھ سے فرمایا کہ شیخ آدم بنوریؒ کے اکابر خلفاء میں سے سید علیم اللہ نے تمبا کو نوشی کی حرمت میں ایک رسالہ لکھا اور آیت کریمہ:

**تاتی السماء بدخان مبین** *(الدخان آیت : ۹)

آسمان نے کثیف دھواں چھوڑا۔

اور ایسی آیات و امثال بطور دلیل پیش کیں، اور یہ رسالہ دو افغان مولویوں کے ہاتھ علمائے دہلی کے پاس بھیجا، یہ دونوں مولوی سب سے پہلے میرے پاس آئے، میں نے کہا کہ ان بیہودہ دلیلوں سے کچھ کام نہیں چلے گا، اور اس آیت کی تفسیر میں علمائے حق نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے میں نے وہ بیان کیا اور اس سے متعلق احادیث اور روایات فقہی کا حقیقی مفہوم ان پر واضح کیا۔

اس سے وہ قدرے ناخوش ہوئے، اسکے بعد وہ دونوں شہر کے نامور فاضل یعقوب کے درس میں چلے گئے، دیکھا کہ وہ مجلس درس میں تمباکو نوشی کر رہا ہے، ان دونوں نے اعتراض کیا۔

ملا یعقوب نے کہا: کہ میں مجلس درس میں اس لیے تمباکو نوشی کر رہا ہوں کہ لوگوں پر اس کا مباح ہونا واضح ہو، اگر کسی کو اس مسئلے میں کوئی شک ہے تو وہ میرے سامنے پیش کرے۔

مولویوں نے اس رسالے میں سے بعض فقہی روایات اور احادیث بیان کیں تو ملا یعقوب بھڑک اٹھا اور معمولی توجہ سے ان کے دلائل رد کر دیئے۔

دونوں شکستہ دل اور غمگین ہو کر واپس لوٹ آئے اور صورت حال مجھے بتلائی، میں نے کہا: تم نے تمباکو کی حرمت کا دعوی کیا اور دلیلیں یہ پیش کیں تو کام کیسے چلتا، اب جاؤ اور اس آیت کریمہ کا شانِ نزول پوچھو: **يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ** *(التحریم آیت: ۱) (پیارے! اللہ نے جو آپکے لئے حلال کیا ہے اسے حرام کیوں کر بیٹھے؟)

وہ کہیں گے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کے گھر میں شہد تناول فرماتے تھے جس سے باقی ازواج مطہرات کو رشک آیا، انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ کے دہن مبارک سے مغافیر کی بو آتی ہے، آپ نے فرمایا: میں نے مغافیر نہیں بلکہ شہد کھایا ہے، تو سب کہنے لگیں کہ ہوسکتا ہے کہ شہد کی مکھیوں ہی نے مغافیر کھایا ہو۔ (مغافیر بدبودار میٹھا گوند ہے)

چنانچہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس شہد کو اپنے اوپر حرام قرار دیدیا تو یہ آیت نازل ہوئی، جب اتنا کہہ چکے تو پھر اس سے پوچھو کہ اس ناپسندیدگی کا سبب کیا تھا؟ تو غالباً یہی کہے گا کہ ناخوشگوار بو، پھر اس سے پوچھنا کہ یہ جو حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص ان دو سبزیوں (لہسن و پیاز) میں سے کھائے وہ ہماری مسجد میں ہرگز نہ آئے اس میں منع کرنے کی اصل وجہ کیا ہے؟

تو وہ کہے گا: ان کی بدبو، پھر اس سے پوچھنا کہ یہ جو حدیث میں آیا ہے کہ حضور خوشبو کو پسند اور بدبو سے نفرت فرماتے تھے یہ صحیح ہے یا غلط؟ وہ کہے گا کہ صحیح ہے، تب کہنا کہ تمباکو میں بدبو ہے کہ نہیں؟ اگر کہے کہ نہیں تو کہنا کہ جنہوں نے کبھی تمباکو نوشی نہیں کی ان سے پوچھو کہ اسکی بو ان کو کتنی بری لگتی ہے، جب یہ ثابت ہو گیا کہ اس میں بدبو ہے تو اہل احتیاط اور صاحبان ورع و تقوی کے لیے مناسب ہے کہ اسے ترک کردیں، یہ دونوں پٹھان مولوی گئے اور اسی انداز سے سوالات کئے، ملا یعقوب نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور مجلس درس سے چلم ہٹادی۔

## دو قسم کا علم

کاتب الحروف کہتا ہے کہ حضرت شارع نے ہمیں دو قسم کا علم عطا فرمایا ہے: علم مصالح اور علم شرائع، مصالح سے ہماری مراد اس بات کا علم ہے کہ چار خصلتیں رضائے الٰہی کا سبب ہیں، طہارت، خشوع، سخاوت اور عدالت اور وہ تمام اعمال وافعال جو ان سے تعلق رکھتے ہیں نیز کلمہ حق کو بلند کرنے کے لیے ملأ اعلی (اللہ تعالیٰ کو پانے) کی کوشش ومحنت اور اس راہ میں آنے والے تمام مقامات، اور وہ امور جو اس راہ سے تعلق رکھتے ہیں (ریاضت وعبادت، تقوی وطہارت وغیرہ) اور ان کے مخالف اعمال وعادات غضب الٰہی کا سبب ہیں۔

اسی طرح آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر قسم کے اخلاق تامہ فاضلہ مثلاً شجاعت وغیرہ کی دعوت دی یہ تمام امور عقلیات کے تحت آتے ہیں اور ہم ان کو بھی مصالح میں شمار کرتے ہیں، شرائع سے ہماری مراد احوال واعمال کے شرعی ضابطے، نظام الاوقات اور وہ امور ہیں جو ان سے تعلق رکھتے ہیں

اور یہ سب کے سب بندگی میں شمار ہوتے ہیں، اگر چہ عقل ان پیمانوں اور اصولوں کی خوبیوں اور خاصیتوں کو سمجھ سکتی ہے اوران کے نازل ہونے کی وجوہات اور مصلحتوں کو جان سکتی ہے، مگر ان کے قائم کرنے اوران پر کار بند ہونے کے نتیجہ میں کیا ملے گا؟ عقل اس کو نہیں سمجھ سکتی، ہم عقل سے نہیں جان سکتے کہ ان میں سے کونسی چیز آخرت میں اللہ تعالیٰ کی رضا وخوشنودی کا سبب بنے گی اور کونسی غضب کا موجب؟ اسی طرح یہ بات بھی ہماری عقل میں نہیں سما سکتی کہ عالمِ بالا کی توجہ عبادت گزاروں کو نفع وفائدہ اور گنہ گاروں کو نقصان کیوں کر پہنچا سکتی ہے؟ مثلاً ہم سمجھتے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا یاد کرنا نجات کا ذریعہ ہے، مگر یہ کہ خدا کو کسی خاص طریقہ سے خاص اوقات میں یاد کرنے سے جو قبولیت اور ثواب مقرر ہے اس کا ادراک واحاطہ ہماری عقل نہیں کر سکتی، میرا مذہب یہ ہے کہ شرائع حکم شریعت کے بغیر ثابت نہیں ہو سکتے اور مصالح کو انسانی عقل حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے پہلے بھی اور اس کے بعد بھی سمجھتی رہی ہے۔(۱)

اس لیے قیاس جلی اور نص (قرآن وحدیث) سے ثابت شدہ حکم کے مقابلے میں ایسے غیر قیاسی احکام کو جن کے ثبوت میں کوئی نص بھی نہ ہو حکم شرعی نہیں کہا جائیگا، شرائعکے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کی رضا کی طلب اور اسکے غضب کا خوف اصل ہے، مثلاً سونے چاندی کے برتنوں اور ریشمی لباس کا استعمال شریعت میں منع ہے، ہم جانتے ہیں کہ اس منع کی مصلحت یہ ہے کہ انکے استعمال سے انسان خود پسندی واسراف کا شکار ہوتا ہے، لیکن اس نہی کا سبب مصلحت نہیں، بلکہ شریعت کا منع کرنا مانا جائیگا، لہٰذا خواہ کوئی اسراف وخود پسندی کا شکار ہو یا نہ ہو حرمت قائم رہے گی۔

---

۱ اس کا لب لباب یہ ہے کہ مصالح سے مراد اخلاقِ حسنہ ہیں، جن کو انسان اپنے وجدان اور عقل سے سمجھ سکتا ہے کہ کیا اچھا ہے کیا برا؟ مصالح میں بہت کچھ کمی زیادتی وہ اپنی عقل سے کر سکتا ہے، وقت کی ضرورت کے مطابق ان میں پھیر بدل بھی کر سکتا ہے، اور شرائع سے مراد اعمالِ حسنہ ہیں جیسے نماز روزہ حج وغیرہ عبادات، انہیں انسان اپنی عقل سے نہ جان سکتا ہے اور نہ ہی ان میں اپنی عقل سے کمی زِیادتی کر سکتا ہے، نہ ان کے اوقات وکیفیات میں تبدیلی کا مجاز ہے۔

دیکھئے بھلے ہی یاقوت وزمرد اور قیمتی شالوں کے استعمال میں سونے چاندی سے بھی زیادہ خود پسندی اور تکبر کا اظہار ہوتا ہو مگر چونکہ شارع صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی قباحت کا کوئی اشارہ نہیں کیا اسلئے اگر کوئی شخص خودغرضی اور خود پسندی کی نیت سے انہیں استعمال کرے تو قباحت اور ضرر پایا جائیگا، لیکن اگر ایسا نہ ہوتو انکے استعمال میں کوئی حرج نہیں اس عقیدہ کو قبول کرنا چاہئے۔

## نسبت کا حصول

فرمایا: خواجہ خورد نے مجھے وصیت کی تھی کے درس وتدریس اور غیر ضروری کتابوں اور کہانیوں سے اپنے آپ کو دور رکھنا، سچ تو یہ ہے کہ جب تک ان چیزوں میں لگا رہا اس نسبت روحانی کے عجیب وغریب آثار مجھ پر ظاہر نہ ہوئے۔

کچھ کچھ یاد پڑتا ہے کہ کسی شخص نے حضرت والا سے سوال کیا کہ حضرت شیخ ابوالفتح اور شیخ مخدوم قدس اللہ اسرارہما کی نسبتوں میں کیا فرق ہے؟ فرمایا: شیخ ابوالفتح کو نسبت عشق حاصل تھی اور حضرت مخدوم نسبت شہود رکھتے تھے نیز فرمایا کہ شیخ ملک یار پران اہل بیت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت کے ساتھ کامل مناسبت رکھتے تھے۔(۱)

## سلوک اور کیمیا

فرمایا: کہ ایک شیخ نے مخدومی اخوی شیخ ابوالرضا قدس سرہ کی خدمت میں خط لکھا جسمیں راہ سلوک اور حقیقت کیمیا کے ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں سوال کیا، آپ نے جواب کے لیے خط مجھے دیا میں نے اسے لکھا:

إذا تزوجت الأجساد وتجسدت الأرواح حصل المقصود*

جب اجزائے مادی یکجان ہوجائیں اور ارواح وجود کی شکل اختیار کرلیں تو مقصود حاصل ہوجائیگا۔

---

۱ شیخ ملک یار پران کے حالات معلوم نہیں ہوسکے، فارسی کے اچھے شاعر تھے، ۶۹۵ھ میں وفات پائی۔

## کن فی الناس

حضرت والد ماجد کے کسی مخلص نے سوال کیا کہ لوگوں میں زندگی کیسے گزارنی چاہئے؟ تو آپ نے فرمایا: کن فی الناس کأ حد من الناس (لوگوں میں ان جیسا ہو کر رہ) پھر پوچھا: حق سبحانہ تعالیٰ تک پہنچنے کا راستہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: رجال لا تلھیھم تجارۃ ولا بیع عن ذکر اللہ" (النور:۲۷) (اللہ والے تو وہ ہیں جنکو نہیں روک پاتی تجارت اور بیچ کھوچ اللہ ذکر سے۔)

## تقوی کا تقاضہ

ایک دفعہ حضرت والد ماجد سفر میں تھے، آپ کے ساتھی بہلی پر باری باری سوار ہوتے تھے، دوران سفر بعض دوست اپنی باری سے زیادہ سوار ہوئے تو حضرت والا نے فرمایا: بہلی کے سواروں سے پوچھو کہ آیۂ کریمہ: اعدلوا ھو اقرب للتقوی *(المائدہ آیت ۸) کون سے پارے میں ہے؟ ساتھیوں میں سے شیخ بدر الحق پھلتی نے اشارہ سمجھ لیا اور بہلی سے نیچے اتر کر کہنے لگے: حضرت یہ آیت پارہ یعتذرون میں ہے۔ (حالانکہ یہ آیت یعتذرون میں نہیں ہے بلکہ لا یحب اللہ یعنی چھٹے پارے میں ہے)

## تو چیزے دیگری

شیخ امان اللہ نے کابل جانے کا ارادہ کیا تو حضرت والا سے دعا کی خواہش کی آپ نے فرمایا: جہاں بھی جاؤ اہل اللہ کی تلاش کرتے رہو، جس سالک یا مجذوب میں بھی حقیقت کی خوشبو پاؤ بلا تاخیر اس کی صحبت اختیار کرو، یہ گئے اور آپ کے فرمان پر عمل کرتے رہے جب واپس لوٹے تو حضرت والا کے سامنے کھڑے ہو کر یہ شعر پڑھا:

آفاقہا گردیدہ ام مہر بتاں ورزیدہ ام　　　بسیار خوباں دیدہ ام لیکن تو چیزے دیگری

آفاق چھان مارے ہزار ماہ رخوں سے پالا پڑا، بہتیرے دل ربا دیکھے، مگر تو تو چیز ہی اور ہے۔

## مصلحت کوشی

حضرت والد ماجد شیخ محی الدین ابن عربی کی بہت تعظیم کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ اگر میں چاہوں تو فصوص کو برسر منبر بیان کر کے اس کے تمام مسائل کے اثبات کے لیے آیات و احادیث سے دلائل پیش کروں اور اس انداز سے بیان کروں کہ کسی کو شک باقی نہ رہے، مگر اس کے باوجود آپ وحدت الوجود کے کھلم کھلا بیان سے احتراز فرماتے تھے کیونکہ اس دور کے اکثر لوگ اس کے سمجھنے کی اہلیت نہیں رکھتے اور نا سمجھی کی بنا پر الحاد و زندقے کے بھنور میں پھنس جاتے ہیں، اس احتیاط کے باوجود بھی آپ کی کئی تقریروں میں وحدۃ الوجود کا رنگ جھلکتا تھا، اور اس فقیر (حضرت شاہ صاحب) کو رسائل وحدۃ الوجود کے مطالعہ کی اکثر رغبت دلایا کرتے تھے۔

اس فقیر نے لوائح (مصنفہ جامیؒ[1]) شرح رباعیات (مصنفہ باباطاہرؒ[2]) اور مقدمہ شرح لمعات (مصنفہ عراقیؒ[3]) پورے انہماک کیساتھ حضرت سے پڑھی ہیں اور بعض دوستوں نے ''نقد النصوص'' بھی حضرت سے پڑھی، انکے ساتھ کبھی کبھار فقیر بھی شامل ہوجاتا تھا۔

---

[1] جامی، نورالدّین عبدالرّحمن بن احمد بن محمد معروف بہ جامی (۸۱۷-۸۹۸ھ)، نقد النصوص بھی انہیں کی ہے، جو ابن عربیؒ کی کتاب نقش الفصوص کی شرح ہے۔

[2] باباطاہر ہمدانی المعروف بہ عریاں، ایرانی شاعر، صوفی اور نامور عارف تھے ان کی زندگی کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل نہیں ہوئیں حتیٰ کہ ان کی تاریخ وفات و پیدائش بھی حتمی طور پر معلوم نہیں، البتہ کہا جاتا ہے کہ وہ ۱۰۱۹ھ میں ۷۵ سال کی عمر میں فوت ہوئے، ان کا کلام فارسی رباعیات میں اعلیٰ معیار کا حامل اور اپنی مثال آپ ہے، ہمدان میں ان کا نہایت حسین مقبرہ ہے، ایران نے اسے قومی ورثہ میں شامل کیا ہے، مقبرہ میں ان کا کلام پتھروں پر کندہ نصب ہے۔

[3] فخر الدّین ہمدانی معروف بہ عراقی، مشہور صوفی و باکمال شاعر، شیخ بہاء الدین زکریا کے منتسبین میں تھے ۶۸۸ھ، دمشق میں وصال فرمایا اور ابن عربیؒ کے مزار کی پشت پر مدفون ہوئے۔

آپ مسائل کو بخوبی حل فرماتے تھے، حادث (تغیر پذیر، فنا ہونے والی ہستی) کا قدیم (ہمیشہ رہنے والی ذات) کے ساتھ ربط کی تحقیق کرتے ہوئے بارہا حضرت والا سے یہ تمثیل سنی، فرماتے تھے کہ جن معلوم شکلوں کو ہم دیکھتے ہیں خارج میں ان کا وجود و ثبوت کوئی بھی نہیں، محض ہماری قوت علمیہ کے سہارے موجود ہیں اور یہ سب کچھ ہمارا ہی علم ہے جو مختلف رنگوں اور شکلوں میں نمودار ہوتا ہے، بلاشبہ ان صورتوں کو ہم عین علم بھی نہیں کہہ سکتے کیونکہ ضروری نہیں کہ جب علم ہو تو یہ صورتیں بھی ضرور ہی ہوں، اور انہیں علم سے جدا بھی نہیں کر سکتے کیونکہ ان تغیر پذیر صورتوں اور ہیولوں کو خارج میں وجود و شکل دینے والا اور انہیں ایک حقیقت بنانے والا علم ہے، علم اگرچہ بے رنگ ہے مگر مختلف رنگ اس کی بیرنگی میں آڑے نہیں آسکتے۔ (۱)

آیۂ کریمہ "وھو معکم" (الحدید آیت: ۴)

کی تشریح میں فرمایا کرتے تھے کہ یہ ساتھ محض علم کے سہارے نہیں بلکہ خارج اور حقیقت میں بھی موجود اور ثابت ہے اور اس سے کوئی الجھن پیدا نہیں ہونی چاہئے کیونکہ یہ معیت، معیت کے ان معنوں میں نہیں جو مادّہ کو مادہ کے ساتھ، عرض (ایجاد) کو عرض کے ساتھ یا مادہ کو عرض کے ساتھ حاصل ہوتی ہے بلکہ یہ معیت حادث با قدیم ایک لطیف ترین معنی ہے جسے ان معیتوں سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔

## تم مرے ساتھ ہوتے ہو

فرمایا: ہر شخص اپنی صلاحیت کے مطابق معیت کے مسئلے سے لطف اٹھاتا ہے، ایک گروہ نے یہ سمجھ لیا ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ سمع و بصر کی قدرت کے ساتھ ہمیں محیط ہے جیسے کہ فرمایا:

---

۱۔ علم کی زیادہ واضح اور مختصر لفظی مثال ہم روشنی سے دے سکتے ہیں، روشنی خود نظر نہیں آتی، نہ اس میں کوئی رنگ ہوتا ہے، لیکن دوسری تمام چیزیں اور تمام رنگ اس کے محتاج ہیں، وہ بنا اس کے دکھائی نہیں دے سکتے، لیکن اسی طرح اگر دوسری نظر آنے والی اشیا موجود نہ ہوں تو خود روشنی کے وجود کا علم نہیں ہو سکتا۔

مَا يَكُونُ مِنْ نَجْوَى ثَلَاثَةٍ إِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ [المجادلة: 7]

تین سرگوشی کرنے والوں کے ساتھ چوتھا وہ ہوتا ہے

اور ایک گروہ نے کھلی آنکھوں سے دیکھ کر کہا کہ ہر فعل اور ہر حرکت اور صفت جو عالم میں ظاہر ہوتی ہے حضرت حق سبحانہ تعالیٰ سے ہے جیسا کہ فرمایا:

قل کل من عند الله* (النساء۸) وما بکم من نعمة فمن الله* (النحل ۵۳)

فرمادیجئے کہ سب کچھ اللہ سبحانہ کی جانب سے ہے* تمہیں جو بھی نعمت ملتی ہے اللہ سے ملتی ہے۔

ایک جماعت نے مشاہدہ کیا کہ جو کچھ بھی ہے وہی ہے غیر تو ہے ہی نہیں جیسا کہ فرمایا:

کل شیء ھالک إلا وجهه* (القصص: ۸۸) روئے باری کے سوا ہر چیز ہلاک ہو جائیگی*

ھو الأول والاخر والظاهر والباطن* (الحدید ۲) اول وآخر ظاہر و باطن وہ ہی وہ ہے۔

بعض نے حق کو حق میں دیکھا اور اس مقام کی گہرائیاں اور تفصیلات بیان کرنے سے زبان وقلم قاصر ہیں۔

## تعبیرات کا فرق

الفاظ و بیان کی بات چل نکلی تو آپ نے عجیب بیان فرمائی، مگر چونکہ میں اس وقت بہت کمسن تھا اس لیے اسی اسلوب سے وہ تقریر محفوظ نہیں رہی لیکن حاصل کلام یہ تھا کہ موجد اور موجود میں وہی تعلق ہے جو دائم اور اس کے دوام میں ہے کہ جب کوئی چیز عدم سے وجود میں آتی ہے تو اس کا نام ایجاد رکھتے ہیں، لیکنجب وہ موجود رہتی رہے تو اسے ابقا کا نام دیا جاتا ہے گویا ایک ہی حقیقت ہونے کے باوجود اسما کا اختلاف لحاظ کے اعتبار سے ہوتا ہے، جیسے سورج سے نکلنے والی روشنی سورج کے ساتھ تعلقکیہمیشہ محتاج ہوتی ہے، لیکن ہم صبح میں اسکے پہلی بار آنے کو اشراق اور رفعِ ظلمت کا نام دیتے ہیں، اور دوسری حالت یعنی جب وہ پوری آب و تاب کو پہنچے تو اسے ابقاءِ نور کا نام دیا جاتا ہے، تجدد امثال (تعبیرات) کی حقیقت اسی مثال سے سمجھی جا سکتی ہے۔

فرمایا کہ صفات ان معنوں میں عین ذات ہوتی ہیں کہ وہ ذاتِ محض، صفاتِ زائدہ قائمہ

بالذات کا مدار و محور اور ذریعہ ہوتی ہیں۔(۱)

فرمایا: جو کچھ اس عالم میں ہے حسن ذاتی (اپنے آپ میں اچھا) اور قبح نسبتی (دوسروں کی نسبت خراب) رکھتا ہے اس سلسلے میں بہت سی مثالیں پیش فرمایا کرتے تھے مثلاً تلوار کی تیزی فی نفسہ ایک خوبی ہے جو فولاد کے کمال کا اثر ہے مگر ایک شخص کو موت کے گھاٹ اتارنے کی وجہ سے تلوار کی یہ اچھائی برائی نظر آتی ہے اس طرح اور مثالیں بھی دیا کرتے تھے۔

## ایک سچائی

فرمایا: مخلوق کو مسمی (تشخص) کی حقیقت میں کوئی دخل نہیں اور کسی شخص کا فہم و عقل اور ادراک و اندیشہ وہاں پہنچ نہیں سکتا، پھر مسمی کو اللہ کی حقیقت میں کچھ درک و دخل نہیں سوائے اس کے کہ وہ ان کا مسمی ہے، (صفات اس کے اندر پائی جاتی ہیں) اور (وہ ان کا) موصوف ہے۔(۲)

---

۱ جیسے حرارت آگ کی صفت قائمہ بالذات ہے، حرارت خود عین ذات یعنی آگ تو نہیں ہے لیکن ان معنوں میں عین ذات ہے کہ آگ سے حرارت کی جدائی ممکن نہیں، آگ کا کام ہی حرارت اور اسکی علامات کا اظہار ہے، لہٰذا حرارت کا انکار آگ کا ہی انکار کہلائیگا، اسی طرح اللہ تعالیٰ کی صفات قائمہ بالذات ہیں کہ وہ عین ذات نہیں لیکن ذات کیساتھ اس طرح پیوست ہیں کہ ذات سے ان کا انتزاع ناممکن ہے، جیسے علم سمع و بصر وغیرہ

۲۔ جب ہم کوئی نام لیتے ہیں تو اس چیز کا ایک تصور ہمارے ذہن میں ابھرتا ہے، جیسے ہم نے بولا 'قلم' تو ہمارے ذہن میں قلم کی ایک شکل نمودار ہوئی، یہ شکل قلم کا مسمی ہے، اور وہ قلم جس سے ہم لکھتے ہیں قلم کی ذات ہے، ضروری نہیں کہ قلم سے جو شکل ہمارے ذہن میں آئی تھی ہو بہو وہی شکل ہو جس سے ہم لکھ رہے ہیں، لیکن اس کا کچھ نہ کچھ میل اس شکل سے ضرور ہوگا، یہ میل مسمی کی حقیقت کہلاتا ہے، بحث کا مطلب یہ ہوا اللہ تعالیٰ کے معاملے میں نہ تو اسم کا کوئی مسمی یعنی شکل ہے، اور نہ ہی مسمی کا ذات سے کوئی تعلق، لہٰذا مخلوق کو مسمی کا بھی علم صحیح حاصل نہیں، جیسے سمیع کا مسمی وہ ہستی ہے جو سننے والی ہو، مخلوق سننے کی حقیقت تک بھی پہنچ نہیں سکتی، پھر مسمی کا تعلق ذات کی حقیقت سے صرف یہ ہے کہ اسماء وصفات اسکے لئے بولے جارہے ہیں اور اس ذات کو ان سے مراد لیا جارہا ہے، اب دیکھئے کہ مخلوق، ذات کی حقیقت سے کتنی دور ہے، مخلوق مسمی تک رسائی نہیں پاسکتی اور مسمی ذات تک نہیں پہنچ سکتا۔

یہ جلوہ گاہ کے پردے ہیں جلوہ گاہ نہیں۔ واللہ اعلم

## رحیم! پیا سوں یوں ملے

جب جیونہ تھا تب پیونہ تھا اب پیو ہے جیونا تھ　　رحیم پیا سوں یوں ملے جوں بوند سمندر ناتھ

جب جیا نہ تھا تب (ہمارے لئے) پیا بھی نہ تھا اب پیا بھی ہے جیا بھی، تو پیا سے اس طرح مل جانا چاہئے جیسے بوند سمندر کے ساتھ مل جاتی ہے۔

اس فقیر نے ہندی کا یہ دوہا حضرت والا کے مجموعہ میں انکے ہاتھ سے لکھا ہوا دیکھا، آپ چونکہ ایسی باتیں بہت کم بیان کرتے تھے تو مجھے تعجب ہوا اور حضرت والا سے پوچھا کہ یہ دوہا حضرت نے نظم فرمایا ہے یا کسی اور نے؟ تو فرمایا کہ یہ شعر میرا ہے اور میرے ہی ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔

## لطائف ستہ

ایک دن یہ ذکر چلا کہ لطائف ستہ (۱) کیا ہیں؟ اور متأخرین صوفیا نے ان کی کونسی جگہیں بیان کی ہیں تو حضرت والا نے فرمایا کہ کاغذ اور قلم دوات لاؤ، جب میں لایا تو آپ نے ایک دائرہ بنا کر فرمایا: یہ قلب ہے پھر اس دائرے کے بیچ میں ایک اور دائرہ بنا کر فرمایا: یہ روح ہے، اس

---

۱لطائف ستہ انسانی جسم و روح کے وہ دریچے ہیں جو اسے الہیت کے دیدار و عشق سے سرفراز کرتے ہیں، یہ تصوف کے علم النفس (PSYCHOLOGY) سے تعلق رکھتا ہے، اسے سمجھنے کیلئے تصوف کے کائناتی علم (COSMO LOGY) کا جاننا ضروری ہے، اور وہ یہ ہے: عالمِ ہاہوتؔ، کائنات کی ابتداء سے پہلے ذات حق کے لئے جس عالم کا تصور کیا گیا ہے وہ ہاہوت کہلاتا ہے، اسی کو مقامِ احدیت بھی کہتے ہیں، عالمِ لاہوتؔ، جو ذات حق کی تجلیات کی دنیا، غیب کی آخری حالت اور مقامِ وحدانیت ہے، عالمِ جبروتؔ یا عالمِ ارواح، جہاں ذات حق کے اقتدار کا تسلط اور جبر کا اظہار ہوتا ہے، عالمِ ملکوتؔ یا عالمِ مثال، جہاں مخلوقات کے ابتدائی اور انفرادی وجود و خاکہ کی تشکیل ہوتی ہے، عالمِ ناسوتؔ، عالمِ اجسام، عالمِ امکان اور عالمِ مادی، انسانی مشاہدے میں آنے والی مادی، جسمانی اور حسی دنیا، صوفی یا سالک عالمِ ناسوت سے دوسرے عالموں کی جانب سفر کرتا ہے جسے تصوف کی دنیا میں سیر یا سلوک کے نام سے یاد کرتے ہیں، جس کی جتنی زیادہ محنت و ریاضت ہوتی ہے اس کا سفر اتنا ہی تیز گام اور صحیح ہوتا ہے اور وہ منزل پر اتنی ہی جلدی پہنچتا ہے۔ باقی تفصیل اگلے صفحہ پر

طرح دائرہ در دائرہ بناتے رہے یہاں تک کہ مقام انا تک پہنچے تو فرمایا کہ لطائف کی صورت میں سب سے زیادہ یہ پسند ہے باقی سب مختلف رخ اور اعتبارات ہیں اور پھر خواجہ نقشبندؒ کے مندرجہ ذیل قول کو اس مسئلے کے ساتھ خوب مطابقت دی۔

آئینہ ماراشش جہت است (ہمارا شیشہ چھ پہل ہے)(۱)

---

۱ لطائف ستہ، شش جہت آئینہ، یا چھ دریچے، پہلا لطیفہ نفس ہے، اس کا مقام زیر ناف اور اس کے نور کا رنگ زرد ہے، یہ انسان کا سب سے اسفل لطیفہ ہے، جو عالمِ ناسوت سے متعلق ہے انسان کے جذبات وحیوانی خصوصیات کی نمائندگی کرتا ہے، اس کے تین احوال ہیں نفس امارہ جو انسان کو برائی پر ابھارتا ہے، نفس لوامہ جو برائی پر تنبیہ وملامت کرتا ہے، نفس مطمئنہ جو ذات حق کی یاد و ذکر سے مطمئن ہوتا ہے، سلوک اس کا تزکیہ کر کے اسے مطیع وفرمانبردار بناتا اور اس کی اصلاح کر کے اسے فنافی اللہ کے درجے پر فائز کر دیتا ہے، دوسرا لطیفہ قلب ہے، واضح ہو کہ اس سے گوشت پوست کا دل مراد نہیں، اس کا مقام بایاں پہلو، نور کا رنگ سرخ ہے، علم وحکمت، عشق ومحبت اور شوق ومعرفت کا گہوارہ یہی ہے، خیر وشر کی جنگ یہیں ہوتی ہے، یہیں انسان کی روحانی اور حیوانی قوتوں کے درمیان غلبہ کے لئے زور آزمائی رہتی ہے، قلب ونفس مل کر حیوانی روح کی تشکیل کرتے ہیں، تیسرا لطیفہ روح، نور کا رنگ سفید، مقام دایاں پہلو ہے، یہ لطیفہ عالمِ جبروت سے متعلق، ذات حق سے جڑا ہوا، غیر فانی ہے اسکی بیداری کے بعد عالمِ ارواح کے اسرار کھل جاتے ہیں، چوتھا لطیفہ سر ہے جو عالمِ ملکوت سے متعلق اور لوح محفوظ وباری تعالیٰ کے فیضان کا مہبط وریکارڈ ہے اس کا مقام سینے کا وسط، نور کا رنگ ہرا، سر اور روح مل کر روح انسانی کی تشکیل کرتے ہیں، پانچواں لطیفہ خفی ہے جو وجدان کا مخرج اور عالمِ لاہوت سے متعلق ہے، مقام پیشانی کا وسط اور نور نیلگوں ہے، چھٹا لطیفہ اخفیٰ ہے، مقام سر کا درمیانی حصہ، نور کا رنگ سیاہ ہے، یہ تمام لطائف میں سب سے زیادہ گہرائی، گیرائی اور لطافت کا حامل ہے، اسکا تعلق ہاہوت سے ہے، الٰہی الہامات کا منطقہ یہی ہے، اسکی بیداری سے تمام کائنات کے اسرار وعلوم معلوم ہو جاتے ہیں، اس لطیفہ کی بیداری کو ہی صوفیاء کرام وصول یا تکمیل کا نام دیتے ہیں، ان لطائف کو ہم روحانی حواس بھی کہہ سکتے ہیں، جس طرح جسم میں حواس خمسہ ہوتے ہیں جو بیدار وصحت مند ہوں تو چیزوں کی حقیقت، ماہیت اور رنگ وذائقہ اور خوشبو وغیرہ کا پتہ کر لیتے ہیں اسی طرح یہ حواسِ ستہ بیدار ہو کر روحانی امور اور روح کی صحت وبیماری، غذا ودوا کی عمدگی یا خرابی پر مطلع ہو جاتے ہیں، جس طرح صحت مند جسم انسان کو کھڑا کئے رہتا ہے، کام پر اکساتا ہے اسی طرح یہ روحانی حواس جب تنومند وبیدار ہوتے ہیں تو انسان کو طاعات وعبادات پر کمربستہ کرتے ہیں، رذائل سے نفرت پیدا کرتے ہیں۔ واللہ اعلم۔

## ملکوتی نام

اس فقیر نے بعض دوستوں سے سنا کہ حضرت والا کا نام نامی عالم ملکوت میں ابو الفیض ہے، اس بارے میں میں نے آپ سے خلوت میں پوچھا تو ہنس کر فرمایا کہ ہاں! ایسا ہی ہے اور تمہارا نام عالم ملکوت میں ابوالفیاض ہے۔

## رکن اعظم

ایک بار حضرت والا نماز ظہر کے بعد اس فقیر کی طرف متوجہ ہوئے اور یہ رباعی پڑھی:

گر راہ حق بخواہی اے پسر　　　خاطر کس را مرنجاں الحذر

درطریقت رکن اعظم رحم است　　　ایں چنیں فرمود آں خیر البشر

اے بیٹے اگر تو راہِ حق کا طالب ہے تو کسی کا دل نہ دکھانا، طریقت میں رحم رکن اعظم ہے، یہ آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔

پھر فرمایا کہ قلم دوات لاکر لکھ لو کیونکہ حق تعالیٰ نے یہ شعر اچانک میرے دل پر القاء فرمائے ہیں تا کہ تجھے انکے ذریعہ وصیت کروں، پھر اشارہ کیا کہ یہ بہت بڑی نعمت ہے جسکا شکر لازم ہے۔ یہ رباعی بھی حضرت کے پاکیزہ خیال کا مرقع ہے۔

اے کہ نعمتہائے تو از حد فزوں　　　شکر نعمت ہائے تو از حد بروں

عجز از شکرِ تو باشد شکرِ ما　　　گر فضل تو ما را رہنموں

اے کہ جسکی نعمتیں بے اوڑ اور شکر ناممکن ہے، ہاں آپکی راہ نمائی ہو تو ہماری عاجزی ہی شکر ہے۔

## چند نصیحتیں

اس فقیر کو اپنی مجلس اور صحبت میں معاملات دنیوی کے طریقے اور حکمت عملی خوب سکھلاتے تھے ان میں سے جو کچھ حافظے میں باقی رہ گیا ہے اس میں سے چند جواہر پارے یہ ہیں:

*فرماتے تھے: مجلس میں کسی بھی قوم کی تنقیص مت بیان کرو، یہ نہ کہو کہ پوربی ایسے ہیں یا پنجابی ایسے، افغان ایسے ہیں اور مغل ایسے، ہوسکتا ہے اس مجلس میں اس قوم کا کوئی مرد میدان بیٹھا ہو یا اس علاقے کا کوئی باحمیت آدمی، وہ اسے برا سمجھے اور اہل مجلس کا مزہ کرکرا ہو جائے۔

*عوام کے خلاف ہرگز کوئی بات زبان پر نہیں لانی چاہئے چاہے کتنی ہی سچی اور صحیح کیوں نہ ہو، ہوسکتا ہے کہ سب پھر جائیں اور مجلس بدمزہ ہو جائے۔

* اگر کسی سے کوئی کام ہو تو حاجت پیش کرنے سے پہلے خوبصورت تمہید باندھو اور پھر تدریجاً اپنی حاجت پیش کرو، ایسا نہ ہو کہ اپنی ضرورت کی بات اسکے سامنے پتھر کی طرح دے مارو۔

*مجلس عام میں کسی شخص کی بھی کھلم کھلا تردید ہرگز نہ کرو۔

* آدمی کو ایسا لباس اختیار کرنا چاہئے جس سے اس کی صفت کمال کا اظہار ہوتا ہو مثلاً دانش مند کو دانش مندوں کا سا لباس پہننا چاہئے اور ان کی جیسی زندگی گزارنی چاہئے اور فقیر کو فقیرانہ لباس پہننا اور طریق فقر اختیار کرنا چاہئے۔

* بزرگوں سے بات کرتے وقت پیچیدہ اور گنجلک الفاظ استعمال کرنا اور بہت ہی آہستگی سے بات کرنا مناسب نہیں۔

* اگر تم سے شجاعت، سخاوت یا جواں مردی کی کوئی بات ظاہر ہو تو ایسا اہتمام کرنا چاہئے کہ لوگ تمہارے اس کمال سے باخبر ہوسکیں۔

* بیمار پرسی کا سب سے بڑا مقصد بیمار کی خوشنودی ہے نہ کہ صرف اس کے مزاج کی کیفیت سے اطلاع پانا، اسی طرح تعزیت، سفارش اور اسی قسم کی دوسری باتیں، پس جو شخص ان سب کاموں کو انجام تو دیتا ہے لیکن صاحب معاملہ کو اس سے مطلع نہیں کرتا تو سمجھ لیجئے اس کی ساری محنت ضائع ہوگئی، اور ہر وہ کام جس کے کرنے میں کوئی مصلحت یا لوگوں کے درمیان الفت و محبت پیدا کرنا یا صلح جوئی ہو اسی قبیل میں شمار ہوگا۔

* دوسروں کو رخصت کرتے وقت یا انہیں وصیت کرتے وقت آپ اکثر یہ شعر پڑھتے تھے۔

آسائش دو گیتی تفسیر ایں دو حرف است　　با دوستاں تلطف با دشمناں مدارا

دونوں جہان کی آسائش و آرام دو حرفوں کی تفسیر ہے، دوستوں کے ساتھ مہربانی، دشمنوں کو بخشش۔

* اگر تم سے کمتر درجے کے لوگ تمہیں سلام کرنے میں پہل کریں تو اس بات کو انعام الٰہی میں سے ایک نعمت سمجھو اور شکر بجالاؤ ایسے لوگوں سے خندہ پیشانی سے پیش آؤ اور ان کی خیر و عافیت پوچھو، اس بات کا قوی امکان ہے کہ تمہاری معمولی توجہ انہیں بہت بڑی خوبی نظر آئے اور وہ اس پر ایسے مر مٹیں کہ دوبارہ اگر ایسی توجہ نہ پائیں تو دل شکستہ ہو جائیں۔

صد ملکِ دل بہ نیم نگاہ مے تواں خرید　　خوباں دریں معاملہ تقصیر مے کنند

سینکڑوں دلوں کی حکومت محبت کی اک نگاہ کے بدلے میں حاصل کی جاسکتی ہے، عقلمند کبھی اس معاملے میں کوتاہی نہیں کرتا۔

* بعض لوگوں کی یہ حماقت ہے کہ لباس یا کسی خاص عادت کو ایک علامت بنا لیتے ہیں یا کوئی تکیہ کلام مقرر کر لیتے ہیں یا کسی ایک کھانے سے بناوٹی نفرت اختیار کر لیتے ہیں اور پھر لوگ ان عادات کی بنا پر انہیں اپنی مزاح و ظرافت کا نشانہ بناتے ہیں۔

* بعض دوست تجھ سے ذاتی محبت رکھتے ہیں یعنی تیری محبت آہستہ آہستہ انکے دل میں بس جائے تو پھر کسی حالت میں بھی ان کے دل سے نہیں نکل سکتی نہ خوشی و مسرت کے عالم میں اور نہ رنج و غم کے حالات میں ایسے دوست کو غنیمت جان کر اولاد سے بھی زیادہ عزیز رکھنا چاہیئے۔

* بعض دوستوں کی محبت کا سبب ان پر تیری فضیلت اور تجھ سے ان کی ضروریات کی وابستگی میں چھپا ہوتا ہے اس لئے ہر دوست کی حیثیت پہچاننی چاہیئے اور سب کو ایک مقام نہیں دینا چاہیئے اور کسی دوست پر اس کی حیثیت سے زیادہ اعتماد نہیں کرنا چاہیئے۔

* اہل عقل و ارباب حکمت کے مطابق انسان کو ضرویات زندگی کے استعمال میں صرف لذت

اندوزی مقصود نہ ہونی چاہئے، بلکہ زندگی کی سب نعمتیں دفع حاجت حصول فضیلت اور ادائے سنت کے ارادے سے حاصل کرنی چاہئیں۔

* بول چال، سیر وسفر اور نشست و برخاست میں ضعف و نقاہت (کمزوری) کے باوجود اولو العزم (جواں مردوں، وتندرستوں) کی سی طرز و عادت کو اختیار کرنا چاہئے اور اگر سوء اتفاق سے کوئی عیب یا مکروہ فعل یا بخل تجھ سے صادر ہو تو اسے چھپانے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے اور اس سے شرمندگی محسوس کرنی چاہئے اور اس عیب کے مد مقابل صفت اپنے اندر پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہئے تاکہ وہ عیب یا بری عادت جڑ نہ پکڑ جائے۔

* جب آداب سفر پر گفتگو ہوتی تو آپ چوروں اور ٹھگوں سے بچنے کی بہت تاکید فرماتے اور اس قسم کے جو واقعات سفر اکبر آباد میں پیش آئے تھے وہ بھی سنایا کرتے تھے۔

## شاہ عبدالرحیمؒ ایک نظر میں

حضرت والا شجاعت، فراست اور غیرت وحمیت جیسے اعلیٰ اخلاق کے جامع تھے، اخروی زندگی کے تقاضوں کو بھی سمجھتے تھے اور دنیاوی معاملات کی بھی مکمل سوجھ بوجھ اور لیاقت رکھتے تھے، ہر کام میں درمیانی راہ کو پسند فرماتے تھے، نہ تو خشک زاہد ہی تھے کہ رہبانیت تک پہنچ جاتے اور نہ ہی عبادات میں سستی اور کاہلی کا شکار، آپ کے لباس اور وضع قطع سے بے تکلفی ٹپکتی تھی، موٹا جھوٹا سخت و نرم جیسا ملتا پہن لیتے، یہ اور بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بنا کوشش وطلب کے ہمیشہ اعلیٰ لباس عنایت فرمایا۔

فرمایا کرتے تھے کہ جب سے دنیا پہ لات ماری ہے تب سے اپنے لئے بازار سے لباس بھی نہیں خریدا، جوتے نہ دستانے، بوقت ضرورت اللہ تعالیٰ کثرت سے دیتا رہتا ہے، ایک دن آپ نے قیمتی لباس پہن رکھا تھا، ایک خشک صوفی نے اس بارے میں بحث شروع کر دی، آپ نے فرمایا: میرے لباس کی ہر تار جو شال در شال ہے، محبت الٰہی کی کمند وجال ہے، کیونکہ یہ اس

کارسازِ حقیقی نے مجھے میری کوشش کے بغیر عطا فرمایا ہے، اور تیرے لباس کی ہر تار اگرچہ موٹے کھدر کے دھاگوں سے بنی ہوئی ہے مگر وہ تیرے لئے اژدہا ہے، کیونکہ تو نے اسے اپنی سعی وکوشش سے حاصل کیا ہے۔ (یہاں سعی اور کوشش سے مراد غالباً عوام الناس یا امراء کے سامنے دست سوال دراز کرنا ہے۔)

حضرت والد ماجد امراء کے گھر نہیں جاتے تھے، یہ دروازہ آپ نے اپنے اوپر بند کر رکھا تھا، لیکن امراء جب آپ کی زیارت کے واسطے آتے تو آپ ان سے اخلاق سے ملتے اور سردارانِ قوم کا خاص اکرام واعزاز فرماتے، اگر یہ لوگ نصیحت کی درخواست کرتے تو آپ نرمی ومہربانی کے ساتھ یہ فرض انجام دیتے، امراء آپ کی ایسی نصیحتوں کو بھی بخوشی قبول کیا کرتے تھے جو قرآن وحدیث سے ماخوذ نہ ہوتیں، بلکہ فقہا وصلحا کے قیاس وظن سے ثابت ہوتی تھیں، علم اور علماء کی تعظیم، جہل اور جہلا سے نفرت ہمیشہ آپ کا دستور رہا، ہر حال میں اتباع نبوی آپ کا مشن تھا، آپ کی مستقل مزاجی کا یہ عالم تھا کہ شرعی عذر کے بنا پوری زندگی میں نماز با جماعت کبھی ترک نہیں کی، بزرگوں کا قول ہے: الاستقامة فوق الکرامة (اتباع نبیؐ پر) استقامت کرامت سے بلند ہے۔

آپ نے اپنے بچپن یا شباب بلکہ زندگی کے کسی بھی مرحلہ میں غیر شرعی امور کی جانب رغبت نہیں کی، گویا طریق محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیروی آپ کی فطرت میں داخل تھی، ضروری کاموں کے لئے خرید وفروخت بھی آپ خود فرمایا کرتے تھے، لباس وعمامہ کے بارے میں آپ نہ تو غلط فقہاء کا رویہ اختیار کرتے تھے اور نہ رسوم وقیود سے آزاد فقیروں کا طرز، بلکہ مشائخ وصوفیاء کا لباس اختیار فرماتے تھے، کل ملا کر بے تکلفانہ زندگی گذارا کرتے، انتہائی سخت ضرورت کے علاوہ قرض لینا پسند نہ فرماتے تھے، ایسے لوگوں سے ناراضگی کا اظہار فرماتے جو مختلف قسم کے کھانوں اور زبان کے چٹخارے کے لئے مقروض رہتے تھے۔

## معمولات

آپ کو ہر فن میں وافر علم حاصل تھا، آپ کی طبیعت کسی بھی فن کو چھوڑنے پر آمادہ نہ ہوتی تھی، طب میں تو آپ کامل تھے، آپ کا طریقہ تھا کہ تہجد کی نماز میں رکعتوں کی تعداد نہ گنتے، نشاط و رغبت کے ساتھ جتنی پڑھ پاتے پڑھتے جاتے، اشراق اور چاشت کے علاوہ مغرب کے بعد والدین اور بڑے بھائی کی ارواح کو ایصالِ ثواب کی نیت سے بھی دو رکعت پڑھتے تھے۔

اگر کوئی معذوری نہ ہوتی تو ہمیشہ تلاوت قرآن میں مشغول رہتے، قرآن کریم کو خوش آواز اور تجوید و قواعد کی رعایت کے ساتھ پڑھتے، تلاوت کے علاوہ ترجمہ و تفسیر کے ساتھ بھی ایک دو رکوع کا مطالعہ اکثر ہر روز کیا کرتے تھے، ایک ہزار مرتبہ درود پاک، ایک ہزار نفی اثبات، کبھی نماز فجر سے پہلے کبھی بعد، کبھی جہراً اور کبھی آہستہ، بارہ ہزار اسمِ ذات، ہمیشہ بلا ناغہ پڑھتے، ضعیفی اور بڑھاپے کے باوجود اس معمول کو ہمیشہ جاری رکھتے، سوائے ان اوقات کے جب آپ پر روحانی بے خودی طاری ہو جاتی اور کبھی کبھی یہ حالت طویل ہو جایا کرتی تھی۔

سیدنا و مخدومنا شیخ ابوالرضا محمد کی وفات کے بعد بعض احباب کی درخواست پر آپ نے پہلے انداز پر وعظوں کا سلسلہ پھر شروع کر دیا، اکثر مشکوٰۃ شریف، تنبیہ الغافلین، اور غنیۃ الطالبین کا درس دیتے تھے، اور آخر میں تفسیر قرآن بھی شروع کر دی تھی، جب ان کتابوں کے درس سے فارغ ہوئے تو ضعف غالب آچکا تھا جس کی وجہ سے یہ سلسلہ ختم ہو گیا۔

اس فقیر نے آپ کی زبان سے بارہا سنا کہ ہم نے جو کچھ پایا ہے درود شریف اور خالص توجہ کی بدولت پایا ہے، ظاہری غنا کے لئے آپ روزانہ سو مرتبہ سورۂ مزمل اور گیارہ سو مرتبہ یا مغنی پڑھا کرتے تھے، جس کی بدولت ہر حالت میں کسی ظاہری سبب کے بغیر اللہ تعالیٰ لوگوں کو آپ کی خدمت پر مائل رکھتا تھا، آخری عمر میں جب رمضان کا چاند نظر آیا تو حسب معمول صیام و قیام میں مشغول ہو گئے، حالانکہ ضعف و نقاہت کی وجہ سے آپ میں اس کی سہار نہ تھی، اور شرعاً بھی

معذور تھے، یہ فقیر اور دوسرے اہل وعیال جب آپ سے معلوم کرتے کہ شرعی رخصت کے باوجود اتنی تکلیف کیوں اٹھا رہے ہیں تو فرماتے کہ کمزوری کی بنا پر زیادہ سے زیادہ یہی تو ہوگا کہ بے ہوش ہو جاؤں گا؟ اس کی تو عادت میں نے پہلے ہی ڈال رکھی ہے، (اس سے آپ کی مراد غیبت کی عادت تھی)

## آ گیا وصل کا ہنگام..........

جب شوال کا چاند نظر آیا تو بھوک بالکل ختم ہوگئی اور کمزوری بڑھنے لگی، جس سے ہیضہ ہوگیا، چنانچہ زندگی کی امید ختم ہوگئی اور مردوں کی طرح گر پڑے یہ فقیر حاضر تھا، آپ کی زبان پر استغفار جاری تھا، کچھ دیر بعد افاقہ ہونے لگا اور مرض کی شدت گھٹتی چلی گئی یہاں تک کہ ماہ صفر کے شروع میں مرض کا دوبارہ حملہ ہوا اور صبح صادق سے پہلے موت کے آثار ظاہر ہونے لگے، آپ کا ارادہ یہ تھا کہ نمازِ فجر قضا نہ ہو، بار بار معلوم کرتے تھے کہ صبح ہوئی یا نہیں؟ حاضرین کہتے کہ ابھی نہیں، جب موت قریب ہوئی تو جواب دینے والوں کو جھڑک کر کہا کہ تمہاری نماز کا وقت نہیں ہوا مگر ہماری نماز کا وقت ہو چکا ہے، پھر فرمایا: مجھے قبلہ رو کردو!

حاضرین نے تعمیل کی، آپ نے اشارے سے نماز ادا فرمائی، نماز کے بعد زیرِلب اسمِ ذات کا ورد کرتے ہوئے زندگی کی امانت مالکِ حقیقی کے سپرد کر دی، یہ المناک واقعہ بادشاہ فرخ سیر کے آخری عہد میں ۱۲/صفر ۱۱۳۱ھ بروز بدھ پیش آیا، حضرت والا کے انتقال سے تقریباً ایک ماہ بیس دن بعد فرخ سیر قید ہوا اور سخت حادثات رونما ہوئے۔

اس وقت آپ کی عمر شریف ۷۷ ستتر سال تھی چتوڑ کی فتح اور جامع مسجد شاہ جہان آباد کی تعمیر آپ کو یاد تھی۔

ہم نے اپنے سردار و مخدوم حضرت شیخ عبد الرحیم قدس سرہ کے مناقب میں سے جو لکھنے کا ارادہ کیا تھا وہ مکمل، ہوا اب ہم سیدنا و مخدومنا شیخ ابوالرضا محمد قدس سرہ کے مناقب ذکر کریں گے۔

# امام طریقت کاشف اسرار مخدومنا شیخ ابوالرضا محمدؒ

## ایک توضیح

اگر چہ ہونا یہ چاہیئے تھا کہ اس حصہ کو پہلے پیش کیا جاتا، مگر سند اور صحت کی بنا پر اس حصہ کو دوسرے نمبر پر رکھا گیا ہے، کیونکہ حصہ اول کی اکثر روایات فقیر نے بنا واسطہ کے خود دیکھی یا سنی ہیں اور اس دوسرے حصہ کی اکثر روایات فقیر کو ایک یا دو واسطوں سے پہنچی ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعریف ہے اس اللہ کی جس نے اپنے بندوں میں سے ایک جماعت کو مقامِ ولایت پر فائز فرمایا، اور انوار و برکات کے حقیقی لباس میں ملبوس کر کے ان پر اپنی نعمتوں کی راہیں کھولیں اور ان کی زبانوں پر علم و حکمت کے چشمے جاری کر دیئے، اور دین متین کا قیام اور اللہ کی خوشنودی کو ان کا مقصد بنا دیا، جس کی وجہ سے وہ ہادی، مہدی اور متقین کے امام بن گئے، انہیں خاص بندوں کو اس نے زمین و آسمان میں قرار و ثبات عطا فرمایا، پاک ہے اس کی بابرکت ذات جس نے یہ سب انعامات کئے، بے شک وہ تنہا معبود برحق ہے، جس کا کوئی ہم سر نہیں اور جس کے حکم اور فیصلے سے کوئی منہ نہیں پھیر سکتا، اور بے شک سیدنا و مولانا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے رسول اور بندے ہیں، جن کی چمک دمک نور و ضیاء تمام انبیاء سے زیادہ کامل اور روشنی بخشنے والی ہے، ان پر اور ان کی آل و اولاد اور اصحاب پر اللہ کی رحمتیں ہمیشہ ہوتی رہیں۔

اس تمہید کے بعد فقیر پر تقصیر ولی اللہ حفظہ اللہ وعاہ کہتا ہے کہ بزرگوار چچا اہل ذوق و وجدان کے امام اہلِ معرفت کے قائد، اہل کمال کے منظور نظر، اللہ والے سیدنا و مولانا شیخ ابوالرضا محمد نور اللہ مرقدہ کے علم و عرفان سے چنے ہوئے یہ چند کلمات ہیں جن کے مجموعے کا نام شوارق المعرفۃ تجویز کیا گیا ہے۔

حسبنا اللہ و نعم الوکیل*

## ابتدائی احوال

حضرت شیخ نے بچپن میں ظاہری علوم حافظ بصیرؒ سے حاصل کئے تھے جو شاہ جہاں کے زمانے میں ایک بلند مقام رکھتے تھے، ان کے علاوہ خواجہ خوردؒ سے بھی پڑھتے رہے، حقیقت میں آپ کو تمام علوم منجانب اللہ حاصل تھے، ظاہری تعلیم حاصل کرنے میں آپ کا مقصد سنت الٰہی کی پیروی تھی، کہ دنیا دار الاسباب ہے، علم حاصل کرنے کے بعد آپ نے اپنے والد کے مشورے سے ایک امیر کے دربار میں آنا جانا شروع کر دیا، تاکہ ظاہری نفع حاصل کریں۔

آپ کی اصلی استعداد اچانک ظاہر ہونے لگی، اور آپ نے گوشہ نشینی کا شعار، مکمل توکل، اتباع سنت اور صوفیا کا طریقہ اس انداز سے اختیار کر لیا کہ اس سے زیادہ کا کوئی تصور بھی نہیں کر سکتا۔

صحیح روایات سے معلوم ہوا ہے کہ جب تمام تعلقات سے ہاتھ کھینچ لیا تو اپنی اہلیہ سے فرمایا ہم نے یہ راستہ تکالیف اور مصیبتوں کے باوجود خود پسند کیا ہے، اور کسی بھی طرح اس راہ سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، اگر ان تمام مشکلات کو میری طرح پسند کر کے لذیذ کھانوں، خوشنما لباس اور عزیز و اقارب کے میل جول سے ہاتھ اٹھا سکو تو میری ساتھی ہو ورنہ تمہیں جدا ہونے کا پورا اختیار ہے، اہلیہ نے ہمت سے کام لیا زیورات اور مہنگے کپڑے اتار پھینکے اور معمولی نیلے رنگ کے کپڑے پہن لئے، حضرت نے اپنا گھر بھی چھوڑ دیا اور مسجد فیروز آباد کے قریب ایک حجرہ بنا کر رہنے لگے، ان دنوں اکثر دو دو تین تین دن کا فاقہ گذرتا تھا، اگر کچھ ملتا تو وہ جو کی روٹی کے چند ٹکڑے اور دہی ہوتی، جو محمد جان طباخی اور ان جیسے دوسرے نیاز مند لاتے، یہ کھانا بھی تمام فقرا میں تقسیم کیا جاتا اور آپ بہت ہی تھوڑے کھانے پر اکتفا فرماتے۔

آپ کے گھر میں نہ کوئی دیگچی تھی، نہ چولہا، نہ چکی نہ دوسرا اسباب، آپ اسی طرح بسر کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے خوب برکت عطا فرمائی، اور اپنے بندوں کے دلوں کو آپ کی طرف مائل کر دیا، ایک وسیع حویلی اور بڑا لنگر خانہ عنایت فرمایا۔

## غوث اعظمؒ سے استفادہ

اپنے ابتدائی دنوں کا حال بیان کرتے ہوئے فرماتے تھے کہ خواجہ خورد کے پاس ایک درویش آیا جو خواجہ محمد باقی کا خاص خلیفہ اور شیخ تاج سنبھلی کی صحبت اٹھا چکا تھا، تجرید کے مقام اور بے سامانی کی آخری منزل پر فائز تھا، اس پر غیبت کی نسبت حد درجہ غالب تھی، حضرت خواجہ اس سے جب بھی کچھ پوچھتے تکلف اور مشکل سے جواب دیتا حضرت خواجہ خوردؒ نے فرمایا کہ جو بھی اللہ تعالیٰ کی معرفت کا خواہش مند ہو وہ اس درویش سے مردانہ وار تعلق قائم کرے۔

جب میں نے یہ بات سنی تو میرے دل میں اس کی بیعت کی خواہش اور طریقت میں اس سے راہ لینے کا خیال پیدا ہوا، میں نے استخارہ کیا اور حضرت غوث الاعظمؒ کی روح پر فتوح کی جانب متوجہ ہوا تو خواب میں دیکھا کہ گویا آپ کشتی پر سوار ہیں اور دریا کی سیر کر رہے ہیں، اور میں دریا کے کنارے ان کی طرف متوجہ کھڑا ہوں، آپ میری طرف متوجہ ہوئے، آپ کے ہر ہر بال سے سورج کی طرح نور اگتا معلوم ہو رہا ہے، آپ نے مجھے نام لیکر بلایا، اس مشاہدے میں مجھ پر ایسے راز ظاہر ہوئے کہ اس درویش کی محبت سے دل ٹھنڈا پڑ گیا اور حضرت غوث اعظم کی بارگاہ سے استفادہ کا دروازہ کھل گیا، فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نے غوث اعظمؒ کو بیداری کی حالت میں دیکھا، اس موقع پر آپ نے مجھے عظیم اسرار و رموز تعلیم فرمائے۔

## تیسرے آسمان پر نماز

فرمایا: میں نے حقیقت کی آنکھ سے دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولیاء کرام کے درمیان تشریف لائے جبکہ اولیاء مربع شکل میں صف بہ صف بیٹھے ہوئے تھے، ہر صف میں ایک ہزار ولی تھے، ہر ایک کے ہاتھ میں مورچھل تھا، یہ تمام حضرات سیرِ روحانی میں مشغول تھے، میں جماعت سے باہر ایک کونے میں کھڑا تھا، میرے دل میں خیال گذرا جس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مطلع

ہوئے اور اپنے دست مبارک کا مورچھل عنایت فرما کر مجھے ان صفوں میں سے ایک میں داخل کر دیا، اس کے بعد آپ مجھے لیکر ہوا میں اڑنے لگے، باقی لوگ اسی مکان میں ٹھہرے رہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیسرے آسمان کی مسجد میں ظہر کی نماز ادا فرمائی۔

## مردِ حق سے بیعت

فرمایا: دوسری مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پھر دیکھا تو۔

میں نے عرض کیا: میرے آقا! میری خواہش ہے کسی ایسے مردِ حق سے بیعت کروں جس نے آپ کے طریقۂ عالیہ سے فیض حاصل کیا ہو، تاکہ ان اسرار وحقائق تفصیلاً ت معلوم کرسکوں جو آپ سے حاصل ہوئے ہیں، مجھے کسی ایسے مردِ حق کا پتہ دیجئے جو اس قابل ہو۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تیری بیعت علی کرم اللہ وجہ سے ہوگی۔

کچھ دنوں بعد دیکھا کہ گویا راستے میں چلا جا رہا ہوں، آس پاس کوئی آدمی تو نظر نہیں آرہا ہے لیکن راستے پر پیروں کے نشان موجود ہیں، تھوڑی دور چلا تو دیکھا کہ ایک شخص راستے کے بیچ بیٹھا ہوا ہے، میں نے اس سے راستہ معلوم کیا تو اس نے قریب آنے کا اشارہ کیا، اس کے بلانے سے مجھے دلی راحت حاصل ہوئی، اس مرد نے کہا: اے سست رفتار! میں علی ہوں، اور مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھیجا ہے کہ تجھے ان کی بارگاہ میں لے چلوں۔

میں ان کے پیچھے چل پڑا، یہاں تک کہ ہم بارگاہِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں پہنچ گئے، حضرت امیر علیہ السلام نے میرا ہاتھ اپنے ہاتھ کے نیچے رکھا اور اپنا ہاتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ میں دیکر کہا: یارسول اللہ! ہذا یدأبی الرضا محمد۔

حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت امیرؑ کی بیعت لی، اس موقع پر میرے دل میں ایک بات کھٹکی، حضرت امیرؑ اس پر مطلع ہوئے اور فرمایا کہ میں اولیاء اللہ کے حق میں اسی طرح بیعت کا وسیلہ رہتا ہوں، ورنہ حقیقت میں تو تمام سلسلوں کا مرجع اور بیعت کا مرکز آنحضرت

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دست مبارک ہی ہوتا ہے،اس کے بعد مجھے اشغال، اوراد واذ کار تلقین فرمائی اور علوم واسرار سے نوازا،لہٰذاان سب کا حصول مجھ پر آسان ہو گیا،اس واقعہ سے پہلے میں ذکرِ قلبی وہبی میں مشغول تھا۔

## قرب کی انتہا

فرمایا: حضرت پیغمبر کو میں نے خواب میں دیکھا گویا مجھے اپنی ذات مبارک کے ساتھ ایسا قرب عطا فرمایا کہ جیسے ہم ایک ہی جسم بن گئے ہوں، میں نے اپنے آپ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عین پایا،کسی نے اس وقت آپ سے کوئی سوال کیا تو آپ نے میری جانب اشارہ کیا، میں نے وضاحت کے ساتھ جواب دیا، بعد میں آپ مجھ سے جدا ہو گئے،اس سے پہلے مجھے خواب میں آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا بہت شوق رہتا تھا، جب اتحاد وقرب کی یہ دولت نصیب ہوئی تو وہ شوق پورا ہو گیا، اور ایسی بھرپور لذت وکیفیت حاصل ہوئی کہ پھر کوئی حسرت باقی نہ رہی۔

## آپ کی پاکیزہ زندگی،تصرفات،اور غیبی امور پر اطلاع کا بیان

## شیخ ابوالرضا محمد کے معمولات

آپ کے معتقدین کی ایک جماعت کی روایت ہے کہ بادشاہ عالم گیر نے کئی بار حضرت کی زیارت کی خواہش کی،مگر آپ نے انکار کیا، حکام اور سرمایہ دار لوگوں کو آپ ہمیشہ حقیر و ہیچ سمجھتے تھے،کبھی ان کی ذات یا پیش کش کی جانب متوجہ نہ ہوتے تھے،اگر کوئی امیر زیادہ ہی اصرار کرتا تو کبھی کبھار نذرانہ قبول فرمالیتے تھے،البتہ غریب، مفلس،موچی،کنجڑا، باورچی وغیرہ چار پیسے پانچ پیسے نذرانہ دیتے جسے آپ بخوشی قبول فرمالیتے۔

معتبر روایات سے معلوم ہوا ہے کہ آپ زبردست عالم،انتہائی متقی،علوم ومعرفت کے ماہر، دراز قد،سفید نورانی چہرے اور چھدری داڑھی والے خوش گفتار انسان تھے، جمعہ کی نماز کے

بعد ہمیشہ وعظ کہنے کا معمول تھا، وعظ میں تین حدیثیں صحت الفاظی کے ساتھ زبانی پڑھا کرتے تھے، پھران احادیث کا ترجمہ فرماتے، پہلے فارسی میں پھر ہندوستانی میں، تقریر میں مبالغہ نام کو نہ ہوتا، لوگ بڑے ذوق وشوق سے آپ کی تقریر سننے کو جمع ہوتے تھے۔

شروع شروع میں آپ مختلف علوم کا درس دیا کرتے تھے، لیکن بعد میں یہ درس تفسیر بیضاوی اور مشکوۃ شریف تک محدود ہو گیا تھا، باقی وقت ذکر اللہ اور خاص لوگوں کے ساتھ حکمت ومعرفت کی باتوں میں گذرتا تھا، وحدۃ الوجود کے قائل اور اس موضوع پر ایک محقق کی حیثیت رکھتے تھے، اپنی مجلسوں میں آپ نے صوفیاء کے کلام کے بہت سے مشکل مقامات حل فرمائے۔

## فتح کی خبر

شیخ معظم علی پھلتی بیان کرتے ہیں کہ اورنگ زیب کے شروع شروع کے زمانے میں ملک کے ایک حصہ پر ستنامی ہندوؤں نے قبضہ کرلیا، بادشاہ نے ان کی سرکوبی کے لئے افواج روانہ کیں، مگر وہ ان کو مغلوب نہ کرسکیں، اور مقابلہ نے ایسا طول پکڑا کہ بادشاہ اور اس کے ارکان پریشان ہو گئے، حضرت کے بعض معتقدین نے حضرت سے دعا کی درخواست کی، آپ نے دعا کی جو فوراً قبول ہوگئی، چنانچہ آپ نے جلد ہی یہ خوشخبری لوگوں کو سنادی کہ مسلم فوج کو اللہ تعالیٰ نے غلبہ عطا فرمادیا ہے اور کفار ذلیل ہوکر پسپا ہوگئے ہیں۔

معتقدین نے یہ خبر پورے شہر میں پھیلادی، رفتہ رفتہ بادشاہ تک بھی یہ خبر پہنچ گئی، اسے تعجب ہوا کہ ابھی تک اس کے ہرکارے تو کوئی خبر نہیں لائے، پھر یہ افواہ کہاں سے اور کس طرح پھیلی؟ تحقیق کرنے پر جب صحیح صورت حال کا پتہ چلا تو بادشاہ نے حضرت کی خدمت میں آدمی بھیج کر معلوم کیا، آپ نے پوری تفصیل کے ساتھ جنگ کی صورت حال بتلادی، کچھ دنوں کے بعد بادشاہ کے ہرکارے بھی آپہنچے، انہوں نے بھی وہی واقعات اور تفصیل بیان کی۔

## خرچ بذمہ مالک

کہتے ہیں کہ ایک بار آپ کے دل میں یہ خیال آیا کہ کپڑا ایسا موٹا پہننا چاہئے جو سال دو سال تک چلے، کیونکہ یہ تقوی حاصل کرنے اور وساوس دور کرنے میں مفید ہے۔

ایک کشمیری کو آپ نے ایسا کپڑا لانے کو کہا، وہ انتہائی سخت اور موٹا پشمینہ لایا، آپ نے اسے ایک یوم پہنا، اگلے دن چاشت کی نماز کے بعد بیٹھے بیٹھے ہنس پڑے، راوی نے ہنسنے کی وجہ پوچھی تو فرمایا کہ حق سبحانہ نے الہام کے ذریعہ پیغام بھیجا ہے کہ کیا ہمارے خزانے میں کمی ہوئی تھی جو یہ کپڑے پہنے ہیں؟ تمہارا سارا خرچ ہمارے ذمہ ہے، اور ہم چاہتے ہیں کہ تم کو نازو نعمت سے رکھیں، یہ پشمینہ اتار دو، ہم ابھی ابھی ایک لباس بھیج رہے ہیں جو تمہارے لائق ہوگا، آپ نے وہ لباس اتار دیا اور الہام میں کئے گئے وعدے کے مطابق انتظار میں بیٹھ گئے۔

تھوڑی دیر بعد ایک بڑھیا دروازے پر آئی اور اندر آنے کی اجازت چاہی، آپ نے راوی کو باہر بھیجا کہ اگر دوہری بنائی والا ایسے رنگ ڈھنگ کا کپڑا ہو تو لے لینا اور کہہ دینا کہ قبول ہو گیا ہے، اور اگر ایسا نہ ہو تو واپس کر دینا، وہ کپڑا آپ کے فرمان کے مطابق نکلا اسی وقت اس کو پہنا اور شکر بجالائے۔

## تنبیہ

اس واقعہ کے بعد آپ بنا کوشش وارادہ کے ہمیشہ عمدہ لباس پہنتے رہے، عمدہ کھانے آپ کو میسر آتے رہے، شروع شروع میں دو تین روز فاقہ بھی رہا، انہیں دنوں کا واقعہ ہے کہ ایک مخلص آیا اور عرض کیا کہ میرے گھر میں کھانا تیار ہے قدم رنجہ فرمائیے، آپ اٹھ کر چل دیئے، جب اس مخلص کے گھر پہنچے تو وہ اندر جا کر مستورات کو ایک طرف کرنے لگا، اس آدمی نے دروازے کے ساتھ چارپائی کھڑی کر رکھی تھی، جس کے گرنے سے حضرت شیخؒ کو سخت چوٹ لگی اور بے

ہوش ہو گئے، ہوش آنے پر جلدی گھر لوٹے اور فرمایا: یہ اللہ کی طرف سے مجھے تنبیہ ہوئی ہے کہ آئندہ روزی حاصل کرنے کے لئے بھاگ دوڑ نہ کرنی چاہیئے، بلکہ اللہ پر بھروسہ کرکے اس کی نعمتوں کا منتظر رہنا چاہیئے، اس واقعہ کے بعد انتہائی ضرورت کے علاوہ آپؒ کسی کے گھر دعوت میں بھی نہیں جاتے تھے۔

## جنہیں وہ پاک رکھتا ہے

حضرت شیخؒ ابتدائی ایام میں ایک دن صبح کا مراقبہ کرنے کے بعد اٹھے اور بھنگ نوشوں کے تکیہ میں جا کر گم صم بیٹھ گئے، کہ دیکھیں حق سبحانہ وتقدس اپنے بندوں کی عفت و پاک دامنی اور تقوی وطہارت کو کیسے سلامت رکھتا ہے؟

جب بھنگ فروش نے بھرا ہوا پیالہ آپؒ کی طرف بڑھایا تو ایک شخص نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا کہ انہیں مت دو، دو چار مرتبہ یہ صورت حال پیدا ہوئی کہ نماز کا وقت آ گیا، تو آپؒ کے دل میں اضطراب اٹھا مگر ضبط کر کے بیٹھے رہے، اس محلے کی مسجد کا امام بھی وہاں موجود تھا، جو خود بھی بھنگ نوش تھا، فوراً اٹھا اور آپؒ کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑ لیا، آپؒ نے بہت چھڑانا چاہا مگر اس نے نہ چھوڑا، کسی طرح مسجد میں لے گیا اور وضو کرا کے آپؒ کو امامت کے لئے کھڑا کر دیا، اس واقعہ سے آپؒ کا دل مطمئن ہوا، کہ عفت وتقوی جسکی تقدیر میں لکھ دیا جائے وہ طوعاً وکرہاً (چاہے نہ چاہے) عفت وتقوی پر برقرار رہے گا۔

## بادشاہ حقیقی کی بارگاہ

سننے میں آیا ہے کہ رستم اور اسد اللہ نے جب پھلت والوں کو تکلیفیں پہنچانی شروع کیں، تو انہوں نے ان کی تباہ کاریوں کی کچھ باتیں حضرت شیخؒ کی خدمت میں عرض کیں اور چاہا کہ آپ عاقل خاں کو ان کی مدد کے لئے رقعہ لکھدیں۔

ایک دن نماز اشراق کے بعد آپؒ کی حالت بدل گئی اور جوش میں آ کر کہنے لگے کہ تم چاہتے ہو کہ تمہاری تکلیفیں عاقل خاں تک پہنچاؤں، میں تمہاری حالت زار بادشاہ حقیقی کی بارگاہ میں کیوں نہ عرض کروں؟

یہ کہہ کر آپ نے توجہ فرمائی اوران دونوں شخصوں کی ہلاکت کا مژدہ سنایا، راوی دکن میں بادشاہ سے ملاتوان کو قید کر کے بادشاہ نے لشکر کے حوالے کیا ہوا تھا، کچھ دنوں بعد وہ دونوں ایک شدید مرض میں مبتلا ہوئے، پہلے رستم بیمار ہو کر مرا، اور پھر اسداللہ بھی بیمار ہو گیا، لشکر خاں نام کے ایک مشہور آدمی نے راوی سے کہا کہ اسکے حق میں دعاء کرو، راوی نے کہا کہ مجھے تو دونوں کے دفن کرنے کا حکم ملا ہوا ہے، کچھ دنوں بعد دوسرا بھی انتقال کر گیا۔

## یوں بھی بلایا یا جاتا ہے

فقیر (شاہ ولی اللہ) نے شیخ مظفر رہتکی سے سنا ہے، وہ کہتے تھے کہ ایک مرتبہ مجھ پر غم واندوہ کی کیفیت طاری ہوئی، میں روتا اور آہیں بھرتا تھا۔

حضرت والا نے فرمایا: کہ خدا کے چاہنے والے دو طرح کے ہوتے ہیں ایک تو وہ جن کو اللہ فرحت وشادمانی کی راہ سے اپنی طرف بلاتا ہے، اور دوسرے وہ جن کو آزمائشوں کی راہ سے گزار کر اپنا قرب بخشتا ہے، گویا غم واندوہ ازلی دین ہے، حضرت شیخ پر غم واندوہ اور رونے دھونے کی کیفیت کبھی طاری نہیں ہوئی، ہمیشہ خوش وخرم رہتے تھے۔

ان سے یہ بھی سنا کہ حضرت شیخ فرمایا کرتے تھے کہ جب حق سبحانہ وتعالیٰ کسی سالک کے باطن پر اپنی صفات کی تجلیات کا ظہور ڈانٹ ڈپٹ کی صورت میں فرمائیں، اور چھوٹے بڑے ہر معاملہ میں پکڑ کرنے لگے، اور صبر و برداشت کی قوت اس میں باقی نہ رہے، تو اسے چاہئے کہ دنیوی امور اور معاش کی تلاش میں مشغول ہو جائے اس سے عتاب ختم ہو جائے گا۔

## شریعت کا مدار ظاہر پر

شیخ مظفر رہتکی نے یہ بھی فرمایا: میں شروع شروع میں جب آپ کی خدمت میں جاتا تھا تو بطور تحفہ کے ترکاری بھی آپ کی خدمت میں پیش کرتا تھا جسے آپ قبول نہیں فرماتے تھے، کہتے تھے کہ دیہاتوں اور قصبات کی خرید وفروخت اور ناپ تول شرعی قانون کے مطابق نہیں ہوتی۔ چنانچہ میں نے یہ تحفہ لانا چھوڑ دیا، البتہ آپ کے بچوں کے ہاتھ میں کچھ نہ کچھ تھما دیتا تھا، اور تھوڑی سی ترکاری بھی ہدیہ کی رسم پوری کرنے کیلئے ان بچوں کو دیا کرتا تھا، آخر کار ایک مرتبہ حضرت والا کی خدمت میں حاضر ہوا تو ترکاری کے دو مرتبان حضرت والا کے بچوں کو دیئے، وہ آپ کی خدمت میں لے گئے، آپ نے اس میں سے کچھ نکال کر تناول فرمائی۔

اسکے بعد ایک دن مجھے فرمانے لگے: ہم نے تمہاری ترکاریاں کھائی ہیں، ہاتھ اٹھا کر جھٹکے، گویا اپنی پچھلی عادت سے برأت کا اظہار فرمایا، اس سے آپ کا مطلب یہ تھا کہ ہم تورع اور تقوی کی ایسی راہوں سے گزر چکے ہیں جن کا تصور بھی انسانی ذہن نہیں کرسکتا، اب ہم شریعت کے ظاہر پر عمل کریں گے اور اس کے اپنانے میں کوئی عار محسوس نہیں کریں گے۔

## دیہاتی لٹیرے

یہی راوی بیان کرتے ہیں جب روگ داس (۱) کے واقعہ سے روہتک کے اطراف میں ویرانی پھیل گئی، تو میں کئی خاندانوں کو لیکر دہلی کی طرف چل پڑا، ان دنوں تمام دیہاتی لوگ درندے بن چکے تھے، میرے قافلے میں بہت سارے خاندان، عورتوں اور مال ومتاع کے ساتھ شامل تھے، لیکن سوائے میرے اور کوئی مضبوط آدمی نہیں تھا، امید کے خلاف ہمارا سارا سفر آرام سے گزرا، ہاں البتہ! ایک مقام پر دیہاتی لٹیروں نے جمع ہوکر ہم پر حملہ کرنا چاہا، تو میں

---

۱ ہیضہ کی وبا۔

نے کمان کا چلہ چڑھا کر ان پر حملہ کر دیا وہ شکست کھا کر خیموں یا چھپروں میں چھپ گئے، جب میں حضرت والا کی خدمت میں پہنچا تو خندہ پیشانی سے ملے اور فرمایا کہ ہم بھی اس سفر میں تمہارے ساتھ تھے تمہاری حفاظت اور مدد کرتے رہے، دیکھا نہیں تھا کہ جب دیہاتیوں نے حملہ کرنا چاہا، اس وقت تم اکیلے تھے اور ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے تھے، میں نے فلاں آفت کو ان کے منہ میں دیا جس سے وہ ڈر کر اپنے چھپروں کی آڑ میں چھپ گئے تھے۔

## کیا جواب دوں؟

یہی رہتکی معتقد یہ بھی کہا کرتے تھے کہ اکثر اوقات لوگ عام مسائل کے بارے میں بھی پوچھا کرتے تھے، ایسے میں حضرت والا اپنی آنکھیں بند کر کے سوچنے لگ جاتے، اور کچھ دیر کے بعد جواب بیان فرماتے، کسی شخص نے اس کا راز پوچھا تو فرمایا: جب یہ لوگ سوال کرتے ہیں تو بہت سارے جوابات میرے سامنے پیش ہو جاتے ہیں، اس وقت میں اسی سوچ میں ڈوب جاتا ہوں کہ کونسا جواب سائل کی سمجھ کے مطابق ہو سکتا ہے۔

## اتباع سنت

یہی راوی کہتے ہیں کہ حضرت شیخ جب مسجد میں داخل ہونا چاہتے تو مسجد کے قریب کھڑے ہو کر اپنا بایاں قدم نکال کر جوتے پر رکھ لیتے، پھر دایاں قدم نکال کر مسجد میں رکھتے،

کاتب الحروف کہتا ہے اس سے آپ کا مقصود یہ تھا کہ دونوں حدیثوں پر عمل ہو جائے، پہلی حدیث یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

**الیمنی اولھما تنعل و آخرھما تنزع*(۱)**

جوتا پہنتے وقت دایاں پاؤں پہلے داخل کیا جائے اور اتارتے وقت پہلے بایاں پاؤں نکالا جائے۔

---

[۱] بخاری کتاب اللباس، ۵۴۰۷

دوسری حدیث یہ ہے:

**کان النبی صلی اللہ علیہ و سلم یحب التیامن فی شانہ کلہ*(۱)**

آنحضرت ﷺ ہر کام میں دائیں طرف سے آغاز کرنے کو پسند فرماتے تھے۔

حضرت شیخ کا یہ عمل سنت نبوی کی رعایت اور احتیاط کا ایک عجیب منظر پیش کرتا ہے۔

## نسبت کی برکتیں

یہی راوی بیان کرتے ہیں، کہ جب میں آپ کے بلند پایہ سلسلے سے منسلک ہو گیا اور مجھ پر توجہ فرمانے لگے، تو مجھ پر توحید کے اسرار کھلنے لگے، انہی ایام میں کم وبیش تین روز میرا علم بظاہر اللہ تعالیٰ کے علم سے جڑ گیا، حضرت شیخ نے شیخ عبدالحفیظ سے فرمایا کہ مجھے حجرے میں بند رکھ کر میری حالت کی نگرانی کریں، میں ان ایام میں کہا کرتا تھا، کہ میں چاہوں تو بارش برسادوں، چاہوں تو ماردوں، چاہوں تو زندہ کردوں، حضرت شیخ اس عالم میں انتہائی ادب وانکساری کا مظاہرہ فرماتے تھے، اور کہتے جن لوگوں پر یہ حالت طاری ہوان کا یوں ہی ادب کرنا چاہئے، جب اس حالت سے افاقہ ہوا تو حضرت والا نے مثال کے طور پر ہندی دوہا پڑھا:

کنتھا رن موں تیہ کہ کھاندہ باہ نسنگھ　　　بابچہ چرہی زندا پانانچہ چڑھ کلند

## حلوہ روٹی

یہی شیخ مظفر رہتکی کہتے ہیں کہ رہتک والوں کا ایک گروہ کسی تقریب سے دہلی آیا تو ایک دن ارادہ کیا کہ سب لوگ حضرت کی زیارت کو جائیں، راستہ میں ایک شخص نے آپ کی کرامتوں کا ذکر چھیڑ دیا دوسرے نے کہا ایسی کرامتیں تو بہت سے لوگ سنایا کرتے ہیں، لیکن جب تک آنکھ سے نہ دیکھیں تصدیق نہیں کر سکتے، اور مثال میں یہ ہندی دوہا پڑھا:

---

۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ التَّيَامُنَ فِي طُهُورِهِ وَنَعْلِهِ وَفِي تَرَجُّلِهِ*(مسند أحمد، حديث ۲۴۴۸۴)

جب لک نہ دیکھوں اپنی پنّا　　　　تب لک نہ بچوں کر کے بنیا

جب تک محبوب دلنواز کو دیکھ نہ لوں تب تک کیسے جان کی بازی لگا دوں۔

اور کہا کہ میں تو جب مانوں کہ آج مجھے نان وحلوہ دیں، جب یہ لوگ پہنچے اور آپ سے ملاقات کی تو آپ ہر ایک سے لطف ومہربانی کے ساتھ پیش آئے، اور پھر گھر سے حلوہ روٹی منگوائی، اور اس شخص کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: یہ خاص اسی کا حصہ ہے اور وہی دوہا پڑھا۔

## دل کو بھا گئی

فقیر نے سید عمر حصاری سے سنا ہے کہ ایک دن آپ خوبصورت سی پرکشش چادر اوڑھے ہوئے ہرن کی خوشنما کھال پر تشریف فرما تھے، وہ چادر اور کھال میرے دل کو بھا گئی، ویسی ہی چادر اور کھال کی تلاش کا شوق دل پر چھا گیا اس خیال کو جس قدر جھٹکتا اتنا ہی سوار ہوتا۔

حضرت والا جب مجلس سے اٹھے تو مجھے فرمایا بیٹھو تم سے ایک کام ہے، اس کھال پر شیرینی کے دھبے لگے ہوئے تھے، تو انہیں اپنے ہاتھ سے دھویا اور ہرن کی کھال کو تہہ کر کے اپنے ہاتھ سے مجھے عنایت فرمائی اور فرمایا اولیاء کی مجلسوں میں ایسے خیالات دل میں نہیں لانے چاہئیں۔

## ایسا دل کس کام کا

یہی راوی کہتے ہیں کہ ایک دن حضرت شیخ، شیخ عبدالاحد کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے، اس موقعہ پر شیخ عبدالاحد نے پوچھا کہ فلاں کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟ فرمانے لگے کہ میں نے اس آدمی کے بارے میں فرشتہ کو جھگڑتے دیکھا ہے، ایک کہہ رہا تھا کہ فلاں صاف اور پاکیزہ دل رکھتا ہے، اور دوسرا کہتا تھا شریعت کا پابند نہیں، ایسا دل کس کام کا۔

کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) کہتا ہے یہ شخص ایک بزرگ تھا جو اپنے زمانے کے بہت سے بزرگوں سے محبت کرتا تھا، مگر اس کی باتوں میں پھکڑ پن زیادہ ہوتا تھا۔

## رسوانہ ہوخدا کے لئے

فقیر نے اپنے زمانے کے شاعر گلشن (سعداللہ گلشن دہلوی) سے سنا ہے، کہ سلوک کے ابتدائی ایام میں ایک دن میں اپنا منہ کالا کر کے کوچہ و بازار میں پھرنے لگا، جب محلہ فیروز آباد میں پہنچا تو دیکھا کہ حضرت شیخ تشریف فرما ہیں انکی خدمت میں حاضر ہوا اور جوتیوں میں جا بیٹھا۔ آپ نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا کہ لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ اس طرح رسوائی کے خطرات مول لیتے ہیں اور لوگوں کو باور کراتے ہیں کہ ہم یہ سب کچھ خدا کیلئے کر رہے ہیں، اور اس پر طرہ یہ کہ اولیا کی مجلس میں آتے ہوئے اس بات سے نہیں ڈرتے کہ ان زندہ دل لوگوں پر ان کے سارے بھید آشکارا ہیں، پھر میری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: فوراً چلے جاؤ! یہ سن کر میں بہت شرمندہ ہوا اور اپنے دل کے خیالات کی قباحت بھی محسوس کی۔

## چند تصرفات

سننے میں آیا ہے کہ حضرت شیخ کو بچپن میں جب پالنے میں سلاتے تھے تو بغیر ہلائے آپ کا پالنہ ہلتا رہتا تھا، یہ دیکھ کر لوگ تعجب کرتے تھے، یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ عبداللہ نامی ایک جن آپ سے علم و معرفت کی تعلیم حاصل کرتا تھا، آپ فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص بھی میرے سامنے آتا ہے اس کے تمام احوال و افعال مجھ پر روشن کر دیئے جاتے ہیں۔

ایک مرتبہ ایک منکر میرے پاس آیا اور مشائخ کا انکار کرنے لگا، میں نے اس سے کہا کہ اے کتے! تو انہیں کیا جانے؟ اس نے غصہ میں اپنی تلوار نکالی اور مجھ پر حملہ کرنا چاہا، میں نے اس پر اپنے قہر و غضب کا تصرف ڈالا تو اسکو آگ نظر آئی وہ جل کر راکھ ہونے ہی والا تھا کہ اس نے توبہ کی اور میں نے اسے ہلاکت سے بچا لیا۔

یہ بھی سنا ہے کہ مسجد میں نماز کیلئے ایک عورت کا جنازہ لایا گیا، تو حضرت شیخ نے فرمایا کہ اس کی

روح ابھی بدن سے جدا نہیں ہوئی، ایسی صورت میں اس پر نماز جائز نہیں، وارثوں نے اصرار کیا کہ یہ مر چکی ہے، آپ نے فرمایا کہ یہ نہیں مری، بالآخر اس کا منہ کھول کر دیکھا گیا تو معلوم ہوا کہ زندگی کے آثار باقی تھے، اسے واپس لے گئے، وہ دوسرے دن فوت ہوئی۔

سننے میں آیا ہے کہ آپ کا ایک خادم کسی بری عادت میں مبتلا تھا، آپ نے اسے کئی بار اشاروں کنایوں میں تنبیہ فرمائی، مگر وہ نہ چونکا نہ اس عادت سے باز آیا، بالآخر حضرت نے اسے تنہائی میں بلا کر کہا کہ تجھے بار بار اشاروں کنایوں سے سمجھایا مگر تو نے کوئی پرواہ نہ کی، شاید تو سمجھتا ہے کہ تیرے کرتوتوں سے ہم بے خبر ہیں، قسم بخدا! اگر زمین کے نچلے حصہ میں رہنے والی کسی چیونٹی کے دل میں سو خیالات آئیں تو ان میں سے ننانوے خیالات کو میں جانتا ہوں، اور حق سبحانہ وتعالیٰ اسکے سو کے سو خیالات سے باخبر ہے، یہ سن کر خادم نے اپنی برائی سے توبہ کی۔

## اللہ مجھے کھلاتا ہے

حضرت شیخ فرمایا کرتے تھے کہ ایک دن میں روزہ سے تھا کہ بھوک اور پیاس نے مجھے سخت تنگ کیا، اسی حالت میں ذکر کرتے ہوئے میں عالم مثال میں پہنچ گیا، میں نے وہاں دیکھا کہ ایک آدمی نے مجھے دودھ کا پیالہ دیا، اور میں نے وہ پی لیا، جب ہوش آیا تو اپنے منہ سے دودھ کے قطرے ٹپکتے ہوئے محسوس کئے، یہ دیکھکر روزہ ٹوٹنے کا خوف پیدا ہوا تو دل میں الہام ہوا کہ یہ غذا تیرے اختیار کے بغیر محض اللہ کے ارادہ سے ملی تھی، اور یہ عالم شہادت (موجودہ دنیا) کی نہیں بلکہ عالم مثال سے تعلق رکھتی ہے، اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

## علم کا غرور

حافظ عنایت اللہ نے بیان کیا کہ ایک فارغ التحصیل عالم بحث وتکرار اور مذاکرے سے بہت دلچسپی رکھتا تھا، ایک دن مجھ سے کہنے لگا کہ میں اس شہر کے تمام بڑے بڑے علماء کو مغلوب کر

چکا ہوں، میں نے کہا کہ کبھی حضرت شیخ ابوالرضا محمد کی زیارت کا شرف بھی حاصل کیا ہے؟ کہنے لگا سنا ہے وہ عوام کو تفسیر حسینی پڑھ کر سناتے ہیں، اور اسی سے وعظ کہتے ہیں، وہ کوئی فضیلت والے نہیں ہیں، میں نے کہا ایسا مت کہو بلکہ ان کی زیارت کرو تا کہ ان کے علم کا کمال اور سیرت تم پر واضح ہو سکے، اگلے جمعہ کو وہ مجلس وعظ میں آیا اور اسکے دل میں یہ خیال گزرا کہ مناظرہ کرے، حضرت شیخ اس کے خیالات سے مطلع ہو گئے، اور تاثیر کے ذریعہ اس کا علم چھین لیا، یہاں تک کہ دوسرے علوم تو کیا خود صرف ونحو کا کوئی قاعدہ بھی اس کے حافظہ میں نہ رہا، اور آپ کا کلام سمجھنے سے بے بس ہو گیا، فوراً سمجھ گیا کہ یہ حالت حضرت شیخ کے تصرف سے واقع ہوئی ہے، شرمندہ ہوا توبہ کی اور خلوص کے ساتھ حضرت کی خدمت میں آہ وزاری کی، حضرت نے اسے سارا علم واپس کر دیا، اس نے نیازمندی کا اظہار کیا۔

آپ نے فرمایا: میں عالم نہیں، تفسیر حسینی سے عوام کو نصیحت کرتا ہوں، یہ سن کر وہ اور عاجزی کرنے لگا کہ اپنی بات اور عقیدہ سے توبہ کرتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ آپ سے بیعت ہو جاؤں، حضرت والا نے اسے بیعت میں قبول نہ فرمایا، کہ لکھی ہوئی تختیاں کسی کام نہیں آسکتیں۔

## وہ اور تھے

رحمت اللہ کفش دوز نے بیان کیا کہ ایک موقع پر حضرت شیخ مسجد میں بیٹھے تھے اور میں ان کے سامنے ایک درخت کے نیچے کھڑا تھا، آپ کی خدمت میں ایک شخص نے کہا کہ حضرت بایزید بسطامیؒ بعض اوقات کسی کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھتے تو آپ کی نگاہ کی گرمی سے اسکی روح پرواز کر جاتی تھی، آج کل ہم مشائخ کا شور سنتے ہیں، مگر کسی کی باطنی قوت میں یہ تاثیر نہیں دیکھی۔

یہ سن کر حضرت شیخ نے جوش میں فرمایا: کہ بایزید روحیں نکال تو لیتے تھے، مگر جسم میں واپس نہیں لوٹا سکتے تھے، مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے میرے دل کو اپنے قلب اطہر کے زیر سایہ ایسی قوت عطا فرمائی ہے کہ جب چاہوں کسی کی روح کھینچ لوں، اور جب چاہوں واپس لوٹا دوں۔

اسی وقت شیخ نے مجھ پر نظر کر کے میری روح کھینچ لی، میں اسی وقت زمین پر گر کر مر گیا، اور مجھے اس دنیا کا کوئی احساس نہیں رہا، ایسا لگا کہ میں بہت بڑے دریا میں ڈوب رہا ہوں، آپ نے سائل سے کہا کہ اسے دیکھو مردہ ہے یا زندہ، اس نے غور سے دیکھنے کے بعد کہا کہ مردہ ہے، فرمایا اسے مردہ ہی چھوڑ دوں یا زندہ کر دوں، کہنے لگا اگر زندہ ہو جائے تو یہ انتہائی رحمت ہوگی، آپ نے مجھ پر دوبارہ توجہ ڈالی تو میں زندہ ہو کر اٹھ کھڑا ہوا، تمام لوگ حیرت زدہ رہ گئے۔

## لب ہلانے کی حاجت نہیں

حضرت شیخ کے معتقدین کی ایک جماعت نے بیان کیا کہ آپ کی مجلسوں میں ہم لوگ تصوف و عرفان کے بارے میں زیادہ سوالات نہیں کرتے تھے، بلکہ اپنے سوالات دلوں میں لے کر بیٹھ جاتے تھے، جب بھی کسی کے دل میں کوئی سوال یا خیال پیدا ہوتا تو اس سے مطلع ہو کر فوراً جواب دیتے، اگر شک باقی رہتا تو دوبارہ جواب دیتے، یہاں تک کہ سائل مطمئن ہو جاتا۔

## بھول گئے سب ابجد ہوز

سننے میں آیا ہے کہ محمد عاشق (۱) نے ملا یعقوب اور حضرت شیخ دونوں سے استفادہ کیا تھا، اور وہ مسئلہ توحید کے بارے میں مطمئن نہیں تھا، اس بارے میں ملا یعقوب کی باتیں آپ تک پہنچاتا، اور آپ کی باتیں ملا یعقوب تک، جب یہ سلسلہ کافی دن تک چلا تو ایک دن ملا یعقوب نے کہا کہ میں ابھی جاتا ہوں اور آمنے سامنے گفتگو کر کے مسئلہ توحید کے بارے میں آپ کے نظریات کو باطل ثابت کرتا ہوں، لیکن وہ حضرت شیخ کی مجلس میں پہنچنے کے بعد ایک لفظ بھی نہ کہہ سکا، لوگوں نے خاموشی کا سبب پوچھا، تو کہنے لگا جب میں آپ کی مجلس میں پہنچا تو میرے تمام علوم سلب ہو گئے، یہاں تک کہ میں اب پ بھی نہیں پڑھ سکتا تھا۔

---

۱واضح ہو کہ یہ محمد عاشق پھلتی یا میرٹھی نہیں، بلکہ کوئی غیر معروف شخص ہیں۔

# حضرت شیخ ابوالرضا کے ملفوظات

## زیارت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

*فرمایا کہ میں ایک مرتبہ ذکر کی مجلس میں بیٹھا ہوا تھا، وہاں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پہلو میں تشریف فرما ہیں، جب میں نے آنکھ کھولی تو کچھ محسوس نہ ہوا، محسوس نہ ہونے کی وجہ یہ تھی کہ مجھے یہ دیدار عالم مثال میں کرایا گیا، اور ظاہری آنکھوں سے دیکھنا عالم شہادت سے تعلق رکھتا ہے۔

*فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت دیکھنے والوں کے اعتقاد و اعمال کے اعتبار سے کئی شکلوں میں ہوتی ہے، اگر کسی کا عقیدہ و عمل درست ہوتا ہے تو وہ آپ کو اچھی حالت میں دیکھتا ہے، ورنہ بری حالت میں، مطلب یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک آئینہ کی طرح ہیں، ہر شخص کو اس میں اپنی شکل نظر آتی ہے، مثلاً بدعتی آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک مریض کی شکل میں دیکھتا ہے، یہ اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بدعتیوں کو دیکھ کر تکلیف محسوس کرتے ہیں، جبکہ صحیح مؤمن آپ کو جواں صورت اور انتہائی خوش و خرم شکل میں دیکھتا ہے۔

ٹھیک اسی طرح اللہ رب العزت کو جب کوئی شخص حقیقت یا خواب میں دیکھتا ہے تو اسے محسوس ہوتا ہے کہ شیشہ شکل و صورت کی قید میں آگیا ہے، حالانکہ ایسا نہیں ہے، چونکہ حق سبحانہ و تعالیٰ ہر قید سے پاک ہے، نہ اس کی کوئی صورت ہے، نہ ہیئت، بلکہ وہ تو جیسا تھا ویسا ہی رہتا ہے، اللہ تعالیٰ کی یہ شکل و صورت دیکھنے والے کی خود پیدا کردہ ہیں۔

## شیخ اکبرؒ کی زیارت

فرمایا کہ شیخ اکبر محی الدین محمد بن عربی قدس سرہ کو ان چار راتوں میں مسلسل خواب میں دیکھتا رہا ہوں، اور ان کے عجیب مقامات اور ان کے پسندیدہ معارف کے نکتوں سے مطلع ہوتا رہا ہوں،

میں نے ان صحبتوں میں ان سے سنا کہ اللہ تعالیٰ کا اسم کہّار بھی ہے جو اس کی ذات کے رعب و دبدبہ پر دلالت کرتا ہے، آپ نے فرمایا میں نے اس سے پہلے یہ اسم کہیں بھی نہیں سنا تھا۔

کاتب الحروف کے نزدیک ''کہر'' اپنے عربی معانوں میں استعمال کیا گیا ہے، ایک قرات میں ''اما الیتیم فلا تقہر'' کی جگہ'' فلا تکہر''[1] بھی پڑھا جاتا ہے، اور حدیث میں آتا ہے :فو اللّٰہ ماکہر نی ولا ضر بنی *(۲) خدا کی قسم اللہ کے رسولؐ نے مجھ پر نہ غصہ کیا، اور نہ مارا۔

لفظ قہر کا مطلب ہے اپنی تمام مدد و اعانت سے ہاتھ کھینچ لینا، اور تباہی کے گہرے غاروں میں گرا دینا، لہٰذا اس تحقیق کی بنا پر کہر ہی مناسب رہیگا، کہ رعب و تصرف حق تعالیٰ کی ذات کا لازمی خاصہ ہے، لہٰذا اسم کہار کا اطلاق ذات باری تعالیٰ پر صحیح ہوگا، اور کہارۃ کا صیغہ اس اعتبار سے استعمال کیا جائیگا کہ اسے اختیار و تصرف کے معنیٰ میں لیا جائے۔ واللہ اعلم

## نورانی پہریدار

فرمایا: ایک دفعہ میں دعا میں مشغول تھا، کہ اچانک ایک آدمی کو دیکھا کہ میری طرف پیٹھ کر کے دروازہ پر کھڑا ہے، میں یہ دیکھ کر حیران ہوا، تو میرے ذہن میں یہ بات ڈالی گئی کہ یہ فرشتہ ہے، جو اس دعاء کو پڑھنے میں تیری حفاظت کرتا ہے۔

کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) کہتا ہے کہ فرشتہ نے آپ کی طرف پیٹھ اس لئے کی ہوئی تھی کہ عالم ملکوت کا دروازہ دوسری طرف اور عالم ناسوت کا دروازہ دوسری جانب۔

فرمایا: میں نے لوح محفوظ میں لکھا ہوا دیکھا کہ:

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم حسنات الابرار سیآت المقربین*

نیک لوگوں کی نیکیاں اللہ کے خاص بندوں کے حق میں گناہ کا درجہ رکھتی ہیں۔

---

[1] غرائب القرآن ورغائب الفرقان - نظام الدین نیساپوری، تفسیر سورۃ الضحی۔

[2] صحیح مسلم - (حدیث ۸۳۶) معاویہ بن حکم سلمیؓ کا بیان۔

فقیر (شاہ ولی اللہ) کہتا ہے: اگرچہ جمہور علمائے محدثین نے اس حدیث کو سلف کا قول قرار دیا ہے، مگر حقیقت میں یہ حدیث صحیح ہے۔[1]

## ایمان کی حدود

فرمایا: ایمان کی بھی ایک حد مقرر ہے، یعنی مؤمن جب اس حد تک پہنچتا ہے تو اس کا ایمان ہرگز سلب نہیں کیا جا سکتا، اسی طرح اعمال کی بھی ایک حد مقرر ہے، جب اعمال اس حد تک پہنچتے ہیں تو وہ مردود قرار نہیں دیئے جا سکتے، اور ایمان کی کم سے کم حد یہ ہے کہ مؤمن اپنے سینہ میں ایمان کے نور کو بظاہر محسوس کرے، پھر فرمایا کہ ایک رات میں نے اپنے سینہ میں نور دیکھا، جو چراغ کی طرح چمک رہا تھا اسی نور کی روشنی میں میں نے اپنے گھر کا ساز وسامان اچھی طرح دیکھا، اسی اثنا میں اللہ تعالی نے الہام کیا کہ ایمان کا وہ کم سے کم درجہ جو میرے نزدیک مقبول ہے یہی ہے، اسے میں سلب نہیں کرتا، اس لئے کہ کفر ونفاق کے کچھ موٹے موٹے پردے اس قدر ایمان کے نور سے اٹھ جاتے ہیں۔

فقیر کے نزدیک ایمان کا نور طہارت کاملہ اور سچی اطاعت وفرمانبرداری کے نور سے عبارت ہے۔

## خودی وبیخودی کے بیچ

فرمایا: ایک دفعہ میں نے حقیقت میں دیکھا کہ میرا دایاں پاؤں شیخ بایزید بسطامی کے پاؤں سے اور میرا بایاں پاؤں پیروں کے پیر جنید بغدادی کے پاؤں سے باندھ دیا گیا ہے، اسی عالم میں میں نے دیکھا کہ شیخ بایزید بسطامی رحمہ اللہ تو غیبت کاملہ (فنافی اللہ) کہ مقام پر ہیں، اور شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ ہوش وحواس کے ساتھ زمان ومکان پر حکمرانی کی حالت میں ہیں، اور میں نے اپنی حالت ان دونوں کے درمیان غیبت وحضور سے معمور پائی۔

---

[1] یہ قول حضرت جنید بغدادیؒ کا ہے، دیکھئے تفسیر بغوی۔

کاتب الحروف کے نزدیک یہ واقعہ ہر دو بزرگوں کے جزب وسلوک کے منازل پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ حضرت شیخ بسطامی اہل سکر (مدہوشی و بے خودی) سے تھے، اور شیخ جنید اہل صحو (با ہوش) سے سکر کو جذبہ کے ساتھ اور صحو کو سلوک کے ساتھ قریبی تعلق ہے۔

## اللہ کے نام

فرمایا: ایک مرتبہ میں اپنے اسماء وصفات کی طرف متوجہ ہوا تو ننانوے ناموں سے بھی زیادہ پائے، کچھ اور توجہ کی تو چار ہزار سے زیادہ پائے، پھر اور غور کیا تو اپنے اسماء وصفات کی کوئی حد نہ پائی، جب اس مقام پر پہنچا تو اس حالت میں اپنی ذات کو دیکھا کہ میں کائنات کو پیدا بھی کر رہا ہوں، اور مار بھی رہا ہوں، ولایت کبری کے حامل لوگوں پر ایسی حالتیں اکثر گزرتی ہیں۔

کاتب الحروف کے نزدیک اسکا سبب یہ ہے کہ انسان کے وجود میں ہر صلاحیت موجود ہے، جسکے اندر اللہ تعالیٰ کا استحضار ہمہ وقت رہے، اور کائنات کی ہر نقل وحرکت پر اسکی گہری نظر ہو، نیز ذکر اللہ کی صفت بھی اس میں ہو، تو اسکی زبان سے اللہ رب العزت کے علوم ومعارف ظاہر ہوتے رہیں گے، اور وہ اس استحضار کی بنا پر پوری کائنات کے پوشیدہ گوشوں کو دیکھتا رہے گا۔

## اللہ والوں کی نیند

- فرمایا میں بیس سال سے نہیں سویا، لیٹ جاتا ہوں چادر اوپر تان لیتا ہوں، لوگ سمجھتے ہیں میں سو رہا ہوں، کاتب الحروف کے نزدیک اس بات کا مطلب یہ ہے کہ نیند کے معنی غفلت اور ذہنی تعطل کے ہیں، اور آپ سے یہ دونوں چیزیں دور کر دی گئی تھیں۔

فرمایا کہ آدمی کی نجات بشرطیکہ عقیدہ درست ہو، انبیاء علیہم السلام کی تقلید و پیروی میں ہے، جیسا کہ متقدمین اہل سنت کا مذہب ہے، علاوہ اس آدمی کے جسے کوئی صاحب کشف بعض عقائد و اعمال کی تفصیل اور تحقیق سے متنبہ کر دے۔

## صوفیاء اور فلاسفہ

فرمایا: صاحب تحقیق متکلمین یعنی فلاسفہ حقیقت ممکن اور حقیقت واجب کے درمیان فرق سے ایک ایسا معنی مراد لیتے ہیں جسے قبول کر لینے سے صوفیاء کی تحقیقات پر کوئی آنچ نہیں آتی، اور اگر اس پر خوب غور کیا جائے تو صوفیاء کرام اور فلاسفہ کے درمیان بہت ہی معمولی اختلاف ہے، فلاسفہ قدیم کے کلام کو صوفیاء کے حقائق پر محمول کرنا ممکن ہے۔

کاتب الحروف کے نزدیک صوفیاء کے علوم جمع وفرق کی باریکیوں پر مشتمل ہیں، جبکہ متکلمین وفلاسفہ کے علوم کا موضوع صرف فرق ہے، لہٰذا اسکو ہم اختلاف کا نام نہیں دے سکتے، بلکہ یوں کہہ سکتے ہیں کہ ایک طبقہ نے صرف چند چیزوں پر اکتفاء کیا اور بعض سے چشم پوشی کی۔

## توحید کا عقیدہ

فرمایا: کہ عقیدہ توحید ایک ایسا عقیدہ ہے کہ انسان کا انگ انگ اور کائنات کی ہر شے اللہ کے ایک ہونے کی گواہی دیتی ہے، لہٰذا وہم وگمان میں گرفتار اور شکی لوگوں کی ناسمجھی اور بے غوری کے سبب عقیدہ توحید سے پھرنا نہیں چاہئے۔

## مقامِ معلوم

فرمایا: کہ اگر انسان بری عادتوں سے بچے، اور اپنے اندر اچھے اخلاق پیدا کرے، تو یقیناً وہ فرشتہ بن جاتا ہے، لیکن کمال ولایت پر وہ فائز نہیں ہوتا، اللہ تعالیٰ نے ملائکہ کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: ''ومامنا الا له مقام معلوم *''(الصفٰت ۱۶۴) (ہم میں سے ہر ایک کے لئے ایک درجہ مقرر ہے) اچھی عادات واخلاق والا آدمی اللہ کی عنایات کا مستحق بن سکتا ہے، اور کرامات کا ظہور اس کی ذات سے ہوسکتا ہے، کیونکہ کرامات بری عادتوں سے بچنے اور اللہ کی اطاعات اختیار کرنے سے ظاہر ہوتی ہیں، مگر ایسی کرامت والا شخص حقیقی ولایت سے

بہت دور ہے، کیونکہ یہ ابھی اپنے آپ میں مشغول ہے،اور ایسا آدمی جو صرف اپنے اوپر نظر رکھے،سالکین میں کیسے شمار ہوسکتا ہے؟

کاتب الحروف کے نزدیک اس آیت کریمہ کی رو سے مقامات ومدارج محدود اور مقرر ہیں، لیکن ولایت خاصہ کے حامل کا مقام لامحدود ہے۔

## بہترین مجاہدہ

فرمایا: کہ بہترین مجاہدہ وریاضت یہ ہے کہ کھانے پینے میں اعتدال قائم رکھے،اور مستقل اللہ کی طرف متوجہ رہے، یہاں تک کہ یہ عمل عادت بن جائے۔

فرمایا: کہ جب دل کی حضوری (اللہ کا استحضار) حاصل ہوتو لوگوں کے ساتھ ملنے جلنے سے یہ نعمت ختم نہیں ہوتی، ہاں البتہ تعلیم وتعلم اور باریک علوم میں مشغول ہوجائے تو دل کی حضوری میں ہلکی سی رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہے۔

فرمایا: کہ جسے دل کی حضوری اتنی حاصل ہو جیسے آنکھ میں بصارت،تو اسے علوم وفنون سے کتنی ہی دلچسپی پیدا ہوجائے اس کے دل کی حضوری پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔

## شیخ عرشی

فرمایا: شیخ یاقوت حبشی کے عرشی کہلانے کی وجہ شاید یہ ہے کہ انہوں نے زمین وآسمان اور حدود وامکان سے گزر کر عرش وحدت (مقام وحدت) سے مستقل وابستگی حاصل کر لی تھی، ورنہ دل کا مستقل طور پر ہی سہی عرش کی طرف متوجہ ہونا کوئی کمال نہیں، کیونکہ اہل تصوف کا پہلا قدم یہ ہے کہ اللہ اور عرش کے علاوہ تمام خیالات سے گزر جائے۔

کاتب الحروف کے نزدیک یہ بھی ہے کہ شیخ یاقوت کی نسبت عرش کی جانب اس وجہ سے نہیں کہ ان کے علم کی چاروں حدیں اللہ کا عرش ہے، کیونکہ یہ بات بھی ان کے کمال کی نفی کرتی

ہے، بلکہ آپ عرشی اس لئے کہلاتے ہیں کہ اللہ کی تجلی سے مشرف ہونے کے بعد وہ اور عرش ایک ہوکر رہ گئے، یعنی عرش بریں کی طرح ان کا وجود بھی اللہ کی انوار وتجلیات کا مظہر بن گیا۔

## پاس انفاس

آپ اس مشہور شعر کے معنی میں فرمایا کرتے تھے:

اگرتو پاس داری پاس انفاس　　　بسلطانی رسانندازیں پاس (۱)

اے سالک اگرتو پاس انفاس کی حفاظت کرے تو تجھے اسکی بدولت سلطنت حقیقی پر فائز کیا جائیگا۔

یعنی سالک کو چاہئے کہ ہر سانس میں اپنی توجہ جناب احدیت اور بارگاہ وحدہ لاشریک لہ کی ہی طرف رکھے، اور یہ مقام اس طرح حاصل ہوسکتا ہے کہ سالک توحید کے بارے میں خوب غور وفکر کرے، یہاں تک کہ عالم امکان کے حجابات اتار کر حق سبحانہ کی ذات کا وہ قرب حاصل کرلے کہ مقام بقا پر فائز ہو اور بادشاہ کہلائے۔نفی سے مقصود دوئی کے وہم کو دور کرنا ہے، اور یہ نعمت سالک کو وحدت کے سمندر میں ڈوب کر ہی حاصل ہوسکتی ہے۔

## اللہ کی رفاقت کا مشاہدہ

فرمایا کرتے تھے کہ بعض مشائخ کے نزدیک سلوک کی راہ میں سب سے اہم چیز یہ ہے کہ سالک ہر لمحہ اور حالت میں حق سبحانہ وتعالی کا مشاہدہ کائنات کی ہر چیز میں کرے، یعنی وہ یہ تصور کرے کہ اللہ رب العزت کے وجود کی شکلیں جو مختلف صورتوں میں دکھائی جارہی ہیں، وہ سچ مچ نہیں بلکہ خیالی ہیں، کیونکہ قابل توجہ بات یہ ہے کہ سالک تمام چیزوں کو بالائے طاق رکھ کر احدیت کے مقام پر پہنچ جائے، اسی مقام سے سالک پر ذات باری تعالیٰ کے تمام راز ظاہر ہونے لگتے ہیں، ہاں اگر اس مقام پر سالک مایوسی اور رنج وغم کے آثار محسوس کرے گا تو یہ

---

(۱) پاس انفاس ہر سانس اللہ کے ذکر کا ایک مخصوص طریقہ ہے، اس میں لا الہ کہتے ہوئے سانس خارج کرتے ہیں اور الا اللہ کہتے ہوئے اندر لوٹاتے ہیں، آہستہ آہستہ یہ ایک عادت اور غیر ارادی فعل بن جاتا ہے۔

کیفیت باقی نہ رہے گی، تاہم کائنات کی چیزوں میں اللہ کی رفاقت کا مطالعہ اس انداز سے کرتا رہے کہ ایک پھیلا ہوا نور نظر آ رہا ہے، جو ہر چیز سے اول ہے، اور مثالی صورتوں اور خیالی شکلوں سے تجاوز کر کے وہ نور ثابت شدہ حقیقت کی شکل میں نظر آ رہا ہے۔

کاتب الحروف کے نزدیک انا کے پردے(۱) میں احدیت کے سورج کا نظارہ دراصل جذب کے مقامات کی روح اور جان ہے، اور کائنات کی چیزوں میں اللہ کی رفاقت کا مشاہدہ سلوک کے مقامات کی نسبتوں میں سے ایک نسبت ہے۔

## اپنی اپنی خصوصیات

فرمایا: لڑائی، جھگڑا، صلح پسندی، غصہ، اور اس قسم کی تمام انسانی خاصیتیں مختلف قوتوں کے آپس میں ملاپ سے پیدا ہوتی ہیں، سلوک اور ولایت کے مراتب انہی قوتوں کے ٹکراؤ سے پیدا ہوتے ہیں، انسانی مزاج کی انہی طرح طرح کی قوتوں سے کام لینے کے لئے انبیاء کرام علیہم السلام کو بھیج کر انسانوں کو شرعی قوانین کا پابند بنایا گیا، اس کے ثبوت میں کہا جا سکتا ہے کہ عارف بعض اوقات کڑوی، اور بدبودار چیزوں کو بھی خوب لذت اور خوشی سے استعمال کر لیتا ہے، اس وجہ سے کہ اس وقت وہ اپنے بعض انسانی قوی سے محروم ہو چکا ہوتا ہے۔

کاتب الحروف کے نزدیک قوی سے مراد طرح طرح کی مخلوق اور انسانوں کی استعداد اور کارکردگی کی قوتیں ہیں، مثلاً انسان کی صورت نوعی کے اندر بولنے، اونچے قد، اور خوب صورت چہرہ کی خاصیتیں پائی جاتی ہیں، جب کہ گھوڑے کی صورت نوعی کے اندر ہنہنانے، جھکے ہوئے قد، اور بالدار چہرے مہرے کی خصوصیات پائی جاتی ہیں۔

---

۱ بظاہر لوگ سمجھتے ہیں کہ سالک خود کو معبود قرار دے رہا ہے، جبکہ حقیقت میں وہ خود اور تمام کائنات کے نہ ہونے کا اعلان کر رہا ہے، اس کے نزدیک صرف ایک ذات باقی ہے، اسے وہ انا کہے، انت کہے یا ھو، ہے وہی ایک ذات۔

## خداشناسی

فرمایا: کہ خداشناسی کی منزل کا پہلا قدم یہ ہے، کہ امکان کی دنیا کی تمام رکاوٹوں اور تمام قوتوں سے چھٹکارا پالیں، الصوفی ھواللہ کا مطلب یہ ہے کہ جب ممکن اپنے وجود وامکان سے گردوغبار جھاڑ دے گا تو حق تعالیٰ شانہ کے علاوہ اس میں کچھ باقی نہیں رہیگا۔

فرمایا: اللہ تعالیٰ کا وجود ہر چیز میں اس کی استعداد کے مطابق ظاہر ہوتا ہے، اور جو کچھ بھی سننے، دیکھنے اوران جیسی دوسری تمام صفات سے ظاہر ہوتا ہے، وہ انکی صلاحیت کے مطابق ہوتا ہے۔ ایسے مقام پر جب کوئی مبتدی خودکو علیحدہ سمجھتے ہوئے نگاہ ڈالتا ہے تو وحدت میں شک کرنے لگتا ہے، اور جیسے ہی اسماء وصفات کے سایوں سے خودکو نکال لیتا ہے، تو تمام اعتراضات وخیالات دور ہوجاتے ہیں، حجابات کی قید سے آزاد شخص بغیر کسی صلاحیت کے باری تعالیٰ کی حقیقت تک پہنچ سکتا ہے۔

## بصارت وبصیرت میں فرق

فرمایا کہ بصارت (ظاہری بینائی) دراصل بصیرت روح (حقیقی بینائی کا اثر ہے) مگر بصارت مخصوص فاصلے اور جہتوں میں قید ہے، یہ فاصلہ نہ تو بہت زیادہ ہے، اور نہ بہت کم، اس کی مثال یوں سمجھئے کہ اگر کوئی شخص ہرے رنگ کا چشمہ لگالے تو اسے ہر دکھنے والی چیز ہری نظر آئیگی، لیکن جب وہ بصیرت کا استعمال کرے گا تو یہی بصارت، بصیرت کے تابع ہوجائیگی، اور تمام قیود مسافت سے بری ہوجائیگی۔

## لفظی جھگڑا

فرمایا: کہ معتزلہ اور شیعہ کہتے ہیں کہ باری تعالیٰ کا دیدار ممکن نہیں، اس لئے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ دیدار جہت کا تقاضہ کرتا ہے، جب کہ مکمل انکشاف حجابات کے اٹھنے پر ہی حاصل ہوسکتا ہے،

اور اہل سنت بغیر کیفیت اور جہت کے دیدار کے قائل ہیں، اور اسی کو عین انکشاف مانتے ہیں، نتیجہ یہ نکلا کہ دونوں میں لفظی نزاع کے علاوہ کوئی اختلاف نہیں۔(۱)

## رویت باری کی کیفیت

فرمایا کہ اہل اللہ کو دنیا میں وہ کچھ حاصل ہوتا ہے جو کہ دوسروں کو قیامت میں حاصل ہوگا، وہ ذات باری کو دنیا ہی میں کھلم کھلا اور تمام شکلوں سے پاک اسی طرح دیکھتے ہیں جیسے قیامت کے دن دوسرے لوگ دیکھیں گے، یعنی اچکتی ہوئی بجلی کی صورت میں، اور ان میں سے بعض اس سے بھی زیادہ، اور کچھ تو مسلسل اللہ کا دیدار کرتے ہیں، حضرت علی کرم اللہ وجہ فرمایا کرتے تھے کہ "لم اعبد ربا لم اره"*(۲) میں اس معبود کی پرستش نہیں کرتا جسے دیکھتا نہ ہوں۔

## بیعت کا مقصد

فرمایا: اللہ کے اولیاء کے سلسلے میں داخل ہونے کا مقصد یہ ہے، کہ عمل اور تسلیم کی عادت اس میں پیدا ہوجائے، جب تک کوئی ان کے مجاہدوں اور طور طریقوں کو نہ اپنائیگا، اولیاء کے سلسلے میں داخل نہیں ہوگا، ظاہراً چاہے کتنا بھی تعلق پیدا کرلے۔

---

۱معتزلہ کے مطابق ظاہری بینائی محدود ومقید ہے، اور اللہ کا دیدار حدود وقیود کے اٹھنے پر ہی ہوسکتا ہے، بینائی کی حدود وقیود کا اٹھنا محال ہے، لہذا رویت باری بھی محال ہے۔

اہلِ سنت کا قول حقیقت کے زیادہ قریب ہے، روشنی کا دیدار اس کی واضح مثال ہے کہ روشنی بطور جسم کے تو دکھائی نہیں دیتی، لیکن بطور موجود ہونے کے وہ ہر صاحب بصارت کو نظر آتی ہے، اور اس کا یہ دکھائی دینا نہ جہت کا تقاضہ کرتا ہے نہ احاطہ کا، دیکھئے سورج کو دیکھنے کے لئے جہت اور احاطہ دونوں چاہئیں لیکن دھوپ کو بنا جہت اور احاطہ کے دیکھا جاتا ہے، حالانکہ وہ جسم سے پاک ہونے کی وجہ سے اس طرح نظر نہیں آتی کہ اس کا رنگ بتایا جاسکے یا وہ آنکھ کے سامنے دوسری چیزوں کے دیکھنے سے حجاب بن جائے، تمام حیوانات روشنی کی مدد سے دوسری چیزوں کو دیکھتے ہیں، فرق یہ ہے کہ وہ مادی روشنی کا احساس کرتے ہیں جبکہ ولی نورِ الٰہی کا ادراک کرتا ہے، اسی کا نام اس نے رویت باری رکھا ہے۔

۲الانصاف، للباقلانی ۱/۳۷، روح البیان، لاسماعیل حقی، سورۃ المائدۃ۔

## اللہ کی تجلی

فرمایا: کہ ہمارے زمانے کے عارفوں کا یہ حال ہے کہ انہیں باری تعالیٰ کی تجلی کی دولت حاصل نہیں، ورنہ وہ کبھی اپنی یا آل واولاد کی خاطر سلاطین وامراء کے آگے ہاتھ نہ پھیلائیں۔

کاتب الحروف یہ سمجھتا ہے کہ کبھی کبھی اللہ کی تجلی کا اطلاق اس کی ذات پر نہیں بلکہ اس کی دوسری صفات پر بھی ہوتا ہے، لہٰذا اس جگہ اللہ کی تجلی سے مراد باری تعالیٰ کے تصرفات سے واقف ہونا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ذات باری تعالیٰ جب چاہے اور جس چیز کو جہاں چاہے ظاہر فرما سکتا ہے، اس سے عارف کو توکل علی اللہ کی دولت نصیب ہوتی ہے۔

### سد راہ

فرمایا: راہ وصول کی سب سے بڑی رکاوٹ تعصب ہے، صوفیاء کا قول ہے کہ ''جب تک توجہ کا مرکز ایک نہ ہو تب تک نہ مرید فائدہ اٹھا سکتا ہے نہ شیخ فائدہ پہنچا سکتا ہے'' حضرت شیخ اس قول کا معنی بیان کرتے ہوئے فرماتے تھے کہ توجہ کا مرکز ایک ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یکسو ہو کر ایک ہی شیخ سے استفادہ کرے، کسی دوسرے شیخ کی طرف مائل نہ ہو، چاہے وہ غوث و قطب ہی کیوں نہ ہو، اور نہ ہی اس کو سب سے افضل جانے۔

فرمایا: کہ یہ بات عارف کے شایان شان نہیں کہ دوسرے عارف کے مرید کو اپنی طرف پھیر لے، اور اس کی توجہ اسکے اپنے شیخ سے ہٹا دے، اگر کوئی مرید خوب اصرار بھی کرے تب بھی اسے اس کے شیخ کے حوالہ کر دے، لیکن اگر اس کا شیخ کسی دوسرے شہر چلا جائے یا وفات پا جائے، تو کوئی حرج نہیں۔

فرمایا: صحابہ کرام کا انکار یا ان کو برا کہنا ائمۂ اہل بیت سے ثابت نہیں، بلکہ یہ ان پر افترا ہے۔

ابن عبد البر کا قول ہے کہ ''بعض تابعین اور تبع تابعین کی بعض صحابہ پر فضیلت جائز ہے'' اس

قول کی توجیہ میں فرماتے تھے: کہ روحانی صحبت کا اثر، جسمانی صحبت سے بڑھ کر ہوتا ہے۔
کاتب الحروف کہتا ہے کہ ابن عمامہ بھی صحابہ میں سے ہیں، اور انکی صحبت روحانی ومؤثر ہے۔

## الفاظکے پجاری

فرمایا: میں نے عارفین وعلماء کی ایک بہت بڑی محفل میں وحدت الوجود کا مسئلہ ثابت کر دکھایا، متکلمین کے عقائد پر مبنی عبارات کے حوالے پیش کئے، اور عقلی ونقلی دلائل دیئے، مگر اس تمام بحث کے دوران لفظ وحدت الوجود نہ بولا، انہوں نے یہ تمام دلیلیں قبول کر لی، گویا خلاصہ یہ نکلا کہ الفاظ کے پجاری علماء کا تعصب زیادہ تر لفظوں سے ہوتا ہے۔

## بے کمان کا تیر

فرمایا: کہ توحید کے موضوع پر لکھی گئی کتابوں کا مطالعہ بغیر مجاہدہ اور ریاضت کے فائدہ نہیں دیتا، کیونکہ کتابوں کا مطالعہ عملی مشق کے بغیر ایسا ہے جیسے تیر کو بغیر کمان کے چلایا جائے، بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ان مسائل سے مطلوب کی تائید بھی ہو جاتی ہے۔

## زمانے سے تیز گام

فرمایا کہ تمام زمانے میرے نزدیک لمحہ کی حیثیت رکھتے ہیں۔

فرمایا کہ ایک روز میں نے وضو کرنا چاہا کہ اسی دوران مدہوشی طاری ہوئی، بعد میں میرے دل میں یہ الہام ہوا کہ مدہوشی کی یہ مدت نوسو ہزار برس کے برابر تھی۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ طویل تر زمانوں کو ایک پل کی صورت میں پانے کا مطلب یہ ہے کہ فنائیت حقیقت میں مل گئی، کیونکہ زمانہ فنا ہے، اور حقیقت اس سے الگ چیز ہے، اور ایک ساعت کو طویل تر زمانوں کی صورت میں پانے کا مطلب یہ ہے کہ زمانہ حرکت کی مقدار کو کہتے ہیں، اور عالم مثال میں کوئی ایک ایسی حرکت موجود ہے، جو اس زمانے کی حرکت سے نہایت تیز

ہے، اگرچہ یہ حرکت ظاہر نہیں ہوتی، مگر بعض اوقات ظاہر ہوجاتی ہے، اور عام حرکات سے تیز مقدار اس وقت ظاہر ہوتی ہے، جب لمبا زمانہ گزرے۔

فرمایا کہ اگر کسی کو کوئی برا کام کرتے دیکھوتو جان لو کہ وہ جان بوجھ کر نہیں کر رہا ہے، لہٰذا اسے نصیحت کرو کیونکہ " فان الذکری تنفع المؤ منین *(یقینا نصیحت مؤمنوں کیلئے نفع بخش ہو تی ہے) اور مؤمنوں سے مراد وہ لوگ ہیں جنہیں ایمان کا بلند مقام حاصل ہوتا ہے، شاید کہ نصیحت ان سو میں سے کسی ایک کو نفع پہنچائے۔

اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی کی بچی گم ہوجائے اور وہ اس کی تلاش میں ہر گلی اور بازار میں پکارتا پھرے، حالانکہ اس کی بچی ہر گلی اور ہر بازار میں نہیں ہے، اور اس کی خبر رکھنے والا ہزاروں میں سے کوئی ایک ہوگا۔(۱)

کاتب الحروف کہتا ہے کہ پوری دنیا تقدیر کی رسی میں جکڑی ہوئی ہے، اگر کوئی فاسق ہے تو اس کا فسق اس کے لئے مقدر ہو چکا ہے، نیک ہے تو اس کی نیکی اس کی تقدیر تھی، اور واجب بالغیر (خود بخود نہ ہونے والے ضروری امر) کی تکمیل کے لئے سبب کی ضرورت ہے، چونکہ مرشد کینصیحت اکثر لوگوں کی ہدایت کا سبب بنتی ہے، اس لئے معاشرے کی اصلاحی ضرورت رسولوں کی بعثت اور آسمانی کتابوں کا تقاضہ کرتی ہے، تاکہ عوام الناس راہ ہدایت پر آجائیں۔

## مشاہدہ کی چاشنی

فرمایا کہ جب کسی کو مشاہدہ کا ذوق حاصل ہوجائے تو کوئی گناہ اس کے زوال کا سبب نہیں بن سکتا، کیونکہ لذت نیک و بدکار دونوں کو محبوب ہے، جبکہ گناہوں سے حفاظت اللہ تعالیٰ کی عنایت پر مبنی ہے۔ (بدکاری لذت کی رغبت کو ختم نہیں کریگی، تو وہ اسے پانے کیلئے تائب ہوجائیگا۔)

---

۱ جب وہ آواز لگائیگا تو ہزاروں میں سے جو جانتا ہوگا سامنے آجائیگا، اسی طرح لوگوں کو نصیحت اور بھلائی کی بات بتانی چا ہیئے، جس میں بھی صلاحیت واستعداد ہوگی اس سے فائدہ حاصل کرلے گا۔

## فریبِ نظر

فرمایا: کہ بایزید (حضرتؒ کے ایک ہم عصر بزرگ) نے مجھ سے کہا کہ میں خدا کو ان آنکھوں سے دیکھتا ہوں، میں نے کہا: اے شیخ اسے دیکھنے والے تم کون ہو؟

انہوں نے کہا: تو کیا دوست کو دوست سے احتراز کرنا چاہئے؟

میں نے کہا: تو اس کا دشمن کون ہے؟ اس پر انکا غصہ ختم ہو گیا کیونکہ وہ انصاف پسند تھے۔

## جس سے جہنم لرز اٹھے

فرمایا کہ ولی اس دنیا میں روحانی عناصر کے غلبہ کی وجہ سے آگ میں جلایا جاتا ہے اور تلوار سے کاٹا جاتا ہے، مگر قیامت کے روز معاملہ اس کے برعکس ہوگا، کہ آگ بزبان حال پکارے گی:

جز یامؤمن فان نورک یطفئ لھبی [1]*()

اے مؤمن جلدی گزر جا کہ تیرا نور میرے شعلوں کو ٹھنڈا کر رہا ہے*

مگر یہ مقام ان اہل کمال کا ہے، جن کے سامنے سے امکان کے پردے اٹھے ہوئے ہیں۔

## صوفیاء کی مشقتیں

فرمایا کہ ایک عالم نے ایک اللہ والے سے سوال کیا کہ صوفی لوگ اتنے زبردست مجاہدے اور ریاضتیں کیوں کرتے ہیں؟ اللہ والے نے کہا: اگر تمہیں کہا جائے کہ ایسے مشقت کرو جس کے بدلے میں تمہیں سلطنت دی جائیگی یا بادشاہ تمہارا تابع وفرمانبردار ہو جائیگا، تو وہ تمام مشقتیں اور مشکلات تمہیں گوارہ ہونگی کہ نہیں؟ اس نے کہا کہ ہر شخص بخوشی کرے گا۔

اللہ والے نے کہا اسی طرح ان مشقتوں اور مجاہدوں کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ کی ذات دل کے اندر اپنی شان الوہیت کے ساتھ جلوہ گر ہوتی ہے۔

---

[1] تقول النار للمؤمن یوم القیامۃ جز یا مؤمن فقد أطفأ نورك لھبی، جامع الاحادیث ۲۱۰۹۲۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ اللہ والے کے دل میں اللہ تعالیٰ کی ذات کے جلوہ گر ہونے سے مراد صورت الہیہ کا دل میں قائم ہوجانا ہے، جس کی حقیقت اس وجود بابرکت کے نور کی تجلی اور جلوہ گری ہے، جو سالک کے نفس کا ہی ایک حصہ ہے۔

## ہشیار باش

عین القضاۃ ہمدانی کا قول ہے جو بظاہر غیر شرعی ہے، کہ

اے پسر لا الہ الا اللہ    خود از شرک خفی است آئنہ دار
چیست شرک جلی رسول اللہ    خویشتن را از یں دو شرک برآر

صاحبزادے، لا الہ الا اللہ تو خود شرک خفی ہے اور محمد رسول اللہ شرکِ جلی، اپنے آپ کو ان دونوں شرکوں سے بچا![1]

حضرت شیخؒ نے اس شعر کی تاویل میں فرمایا کہ لا الہ الا اللہ کا مفہوم یہ ہے کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، اور معبود کے لئے عابد کا ہونا ضروری ہے، لہٰذا اس میں دوئی کا تصور موجود ہے، جو کہ حقیقی شرک ہے، اور شرک خفی اس لئے کہا کہ عابد کا ذکر نہیں، اور محمد رسول اللہ کا معنی اس میں یہ ہے کہ خداوند تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لوگوں کی طرف بھیجا ہے، بیشک رسول اللہ کا غیر ہے، تو یہ شرک جلی ہے، اور جب تجھے وحدت کی حقیقت معلوم ہوجائیگی اور اللہ کے غیر کو فرضی سمجھتے ہوئے حق تعالیٰ شانہ کا مظہر سمجھے گا تو شرک کی تمام قسموں سے نجات پالے گا۔ (وحدت الوجود کے قائل حضرات حق تعالیٰ کے کسی کے وجود کو موجود نہیں مانتے۔)

---

[1] لا الہ کا مطلب غیر کی نفی ہے، ہمدانی کہنا چاہتے ہیں کہ جب غیر ہے ہی نہیں تو نفی کا کیا کام، یعنی ان کی نگاہ میں غیر اللہ کو اتنی لفٹ بھی نہیں ملنی چاہئے کہ ان کی نفی کی جائے، سرے سے خارج ہیں، ذکر ہی نہ ہونا چاہئے، اور محمد رسول اللہ میں معنی ظاہر ہیں کہ آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی الوہیت میں دخیل نہیں سمجھنا چاہئے ورنہ یہ بھی شرک ہے، انکے نزدیک اللہ کے غیر کو موجود جاننا ہی شرک ہے، یاد رکھنا چاہئے کہ یہ ان ہی لوگوں کو زیبا ہے جو احدیت کے اس مقام پر فائز ہوں، عوام کو اس میں موشگافی نہ چاہئے، آگے واجب الوجود کی بحث میں یہ معاملہ مزید کھل جائے گا۔

## عالم اور واجب الوجود

فرمایا کہ اگر عالَم کا وجود مان لیا جائے تو حق تعالیٰ شانہ کا وجود کالعدم ماننا پڑیگا، اس لئے کہ عالم کے وجود کی صورت میں اگر یہ مانا جائے کہ باری تعالیٰ کا وجود عالم کے وجود سے خارج ہے، تو وہ محدود ہوگیا، جبکہ باری تعالیٰ محدود نہیں لامحدود ہے، اور اگر باری تعالیٰ کا وجود عالم کے وجود میں داخل مانا جائے تو حلول لازم آتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کی ذات حلول سے پاک ہے، اور اسی طرح ضروری ہے کہ ہر طرح سے عدم ممکنات کو باطل قرار دیا جائے، لہٰذا ثابت ہوگیا کہ علم فرضی چیزوں سے عبارت ہے، اور حقیقت وجود اور دوسرے لفظوں میں یوں کہئے وہ معدوم ہے، جو خود اپنی ذات میں قائم ہے۔

## نہ کوئی اس میں نہ وہ کسی میں

فتوحات مکیہ کے باب نمبر ۱۶۱ میں شیخ اکبرؒ کے اس قول "لا من العالم من اللہ" کی تشریح میں فرمایا کرتے تھے کہ عالم کا وجود وہم کے درجہ میں ہے، جبکہ باری تعالیٰ کا وجود حقیقت ہے، ایک عارف کا قول ہے: الوجود فی الکل ساری والتعینات امور اعتباریۃ*

باری تعالیٰ کا وجود تمام چیزوں میں جاری وساری ہے، اور دکھنے والی چیزیں فرضی ہیں۔

لہٰذا عالم اللہ تعالیٰ سے دور کی چیز ہے، کیونکہ حق تعالیٰ شانہ کی ذات اور عالم میں باہم تضاد ہے، ان کے درمیان کوئی ایسی چیز نہیں پائی جاتی جو ان دونوں میں مشترک ہو، اسکی مثال اس سراب کی سی ہے جو بھڑکتی دھوپ میں دور سے دریا دکھائی دیتا ہے، مگر پاس جانے پر اس کا نام ونشان نہیں ملتا، اسی طرح اللہ بزرگ وبرتر کی یکتائی کا سورج عالم پر چمک رہا ہے، جس کے نتیجہ میں عالم وجود میں آیا، جسے حق تعالیٰ شانہ کی ذات کے ساتھ ایک مناسبت تو پیدا ہوگئی مگر حقیقت یہ ہے کہ عالم خود اپنے آپ میں معدوم محض ہے سراب کی طرح۔

شیخ اکبرؒ کا قول ہے: ما فی احد من اللہ شیئا" (کسی میں اللہ کا وجود نہیں) حضرت شیخ نے اس قول کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ اکابرین طریقت کے نزدیک مسلم ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ کے علاوہ کوئی چیز موجود نہیں۔

کجا غیر کو غیر کو نفس غیر سواللہ واللہ مافی الوجود

کہاں غیر، کیسا غیر اور کیسا نفسِ غیر؟ اللہ کی قسم، اللہ کے سوا وجود میں کچھ ہے ہی نہیں۔

یہاں لفظ فی حلول پر دلالت کرتا ہے، حق تعالیٰ شانہ کی ذات ظاہر و باہر ہے، اور اس کی صفات کے مظاہر بھی، پس اس کی ذات وصفات کس طرح غیر میں حلول کرتی یا غیر سے متعلق ہو سکتی ہیں؟ جبکہ یہ دوئی کو لازم ہے، پس معلوم ہوا کہ اللہ کے علاوہ میں اللہ نہیں، جیسا کہ اس کے سوا اس میں کوئی چیز نہیں، چنانچہ صوفیاء کا قول ہے:

"لیس فی ذاتہ سواہ ولا ذاتہ فی سواہ"

اس کی ذات میں اس کا غیر موجود نہیں، اور وہ نہ خود اپنے غیر میں موجود ہے۔

معلوم ہوا کہ یہ دونوں عبارتیں وحدت وجود کے بارے میں ایک دوسرے کی نفی نہیں کرتی۔

## پوشیدہ معانی

فرمایا: کہ کسی اللہ والے نے کہا کہ میرے لئے قرآن مجید سمندر اور آیات موجوں کی صورت میں ظاہر ہوئیں، میں ایک آیت پر غور کرنے لگا تو بے انتہا پوشیدہ معانی ظاہر ہوئے، میرے دل میں آیا کہ یہ ہے وہ قرآن جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا تھا، اس طرح میں نے عظمت قرآن کو جان لیا، جب کوئی ولی اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اس سے کسی دوسرے کے لئے کوئی چیز طلب کرتا ہے تو اسے ایک دو آیت اسکی طلب کے حساب سے الہام کی جاتی ہیں۔

فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ کا وجود امکانی (۱) (مادی) صورتوں میں ظاہر ہوا تو اس کی لازمی صفات مادی پردوں میں گم ہوگئیں، جیسا کہ نشہ استعمال نہ کرنے والا کاریگر اچانک نشہ آور چیز استعمال کرنے سے اپنی کاریگری کی صفات سے بے خبر ہوجاتا ہے۔

کاتب الحروف (حضرت شاہ ولی اللہ صاحب) کہتا ہے کہ جب ممکنہ صورتوں میں وجود ظاہر ہوتا ہے تو صفات کاملہ ظاہر نہیں ہوتیں۔(۲)

## آخری مقام

ایک صوفی کا قول ہے: ما بعد المقام الذی وصلناہ مقام *(یعنی جس مقام تک ہم پہنچے ہیں اس کے بعد کوئی مقام نہیں)، اور ایک دوسرے اللہ والے کا قول ہے: فوق کل مقام مقام ما لا یتناھی *(ہر مقام کے اوپر ایک غیر متناہی مقام ہے)، حضرت شیخ دونوں قول کی تشریح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ پہلا قول اہل شہود کے لئے درست ہے، (جو تمام مراتب طے کرنے کے بعد ذات باری تعالیٰ کے حقیقی دیدار سے مشرف ہوں) جیسے شیخ بسطامیؒ نے فرمایا:

اذلیس وراء عباد قریۃ والی ربک المنتھی*

جس طرح بندوں کے بعد کوئی بستی نہیں، اسی طرح تمہارے رب سے آگے کوئی مقام نہیں۔

اور دوسرے کی مراد اگر مظاہر اسماء کی سیر ہے جیسے ملائکہ، عالم مثال وارواح، تو درست ہے، لیکن یہ کمال نہیں کیونکہ عارف ذات باری تعالیٰ تک رسائی کے بعد ان تمام چیزوں سے بے نیاز ہوجاتا ہے، نام کے لئے ان چیزوں پر مقام کا لفظ بولا جاسکتا ہے، لیکن اگر عارف یہ سمجھتا

---

۱ مادی دنیا کو امکان کہا گیا، اور اسکے موجودات کو ممکن، امکانی صورت سے مراد دکھائی دینے والی مادی چیزوں کی شکل میں ذات باری تعالیٰ کے وجود کا موجود ہونا ہے، جسے دوسرے لفظوں میں اس کی قدرت کے نام سے جانا جاتا ہے۔

۲ حقیقت یہ ہے کہ ایسی صورت میں صفات کاملہ کے اظہار کی حاجت ہی نہیں، کیونکہ یہاں تو صرف سالک کا دل رکھنا مقصود ہوتا ہے، جو صفات کے کامل مظاہرہ سے نہ صرف تعلق نہیں رکھتا بلکہ انسان اس کا متحمل بھی نہیں۔

ہے کہ ذات باری تعالیٰ تک پہنچنے کے بعد بھی غیر متناہی مقامات واقعی موجود ہوتے ہیں تو یہ اس کی بہت بڑی غلطی ہے۔ (۱)

## وحدت کا غلبہ

شیخ فریدالدین عطارؒ کا شعر ہے:

عشق را با کافری خویشی بود      کافری را مغز درویشی بود

عشق کی کافری کے ساتھ نسبت ہے، اور کافری کا ماحصل درویشی ہے۔

حضرت شیخ نے فرمایا کہ کفر سے مراد نسب اور اضافتوں (کبیرہ گناہوں) سے اجتناب ہے۔

اسی طرح شیخ ابوبکر واسطیؒ اور شیخ ابوسعید خزازؒ کے اس قول کی تشریح میں فرمایا:

**اکثر العارفین حتی ابی یزید ماتوا فی الوھم والظن***

اکثر عارفین نے یہاں تک کے ابویزیدؒ نے بھی وہم وگمان میں یکسانیت روانہیں رکھی۔

ولایت کبری کی پہلی منزل یہ ہے کہ جہت ودوئی مٹ کر باری تعالیٰ تک رسائی ہوجائے۔

اکثر عارفین مع شیخ ابو یزیدؒ واقعی اس مقام پر فائز ہیں، مگر اس مقام شہود کے کئی مراتب اور منزلیں ہیں، بعض اوقات یہ شہود وجوبی صفات (جیسے علم) کی تجلی کی صورت میں ہوتا ہے، مگر اس صورت میں امکان (عالم) باقی رہتا ہے، اکثر عارفین پر اسی مرتبہ کا غلبہ تھا، اور یہ ہمیشہ موجود رہتا ہے، بعض اوقات یہ شہود خالصتاً حق تعالیٰ شانہ کی تجلی کی صورت میں ہوتا ہے، جبکہ امکان باقی نہیں رہتا، اور یہ بالکل غلط ہے، یہی تجلی بجلی کی صورت میں نظر آتی ہے، جو اس دنیا میں ہمیشہ نہیں رہتی، اور اس میں جسم کے حصے الگ الگ ہوجاتے ہیں، روح بدن سے بچھڑ جاتی

---

۱چونکہ اللہ تعالیٰ تک رسائی کے بعد کوئی درجہ نہیں ہے لہذا معلوم ہوا کہ سالک نے جن چیزوں کو مقامات سمجھا تھا وہ مقامات نہ تھے، جس چیز کو وصول جانا تھا وہ وصول نہیں راستہ تھا۔ علامہ اقبالؒ نے اس قول کی کیا خوب تفسیر کی ہے:

نگاہِ شوق کی منزل یہ مہر و ماہ نہیں      یہ جلوہ گاہ کے پردے ہیں جلوہ گاہ نہیں۔

ہے، جو اس طرح ذات حق کے شہود کو نہیں پالیتا وہ توحید کی حقیقت سے دور رہتا ہے، اور اس پر وحدت کا غلبہ نہیں ہونے پاتا، جیسے شہود کے کچھ مرتبے بایزید بسطامی پر غالب آگئے تھے، اور کچھ امکان بھی باقی تھا، جس کی وجہ سے یہ جملہ ان کی زبان سے نکل گیا: سبحانی ما اعظم شانی * میری ذات پاک ہے، میری شان کتنی عظیم ہے!

اور یہ الفاظ اس شخص کے لئے مناسب نہیں جو مذکورہ طریقہ سے وحدت کی اصل تک پہنچا ہو۔

## بسطامیؒ کی زنار

واضح رہے کہ ما اعظم تعجب کا صیغہ ہے، اور اس مقام پر کوئی تعجب ہوتا ہی نہیں، وہ اس لئے کہ حق تعالیٰ کو اپنی عظمت و کبریائی پر کوئی تعجب نہیں، اور یہ جو کہتے ہیں کہ ایسا نعرہ لگانے کے بعد شیخ بسطامیؒ نے زنار گلے میں ڈال کر بعد میں اسے کاٹ دیا اور کہا:

اللھم ان کنت قلت یوما سبحانی ما اعظم شانی فکنت مجوسیا زندیقا و انا اقطع زناری و اقول لا الہ الا اللہ *

یا اللہ اگر میں نے کبھی سبحانی ما اعظم شانی کہا تھا تو میں مجوسی و زندیق تھا، اب میں اپنی زنار اتار کر پھینکتا ہوں، اور لا الہ الا اللہ کا اقرار کرتا ہوں۔

حالانکہ قرینہ یہاں یہ ہے کہ ابھی ان کے یہاں امکان میں سے کچھ باقی تھا، اور آخر میں اس کی خبر ہوئی، اگر بعض صوفیاء یہ کہیں کہ ان کے مندرجہ بالا قول کا مطلب ہدایت و ارشاد تھا، تو اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ آئندہ اس کی تقلید میں کوئی ایسا نعرہ نہ لگائے۔

## اپنا اپنا ظرف

ابن منصورؒ کے بارے میں ابو سعید خزاز کی رائے یہ ہے:

کان اوحد زمانہ لم یکن فی عھدہ من الشرق الی الغرب مثلہ *

وہ اپنے زمانے کے بڑے موحد تھے، انکے دور میں مشرق تا مغرب انکی ٹکر کا کوئی آدمی نہیں تھا۔

اسی وجہ سے ان پر توحید کا راز ایسا غالب آیا کہ وہ پیچھے نہ ہٹے، مگر مناسب بات تو یہ ہے کہ ابن منصورؒ نے خود حقیقی توحید کے راز کو نہیں پایا تھا، کیونکہ وہ اپنے قول انا الحق پر ہمیشہ قائم رہے، جبکہ تجلی آسمان میں چمکتی بجلی کی طرح ہے۔(اگر یہ تجلی ملتی تو تجلی ختم ہوتے ہی تائب ہو جاتے) اکثر عرفاء جو شہود کی کسی ایک قسم سے مشرف ہوئے اپنے آپ میں یہ سمجھتے رہے کہ انہیں شہود ذاتی حاصل ہو گیا ہے، حتیٰ کہ وہ اسی خیال میں دنیا سے چل بسے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ تجلی متجلی لہ (جس کو تجلی سے نوازا جائے) کی استعداد و صلاحیت کے مطابق ہوتی ہے، اور جو چیز محدود کے لئے ہو وہ محدود ہی ہوتی ہے، واضح رہے اولیاء دو طرح کے ہوتے ہیں، ایک وہ جن کی استعداد بے انتہا ہو، اور دوسرے وہ جن کی استعداد محدود ہو، ان دونوں میں فرق ہے، لہٰذا محدود صلاحیت والے ولی کے اندر معرفت کی انتہا یہ ہے کہ اس میں باری تعالیٰ کی صفات ظاہر ہوتی ہیں، ذات ظاہر نہیں ہوتی، اور یہ بھی ایک طرح کا امتزاج و اختلاط ہے، جیسا کہ ہر آئینہ اجسام کو اپنی وسعت کے مطابق ظاہر کرتا ہے، لہٰذا زمین و آسمان ایک چھوٹے سے آئینہ میں آجاتے ہیں، لیکن اس آئینہ میں جیسے ہی رنگ یا سائز کی تبدیلی ہوگی، عکس بھی بدل جائیگا، معلوم یہ ہوا کہ ہر ایک تبدیلی رکاوٹ کا درجہ رکھتی ہے۔

## تجھے دیکھنے کے بعد

فرمایا: اگر انا الحق کہنے والا امکان کے پردوں یعنی ہوش و حواس میں رہتا ہے تو وہ جھوٹا ہے، اور فرعونیت کے دائرہ میں داخل ہو جاتا ہے، اور اگر اس کے امکان کی صورت حال مغلوب ہو گئی ہو تو وہ معذور ہے۔

اس مقام پر فرمایا کرتے تھے کہ بجلی کی صورت میں ظاہر ہونے والی تجلی باطل دعوؤں اور امکانی جہت سے بہت دور ہوتی ہے، سب جانتے ہیں کہ جب ایک شخص کوئی حسین و جمیل چیز دیکھتا ہے تو خود کو اور اپنی تمام تر صفات کو کھو بیٹھتا ہے، جیسا کہ حضرت یوسفؑ کا جمال دیکھنے سے

مصر کی عورتیں اپنے حواس کھو بیٹھی تھیں، یہاں سے اندازہ کر لینا چاہئے کہ حقیقی جمال کے نظارے سے کیا حال واقع ہوتا ہوگا؟

## من الظلمات الی النور

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

ان اللہ خلق الخلق فی ظلمۃ ثم رش علیھم من نورہ[1]*()

اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوق کو اندھیرے میں پیدا کیا پھر ان پر اپنے نور کا چھڑکاؤ کیا۔

حضرت شیخؒ اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کرتے تھے کہ اس نے مخلوق کو موجودہ شکل وصورت میں اس طرح پیدا کیا کہ وہ نامعلوم تاریکی میں تھی، اس حالت میں انکا خارجی وجود ناممکن تھا، لہٰذا اللہ تعالیٰ نے ان پر خارجی وجود کا نور ڈالا تو وہ تمام دکھنے والے جسم کی صورت اختیار کر گئے، اس وجود کے ساتھ انہوں نے حق تعالیٰ شانہ کی ذات کو پہچانا۔

## منسوب ہے جو اس سے

فرماتے تھے کہ امکانی مراتب (قطبیت وغوثیت وغیرہ) کی طرف رغبت وتوجہ خود کمال ہے بشرطیکہ وہ اس اعتبار سے ہو کہ یہ ذات باری کے ساتھ منسلک ہیں، اس کو غفلت اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ صفات واجبہ کی طرف توجہ میں رکاوٹ بن سکتی ہے، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سالک اسی حالت (امکانی مرتبہ) میں فوت ہو جاتا ہے اور ذات باری تک نہیں پہنچ پاتا۔

اسے غفلت کہنے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اس کی طرف راغب شخص دوسرے تمام لوازمات سے کنارہ کر لیتا ہے، اور پھر مرنے کے بعد جب اپنے مقصود اور کمال کو نہیں حاصل کر پاتا تو اس کی وجہ سے غم وتکلیف میں مبتلا ہوتا ہے۔

---

[1] - إن الله خلق خلقه فی ظُلْمَةٍ ثم ألقی علیهم من نُورِهِ فمن أصابه من ذلك النور اهتدی و من أَخْطَأَهُ ضَلَّ فلذلك أقول جَفَّ القلم علی علم الله،*(جامع الاحادیث، ٦٨٣٠)

## مطلق ہے وہ، اطلاق سے آزاد

فرماتے تھے کہ ذات باری اپنی وجوبی اور سلبی (۱) تمام صفات سے قطع نظر بھی اپنے آپ میں ذات بحت (خالص)، ذات ساذج (اکمل) لاتعین (جسکی کوئی سمت نہ ہو)، احدیت اور وجود مطلق کے نام سے موسوم ہے، اور مطلق کے معنی یہ ہیں کہ وہ ہر قسم کی قید اور اطلاق کی نسبت سے پاک ہے، اس معنی میں نہیں کہ وہ اطلاق کی قید میں مقید ہے۔ (۲)

## ہر روپ میں جلوہ گر

صوفیاء کا اس پر اتفاق ہے کہ ذات بحت موجود ذہنی (خیالی) اور معقولِ محض ہے، (اس اعتبار سے وہ مقید و محدود ہوئی کیونکہ عقل میں سما گئی) اس سے مراد یہ ہے کہ ذات کے مظاہر چونکہ اسماء وصفات ہیں اور یہ مظاہر ذات کے لوازم ہیں، اس سے جدا نہیں کئے جا سکتے، اور ذات ان صفات وکمالات کے ساتھ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی۔ (۳)

## احدیت اور وحدت

ایک قول یہ ہے کہ احدیت پہلے ہے وحدت سے بھی اور وحدت کی تمام قابلیات (پہلے آنے والی چیزوں) سے بھی، یہاں احدیت سے مراد احدیتِ ذاتی ہے، جس میں کسی وجوبی یا سلبی صفت کا لحاظ نہیں، ایک قول اس کے برخلاف ہے اس میں کہا گیا ہے کہ احدیت وحدت کے بعد ہے، تو یہاں احدیت سے مراد احدیتِ صفاتی ہے، جس میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ تمام کی نفی کا لحاظ کیا گیا ہے، لہٰذا ان دونوں اقوال میں کوئی اختلاف نہیں، احدیت ذات باری کے علاوہ کی

---

۱ جن صفات کا ذات باری میں ہونا ثابت ہو وہ وجوبی کہلاتی ہیں جیسے عالم ہونا عادل ہونا، اور جن صفات کا ذات باری میں موجود نہ ہونا ثابت ہے وہ سلبی کہلاتی ہیں جیسے ظلم اور جہل وغیرہ۔

۲ وہ اپنے آپ میں ایسا مکمل ہے کہ کسی صفت کا محتاج نہیں، مطلق ہے لیکن مطلق ہونے کا بھی پابند نہیں ہے۔

۳۔ یعنی یہاں ذات سے مراد عین ذات نہیں بلکہ مظاہرِ ذات ہیں جن کے معانی و مراد ذہن وعقل میں سما سکتے ہیں۔

نفی کو کہتے ہیں اور ذاتِ باری کے اثبات کو واحدیت کہتے ہیں، اور یہ وحدیت کمالات وجوبیہ (جو ذات سے الگ نہیں ہو سکتے، علم وغیرہ) اور امکانیہ دونوں کو شامل ہے، لفظ واجب کا اطلاق وجود مطلق کی تجلی پر صفات واجبیہ مؤثرہ (عدل، ھدایت وغیرہ) کے اعتبار سے ہوتا ہے اور لفظ ممکن کا اطلاق صفاتِ امکانیہ مؤثرہ (خلاقیت ورزاقیت وغیرہ) کے اعتبار سے۔

جاننا چاہئے کہ احدیت ووحدت میں پہلے اور بعد کی یہ بحث زمانے کے اعتبار سے نہیں جیسا کہ محجوب (بے پہنچ) لوگوں کا خیال ہے بلکہ یہ تقدیم وتاخیر رتبہ کے لحاظ سے ہے، اس کی مثال جیسا کہ زید ہے وہ زید بھی ہے، انسان بھی ہے، عالم بھی اور جولاہا بھی، سو اگر اس کی تمام صفات کی نفی کر کے خالص اس کی ذات کو دیکھا جائے تو اسے خالص انسان کہا جائیگا اور اگر اس کی ان تمام صفات کا لحاظ رکھا جائے تو اسے صفات سے متصف انسان کہا جائیگا، پھر اس کی تمام صفات کی الگ الگ تفسیر بیان کی جائے تو علم کی صفت کے اعتبار سے وہ عالم ہے، پارچہ بافی کے لحاظ سے وہ پارچہ باف ہے اور ان تمام حالات میں زید واحد ہے اور اس کی صفات اس سے جدا نہیں اور اسماء کا یہ اختلاف عقل کے تعارف اور پہچان کی وجہ سے ہے اور ایک صفت کی دوسری صفت پر پہل رتبہ کے اعتبار سے ہے، نہ کہ زمانے کے اعتبار سے، پس جو شخص یہ کہتا ہے کہ خارج میں صرف ذات موجود ہے تو اس سے مراد یہ لی جائیگی کہ ذات خالص اپنے مظاہر و صفات میں بعینہ موجود ہے، کم عقلوں کے وہم کو دور کرنے کے لئے یہ بحث کی گئی ہے، جو ذات خالص کو علم سے باہر تصور کرتے ہیں، تعالی اللہ عما یقولوا الظالمون علوا کبیرا۔

## اسمائے الٰہی کا اطلاق

فرماتے تھے کہ جس نے سبحانی ما اعظم شانی یا انا الحق کہا تو غالبا غلبۂ حال اور نگاہ سے صفات کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے کہا ورنہ اللہ تعالیٰ کے اسماء کا اطلاق صرف اس پر جائز ہے جو تمام علوم کا عالم ہو اور یہ علم ان کہنے والوں میں نہیں پایا گیا، بلکہ ذات حق کے مظاہر میں سے کسی بھی ظہور

میں نہیں پایا گیا اور نہ ابد تک پایا جائیگا۔

کہتے ہیں کہ تجلی برقی اپنی صفات کے ساتھ دائم ہو جائے تو تمام معلومات کا احاطہ کر لیتی ہے، لیکن اس کا دوام ممکن ہی نہیں، کیونکہ روح بدن سے جدا ہو جاتی ہے اور جسم پارہ پارہ و منتشر ہو جاتا ہے۔

## خوب پردہ ہے کہ

فرمایا کہ کشف ذات، جس کا نام رؤیت ذات اور تجلی برقی ہے، اس جہان میں امکانات کے پردوں کے پوری طرح اٹھ جانے کے بعد حاصل ہوتا ہے، اور جو یہ کہتا ہے کہ تجلی برقی اس جہان میں نہیں ہوتی، بلکہ موت کے بعد ہوتی ہے اور وہ بھی مطلق نہیں بلکہ صرف ایک اعتبار سے ہوتی ہے، تو اسکا مطلب یہ ہے کہ تمام قسم کے پردوں سے چھٹکارا پا لینا موت سے تعلق رکھتا ہے، جیسا کہ باری تعالیٰ کا قول ہے:

**او من کان میتا فا حیینه و جعلنا له نورا***(الانعام ۱۲۲)

جو مردار تھا ہم نے اس کو زندہ کیا اور اسے نور عطا کیا۔

اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

**من مات فقد قامت قیامته***(۱)

جو مر گیا تو اس کے لئے قیامت قائم ہو گئی۔

لہٰذا دیدار حق کرنے والوں کے لئے قیامت قائم ہے، پس وہ ان حالات کو اسی طرح دیکھتے ہیں جس طرح دوسرے لوگ قیامت میں دیکھیں گے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ "او من کان میتا الخ" سے مراد یہ ہے کہ

**"او من کان فانیا رفع عنه الحجبة فا حیینه ای ابقیناه لا یری الا باللہ فلا یسمع الا به**

---

۱ إذا مات أحدُكم فقد قامتْ قيامتُه، الخ (جامع الاحادیث، للسیوطی ۲۷۸۱)

وجلنا له نورا یعنی التجلی البرقی الآنی"

جو فانی تھا ہم نے اس کے سامنے سے پردوں کو ہٹا دیا اور اسے بقا عطا کر دی، وہ اس طرح کہ جب وہ دیکھتا ہے تو اپنے رب کی آنکھوں سے اور جب سنتا ہے تو اسی کے کانوں سے اور ہمنے اس کو نور یعنی تجلی برقی آنی (اچانک، یک بیک چمکنے والی) عطا کر دی۔

## عشق کی آگ

ایک دن حضرت شیخؒ نے کسی مشہور صوفی کا نام لیکر فرمایا کہ وہ معشوقیت کے مقام پر فائز ہیں، اور میں اس مقام پر ہوں کہ عاشقیت و معشوقیت کو وہاں کوئی دخل نہیں۔

فرمایا کہ جو یہ کہتا ہے کہ عاشقی میں جو لذت ہے وہ دوئی کے اٹھ جانے میں نہیں، غلط کہتا ہے، کیونکہ عاشق دوئی کے سبب عشق کی آگ میں جلتا رہتا ہے، اور ایسے میں وہ شرک خفی کا مرتکب ہوتا ہے، اگرچہ یہ مرتبہ حسنات الابرار کا ہے، مگر سیئات المقربین میں شمار ہوتا ہے، جبکہ دوئی کے اٹھ جانے پر دیدار حق میں ایسی لذت ملتی ہے جو عاشقی کی لذت سے کہیں بلند ہوتی ہے۔

## ذات باری تعالیٰ کا ظہور

حضرت شیخؒ نے فرمایا: جس کے سامنے سے پردے اٹھ گئے تو وہ اپنے پروردگار کو اپنی روح میں دیکھتا ہے، اور اسی کو کشف ذات یعنی ذات باری تعالیٰ کا ظہور کہتے ہیں، اور ایسے میں عارف ذات حق کی لامحدودیت کی طرف متوجہ نہیں ہوتا کیونکہ یہ صفات میں سے ہے۔

## محدود و لامحدود

کاتب الحروف کہتا ہے کہ عارف کا علم حضوری (اللہ تعالیٰ کے سامنے موجودگی کا ادراک و احساس) لفظ انا کے ذریعہ حقیقت الحقائق (اللہ تعالیٰ) کی ذات سے جڑا ہوا ہے، لفظ انا (اور اس کا مراد یعنی خود عارف) محدود ہے، جبکہ حقیقت الحقائق لامحدود۔

تو ان دونوں میں تضاد نہیں ہے، کیونکہ انا کی تاثیر حقیقت الحقائق میں اس طرح ہے کہ وہ (ذات باری) ہر طرح کے اعتبارات میں اس (انا کے مراد) سے بری (الگ) ہے، اور محدود ولامحدود دونوں اعتبارات (علم کے باور کرائے ہوئے) ہیں۔

## حدیث قدسی

فرمایا حدیث قدسی کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ جسے جبرئیل لاتے تھے، لیکن اسے قرآن میں داخل نہیں کیا گیا، کیونکہ یہ کلام معجز نہیں، اور اس کے معنی محدود و مخصوص ہوتے ہیں، جبکہ قرآن مجید عام و خاص تمام کے لئے شفا ہے، دوسری قسم وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے براہِ راست آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا۔

## اہل قبر سے مدد کا مطلب

حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے: اذا تحیر تم فی الامور فاستعینوا باصحاب القبور*

جب تم دنیاوی امور میں حیران و پریشان ہو جاؤ تو قبر والوں سے مدد طلب کرو۔

حضرت شیخؒ نے حدیث بالا کی وضاحت اس طرح فرمائی کہ یہاں استعانت میں احتمال یہ ہے کہ اس سے مراد مردوں کے حالات کو یاد کر کے عبرت حاصل کرنا ہے، جو دنیاوی امور سے توجہ کو ہٹا دیتا ہے، اور پریشانی روزگار کو کم کر دیتا ہے۔

## دنیا لاش سے بھی بری

رسول اللہؐ کا فرمان ہے: ان الدنیا اقبح من جیفة منتنة* (دنیا گلی سڑی لاش سے بری ہے)

حضرت شیخؒ اس حدیث کی تشریح یوں فرماتے ہیں کہ دنیا حق کی جانب متوجہ ہونے میں رکاوٹ بنتی ہے، کیونکہ اس سے دل کا تعلق ہو جاتا ہے، جبکہ گلی سڑی لاش سے دل کو نفرت ہوتی ہے، اس لئے وہ رکاوٹ نہیں بنتی۔

## سب سے جھوٹی بات

فرمایا کہ سب سے جھوٹی بات وہ ہے جو شریعت کے خلاف کہی جائے، اور جھوٹے افعال وہ ہیں جو شریعت کے خلاف کئے جائیں، اور جھوٹے احوال یہ ہیں کہ کوئی ایک حال سے دوسرے حال میں بدل جائے، جبکہ سچا حال ایک ہی ہے، اور وہ شہود ہے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ تلو سے مراد یہاں صرف توحید کے راز کا ایک بار ظاہر ہونا، اور دوسری بار پوشیدہ ہونا ہے، یا یہ کہ ایک بار جو چیز ظاہر ہوتی ہے دوسری بار اس کے برعکس کوئی اور چیز سامنے آتی ہے۔

## نہ بن ان جیسا

فرمایا: لمبی ٹوپی اور ریشمی پیٹی کمر سے باندھنا جسے ہندی میں سیلی کہتے ہیں، یہود و نصاری کی علامات میں سے ہے، امیر المؤمنینحضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا کرنے والوں سے ناراضگی کا اظہار فرمایا تھا، بعد میں جاہل لوگوں نے اسے پسند کر کے اپنا لیا۔

## پردوں سے چھٹکارا

فرمایا: امکان کے پردے غفلت کی تاریکیوں سے عبارت ہیں، جن کی وجہ سے انسان شرک کا شکار ہوتا ہے، امکان کے پردوں کا تعلق کھانے پینے سونے اور ضروریات زندگی سے نہیں، بلکہ غصہ حسد بغض و نفرت اور تمام بری خصلتوں سے ہے، جو غفلت کو بڑھاتے ہیں، اور وجوب کے پردے صفات واجبیہ یعنی اخلاق حسنہ کو کہا جاتا ہے، سالک جب خدا کے فضل سے ان تمام امکانی پردوں سے چھٹکارا پالیتا ہے تو حق تعالی شانہ کی ذات کو اس طرح دیکھتا ہے جیسے کوئی دیکھنے والا آفتاب کو دیکھتا ہے، اور ساتھ ہی ساتھ آسمانوں اور زیر آفتاب تمام اشیاء کے وجود کو دیکھتا ہے، اور یہ سب اشیاء آفتاب کا نظارہ کرنے میں رکاوٹ نہیں بنتی، اسی طرح سالک

کے لئے حجابات وجوبیہ یعنی بندے کی ضروریات زندگی حق تعالیٰ شانہ کے مشاہدہ میں روڑا نہیں بنتی، اور بعض مخصوص اولیاء کے لئے تو حجابات وجوبیہ کو بھی برطرف کردیا جاتا ہے۔

## مشاہدہ سے محروم

فرمایا: مشاہدہ سے مراد دل کی ایسی توجہ ہے جو حقیقت الحقائق پر مرکوز ہو، چاہے ایک پل کے لئے ہی کیوں نہ ہو، اور جس نے ذات حق کو نہ پہچانا اور اس کے مظاہر کو نہ جانا تو وہ حق تعالیٰ شانہ کے مشاہدہ سے محروم ہے۔

## مشاہدہ کی قسمیں

فرمایا کہ مشاہدہ کو عالم مثال و عالم ارواح کا سفر طے کرنے کی ضرورت نہیں، واضح رہے کہ شہود (اللہ کا استحضار و دیدار) دوطرح کا ہوتا ہے، ایک وہ جو محض جذبہ وشوق سے حاصل ہوجاتا ہے، لیکن ضروری نہیں کہ یہ شہود باقی رہے، دوسرا شہود یہ ہے جو سلوک کی منزلیں طے کرنے کے بعد حاصل ہوتا ہے، اس کی بقا کا اعتماد ہوتا ہے، چونکہ یہ عبور کے بعد حاصل ہوتا ہے۔

## عارف کا کمال

فرمایا: عارف کا کمال یہ ہے کہ وہ سرتاپا عشق ہوجائے، کیونکہ لفظ ''معشوق''، عشق سے نکلا ہے، اور اس جگہ یہ بھی فرمایا کہ صوفیاء کی اصطلاح میں حقیقت الحقائق کو بھی عشق کا نام دیا جاتا ہے۔

اہل سلوک کا قول ہے کہ ''ریاضتوں کے سبب دل پستی سے بلندی پر آجاتا ہے''۔

حضرت شیخؒ اس قول کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ دل کا پستی سے بلندی پر آنے کا مقصد یہ ہے کہ دل سفلیات (گھٹیا عادتوں) سے کنارہ کر کے علویات (عمدہ عادتوں) کی طرف مائل ہو جائے ورنہ دل کے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے سے تو انسان کو تکلیف ہوتی ہے کیونکہ نسیں دل کے ساتھ جڑی ہوئی ہوتی ہیں۔

## علم اور حال

شیخ اکبرؒ کا قول ہے"العلم اوسع من الحال"(علم حال سے زیادہ وسیع ہے)اور ابوسعید کا قول اس کے برعکس ہے یعنی"الحال اوسع من العلم"(حال علم سے زیادہ وسیع ہے)ان دونوں اقوال کی تشریح حضرت شیخ یوں فرماتے ہیں علم کو وسیع تب مانا جائیگا جب وہ حال اور اس کے ساتھ ساتھ نفسانی کیفیات کو بھی شامل ہو جائے،اور یہ محال ہے کیونکہ حال خارجی موجودات کو مخصوص کیفیات میں معلوم کرتا ہے،غیر کی اس میں گنجائش نہیں (۱)،اور حال کو وسیع اس اعتبار سے کہا کہ حال اس قدر قوی ہوتا ہے کہ حال کی وجہ سے عجیب کیفیتیں اور طرح طرح کے علوم حاصل ہوتے ہیں،جو محض علم سے حاصل نہیں ہوتے۔(۲)

فرمایا:جب باری تعالیٰ کا وجود کسی چیز پر غالب آجاتا ہے تو جو خوشبو،بدبو،لذت،تھکاوٹ،الم، راحت،ٹوٹ پھوٹ،اور جسمکی کاہلی وغیرہ پیدا ہوتے ہیں،وہ سالک کی استعداد اور احوال کے سبب ہوتے ہیں ورنہ نور بسیط تو ان کیفیات سے پاک ہوتا ہے۔

یہاں مزید فرمایا کہ میل اور اس کا مزہ و بو دونوں صفتیں کھانے اور سونگھنے والے کی قوتِ ذائقہ و قوتِ شامہ کے حساب سے بری ہیں(فی ذاتہ بری نہیں کیونکہ ہم دیکھتے ہیں)کہ میل کی یہی صفتیں خنزیر اور کیڑے مکوڑوں کی قوتِ شامہ وذائقہ کے لئے اچھی ہیں،کیونکہ خنزیر اور

---

۱ حال تو تمام موجودات کو ذات واحد میں گم یا عدم مانتا ہے،لہٰذا اس میں غیر داخل نہیں ہوسکتا،جبکہ علم ان تمام چیزوں کی الگ الگ چھٹنی کرتا ہے،اور غیر کو غیر کے مقام پر رکھتا ہے،حضرت کا منشا یہ ہے کہ علم کی یہ حیثیت کہ وہ غیر کو بھی وجود کا درجہ دیتا اور اس کا احاطہ کرتا ہے،اسے محدود کردیتی ہے،جب کہ حال لامحدود میں گم ہوتا ہے۔واللہ اعلم

۲ حال سے مراد وہ کیفیت ہے جو ریاضت ومجاہدے سے حاصل ہوتی ہے،جیسے غیبت،حضوری اور شہود وغیرہ،یہ بات یقیناً درست ہے کہ حال سے جو علوم حاصل ہوتے ہیں وہ علمِ خالص سے نہیں ملتے،لیکن ایک بات یہاں اور جاننی چاہئے وہ یہ کہ علم حجت ہوتا ہے جبکہ حال حجت نہیں ہوتا،اس اعتبار سے علم کا مرتبہ بڑھ جاتا ہے،اگر کسی کو دونوں دولتیں حاصل ہوجائیں تو کیا کہنے!نورٌ علی نور۔واللہ اعلم

کیڑے مکوڑوں کی حالت میل کچیل سے بھی زیادہ خراب ہے، اور جہاں تک الم کا تعلق ہے تو وہ مزاج سے ناموافق چیز کے نتیجہ میں پیدا ہوتا ہے، اور یہ کئی قسم کا ہوتا ہے، جیسے سانپوں کا زہر سانپ کے ڈسے ہوئے کو راس آتا ہے، جبکہ دوسرے کے لئے یہی زہر قاتل ثابت ہوتا ہے، اسی طرح باری تعالیٰ کا وجود ہر ذرہ میں یکساں طور پر جلوہ گر ہے، (لیکن کسی کو وہ راس آتا ہے کسی کو نہیں آتا، کیونکہ اس میں مطلوبہ صلاحیت نہیں ہوتی)

اگر کوئی شخص کچھ دوائیاں اپنی زبان سے چکھے تو وہ مفید و مضر میں تمیز نہیں کر سکتا، (دوائی کا فائدہ یا نقصان اس کے ذائقہ پر منحصر نہیں ہوتا) اسی طرح اگر کوئی زمان و مکان کی بندشوں سے چھٹکارا حاصل کرلے تو کوئی چیز اس کے لئے مشکل نہیں رہتی۔

## شراب کہ شیشہ؟

کسی قدیم شاعر کا قول ہے: رق الزجاج ورقت الخمر*(۱)

یعنی مظاہر جو کہ بمنزلہ شیشے کے ہیں صاف شفاف ہیں، اور محبوبِ مستور یعنی نظروں سے اوجھل حق سبحانہ وتعالیٰ کی ذاتِ عالی بمنزلہ شراب کے ہے، وہ بھی انتہائی صاف وشفاف ہے، لہٰذا: "فتشابہا وتشاکل الامر" (تو دونوں ایک جیسے ہو گئے، کہ تمیز کرنا مشکل ہو گیا) صفائی و باریکی (لطافت) کے لحاظ سے ایک دوسرے کے رنگ میں یوں ظاہر ہوئے کہ لوگوں کی نظروں کے لئے مشکل آن پڑی، "فکانما خمر لا قدح" (جیسے شراب ہے شیشہ نہیں) گویا شراب ہے جو جم گئی ہے اور پیمانے کا وجود نہیں، "وکانما قدح ولا خمر" (گویا پیمانہ ہے شراب نہیں) اسی طرح کسی شاعر نے کہا ہے:

**ان شئت قلت حق لا خلق.... وان شئت قلت خلق لا حق**

اگر تو چاہے تو کہہ سکتا ہے کہ حق ہے خلق نہیں، اور یوں بھی کہہ سکتا ہے کہ خلق ہے حق نہیں۔

---

۱ الصاحب ابوالقاسم اسماعیل بن عباد الطالقانی (۳۲۶-۳۸۵ھ) کے اشعار ہیں۔ ابجد العلوم

## علم کی فضیلت

فرمایا: اللہ کی سب سے بڑی صفت ''علم'' ہے، حیات نہیں، کیونکہ ''حیات'' صفتِ علم کے بغیر عین موت ہے، جو حیات کو اللہ کی سب سے بڑی صفت گردانتے ہیں یہ ان کا اپنا گمان ہے، انہوں نے اسے اپنے اوپر قیاس کیا ہے، جبکہ موجود پر غائب کا قیاس بالکل باطل ہے۔

کاتب الحروف کہتا ہے انا کا علم حضوری ہوتا ہے، اور تحقق وتقرر (مستقل شے) کی طرح ہوتا ہے، اگر زائل ہو جائے تو زندگی زائل ہو جاتی ہے، جبکہ خود زندگی علم کے اعتبارات میں سے ایک اعتبار ہے، جبکہ اسے ان امور پر قیاس کیا جائے جو کہ موت وحیات کے قابل ہیں۔(۱)

## امردوں کا دیدار

کسی نے حضرت شیخ کی خدمت میں کسی صوفی کا یہ قول نقل کیا کہ ''اقرب الطرق الی اللہ رؤیۃ الامارد* (اللہ تک پہنچنے کا قریب ترین راستہ یہ ہے کہ نوعمر لڑکوں کا دیدار کیا جائے)۔

آپؒ نے اس قول کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ شاید ان کی مراد یہ ہو کہ کائنات کی تمام اشیاء میں نوعمر لڑکوں کی شکل وشباہت بہت متناسب ہوتی ہے، اور ان کی جانب نفس کا میلان بھی زیادہ ہوتا ہے، اس اعتبار سے نوعمر لڑکوں میں حق کا دیدار زیادہ آسانی کے ساتھ ہوسکتا ہے۔

اور جن مشائخ نے اسے برا جانا ہے ان کے پیشِ نظر یہ خطرہ موجود تھا کہ نوعمر لڑکوں کو دیکھنے سے سالک عالم شہادت (موجودہ دنیا) ہی میں محدود ہو کر رہ جاتا ہے، اور کئی دیگر آفات کے خدشہ کی بنا پر حقیقی خوبصورتی (دیدار حق) سے محروم رہ جاتا ہے۔

یہاں حضرت شیخ کچھ مسکرائے اور فرمایا: نوعمر لڑکوں میں خون ہی تو ہوتا ہے، جو حسن کی صورت میں نظر آتا ہے، اگر ان کا خون نکال دیا جائے تو کوئی ان کی جانب آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھے، اہل

---

۱علم نے فرض کرایا ہے کہ یہ زندگی ہے، اور یہ موت، اگر علم ختم ہو جائے تو پھر کہاں زندگی اور کہاں موت؟

شہود (دیدارِحق کا مشاہدہ کرنے والے) کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی عینک لگا کر پڑھے، اسکی توجہ عینک کی طرف بالکل نہیں ہوتی، مگر ساری کتاب کو اس سے ہی دیکھتا ہے، لیکن اگر عینک کے آگے کوئی پردہ آجائے، یا کوئی ہاتھ رکھدے تو توجہ عینک کی طرف مبذول ہوجاتی ہے۔

## عارف کی نظر

اہل شہود خوبصورت عورتوں، حوروں، اور نوعمر خوبصورت لڑکوں کی طرف مائل نہیں ہوتے، کیونکہ ان کی نظر ان سے کہیں آگے مقصودِ حقیقی اللہ جل جلالہ پر ٹکی ہوتی ہے، حقیقت ناشناس (ڈھونگی) حسین عورتوں کی طرف تو متوجہ ہوتا ہے، لیکن بدصورت سے پہلو تہی کرتا ہے، جبکہ عارف کی نظر میں دونوں برابر ہیں، اسی طرح اہل شہود سرود کے سننے سے بھی لذت حاصل نہیں کرتے، کیونکہ گانے والے کے منہ اور سننے والے کے کان کی درمیانی مسافت زیادہ سے زیادہ ایک یا دو تیر کی ہوتی ہے، اس سے زیادہ نہیں، چاہے گانے والے کی آواز تیز ہی کیوں نہ ہو، جبکہ اہل شہود ان تمام سے بہت آگے اپنے حقیقی منتہا تک پہنچے ہوئے ہوتے ہیں۔

## ولایت کی قسمیں

فرمایا: عام ولایت کے مختلف مراتب ہوتے ہیں، جیسے تقوی، ریاضت، اور اس شخص کا وحدت شہود جسے نہ اپنی ذات کا پتہ ہے، اور نہ کسی دوسری چیز کا، اسی طرح عاشقی اور معشوقیت عام ولایت کے خواص کے مقامات ہیں، خاص ولایت واحد بسیط تک پہنچے بغیر حاصل نہیں ہوسکتی، انبیاء علیہم السلام کا شہود تو عاشقی ومعشوقیت سے بہت بلند ہوتا ہے، مگر ان احادیث کے الفاظ سے راہِ سلوک کے کچھ مبتدی حضرات نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ موسیٰؑ محب (عاشق) اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم محبوبیت (اللہ کے معشوق) کے درجہ پر فائز تھے، حالانکہ حقیقت تو وہی ہے جو ابھی ذکر کی گئی ہے۔

## ذات محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جامع صفات

فرمایا: کبھی تو لا الہ الا اللہ کا تکرار کرنے سے یا محض جذبہ الٰہی سے ہی وحدتِ شہود کا معنی حاصل ہوجاتا ہے، مگر اس کا کوئی اعتبار نہیں، عین القضاۃ ہمدانی کا قول ہے کہ:

''آں را کہ شما خدا میدانید نزدیک ما محمد است صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وآنکہ شما محمد میدانید نزدیک ما خدا است''

جسے تم خدا کہتے ہو میرے نزدیک وہ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اور جسے تم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہتے ہو وہ میرے نزدیک اللہ تعالیٰ ہے۔

اس قول کی تشریح میں فرمایا: چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تبارک وتعالیٰ کا آئینہ اور اس کا کامل نمونہ ہیں، اور محمد کی ذات در حقیقت تعینِ اول (صفات باری تعالیٰ) اور تمام تعینات و مظاہر (کل مخلوقات) کی جامع ہے، اور تمام کا ظہور ان کے نور سے ہوا ہے، اس اعتبار سے عین القضاۃ ہمدانی نے بات کی، ورنہ اللہ تعالیٰ کا وجود تو ہر ذرہ میں برابر ہے، اور معنی کے ایک ہونے کے باوجود لفظ کا تکرار تو صرف گفتگو کی لذت کے لئے لفاظی ہے۔

## فنا کا مطلب

فرمایا: نفس کا فنا یہ نہیں کہ اپنے نفس کا شعور نہ ہو بھلے ہی اللہ تعالیٰ سے بھی غفلت ہو، جیسے ایک قصائی گوشت کاٹنے یا نان بائی روٹیاں پکانے میں مصروف ہوتا ہے تو اس کی توجہ اپنی طرف نہیں ہوتی۔ (تو اس کی یہ لاشعوری فنا نہیں کہلائے گی)

## برابر ہیں ناتوان و پہلوان

فرمایا کہ جو جذبہ شیخ کی توجہ سے حاصل ہوتا ہے، اس میں کمزور اور مضبوط دل دونوں برابر ہوتے ہیں، اور اس سلسلہ میں مزاج کی درستگی اور محنت کی ضرورت پیش نہیں آتی۔ (شیخ اپنی توجہ فرمادے تو بنا محنت ومشقت سب منازل طے ہوجاتی ہیں۔)

## غیب کی تختی

فرمایا: انسانی روح میں ایک قوت پوشیدہ ہے، جسے غیب کی تختی کہتے ہیں، جب نبی اس سے علوم حاصل کرتا ہے تو اسے وحی کے فرشتہ کی ضرورت نہیں رہتی ،بعض متکلمین نے بھی اس کی یہی وضاحت کی ہے، جب ولی اس مقام پر پہنچتا ہے تو اسے بھی الہام کے فرشتہ کی حاجت نہیں رہتی ،اور کبھی تو انسانی روح نیند کی حالت میں اس مقام تک پہنچ کر کسی چیز سے باخبر ہو جاتی ہے، اب جو خواب اس نے دیکھا ہے اگر وہ اس کو مناسب معنٰی نہ دے پائے تو اسے مجرد (معنی سے خالی) کشف کہتے ہیں، اور اگر کوئی مناسب صورت اس خیال کو ملجائے ،تو اسے کشفِ مخیل کہتے ہیں اور یہ کشف تعبیر و تاویل کا محتاج ہے۔

مثلاً اسکا خیال علم میں مشغول ہوا تو یہی خیال کوئی مشروب پینے کی صورت میں آیا، یا اسکی روح کو رمضان میں فجر کی اذان کا خیال آگیا تو نظر آیا کہ گویا لوگوں کے کھانے پینے اور خواہشات پر مہر لگا دی گئی ،کبھی سونے والے کی روح اس پوشیدہ قوت کے بغیر خیال کے عالم میں پہنچ جاتی ہے،تو خیالی چیزیں دکھائی دیتی ہیں، کبھی یہ شکلیں طبیعت کی پریشانی کی وجہ سے بھی ظاہر ہوتی ہیں، جیسے بلغمی مزاج آدمی سونے سے پہلے پانی پی لے،تو اسے بخارات دکھائی دیتے ہیں، اسی طرح گرم مزاج آدمی اگر بینگن کھالے تو اسے آگ دکھائی دیتی ہے، یہ تمام لایعنی قسم کے خواب ہیں، جن کی نہ کوئی تعبیر کی جاسکتی ہے، اور نہ ان کی طرف کوئی توجہ دینی چاہئے۔

تعبیر بتانے والے کو چاہئے کہ وقت کا لحاظ رکھے، مثلاً آدھی رات کا خواب ہے یا سحر کا؟ خواب بیان کرنے کا وقت ،اور اس کے ساتھ ساتھ خواب دیکھنے والے کے حالات پر بھی نگاہ رکھے، کہ کہیں وہ مزاج کی برہمی کا شکار یا خوف زدہ تو نہیں، ان سب چیزوں کا خاص خیال رکھنا چاہئے ،بعض اوقات بلا کسی شرط کے اس بابرکت قوت تک رسائی حاصل ہو جاتی ہے، جیسے کفار کے لئے احتیاط برتی جاتی ہے۔

## جنوں کا سایہ

خوابوں کی تعبیر کا علم قرآن وسنت سے ثابت ہے، اس فن میں کئی مستند کتابیں لکھی جا چکی ہیں، اور اس فن میں امام جعفر صادق علیہم السلام اور ابن سیرین جیسے بڑے بڑے امام گزرے ہیں، اگر خواب عقل کی کمزوری اور علوم وخیالات کے ازدہام کے سبب بھول بھی جائے تو فنِ تعبیر کے ماہرین اسے بیان کر لیتے ہیں، اسی ضمن میں حضرت شیخؒ نے یہ بھی فرمایا کہ نیند کی حالت میں کبھی کبھی انسان کی روح غیب کی خبریں جاننے کے لئے کچھ عرصہ کے لئے جسم سے جدا ہو جاتی ہے، تو اس کی واپسی کچھ مشکل ہو جاتی ہے، اور خواب دیکھنے والا بے چین ہونے لگتا ہے، تو لوگ کہتے ہیں کہ اس پر جنوں کا سایہ ہے۔

## معیت سے پاک

فرمایا کہ کبھی تو مراقبہ میں اتنا ڈوب جاتا ہوں کہ اپنی بھی خبر نہیں رہتی، فرمایا کہ حقیقت تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکت قرب، معیت، اور احاطے سے بری ہے، کیونکہ یہ چیزیں دوئی کا تقاضہ کرتی ہیں اور ایک طرح سے دوری کو ثابت کرتی ہیں، خدا تعالیٰ نے مبتدیوں کو سمجھانے کے لئے، جو اسے دور سمجھتے ہیں، عرش کی جہت بیان کی ہے، نیز فرمایا کہ قرب، معیت، اور احاطے سے مراد وہی ہے جو برف اور پانی میں موجود ہے، یعنی ان صورتوں میں اس کا ظہور ہے۔

## نقصان کا تقاضہ

صوفیائے کرام کا قول ہے:

النقصان مقتضی استعداد الماھیات* (نقصان ماہیات کی استعداد کا تقاضہ کرتا ہے)

اس قول کی تشریح میں فرمایا: چونکہ ان مادوں کا مستقل وجود ہے، لہٰذا ان کے اندر اپنے وجود کے لئے حاجت کی استعداد کا ہونا ضروری ہے، اور اگر اس حاجت کا تعلق اللہ تعالیٰ کے وجود

سے ہوتو ان ماہیات کے ساتھ احتیاج کا کوئی تعلق نہیں لہٰذا حقیقت میں کوئی نقصان نہیں ہوتا یہ صرف لوگوں کی نظر کا دھوکا ہے، (جب استعداد نہیں تو نقصان نہیں )

## علوم کے مرتبے

فرمایا: علومِ توحید کے مقابلہ میں تمام علوم بھوسی کے درجہ میں ہیں، اور علومِ توحید آٹے کے درجہ میں، پھر علمِ توحید اور وصول ( ذاتِ باری تعالیٰ تک رسائی ) وشہود ( دیدارِ الٰہی ) کی مثال ایسی ہے جیسے آٹا اور مغز، وصول سے پہلے علمِ توحید ہی میں مگن رہ جانے سے سالک ہرگز لذت یاب نہیں ہوتا، کیا تم نہیں دیکھتے کہ بیاہ رچانے والا بیاہ کے بعد چغل خور کی باتوں پر کان نہیں دھرتا ،صوفیاء کے اقوال کو بغیر تحقیق کے نقل کرنا ایسا ہے جیسے کہ ہمارے محلہ کا - ایک کہانیاں کہنے والا رات کو قصہ گھڑتا ہے، اور صبح لوگوں سے بیان کر دیتا ہے۔

## انکار کی وجوہات

فرمایا کہ اللہ کے اولیاء کا انکار درج ذیل اسباب کی بنا پر ہوتا ہے:

پہلا سبب:۔ شرکتِ مکان: منکر اور ولی کا ایک ہی شہر یا محلہ کا ہونا۔

دوسرا سبب: شرکتِ زمان: دونوں کا ایک ہی زمانے میں ہونا ۔

تیسرا سبب: شرکتِ نسبت: خاندان یا قبیلہ کا ایک ہونا ۔

## عبادت کی حقیقت

عوام زیادہ تر اس کے معتقد ہوتے ہیں جس کے پاس کئی خدام ہوتے ہیں، عبادت زیادہ کرتا ہے، چاہے یہ عبادت ریا کاری اور دکھلاوا ہی کیوں نہ ہو، جبکہ اصول یہ ہے کہ شیخ کی عبادت کی حقیقت پر توجہ دی جانی چاہئے، حدیث میں آتا ہے ایک شخص کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنت کی خوش خبری دی، ایک صاحب ان کی ٹوہ میں لگ گئے، چھان بین کے بعد انہیں معلوم ہوا کہ

بشارت یافتہ شخص زیادہ نوافل ادا نہیں کرتا، انہوں نے ان سے بشارت کی وجہ معلوم کی تو انہوں نے جواب دیا: اگر زمین سے آسمان تک جواہرات اور درہم و دینار بھر جائیں اور میں اسکا مالک ہوجاؤں، پھر وہ تمام دولت تباہ ہوجائے، تو اسکا مجھے ذرہ برابر دکھ نہ ہو، کیونکہ اسکے ہونے سے مجھے کوئی خوشی بھی نہ تھی۔

درحقیقت مقصود تو یہ ہے کہ دل سے اللہ کا غیر نکل جائے، اگر یہ گوہر ہاتھ آجائے تو تھوڑی سی عبادت بھی انتہائی سودمند ثابت ہوتی ہے، اس سے معلوم یہ ہوا کہ سچے طالب کو شیخ کی ظاہری عبادت پر توجہ نہیں دینی چاہیئے۔

## مومن کی کھیتی

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ہے:

"قلوب بنی آدم تلین فی الشتاء [1]"() "بنی آدم کے دل سردیوں میں نرم پڑ جاتے ہیں"

حضرت شیخؒ نے اس حدیث کی تشریح میں فرمایا کہ سردی کے موسم میں انسانوں کے بدن باہر سے ٹھنڈے ہوجاتے ہیں، اور اندر سے گرم ہوجاتے ہیں، جبکہ گرمی کے موسم میں معاملہ اس کا الٹا ہے، اور جب مادی قلب کی چربی پگھل جاتی ہے تو معنوی قلب صاف شفاف ہوجاتا ہے، اسی طرح اگر فاقہ اور جہری ذکر کثرت سے کیا جائے تب بھی اس کی چربی پگھل جاتی ہے، جبکہ سیر ہوکر کھانا، غصہ و شہوت جیسے برے اخلاق پیدا کرتا ہے۔

---

[1] قلوب ابن آدم تلين في الشتاء، و ذلك لأن الله تعالى خلق آدم من طين و الطين يلين في الشتاء. حليه لابی نعيم، بحواله کنز العمال - (۱۳۵۲۱)

یہ معلوم نہیں ہوسکا کہ یہ حدیث ہے یا نہیں، امام ترمذیؒ کتاب الصوم میں اسی مضمون کی ایک حدیث لائے ہیں، جس میں سردی کے موسم کی تعریف کی گئی ہے کہ اس کے دن چھوٹے ہیں جس کی بنا پر روزہ آسان ہے، رات لمبی ہیں اس لئے قیام آسان ہے، امام ترمذیؒ نے اس پر مرسل کا حکم لگایا ہے، اس کی سند میں دو راوی مجہول ہیں۔ واللہ اعلم

## کرامت کیا ہے؟

فرمایا کہ اکثر خوارقِ عادات (عادت کے خلاف ظاہر ہونے والے امور، کرامات) کا ظہور صرف راہ دکھانا ہے، کیونکہ عارف کی اصل منزل تو شہود و وصول ہی ہے، مگر جو اس حالت سے نکل آئے تو اس سے وہی ظاہر ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ چاہتا ہے۔

## جمالِ محبوب میں گم

فرمایا: عارف خاتمہ پر نظر نہیں رکھتا، کیونکہ یہ نقصان کے مترادف ہے، اگر ہزار بار بھی وہ یہ آواز سنے کہ ''ہم نے تمہیں بد بخت بنا دیا'' یا یہ سنے کہ ''تمہارا خاتمہ بالخیر نہ ہوگا'' اس طرح کی تمام باتوں پر توجہ دیکر وہ دیدارِ جمالِ محبوب کے نقد نفع سے خود کو دور نہیں کرتا۔

فرمایا: ملائکہ اور جنات جس صورت میں چاہیں ظاہر ہو سکتے ہیں، لیکن ان کے نفس کی حقیقت جوں کی توں باقی رہتی ہے مثلاً جبرئیل علیہ السلام اپنی جگہ پر بھی قائم ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت میں دحیہ کلبی نامی صحابی کی صورت میں حاضر ہوتے ہیں۔

## جنات کی قید

اگر عارف کسی جن کو قبضہ میں کرنا چاہے تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ پورے عزم کے ساتھ اس کی شکل کی طرف متوجہ ہو، تو وہ جن اس شکل سے باہر نہیں آسکے گا الا یہ کہ وہ عارف کی توجہ منتشر کر دے مثلاً جن کتے کی صورت میں ظاہر ہو اور عارف کی توجہ اس کی اسی شکل پر جمی رہے، تو وہ جن اس صورت سے باہر نہیں جا سکتا، لیکن کبھی ایسا ہوتا ہے کہ وہ کتے کی شکل پر بکری کر صورت کا حجاب ڈال لیتا ہے، اگر عارف اس حجاب والی صورت پر توجہ ڈال کر اسے بند کر دے اور دفعتاً اس کی توجہ کتے کی طرف مبذول ہو جائے کہ وہ کہاں گیا تو اس کی توجہ منتشر ہو جائیگی، اور جن کسی دوسرے روپ میں فرار ہو جائیگا۔

## سورہ فاتحہ کی خاصیت

فرمایا: عارفین سے منقول ہے کہ سورہ فاتحہ کو ایک ہفتہ تک اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھا جائے، اور پڑھنے کی صورت یہ ہو کہ بسم اللہ کے آخر کو الحمد کے ساتھ ملا کر ایک سانس میں مکمل سورۃ پڑھے تو مقاصد حل ہو جاتے ہیں۔

## وَفَوْقَ كُلِّ ذِي عِلْمٍ عَلِيمٌ

اللہ تعالیٰ کے فرمان ''فوق کل ذی علم علیم'' کے بیان میں فرمایا کہ علیم مبالغہ کا صیغہ ہے، جس کا معنی ہے ''بہت زیادہ علم رکھنے والا''، اور وہ اللہ لم یزل کی ذات اقدس کے علاوہ کوئی اور نہیں، لہٰذا استثناء کی کوئی ضرورت نہیں ہے، معنی بالکل صحیح ہیں۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ یہاں ایک شبہ ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ آپ کہتے ہیں وحدت کے شہود سے بالا کوئی مقام اور علم نہیں، جبکہ آیت اس بات کا تقاضہ کرتی ہے کہ ہر علم سے اوپر ایک علم ہے، اور یہ نہ ختم ہونے والا سلسلہ ہے، اس شبہ کا ازالہ یہ ہے کہ یہاں ''توحید ذاتی'' کا استثناء مقدر ہے، (اللہ تعالیٰ کے علاوہ اہل علم مراد ہیں) اور دوسری وجہ یہ ہے کہ علیم خدا کا نام ہے، اور وحدت کے شہود سے آگے توحید ذاتِ باری ہے، اگر چہ بندے کے لئے مزید ترقی کی گنجائش نہیں۔ (اس صورت میں علیم سے مراد اللہ تعالیٰ ہیں، کہ وہ ہر عالمسے اوپر ہیں)

## شیخ جنیدؒ کے بعض اقوال کا مطلب

شیخ جنیدؒ کا قول ہے:

**طارت العبارات، فنیت الاشارات، وما ینفعنا نوافل العبادات الا رکعات خفیفة صلیناها فی جوف اللیل ***

عبارتیں اڑ گئیں، اشارے فنا ہو گئے، اور ہمیں نفلی عبادت سے کوئی فائدہ نہیں پہنچا، لیکن نصف

شب میں اٹھکر جو ہلکی پھلکی رکعتیں پڑھیں ان سے فائدہ پہنچا۔

اس عبارت کی تشریح میں فرمایا کہ ’’طارت العبارات‘‘ سے مراد ظاہری اعمال ہیں، اور ’’فنیت الاشارات‘‘ یعنی وہ جو کہ ظاہر سے خالی ہیں اور باطن سے متعلق ہیں، ’’ومانفعنا نوافل العبادات‘‘ یعنی مکمل فائدہ ظاہری نفلوں کے پڑھنے سے حاصل نہیں ہوتا، ’’الارکعات خفیفة صلینا ہافی جوف اللیل‘‘ یعنی راحت وآرام کو ترک کر کے ہمنے محنت ومشقت اپنالی اور اس طرح ہمیں حق تعالیٰ کا وصال نصیب ہوا، خلاصہ یہ کہ زبانی عبارات واشارات پر اکتفاء نہیں کرنا چاہئے، بلکہ ضروری ہے کہ اللہ کی طرف پورے خشوع وخضوع کے ساتھ متوجہ ہو، خاص کر ایسے اوقات میں کہ کوئی رکاوٹ حائل نہ ہو، اس کے نتیجہ میں حضور ومشاہدہ حاصل ہوجاتا ہے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ میں اس واقعہ کو ظاہر پر محمول کرتا ہوں، اگرچہ خشوع وخضوع خود اپنی جگہ بڑا کمال ہے لیکن ثواب ودرجات تو طاعات (اعمالِ صالحہ) کا ثمرہ ہیں۔

## روح الارواح

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے: الروح ملک له سبعون الف وجه[1]*

روح ایک ایسا فرشتہ ہے جس کے ستر ہزار چہرے ہیں۔

حضرت شیخؒ نے اس حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہاں یہ احتمال ہے کہ اس سے مراد روح الارواح ہو، کیونکہ وہ فرشتوں کا جوہر ہے، جسے بعض اوقات ملک کہہ دیا جاتا ہے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ روح الارواح تجلی سے عبارت ہے، جو حظیرۃ القدس کی اصل ہے، اور تمام ارواح اس کے گرد جسم پر روشنی کی طرح ہیں، یا میں سمجھتا ہوں کہ روح الارواح سے مراد مثال نوعِ انسان ہے، کیونکہ تمام روحیں اسی سے پھوٹتی ہیں۔

---

[1] وأخرج ابن جرير بسند ضعيف عن علي بن أبى طالب قال: الروح ملك له سبعون ألف وجه ......الخ، (الحبائك في أخبار الملائك۔ للسيوطى-(18/1)

## روح کے نام

لطائف ستہ کی تحقیق میں فرمایا کہ عبارتی اختلاف کی حیثیت سے روح کے بہت سے نام ہیں، لہٰذا ہر اعتبار ایک مستقل لطیفہ کی حیثیت سے ظاہر ہوتا ہے۔ (دیکھئے صفحہ نمبر ۲۲۳ لطائف ستہ)

## علی مرتضیٰ آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وزیر خامس

ثعلبی کی حدیث جو کہ تفسیر میں وارد ہے، کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہ کے حق میں دعا کرتے ہوئے فرمایا:

اللھم اشرح لی صدری ویسر لی امری واجعلی لی وزیرا من اھلی*(۱)

اے میرے رب میرا سینہ کھول دے، میرے معاملہ کو آسان فرما، اور میرے خاندان میں سے میرے لئے وزیر بنا۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اس حدیث کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ اس سے مراد ہے:

واجعل لی وزیرا خامسا* میرے لئے پانچواں وزیر بنا، کیونکہ شیخین سیدنا ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما اور دو فرشتہ جبرئیل ومیکائیل علیہما السلام پہلے ہی سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وزراء تھے۔

## علی کرم اللہ وجہہ کا قول

حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول ہے:

سئل ارأیت ربک؟قال ما کنت اعبد ربا لم أره فقال السائل کیف رأیته فقال لم تره العیون بمشاھدة العیان ولکن رأته القلوب بحقائق الایقان*۲

---

۱ یہ ایک طویل روایت کا ٹکڑا ہے، جسے ثعلبی نے اپنی تفسیر ''کشاف'' میں وارد کیا ہے، علمائے حدیث نے اس کو اہل روافض کی موضوعات میں شمار کیا ہے، اس کی کوئی اصل کتب حدیث میں موجود نہیں، البتہ اس روایت کے سلسلے میں شیخ نے جو توجیہ بیان فرمائی وہ بہت ہی زبردست ہے۔

۲ الانصاف للباقلانی، ص ۷ ۳ م ش

حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ فرمایا: میں نے کبھی اللہ کو دیکھے بغیر عبادت ہی نہیں کی، اس پر سائل نے پوچھا آپ نے اسے کس طرح دیکھا؟ فرمایا: اسے کھلی آنکھوں نے تو کبھی نہیں دیکھا، لیکن اسے قلوب نے یقینی حقائق کے ساتھ دیکھا ہے۔

کاتب الحروف اس قول کے بارے میں کہتا ہے کہ اس توجیہ کی غرض وغایت یہ ہے کہ یہ کلام دنیا میں مشاہدہ کے خلاف نہیں ہے، کیونکہ پہلے ہی سے مقرر ہے، بلکہ مراد یہ ہے کہ آنکھیں جہت والوان کا تقاضہ کرتی ہیں، اس لئے کہ یہ مطلق آنکھیں نہیں ہیں، فرمایا کہ دنیاوی آنکھوں نے ذاتِ حق کو نہیں دیکھا کیونکہ یہ جہت، الوان، اور شکل کا تقاضہ کرتی ہیں، بلکہ وہ تو حق الیقین کی صورت میں دیکھا گیا ہے۔

## علم کی قسمیں

فرمایا کہ علم الیقین یہ ہے کہ دھواں دیکھنے کے بعد آگ کے وجود کا یقین کرلیا جائے، اور عین الیقین یہ ہے کہ آگ کو دیکھے، اور حق الیقین یہ کہ آگ کا علم بھی جانے۔ (آنچ محسوس کرے) اپنے نفس کا مشاہدہ عین الیقین میں داخل ہے، جبکہ حق الیقین میں وصول وشہود ہوتا ہے، کتابیں پڑھنے اور سننے سے اسرار کا جاننا عین الیقین نہیں، بلکہ علم الیقین ہے، حق الیقین یہ ہے کہ حجابات کو اس طرح کھول دے کہ ان پر غالب آجائے، اور شک کا نام ونشان بھینہ رہے، چنانچہ معروف یقین جو اطمنانِ قلب کا باعث ہوتا ہے، وہ ایسے امور سے حاصل ہوجاتا ہے۔

## کرامت کا اظہار

صوفیاءکرام کا قول ہے کہ ''العارف لاہمۃ لہ'' یعنی عارف وہ ہے جس کا کوئی ارادہ نہیں ہوتا، اس کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ عارف کرامت کے اظہار کا ارادہ نہیں رکھتا، بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کی قدرت کے حکم پر نظر رکھتا ہے، گویا کرامت کے ظہور کے لئے عارف کے سامنے سوائے منشائے الٰہی کے کوئی چیز رکاوٹ نہیں بنتی۔

## قہرِ درویش

لیکن عارف کامل کو یہ قدرت عطا کی گئی ہے کہ جب چاہے قہر و غضب کا مظاہرہ کر سکتا ہے، چنانچہ ایک بادشاہ کسی عارف کامل کے آستانے میں سوار داخل ہوا تو اسے کہا گیا کہ یہ آداب کے خلاف ہے، اس نے بڑے غرور سے جواب دیا: میں نے بہت سے فقراء دیکھے ہیں، کسی میں کچھ تاثیر نہیں، یہ سن کر عارف کو جلال آیا اور اس کی طرف غضبناک نگاہوں سے دیکھا اسی وقت گھوڑے نے سرکشی کی اور پچھلے پاؤں پر کھڑا ہو گیا، بادشاہ دھڑام سے نیچے گرا اور مر گیا۔
عارف نے کہا: میں نے یہ قدم اس لئے اٹھایا ہے تا کہ لوگ فقراء کو حقیر نہ جانیں، مگر بعض کاملین تو اس طرح کی طاقت رکھنے کے باوجود بھی اس طرف توجہ نہیں دیتے، اس ضمن میں شیخ فریدالدین عطارؒ، عین القضاۃ اور حسین ابن منصور کے بارے میں کہا گیا ہے کہ یہ تمام حضرات اللہ کی رضا پر راضی اور اس کی تقدیر پر خوش تھے، اور اس میں اپنا تصرف نہیں چاہتے تھے۔
جیسے شیخ عطارؒ نے اپنے قاتل سے کہا: اے ترک زادے تو جس روپ میں بھی آئے میں تجھے خوب پہچانتا ہوں، یہ کہہ کر اپنا سر اسکے سامنے جھکا دیا، ایسے حالات سے خوف زدہ ہونا ناقص ہونے کی دلیل ہے، کیونکہ پستی کی حالت میں قہر کے مظاہر کا مقابلہ کرنا مشکل پڑ جاتا ہے۔
فرمایا: تجلی ذاتی میں موجود انوار کا خارجی وجود (عملی تجربہ) کے ساتھ مشاہدہ کرنا ضروری ہے، نہ کہ علمی، ذہنی اور وہمی طور پر، کاتب الحروف یہاں یہ وضاحت کر دینا چاہتا ہے کہ تجلی ذاتی سے مراد یہاں کمال تدلی (قرب کی انتہا، خود دل جس کا متلاشی ہو، ظاہر ہیکہ اس سے فطری انسیت ہوگی) کا ظہور ہے، جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اتفاق ہوا اور تجلی آگ کی صورت میں ظاہر ہوئی۔(۱)

---

۱حضرت موسیٰؑ چونکہ آگ کی ہی تلاش میں تھے، لہذا تجلی کے آگ کی صورت میں ظاہر ہونے سے قربت میں مزید زیادتی و انسیت پیدا ہوگئی، اور وہ ادھر کھنچے چلے گئے۔

## بے فائدہ توحید

فرمایا: دلیل و کلام کی رو سے یہ سمجھنا غلط ہے کہ فنا سے مراد غیر کی نفی ہے، اور بقاء عینیت (مشاہدہ) کے اثبات کا نام ہے، یہ بات اس شخص کی طرح ہے جس کے پانچ بیٹے تھے اور وہ خود تنہا سفر کر رہا تھا، کہ دو چوروں نے اسے گھیر لیا، اس نے اپنے بیٹوں کو مدد کے لئے پکارا کہ بیٹو آؤ! ان چوروں کو مجھ سے دور کرو، یہ اسکا حضورِ وہمی تھا، جو نہ اس کو چوروں سے چھڑا سکتا تھا، اور نہ ہی اسے خوف وڈر سے نجات دے سکتا تھا۔

اگر کوئی شخص پانی کی حقیقت اور اس کے اوصاف یعنی پانی کی ٹھنڈک، بہاؤ، پیاس دور کرنے کی صلاحیت اور کپڑوں کو صاف کر دینے کی صفت کو سمجھ بھی لے تو اسکی پیاس ہرگز نہیں بجھ سکتی، یہاں تک کہ اسے پانی کا پینا میسر آ جائے، اسی طرح اگر کسی کو مٹھائی کھانے کی طلب ہو مگر اسے کبھی دیکھا نہ ہو تو ایسی صورت میں اسے کوئی فائدہ حاصل نہیں ہوسکتا، چاہے وہ میٹھے کی تمام کیفیات کو اچھی طرح جانتا ہو، بالکل اسی طرح جس نے صرف رسمی توحید پر اکتفا کیا اور شرکِ خفی کا اثر بدستور اس کے دل میں باقی رہا تو اس توحید سے اسے کوئی نفع حاصل نہیں ہوگا۔

مزید فرمایا کہ مذکورہ تجلی کے آثار وصولِ رسمی سے نہیں، بلکہ وصولِ حقیقی سے حاصل ہوتے ہیں، کہتے ہیں کہ حسین ابن منصورؒ کے ہاتھ کاٹے گئے، مگر وہ مسکراتے رہے ان کی ہر انگلی سے انا الحق کی صدا آتی رہی، دار پر کھینچا گیا تب بھی انا الحق پکارتے رہے، جلا دیا گیا تو راکھ کا ہر ذرہ انا الحق کی صدا بن گیا، تین دن بعد راکھ کو دریا برد کیا گیا تو وہاں بھی انا الحق کا آوازہ سنائی دیا، یہ اس لئے تھا کہ رسمی توحید پر اکتفا کی بجائے وہ توحید حالی سے سرفراز ہوئے تھے، یہاں فرمایا کہ توحید حالی کے آثار یہ ہوتے ہیں کہ توحید ذاتی میں ان انوار کے خارجی وجود کا ظہور ہوتا ہے: (۱) نور ازلی کا دیدار، (۲) جو کچھ حسین ابن منصور سے ظاہر ہوا، (۳) توحید صفاتی میں خشوع وخضوع، سرور وانس پایا جاتا ہے، اور (۴) توحید افعال میں توکل اور مدح وذم کا برابر ہونا۔

## مجذوب اور سالک

فرمایا: مجذوبِ واصل سے کرامات اور کشف ظاہر نہیں ہوتے، کیونکہ وہ اللہ کی ذات میں اس قدر ڈوبا ہوتا ہے کہ کائنات کی طرف توجہ نہیں دے سکتا لیکن سالک کا معاملہ مختلف ہے، مجذوب کی مثال ایسی ہے جیسے کسی کو ہودج میں ڈال کروادیوں اور راستوں سے ہوتے ہوئے ایک شہر سے دوسرے شہر لے جایا جائے، پھر اگر اس سے کسی درمیانی بستی کے بارے میں معلوم کیا جائے تو وہ کچھ نہیں بتا سکے گا، جبکہ اسکے مقابلہ میں سالک اس راہ کے تمام مقامات اور ان کی تفصیلاً ت سے پوری طرح باخبر ہوتا ہے، یہاں آپ نے مزید فرمایا کہ اگر مجذوبِ واصل کائنات کی حقیقت سے آگاہی حاصل کرنا چاہے تو اسے سلوک اختیار کرنا چاہئے۔

اگر کوئی شخص اس مقام کا دعوی کرے تو اس سے ذات وصفات کی معرفت کے بارے میں پوچھنا چاہئے تاکہ حقیقتِ حال واضح ہو، ورنہ خانہ زاد مشائخ اپنی دکان چمکانے کے لئے ایسی باتیں کرتے ہیں کہ کرامات تو معمولی چیز ہیں انکی طرف توجہ نہیں کرنی چاہئے۔

یہ بات عارفین وواصلین کے حق میں تو صحیح ہے، مگر ان جاہلوں کو تو ذات وصفات کی معرفت اور توحید حالی کے آثار کا ذرہ برابر بھی علم نہیں، اس لئے ان کی اس بات میں کوئی وزن نہیں ہے۔

## موجودات ومعقولات

شیخ محب اللہ الہ آبادی (۱) کے مسلک کے سلسلے میں فرمایا کہ انہوں نے ذات سے مبداء قائم بذاتہ اور مقدم بشیوانا تہ (اپنے آپ میں قائم اور تمام موجودات سے مقدم ذات) مراد نہیں لیا، بلکہ ان کی مراد ماہیت ہے، جو کہ معقولاتِ ثانیہ (اللہ کے علاوہ) میں ہے، اسی طرح انہوں نے

۱ متوفی ۱۰۵۸ھ، ۱۶۴۸ء، ابن عربیؒ کے وحدت الوجود کے نظریہ کے زبردست حامی ومبلغ تھے، وحدت ادیان کے حامیوں کو مواد فراہم کیا، متنازع شخصیت بنے رہے، دینی حلقوں میں ہلچل اور بے چینی برپا کرڈالی تھی۔

وجود کا مصدری معنی مراد لیا ہے، جو کہ کون (ہونا) وحصول ہے، اور ''تسویہ'' میں معقول کا جو لفظ استعمال ہوا ہے وہ محسوس کی جگہ استعمال ہوا ہے، نہ کہ موجود کے مقابلہ میں، چنانچہ شیخ الرئیس نے شفاء میں لکھا ہے کہ لفظ معقول وجود کے منافی نہیں، اور ملا جلال دوانی نے تہذیب کے حاشیہ پر یہی بات نقل کی ہے، اور یہ بات بعید نہیں کہ اگر ہم معقول کو موجود کا مقابل قرار دیں تو اسکا مطلق معدوم ہونا لازم آجائے، اور وہ لفظ جو موجود سے مخالف معنی کا حامل ہے۔

پس اگر وہ موجود ایسا ہے کہ اسکا وجود ذات سے الگ نہیں ہے، تو اس سے لازم نہیں آتا کہ معقول مطلق معدوم ہو، بلکہ اس سے جو نتیجہ نکلتا ہے وہ یہ ہے کہ موجود بنفسہ لنفسہ (خود بخود، اپنے آپ میں مکمل) ہے اور یہ اپنی جگہ درست ہے، کہ موجود کی تعریف یہی ہے۔

لہٰذا ثابت ہوا کہ خود ان کی اصطلاح میں لفظِ معقول موجود بنفسہ لنفسہ کے مقابل ہے، چنانچہ شیخ اکبر قدس سرہ نے فتوحاتِ مکیہ کے باب صوم میں لفظِ معقول استعمال کیا ہے، اور انہوں نے اس سے یہی معنی مراد لیا ہے جو اوپر بیان کیا گیا ہے، لفظِ معقول اگرچہ صوفیاء کی اصطلاح میں موجود بنفسہ لنفسہ کے لئے وضع کیا گیا ہے، اس کے باوجود یہ موجود من غیر مدخلۃ الغیر (۱) ہے، اور حضرت محب اللہ قدس سرہ نے تسویہ میں شیخ اکبرؒ کی اتباع میں معقول کا لفظ استعمال کیا ہے، اور یہ عبارت شاہ عنایت اللہ اکبر آبادی کی ہے، جو میں نے شبہ کے ازالہ کے لئے نقل کی ہے۔

---

۱معنی کے اعتبار سے تو فرق نہ ہوا کہ دونوں میں وجود بنفسہ کے معنی ہیں، فرق صرف یہ ہے کہ معقول (عقل جس کا اقرار کرے) میں یہ معنی سلبی طور پر پائے جارہے ہیں، جیسے لا الہ میں جو معنی سلبی طور پر ہیں، الا اللہ میں وہی معنی ایجابی طور پر پائے جاتے ہیں، لہٰذا مذکورہ تفسیر کے مطابق اس کے معنی ہوئے ''ایسا وجود جسے ماننے اور قبول کرنے کے لئے کسی دوسرے لاحقہ کی ضرورت نہیں'' جبکہ لفظ موجود میں یہ معنی ایجابی اعتبار سے پائے جاتے ہیں ہیں، تو اس کے لحاظ سے معنی ہونگے ایسی ذات جو اپنے آپ میں مکمل ہے، اپنی تعارف خود ہے، ہمیشہ موجود ہے، اس اعتبار سے نتیجہ، مفہوم اور مقصد دونوں جملوں کا ایک ہی ہے، لیکن تعبیر کا فرق ہے، شیخ محب اللہ کی مذکورہ بالا تفسیر ان میں سے ایک تعبیر کو اختیار کرتی ہے اور دوسری تعبیر کو ناپسند کرتی ہے۔ واللہ اعلم

## وجودحق کا ثبوت

**کما ان ذات زید ھو الحیوان الناطق حیث لا وجود لہ الا فی ضمن الافراد***

جیسا کہ زید کی ذات حیوانِ ناطق ہے، کہ اس کا وجود صرف افراد کے ضمن میں موجود ہے۔

نیز فرماتے ہیں:

**افراد الانسان من زید و عمر و بکر و خالد ینتزع منھم ما بہ اشتراکھم وھو الحیوان الناطق الذی ھو من المعقولات الثانیہ فکذالک ینتزع من الشیونات وجود الحق***

جس طرح افراد یعنی زید عمرو بکر اور خالد سے قدرِ مشترک یعنی نطق (بولنے) کو حاصل کیا جاتا ہے، جو کہ معقولات ثانیہ میں سے ہے، اسی طرح شیوانات میں سے وجودِ حق کا اثبات کیا جاتا ہے۔(۱)

اور یہ صریح کفر ہے، کیونکہ مظاہر کا وجود تو خود قیومِ حقیقی جل شانہ سے ہے، اور اسی طرح اس کا محتاج ہے جس طرح شمع سے بننے والی مصنوعی شکلیں وصورتیں اپنے وجود کے لئے شمع کی محتاج ہوتی ہیں، اور جو موجود و مشہود ہے وہ تو ذاتِ حق جل شانہ ہے، اور مخلوق کی حیثیت طلسم معقول (جادو سے پیدا ہوجانے والے مصنوعی ہیولے جن کا حقیقی وجود کچھ نہیں) کی سی ہے، کیونکہ یہ عالم تو وجود (اللہ تعالیٰ) کے فانی اشکال واطوار (فنا ہونے والے عارضی مظاہر) کا نام ہے، اور حق حضرتِ وجود کا نام ہے۔

اور یہ (کفر کا الزام) ان کے اس قول کی بنا پر ہے کہ حق معقولِ محض ہے، اگر اس سے مراد یہ ہے کہ عقل کی رسائی اس کی ذات کی حقیقت تک ہے، تو یہ بات غلط ہے، کیونکہ حقیقتِ واجب تک کسی عقل کی رسائی ممکن نہیں، اور اگر اس سے مراد معقولاتِ ثانیہ ہے جیسا کہ سیاق وسباق اس پر دلالت کر رہا ہے، تو یہ بھی صریح کفر ہے، جو کہ دہریوں (کمیونزم، مارکسواد) کے باطل

---

۱شیون سے وہ مظاہر وموجودات مراد لئے جاتے ہیں جو آنکھ سے تو نظر نہیں آتے لیکن ان کے وجود سے انکار ممکن نہیں، جیسے آگ، ہوا، روشنی اور روح جو ان میں سب سے زیادہ لطیف ہے۔

مذہب کی طرف جاتا ہے،(۱)اور اگر اس سے ان کی مراد وہی ہے جو شیخ اکبر رحمہ اللہ نے لی ہے کہ ذاتِ حق صرف فرض کرنے کی حد تک معقول محض ہے، کیونکہ اسکے کمالات اور اسکا علمِ یقین سے خالی ہونا عقلی مفروضہ سے زیادہ کچھ حیثیت نہیں رکھتا، اگرچہ مظاہرِ فانیہ میں موجود بھی حضرتِ حق ہی ہے، لیکن یہ تمام مظاہر اپنے وجود میں درحقیقت اسکے محتاج ہیں، اور ذات کی حقیقتسے نسبت کے اعتبارات و معانی کے بھی محتاج ہیں،(۲) یا اسکا مطلب یہ ہے کہ ذات حق محجوبین کے احساس سے بلند و بالا ہے، تو یہ بات اپنی جگہ درست ہے، لیکن انکی تصریحات سے خود اس بات کی نفی ہوتی ہے، چنانچہ انکے خطبہ کے ابتدائی جملوں سے ہی احتیاجِ حق کا مفہوم نکلتا ہے، جس میں وہ فرماتے ہیں''**الحمد للہ لمن وجد بکل ما وجد**''یعنی سب تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جو کائنات کی تمام موجودات میں موجود ہے، لیکن انہوں نے یوں نہیں کہا :''**الحمد لمن وجد بہ کل ما وجد**''یعنی تمام تعریفیں اس ذاتِ باری کے لئے ہیں کہ جس سے تمام موجودات کا وجود ہے۔(۳)

## حق بدلتا نہیں

فرمایا: حق اللہ کے وجود کا نام ہے، جو خارج میں موجود اور خود اپنی حقیقت کے ساتھ باقی ہے، جیسے پانی برتنوں کی شکلوں اور رنگوں کے مختلف ہونے کے باوجود اپنی اصلیت پر برقرار رہتا ہے، اور عالم، وجود کے اطوار، عادات اور فانی اشکال و صورتوں کا نام ہے، جو ایک صورت سے

---

[۱] کیونکہ معقولات ثانیہ (بولنے، سمجھنے، علوم حاصل کرنے، یادداشت وغیرہ کی صلاحتیں) ارتقائی ہوتی ہیں، تو یہ دہریوں کا مذہب ہے جو کہتے ہیں کہ الہ کا تصور بھی ارتقاء و تدریج کے عمل سے گذر کر قائم ہوا ہے۔

[۲] ان مظاہر میں حق کی موجودگی اسی معنی میں ہے کہ وہ مظاہر اس کے حکم و قوت کے محتاج ہیں، اپنے آپ میں کچھ نہیں، اس معنی میں نہیں کہ ان کے اجزائے ترکیبی میں حضرت حق کا کوئی عنصر مادی طور پر بھی شامل ہو۔

[۳] پہلے جملے میں مشاہدۂ حق کا بیان ہے، جبکہ دوسرے میں وحدۃ الوجود کی جھلکی۔

دوسری صورت میں بدلتی رہتی ہے، پس کفر وفسق اور نجاستیں وغیرہ اپنی ذات کی تعریف کے لحاظ سے کمالات ہیں، لیکن انکا وجود حق سے کوئی تعلق نہیں، بلکہ یہ عالم کے اوصاف میں سے ہیں۔ اگر چہ قیومِ کل یعنی خالق حقیقی اللہ شانہ ہے، اس لئے کہ اگر وہ کفر وفسق کا خالق نہیں تو ان کا وجود کہاں سے آیا؟ اسی طرح پیدا ہونا اور پیدا کرنا بھی عالم کے اوصاف میں سے ہے، یعنی یہ بدلنے والی اشکال وصورتیں باری تعالیٰ کے وجود کے اوصاف میں سے نہیں۔

لہٰذا اس میں شک نہیں کہ اس کے تعینات واوصاف (مظاہر) محض فرضی چیزیں ہیں، کیونکہ یہ سب ذات کے اعتبارات واضافات (حکمی، طور پر اس کی ذات سے متعلق) ہیں، اور ذات ان تمام میں ظہور کے باوجود منزہ ہے (کیونکہ ذات کا کوئی عنصر ان مظاہر میں شامل نہیں۔)

## عارف ومتعرف کا فرق

فرمایا کہ رسمی متعرف (معرفت کا ڈھونگی) کا کلام دلوں پر اثر انداز نہیں ہوتا، جبکہ حقیقی عارف کا کلام مؤثر ہوتا ہے، اور عارف ومتعرف کے نزاع کی مثال نبی کریم ﷺ اور آپ کے اھلِ بیت کے کافروں کے ساتھ مباہلہ میں موجود ہے، متعرف عارف کے ساتھ گفتگو اور اس کا سامنا کرنے سے گھبراتا ہے۔(۱)

## جب اس سے محبت ہوتی ہے

فرمایا: مکاشفہ حجابات کے اٹھ جانے کا نام ہے، اور اس کی بنیاد محبتِ ذاتیہ (اللہ کی ذات سے بے پناہ محبت) ہے، عارف ایسے میں کائنات سے اس حد تک بیزار ہو جاتا ہے کہ دنیا کے بادشاہ اور امراء اسے کتے، خنزیر اور شیطان کے بھائی معلوم ہوتے ہیں، اس مقام پر اللہ تعالیٰ

---

۱ جب دو فریق کسی امر کے متعلق الگ الگ دعوے کریں تو انکے درمیان فیصلہ مباہلہ کے ذریعہ ہوگا مباہلہ یہ ہے کہ دونوں فریق اپنے اہل وعیال کو ساتھ لیکر جھوٹے پر لعنت کریں، اور جھوٹے ہونے کی صورت میں خود کے لئے موت کی دعا کریں۔ اس کی تفصیل کے لئے دیکھیں اسعد حومد کی ایسر التفاسیر، سورۂ آل عمران، آیت ۶۱۔

دل میں محبتِ ذاتیہ کو بٹھا دیتا ہے، اور خلق سے نفرت، گوشہ نشینی اور شب بیداری فنا کے مبادیات (بنیادی امور) میں سے ہیں۔

چنانچہ اس مقام پر عارف خود فانی ہو کر باقی باللہ کے مرتبہ پر فائز ہو جاتا ہے، اس کے بعد کثرت، وحدت کے مشاہدہ سے نہیں ٹکراتی، اور جلوت بھی خلوت ہو جاتی ہے، نیند بیداری سے بدل جاتی ہے، اور آنکھیں عنایتِ ازلی کے سرمہ سے سرمگیں ہو جاتی ہیں، اندھیروں میں بھٹکی ہوئی عقلذات وصفات اور اس کے مظاہر کو کیا جانے، جس کی آخری منزل صرف یہی ہے کہ مصنوعات کا صانع کامل کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔

## ذات کا عکس

فرمایا: جاہل صوفیاء بلند مقام صوفیاء کی باتوں کا مفہوم نہیں جانتے، اور کہتے ہیں کہ مظاہر میں حق کے ظہور کی مثال ایسے ہے جیسے کائنات میں سورج کا ظہور، یا جیسے زید مختلف آئنوں میں، اس میں کوئی شک نہیں کہ اس طرح ایک جزئی محدود کا تصور پیدا ہو جاتا ہے جو کہ مظاہر سے جدا ہے، لیکن خدا تعالیٰ اس سے بلند و برتر ہے، ہاں البتہ بعض اسلاف نے سلوک کے مبتدی حضرات کو سمجھانے کی خاطر ذات کے عکس یا سائے کی مثالیں دی ہیں، لیکن اس سے مراد مرتبۂ ثانیہ میں شیٔ کا ظہور ہے، اس سے یہ ہرگز مراد نہیں ہے جیسے دیوار پر درخت کا سایہ، کیونکہ یہ درحقیقت ایک دوسری چیز ہے، اللہ تعالیٰ کی ذات اس سے بلند و بالا ہے۔

مشہور شعر ہے:

چوں تو فانی شدی ز ذکر بذکر ذکر خفیا کہ گفتہ اند آنست

جب تو ذکر کے ذریعہ ذکر میں فنا ہو گیا تو یہی ذکرِ خفی ہے۔

اس شعر کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا: فانی کے لئے امکان کے پردے پوشیدہ ہوتے ہیں، لیکن وہ ذکرِ خفی سے کھل جاتے ہیں۔

## اہلِ شہود

فرمایا کہ اھلِ شہود سانپ، بچھو، شیر اور چوروں سے نہیں ڈرتے، اسی بنا پر بعض بڑے صوفیاء نے خود کو آزمایا اور کسی ایسی جگہ پڑاؤ ڈالا جہاں بکثرت درندے پائے جاتے تھے، اور آب و دانے کا دور دور تک نام ونشان نہ تھا، وہاں جب انہیں کسی طرح کا خوف وخطرہ لاحق نہ ہوا تو انہیں یقین ہو گیا کہ وہ کامل ہو گئے ہیں۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ درندوں وغیرہ سے ان صوفیاء کا نہ ڈرنا اس وقت ہوتا ہے، جب یہ بابرکت نفوس دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو کر اللہ جل شانہ کے دیدار کی تجلیات میں ڈوب جاتے ہیں، ورنہ بعض حالات میں یہ لوگ عام انسانی خصوصیات سے الگ نہیں ہوتے۔

## ایک مشہور غلطی

غوثِ اعظم سید عبدالقادر جیلانی (اللہ ان سے راضی ہو) کے بارے میں مشہور ہے کہ آپ کی مجلس میں انبیاء کرام اور اولیائے عظام تشریف لایا کرتے تھے، اس کی تاویل کرتے ہوئے فرمایا کہ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ روح کی حقیقت سے جڑے ہوئے تھے، جو کہ تمام کائنات میں جاری وساری ہے، اسلئے آپ اسی مرکز وہدایت کے سرچشمہ سے وعظ وتبلیغ فرمایا کرتے تھے، جہاں سے دوسرے اولیاء کرام یا انبیاء علیہم السلام فیضان حاصل کرتے ہیں، اس کو غلطی کے ساتھ اس طرح بیان کیا گیا کہ آپ کی مجلس میں انبیائے کرام تشریف لاتے تھے۔

## تعوذ کی حقیقت

اللہ تعالی کا فرمان ہے:

فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ [النحل : 98]

اور جب تو قرآن پڑھے تو اللہ کے حضور شیطان مردود سے پناہ مانگ۔

اس کی تفسیر میں فرمایا کہ شیطان سے چھٹکارہ حاصل کر، اور اس کے شر سے دور رہ، اور یہ اس لئے کہ قرآن کی تلاوت کرتے وقت دل مالکِ حقیقی کے ساتھ لگا ہوا، دنیا و آخرت سے بے نیاز ہونا چاہئے، یہی تعوذ یعنی پناہ معتبر ہے، اگرچہ تعوذ کے الفاظ استعمال بھی نہ کئے جائیں۔

## واپسی ممکن نہیں

خالد ابن سنان کا واقعہ ہے کہ انہوں نے وصیت کی تھی کہ مرنے کے چالیس دن بعد انہیں قبر سے باہر نکالا جائے تا کہ وہ عالمِ برزخ کے بارے میں بتا سکیں۔

اس قصہ کے بارے میں آپ نے فرمایا کہ جو مر گیا اور عالمِ برزخ میں پہنچ گیا اس کا دوبارہ اس بدنِ ناسوتی (جس کو ٹکڑوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے اور پھاڑا ادھیڑا جا سکتا ہے) میں آنا ممکن نہیں، البتہ اس کا مثالی بدن میں لوٹ آنا ممکن ہے، اس لئے کہ بدنِ مثالی بدن ناسوتی کی طرح قابلِ تقسیم نہیں، اور یہ روح کسی بھی شکل میں ظاہر ہو سکتی ہے، جیسے حضرت جبرئیل دحیہ کلبی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شکل میں آتے تھے۔

اسی طرح انبیاء علیہم السلام اور اولیاء کی متشکل روحیں اور خضر علیہ السلام کا مشاہدہ وغیرہ یہ تمام عالمِ مثال کی نیرنگیاں ہیں، جب اس دنیا میں کامل نفوس مختلف اشکال میں ظاہر ہو سکتے ہیں، تو عالمِ برزخ میں تو یہ عمل بطریقِ اولی ہو سکتا ہے، کیونکہ عالمِ برزخ میں بدنی یعنی مادی حجابات کے اٹھ جانے کی وجہ سے ان کے اندر یہ قوت اور مضبوط ہو جاتی ہے، خلاصۂ کلام یہ ہے کہ خالد ابنِ سنان کی مراد بدنِ مثالی میں واپسی ہے، نا کہ بدن عنصری میں۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ قیامت سے پہلے اس دنیا میں روح کا بدن عنصری میں لوٹ آنا وہی رجعت (واپسی) ہے، جس کے باطل ہونے پر اہل سنت کا اتفاق ہے۔

نیز ممکن ہے کہ کلام اپنے ظاہر پر محمول ہو، کیونکہ عارف ارواح کیتدلیات (معلقات، لٹکی ہوئی غیر واضح شکلوں) کو ان کی مثالی صورتوں میں لانے کے لئے اپنے مقام سے نزول کر سکتا ہے،

اوران تدلیات کی مثال ان صورتوں کی طرح ہے جو نیند کی حالت میں خیال میں آ جاتی ہیں، چونکہ حضرت غوث الاعظم کو عالم ارواح میں مکمل قدرت حاصل تھی، اس لئے انبیاء واولیاء کی تد لیات ارواح اپنے آپ مثالی وجود میں آپ پر اترتی تھیں۔

## عبادت کا مقصد

فرمایا کہ بیس سال پہلے مجھے اللہ کی جانب سے یہ الہام ہوا کہ اگر تو میری رحمت کی امید پر نماز پڑھتا ہے تو تجھے رحمت سے نواز دیا، اور اگر تو میری رضا چاہتا ہے تو میں تجھ سے راضی ہو گیا۔ میں نے عرض کیا: یاالٰہی! میرا مقصد تو صرف حکم کی بجا آوری ہے، لیکن اب تو معاملہ ہی اور ہے ، یہاں آپ نے فرمایا:

**الصوفیۃ عبد الظواھر واحرار البواطن***

صوفیاء ظاہری احکام کے غلام اور دنیائے باطن کے شہنشاہ ہیں۔

فرمایا کہ اصحاب شہود کو عبادت کی تکلیف وریاضت کی ضرورت نہیں ہوتی، لیکن اللہ تعالیٰ ان پر بندگی قائم رکھتا ہے، اور یہ پاک نفوس نفس سے بلکہ روح سے بھی نجات حاصل کر چکے ہوتے ہیں، اس لئے زنا اور شراب جیسی برائیوں کی طرف ان کی توجہ نہیں ہوتی، اگر اتفاقاً کوئی ایسی بات پیش آ جائے تو اس کا کچھ اعتبار نہیں۔

## اہلِ شہود کی عبادت

صوفیاء کا قول ہے:

**القید کفر ولو کان باللہ***

قید کفر ہے چاہے خدا کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو۔

حضرت شیخ نے اس قول کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ بندگی دوئی کا تقاضہ کرتی ہے، اور جہاں تک اہل شہود کی عبادت کا تعلق ہے تو ان کے مقام کی بلندی کے لحاظ سے ان کی عبادت

براہِ راست حق جل شانہ کی قوت اور قدرت کے ساتھ عمل میں آتی ہے، لہٰذا بندگی میں عبادت کی قید صریح کفر ہے، چنانچہ اسی تاویل کی مثال صوفیاء کے اس قول میں بھی موجود ہے:

محبۃ اللہ رأس کل خطیئۃ*(۱) اللہ کی محبت ہر خطا کی جڑ ہے۔

کیونکہ محبت محب ومحبوب دونوں کا تقاضہ کرتی ہے، جو کہ دوئی ہے، اور یہی غلطی کی بنیاد ہے، لہٰذا جو ان تمام خطاؤں کی سرحد سے نکل گیا اسے اللہ کی محبت عطا ہوئی، اور جو اس سے بھی آگے نکل گیا وہ شہود کے مقام پر فائز ہو گیا۔

کاتب الحروف کے نزدیک اس کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ عبادت تو عارف اور غیر عارف دونوں کر تے ہیں، مگر ان کے اخلاص کے مراتب میں فرق ہے، پہلا مرتبہ یہ ہے کہ حضور حاصل ہو، ریاو شہرت وفخر کو چھوڑ دے، اس کے بعد کا مرتبہ یہ ہے کہ دوزخ کے خوف اور جنت کی چاہت سے بے نیاز ہو کر اللہ کی ذات سے محبت ہو، اس کے بعد وہ مقام ہے کہ جہاں عبادت عابد کی قوت و قدرت کے ساتھ نہیں بلکہ حق جل شانہ کی قوت وقدرت کے ساتھ عمل میں آتی ہے۔

ان تمام کے بعد وہ نازک ترین مرحلہ آتا ہے کہ جہاں عام سمجھ بوجھ کا گزر بھی نہیں ہوسکتا، حضرت شیخ کی مراد عبادت کے مذکورہ مراتب کی طرف اشارہ کرنا ہے، انکی بات سے عبادات میں سستی کا کوئی مفہوم ہی پیدا نہیں ہوتا۔ (معاذ اللہ)

اس کی واضح دلیل یہ ہے کہ حضرت شیخ شریعت کے اس قدر پابند تھے کہ آخر عمر تک ان سے کوئی سنت نبوی اور مستحسن ومستحب نہ چھوٹا، اور اس کا دوسرا ثبوت یہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ انبیاء علیہم السلام ظاہری اعمال کے مکلف نہیں، اور ان کا ادا کرنا ان کے اس امتیاز کے منافی نہیں،

---

۱ یہاں خطا سے مراد گناہ نہیں، بلکہ عشق ومحبت کی درماندگی اور محبوب حقیقی کے تعلق سے کی جانے والی تحقیقات ہیں، ان کو خطا اس معنی میں کہا گیا کہ اس ذات باری کے متعلق جو بھی تحقیق پیش کرتے ہیں، خود اس کو غلط قرار دیتے اور پھر نادم ہوتے ہیں، اس کے وجود، ذات اور صفات کی بحثیں، اس کے قرب وبعد کے معنی، یہ سب محبت کی بنا پر ہے۔

یہ تو اللہ کی فرض کردہ ہے، جس کو عملی جامہ پہنایا جائیگا، اس سے معلوم ہوا کہ خیریت سے انہوں نے وہ معنی مراد لئے جو انبیاء کرام میں اعلیٰ درجہ پر پائے جاتے ہیں۔

## بال کی گنجائش نہیں

از نفی و اثبات پرون صحرائے است کیں طائفہ را دراں میاں سودائے است

اے دوست چوں عاشق درآنجا برسد نہ نفی نہ اثبات نہ مورا جائے است

نفی و اثبات سے آگے ایک صحرا ہے جس میں صوفیاء کا گروہ سرگرداں ہے، اے دوست جب عاشق کی رسائی اس مقام تک ہوتی ہے تو نفی و اثبات تو کیا ایک بال کی بھی وہاں گنجائش نہیں ہوتی۔

یہ پیر ہرات رحمہ اللہ کا قول ہے، حضرت شیخ اسکی تشریح یوں کرتے ہیں کہ اصل شہود یہ ہے کہ ثابت کا ثبوت اس طرح ہو کہ مثبِّت (ثابت کرنے والا) اور مثبَت (جس کو ثابت کیا جائے) ایک ہو جائیں، اسی طرح عاشق و معشوق اور عشق بھی ایک ہو جائے، یہ وہ مقام ہے جہاں وصل کی جگہ نہیں، تو جدائی کا کیا کام؟ اور اہل سلوک کے یہاں نفی دراصل غیریت کے توہم سے ہوتی ہے، جب یہ وہم اٹھ جائیگا تو منفی عین ثابت ہو جاتا ہے، اور ''نہ مورا جائے است'' سے بساطت (پھیلاؤ) اور اللہ جل شانہ کی صرافت (گھراؤ) کی طرف اشارہ ہے۔

## وسعت کا مشاہدہ

حضرت خواجہ نقش بندی رحمۃ اللہ علیہ نے کسی صوفی کا یہ قول نقل کیا ہے کہ توحید کوچۂ تنگ است (توحید ایک تنگ گلی ہے) اس کی تشریح میں فرمایا: جس وقت عارف کی نظر سے تمام چیزیں پوشیدہ ہو جاتی ہیں، اور صرف وحدت ذات اسے نظر آتی ہے، تو اس دوران کوچۂ توحید ایک تنگ گلی ہو جاتی ہے، لیکن بقا کے بعد جب وحدت میں اسماء وصفات کی کثرت کا مطالعہ میسر آتا ہے تو اس مقام پر وہ عظیم وسعت کا مشاہدہ کرتا ہے، پوری بات کا خلاصہ یہ ہے صرف وحدت پر اکتفا کر لینا کمال نہیں، بلکہ توحید کا کمال تو عین وحدت میں کثرت کا نظارہ ہے۔

## وہ آپ ہی پہچان ہے

کسی صوفی کا قول ہے: حقیقة الواجب اظہر الاشیاء*

(واجب کی حقیقت تمام چیزوں سے زیادہ ظاہر ہے) اور اسی طرح کا ایک قول ہے:

حقیقة الواجب لا یدرکه احد* (واجب کی حقیقت کو کوئی نہیں پا سکتا۔)

دونوں اقوال کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ یہاں واجب کی حقیقت کا تمام چیزوں سے زیادہ ظاہر ہونا اس اعتبار سے ہے کہ مظاہر میں جو وجود موجود ہے وہی وجود حق (اللہ جل شانہ کا وجود) ہے، اور اللہ تعالیٰ کا وجود تمام میں جاری و ساری ہے، اور دیگر تمام امور کا تعین فرضی ہے، اور اس کا ادراک نہیں کر سکنا (لا یدرکہ احد) اس اعتبار سے ہے کہ مخلوق، ترتیب دی گئی مخلوقیت میں اللہ کی ذات تک رسائی حاصل نہیں کر سکتی، نہ نبی اپنی نبوت اور ولی اپنی ولایت کے ذریعہ اس تک پہنچ سکتا ہے، اور نہ زاہد اپنے زہد اور عالم اپنے علم کے بل بوتے پر اسے پا سکتا ہے، یہاں تک کہ امکان (مخلوقیت) کے تمام پردے اٹھ جائیں، اور خواہشات نفسانیہ دور ہو جائیں، ذات باری تعالیٰ کو خود اس کے اپنے نور ہی کی مدد سے پہچانا جا سکتا ہے، جیسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عرفت ربی میں نے اپنے رب کو پہچان لیا۔

یعنی لا بنفسی (اپنی ذات کے ذریعہ سے نہیں، بلکہ اسی کے فضل و عطا سے) یہاں ایک دوسرا مفہوم یہ بھی نکلتا ہے کہ معارفت سے مراد تمام شیونات کے ساتھ واجب کی معرفت ہے، اور یہ اس دنیا میں ناممکن ہے، کیونکہ ہر مظہر عین واحد ہے، لہٰذا معرفت کلی کی طاقت نہیں رکھتا، اور تجلی برقی آنی تو ایک پل سے زیادہ ہوتا ہی نہیں، لہٰذا اس وقت شیونات کی تفصیل کی طرف کہاں متوجہ ہو سکتا ہے؟ (۱)

---

۱ ذات باری تعالیٰ کی ہر صفت ایک مکمل اکائی ہے، لیکن چونکہ وہ صرف کسی ایک اعتبار کی عکاس ہے، ذات کا مکمل احاطہ کرنے کی اس میں صلاحیت نہیں، لہذا ذات باری کی مکمل معرفت حاصل کرنے کیلئے کوئی بھی مظہر کافی نہیں۔

## ستر ہزار پردوں میں

اللہ تعالیٰ کی ہمراہی اور ساتھ اللہ تعالیٰ کے اس قول سے موافقت رکھتے ہیں ارشاد باری ہے:

ان للہ سبعین الف حجاب *یقیناً اللہ کے ستر ہزار حجابات ہیں۔

شیخ نے فرمایا کہ مخلوقات کے ساتھ حق تعالیٰ شانہ کا قرب حقیقی ہے، اس کی قریبی مثال کلی کا جزئی کے ساتھ قرب پیش کی جاسکتی ہے، (اللہ تعالیٰ حقیقتاً مخلوق کے قریب ہیں جبکہ مخلوق اللہ تعالیٰ کے قریب مجازی طور پر ہے، وہ اس کا قرب واتصال برداشت نہیں کرسکتی) اگرچہ حق تعالیٰ کلیۃ وجزئیت سے پاک ہے، لیکن اسی اعتبار سے شہ رگ سے بھی زیادہ قریب کی مثال دی گئی ہے، اور اس کے بعد حجابات وہمیہ کی کثرت کے سبب جو کچھ ہے وہ فرضی ہے، یہاں فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کو مظاہر کے ساتھ جس طرح کی نسبت ہے اس میں کسی طرح کی آڑ موجود نہیں، بلکہ آڑ تو خالق ومخلوق کے درمیان ہے، پس ممکن محجوب (مخلوق) جو کہ عاجز واثر قبول کرنے والی صفات کی حامل ہے، اس کا اللہ تبارک وتعالیٰ سے وصول بہت مشکل ہے، جو کہ مؤثر اور واجبی صفات جیسے خالقیت ورزاقیت اور ہمیشگی سے متصف ہے، اور یہ شکلیں منزلوں کی کثرت کی بنا پر ہیں، لیکن مجذوب (اللہ کے دیوانے) کے لئے اللہ تعالیٰ وصول کو اس طرح آسان فرمادیتا ہے جیسے بے شمار بڑی بڑی چیزیں اور پردے حائل ہونے کے باوجود سورج کا نظارہ آسان بنا دیا ہے، جبکہ یہاں تو لطیف ومعنوی حجابات ہیں نہ کہ حقیقی، ورنہ اللہ تعالیٰ کا بھی جسمانی وامکانی پردوں میں محصور ہونا لازم آئے گا، اور ستر ہزار سے مراد کثرت ہے، نہ کہ گنتی اور تعداد۔

## مطلق کے معنی

حضرت خواجہ نقشبندی رحمہ اللہ کا قول ہے:

عارف بسر حقیقت می تواں برد اما بسر معرفت وعلم نمی تواں رسید

عارف حقیقت کے راز تک تو رسائی حاصل کرسکتا ہے مگر معرفت وعلم تک نہیں پہنچ سکتا۔

حضرت شیخ نے اس قول کے پیش نظر فرمایا کہ جب احدیت کا سورج عارف پر نمودار ہوتا ہے تو حقیقت کا آسمان روشن ہو جاتا ہے، لیکن علم و معرفت کا راز حاصل نہیں ہوتا، کیونکہ یہ تمام شیونات کی معرفت کے ساتھ وابستہ ہے، جو محال ہے۔

فرمایا کہ لوگوں کا صوفیاء کو کافر کہنے کا سبب یہ ہے کہ وہ ان سے یہ سن لیتے ہیں کہ حق تعالیٰ وجود مطلق ہے، مگر وہ یہ نہیں جانتے کہ صوفیاء کی اصطلاح میں وجود سے مراد موجود ہے، اور مطلق سے ان کی مراد یہ ہے کہ ذات میں ذات کی حیثیت سے کوئی اعتبار (صفت، مادہ) موجود نہیں، کلیۃ نہ جزئیۃ، عموماً نہ خصوصاً بلکہ اس میں تو اعتبار کا اطلاق بھی نہیں ہوتا۔

صوفیاء کا قول ہے: کل نبی ولی ولا عکس *(ہر نبی تو ولی ہوتا ہے مگر ہر ولی نبی نہیں ہوتا۔ اس کی وضاحت کرتے ہوئے فرمایا: ولایت نبوت کی شرط نہیں، یہ ممکن ہے کہ ایک شخص محبت یا محبوبیت کے مقام پر فائز ہو اور اسے نبوت سے نواز دیا جائے، ہاں کامل انبیاء کو ولایت اور نبوت دونوں سے نواز دیتا ہے، مثلاً نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور تمام اولوالعزم انبیاء علیہم السلام۔

## حضرت بایزیدؒ کے قول کی توجیہ

حضرت بایزیدؒ کا قول ہے: **خضت بحرا و وقف الانبیاء بساحلہ***

(میں نے ایک سمندر میں غوطہ لگایا جبکہ انبیاء ساحل پر کھڑے تھے) اس کی وضاحت شیخ نے یہ فرمائی کہ انبیاء کی استعداد کامل ترین ہوتی ہے، کیونکہ ان کے یہاں وہبیت محضہ ہوتی ہے۔

**یکاد زیتھا یضیئ ولو لم تمسسہ نار* (النور ۳۰)**

قریب ہے کہ اس کا روغن آگ کے بغیر روشن ہو جائے۔

وہ تو یقینا حقیقی اہل شہود ہیں، صرف دعوت و ارشاد کے لئے خدا تعالیٰ انہیں مشاہدہ کے مقام پر لے آتا ہے، چنانچہ بایزید کے قول کا معنی یہ ہے کہ انبیاء غوطہ لگانے کے بعد ساحل پر کھڑے تھے، یہاں بحر سے شہودِ وحدت اور ساحل سے مشاہدہ مراد ہے۔

## توحید کی علامات

فرمایا: افعال کی توحید کو حاصل کرنے کی علامت یہ ہے کہ سالک معیشت کی تدبیر چھوڑ دیتا ہے، جس کے نتیجہ میں اسے مکمل توکل حاصل ہو جاتا ہے، اور وہ ہر تکلیف و انعام کو اللہ جل شانہ کی طرف منسوب کرتا ہے، اور صفات کی توحید کو حاصل کرنے کی علامتیں یہ ہیں کہ سچا سالک اپنی سننے اور دیکھنے کی قوتوں کو حقیقی مالک کے سپرد کر دے، حالانکہ اللہ جل شانہ کا حکم اس کی ان قوتوں کے ساتھ پہلے سے موجود ہوتا ہے، لیکن اسے اس کا علم وشعور نہیں ہوتا، جیسے کہ کوئی شخص سمندر کے بہاؤ اور تلاطم کو نہر یا چھوٹے نالوں میں دیکھ لے، تو ضروری نہیں کہ وہ سمندر میں موجود لعل و جواہر اور حیوانات کا علم بھی حاصل کر لے، اسی طرح جب وہ دیکھتا ہے کہ سمع وبصر وغیرہ مظاہر میں حق تعالیٰ کی ذات ہی ہے، تو ضروری نہیں کہ وہ تمام مسموعات (سنی جانے والی چیزیں) اور مبصرات (دکھائی دینے والی چیزوں) پر مطلع ہو جائے، کیونکہ یہ تو واجب الوجود اللہ جل شانہ کے خواص میں سے ہے۔

## قرب فرض و مستحب

**ماتقرب الی عبد احب الی مما افترضت علیه ولا یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی اکون سمعه الخ (۱)**

کوئی بندہ میرے حضور فرائض سے بہتر چیز پیش نہیں کرسکتا، اور میرا بندہ بدستور نوافل کے ذریعہ میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہانتک کہ میں اس کا کان بن جاتا ہوں۔

فرمایا: توحید میں فرائض کا قرب یہ ہے کہ تمام افعال واعمال اللہ ہی کی ذات سے صادر ہوتے ہیں، اور عالم میں سوائے اسکے کوئی مؤثر و قیوم نہیں، جسکا اس عقیدہ پر ایمان نہیں آخرت میں

---

۱ وَمَا تَقَرَّبَ إِلَيَّ عَبْدِي بِشَيْءٍ أَحَبَّ إِلَيَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَيْهِ وَمَا يَزَالُ عَبْدِي يَتَقَرَّبُ إِلَيَّ بِالنَّوَافِلِ حَتَّى أُحِبَّهُ فَإِذَا أَحْبَبْتُهُ كُنْتُ سَمْعَهُ الَّذِي يَسْمَعُ بِهِ وَبَصَرَهُ الَّذِي يُبْصِرُ بِهِ وَيَدَهُ الَّتِي يَبْطِشُ بِهَا وَرِجْلَهُ الَّتِي يَمْشِي بِهَا، الخ۔ (بخاری)

اسکی پکڑ ہوگی ،اس قرب کا حاصل کرنا فرض ہے ،اورتوحید میں نوافل کا قرب یہ ہے کہ بندہ حجابات دور کرنے کی کوشش کرے اوراسکا حاصل کرنا مستحب ہے،اگر بندہ اسے حاصل نہ کرے تواسکی کوئی پکڑنہیں،اس لحاظ سے حدیث کی عبارت کامعنی یہ ہوگا کہ کوئی شخص بھی اجمالی توحید کے فرائض کی ادائیگی سے بڑھ کرحق تعالیٰ کے حضورقرب نہیں پا سکتا ،کیونکہ اسے چھوڑنے پرپکڑ ہے،اورتفصیلی توحیدمیں بندہ برابرحجابات کودورکرنے ،سخت ریاضتیں کرنے یا حق تعالیٰ شانہ کی ذات کی طرف مکمل توجہ کرنے میں کوشاں رہتا ہے،یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسے اس کی خودی سے باہرلے آتا ہے،اوردوستی کامفہوم یہی ہے،بندہ جب یہ مقام حاصل کر لیتا ہے توجس طرح اسکی ذات حقیقی ذات یعنی اللہ میں فنا ہوجاتی ہے اسی طرح اسکی انسانی صفات بھی اٹھالی جاتی ہیں،جولوگ یہ گمان رکھتے ہیں کہ اس وقت بندہ کی صفات تواٹھالی جاتی ہیں مگراس کی ذات جوں کی توں باقی رہتی ہے،وہ غلطی پرہیں،کیوں نکہ جس وقت امکان کے تمام پردے اٹھ جاتے ہیں تب کیسے کہا جاسکتا ہے کہ اسکی ذات اب بھی باقی ہے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ جولوگ یہ کہتے ہیں کہ صرف صفات اٹھالی جاتی ہیں ذات نہیں،ان کی ذات سے مرادجسم وجان ہے،جوتوحید کے اس مقام کوحاصل کرنے پربھی تمام مراحل میں اسی طرح باقی رہتے ہیں،اوراسی طرح خارج میں دوسرے تمام طبقات بھی جواپنے حال پر قائم رہتے ہیں،اوراگرکچھ کرامات کاظہورہوتویہ بھی صفات کے بدلنے کی قسم شمار ہوگی،اورجن حضرات نے یہ کہا کہ ذات بھی فنا ہوجاتی ہے ان کی مرادذات میں فنا ہونے کا وہی مفہوم ہے جوصوفیاء کے یہاں مسلم ومعتبر ہے،یہ ساراجھگڑاصرف لفظی ہے۔

## حجاب کاغم

فرمایا جسے اللہ جل شانہ کاوصال نصیب ہوجاتا ہے اوراس میں کچھ حجابات یعنی رکاٹیں باقی رہ جاتی ہیں تواس میں غم اوررونے دھونے کے آثارظاہرہوتے ہیں،بلکہ کبھی تووہ عام مجوبین

(معرفت سے بے بہرہ) کے مقام پر آ جاتا ہے، لیکن جس شخص کی رسائی حقیقت کے لطائف تک ہو چکی ہوتی ہے غم و اندوہ اور دوئی کے چکر میں کبھی نہیں پھنستا۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ یہ حجاب جو غم اور رونے کا سبب بنتا ہے دراصل سالک کے اندر کی سختی اور حیوانیت ہے جو خود اس کے نفس کو اس کی معرفت کے سلسلہ میں حجاب بنا دیتی ہے، اور اسے وصل اور عرفان نصیب نہیں ہو پاتا، البتہ جس کی بہیمیت لطیف اور حقیقی ہے وہ سرور اور انس میں مگن ہو جاتا ہے۔

## زمانے کی قسم

**والعصر ان الانسان لفی خسر الا الذین* الخ (العصر ۱)**

کی تفسیر میں فرمایا کہ یہاں زمانہ کی قسم سے مراد ذات حق کا دوام و بقاء ہے، کیونکہ یہاں واصلین کے سوا دوسروں کو غیریت اور دوئی کے وہم کا خدشہ ہے۔

کسی نے حضرت سے سوال کیا کہ سالکین کی آخری منزل کونسی ہے؟ فرمایا: دوئی کا ختم ہو جانا، اور شہود وحدت ہی وہ بلند درجہ ہے جس سے اوپر کوئی درجہ نہیں۔

## توحید ہے منزل

شیخ عبداللہ کھاتی جو اس دور کے مشائخ میں سے تھے انہوں نے کہا کہ توحید ایک ایسا مقام ہے جو سلوک کی راہ کے درمیان میں پیش آتا ہے، اس پر آپ نے فرمایا کہ مجھے ذرا اس سے آگے کی خبر تو دیجئے؟ انہوں نے کہا کہ ایک چیز ہے جو بہت مخفی ہے۔

آپ نے فرمایا: سالک جب وحدت محضہ سے متصف ہوتا ہے تو اس کی نظروں سے کثرت غائب ہو جاتی ہے، اور جب وہ اس مقام سے اترتا ہے تو وحدت کو کثرت میں دیکھتا ہے اور یہ تنزل ہے، اسے توحید سے بلند مرتبہ کس طرح قرار دیا جا سکتا ہے؟

**لیس وراء عبادان قریۃ والی ربک المنتھی***

کاتب الحروف کہتا ہے کہ جن لوگوں نے توحید کو راستہ کی ایک منزل قرار دیا ہے انہوں نے کثرت سے جمع وذہول (صفات میں گم ہوکر) دیکھنا مراد لیا ہے، اور یہ سکر وغلبہ کی قسم ہے، اور جو شہود اور وحدتِ خالص کو آخری منزل سمجھتے ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ لطیفہ انا، اپنی جگہ تمام لطائف میں سب سے اعلی لطیفہ ہے، جب صاحب جمع الجمع (ذات واحد میں گم) وحدت و کثرت دونوں کو ایک ساتھ دیکھتا ہے، تو اس وقت وحدت خالصہ کی رؤیت لطیفۂ انا کا مشاہدہ ہوتا ہے، اور کثرت (مخلوق) کی رؤیت کا مطلب لطائف سافلہ (حقیر ترین لطائف) ہوتے ہیں، تو معلوم ہوا کہ سب سے اعلیٰ مقام لطیف ترین لطائف کا پالینا ہے(۱)۔ واللہ اعلم

## واجب اور ممکن

رشحات میں کسی عارف کا یہ قول منقول ہے:

"من در ابتداء می گفتم ممکن عین واجب است و در انتہا ظاہر شد کہ واجب عین ممکن است"

شروع میں میرا خیال تھا کہ ممکن عین واجب ہے، لیکن آخر میں ظاہر ہوا کہ واجب عین ممکن ہے۔

حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے اس قول کی تشریح یوں فرمائی کہ ہر دو عبارات میں فرق یہ ہے کہ پہلی بات امکانی صفات میں واجب کو سمیٹ رہی ہے، اور دوسری بات کا معنی یہ ہے کہ امکانات، (فانی صفات، یعنی مخلوقات) معدوم محض ہیں، جب کہ موجود حقیقی واجب (حق تعالیٰ کے) علاوہ کچھ اور نہیں ہے۔

---

۱ کثرت کی رویت کا منشا لطائف سافلہ اسی صورت میں ہوتے ہیں جب کہ شہود وانا کی منزل پر نہ پہنچا ہو، جب اس منزل پر پہنچ گیا تو ان لطائف کی تمیز ہی ختم ہوگئی، اس کی مثال ایسی ہے جیسے دودھ اور پانی، جب تک پانی دودھ میں نہیں ملا تب تک پانی اور دودھ دونوں ہیں، یقیناً ان میں اسفل واعلیٰ کی تقسیم وتمیز بھی موجود ہے، لیکن جب دونوں ملا دیئے گئے تو یا تو پانی رہ گیا یا دودھ، جو غالب رہا، رہا، "واللہ غالب علیٰ امرہ، تو فانی نے اپنی حقیقت کھوئی، اور باقی کی حقیقت سے متصف ہوگیا، تو اس نے کیا کھویا کب کھویا؟ بلکہ اس نے تو بہت بڑا کمال پالیا، رہا وجود کا خاتمہ، تو وہ ہر حال میں ہونا ہی ہونا تھا، کیونکہ ہلاک تو سب کو ہونا ہی ہے، کل شیء ھالك الا وجھہ۔

# تخلیق کی ترتیب

فرمایا: جب اللہ تعالیٰ ہر دورہ میں شیونات کو پیدا کرنا چاہتا ہے تو پہلے افعال کو پیدا کرتا ہے، جو کہ انواع کے باب سے متعلق اور اس کی ذات سے عبارت ہیں، (ہر جنس کا الگ کام ہے) اور یہ خلق کا سلسلہ ہر نوع میں جاری ہوتا ہے، جیسے درخت، پتھر، انسان، گھوڑے وغیرہ، پس نوع انسانی کی مثال اس کے مظاہر میں ظاہر ہوئی۔

اس کے بعد ارواح و اجسام کو بالترتیب پیدا کیا، پھر یہ یہ روحیں فنائے خفی کے پردہ میں چلی جاتی ہیں، ایک دورہ یہاں پر ختم ہو گیا، اس کے بعد سابقہ دورہ کی ترتیب کے مطابق پھر سے انہیں پیدا فرماتا ہے، حق تعالیٰ شانہ کی افعال و صفات میں تعطل (بیکاری، چھٹی) نہیں ہے۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعلیٰ عنہ کا قول:

نحن اناس سرمدیون *ہم سرمدی (ہمیشہ رہنے والے) لوگ ہیں۔

لمبی مدت پر محمول ہے، اس اعتبار سے کہ اللہ تعالیٰ سرمدی ہے، لہٰذا جس پر بھی ازل و ابد کی حقیقت کھل جاتی ہے، وہ اپنے آپ کو سرمدی سمجھتا ہے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ اس بات کا مطلبیہ ہے کہتمام مخلوقات میں انسان حقیقت کاملہ کے اظہار کی سب سے قوی تمثیل ہے، اور وہ روح کے اعتبار سے حقیقۃ الحقائق ہے، (کیونکہ روح امر ربی ہے) اور مراتب کی ترقی اور تنزلی دونوں میں روح یکساں طور پر جاری و ساری ہے، اور نوع انسانی کا وجود باری تعالیٰ کی مشیت و ارادہ کے اظہار کیلئے ہے، جو لا فانی ہے، ایک انسان جاتا ہے، دوسرا آتا ہے، اس سے فرق نہیں پڑتا، منشاء ربی مستقل اور اپنی جگہ قائم رہتا ہے، مذکورہ قول اسی معنی میں ہے، جیسے وہ ستارے جن کا عکس پانی میں پڑ رہا ہے، پانی ہزار اپنی شکلیں بدلے، ستاروں پر اس کا کوئی اثر نہیں پڑتا، وہ جوں کے توں رہتے ہیں۔

## بندہ، بندہ رہیگا

شیخ اکبر رحمہ اللہ کا قول ہے: **العبد عبد وان ترقی والرب رب وان تنزل** *

بندہ بندہ ہی رہتا ہے چاہے کتنی ترقی کرلے اور رب رب ہی رہتا ہے چاہے تنزل اختیار کرلے۔

اسکی تشریح میں فرمایا: بندہ چاہے اعلی مرتبہ پر پہنچ جائے وہ اپنی عین مقدار سے خارج نہیں ہو سکتا، لہٰذا اس کے تمام تر کمالات اس کی استعداد اصلیکے دائرہ کار کے اندر ہوتے ہیں، اور حضرت حق اپنی صرافت (ہمہ گیری) اور اطلاق (لامحدودیت) کے ساتھ جلوہ گر ہے، اگرچہ اس نے مظاہر میں بھی اپنا ظہور فرمایا ہے۔

اس گفتگو کا فقیر کے نزدیک مفہوم یہ ہے کہ جب خدا تعالیٰ کسی شخص پر اجمالی تجلی فرماتا ہے تو اس کی سطوت، تسخیر اور قہر وجوب نمایاں ہوتے ہیں، حالانکہ وہ تجلی، تجلی لہ (جس میں تجلی کا ظہور رہا ہو) کی استعداد کے مطابق ہوتی ہے۔

مقام فنا میں ایسے مقام بھی آتے ہیں کہ بندہ کبھی کبھار اعلی مقام تک رسائی کرلیتا ہے، لیکنشب بھی انفعال اور فنا کی تاثیر واضح ہے۔ واللہ اعلم

## حضرت شیخ ابوالرضا کے چند مسودات اور مکتوبات

## شیخ عبدالاحد کا مکتوب اول

شیخ احمد سرہندی کے پوتے اور اس دور کے مشائخ میں سے شیخ عبدالاحد نے حضرت شیخ کی خدمت میں یہ خط تحریر فرمایا:

آپ کے اخلاق کریمانہ سے امید کرتا ہوں کہ مجھے مخصوص اوقات میں اپنی نیک دعاؤں میں یاد رکھیں گے، کیونکہ معاملہ دشوار، راستہ مشکل اور خوفناک ہے، نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

إنّ أمامَكُمْ عَقَبَةً كَؤُوداً[1] تمہارے سامنے ایک پیچیدہ اور دشوار گزار گھاٹی ہے:

[1] المستدرك على الصحيحين للحاكم مع تعليقات الذهبي في التلخيص - (618/4) م ش

**کیف الوصول الی سعاد و دونها　　قلل الجبال و دونهن خیوف**

**الرجل حافیة و مالی مرکب　　والکف صفر و الطریق مخوف (۱)**

سعاد (محبوب و مقصود) تک کیسے پہنچا جائے کہ راستہ میں بلند پہاڑ اور نشیب و فراز حائل ہیں، مسافر کے پاؤں میں جوتا ہے نہ اسکے پاس سواری، ہاتھ خالی ہیں اور راستہ خوفناک۔

میرے محترم و مشفق! حقیقت الفاظ میں نہیں سما سکتی اور غیر حقیقت بیان کے قابل نہیں، اس لئے بات ختم کرتا ہوں۔ والسلام

## جواب اول

حضرت شیخ نے اس مکتوب کا یہ جواب تحریر فرمایا:

ہوالاحد! آپ کا سراپا شفقت و محبت نامہ موصول ہوا اور اس نے خلوص و یگانگت کے رشتہ کو مضبوطی بخشی، اللہ جل شانہ آپ کو اس مہربانی اور عزت بخشی کی جزاء عطا فرمائے، اور اپنے مقصد تک رسائی بخشے، گرامی نامے میں لکھا ہوا تھا:

کیف الوصول الی سعاد و دونها　　قلل الجبال و دونهن خیوف

الرجل حافیة و مالی مرکب　　والکف صفر و الطریق مخوف

حقیقت یہ ہے کہ ہویت ذاتیہ مطلقاً تک لمبی سیر کے ذریعہ وصول بہت مشکل ہے، جب کہ اس سے پہلے اعتبارات محضہ (فانی صفات) اور ایضافات محضیہ صرفیہ (انسانی عیوب) جو کہ عالم خلق و امر سے متعلق ہیں، ایسی دشوار گزار پہاڑی چوٹیاں بھی موجود ہیں، کیونکہ ان سے سالک خود کو خوف زدہ پاتا ہے، اور اپنے شعور و ادراک کو ان کی تلاش میں سرگرداں کر دیتا ہے، ورنہ حق سبحانہ وتعالیٰ تو اپنی ذات میں خاص وجود کی بنا پر بندہ کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے، اس کا راستہ بہتر اور پر امن ہے، خوفناک نہیں، اس مقام پر ننگے پاؤں کی کوئی بات ہے اور نہ ہی

---

۱ (دیوان الامام الشافعی ۱/۱۶)

کسی سواری کی، اور نا ہی اس جگہ خالی ہاتھ کا کوئی وجود ہے، جبکہ وہ اپنی ذات میں قائم ہے، مگر لوگوں میں اس کا ظہور نہیں، وہ پاک ذات ہے جو اپنے نور کی روشنی کا حجاب اوڑھے ہوئے اپنے ظہور کے استغراق میں مخفی ہے۔

توھمت قدماء ان لیلی تبرقعت وان لنا فی البین مایمنع اللثماء

فلاحت فلا واللہ ماثم مانع سوی ان عینی کان من حسنھا اعمی

قدماء کا وہم ہے کہ لیلیٰ نے برقعہ اوڑھ رکھا ہے، مگر ہمارے لئے تو یہ جدائی ہے، جو حجاب بن کر بوسے میں رکاوٹ ہے، جب محبوبہ نے اپنا چہرا ظاہر کیا تو اس وقت کوئی چیز اس کے دیدار سے مانع نہیں تھی، مگر ہماری آنکھیں ہی اسکے جلوۂ حسن کی تاب نہ لا سکیں۔ روح المعانی 39/58 مش)

پردہ برخاست تا بدیدستم دوست بادوست کردہ درآغوش

آں شناسد حدیث دل مست کہ ازیں بادہ کردہ باشد نوش

پردہ اٹھا تو میں نے دیکھا کہ دوست نے دوست (مجھ) کو آغوش میں لے رکھا ہے، اور دلِ مست کی بات صرف وہی سمجھ سکتا ہے جس کو یہ دولت میسر آئی ہو۔

وغنی بی منی قلبی فغنیت کما غنی وکنا حیث ما کانوا حیث ما کنا★

میرے دل نے میرے متعلق مجھ سے نغمہ سرائی کی تو میں بھی اس کے ساتھ ساتھ گانے لگا کہ ہم ان جیسے ہو گئے اور وہ ایسے ہو گئے جیسے ہم تھے، (ہم نے اپنا وجود ختم کر دیا۔)

روز آں بتو بودم ونمی دانستم شب باتو غنودم ونمی دانستم

ظن بودمرا بمنکہ من جملہ منم من جملہ تو بودم ونمی دانستم

ہر دن میں نے تیرے ساتھ گزارا مگر بے خبر رہا، ہر رات تیرے ہمراہ رہا مگر نہ جان سکا، میرا گمان تھا کہ میں ہی ہوں، حالانکہ میں تو تھا ہی نہیں، تو ہی تو تھا، مگر مجھے پتہ نہ چل سکا۔

مکتوب میں یہ بھی لکھا ہوا تھا کہ جو بات حقیقی ہے، وہ بیان میں نہیں آ سکتی۔

اس سے بظاہر مراد یہ ہے کہ بیان میں اس وجہ سے نہیں آ سکتی کہ سننے والوں کی سوجھ بوجھ میں کمی ہے، ورنہ بات اگر لفظی ہے تو یہ عین گفت ہے، اور اگر نفسی ہے تو:

فما من عیان الا ولہ بیان * ہر عیان کا بیان ہوتا ہے۔

والسلام علی اہل اللہ الکرام

جب حضرت شیخ کا مکتوب گرامی پہنچا تو جواباً شیخ عبدالاحد نے انتہائی فصیح و بلیغ خط لکھ بھیجا، جس میں حصول کی مشکل اور راہ کی دوری کے مضامین کو تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا، مکتوب یہ ہے:

## شیخ عبدالاحد کا دوسرا مکتوب

**بسم اللہ الرحمن الرحیم**

**الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی اما بعد!**

آپ کا گرامی نامہ موصول ہوا، مطالعہ سے بہرہ اندوز ہوا، مکتوب نکات کا خزینہ اور معارف و حقائق کا گنجینہ تھا، اس کی دل کش عبارات پاکیزہ اور لطیف اشارات روح پرور تھے،

نکتہایش ہمہ ہم رنگ چمن        کردہ بر دفتر گل مشق سخن

اس کے تمام نکات چمن کے رنگ سے رنگین تھے، گویا پھولوں کے کاغذ پر مشق سخن کی گئی تھی۔

اللہ آپکو بہترین جزاء عطا فرمائے اور انتہائی مسرتوں سے مالا مال کرے، خط میں لکھا تھا کہ سعادت تک رسائی ایسے ہی مشکل ہے جیسے لمبی سیر کے ساتھ ہوٗیت ذاتیہ (اللہ تعالیٰ کی ذات) کا حصول، ورنہ حق سبحانہ بندوں کی شہہ رگ سے بھی قریب تر ہے، آپ نے یہ وجود کے بارے میں کہا، مگر جہاں تک وجدان کا تعلق ہے تو ذات سبحانہ وتعالیٰ حد ادراک سے پرے ہے۔

برگ بیرنگی بساز اے عندلیب بینوا        کہ ایں گل ما برنتابد از نزاکت رنگ را

اے بلبل بے نوا! کسی بے رنگ پتی سے ناطہ جوڑ، کہ یہ میرا پھول انتہائی نزاکت کی وجہ سے رنگ کو بھی برداشت نہیں کرسکتا۔

پنت نکٹ نکم اکم بگر مایۂ جیوں جہانہ چکہ اکیں مکہ ہن رہی طنہ نہ بہر بہر مانہ

ہم محبوب کو قریب سمجھ کر جان کی بازی لگا بیٹھے، جان دینے کے بعد دیکھا کہ یہاں تو بے نیازی کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔

شیخ عطار رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ''اس تمام نزدیکی کے باوجود محبوب کس قدر دور ہے، اے محبوب ازل! تیرے عین وصال میں بھی کتنی جدائی ہے۔

آپ نے تحریر فرمایا: اس کی طرف نہ کوئی پرامن و بہتر راستہ جاتا ہے نہ خوفناک راستہ، اور اس میں نہ ننگے پاؤں چلا جاتا ہے نہ تہی دست ہو کر، ہاں یہاں کوئی اچھا راستہ نہیں مگر اس سے پہلے پہاڑوں کی چوٹیاں اور ان سے پہلے نشیب و فراز حائل ہیں، وہاں حقیقت کی راہ چوڑی اور ثابت ہے، اور اس راہ کے راہب اس میں پڑے، ہیں سبحان الذی اسری بعدہ لیلا اور انی ذاھب الی ربی میں اسی حقیقت کی راہ کی طرف اشارہ ہے، اور قل ھذہ سبیلی ادعوا الی اللہ بھی اسی طرف رہنمائی کر رہی ہے، اسی طرح ففروا الی اللہ بھی اسی معنی کی طرف اشارہ کر رہی ہے، اور وہ دو شعر جو آپ نے مطلوب نور کے ظہور ور طالب کی کم مائیگی کے بارے میں تحریر فرمائے، انھوں نے مجھے بہت محظوظ کیا، ہاں معاملہ کچھ یوں ہی ہے، جیسے کہا گیا ہے:

**انت الغمامۃ علی شمسک دع نفسک و تعال***

توخود اپنے آفتاب پر بادل کی طرح چھایا ہوا ہے، لہٰذا خود کو چھوڑ اور چلا آ۔

اور فارسی کے جن اشعار میں یہ کہا گیا ہے کہ ہم آغوش و پردہ پوش محبوب و مطلوب تھا، یہ نہایت دل سوز سینہ افروز اور عرفان و بے پردہ وصل سے معمور تھے، بہر حال یہ سمجھنا چاہئے کہ یہ تمام گلشن تسبیح کے پھول او عالم سکر و مستی کے شعبہ ہیں، تنزیہ (پاکی) کا مقام جو کہ حضرت ذات سے قریب تر ہے، وہ ان تمام کو برداشت نہیں کر سکتا، وہاں تو وہی کچھ ہے جو بیان سے باہر، وہاں تو مجھے سوائے حیرانگی، ناشناسی اور ادراک کی عاجزی کے کچھ بھی ہاتھ نہ آیا،

عنقا شکار کس نشود دام باز چیں        کایں جا ہمیشہ باز بدست ست دام را

عنقا کا شکار تو ہوتا ہی نہیں، یہاں تو جال اٹھائے پھرتے رہو اور بس۔

ما للتراب و رب الارباب* چہ نسبت خاک را بہ عالمِ پاک۔

تو از خوبی نمی گنجی بعالم        مرا ہرگز کجا آئی در آغوش(۱)

یہ وہ مقام ہے جہاں اللہ کے مقربین کو ہمیشہ ہمیش کا حزن وملال دامن گیر ہو جاتا ہے، ابدی محرومی و نا امیدی درگاہ کے خواص کے حصہ میں آتا ہے، حدیث میں آتا ہے:

**کان علیہ السلام دائم الحزن متواصل الفکر** (۲) یعنی حضورؐ ہمیشہ غمگین وفکرمند رہتے تھے

دلہا ہمہ آب گشت وجاں ہمہ خون        تا چیست حقیقت ز پس پردہ برون

سارے دل پردہ کے پیچھے کی حقیقت کو جاننے کی کوشش میں پگھل کر پانی ہو گئے، اور ساری جانیں خون ہو گئیں۔

اس راہ کی مشکلات جن کو آپ نے ذکر کیا ان سے بھی بڑھ کر ہیں، یہاں تک کہ سچے مخبر علیہ السلام نے بھی ان دشواریوں کی جانب اشارہ کرتے ہوئے فرمایا:

إنّ أمامَكُمْ عَقَبَةً كَؤُوداً (تمہارے سامنے ایک پیچیدہ اور دشوار گزار گھاٹی ہے۔)

گر موج زند عنایت او        موراں بکونند کار پیلاں

اگر اس کی عنایت کا سمندر موج مارے تو چیونٹیاں بھی ہاتھیوں کا کام کریں۔

حدیث میں آتا ہے: ان اللہ یفعل بالضعیف مایتحیر فیہ القوی*

(اللہ تعالیٰ کمزور سے وہ کام کرا لیتا ہے جس میں طاقت ور بھی عاجز ہو جاتا ہے۔

---

۱ دیوان سعدی میں یہ شعر اس طرح لکھا ہے: تو در عالم نمی گنجی ز خوبی        مرا ہرگز کجا گنجی در آغوش (غزل ۳۳۳)
تو اپنی خوبیوں کی بنا پر کائنات میں نہیں سما سکا، تو میری آغوش میں تو کسی بھی طرح نہیں سما سکتا۔

۲ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیۂ مبارک کے سلسلے میں وارد ایک طویل حدیث کا ٹکڑا ہے، ہند بن ابی ہالہ کا بیان ہے:
قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متواصل الأحزان دائم الفکر. (البیهقي - (154/2)

عجائب رہ عشق اے رفیق بسیار ست　　　　زپیش آ ہوئے ایں دشت شیر نر برمید

اے دوست عشق کی راہ کے عجائب بے شمار ہیں، اس جنگل کے آ ہو سے پہلے شیر نر نکلتا ہے۔

نبی گر در پیہم کو بپل جہاں رمنا　　　　دیکھو کارج بنہہ کو جو کچیست ہنجی دہارو

میرے پیا دل میں بسے رہے اور میں دنیا میں ڈھونڈتی رہی، جب دل کی طرف دیکھا تو حیران رہ گئی۔

اور یہ رباعی جو آپ نے تحریر فرمائی ہے :

روز آں بتو بودم ونمی دانستم　　　　شب باتو غنودم ونمی دانستم

ظن بودمرا بمنکہ من جملہ منم　　　　من جملہ تو بودم ونمی دانستم

ہر دن میں نے تیرے ساتھ گزارا مگر بے خبر رہا، ہر رات تیرے ہمراہ رہا مگر نہ جان سکا، میرا گمان تھا کہ میں ہی ہوں، حالانکہ میں تو تھا ہی نہیں، تو ہی تو تھا، مگر مجھے پتہ نہ چل سکا۔

وصال وسکر کے غلبہ کی خبر دیتی ہے، ورنہ اللہ کے ہاں تو نہ شام ہے نہ سحر: ”لم یلد ولم یولد “اس کے جلال کا صحیفہ ہے، اور ”ولم یکن لہ کفوا احد “اس کے کمال کا دیباچہ:

ابروے دوست کے شود دستکش خیال من　　　　کس نزدست ازیں کمان تیر مراد برہدف

دوست کے ابرو میرے ذہن سے کیسے نکل سکتے ہیں، کسی نے اس کمان سے مراد کا تیر نشانے پر پھینکا ہی نہیں۔

وغنی بی منی قلبی فغنیت کما غنی　　　　وکنا حیثما کانوا وکانوا حیثما کنا

میرے دل نے میرے متعلق مجھ سے نغمہ سرائی کی تو میں بھی اس کے ساتھ ساتھ گانے لگا اور ہم ان کی جگہ ہو گئے اور وہ وہاں آ گئے جہاں ہم تھے۔ (ہم نے اپنا وجود ختم کر دیا۔)

یہ بھی اسی قبیل سے ہے ورنہ وہاں تو قیل، قال، حیث کان، انس وجاں کچھ بھی نہیں، صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور اس کے ساتھ نہ کوئی شے ہے نہ وقت، جیسا کہ یہ آیت کریمہ: وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا أَوْ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ [الشوری:51]

(اور انسان کو یہ طاقت نہیں کہ وحی یا پردہ کی اوٹ کے بغیر اللہ سے کلام کر سکے) یہ آیت سالکین کے سرمائے کا جوہر اور عارفین کے حلیہ کا معیار ہے۔

فَلَا تَضْرِبُوا لِلّٰهِ الْأَمْثَالَ إِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ [النحل: 74]

اللہ تعالیٰ کو مثالوں سے نہ بیان کرو، اللہ تعالیٰ جاننے والے ہیں اور تم نپٹ جاہل۔

کیا آپ نہیں دیکھتے کہ محبان کے سرخیل حضرت موسیٰ نے لن ترانی کا زخم برداشت کیا اور اللہ کے محبوبوں کے سرتاج سرکار دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لیس لک من الامر کی نداسنی، گویا ایک جانب عنایت ہے تو دوسری جانب بے نیازی۔

"تحریر تھا کہ آپ نے لکھا ہے کہ جو بات حق ہوتی ہے گفتگو میں نہیں آتی، اس سے بظاہر مراد یہ ہے کہ سننے والوں کے ادراک وفہم کی کمزوری کی بنا پر گفتگو میں نہیں آسکتی، ورنہ اگر بات لفظی ہو تو بولی جاسکتی ہے، اور نفسی ہو تو ہر عیاں چیز کے لئے بیان ہوتا ہے۔"

ایسا ہرگز نہیں، بلکہ اس سے مراد خود متکلم کا قصور ہے، یہاں حق بات سے مراد ذات کی حقیقت کا بیان ہے، اور ذات حق کی وضاحت کرنا انسانی طاقت سے باہر ہے، اور اس سلسلے میں محض گمان سے کام لینا بے ادبی ہے، کیونکہ گمان سے حقیقت کا کچھ بھی بیان نہیں ہوسکتا، یہ ظاہر ہے کہ جو کچھ مادی عقل کی سمجھ اور محدود سمجھ کی پکڑ میں آئیگا، وہ خود لازمی طور پر مادی اور محدود ہی ہوگا، جب کہ واجب تعالیٰ (اللہ تعالیٰ) کی غیر متناہی (لامحدود) ذات تو اس سے بہت بلند و بالا ہے، خواجۂ بزرگ (خدا ان کی لحد پر عطر افشانی کرے) نے فرمایا کہ جو کچھ بھی دیکھا یا سنا جاتا ہے سب حق کا غیر ہوتا ہے، لہٰذا اسے کلمہ کے 'لا' کی حقیقت سے نابود (کالعدم، بالکل ختم) کر دینا چاہئے۔

بس بیرنگ است یار دلخواہ اے دل    قانع نشوی برنگ ناگاہ اے دل

اے دل! محبوب ازل تو بے رنگ ہے، تو کہیں رنگ پر نہ مرمٹنا!

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ جو اس کو جانتا نہیں وہ اچھی طرح اس کے بارے میں کچھ بیان بھی نہیں کر سکتا، اسے فکر، وہم اور نگاہیں نہیں پا سکتیں۔

چساں نشاں دہم آں بےنشان یکتارا مگس چہ شرح دہدآشیان عنقارا

اس بےنشان و یکتا کا کیا نشان بتاؤں، کہ مکھی عنقا کے آشیانہ کا کیا پتہ دے سکتی ہے؟

میرے محترم! جسے اس نے ہم کلامی سے سرفراز فرمایا اور :

انی ا صطفیتک علی الناس بر سالاتی وبکلامی (اعراف ۱۴۴)(میں نے تم کو لوگوں پر اپنی رسالت اور کلام کیلئے منتخب کرلیا) کی خوش خبری سے عزت بخشی اس نے یہ آواز بلند کی:

ویضیق صدری و لا ینطلق لسانی (شعراء ۱۳) میرا سینہ گھٹتا ہے، اور زبان نہیں چلتی۔

اور جسے اس نے جوامع الکلم سے نوازا، اور تاج و معراج اور اولیت و خاتمیت سے عزت بخشی، انھوں نے بھی یہ فرمایا:

لا احصی ثناء علیک سبحان اللہ رب العرش عما یصفون*

آپ کی ثنا ہم سے ناممکن ہے، پاک ہے عرش کے مالک اللہ کی ذات، لوگوں کی ہفوات سے۔

اے از تو گمان خلق بس دور جلوائے تو از پر مگس دور

اے کہ تو لوگوں کے گمان سے دور، اور تیرا جلوہ مکھی کے پنکھ سے بھی لطیف ہے۔

ہر کس کہ زکنہ تو سخن گفت خود گفت و زگفت خود برآشفت

جس نے بھی تیری حقیقت کے بارے میں کچھ کہا بلا تحقیق کہا، اور اپنے کہے پر خود ہی شرمندہ ہوا۔

اے برتر از اں ہمہ کہ گفتند وآنہا کہ بدید ہم نہفتند

اے کہ! تیرے بارے میں جو کچھ بھی کہا گیا ہے تو اس سے بلند ہے، اور جنہوں نے دیکھا چھپایا۔

توحید تو ہر کہ راند در قیل برمور چہ زد عماری فیل

جس نے تیری توحید کو لفظوں میں ڈھالا اس نے گویا چیونٹی پر ہاتھی کی ڈولی رکھ دی۔

آپ کا یہ فرمان کہ :"فمامن عیان الاولہ بیان" اور اللہ کا قول :الرحمن علم القرآن (الرحمن ۲) اپنی جگہ ہے مگر جو عیاں سے بالا ہے، وہ بیان سے خالی ہوتا ہے، اور آپ علم کے ذریعہ اس کا احاطہ نہیں کر سکتے، کسی محقق کا قول ہے "من عرف اللہ طال لسانہ" (جس نے اللہ کو پہچانا اسکی زبان تیز ہوگئی) یہ صفات کی معرفت کی بنا پر ہے، اور صوفیا کا یہ قول: "من عرف اللہ کل لسانہ" (جس نے خدا کو جان لیا اسکی زبان گنگ ہوگئی) یہ ذات کی پہچان کی بنا پر ہے، جو ذات اضافی اور اعتباری چیزوں سے بری ہے، وہ بلا کسی قید کے کیف سے منزہ ہے۔

میں عرض کرتا ہوں کہ پہلی بات یہ ہے کہ "الرحمن علم القرآن" میں قرآن ایک صفت ہے، اس لئے اسم ذات کی بجائے اسم صفت کے ساتھ آغاز کیا گیا، دوسری بات یہ ہے کہ " فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى [النجم:10]" (وحی کیا اپنے بندے پر جو کیا) میں جو کچھ وحی کیا گیا اسے مبہم رکھا گیا، اور بندہ کی اضافت ہویت ذاتیہ کی طرف کی ہے، جیسے پیغمبر علیہ السلام کے اس فرمان میں پوشیدہ ہے:" ابہموا ما ابہم اللہ "[1] جسے اللہ نے مخفی رکھا تم بھی مخفی رکھو۔ اس سے مراد یہ ہے کہ تم ذات کے بارے میں سرے سے بحث ہی نہ کرو کیونکہ تم اللہ کی حقیقت بیان کرنے کی طاقت نہیں رکھتے، کہنے والے نے کیا ہی خوب کہا ہے:

ہر چہ گویم عشق را شرح و بیان　　چوں بعشق آیم خجل باشم ازاں

میں عشق کی جو شرح بھی بیان کرتا ہوں جب عشق اختیار کرتا ہوں تو شرمسار ہوتا ہوں۔

"دوسرے یہ کہ عیاں کے لئے کیا بیاں؟" میرے محترم! چونکہ نماز مقرب ترین عمل ہے، اور تجلیات و مشاہدات کا محور ہے، اور اسکے بارے میں یہ حدیث کہ الصلوۃ معراج المؤمنین* اور دوسری معتبر حدیث: أَقْرَبُ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ إِلَى اللهِ وَهُوَ سَاجِدٌ مسند البزار (259/1)

بندہ اللہ کے انتہائی قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے۔

---

[1] تفسیر الکشاف۔ للزمخشری، تفسیر ابی السعود، (سورۃ النساء ۲۳)

نماز کے مقرب ترین عبادت ہونے کی بین دلیلیں ہیں، اکثر ایسا ہوتا ہے کہ سالک کے دل میں نماز کی ادائیگی کے دوران بے حجاب مطلوب اور بے نقاب محبوب کی ہم آغوشی کا خیال پیدا ہوجاتا ہے، اور عشق وشوق کی زیادتی کی وجہ سے صورت وحقیقت میں تفریق نہیں کر پاتا، اسی وجہ سے نماز کے تمام ارکان میں اس حکیم مطلق نے ایک رکن سے دوسرے رکن میں منتقل کرنے والی تکبیروں اور تسبیحات کا حکم دیا ہے، یعنی اے سالک جب تیرے دل میں وصال کا کوئی خیال پیدا ہو تو جان لے کہ ذات باری تعالیٰ اس سے کہیں برتر واعلیٰ ہیں۔

خواجہ حافظ شیرازی رحمۃ اللہ علیہ نے سالک کے وہم کو (جو اوراد و وظائف کی تجلیات و مشاہدات سے پیدا ہوتا ہے، حالانکہ حقیقت میں ایسا ہوتا نہیں) اس طرح بیان کیا ہے:

عکس روئے تو کہ در آئینہ جام افتاد　　　عارف از خندۂ مے درطمع خام افتاد

جب تیرا عکس جام کے شیشے میں نظر آیا تو عارف کا دل مسکراتے عکس کو دیکھ کر خام خیالیمیں جا پڑا۔

یعنی عارف کے دل کا خون جو محبت کا گہوارہ ہے، تمام نقوش کو مٹا کر تجلی ذاتی کا مرکز بن جاتا ہے، اور یہ تجلی ذاتی اس کی ذات سے وجہ کنایت (صرف ایک تعلق رکھتی) ہے، ایسے میں عارف کا باطن پہلے سے سوگنا ترقی حاصل کرتا ہے، اور بے حد شگفتگی ومسرت اسے حاصل ہوجاتی ہے، تو ناچار بے پردہ ذات کے وصول کے لالچ میں پڑ جاتا ہے مگر اسے معلوم نہیں کہ تجلی اسے کہتے ہیں جو ظلیت (پرتو) کے شائبہ سے خالی نہ ہو، کیونکہ تجلی کسی چیز کے دوسرے یا تیسرے مرتبہ میں ظاہر ہونے کا نام ہے:

خلق راہ روی کے نمایداو　　　درکدام آئینہ درآیداو

لوگوں کو وہ اپنا جمال جہاں آرا کس طرح دکھائے، کونسا آئینہ ہے جس میں وہ سما سکے؟

ایک طرف تو یہ کہا جاتا ہے کہ اللہ کا وصول ممکن ہی نہیں، جب کہ بڑے مشائخ سے اللہ کا وصول منقول ہے، اوران میں سے کسی نے یہ بھی کہا ہے:

ذات من نیست جز تجلی ذات ذات برمن زدہ است راہ صفات

میری ذات سوائے اللہ کی تجلی کے کچھ نہیں، اللہ نے مجھ پر صفات کی راہیں بند کردی ہیں۔

اوراسی طرح کسی اور نے کہا ہے:

حق تو یہ ہے کہ میں اسم وصفت سے گزرے بغیر ذات تک پہنچا ہوں، اس سلسلے میں مشائخ کے اقوال اس قدر ہیں کہ ان کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

ہم یہ کہتے ہیں کہ باری تعالٰی کی ذات تک وصول مطلقاً ناممکن نہیں، لیکن ذات کی گہرائی میں پہنچنے کے قائل نہیں، اوراس کے بھی قائل نہیں کہ اس کی کیفیت کو حصول (یا کسی اور) طریقہ سے پایا جا سکتا ہے، البتہ جو وصول بلا کیفیت (ناقابل بیان) اور بلا ادراک (عقل و سمجھ سے بالاتر) ہو وہ ممکن اور یقینی ہے، جس کے ثبوت کے لئے دلائل و براہین موجود ہیں۔

اسیطرح کی ایک بات یہ ہے، کہ اس وصول کے باوصف نگرانیاں دامنگیر ہوجاتی ہیں، اور دائمی غم واندوہ دولت کے حصول کے باوجود پیچھا نہیں چھوڑتے، اوراس کا سبب دو چیزیں ہیں، پہلا اس لذت کے ختم ہونے کے نتیجہ میں پیش آتا ہے، جو اس سے پہلے صفات کی تجلیات میں موجود ہوتی ہے، اور باطن ان سے پوری طرح مانوس ہو چکا ہوتا ہے۔

اور دوسرا یہ کہ سالک ذات کی وسعت اور اپنے شوق و تشنگی کی وجہ سے اس مقام کا احاطہ نہیں کر پاتا اگرچہ وہ خود بسیط تر ہوتا ہے، مگر اللہ کی ذات تو وسیع تر ہے، اور یہ تمام وصول بلا کیف ہوتا ہے، یہاں عارف مستسقی کے درجہ میں ہوتا ہے، اور اللہ کی ذات سے کبھی سیر نہیں ہوتا، اوراس مقام کا کوئی کنارہ ہے نہ نہایت، نہ انجام ہے، نہ آغاز:

بمیرد تشنہ مستسقی و دریا ہم چناں باقی

پیاسے (پیتے پیتے تھک گئے مگر) اس کے جلوے سے سیر نہ ہوئے اور دریا جوں کا توں باقی رہا۔

شیخ عطار رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

نمی بینی کہ شاہی چوں پیمبر　　　ندیدہ فقر گل تو رنج کم بر

تو نے نہیں دیکھا کہ بادشاہی پیمبری اور فقر، کس طرح درجہ بدرجہ ہیں؟

یعنی اس مرتبہ کا وصول کہ اس سے اوپر کوئی مرتبہ نہ ہو، اور جبروت کے خزانہ کا جوہر باقی نہ رہے قطعاً ناممکن ہے، کیونکہ اس جوہر کی تو ضرورت پڑتی ہے۔ وفوق کل ذی علم علیم ﷽

اگر نہ جاننے اور نہ پہچاننے والے کے بارے میں یہ کہا جائے کہ اس میں طلب کیسے پیدا ہوئی، (جب وہ اسے جانتا ہی نہیں تو کیوں کر) اس نے اس کے لئے مشقتیں اور تکلیفیں اٹھائی ہیں، آنکھوں کو نمناک کیا ہے؟

تو اس کے جواب میں یہ عرض کروں گا کہ جاننا پہچاننا طلب کی شرط نہیں، بلکہ محبوب کے حسن کی دھوم حریف کو بے قرار اور بے چین کر دیتی ہے، اور محبوب کے جمال کی خوشبو و گفتگو عاشق کی دیوانگی کو جوش دلاتی ہے، اس طرح کے رنگ برنگے پھول اس وادی میں بکثرت کھلتے ہیں، اور اس طرح کی نیرنگیاں اس راہ میں اکثر و بیشتر واقع ہوتی رہتی ہیں، یہ عشق کی آگ میں کودنے والوں کی دیوانگیاں اور جانگدازوں کی الفتیں ہیں، جو عشق کی دنیا میں اس طرح کے عجائب و غرائب پیدا کرتی رہتی ہیں، مولوی عبدالرحمن جامی فرماتے ہیں:

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد　　　بسا کیں دولت از گفتار خیزد

کہ عشق کی آگ صرف یار کے دیدار سے ہی نہیں بھڑکتی بلکہ اکثر یہ دولت یار کے حسن کے چرچے سے ہی مل جاتی ہے۔

آری مقتضائے ادب ایں است　　　لائق کبریائے محبوب چنیں است

محبوب کی عظمت کا تقاضہ یہ ہے کہ بلا تحقیق قربان ہو جا!

اے عشق ز عاشقاں عجب نیست　　　معشوق شناسی از ادب نیست

عاشقوں سے بنا دیکھے عشق کا اظہار حیرت کی بات نہیں، کیونکہ معشوق کی تحقیق کرنا ادب نہیں ہے۔

تو یہ جان لینا چاہئے کہ جیسے ذات کو نہ کسی عبارت سے ظاہر کیا جا سکتا ہے، اور نہ ہی اس کی طرف کوئی اشارہ کیا جا سکتا ہے، اسی طرح اس کا وصول بھی نہ تو کسی عبارت میں بیان کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اس کی طرف کوئی اشارہ ممکن ہے، آخرت میں دیدار کی طرح کہ جس پر ہمارا ایمان ہے، مگر اس کی کیفیت سے سروکار نہیں رکھتے، ع

بلا بودی اگر ایں ہم نبودی (یہ بھی نہ کر سکے تو ڈوب گئی لٹیا۔)

اگر یہ سوال کریں کہ پھر مبتدی اور منتہی میں فرق کیا ہے؟ جب دونوں سوز و گداز میں ایک ساتھ اور اسی راز و نیاز کے طالب ہیں؟ اگر دونوں میں فرق واضح ہو جائے (تو سمجھ لیا جائے کہ منتہی کی منزل تک پہنچنا) مقصود ہے، مگر یہاں تو دونوں میں کوئی فرق ہی نہیں، اگر غم و اندوہ ہے تو وہ بھی دونوں میں یکساں موجود ہے۔

میں اس کے جواب میں عرض کرتا ہوں کہ کہ مبتدی کی وصول سے دوری حقیقی ہے، جبکہ منتہی کی صوری، مبتدی جب گریہ کرتا ہے تو اس لئے کہ سامنے حجابات کی دیواریں ہوتی ہیں، مگر منتہی تو عظمت و کبریائی کے مشاہدہ سے رو پڑتا ہے، مبتدی ستر ہزار پردوں میں ہوتا ہے، اور منتہی انوار کی چکا چوند میں پہنچا ہوتا ہے، مبتدی اپنی ہستی کا بار کاندھوں پہ اٹھائے ہوتا ہے، جبکہ منتہی اس کی عظمت سے دبا ہوا ہوتا ہے، مبتدی ابھی تک مادی لباس میں گرفتار ہوتا ہے اور منتہی کو اللہ کے وجود کے ساتھ عزت بخشی گئی ہوتی ہے، وہ سایوں اور خیالوں میں ہوتا ہے، اور یہ واصل ہو چکا ہوتا ہے، اس نے ابھی انفس و آفاق کے دام سے پاؤں نہیں چھڑائے ہوتے، جبکہ یہ ان تمام سے نکل کر منزل بالا تک پہنچا ہوتا ہے۔

الغرض یہ کہ ''بکاء المرید من بکاء الشیخ'' کے مقام پر فائز اس جان جہاں پر اپنی جان کی بازی لگا کر، اسم اور رسم اور نام و نشان سے بے پرواہ گزر کر تنزیہہ مطلق اور غیب صرف کو اپنی توجہ کا قبلہ بنا لیتا ہے، بے شک اللہ تعالیٰ بلند ہمت لوگوں کو عزیز جانتا ہے، کیا خوب کہا ہے :

آں لقمہ کہ در دہاں نگنجد طلبم (وہ لقمہ طلب کرتا ہوں جو منہ میں نہ سمائے) خلاصۂ کلام یہ نکلا کہ مقصود وصول ہے نہ کہ حصول اور مطلوب قرب ہے نہ کہ ادراک۔

نانونجانوکا اور بارک لاکی جانو — جاتی جہاں کتے تہاں نانو نہ کانو نہ تھانو

میں محبوب کی انتہا نہیں جان سکا اس کی کیفیت کیا سمجھ سکتا ہوں؟ ہاں! اتنا جانتا ہوں کہ کائنات میں کوئی جگہ کوئی مکان اور کوئی تھان ایسا نہیں جہاں وہ موجود نہیں۔

گرفتم نیاید ایں عنقاں بدامم — تنید نہائے دامش را غلامم

کسی را گرچہ برگ ایں سفر نیست — بہ از سودائے او چیزے دگر نیست

مجھے تسلیم ہے کہ عنقا میرے دام میں نہیں آئیگا، مگر میں تو اس کے دام کی رسیوں کا غلام ہوں، اگر کسی کے پاس زادراہ نہ ہو تو اس کے لئے محبوب کا سودا توشہ سے کم نہیں۔

اب ہم اس مکتوب کو حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے کلام پر ختم کرتے ہیں، فرمایا: تمام تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں جس نے امکان کو وجوب کا آئینہ اور عدم کو وجود کا مظہر بنایا، اور وجوب و وجود اگرچہ دونوں اس کے کمال کی صفات ہیں، مگر وہ تو ان دونوں سے کہیں بلند ہے، بلکہ تمام اسماء وصفات وشیون واعتبارات سے دور ہے، اور ہر ظاہر و باطن اور کھلے چھپے سے بلند ہے، اسی طرح تجلیات، ظہورات، مشاہدات، اور مکاشفات سے بھی بہت بلند ہے، اور معقول، محسوس، موہوم، اور تخیل سے بھی ماوراء ہے، الغرض وہ ذات پاک وراء الوراء اور وراء الوراء ہے۔

چہ گوئیم باتو از مرغی نشانہ — کہ با عنقا بود ہم آشیانہ

زعنقا ہست نامے پیش مردم — زمرغ من بود آں نام ہم گم

میں تمہیں اس مقدس پرندہ کا کیا نشان بتاؤں جو عنقا کا ہم آشیانہ ہے، لوگوں کی نظر میں عنقا کا بھی ایک نام ہے، مگر میرے مقدس پرندہ کا تو نام بھی مخفی ہے۔

پس ذات اقدس ہر تعریف کرنے والے کی تعریف سے بے نیاز بلکہ تمام تعریفوں کی منزل اس کی ذات اقدس کے سراپردوں سے پہلے واقع ہے، وہ وہی ذات ہے جس نے خود اپنی ثناء کی اور اپنی ذات کی خود تعریف کی لہٰذا وہ ذات پاک خود ہی حامد ہے اور خود ہی محمود، کوئی دوسرا اس کی حمد وثناء نہیں کرسکتا، انتہی کلامہ القدس۔

ہیہات قلم بوقلمم درکف اندیشہ گداخت  رنگ آخر شد و نیرنگ تو تصویر نہ شد

ہائے افسوس میری بوقلمونی (ست رنگیوں) کا قلم اندیشہ کی ہتھیلی میں گھل گیا، رنگ ختم ہوگیا، لیکن تیری نیرنگی کی تصویر نہ بن سکی۔

عرفان پناہا! ہمارا مباحثہ کسی مقابلہ یا مناظرہ کی بنا پر نہیں، بلکہ اسکا تعلق نیم خامی اور جوش کے ترک سے ہے، امید ہے کہ معاف فرمائیں گے، کیونکہ عذر کریم لوگوں کے یہاں مقبول ہے۔

اور سلامتی ہو اس پر جو ہدایت کی راہ چلا، اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اتباع پر کاربند ہوگیا۔

حضرت شیخ ابوالرضا نے حضرت شاہ عبدالاحد کے اس مکتوب کے مطالعہ کے بعد جواب لکھا:

## دوسرے خط کا جواب

تمام تعریفیں اس ذات اقدس کے لئے ہیں جس نے ہمیں ہر غلطی ونقصان سے نکال کر اپنی طرف مائل کیا، تو ہم نے اسے اپنی شہ رگ سے بھی قریب پایا، ایسی حالت میں کہ کوئی حیرانگی تھی نہ پریشانی اور ہر عارف و جاہل کی طرف سے درود وسلام ہو ہمارے نبی وآقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر، یہاں جاہل سے مراد وہ ہے جو حقیقت تک نہ پہنچنے کی وجہ سے غلطاں و پریشاں ہوتا ہے؛؛ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

گرامی نامہ دل کو چھو لینے والی عبارات لئے ہوئے یہاں پہنچا، گویا اس مکتوب میں اس بات کی طرف اشارہ تھا کہ وصول کی دعوت غلبۂ حال کے سبب ہوتی ہے، تو ایسی حالت میں مغلوب کی بات کا کیا اعتبار؟ اور اس کی مثالیں رموز اور اشارات سے اشعار کے روپ میں ظاہر کی گئیں

اس کے علاوہ انوکھی تشبیہات کنایہ اور استعارے تھے، میں نے ان تمام کو اچھی طرح سمجھا، آپ نے پہلی بات جو تحریر کی وہ یہ تھی:

کیف الوصول الی سعاد ودونها قلل الجبال ودونهن خیوف

والرجل حافیة ومالی مرکب والکف صفر والطریق مخوف

یہ اشعار راستہ کی مشکلات اور وصول کی رکاوٹ کے سلسلے میں واضح ہیں، اور جو میں نے لکھا تھا کہ ہویت ذاتیہ (اللہ تعالیٰ کی احدیت) تک وصول لمبی سیر (عالم خلق وامر کے اعتبارات کی پہاڑیوں کو عبور کرنے) کے ذریعے بہت مشکل ہے، یہ وصول کے حاصل نہ ہونے کی تاویل کی تھی، اور میں نے اس کی نفی بعض اشخاص کے لئے خاص وجوہات کی بنا پر کی ہے، جس کا انکار نا ممکن ہے، لہٰذا اسکے مطلقثابت ہونے اور میری سابقہ نفی میں کوئی ٹکراؤ نہیں۔

میں نے لکھا تھا کہ حق سبحانہ تعالیٰ خاص وجوہ کی بنا پر بندوں کی شہہ رگ سے بھی قریب ہے، اس پر آپ نے فرمایا کہ یہ بات تو وجود کے بارے میں ہے، لیکن جہاں تک وجدان کا تعلق ہے تو حق سبحانہ وتعالیٰ کی ذات اس سے کہیں بلند وبرتر ہے، آپ کی یہ بات عامی لوگوں کے اعتبار سے بالکل درست ہے، لیکن جہاں تک اعتبارات (اسماء وصفات) کے بغیر صرف ذات کی طرف متوجہ ہونے والے حضرات کا معاملہ ہے وہ اس سے مختلف ہے، پس جس طرح حق سبحانہ وتعالیٰ وجود میں شہہ رگ سے زیادہ قریب ہے، اسی طرح وجدان اور سریانیت میں بھی

تجدنی فی سواد اللیل عبدی قریبا منک فاطلبنی تجدنی*

اے میرے بندے تورات کی تاریکیوں میں جب بھی پکاریگا مجھے اپنے نزدیک پائیگا۔(۱)

مرا اندر شب تاریک یابی زجان خویش ہم نزدیک یابی

---

۱ ابوالحسن محرز ۳۴۴ھ کہتے ہیں کہ میں نے یہ اشعار سری لنکا میں اس پتھر پر کندہ دیکھے جس پر سیدنا آدمؑ کے پیروں کے نشان ہیں، ان اشعار کی کافی تعداد جرجانی نے نقل کی ہے۔ واللہ اعلم۔ تاریخ جرجان، ازحمزہ بن یوسف جرجانی۔

مرانزدیک خود پیوستہ میداں نمید انی ؟ اگر دانی بیابی

تو مجھے رات کے اندھیرو میں ہی پا سکتا ہے دور جانے کی ضرورت نہیں، بلکہ اپنی جان سے بھی زیادہ نزدیک، مجھے اپنے ساتھ پیوست سمجھ،۔۔۔نہیں سمجھتا نہ؟ اگر سمجھے تو مجھے پالے۔

آپ نے اپنے خط میں یہ دوہا بھی لکھا ہے:

پنت نکت سنگم اکم مگر مانہ جیون جہانہ جگہ اکیں مکھ ہیں رہیں ملنہ یہ بہر بہر باہنہ

یار کی تلاش میں زندگی تمام کردی، ہر جگہ ہر گام ڈھونڈا مگر نہ ملنا تھا، نہ ملا۔

اس کے پڑھنے کے بعد دل ناتواں میں یہ آیا:

ساجن میرے آیا کل لاکھو بہر بانہ بل مارت بچھرت نہیں نس دن کہوں نجانہ

ساجن نے کیسا احسان کیا کہ میرے پاس آیا اور یہ مژدہ بھی سنایا کہ جدائی کے دن لد گئے۔

میں نے لکھا تھا:

پردہ برخاست تا بدیدستم دوست با دوست کردہ در آغوش

پردہ زیارت کے لئے اٹھا، تو میں نے دیکھا کہ دوست کو دوست نے حلقۂ آغوش میں لے لیا۔

اس پر آپ نے فرمایا: یہ تمام گلشن تشبیہ کے پھول ہیں، میں عرض کرتا ہوں کہ آپ کے یہاں ہم آغوشی کی آرزو کا مفہوم نکلتا تھا، جبکہ میری عبارت میں اس کے حصول کی طرف اشارہ ہے۔

عبار اتناشتی و حسنک واحد وکل الی ذاک الجمال یشیر *

ہمارے انداز وبیان مختلف ہیں، ورنہ تیرا حسن تو ایک ہی ہے، درحقیقت ہمارے بیان کے ہر انداز کا اشارہ تیرے ہی حقیقی جمال کی طرف ہے۔

آپ کے خط میں لکھا تھا:

عنقا شکار کس نشود دام باز چیں کانیجا ہمیشہ باد بدست است دام را

عنقا کب شکاری کو قابو دیتا ہے، یہاں تو جال اٹھائے پھرا کرو۔

میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس سے انسان کے ادراک اور احاطہ کی تنگ دامنی مراد ہے:

اے کمان وتیر ہا بر خاستہ          صید نزدیک وتو دور انداختہ

اے تیر وکمان اٹھانے والے! شکار تو قریب ہے تو نے نشانہ دور کا لیا۔

آپ نے تحریر فرمایا "ما للتراب و رب الا رباب" چہ نسبت خاک را با عالم پاک۔

میں کہتا ہوں قصۂ معراج میں مذکور ہے کہ یہ بطور ادب کہا گیا، اللہ کا ارشاد ہے:

**یا محمد انک اخترت العبدیة تادبا اخترتک الکرامات الانسیة تفضیلا***

اے محمد آپ نے بندگی کو ادباً اپنایا اور میں نے تمہیں تمام انسانی خوبیوں کے لئے تفضیلاً پسند کرلیا۔

لہٰذا پتہ چلا کہ ادب اور چیز ہے اور تفضیل دوسری:

خاک را چوں کار با پاک اوفتاد          پیش آدم عرش بر خاک اوفتاد

خاک کو جب اللہ تعالیٰ کی ذات سے تعلق ہو گیا تو پھر عرش بھی انسان کے سامنے جھک گیا۔

آپ کے خط میں لکھا ہوا تھا کہ غم واندوہ اللہ کے مقربین کو ہمیشہ دامنگیر ہوتا ہے، اس سلسلے میں عرض ہے کہ ہمیشہ ہمیش کا غم واندوہ تو ہمیشہ کا ایک ایسا عذاب ہے جو دوستوں کے لئے نہیں بلکہ دشمنوں کے لئے ہوتا ہے، دوستوں پر تو ہر وقت ناز ونعمت کی بارش اور مقربین کے لئے راحت ہی راحت ہوتی ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتے ہیں:

**فاما ان کان من المقربین فروح وریحان وجنة نعیم***(الواقعہ ۸۹)

تو اگر ہو بندہ مقربین میں سے تو اس کے لئے خوشی راحت اور نعمتیں ہیں جنت کی،

آسودہ بکامِ خویش از وصل حبیب          نہ بیم فراق است نہ تشویش رقیب

جو اپنے آپ میں ہی دلبر کے وصال سے آشنا ہو گیا اسے نہ جدائی کا خوف رہا نہ رقیب کا اندیشہ۔

خط میں لکھا ہوا تھا:

دلہا ہمہ آب گشت وجانہا ہمہ خون          تا چیست حقیقت ز پس پردہ وبرون

اس کے بارے میں میرا کہنا یہ ہے کہ ابھی تک پردہ کے پیچھے جان و مال باقی ہے، اور مشتاق کی حالت بھی یہی ہوتی ہے، مگر جب کوئی جان و دل سے ہی گزر جائے تو وہ پردہ کے اندر چلا جاتا ہے، اور پکار اٹھتا ہے:

راز درون پردہ ز رندان مست پرس　　　کیں حال نیست زاہد عالی مقام را

پردہ کے پیچھے کے رموز تو مست رندوں سے ہی پوچھ، کیونکہ مرتبہ ظاہر کا تو یہ مقام ہی نہیں۔

لکھا تھا:

نہی گر در پیم پپل جہاں ز یپائی　　　دیکھو کارج بنہ کو چوکچست پن جی دوہائی

میں اپنے گردھر کو کہاں کہاں ڈھونڈتی رہی، اور وہ مجھے میرے دل میں ملا، میں تو حیران رہ گئی۔

اس دوہے کے حسن کے متعلق کیا لکھوں، تاہم میرے ناتواں دل میں یہ آیا:

سات سمندر پیم کئی نپت اکم اپار　　　کچست تہئ بہ کئی بہرلا کی اروار

میرے پیا سات سمندر پار ہیں ہر سمندر نا پیدا کنار، لیکن میں پھر بھی اس کے قرب سے محروم نہیں۔

آپ نے تحریر فرمایا ''ولا تضربوا اللہ الامثال الخ''، میں عرض کرتا ہوں ''وللہ المثل الاعلیٰ'' اور یہ جو شعر ہے کہ

وغنی بی منی قلبی فغنیت کما غنی　　　وکنا حیث ما کانوا وکانوا حیث ما کنا

میرا دل میرے بارے میں مجھ سے ہی نغمہ سرا ہوا تو میں بھی اس کے ساتھ گانے لگا، جہاں ہم تھے وہاں وہ، جہاں وہ تھے وہاں ہم۔

اس سے وفاق (جوڑ) مراد ہے، فراق (جدائی) نہیں، حضرت شیخ رحمہ اللہ جو کہ مکتوب الیہ (شیخ ابوالرضا) کے دادا اور بزرگ ہیں، ان کے مضمون میں کوئی تشبیہ اور مثال نہیں دی گئی جیسا کہ ان کے اقتباس سے ظاہر ہے،

چہ گوئیم با تو از مرغی نشانہ　　　کہ با عنقا بود ہم آشیانہ

زعنقا ہست نامے پیش مردم　　زمرغ من بود آں نام ہم گم

میں اپنے مطلوب مرغ کے متعلق تجھے کیا بتاؤں کہ وہ تو عنقا کا ہم آشیاں ہے، عنقا کا لوگوں میں نام تو ہے، میرے مرغ کا تو نام بھی نہیں۔

ان اشعار میں مرغ اور عنقا کیساتھ اس کی ہمنشینی سے مراد اللہ تعالیٰ کی علو شان ہے۔

**فکلامکم منطق الطیر　　ان لم یفهم غیر فلا خیر**

آپ کا کلام پرندوں کی زبان میں ہے، سو اگر دوسرے لوگ اسے نہ سمجھیں تو بے فائدہ ہے۔

لکھا تھا کہ اللہ سے محبت کرنے والوں کے امام (موسیٰ) نے لن ترانی کا زخم برداشت کیا، میرے نزدیک اس کا مفہوم یہ ہے کہ وہ اس دنیا کی زندگی میں باری تعالیٰ کا دیدار نہیں کر سکتے، آپ نے لکھا ہے کہ اللہ کے محبوبوں کے سرتاج (محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) نے بھی "لیس لک من الامر شئی" کی صدا سنی، میرے خیال میں اس آیت کے شان نزول میں امر سے مراد ایصال (تصرف) ہے نہ کہ وصال، کیونکہ اس کے بلند رتبہ کی شان تو یہ ہے:

**دنی فتدلی فکان قاب قوسین او ادنی *(النجم ۹)**

مکتوب گرامی میں آپ نے لکھا کہ جس (موسیٰ) کو ہم کلامی سے نوازا گیا اس نے یہ صدا بلند کی "یضیق صدری ولا ینطلق لسانی" (میرا سینہ تنگ ہوتا ہے اور زبان ساتھ نہیں دیتی) میرے خیال سے اس کا مفہوم یہ ہے کہ میں معنی کے حقائق اور مکشوفات (اللہ کی جانب سے دکھائی گئیں چیزوں) کے اسرار بیان تو کرنا چاہتا ہوں لیکن میری زبان جو فرعون کے انگارے کی وجہ سے جل کر توتلی ہو گئی ہے میرا ساتھ نہیں دیتی، اسی وجہ سے میں تنگ دل ہو جاتا ہوں، اس مفہوم کی دلیل یہ ہے:

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِي [طه : 27] (میری زبان کی گرہ کھول دیجئے تا کہ لوگ میری بات کو سمجھ سکیں، اور اسی طرح یہ آیت:" وَأَخِي هَارُونُ هُوَ أَفْصَحُ مِنِّي لِسَانًا فَأَرْسِلْهُ

مَعِيَ رِدْءًا [القصص:34] (اور میرے بھائی ہارون کی زبان مجھ سے زیادہ واضح ہے، ان کو میرے ساتھ بھیجد یجئے۔

کیونکہ تبلیغ وارشاد کی دعوت کا فریضہ فصیح وبلیغ آدمی ہی بہتر طور پر انجام دے سکتا ہے، خط میں لکھا تھا کہ جسے جوامع الکلم کی دولت عنایت کی گئی اس نے بھی ''لَا أُحْصِي ثَنَاءً عَلَيْكَ'' کا نعرہ لگایا، میرے نزدیک احصاء سے مراد یہاں پر پوری طرح شمار ہے اور معنی یہ ہے کہ تیرے تمام کمالات عیان (مشاہدہ میں آنے والی چیزوں) میں داخل نہیں، اور ثناء و بیان عیان کے بعد ہوتے ہیں، جیسا کہ یہ حدیث دلالت کررہی ہے جس کا آخری ٹکڑا آپ نے چھوڑ دیا تھا، انت کما اثنیت علی نفسک۔ (جیسی ثنا آپ نے خود اپنی کی)

میں نے بیان کیا تھا ''ما من عیان الا ولہ بیان'' (ہر عینی چیز کا بیان ہوتا ہے)

اس پر دلیل قرآن مجید کی یہ آیتیں ہیں:

الرحمن *علم القرآن *خلق الانسان *علمه البیان* (الرحمن ۴، ۱)

رحمن! جس نے قرآن سکھایا، انسان کو پیدا کیا، اسے بیان پر قدرت عطا فرمائی۔

اسکا مفہوم یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے محض اپنی رحمت سے قرآن سکھایا جو تمام ذاتی، صفاتی، اور افعالی معارف کا مجموعہ ہے، اور اس نے انسان کو پیدا کر کے اسے باقی تمام حیوانات سے اس بیان کی خصوصیت کی وجہ سے ممتاز بنایا، جس پر پورا قرآن مجید مشتمل ہے۔

خط میں لکھا تھا: جو عیان سے بالا ہوگا وہ بیان سے خالی ہوگا، میں عرض کرتا ہوں یہ درست ہے، لیکن یہ اس قول کے منافی نہیں جس کا مفہوم ہے کہ جو عیان کے ذیل میں آتا ہے وہ بیان میں داخل ہوتا ہے، آپ نے تحریر فرمایا کہ دگر عیاں راچہ بیاں۔

اس کے بارے میں عرض ہے کہ صاحب عیان کے لئے بیان کی حاجت نہیں، اور جو صاحب عیان نہیں وہ بیان کا محتاج ہے، یہ اور ہے وہ اور، آپ کا قول کہ ''انما نمنع الوصول

الی کنہ الذات و درک کیفیتہ ''ہم صرف حقیقتِ ذات تک رسائی اور اس کی کیفیت کے ادراک کے منکر ہیں' اسکے متعلق میرا نظریہ یہ ہے کہ عطف (و) اور ارجاءِ (کے اشارے) کی وجہ سے کیفیت کا اثبات (ماننا) لازم ہو جاتا ہے، چاہے وصول کے لئے ہو یا ذات کے لئے۔ (اس پیرے کی تشریح شاہ صاحب کے نوٹ میں آرہی ہے۔)

اور آپ نے یہ جو لکھا ہے کہ کسی ایسے مرتبہ تک پہنچ جانا کہ اس سے بالا کوئی مرتبہ تصور میں ہی نہ آ سکے محال ہے، صفات کی سیر میں تو یہ بالکل صحیح ہے، لیکن بلا اعتبارات (اسماء وصفات سے الگ) ذات تک وصول کے بعد تو کوئی مرتبہ تصور میں آ ہی نہیں سکتا، اور یہاں عرفاء پہنچے ہیں۔

لیس وراء العبادان قریۃ* (عبدیت سے آگے کوئی مرتبہ نہیں۔)

مکتوب میں لکھا تھا کہ عشق بازوں کی دیوانگیاں ہیں، میں کہتا ہوں کہ مجھے عشق سے کیا سروکار؟ جب کہ عشق حجاب ہے، اور عاشق ومعشوق حقیقت کے رخ کا نقاب، اس کے علاوہ یہ کہ عشق دلوں میں لگی ایک ایسی آگ ہے جو محبوب کے علاوہ سب کچھ بھسم کر ڈالتی ہے، بس کیا ہی اچھا جنون ہے، اور کیا ہی خوب مجنوں! کلام قدسی ہے:

انت عشقی و انا عشیقک یا محمد ﷺ!

درد عشق آمد دوائے ہر دلے — حل نشد بے عشق ہر گز مشکلے
گر عشق ہمیں مونس وہم خانۂ ماست — غم ہا ہمہ یک جرعۂ پیمانۂ ماست

ہر دل کی دوا عشق کا درد ہے، عشق کے بغیر کوئی مشکل آسان ہی نہیں ہوتی، اگر یہی عشق میرا مونس و ہم خانہ ہے، تو سارے غم میرے پیمانہ کا ایک گھونٹ ہیں۔

از عقل فرو گزر کہ در عالم عشق — او نیز غلام دل دیوانۂ ماست

عشق میں عقل سے بے پرواہ ہو کے چل، کیونکہ یہ بھی میرے دیوانے دل کی غلام ہے۔

آپ کا یہ قول کہ گزشتہ بحث اخروی دیدار کی طرح ہے، جس پر ہم ایمان تو رکھتے ہیں لیکن اس

کی کیفیت سے سروکار نہیں، آپ کی یہ بات دیدار کی کیفیت کے بارے میں صریح ہے، اور وصول کے لئے مثلیت کو لازم کرتی ہے اور یہ دونوں کیف ہیں۔

مکتوب گرامی میں تحریر تھا کہ اسم ورسم سے گزر کر غیب اور تنزیہ مطلق کو اپنی توجہ کا قبلہ بنانا چاہئے، اللہ تعالیٰ عزائم کی بلندیوں کو پسند فرماتا ہے، آپ کی اس تحریر سے اس طرف اشارہ ہے کہ آپ توحید میں بند ہو کر رہ گئے ہیں، جو اس راہ کا پیچ ہے، اور ایسے میں ہی مغلوب الحال ہو گئے ہیں، گویا آپ نے یہ سمجھ لیا ہے کہ اس سے آگے کچھ نہیں، مزید ترقی کی کوشش کیجئے اور جان لیجئے کہ میرا اور میرے بلند ہمت احباب کا یہی مسلک ہے۔

اسم ورسم سے بے نیاز گزر کر تنزیہ مطلق کو اپنی توجہ کا قبلہ بنانے کے بارے میں آپ نے جو فرمایا ہے اس کے متعلق میں مزید عرض کرتا ہوں کہ اسم ورسم کے بغیر توتوجہ کا حاصل ہونا ہی محال ہے، کیونکہ توجہ کے لئے توتوجہ کرنے والے اور مطلوب دونوں کا ہونا ضروری ہے، جب کہ متوجہ کی ذات بالاتفاق رسم اور خود لفظ متوجہ اسم ہے، تو یہ کس طرح کہا جاسکتا ہے کہ اسم ورسم کے بغیر توجہ کو مقام تنزیہ پر مرکوز کر دینا چاہئے، تنزیہہ اگرچہ ذات کے قریب ترین مقامات میں سے ہے مگر درحقیقت نہ تو کوئی مقام ہے اور نہ مقیم۔ اللہ تعالیٰ کو بلند ہمت پسند ہیں۔

آپ کا یہ کہنا کہ مقصود وصول ہے نہ کہ حصول، میرے خیال میں صوفیاء کے قول صعب الحصول (مشکل سے حاصل ہونا) کی طرف اشارہ ہے، لیکن میں کہتا ہوں کہ یہ تو وصول کی خبر ہے۔

جہاں تک شیخ کبیر حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کے کلام کا تعلق ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ دقیق معارف اور غریب حقائق پر مشتمل ہے، لیکن آپ نے ان کے کلام کے آخر میں جو یہ جملہ لکھا ہے: انتھی کلامہ القدس * ان کا قدسی کلام یہاں ختم ہوا۔

یہ الفاظ یعنی کلام قدسی صرف اللہ تعالیٰ کے کلام کے لئے مخصوص ہیں، اس کا اطلاق تو اس کے انبیاء واصفیاء پر بھی نہیں کیا جاسکتا، چہ جائے کے ایک ولی کے کلام پر ان کا استعمال کیا جائے۔

میرے دوست آپ سے یہ حقیقت چھپی نہیں کہ مقربین کے لئے ''قیود، ہمیشہ ہمیش کا غم و مایوسی اور محرومی'' جیسے الفاظ کا استعمال طالبین کے جذبہ کو کمزور کرتا ہے، جبکہ نصوص بھی اس کے حق میں نہیں، ہمیں تو بندوں کو یہ سمجھانے کا حکم دیا گیا ہے، کہ ان کا رب ان سے قریب ہے، وہ اس کی طرف میلان کیوں نہیں کرتے؟ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ [البقرة: 186] (جب میرے بندے آپ سے میرے متعلق پوچھیں تو بتا دیجئے کہ میں بہت قریب ہوں۔) اور اسی طرح اللہ کا فرمان ہے:

قربوا الی عبادی ولا تبعدونی* (مجھے میرے بندوں سے قریب لاؤ، دوری نہ بڑھاؤ)

گفتم ملکا! ترا کجا جویم من　　درخلعت وصف تو چہا گویم من
گفتا کہ مرا مجو بر عرش و بہشت　　نزد دل خود جوئی کہ برتو یم من

میں نے عرض کیا: شاہا! تجھے کہاں تلاش کروں؟ اور تیرے اوصاف کے بارے میں کیا بیان کروں؟ تو جواب ملا کہ مجھے نہ عرش پر تلاش کرو اور نہ جنت میں، اپنے دل کے قریب ڈھونڈو کہ میں تمہارے اندر ہوں۔

میرے دوست! آپ نے جو کچھ مجھے لکھا وہ محض جذبۂ خیر خواہی کا اظہار تھا، اللہ تعالیٰ آپ کو سلامتی کے ساتھ باقی رکھے، اور اس طرح جو کچھ میں نے آپ کی خدمت میں تحریر کیا وہ بھی محض جذبۂ محبت، خلوص، اور یکجہتی کی بنا پر۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ ان کے قول کہ اس دوہے ''بہی گر در در پیم الخ'' کے حسن کے بارے میں کیا لکھوں، کی وضاحت یہ ہے کہ یہ دوہا آپ کے دعوے کے مخالف ہے، لیکن ایک خاص صورت میں صرف عاشقوں کے لئے فائدہ مند ہے، حضرت شیخ کا یہ قول کہ دل ناتواں میں یہ آیا ''سات سمندر الخ'' یہ دوہا پہلے دوہے کے برعکس فنا و بقاء دونوں کی حقیقت کو بیان کرتا ہے، اسی طرح ان کا یہ قول: عطف اور ارجاء کی وجہ سے کیفیت کا اثبات الخ، تشریح طلب ہے کہ

کیفیت کے سلسلے میں ضمیر ''علیٰ'' کسی شے کی تاویل کرتے ہوئے ''وصول'' کی طرف لوٹتی ہے یاذات کی طرف؟ عطف یاتو وصول پر ہے یا ذات کی حقیقت پر، پس اس جگہ نحو کے اعتبار سے چار معانی بنتے ہیں، پہلا یہ کہ کیفیت وصول کا علم نہیں ہونے دیتی، دوسرا: کیفیت ذات کے اثبات پر دلالت کرتی ہے، تیسرا: کیفیت وصول کے ادراک کی نفی کرتی ہے، اور یہ پہلے معنی کی طرح ہے، چوتھا: کیفیت ذات کے ادراک سے وصول کو روکتی ہے، دوسرے کے ہم معنی۔

جب یہ مکتوب شیخ عبدالاحد رحمہ اللہ کے پاس پہنچا تو انہوں نے پھر اس کا جواب لکھا جو یہ ہے:

## تیسرا مکتوب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں جو اپنے باطن میں ظاہر بھی اور اپنے ظاہر میں بھی باطن بن کر رہی، جس نے عدم کے گھٹا ٹوپ اندھیروں کو اپنے وجود کے نور سے منور کیا، اور درود وسلام ہو اس ذات گرامی پر جسکا نور تمام موجودات سے پہلے ہے اور جو تمام حمد کرنے والوں سے بڑھ کر حمد کرنے والے ہیں، اور اسی طرح انکی آل واصحاب اور تابعین پر درود وسلام ہوں قیامت تک۔

عارفین کے حقائق اور علماء کے دقائق پر مشتمل آپ کا مکتوب ملا جس میں معرفت کے قیمتی نکات اور معرفت کے بلند اسرار کے ساتھ ساتھ کئی طرح کی عبایات اور اعزازات کا اظہار بھی تھا، چونکہ آپ کے مبارک خط میں ہمارے کئی مضامین پر تبصرہ تھا، اس لئے ہم اپنی کوتاہیوں اور ناسمجھی کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے خط کی عبارات اور ان پر آپ کے تبصرے کے متعلق کچھ عرض کرتے ہیں، بزرگوں کے یہاں عذر معتبر اور اصلاح وہدایت ان کا طریقہ ہے، سلام و دعاء کے بعد ہم کہتے ہیں کہ ہمارا یہ قول:

اما فی الوجدان فھو سبحانہ وراء الوراء ثم وراء الوراء*

بالکل بے غبار ہے، بعض اکابر بزرگوں کا ایک نکتہ خزاز نے بیان کیا، جس کے بارے میں سید الطائفہ نے فرمایا کہ یہ ایک ایسی انتہا ہے جس سے آگے کچھ نہیں، اور سید الطائفہ وہ بزرگ ہیں جن کے متعلق شیخ اکبر نے فرمایا کہ وہ حق کی زبان ہیں، اور یہ وہ بزرگ ہیں جن کے بارے میں شیخ الشیوخ نے کہا کہ شیخ اکبر تو ایک ایسا سمندر ہیں جس کا کنارہ نہیں، اور وہ نکتہ یہ ہے:

الوجد عند وجود الحق مفقود* (ذات باری کی نسبت کسی کا وجود نہیں ہے۔)

باقی آپ کا یہ فرمانا: ھذا بالنسبة الی الاکثرین الخ (یہ اکثر لوگوں کے نزدیک ہے)

اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہ، بالنسبۃ الی الاکثرین نہیں، بلکہ بالنسبۃ الی الکل ہے، کیونکہ یہاں پر وجدان سے مراد حقیقت کا ادراک، احاطہ اور اس کا ذہنی حصول ہے، البتہ جو وجدان اس معنی میں نہیں ہے اسے اکثر کے نزدیک کہنا درست ہے۔

آپ کا یہ کہنا کہ آپ کی عبارت میں معانقے (گلے ملنا) کی آرزو کا اظہار ہے، جبکہ میرے یہاں اس کے حصول کی طرف اشارہ ہے، تو اس سلسلے میں میں عرض کرتا ہوں کہ جس کی تمنا اور آرزو کی جارہی ہو اس کا مرتبہ اس سے بلند ہے جو حاصل ہو چکا ہے، اور جب یہ معمول ہی (جس کی آرزو کی جارہی ہے) اس محصول کی طرح آسان ہو گیا تو ہم نے وصول کے لئے محصول پر اکتفاء ہی نہیں کیا، آپ نے فرمایا:

عبار اتنا شتی وحسنک واحد وکل الی ذاک الجمال یشیر

آپکا حسن یکتا ہے، اور اشارہ سب کا اسی جمال کی جانب ہے بھلے ہی ہماری عبارات مختلف ہیں۔

کہنے والے نے کیا ہی خوب کہا ہے جیسا کہ علائی رحمہ اللہ علیہ نے کہا:

ندانم آں گل رعنا چہ رنگ وبو دارد مرغ ہر چمنی گفتگوئی او دارد

مجھے معلوم نہیں کہ وہ پھول کیسی رنگت و بو کا ہے کہ ہر پرندے کی زبان پر اسی کا ذکر ہے۔

لا کہہ سہیلی ایک پیو جبھو دس پی پی ہوئی نا جانو کس ران وسی کون سہاگن ہوئی

ایک پیا کی کتنی بھی گو پیاں ہوں،(اس سے فرق نہیں پڑتا) لیکن جب ایک کے دس دس پیا ہیں تو
سمجھ میں کیسے آئے کہ کسی کی بیوگی کا اظہار کرے، یا کسی کے سہاگ کا سنگار۔

ہمارے اس قول کہ: **ما للتراب ورب الارباب*** کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ تأدبا تھا اور تفضّل دوسری چیز ہے کے متعلق عرض ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بہترین نمونہ ہیں: لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ*(الاحزاب ۲۱)

ہمارا یہ کہنا کہ ابدی حزن واندوہ اللہ کے مقرب بندوں کو دامنگیر ہوتا ہے، اور وصال مطلق سے سرمدی مایوسی ومحرومی اللہ کے خاص بندوں کے حصہ میں آتی ہے، اس پر آپ نے یہ فرمایا کہ ابدی حزن چاہے وہ کسی بنا پر بھی کیوں نہ ہو، مستقل الم وعذاب ہے، اور یہ تو عام مؤمنین کے شان کے لائق بھی نہیں، چہ جائے کے مقربین کی بات کی جائے، اسکے ساتھ آپ نے یہ بھی فرمایا کہ یہ نظریہ نصوص قطعی کے بھی خلاف ہے، میں عرض کرتا ہوں کہ یہاں کئی بحثیں ہیں، بہتر ہوگا کہ ان میں سے ضروری باتیں بیان کردی جائیں، تا کہ یہ مسئلہ پوری طرح کھل جائے۔

آپ سے یہ بات مخفی نہیں کہ ابد وسرمد کا اطلاق جس طرح خلود پر ہوتا ہے بالکل اسی طرح زندگی کی مدت پر بھی ہوتا ہے، جیسا کہ لغت وعرف اس پر شاہد ہیں، چنانچہ فرمان ہے: وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا [النور:4] ''ان کی گواہی کبھی بھی قبول نہیں کی جائے گی۔

خلاصہ یہ نکلا کہ محبت میں حزن وغم اور وصال مطلق سے ناامیدی جو محبوب کی عظمت کو دیکھکر پیدا ہوتی ہے، مقربین کا خاصہ ہے، اور جب تک وہ اس زندگی کی قید میں رہیں ان کی یہ حالت قائم رہتی ہے، چاہے وہ تجلیات ومشاہدات کے اعزاز سے بھی مشرف ہوجائیں، اسکے برعکس جس کا وعدہ کیا گیا ہے (آخرت کی زندگی میں) وہ اس موجودہ زندگی سے کہیں بہتر ہے:

وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْأُولَى [الضحى:4]

(آخرت میں آپ کا حصہ دنیا سے اچھا ہے)

مَنْ كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ اللَّهِ فَإِنَّ أَجَلَ اللَّهِ لَآتٍ [العنکبوت:5] (جواللہ کا مشتاق ہوتو اللہ کا مقرر کیا وقت آیا ہی چاہتا ہے)

ان آیات میں اسی طرف اشارہ ہے، پھر غم و نا امیدی جو کہ ظلال (سایہ) کے مراتب سے نکل کر اصول (جڑوں) تک پہنچنے کے بعد اور صفات کے مدارج سے ترقی پا کر اللہ رب العزت کی ذات تک رسائی حاصل کر لینے کے بعد حاصل ہوتا ہے یہ ایسی خصوصیت ہے جو ان مراتب پر فائز اصحاب کے علاوہ کسی اور میں نہیں پائی جاتی:

فرعون را ندادیم اے دوست! دردسر　　زیرا کہ اونداشت سر درد ہائے ما

میں نے فرعون کو اس لئے سر کا درد نہیں دیا کہ اس کے سر میں ہمارا سودا ہی نہ تھا۔

اے عارف باللہ در حقیقت مدح کی یہ قسم (فرعون کی تعریف) ذم (برائی) کے معنی میں اور کمال نقص ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ کا یہ فرمان اسی قبیل سے ہے:

إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا [الأحزاب:72] (بے شک انسان بڑا ناسمجھ اور نادان ہے) کتنی عجیب بات ہے کہ آپ نے محض نام کی بنا پر اس (غم واندوہ) کو دشمنوں کا حصہ قرار دے دیا اور دوستوں سے اسے بعید بتایا، اور آپ نے اسی پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ اپنے دعوے کے ثبوت میں قرآنی آیات بھی پیش کیں، ان میں سے ایک یہ ہے:

يَا عِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَا أَنْتُمْ تَحْزَنُونَ [الزخرف:68]

اس کے متعلق عرض یہ ہے کہ یہاں الیوم سے مراد قیامت کا دن اور آخرت کی زندگی ہے، اس کے بارے میں ہم پیچھے اشارہ کر آئے ہیں، اور آپ کے لئے اس سے زیادہ فصیح وبلیغ کوئی جواب ہو ہی نہیں سکتا، دوسری آیت یہ ہے:

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ [یونس:62]

سنو! اولیاء اللہ کے لئے کسی خوف کی گنجائش نہیں، نہ وہ لوگ کبھی غمگین ہو پائیں گے۔

مفسرین کے مطابق یہ آیت بھی آخرت سے متعلق ہے، اہل حقائق نے بھی اسے آخرت کی ایک بشارت قرار دیا ہے، یہاں تک کہ بعض نے کہا ہے کہ ولی کو اپنی ولایت کے متعلق علم ہو، یہ بھی ضروری نہیں ہے کیونکہ یہ عبدیت اور بندگی کی خصوصیت یعنی خوف کو ختم کرتا ہے، جیسا کہ تعرف میں لکھا ہے، اور انہی آیتوں میں سے ایک یہ ہے:

فَأَمَّا إِن كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِينَ * فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ وَجَنَّةُ نَعِيمٍ *(الواقعہ ۸۹،۸۸)

پھر وہ مرنے والا اگر مقربین میں سے ہو، تو اُسکے لیے راحت، عمدہ رزق اور نعمت بھری جنت ہے

لیکن میں عرض کرتا ہوں کہ اس سے تو کسی قسم کا استدلال ہو ہی نہیں سکتا کیونکہ راحت اور ریحان کا صرف آخرت کی زندگی میں مقربین کے لئے ہونا ایک ایسی حقیقت ہے جس کا انکار کوئی بھی نہیں کرتا، اور آپ کی پیش کردہ آیات میں سے ایک یہ ہے:

إِنَّهُ لَا يَيْأَسُ مِن رَّوْحِ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْكَافِرُونَ *(یوسف ۸۷)

بے شک اللہ تعالیٰ کی رحمت (روح) سے نا امید نہیں ہوتے مگر کفار۔

اس کے بارے میں عرض ہے کہ اس سے کس طرح استدلال کیا جا سکتا ہے، کیونکہ اگر روح سے بحیثیت مجموعی اس کے تمام اقسام مراد ہیں تو اس صورت میں اس کے بعض اقسام سے نا امیدی میں کوئی مضائقہ نہیں، اور اگر اس کے ہر ایک جز سے نا امیدی مراد ہے تو یہ بالا جماع غلط اور باطل ہے، کیونکہ رَوح (رحمت) کی بعض قسموں (رسالت، نزول وحی وغیرہ) سے تو نا امید ہونا ہی ایمان ہے، اور اگر اس سے مراد (روح کی) بعض اقسام ہیں تو یہ دو صورتوں سے خالی نہیں، یا تو یہ اقسام مقرر ہیں (نبوت وغیرہ) تو ایسی صورت میں ان کے بیان کی ضرورت نہیں، یا غیر معین اور مطلق ہیں، یہ دونوں صورتیں آپ کے لئے سودمند نہیں۔

اے عارف باللہ! جس طرح خالص نا امیدی اس آیت کی رو سے کفر ہے، اسی طرح بالکل نڈر ہونا بھی کفر ہے، ارشاد خداوندی ہے:

**لا یامن مکر اللہ الا القوم الخسرون***(الاعراف ۹۹)(اللہ کی پکڑ سے بے خوف نہیں ہوتا مگر خسارہ والا)

دوسری جگہ ارشاد ہے: وخافون ان کنتم مؤمنین*(ال عمران ۱۷۵)(اگر مومن ہو تو مجھ سے ڈرو) اور اسی لئے کہا گیا ہے "الایمان بین الخوف والرجاء" (ایمان خوف اور امید کے درمیان ہے) اور اس سے پہلے میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس قول کی طرف اشارہ کر چکا ہوں "ان اللہ یحب کل قلب حزین "(۱)(اللہ تعالیٰ غمگینوں کو پسند فرماتے ہیں) اور دوسری جگہ فرمایا: من اراد اللہ بہ خیر جعل فی قلبہ نائحۃ" (اللہ تعالیٰ جس کے لئے خیر چاہتے ہیں اسے روتڑا بنا دیتے ہیں) وراسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں حدیث میں آتا ہے "انہ کان دائم الحزن ومتواصل الکفر" اور آپ کے متعلق یہ بھی ہے کہ نماز میں روتے رہتے اور اس طرح غمگین واندوہ گین ہوتے لیکن ترش روئی قریب نہ پھٹکتی۔

حضرت داؤد علیہ السلام کے متعلق روایت ہے کہ ایک دفعہ آپ رو رہے تھے، کہ جبرئیل امین نے آکر عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور اس گریہ وزاری کا سبب پوچھا ہے، (حالانکہ وہ ہر ایک چیز کا جاننے والا ہے) آپ نے فرمایا دوزخ کے خوف سے رو رہا ہوں، تھوڑی دیر بعد جبرئیل امین پھر حاضر ہوئے اور کہا اللہ تبارک وتعالیٰ فرماتا ہے "**انا لم نجعلھا لاولیائی**" ہمنے دوزخ اپنے دوستوں کیلئے نہیں بنائی، حضرت داؤد علیہ السلام مطمئن ہو گئے، تھوڑی دیر بعد پھر رونے لگے، جبرئیل امین نے حاضر ہو کر رونے کا سبب پوچھا تو انہوں نے فرمایا شوق جنت میں رو رہا ہوں، اس پر جبرئیل امین نے کہا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے "انی جعلتھا لاحبائی" جنت میں نے اپنے پیاروں کے لئے ہی بنائی ہے۔

یہ بات سن کر حضرت داؤد کو پھر سکون آ گیا، کچھ دیر بعد انہوں نے پھر رونا شروع کر دیا، جبرئیل امین نے آکر حسب سابق پھر رونے کا سبب پوچھا، تو انہوں نے فرمایا میں ذات باری

---

۱ مسند البزار ۴۱۵۰،

کے شوق وصال کی تمنا میں رورہا ہوں، جبرئیل نے کہا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے شوق وصال کی تمنا میں جس وقت تک چاہو روتے رہو، اس پر کوئی پابندی نہیں۔

زندگی کا جنگل تو طے ہو گیا لیکن عشق کے دشوار گزار راستوں کا کوئی انجام نہیں، نمونہ کے طور پر ہم نے مشائخ عظام کے اقوال میں خواجہ عبدالخالق غجدوانیؒ کا قول نقل کیا ہے، کہتے ہیں:

''اے بیٹے میں تجھے وصیت کرتا ہوں کے تیرا دل ہمیشہ غمگین اور آنکھ ہمیشہ تر رہنی چاہئے، تیرا عمل خالص اور تیری دعاء میں عاجزی ہونی چاہئے''۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے:

اے خدا دردمرا درماں مکن　　　دردمنداں راز بے درداں مکن

اے اللہ میرے درد کا درماں نہ کر اور دردمندوں کو درد سے محروم نہ کر۔

حضرت سری سقطی رحمہ اللہ نے فرمایا ''میرے لئے دن اور رات دونوں میں کوئی خوشی نہیں ہے، اس لئے میں دن کی پرواہ کرتا ہوں اور نہ رات کی، کیونکہ جیسے خوشی شریعت میں کجروی کا باعث بنتی ہے ویسے ہی یہ سلوک کی راہ میں پستی کا سبب بنتی ہے''۔

یہ ایسے امور پر پردہ کیخا طر ہے جو بعض دوسرے حقائق کا پتہ دیتے ہیں، آپ نے لکھا ہے:

ساتت سمندر پیم کے پنت اکم اپار　کچپت تہی تہیکی بہرلا کی اروار

جیسا پیچھے گزر چکا ہے پھر عرض کرتا ہوں کہ، ذات باری کے استغنا اور اس کی کبریائی کی بات ہے، اس پر میرے ذہن میں دو شعر موزوں ہو گئے، ان میں سے ایک تو اسی مضمون کا ہے، اور دوسرا اس کے جواب میں ہے، عجیب بات یہ ہے کہ اس سے قبل ہندی زبان میں کبھی میں نے کوئی شعر نہیں کہا، دوہا:

ساتت سمندر پار پیو ہوں اکیانی نار　　نہیں نہیں بنا کھوتی کسمس اتروں پار

پیم سمندر رے سکھی تہاہ نہیں جس دھار　　پار لگی لے لاکھوں لوگ بیکس اروار

پیا سات سمندر پار ہیں اور میں اکیلی، کھیون ہار ہے نہ کھیوتی، پیا سے ملوں کیسے؟

سکھی ری! میں نے ایسے کتنے سمندر پار کئے جن کی کوئی تھاہ نہیں تھی ، یہی نہیں بلکہ جانے کتنے مجبوروں کو بھی پار اتارا ہے۔

ہم نے کہا تھا: ”لا تضربوا للہ الامثال “ (اللہ تعالیٰ کو مثالوں سے بیان نہ کرو) آپ نے فرمایا ”وللہ المثل الاعلیٰ“ (اللہ تعالیٰ کی مثالیں بڑی اعلیٰ ہیں) میں عرض کرتا ہوں کہ یہ آیت اپنی جگہ مکمل اور سابقہ آیت کریمہ کے لئے دلیل ہے۔(۱)

آپ نے لکھا ہے لن ترانی سے مراد ان آنکھوں سے اس دنیا میں دیدار کی ممانعت ہے لیکن اس گروہ کے لئے ایک اور جہاں بھی تو ہے، میں کہتا ہوں یہ بات درست ہے کہ اس گروہ کا ایک دوسرا عالم بھی ہے جیسے کے ہمارے والد گرامی نے قول رب:

بل ھم فی لبس من خلق جدید (ق 8) یہ تو نئی تخلیق کے معاملے میں الجھ کر رہ گئے۔

کی تاویل اس طرح کی ہے ”یعنی وہ حقائق اور اسرار کے ادراک سے دور ہیں، اور اس کی وجہ وہ امیدیں ہیں جو انہیں نئی زندگی دوسرا جنم اور فنا کے بعد دوسرا وجود بخشتی ہیں چاہے وہ گھٹیا قسم کی چیزوں سے بھرا ہوا کیوں نہ ہو، یہ آیت انہیں مجوبین کے بارے میں ہے، لیکن پھر بھی استغناء کئی منزل دور ہے۔

التعرف (۲) میں کہا گیا ہے کہ اس بات پر اجماع ہے کہ اس دنیا میں نہ تو ان ظاہری آنکھوں سے اللہ تعالی کا دیدار کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اسے دل کی حقیقی آنکھوں سے دیکھا جا سکتا ہے، ابن العربی قدس سرہ نے فرمایا ہے تجلی ذات متجلی لہ کی صورت ہی میں ظاہر ہوتی ہے، پس متجلی لہ نے حق کے آئنہ میں جو کچھ دیکھا وہ اس کی اپنی صورت کے علاوہ کچھ نہ تھا، اس نے نہ حق کو

---

۱پہلی آیت میں عام مثالوں کی ممانعت ہے، دوسری میں خاص واعلیٰ مثال کی اجازت۔

۲التعرف لمذہب اہل التصوف، مصنف محمد بن ابرا※یم بن یعقوب ال※لاباذي البخاري، ابو ب※ر ۳۸۰ھ ۹۹۰م۔

دیکھا اور نہ ہی اس کو دیکھنا ممکن ہے۔یحذ رکم اللہ نفسہ* چنانچہ حضرت موسی علیہ السلام نے اسی زندگی میں دو بارہ جی اٹھنے کا مشاہدہ کیا، ہمارے قول: ''سر دار محبوبان خدا کو سننا پڑا ''لیس لک من الا مر شی ء'' (آل عمران ۱۲۹) (پیارے! آپ اس کی ٹینشن نہ لیں)

اس کے بارے میں آپکا یہ کہنا کہ اس کا شان نزول ایصال ہے وصول نہیں، تو اس بارے میں عرض ہے کہ اصل تفسیر اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

**ما کنت تدری ما الکتاب و لا الایمان و لکن جعلنہ نو را نھدی بہ الخ***(شوری ۵۳)

آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا، لیکن ہم نے اسے نور بنا دیا، ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں اس کے ذریعہ ہدایت دیتے ہیں۔[1]

ہمارا یہ قول کہ جسے اس نے ہم کلامی سے نوازا وہ بھی پکار اٹھا کہ میرا دم گھٹتا ہے اور میری زبان نہیں کھلتی، اسکے متعلق آپ نے یہ تشریح فرمائی کہ (حضرت موسی نے عرض کیا) میں معانی کے حقائق اور معرفت کے نکات بیان تو کرنا چاہتا ہوں لیکن میری زبان جو فرعون کے انگارے کی

---

[1] آیت کا شان نزول یہ ہے، غزوۂ احد میں آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زخمی ہو گئے تو امت کے حق میں دردمندی کا اظہار فرماتے ہوئے زبان رحمت پر یہ الفاظ آ گئے کہ وہ قوم کیسے فلاح پائیگی جس نے اپنے نبی کو یہ تکلیف پہنچائی، حالانکہ نبی ان کو ہدایت کی جانب بلا رہا تھا، تب یہ آیت نازل ہوئی، شیخ ابوالرضاؒ کا موقف یہ ہے کہ آیت میں تصرف سے انکار کیا گیا ہے یعنی آپ کو یہ اختیار نہیں کہ ان کفار کے متعلق کوئی فیصلہ کرسکیں، یہ کام اللہ کا ہے، جہاں تک وصول یعنی اللہ کو پانے یا ذات باری تعلیٰ تک رسائی ہے تو آیت میں اس سے انکار نہیں کیا گیا ہے، جب کہ شیخ عبدالاحدؒ اس کو ذات باری تک پہنچنے سے عاجز ہونے کے معنی میں لے رہے ہیں، اس میں شک نہیں کہ شیخ ابوالرضاؒ کا موقف زیادہ مضبوط ہے، یہ تمام بحث اس وقت ہے جب ہم آیت کو رسولؐ کے لئے زجر و توبیخ، اور اللہ تعالیٰ کی بے نیازی کے معنی میں لیں، جب کہ آیت کا سباق اس بات کا تقاضہ کرتا ہے اور بعض تفسیروں سے اس کی تائید بھی ہوتی ہے، کہ یہ آیت تسلی کے معنی میں ہے یعنی آیت میں کہا گیا ہے کہ آپ ان لوگوں کی فکر نہ کریں، اور ان کی جانب سے قطعی مایوس نہ ہوں، اور انکی آئی گئی کو اللہ تعالیٰ پر چھوڑ رکھیئے، وہ ان سے خود سمجھ لے گا، یقیناً ظالم تو یہ ہیں ہی، لیکن ان میں بھی بعض ایسے ہیں جن کی توبہ ہو جائیگی اور وہ ایمان لے آئیں گے۔

وجہ سے جل گئی ہے میرا ساتھ نہیں دیتی'' اس کے متعلق میرا خیال ہے کہ یہ ساری باتیں تفسیر سے متعلق ہیں، اور کوئی مسلمان اس کا انکار نہیں کرتا، مگر جو ہم نے بیان کیا ہے یہ بات راسخین کی ہے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

لکل حرف ظهر و بطن*(۱)

ہر حرف کے دو پہلو ہوتے ہیں، ظاہر اور باطن۔

جس شخص نے ظاہر پر اکتفاء کیا اس نے ھدایت حاصل کر لی اور جس کی بصیرت باطن پر مرکوز ہوگئی تو اس نے ہر سمت میں ھدایت کاملہ پالی، پس اچھائیوں کی طرف بڑھو۔

ہمارا قول کہ'' جسے اس نے جوامع الکلم عنایت کئے اس نے بھی لا احصی ثناء علیک کی صدا بلند کی اس کے بارے میں آپ نے فرمایا کہ حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ آپ کے تمام کمالات عیان کے ذیل میں داخل نہیں ہو سکتے، جبکہ مکمل ثناء عیان کے بعد ہی ہوسکتی ہے، میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارا مقصود بھی بالکل یہی ہے۔

آپ کا یہ فرمانا کہ یہ نفی بھی مقید ہے، اور وہ قید یہ ہے انت کما اثنیت علی نفسک، ہم کہتے ہیں کہ یہ بات علی الاطلاق نہیں ہے، جیسا کہ انہوں نے اللہ کے قول ولا تاَ کلوا الربا اضعا فا مضاعفةً میں ذکر کیا، اس صورت میں نفی کا مقید ہونا کلیہ نہ ہوا، بلکہ یہ خود ایک مختلف فیہ مسئلہ بن گئی، جیسا کہ شرح مطالع وغیرہ میں حواشی سے معلوم ہوتا ہے، اور اگر بالفرض اسے مان بھی لیا جائے تو بھی یہ ہمارے مقصود کے خلاف نہیں ہے، بلکہ اس کی تائید کرتی ہے۔

ہمارا یہ کہنا کہ عیاں راچہ بیاں اور اس پر آپ کا یہ تبصرہ کہ صاحب عیان کو بیان کی ضرورت نہیں ہوتی، اور جو صاحب عیان نہ ہو اسکو بیان کی ضرورت ہوتی ہے، یہ اور ہے، وہ اور، اس بارے میں ہم کہتے ہیں کہ ہمارا یہ قول آیت کریمہ ''ذالک الکتاب لا ریب فیه'' کے زمرے سے

---

۱ جامع الأحادیث - (۵۸۱۹)

ہے، ہمارا یہ کہنا کہ کسی ایسے مرتبہ تک پہنچنا جس سے اوپر کسی مرتبہ کا تصور بھی نہ کیا جا سکے محال ہے، یہ بات آیت کریمہ "قل رب زدنی علما" اور حدیث "انکم لن تستطیعوا ان تغلبوا ھذا الدین" (تم ہرگز اس دین پر غالب نہیں آ سکتے) سے لی گئی ہے، پھر اس پر آپ کا یہ فرمانا کہ یہ سیر صفات کی بات ہے، لیکن اللہ کی ذات سے وصول کے بعد تو اوپر کا تصور یقیناً محال ہے، میں عرض کرتا ہوں کہ صفات کی سیر سے فارغ ہونے کے بعد اجمالی طور پر باری تعالیٰ کی ذات تک وصول تو ممکن بلکہ یقینی ہے البتہ اس سے آگے بڑھنا عقلاً ونقلاً محال ہے، آخر حق تک رسائی کے بعد آگے بڑھنا گمراہی نہیں تو کونسی خوبی ہے؟

اسی طرح اس کی گہرائی و گیرائی کا احاطہ بھی محال ہے، کیونکہ اگر طالب بسیط تر ہے تو اس کی ذات وسیع تر اور ختم نہ ہونے والی ہے، چنانچہ حقیقی سیر جسے محققین سیر فی اللہ کا نام دیتے ہیں وہ بھی ذات باری کی طرح نہ ختم ہونے والی ہے، اور اس کا طے کر لینا ناممکن ہے۔

شربت الحب کاسا بعد کاس فما نفد الشراب وما رویت

میں شرابِ محبت جام پر جام پیتا رہا، مگر نہ شراب ختم ہونے میں آئی، نہ میں ہی سیر ہوا۔

بمیرد تشنہ مستسقی و دریا ہمچناں باقی

صاحب تعرف (کلاباذیؒ) نے کہا ہے: اصلاح کا قول اس کی قدرت کی انتہا کو ثابت کرتا ہے، اور اس سے اس کے خزانوں کے ختم ہونے اور اس کے بے بس ہونے کا مفہوم نکلتا ہے، حالانکہ اللہ تعالیٰ کی ذات اس سے بلند ہے، اس لئے کہ جب وہ ان میں صلاح یعنی خیر کی آخری اور انتہائی کیفیت پیدا کر دے تو اس کے بعد مزید صلاح کے لئے کوئی چیز نہیں ہوگی، اب اگر وہ مزید صلاح کا ارادہ کرے تو کہاں سے ہوگی؟ اور اس نے جو کچھ ان کو دیا ہے اس کے بعد انہیں مزید دینے کے لئے کچھ بھی نہیں ہوگا، جس کے ذریعہ وہ ان میں مزید اضافہ کرے حالانکہ اللہ تعالیٰ ایسی باتوں سے بہت بلند و بالا ہے۔

یہ بات ذہن میں رہے کہ ایک مقام میں رہتے ہوئے ترقی کرنا اور چیز ہے جبکہ ایک مقام سے دوسرے مقام کی طرف ترقی کرنا بالکل دوسری چیز، اور ہم جس بات میں الجھے ہوئے ہیں وہ یہی دوصورتیں ہیں، جن میں سے ایک ممنوع اور دوسری واقع ہے، اگر ایسا نہ ہوتا تو واصلین (ذات باری تعالیٰ تک پہنچنے والوں) کے درجات میں فرق نہ ہوتا، اور تقرب الی اللہ میں سب برابر ہوتے، نیز سب ایک ہی مقام پر فائز ہوتے، حالانکہ یہ ساری باتیں غلط ہیں۔

اگر کہا جائے کہ ہم یہ نہیں مانتے کہ ان درجات میں فرق اس وجہ سے ہے، بلکہ درجات کی اونچ نیچ کسی اور بنا پر ہے، تو اس کے بارے میں آپ کیلئے ہمارا یہی جواب ہے کہ آخری درجے کے تصور کا ناممکن ہونا آپ کو خود تسلیم ہے۔

اے عارف باللہ! یہاں ترقی وامتیاز برانڈے سے مکان اور مکان سے چھت کی طرف ترقی کی طرح نہیں، اور اسی طرح سیر وسلوک سے مراد بھی جسمانی حرکت نہیں، بلکہ یہ ایک ایسا ناقابل بیان اور وجدانی معاملہ ہے کہ جو اس کوچے سے نہیں گزرا وہ اس کے بھیدوں سے باخبر ہو ہی نہیں سکتا، اس کی تعریف میں زیادہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ ایک کیف کی حرکت ہے، اور ایک حقیقت سے دوسری حقیقت کی طرف علمی انتقال ہے، لیکن یہ مرتبہ صفات کے اعتبار سے ہے، ذات کے لحاظ سے نہیں، ذات کے لحاظ سے تو یہ مرتبہ معرفت، انکشاف کی زیادتی اور انتہائی گہرائی تک نظر کی رسائی سے عبارت ہے، جیسا کہ اس پر کرامت گواہ ہے، اور یہی صحیح ہے۔

ہمارا یہ کہنا کہ یہ بات اخروی دیدار کی طرح ہے جس پر ایمان لانے کے ہم پابند تو ہیں لیکن اس کیفیت سے ہمارا کوئی واسطہ نہیں، اس پر آپ نے فرمایا کہ یہ تو دیدار کی کیفیت کے بارے میں بالکل واضح ہے، اور وصول کے لئے مثلیت کو لازم ہے، جبکہ یہ دونوں بے کیف ہیں، میں عرض کرتا ہوں کہ یہ تو کیفیت کا وجود نہ ہونے کی وضاحت ہے، کیونکہ کیفیت سے واسطہ نہ رکھنے کا مقصد ہی کیفیت کی نفی ہے، عبارت میں اس قسم کی بھول چوک اکثر و بیشتر واقع ہوتی

رہتی ہیں، جیسا کہ سیاق وسباق خود اس پر دلالت کررہا ہے، کسی بڑے شیخ کا قول ہے کہ باری تعالیٰ کی ذات مجہول الکیفیت ہے، یعنی اس کی کوئی کیفیت نہیں، پھر علمی قاعدہ کے مطابق بعض چیزوں میں مشابہت کی وجہ سے مثلیت (مثال) بھی ثابت نہیں ہوتی، یہ تسلیم کرنے کے بعد عرض ہے کہ دو بے کیف چیزوں کا آپس میں ایک جیسا ہونا کیفیت کو لازم نہیں، جیسا کہ اس کی تمام صفات میں ہے۔

ہم نے کہا تھا کہ اسم ورسم سے گزر کر تنزیہہ مطلق اور محض غیب کو توجہ کا قبلہ بنالینا چاہئے، اس پر آپ نے فرمایا کہ توجہ متوجہ اور متوجہ الیہ کے درمیان ایک نسبت ہے، لفظ متوجہ اسم ہے اور متوجہ کی ذات رسم، تو توجہ مطلق ممکن ہی نہیں، ہم جواباً کہتے ہیں کہ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اے عارف! جب معرفت وولایت کے دروازے بند ہوجائیں تو اللہ تعالیٰ کی ذات پر توجہ مرکوز کردے، اور اسکے سوا تمام نقشوں کو مٹادے تبھی یہ دروازے کھلتے ہیں، اگر ایسا نہ کیا جائے تو نہ معرفت حاصل ہوتی ہے نہ حقیقت کاملہ تک رسائی، جیسا کہ صوفیاء نے کہا ہے:

ہیچ کس راتا نکردہ او فنا نیست رہ در بارگاہ کبریا

جب تک کوئی اپنے آپ کو فنا نہیں کرلیتا بارگاہِ باری میں کوئی درجہ نہیں پاتا۔

صاحب نزہۃ کے اس قول سے دھوکا نہ کھالینا:

گو یند عنان خود چہ تابی گم شو کہ چو گم شوی بیابی

ایں نکتہ نمود نا صواب چوں گم شوم آنگہے چہ یابم

یا بندہ اگر کسی دگر خواست از گم شدنم پس او چہ میخواست

کہتے ہیں کہ اپنی دوڑ دھوپ کیوں کرتا ہے؟ اپنے آپ کو گم کردے جب خود کو گم کردے گا تو پالے گا، ان کا یہ نکتہ میرے گلے نہیں اترتا کہ جب خود ہی گم ہوجاؤں گا تو پاؤں گا کیا؟ پانے والا اگر کسی اور کا متلاشی تھا تو جب میں گم ہوگیا اب اسکے بعد اسے کیا چاہئے؟

یہ تمام فلسفیوں کی موشگافیاں ہیں جن میں معارف کا شائبہ تک نہیں، اس لئے سالک کو زیب نہیں دیتا کہ وہ ان کانٹوں بھری وادیوں میں بھٹکتا پھرے، چاہے آپ یہ سمجھتے ہوں کہ اس (گزشتہ بحث) کو محققین نے کس مفہوم میں لیا، اور اس میں موجود شبہات پر کیسے اعتراضات کئے اور پھر کس طرح مکمل اور زبان بند کر دینے والے جوابات دیئے، اگر چہ ان کی گفتگو اتنے سارے تکلفات کے باوجود تاویل کی محتاج ہے لیکن ہم اس تفسیر میں نہیں جانا چاہتے۔

البتہ خواجہ احرارؒ کا ایک پیراگراف پیش ہے، جو اس بحث میں نہایت مفید ثابت ہوگا، فرمایا:

''جب سالک اپنی ذات وصفات کو فنا کر دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے ترقی دے کر بقا تک پہنچا دیتا ہے، اس وقت وہ اسے نور عطا کرتا ہے جس کے ذریعہ حق تعالیٰ شانہ کی ذات کا مشاہدہ کرتا ہے، پس اس وقت ذات کے علاوہ اس کا کوئی مشاہدہ نہیں ہوتا''

تو سمجھ لینا چاہئے کہ ذات کی طرف توجہ کرنے والے کے لئے اپنی ہستی اور صفات کو مٹا دینا لازمی ہے، جیسا کہ بیان ہو چکا ہے، اور آپ نے بھی اس کی طرف اشارہ کیا ہے تو اسم ورسم اور نفس کے اعتبارات کیوں غائب نہیں ہونگے؟

آپ نے فرمایا تھا کہ تنزیہہ اگر چہ ذات کے قریب ترین مقامات میں سے ایک ہے، تاہم وہ ہے تو مقام ہی، جبکہ حقیقت میں کوئی مقام ہے اور نہ مقیم۔

اس بارے میں عرض ہے کہ شاید یہاں ''حقیقت'' سے مراد ذات خالص کا مرتبہ ہے، ورنہ مقام ومقیم کی نفی کرنا بے معنی ہوگا، پس تنزیہ سے ہماری مراد عنایت توجہ ومہربانی، اور آخرت سے متعلق ہمارے قول کی تائید ہے، بلکہ محققین کے اس قول کی تفسیر ہے ''کنہِ ذات (باری تعالیٰ کی حقیقت) ادراک سے بری اور اضافات واعتبارات (جسم ومثل) سے پاک ہے، پس نہ تو اسکی جانب کوئی اشارہ کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی اسے کسی عبارت سے تعبیر کیا جا سکتا ہے:

در افگندہ دف ایں آوازہ از دوست — کز دو بر دست دف گویاں بود پوست

دف نے محبوب کی آواز اپنے اندر ڈال رکھی ہے اور ہاتھ پڑنے سے اس کی کھال بول اٹھتی ہے۔

نبی صادق علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا:

**لاتخالطه الظنون ولا یصفه الواصفون*(۱)**

نہ اس تک گمان پہنچ سکتے ہیں اور نہ واصف اسکے اوصاف بیان کر سکتے ہیں۔

ذوالنون مصری رحمہ اللہ نے کہا ہے:

**التکفیر فی ذات اللہ جھل والاشارۃ الیه شرک وحقیقة المعرفة حیرۃ***

خدا کی ذات کے بارے میں سوچ بچار جہالت، اس کی طرف اشارہ کرنا شرک اور اس کی معرفت کی حقیقت حیرت ہے۔

آفاق روشن ومہ تاباں پدید نیست          پرشور عالمی ونمکداں پدید نیست

از مہر تا بذرہ واز قطرہ تا محیط          چوں گوئی درتر ددوصوگاں پدید نیست

آفاق روشن ہیں مگر مہ تاباں کا کہیں نشان نہیں، ایک جہان زخموں پر نمک لئے تڑپ رہا ہے، مگر نمکدان کا وجود نہیں، ذرے سے لے کر آفتاب تک اور قطرے سے سمندر تک گیند لڑھکتا پھرتا ہے لیکن اسکے چلانے والے کا کہیں نشان نہیں۔

حسین ابن منصور نے کہا ہے کہ "قبل "اس پر سبقت لے جانے سے قاصر "بعد "اسے طے کرنے سے عاجز، من اسے ظاہر کرنے سے عن اس کی موافقت سے الی اس سے قریب ہونے فی اس میں رچ جانے أن اس سے مشورہ کرنے فوق اسے پناہ میں لینے تحت اسے گھٹانے حذا اس کا مقابل بننے عند اس کی مزاحمت کرنے خلد اسے پانے امام اسے محدود کرنے قبل اسے ظاہر کرنے بعد اس کی نفی کرنے کل اسے جمع کرنے کان اسے موجود کرنے اور لیس اسے مفقود کرنے سے قاصر ہے، اس کی ذات کسی

---

۱ المعجم الاوسط للطبرانی (ح۹۴۴۸)

کیفیت کو قبول کرتی ہے اور نہ کسی تکلف کو۔

کلاباذیؒ کا قول ہے: مخلوقات میں اللہ تعالیٰ کی جو جتنی معرفت رکھتا ہے اتنا ہی حیران ہوتا ہے۔

ابن العربیؒ نے قول خداوندی: "وان من شئی الا یسبح بحمدہ "(الاسراء ۴۴) کے بارے میں فرمایا کہ بحمدہ میں ہ کی ضمیر کا مرجع شی ہے، کیونکہ کسی کی تسبیح خدا کے شایان نہیں ہوسکتی۔

قونوی قدس سرہ (۱) نے فرمایا: ذات حق کے بارے میں یہ درست نہیں کہ اس پر کسی قسم کا کوئی حکم لگایا جائے یا اسے کسی وصف سے جانا جائے یا اس کی طرف کسی چیز کی اضافت کی جائے۔

مولانا رومیؒ نے فرمایا:

حق منزہ ہست از ہر اسم و نام — تو چہ می چسپی بہر اسم اے غلام
ہر چہ گوئیم عشق را شرح و بیاں — چوں بعشق آئیم خجل باشم ازاں

ذات حق اسم و نام سے پاک ہے، اے بندے تو خواہ مخواہ ناموں سے کیوں چمٹا ہوا ہے؟
ہم نے عشق کی جو بھی شرح بیان کی، جب عشق سے دو چار ہوئے تو اس سے شرمندہ ہونا پڑا۔

صاحب گلشن راز نے کہا: (۲)

بود اندیشہ اندر ذات باطل — محال محض و آں تحصیل حاصل

ذات باری کے سلسلے میں چہ می گوئیاں اور اندازے باطل اور لاحاصل ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ نے فرمایا: میں حیطۂ شہود (آنکھ کے دائرہ) میں آنے والے یا خیال و وہم میں سما جانے والے خدا کو گو ہرگز نہیں پوجتا، میں تو اس لقمے کی طلب میں ہوں جو منہ میں نہ سما سکے، جس نے اس حقیقت کو پالیا وہی سمجھدار رہے۔

بعض اہل تحقیق نے موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کہا کہ فرعون نے ان سے ماہیت حق کے

---

۱ صدر الدین محمد بن اسحاق قونوی، ۶۰۷-۶۷۳ھ، ملقب بہ شیخ کبیر، ابن عربیؒ کے ربیب اور شاگرد خاص۔

۲ سعد الدّین محمود بن امین الدّین عبدالکریم بن یحیی شبستری معروف بہ: شیخ محمود شبستری ۶۸۷-۷۴۰ھ

متعلق سوال کیا کہ "وما رب العلمین ؟(الشعراء ۲۳)لیکن موسیٰ علیہ السلام نے اس کا جواب دیا: "رب السموات والارض وما بینہما" (الشعراء ۲۴) یہ جواب حکیمانہ اسلوب میں ہے، کیونکہ ان سے حق کی ماہیت کے متعلق دریافت کیا گیا جو کہ ناممکن البیان تھی تو انہوں نے ان نشانیوں کا حوالہ دیا جو اس کی ذات پر گواہ ہیں۔

دلہا ہمہ آب گشت و جانہا ہمہ خون　　　تا چیست حقیقت زپس پردہ بروں

تمام دل پگھل کر بہ گئے اور جانیں خون ہوگئیں اسی دھن میں کہ پردہ کے پیچھے سے کیا نکلتا ہے؟

بہت ہی بہتر ہوا کہ چیست (کیا ہے) کہا کیست (کون، کیسا) نہ کہا۔

ہمارا یہ قول کہ مقصد وصول ہے نہ کہ حصول، اس کے بارے میں آپ نے کہا ہے کہ شاید یہ میرے قول صعب الحصول سے مراد لیا گیا ہے، ہم اس کے بارے میں یہ کہتے ہیں کہ آپ کے قول سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے قول ولا یحیطون بہ علما (طٰہٰ) سے مراد لیا ہے۔

آپ نے لکھا ہے کہ نبی کے کلام کو بھی کلام قدسی نہیں کہا جا سکتا، چہ جائیکہ ولی کے کلام کو، ہم عرض کرتے ہیں کہ اگر اس بارے میں کوئی معتبر حدیث موجود ہے تو سر آنکھوں پر، ورنہ بصورت دیگر کسی چیز کو حرام قرار نہیں دیا جا سکتا، کیونکہ اشیاء کی اصل ان کا جائز ہونا ہے، احادیث میں حدیث غیر قدسی کو قدسی کہنا جائز نہیں، کیونکہ حدیث میں تو قدسی و غیر قدسی دو قسمیں بنا دی گئی ہیں، پس غیر قدسی کو قدسی کہنے سے وہم واقع ہو جانے کا خدشہ ہے، اس لئے ناجائز ہے، مگر جہاں مشابہت کا خطرہ نہ ہو وہاں کوئی حرج نہیں ہے، مزید یہ کہ جب زمین کو ارض مقدسہ اور شہر کو بلدۂ قدسیہ کہا جا سکتا ہے تو نبی و ولی کے کلام کو تو بدرجۂ اولیٰ کلام قدسی کا نام دیا جا سکتا ہے، اگر کہا جائے کہ قدس تو اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام ہے، تو کیا اس کا اطلاق اس کے علاوہ پر کرنا جائز ہے؟ ہمارا جواب یہ ہے کہ قدس تو سرے سے اللہ کے مخصوص ناموں میں سے ہے ہی نہیں اور اگر اسے تسلیم کر لیا جائے تو یہ اسرائیلیات میں شامل ہو جائیگا، الغرض یہاں پر کوئی وجہ ناجائز

ہونے کی موجود نہیں ہے۔

اے عارف باللہ! بلا وجہ بحث وتکرار اور چہ می گوئیوں کی کثرت سے وحشت پیدا ہوتی ہے، جو نفرت کو دعوت دیتی ہے، طویل سے قلیل بہتر ہے، اور کلام میں اختصار اعجاز سے قریب ہے۔

خموشی فیض دیگر میدہد دیوانۂ مارا چراغ کشتہ روشن میکندہ ویرانۂ مارا

میرے دیوانے دل کو خاموشی فائدہ دیتی ہے، میرے ویرانے کو بجھا ہوا چراغ روشن کرتا ہے۔

میں آنجناب سے خاص وقتوں میں نیک دعاؤں کا طلب گار ہوں، جبکہ میرا حال یہ ہے:

ماخود بگرد دامن مردی نمیرسیم شاید کہ گرد دامن مردی بمارسد

میں خود تو کسی مرد کامل کے دامن کی گرد کو نہیں پاسکا، شاید اسکے دامن کی گرد خود مجھ تک پہنچ جائے۔

میں چاہتا تھا کہ اپنے بعض اشعار آپ کے مطالعہ کی نذر کرتا، مگر یہ ارادہ اس لئے ترک کردیا کہ کہیں آپ اکتا نہ جائیں، لہٰذا ان چار شعروں پر ہی اکتفاء کرتا ہوں:

کجا ہر ذرہ دارد تاب حسن بے حجابش را کہ باشد چشمۂ خورشید شبنم آفتابش را

نگنجد نشاء حیرت دریں خمخانۂ کثرت ازیں نہ شیشہ بیروں یافتم موج شرابش را

درخانۂ ما جلوہ گراں رشک چمن شد ہر خاروخس وگلخن ما برگ وسمن شد

عمریست کہ در حلقۂ زلف تو اسیریم مجنون ترا خانہ زنجیر وطن شد

ذرہ اس کے حسنِ بے پردہ کی تاب کہاں لاسکتا ہے؟ سورج بھی جس کے جلوے کی شبنم ہے، حیرت کا ٹھکانہ نہیں کہ اس میخانے میں شراب تو موج در موج ہے مگر شیشہ نہیں ملتا۔

ان کی جلوہ گری سے میرا گھر رشکِ چمن اور ہمارا کوڑا کرکٹ بھی پھول پتیاں بن گیا، عمر تو وہ ہے جو آپ کی زلف کی اسیری میں گذرے، تیرے دیوانے کیلئے قید خانہ وطن سے بڑھ کر ہے۔

سبحان ربک رب العزت عما یصفون و سلام علی المرسلین و الحمدللہ رب العلمین *

## دو بول مؤلفؒ کے

جب بات یہاں تک پہنچی ہے تو چند کلمات فیصلے کے طور پر کہنا مناسب معلوم ہوتا ہے، واللہ اعلم اس فقیر کی نظر میں انبیاء علیہم السلام کا کلام باطن کی اصلاح اور بلند مراتب کے حصول پر مشتمل ہوتا ہے، جیسے طہارت، خشوع وخضوع وغیرہ، فضولیات سے ان کا کلام پاک ہوتا ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ نے انبیاء علیہم السلام کو ان پاکیزہ مطالب کی تبلیغ کے لئے بھیجا ہے، وحی کے علاوہ جو اعمال ان سے اشارۃً یا صراحتاً ظاہر ہوتے ہیں، ان کی قدر ومنزلت اور بھی بڑھ کر ہے، جیسا کہ وہ مقام احسان سے نیچے آ کر عام مؤمنوں کی صورت میں ظاہر ہوتے ہوئے دین کی تبلیغ کا کام انجام دیتے ہیں، تاکہ وہ اس مقام میں لوگوں کے لئے نمونہ ثابت ہوں، ذلک تقدیر العزیز العلیم، اس لئے صوفیاء کا ان کے کلام سے اپنے مضامین یعنی توجہ بذات صرف، فناء، بقاء اور توحید وجود وغیرہ پر استدلال کرنا عبارت نص، اشارت وایماء اور اقتضا (تمثیل) کے اعتبار سے ہوتا ہے نہ کہ حقیقت کے اعتبار سے، بلکہ وہ وہی اختیار کرتے ہیں جو نصوص کے ذریعہ ان پر کھلتا ہے، اکثر انکا ذہن ایک سے دوسری چیز کی طرف منتقل ہو جاتا ہے، اور کسی چیز کے متعلق وہ کوئی نئی بات کہہ دیتے ہیں، لہٰذا اس سلسلے میں بحث کرنا مخالف کے لئے فائدہ مند نہیں۔

یہ بھی معلوم رہے کہ جذب ملکملکے حامل مجذوب کو جب ذات خاص سے گہرا رابطہ حاصل ہو جاتا ہے اور اس پر معرفت کے دروازے کھل جاتے ہیں یا اس کے ذہن میں ذات خالص کی معرفت کے بارے میں کچھ آ جاتا ہے جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا، تو اسے خواہ وصول و حصول کہیں یا ادراک کا نام دیں، کاملین کا اس پر اتفاق ہے کہ یہی معرفت ہے، اس کے بعد اس میں جو بھی اختلاف ہوگا وہ لفظی ہوگا۔

شیخ عبدالاحد نے کہا ہے ''ہم مطلقاً وصل الی الذات کا انکار نہیں کرتے الخ'' اور شیخ مجدد قدس سرہ نے شرح رباعتین کی شرح میں بھی یہی موقف اختیار کیا ہے، واضح ہو کہ مرتبۂ لا تعین (جس کا کوئی نام نہیں) میں اگرچہ شہود تجویز کرتے ہیں، لیکن شہود سے اوپر بھی کئی

مراتب ہیں، لہٰذا یہاں جو کچھ بھی حاصل ہوتا ہے وہ وصول نہیں بلکہ وصول کی دہلیز کا مشاہدہ ہے ، وصول کے مراتب اس سے بلند ہیں، چونکہ سب کا فہم وہاں تک نہیں پہنچ سکتا، اس لئے بعید نہیں کہ وہ اس کا انکار کر دیں۔

یہ بھی ذہن نشین رہے کہ شیخ کامل سے محبت ذاتیہ کبھی الگ نہیں ہوتی، اور اس کی حقیقت مظہر (اسکرین) جیسی ہے کہ حقیقت سے ملا ہوا اور متبوع (جس کی اتباع کی جائے، شیخ) سے الگ ہوتا ہے، اور اس کے ساتھ ساتھ اس کا رابطہ دونوں کے ساتھ قائم رہتا ہے۔(۱)

اور جہاں تک قلق، حزن اور اندوہ کا تعلق ہے وہ کامل کے مزاج کے تابع ہیں، مگر اس کی اصلیت سے خارج، اگر کامل کے مزاج میں قوت بہیمیہ (حیوانی فطرت) زوروں پر ہوگی تو یہی محبت ذاتیہ اس کے لئے قلق، عشق اور اندوہ کی صورت میں ظاہر ہوگی، اور اگر قوت بہیمیہ اسکے مزاج میں کمزور ہوگی تو خالی الفت وانسیت کی صورت میں ظاہر ہوگی۔

اور یہ بھی معلوم رہے کہ اہل کمال کا اس بات پر اتفاق ہے کہ مرتبۂ ذاتیہ تک رسائی کے لئے دو راستے ہیں، پہلا راستہ وہ ہے جو براہِ راست شاہ راہِ وجود سے نکل کر آگے بڑھتا ہے اور اسی پر چل کر فی الحقیقت اس مرتبۂ ذاتیہ تک سالک پہنچتا ہے، یہ راستہ صرف اقطاب کے لئے ہی مختص ہے، جبکہ دوسرا راستہ متوسط سالکین کا ہے اور یہی اکثر لوگوں کی گذرگاہ ہے، اصل میں یہ راستہ (مرتبۂ ذاتیہ تک) نہیں جاتا۔

اگر صوفیہ میں سے کسی نے معرفت ذات کا انکار کیا ہے تو اس سے انکی مراد احاطہ اور ادراک ہے، اور اس کا تو کوئی بھی قائل نہیں، تو اس کا مطلب یہ نکلا کہ یہ سارا جھگڑا لفظی ہے، مندرجہ بالا

---

۱ اس کی مثال ایسی ہے جیسے کمرے کی دیوار کہ اس کا باہری حصہ باہر کے ماحول کے مطابق و متصل ہے اور اندرونی حصہ اندر کے ماحول سے جڑا ہے، وہ ظاہر و باطن کے اتصال اور انفصال دونوں کا کام انجام دیتی ہے، اور دونوں ہی لفظ اس کی تعبیر میں بولے جاسکتے ہیں۔

اصولوں کو ذہن نشین کرنے کے بعد کوئی جھگڑا باقی نہیں رہتا، البتہ چند عقلی قسم کے مقدمات پھر بھی باقی رہ جاتے ہیں، جو کہ جھگڑے کا سبب بن سکتے ہیں، مگر انہیں بھی معمولی توجہ کے ساتھ دور کیا جاسکتا ہے، والعلم عنداللہ۔

ان تمام بحثوں کے بعد یہ بات ذہن میں رہے کہ یہ پانچوں خط ان کی شروعاتی ملاقات کے زمانے میں لکھے گئے، چنانچہ پہلے خط میں سے جو حصہ میں نے چھوڑ دیا ہے وہ ان کی شروعاتی ملاقاتوں کی تفصیلات سے متعلق تھا، وہ اس بات پر دلیل ہے۔

جب دوسری ملاقات ہوئی اور دونوں شیوخ ایک دوسرے سے قریب آئے اور ایک دوسرے کے مقامات پر مطلع ہوئے، تو معاملہ ہی بدل گیا، چنانچہ یہ خط جو کہ شیخ عبدالاحد نے حضرت شیخ کی خدمت میں بھیجا تھا اس بات کا کھلا ثبوت ہے، خط یہ ہے:

آپ کا مکتوب، مکتوب رحمانی اور خطاب، خطاب منانی تھا، جس نے آپ کی طلب کی اس نے واجد کو آپ کے پاس پایا اور جس نے واجد کو پالیا، اس نے آپ کو پالیا، اور جس نے اللہ سے عشق کیا گویا اس نے آپ سے عشق کیا، اور جو آپ سے غافل ہوا وہ اپنے رب سے بے پرواہ ہوگیا، ہم آپ کے ہیں اور اس کے جس نے آپ کو دوست جانا، میں نے آپ کو احسان سے قریب اور رؤوف کا ندیم پایا، آپ پر اس نعمت کا شکر ادا کرنا اور اس ثروت وامارت کی زکوۃ ادا کرنا فرض ہے۔

چو با حبیب نشینی و بادہ پیمائی        بیاد آر محبان بادہ پیما را

جب تو محبوب کے پہلو میں بیٹھا معرفت کے جام پیئے تو یارانِ ہم پیالہ کو بھی یاد کر لینا۔

اب کوئی عذر باقی نہ رہا کہ تو حق کی تجلی کو عاشقوں کے آئینہ میں سمودے۔

آں روز کہ مہ شدی نمید انستی        کانگشت نمائی عالمے خواہد شد

تجھے معلوم نہیں کہ جب تو ماہتاب بن جائیگا تو سارا عالم تیری ہی جانب اشارہ کرے گا۔

دوسری مرتبہ شیخ عبدالاحد نے یہ دو شعر تحریر کئے:

یار از آغوش دلم جوشد و دورم ہنوز　　صد تجلی ساقی بزم است ومخمورم ہنوز
لن ترانی گرچہ یک وادی خرابم کردہ است　　میکند کاشانہ رنگین آتش طورم ہنوز

محبوب میرے دل میں مچل رہا ہے مگر میں پھر بھی دور ہوں، ساقی کی تجلیاں بکھری ہوئی ہیں اور میں مدہوش ہوں، اگر چہ لن ترانی نے میری ایک ہی وادی کا خرابہ کیا تھا مگر میرے طور کی آگ اب بھی کاشانۂ عالم کو رنگین و روشن کر رہی ہے۔

حضرت شیخ نے تحریر فرمایا: میرے مخدوم و مشفق! دل کا معاملہ ایسا ہے کہ جب تک اپنے آپ کو فراموش نہ کردے، اور تحلیؒ تجلی (۱) کی صورت اختیار نہ کرلے، اور دل کا تمام کارخانہ غیرت کی آگ میں جل نہ جائے، پردۂ حقیقت سے بے رنگ دلہن اپنا جلوہ نہ دکھادے، اور دوری و مخموری کے حجابات اٹھ نہ جائیں (تو سمجھنا چاہئے) کہ دل پر کام کی ضرورت ابھی باقی ہے۔

**وسقاکم ربکم دھاقا لایصدعون بعدھا شقاقا ولا تفترقون فراقا***

تمہارا رب تمہیں چھلکتے جام پلائیگا، جس کے بعد نہ کوئی سر دردی رہے گی نہ جدائی۔

برنگیرد جہان عشق دوئی　　چہ حدیث ست ایں حدیث توئی

عشق کی دنیا میں دوئی کا کام نہیں، تیری بات کے سوا بات ہی کیا ہے؟

## شیخ عبدالاحد کا ایک اور خط

تمام تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں جس نے ہمیں بنایا اور پھر ہم نے اسے پایا، اس نے ہمیں اندھیروں سے روشنی کی طرف نکالا تو ہم نے اندھیروں کو چھوڑ دیا، اس نے ہماری طرف اپنے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بشیر و نذیر بنا کر بھیجا تو ہم نے اسکی اتباع کی، اس نے ہمارے لئے کتاب مبین بھیجی تو ہم نے اسے پڑھا، اس نے ہمیں اپنے جلال و جمال کی تجلی سے نوازا اور اپنے

---

۱ تجلی سے مراد اللہ کا نور، تحلیؒ، تجلی حاصل کرنیوالا، یعنی جب تک سالک بالکل فنا نہ ہوجائے۔

انعامات و وصال سے مشرف فرمایا، اس نے ہمارے وجود پر اپنے جلال کی تجلی ڈالی تو اسے ریزہ ریزہ کر دیا اور جب عالم قیود میں ظہور فرمایا تو ہمارے لئے کوئی پریشانی باقی نہ رہی، اس نے ہمیں اپنی عظمت کا مشاہدہ کرایا تو ہم حیران رہ گئے، ہم نے اس کی معرفت کی شراب پی تو وہ ہمیں راس آ گئی، مکاشفہ کی آنکھوں سے ہم نے اس کا دیدار کیا تو اس نے ہم سے محبت کی ،ہم نے چشم بصیرت سے اسکو دیکھا تو ہم اس کے قریب ہو گئے، اس نے منزل صفات سے ترقی دیکر ہمیں اپنی ذات تک پہنچایا، اس نے اپنے کلمات اور کمالات وشان کے مطابق سلوک کیا اور پھر اس نے ہمارے ساتھ وہ الطاف وعنایات کیں جو نہ کسی اشارے میں آ سکتی ہیں، اور نہ ہی کسی عبارت کے ذریعہ ان کی تعبیر کی جا سکتی ہے، اور اس کے بعد اس نے ایسے احسانات کئے جن کا بیان کرنا مشکل اور مخفی رکھنا بہتر ہے۔

اور پیاس باقی ہے یہاں تک کہ پنڈلی پنڈلی سے لپٹ نہ جائے، وعدہ مکمل نہ ہو جائے اور چلنا تھم نہ جائے، اس روز فراق ختم ہو جائیگا، اور اسی پر ہمارا یقین ہے، پھر ہم نے کچھ پیش کیا اور کہا اس پر آپکو وسیلہ بناتے ہوئے پروردگار عالم سے بخشش طلب کرتا ہوں۔

## آسودہ بکامِ خویش

حضرت شیخ نے ان کے جواب میں یہ تحریر ارسال فرمائی: تشنگی کا باقی رہنا پیاسے کی زندگی کی دلیل ہے، اور ہجر کا اثر مہجور کے باقی رہنے کا ثبوت، قید کی نشانیوں پر فراق کا ہونا تشنگی کی علامت ہے، اور تشنگی کا رہنا ترقی کا رک جانا ہے، پس جیسے قید کی نشانیوں پر ترقی کے رک جانے کا تصور نہیں کیا جا سکتا، اسی طرح محبوب کے وصال کے ساتھ فراق کا تصور محال ہے، لہٰذا محدث حمیم (سالک) کی صفات کے باقی رہتے ہوئے محدث قدیم (اللہ تعالیٰ) کی ذات تو دور، صفات کی طرف بھی ترقی ناممکن ہے، پھر پنڈلیوں کا آپس میں لپٹ جانا، کوشش کرنے اور چلنے سے رک جانا کسی کے لئے موعود (وعدہ) ہوتا ہے اور کسی کے لئے موجود (میسر، حاصل شدہ)۔

اللہ کا ارشاد ہے: ''کلا'' یعنی حقیقتاً، إذا بلغت التراقی'' (قیمہ ۲۷) یعنی جب انسانی نفس اپنی بلندیوں کی معراج کو پہنچ جائے، تو عالم امر میں جمالِ الٰہی کے مشاہدے کے اشتیاق کا یہی نقطۂ عروج ہے، اور ''من راق'' کے بارے میں یہ کہا گیا ہے کہ اس کے باطن سے ندا آئیگی، کہ ہے کوئی جو جھاڑ پھونک کرے اور جدائی کے زہر اور شوق کے درد سے مجھے چھٹکارا دے؟

لسعت حية الهوى كبدى فلاطبيب له ولا راق

إلا الحبيب الذى شغفت به انه رقيتى وترياق

محبت کی ناگن میرے کلیجے کو ڈس گئی ہے، اب اس کے لئے نہ کوئی طبیب کام آسکتا ہے اور نہ جھاڑ پھونک والا، بلکہ میرے لئے تو میرا محبوب ہی تعویذ بھی ہے تریاق بھی۔

اللہ تعالی کے قول'' وظن انه الفراق ''(قيمة) کا مفہوم یہ ہے کہ بقا بالحبیب کا پیاسا یہ سمجھے گا کہ جو قلق واضطراب اس پر طاری ہے وہ دراصل محبوب کے علاوہ ہر چیز سے اس کے جدا ہونے کی وجہ سے ہے ''والتفت الساق بالساق ''کا مطلب یہ ہے کہ دنیائے ممکنات کی ساق اور عالم رحمان کی ساق دونوں یکجا ہو جائیں گی، یعنی وہ ان دونوں کا ایک ہی وقت میں مشاہدہ کرے گا، یہی مشاہدہ کا مقام ہے، اور ''الى ربك يومئذ المساق ''کا مفہوم یہ ہے کہ اس روز اسے عالمِ الٰہی کی حقیقت کی طرف لے جایا جائیگا اور اسے ماءِ زلال پلایا جائیگا، جسکے بعد نہ وصال کی تشنگی باقی رہیگی نہ حد۔

پس اس مقام پر عین، اثر، مخبر اور خبر کا وجود ختم ہو جائیگا، اسے ابدی سعادت سے اس طرح نوازا جائیگا کہ ایک مرتبہ انتخاب کے دائرے میں آنے کے بعد اسے دربارِ الٰہی کی حاضری سے دور نہیں کیا جائیگا:

آسودہ بکامِ خویش از وصلِ حبیب　　نہ بیم فراق ست و نہ تشویق فراق

جو اپنے آپ میں وصلِ یار کی لذت سے آشنا ہو گیا اسے نہ جدائی کا غم رہا نہ رقیب کا اندیشہ۔

ایسے میں عاشق یار کے وصال سے اس طرح شادماں وفرحاں ہوتا ہے کہ نہ اسے جدائی کا غم ہوتا ہے اور نہ فراق کا اندیشہ۔

ایک بار پھر حضرت شیخ نے شاہ عبدالاحد کے نام یہ مکتوب تحریر فرمایا:

## ایک اور خط، تفاوت

یامنی الی وجه حجی ومعتمری　　وحج قوم إلی ترب واحجار

لبیک لبیک من قرب ومن بعد　　سراً بسر واجهاراً باجهار

اے کہ تو ہی میرے لئے حج بھی ہے اور زیارت گاہ بھی، جبکہ لوگوں کا حج مٹی اور پتھروں سے عبارت ہے، میں حاضر ہوں دور سے بھی اور قریب سے بھی، پوشیدہ بھی اور ظاہر بھی۔

اس ذات جل جلالہ کے حسن و جمال کو کیسے لفظوں کا جامہ پہناؤں، اور اس ذات سبحانہ وتعالیٰ کی عظمت وجلال کے بارے میں کیا لکھوں؟

ایک کو ازلی عنایت سے نوازتا ہے، دوسرے کو بے پروائی کا سوز عطا کرتا ہے، آہ! راہ کا تفاوت تو دیکھو کہ ایک ہی لوہے کے دو ٹکڑے جو ایک ہی جگہ سے تعلق رکھتے ہیں ان میں سے ایک گھوڑوں کا نعل بنتا ہے تو دوسرا بادشاہ کا چہار آئینہ۔

دوہا: بہت ابھا کی کلسری جاک رہی لورائی　　ایک جو پیو کیوں چاہی سوتی لینہ چکائی۔

ایک مرتبہ حضرت شیخ نے شیخ عبدالاحد کو یہ حکایت لکھی:

## حکایت محبت ومحنت

محبت نے محنت کو لوحِ محفوظ پر دیکھا تو پوچھا تو کون ہے؟ محنت نے جواب دیا میرا نقش تیرے نقش جیسا ہے، اور تیرا نقش میرے نقش کی مانند، صرف ایک نقطے کا فرق ہے، محبت ومحنت نے باہم پیمان باندھا کہ جہاں تو ہوگی وہاں میں بھی ہونگی اور جہاں میں وہاں تو۔

ظن بود مرا بمن کہ من جملہ منم　　من جملہ تو بودم ونمی دانستم

کاتب الحروف کہتا ہے کہ یہ شعر حکایت سے متعلق نہیں بلکہ مقامِ محبت میں غلطی یا کوئی نقص رہ جانے پر تنبیہ کے لئے اور وحدت کی طرف ترقی حاصل کرنے کی خاطر لکھا گیا ہے۔

## الٹا علاج

ایک مکتوب میں تحریر فرمایا: خاص معرفت اضافت کے ہٹا دینے اور اپنی انا (میں) کو پے در پے انت (تو) کے نورانی شعلوں کے ذریعہ جلا دینے کے بعد حاصل ہوتی ہے:

طوارق انوار تلوح إذا بدت　　　فتظهر كتمانا وتخبر عن جمع

ستارے جب نمودار ہو کر چمکتے اور چھپ چھپ کر ظاہر ہوتے ہیں تو سب کی خبر دیتے ہیں۔

اور خاص الخاص معرفت یہ ہے کہ مخلوق کا مشاہدہ احدیت (رب) کی نظر سے کیا جائے:

فامطر الكأس نارا من ابارقها　　فأتيت الدور فى ارض من الذهب

وسبح القوم لما إن رأوا اعجبا　　　نور من الماء فى نار من الغب

محمد مرزا سرہندی نے حضرت شیخ کی خدمت میں اشارۃً لکھا کہ حصولِ حال کے لئے میں نے جو ہلیلہ استعمال کیا تھا اس نے اب تک کوئی فائدہ نہیں پہنچایا۔

حضرت نے جواباً تحریر فرمایا کہ:

میری ناقص رائے میں آپ کا مزاج مبارک صفراوی اور حار یابس ہے جو کہ سلوک کی راہ پر کامیابی کے ساتھ چلنے کے لئے بہت مفید ہے، لیکن بعض رسمی قاعدوں، غلط عقلی اندازوں، اور طبیعت کے مخالف سودائی دواؤں کا آپ کے مزاج پر غلبہ ہو گیا ہے، جو منزل تک پہنچنے سے روک رہا ہے، حکیم حاذق نہ تھا اس لئے صحیح مرض نہ پہچان سکا، ہلیلہ سیاہ کے بجائے ہلیلہ اصفر دیدیا، اس نے صفرا کی حفاظت کے بجائے سودا کو بڑھایا، علاج الٹا ہو گیا اور مزاج کا حال بگڑ گیا، جو طریقت کے ماہرین اور حقیقت شناس ہیں وہ نظری اور عملی حکمت کے ساتھ حارۂ یابسہ (گرم وخشک) شربت پلا کر اللہ کے فضل وکرم سے مزاج تبدیل کر دیتے ہیں۔

حق تعالیٰ کس قدر ظاہر ہے کہ کوئی ظاہر اس کے لئے حجاب نہیں، اور وہی باطن ہے اس کے علاوہ باطن میں کوئی چیز ہی نہیں، حضور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مناجات میں فرمایا:

أنت الظاهر لا ظاهر فوقك و أنت الباطن لا باطن دونك [1] *

اے اللہ تو ہی ظاہر ہے کہ تجھ سا ظاہر کوئی نہیں اور تو ہی باطن ہے کہ کہ تیرے آگے کوئی باطن نہیں۔

توهمت قدماء ان ليلى تبرقعت وان لنا في البين مايمنع اللثماء

فلاحت فلا و الله ماثم مانع سوى ان عيني كان من حسنها اعمى [2]

قدما کا وہم ہے کہ لیلیٰ نے برقعہ اوڑھ رکھا ہے، مگر ہمارے لئے تو یہ جدائی ہے، جو بوسہ لینے میں آڑ بن رہی ہے، جب محبوبہ نے اپنا چہرہ ظاہر کیا تو اس وقت کوئی چیز اس کے دیدار سے مانع نہیں تھی، مگر ہماری آنکھیں ہی اس کے حسن کا جلوہ دیکھنے کی تاب نہ لاسکیں۔

گر نہ بیند بروز شپرۂ چشم چشمۂ آفتاب راچہ گناہ

اگر کسی اندھے کو سورج دکھائی نہیں دیتا تو سورج کا اس میں کیا قصور؟

## سرمۂ معرفت

حقیقت کا سرمہ لگانے والے تو سرمۂ عنایت لگا کر اندھوں کو بینا کر دیتے ہیں "أنی أبرئ الأکمه و الابرص (آل عمران ۴۹)" یہ لوگ سرمۂ عنایت کا نسخہ پرندوں کی زبان میں لکھ کر دیتے ہیں، آگے کوئی سمجھے یا نہ سمجھے، میں یہ لکھ رہا ہوں اور خدا ہدایت کرنے والا ہے: سرمۂ عنایت دو چیزوں سے مل کر بنتا ہے، نمبر ایک ترقیق، یعنی باریک کرنا، دوسرے تسحیق، یعنی پیسنا، باریک کرنے سے مراد یہ ہے کہ قلمِ اعلیٰ (اللہ تعالیٰ کا حکم) حروف عالیات (اس کی مشیت) سے ٹکراتا ہے تو اس کے دو حصے ہو جاتے ہیں، ظاہر الوجود اور باطن الوجود۔

---

[1] أنت الظاهر فليس فوقك شيء و أنت الباطن فليس دونك شيء، مستدرک حاکم ۱۷۴۴

[2]

پھر باطن دو راستوں پر چل نکلتا ہے جس سے مخلوقات و افعال ظاہر ہوتے ہیں، پھر ان میں سے ہر ایک کو مختلف قسموں سے نواز دیا جاتا ہے، یہاں تک کہ ایک کہہ اٹھتا ہے:

ما در پیالہ عکسِ رخِ یار دیدہ ایم مطرب بگو کہ کارِ جہاں شد بکامِ ما

میں نے جام میں محبوب کا عکس دیکھ لیا ہے، اے نغمہ خواں کہہ بھی دے کہ اب دنیا کا پورا انظام میری مرضی کے مطابق چل رہا ہے۔

تسحیق سے مراد یہ ہے کہ وجود کے برتن کو توڑ پھوڑ کر نیست و نابود کر دیتے ہیں، جس کے نتیجہ میں سرمہ فنا حاصل ہوتا ہے، اس سرمہ کو آنکھوں میں لگاتے ہیں تو اس سے شہود کی بجلیاں چمک اٹھتی ہیں اور دل کی کوٹھڑی جمال کے نور کی تابنا کیوں سے روشن ہو جاتی ہے، "وأشرقت الأرض بنور ربها" اور ذات احدیت کی شانِ تجلی طالب کی ہستی کو نیستی (فنائیت) کی طرف لے آتی ہے، اور "کل شيئ هالك إلا وجه" کے راز کو ظاہر سے جوڑ دیتی ہے، یہاں آ کر ہر شخص اپنی حقیقت سے باخبر ہو جاتا ہے اور محمد مرزا، مرزا محمد بن جاتا ہے۔

جز یکی نیست نقد ایں عالم باز بیں و بعالم مفروش

گل ایں باغ را توئی غنچہ سر ایں گنج را توئی سرپوش

آں شناسد حدیث ایں دل مست کہ ازیں بادہ کردہ باشد نوش

اس عالم کا جو ہر ایک کے سوا کوئی نہیں، پھر سوچ لے، اسے دنیا کے ہاتھ نہ بیچ! اس چمن کے پھول کا غنچہ تو ہی ہے، اور تو ہی اس خزانے کے راز کا نگہبان بھی ہے، اس مستانے دل کی کہانی وہی سمجھ سکتا ہے، جس نے یہ شراب پی ہو۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ ہلیلہ اسہال سے مراد وہ محنتیں اور ریاضتیں ہیں جو اہلِ سلوک تجویز فرماتے ہیں تا کہ باطن بری عادتوں سے پاک ہو جائے اور دل دنیا کی محبت اور اس کے نقشوں سے خالی ہو جائے، مرزا محمد کا یہ قول 'دست اسہال روئے نداد' سے مراد یہ ہے کہ ان محنتوں اور

ریاضتوں کے باوجود بھی دل برائیوں سے پاک نہیں ہوا، بلکہ غرور وتکبر اور خود بینی جیسے امراض اور وسوسوں کی زیادتی نے ان برائیوں کی اور مدد واعانت کی۔

واضح ہو کہ صفرا کی خاصیت گرمی، خشکی، تیزی وجلدی بازی ہے، لہٰذا جس عاشق کی طلب میں شدت اور مراتب کے حصول میں تیزی ہوتی ہے وہ جری اور باہمت ہوتا ہے، اس کے پاس فضولیات پھٹک بھی نہیں سکتیں، اسے صفراوی مزاج سے تعبیر کرتے ہیں۔

اور جو شخص شکوک وشبہات اور علائق چھوڑنے میں بزدلی وسستی اختیار کرے، نفس کی پیروی وسوسوں اور شیطانی خیالات میں مبتلا ہو اس کی مثال سودائی مزاج کی سی ہے۔

تو صفراوی مزاج والے کے اندر وصول کی صلاحیت اور قابلیت ہوتی ہے، جبکہ مذکورہ اصول کے مطابق جو شخص سودائی مزاج کا ہوتا ہے وہ وصلِ وحدت سے محروم رہتا ہے، بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ کسی کی فطرت میں استعداد تو صحیح ہوتی ہے لیکن سودائی مزاج لوگوں کے پاس بیٹھ کر شکوک وشبہات کے سلسلے میں ان کی گفتگو پر پورے اہتمام اور توجہ کے ساتھ کان دھرتا ہے تو خود شبہات میں مبتلا ہو جاتا ہے اور سمجھتا ہے کہ ان کی پیروی ہی دین ہے، گرچہ کمال تو نہیں لیکن تورع اور نیکی ضرور جانتا ہے۔

ان کا یہ قول کہ ہلیلہ اسود کے بجائے ہلیلہ اصفر دیدیا، اس کی وضاحت یہ ہے کہ ہلیلہ اسود مسہل (ملین، دست آور) ہوتا ہے جو سوداوی اخلاط کو نکالتا ہے، سودا، وسوسے پیدا کرتا ہے، لہٰذا اسے دور کرنے کے لئے ہلیلہ سیاہ چاہئے۔(۱)

---

۱ معدہ کھانے کو ہضم کر کے جب جگر کے سپرد کر دیتا ہے تو جگر اس کو تین حصوں میں تقسیم کرتا ہے، سب سے نیچے صفرا، اس سے اوپر سودا اور سب سے اوپر بلغم ہوتا ہے، ہلیلہ جسے ہرڑ کہتے ہیں ایک ہی ہے، لیکن جب یہ چھوٹی اور کچی ہوتی ہے تو اسے ہلیلہ اصفر یا زرد اور چھوٹی ہرڑ کہتے ہیں، جب یہ پک جاتی ہے تو ہلیلہ اسود، ہلیلہ سیاہ اور بڑی ہرڑ کہلاتی ہے، تاثیر دونوں کی مختلف ہوتی ہے، ماہرین ہلیلہ کو اکثر بطور استعارہ استعمال کرتے ہیں۔

جبکہ ہلیلہ اصفر صفرا کے لئے مسہل ہے اور اسے نکال دیتی ہے، جس سے گرمی، خشکی اور سرعت مزاج سے نکل جاتی ہے، اسی طرح سخت ریاضتیں طبیعت کے نشاط کو دور کر دیتی ہیں لہٰذا یہ ہلیلہ اصفر کی طرح ہیں، اور توحید کا انکشاف وسوسوں کو دور کرتا ہے لہٰذا وہ ہلیلہ اسود کی مانند ہے۔

ائمۂ سلوک کا طریقہ نشاط، گرمی اور محبت کو باقی رکھنا ہے، جبکہ شدید ریاضتوں سے یہ دور ہو جاتی ہیں، لیکن یہ سب معاملہ ذات کی جستجو میں ہوتا ہے۔

اور یہ جو کہا کہ حاذقانِ طریقت الخ'' اس کی وضاحت یہ ہے کہ صوفیا کے دو مکاتب فکر ہیں، پہلا متقدمین کا ہے، امام غزالیؒ نے اس کی تفصیل اس طرح بیان کی ہے:

جب کوئی شخص طبیعت کے تقاضوں سے توبہ کرلے تو اسے خلوت میں بیٹھنے، لوگوں سے کم ملنے، اور تمام حالات میں نفس کی مخالفت کرنے کی تلقین کی جاتی ہے، اور اسے ہدایت کی جاتی ہے کہ خود کو ایسا بنا ڈالو کہ کوئی مارے یا گالی گلوچ کرے لیکن تمہارا نفس سر نہ اٹھائے، لوگوں کی طرف سے تعریف کی جائے یا برائی دونوں کو ایک جیسی جانے، نوافل کی کثرت کرے، غرور اور دکھلاوے کے نقصانات کو سمجھ لے اور ان میں غور وخوض کرے، کھانے میں حد درجہ احتیاط برتے جہاں ذرا بھی شبہ ہو وہاں بالکل نہ کھائے، اٹھنے بیٹھنے کھانے پینے غرض تمام حالات میں آداب کو ہاتھ سے نہ جانے دے اور ان تمام باتوں میں روحانی علاج ضرور اختیار کرے چاہے نفی سے یا اثبات سے، جب ان تمام سے پاک ہو جائے تو محبت الٰہیہ کا راستہ اسے دکھا دیا جاتا ہے، اس کی تفصیل امام غزالی کی احیاء العلوم اور کیمیائے سعادت میں موجود ہے۔

دوسرا مکتبۂ فکر نقشبندیہ قادریہ اور چشتیہ سلسلوں سے متعلق ان متأخرین کا ہے جن کے فیض سے کئی دور کے لوگ فیضیاب ہوتے رہے ہیں، مختصر لفظوں میں اس مکتب کا خلاصہ یہ ہے کہ جو شخص ان کے ہاتھ پر توبہ کرے اسے اشغال واذکار کی ہدایت فرماتے ہیں جو کہ حضور، عشق ومحبت میں اضافے، توحید اور اللہ کے سوا تمام کی نفی اور مخلوق سے تعلق ختم کرنے کا سبب بنتے ہیں،

فرائض اور سنن مؤکدہ کی ادائیگی کے بعد طالب کو ان اذکار کے علاوہ کسی اور چیز میں بھی مشغول کرتے ہیں، یہ مشغولیت نہ تو ریاضت ومحنت کی ہوتی ہے اور نہ نوافل کی، نہ علم حدیث کی نہ پرہیزگاری اور تقوی وطہارت کی، جب سالک بفضلِ خدا گرمیِ شوق اور ماسوا کی محبت سے پاک ہونے کی دولت حاصل کر لیتا ہے تو تمام عیوب خود بخود دھل جاتے ہیں۔

خواجہ محمد پارسا نے بھی اپنے رسالے قدسیہ میں اسی طرف اشارہ کیا ہے، گرم وخشک مشروبات سے مراد یہی اذکار ہیں اور حکمتِ نظری شیخ کی نگاہِ التفات ہے، جبکہ حکمتِ عملی سے مراد ذکر میں محنت ہے، ہم یہ کہتے ہیں کہ حکمتِ نظری انکشافِ توحید ہے، اور حکمتِ عملی دوامِ حضوری۔

ان کا قول ''ترقیق وتسحیق الخ'' کی تشریح یہ ہے کہ سرمۂ عنایت سے مراد ذات واحد سے مخلوقات کا مشاہدہ اور مخلوقات کے مشاہدے میں ذات واحد کی معرفت ہے، یہ معنی دوطرح سے حاصل ہوسکتا ہے ایک تو ظاہر چیزوں کی کثیر صورتوں وشکلوں کی معرفت کے ذریعہ، اس کا نام ترقیق اس لئے رکھا گیا ہے کہ یہ نفسِ امارہ کو پیسنے اور کثرت میں موجود مادیت کی قوت کے ختم ہو جانے کی صلاحیت کا پتہ دیتا ہے، دوسرے یہ معنی وحدت میں کثرت کی معرفت سے حاصل ہوتا ہے، اسے تسحیق کے نام سے اس لئے پکارا گیا کہ یہ کسی الگ جنس کی ماہیت سے وجود حقیقی کی ماہیت کا مطالعہ کرنے اور اس مطالعہ کے نتیجہ میں خود اس جنس کے ختم ہو جانے کی خبر دیتا ہے، جیسے اناج کا جب آٹا بن گیا تو اناج کی حیثیت و ماہیت فنا ہو گئی، حالانکہ اس کی حقیقت بھی موجود ہے اور کام بھی۔ واللہ اعلم

ان کا یہ قول کہ ''ہر کسے از مرزئی خود آ گاہی یابد'' کی تشریح یہ کہ ہر شخص حضرت وجود کی حقیقت کی معرفت حاصل کرے، اور ان کا یہ قول کہ مرزا محمد گردد، اس سے مراد یہ کہ حقیقتِ محمد یہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تمام میں جاری وساری ہے، محمد مرزا نے دوسری مرتبہ اپنے خط میں یہ شعر نقل کیا:

مردم دیدۂ تیمم کردہ از خاکِ درت گرچہ در خانۂ خود آب روانی دارد

مردان دیدہ ور نے تیرے در کی خاک سے تیمم کرنے کو ترجیح دی، حالانکہ ان کے اپنے گھر میں آب رواں موجود تھا۔

## دیدہ ور یا کور دیدہ؟

حضرت شیخ نے جواباً تحریر فرمایا:

مخدوم من! تیمم طہارت مجازی ہے، جبکہ مردانِ دیدہ ور تو طہارت حقیقی کے طالب ہوتے ہیں، اور اہلِ حقیقت کی درگاہ تو خاکِ مجاز سے پاک ہوتی ہے، گویا مردانِ دیدہ ور نہیں مردانِ کور دیدہ (اندھے) ہیں، جن کے گھر میں پانی موجود نہ تھا بلکہ سراب کو پانی سمجھ بیٹھے، اگر انہوں نے آنکھوں کو پانی کیا ہوتا تو پانی دیکھا ہوتا۔

مردم خانۂ آب باید کرد　　　خانۂ خود خراب باید کرد

اس کا شوق رکھنے والوں کو اس کی طلب میں، آنکھیں، پانی اور گھر سب برباد کر دینا چاہئے۔

تا کہ ذات واحد کا سورج اپنے سراپردۂ عزت سے جلوہ گر ہو اور تمام اشیاء اس کے سامنے صفر ہو جائیں، اور "لمن الملک الیوم للہ الواحد القہار" کا راز ظاہر ہو۔

آں سر کہ از گوش شنیدم ز خلقی　　　از علم بعین آمد و از گوش بآغوش

وہ راز کہ جسے میں نے لوگوں کی زبانی سنا تھا وہ آنکھ اور کان کی راہ آغوش میں آ گیا۔

کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) کہتا ہے کہ یہاں یہ اقتباس بے ادبی تھا، کیونکہ مردم دیدہ ور سے مراد سالک کی آنکھ کی روشنی ہے، اور مردم دیدہ است یا نا دیدہ است سے ان کی مراد یہ ہے کہ کسی انسانِ کامل کو پہچان کر اس کے کمال کے معتقد ہوئے کہ نہیں؟

لیکن جو مردانِ دیدہ ور ہوتے ہیں وہ رب العزت کی بارگاہ کو ہی تنہا حقیقت سمجھتے ہوئے دیدارِ کامل کا فائدہ حاصل کر لیتے ہیں، لہٰذا ان کے بارے میں کہا بھی نہیں جا سکتا کہ انہوں نے تیمم کیا، کیونکہ تیمم طہارتِ مجازی ہے۔

اور اگر مرد کور دیدہ ہے، یعنی اس نے معرفت کے صرف ظاہری احوال ہی معلوم کئے ہیں تو بدستور حجاب اور شبہ میں مبتلا ہے، اگر پانی کو دیکھا ہوتا یعنی انسانِ کامل کو پہچان لیا ہوتا تو آنکھوں کی ٹھنڈک اور روشنی ملی ہوتی اور اس قدر نا سمجھ نہ ہوتا، اگرچہ شاعر نے بظاہر تواضع کی انتہا کر دی ہے کہ آنکھوں کو خاکِ در پر رکھ دینے کو اس طرح کا رنگین جامہ پہنایا ہے، لیکن اس کا ظاہری معنی یہ ہوگا کہ اپنے آباؤ اجداد سے کمالات حاصل کرنے کے باوجود میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ سے بعض امور میں استفادہ کروں، یہاں خود بینی کا پہلو نکل آیا اور یہ خود بینی مکمل فائدہ حاصل کرنے میں رکاوٹ بن گئی، حضرت شیخ کے مکتوب میں اسی معنی کا اشارہ موجود ہے، دوہا:

جو تو جانی ایک کر جو کے ہو بھی نہ سیکھ درین کرا پنوں ہوں سودا ہی موں مکھ دیکھ

اگر تو نے اپنے علم کا احساس رکھا تو کچھ سیکھ نہ پائے گا، اگر کچھ سیکھنا چاہتا ہے تو اپنے علم کو بغل رکھ اور سکھانے والے کی جانب متوجہ ہو جا!

حضرت شیخ نے ایک مرتبہ محمد مرزا کے نام یہ والا نامہ ارسال فرمایا:

اندر کے اسرار کو سرِ عام ظاہر کرنے خواہش نے خزانوں کے بند دروازے کھول دئے، اور انہیں سارے عالم میں لٹا دیا، ظہور کی صبح نے جیسے ہی پہلی سانس لی، عنایت کی ہوا چلنے لگی، عاشق آبِ حیات کی خیالی لہروں میں کھو گیا، شوق کی سواری پر سوار ہو کر شاہراہِ طلب پر قدمِ صدق دھرا، پہلی بار اسکی اندرونی آنکھ کھلی اور اسکی نگاہیں اچانک جمالِ محبوب پر پڑیں، تو خود کو محبوب کا آئینہ اور محبوب کو اپنا آئینہ پایا۔

عشق مشاطہ ایست رنگ آمیز کہ حقیقت کند برنگ مجاز

تا بدام آورد دلِ محبوب بطراز د بشانہ زلف ایاز

عشق وہ رنگین مشاطہ ہے جو مجاز پر حقیقت کا رنگ چڑھا دیتی ہے، اور ایاز کی زلفوں کو اس طرح سنوارتی ہے جو محمود کے دل کو لوٹ لیں۔

## جامعہ کی زبان میں ایک خط

حضرت شیخ نے ایک اور مکتوب میں محمد مرزا کو جامعہ کی زبان میں یہ تحریر فرمایا: ہوالحیّ القیوم!

اے میرے مرزا اور میرے جلال! تو میری وحدانیت کی طلب میں ہے، جبکہ تو اپنی انانیت کو میری انانیت کے ساتھ شریک کر رہا ہے یہ تو سراسر شرکِ جلی ہے خفی بھی نہیں، کیا تو میرے غلبہ اور قوت سے نہیں ڈرتا اور میری وحدانیت سے تجھے حیا نہیں آتی؟

اے مرحوم! تو موہوم ہے (جس کے ہونے کا صرف وہم ہو) اور میں معلوم (یقینی وجود) میں نور ہوں تو ظہور، میں حق اور حقیقت ہوں تو مجاز وطریقت، اگر تو یہ چاہتا ہے کہ تو تعظیم کرنے والا، مطلقاً ذات کی عبادت کرنے والا بنے تو موہوم کو اٹھا رکھ اور معلوم کو قائم کر اور اپنے قلبِ سلیم اور سرّ قدیم کے ساتھ آواز لگا کہ بنا کسی عیب وریب کے ہر زمان ومکان میں وہ نہیں بلکہ میں ہوں، اور میں نہیں بلکہ وہ ہے، جب دوئی اٹھ گئی تو تم نے عین کو پا لیا، اگر تو نے اس میں شک کیا تو تو مریض ہے، اگر تردد کیا تو معزول ہے، اور اگر ایمان وایقان کے ساتھ قبول کر لیا تو منظور نظر سمجھا جائیگا، پس تو شک کرنے والوں اور مردودوں میں سے نہ بن۔

میں نے تجھے اپنی رحمت کے پیش نظر جواب دیدیا، لیکن تم میری عظمت سے غافل مت ہونا، اور تجھ پر یہ ضروری ہے کہ جو میں نے القا کیا ہے اسے مردود لوگوں پر ظاہر مت کرنا، کیونکہ جو راندۂ درگاہ ہو وہ خالی اور کھوکھلا ہوتا ہے، اور جس پر رحمت کی گئی ہو وہ واصل ہوتا ہے، اگر تو نے میری بات کو سمجھ لیا ہے تو تجھ پر میری رحمت اور سلامتی ہے۔

## ذکرِ لاہوتی

ایک اور خط میں حضرت شیخ نے لکھا:

اس خدائے کردگار کے نام سے شروع کرتا ہوں جو واحد واور احد ہے، مجھ سے حق اور شہنشاہِ مطلق نے فرمایا: ''اے میرے فرد اور میری رضا! مجھے اپنی قوت وغلبہ اور حسن وجمال کی قسم کہ میں احد ہوں، مجھ سے وراء کچھ بھی نہیں، اور میں ہی وہ ہوں جو پردۂ خلق میں مخفی ہے، میں نے اپنی ذات کے ساتھ اپنی ہی ذات سے اپنے ہی اندر اپنے شیون وصفات ظاہر کئے اور مخلوقات کو پیدا کیا، میں ہی حق اور حقیقت ہوں میں ہی ہر چیز کے لئے ذات اور ہر روح کی حیات ہوں تمام کائنات میری تخلیق اور تمام مخلوق میرا امر ہے، جو میرے ساتھ بقا چاہتا ہے وہ میری جلا([1]) کا طالب بنے، اور مجھے میرے ذکر لاہوتی کے ساتھ یاد کرے نہ کہ ذکر جبروتی و ملکوتی کے ساتھ، وہولا ہوالا ہو، جس نے میرے کلام کو سمجھ لیا اس پر رحمت وسلامتی ہو۔([2])

ایک اور مرتبہ حضرت شیخ نے تحریر فرمایا: وہ بے کیف ہے اور تمام کیف اس کی بے کیفی سے ظہور میں آئے ہیں، وہ بے نمو (ناپیدا، لم یلد) ہے، تمام مخلوقات اس کی تخلیق سے پیدا ہوئے ہیں۔

ان بلند ہمتوں کی مقصود اور اور ان بلند مرتبوں کی منزل دشمنوں کی مخالفت کے باوجود پردۂ راز میں رہتے ہوئے ذات رفیع الشان کی ابدی احدیت ہے، چونکہ کثرت (ایک سے زیادہ) کو ذات مقدس میں کوئی راہ نہیں، اس لئے ذات واحد تک رسائی احدیت طریق (توحید) کے بغیر ناممکن ہے، اور احدیت طریق سے مراد کثرت عیانیہ (مختلف راہوں) کا وحدت صراط مستقیم میں ختم کر دینا ہے، یہی انبیاء ورسل اور کامل اولیاء کا راستہ ہے، نمازی نماز میں اهدنا الصراط المستقیم * سے یہی راستہ طلب کرتا ہے، سید الطائفہ حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں ''توحید ایک ایسا معنی ہے جس میں رسوم کمزور اور علوم ضم ہو جاتے ہیں، اور خدا تعالیٰ ایسا ہی ہوتا ہے جیسا ازل میں تھا اور بندہ بھی ایسا ہی ہوتا ہے جیسا ہونے سے پہلے تھا۔

---

[1] ذات میں خود ذات کا ظہور جلا کہلاتا ہے۔

[2] زبان کے ذکر کو ملکوتی، روح کے ذکر کو جبروتی اور پورے وجود کے ساتھ ذکر کرنے کو لاہوتی کہتے ہیں۔

دیدہ ور شو بحسنِ لم یزلی کو ز غیرت بسوز معتزلی

چہرۂ آفتاب خود فاش است بے نصیبی نصیب خفاش است

حسنِ ابدی کے دیدہ ور بنو اور چشمِ غیرت کو جلا دو، آفتاب کا چہرہ تو خود بے نقاب ہے مگر کیا کیا جائے کہ چمگادڑ کی قسمت میں ہی بے نصیبی لکھ دی گئی ہے۔

شیخ عبدالحفیظ حضرت کے خاص دوستوں میں تھے، ان کے نام حضرت نے یہ خط لکھا:

## تیری ہستی حباب کی سی ہے

''یہ سمجھ لیجئے کہ آپ نور کے دریا کا ایک بلبلہ ہیں یہ بلبلہ جب پھٹتا ہے تو پاتا ہے کہ وہ خود بھی نور کا دریا ہے، وہ اسی خیال کو دل کی توجہ اور اور ارادے کے ساتھ اپنے اوپر نافذ کرتا ہے، چونکہ قصد اور توجہ قلب کے حالات کو باقی رکھنے میں کافی مؤثر ہوتے ہیں، لہٰذا قصد ٹوٹ جاتا ہے اور غیر کا خطرہ راہ پالیتا ہے تو ذہن فوراً اس خیال کی طرف جاتا ہے کہ ''تعرف الاشیاء بأضدادھا'' (چیزوں کو ان کی ضد سے پہچانا جاتا ہے) اس نور میں اسمِ ذات اسمِ متکلم (سالک) کے ساتھ اسکی تنہائی و تاریکی میں ہر وقت مسلسل اس طرح موجود رہتا ہے کہ اسکو اس کی خبر نہیں ہوتی، اور اس کے دل کے تمام دروازے کھل جاتے ہیں، تو وہ تمام فرشتوں اور پیغمبروں کو دیکھتا ہے، (کبھی مراقبہ میں، کبھی خواب میں، اور کبھی خیال و بیداری میں بھی) اور ان سے عظیم فائدے حاصل کرتا ہے، (ہدایت اور ربانی انوار و تجلیات) یہ فضلِ خداوندی ہے جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔

چشمِ دل چوں باز شد معشوق را در خویش دید عینِ دریا گشت چوں بیدار شد چشمِ حباب

جب دل کی آنکھ کھلی تو محبوب کو اپنے اندر موجود پایا اور بلبلہ جب پھٹا تو دریا بن گیا۔

بلبلہ جب تک بلبلہ ہے، اسکی کچھ حیثیت نہیں، لیکن جب فنا ہوتا ہے وہ دریا بن جاتا ہے، موجود حقیقی کے تعلق سے انسان کا معاملہ بھی ایسا ہی ہے۔

## اللہ تعالیٰ کی نماز

ایک بار شیخ عبدالحفیظ نے اس حدیث قدسی کے بارے میں معلوم کیا" قف یا محمد فإن اللہ یصلی "جو کہ معراج کے قصہ میں ہے۔[1]

حضرت نے جواباً تحریر فرمایا:

میری ناقص رائے میں یہی آتا ہے کہ جب اس قافِ معرفت کے سیمرغ (نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) نے عالمِ خلق وامر (مادہ اور بے مادہ کے وجود میں آنے والے عالم، مراد ارض وفلک ہیں) کی فضا میں اڑان بھری تو عالمِ کون وامکان کی آخری حد تک جا پہنچا، اسے حضرت الٰہی کی دل لبھانے والی فضا دکھائی دی، اپنے عزم کی بلندی اور قوت سے اس نے اس فضا میں پرواز کرنا چاہی کہ اسی لمحے خطابِ الٰہی ان کے کانوں میں گونجا "قف یا محمد" یعنی اے محمد! عالمِ امر کے اس آخری نقطے پر ٹھہر جایئے! یہ مقامِ عبدیت ہے جس میں مشاہدۂ رب ہوتا ہے، فان اللہ یصلی یعنی وہ آپ کے ذریعہ دونوں جہانوں کو نبوت ورسالت کی رحمتوں سے نوازنا چاہتا ہے، اور وہ چاہتا ہے کہ رسولِ خدا اس برزخ میں ٹھہریں تاکہ بارگاہِ الٰہیہ سے معارف واحکام کا استفادہ کرکے عالمِ خلق وامر پر مطلع ہوں۔

تو نے میری چاہت کی جو پاس داری کی ہے وہ تیری اپنی مراد کی پاس داری سے بڑھ کر میری رحمت کو متوجہ کرنے والی ہے۔

أريد وصاله ويريد هجري فاترك ما أريد لما يريد

میں اس کے وصال کا طالب ہوں اور وہ میری جدائی پر آمادہ، اس لئے میں اس کی مشیت پر اپنی چاہت کو قربان کرتا ہوں۔

---

[1] فنودي بصوت أبي بكر: "قف يا محمد إن ربك يصلي" تفسير روح البيان - (102/5) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حدیث قدسی نہیں ہے۔ واللہ اعلم

فانی فی الوصول عبیدۃ نفسی　　　وفی الھجران مولی للموالی

کیونکہ میں وصال میں اپنے نفس کا بندہ ہوتا ہوں اور ہجر میں سرداروں کا سردار۔

حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلند مرتبہ علوشان کے پیشِ نظر موزوں ترین بات تو یہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس برزخ میں عالمِ الٰہی کی فضاؤں میں پرواز کرنے کے بعد واپس آئے تب ان سے یہ خطاب کیا گیا۔

متأخرین صوفیا کے بعض مقلدین نے اپنے اپنے مذاق کے مطابق اس حدیث کے اور بھی کئی بعید تر معنی بیان کئے ہیں، یہ بھی لکھا گیا ہے کہ جب وہ شہبازِ بلند پرواز کثرتِ اسماء وصفات کی فضا کو طے کر گیا تو مقصورۂ کبریٰ پر آ کر دم لیا، یہ تعینات (مقامات معلومہ) کے مراتب میں سب سے پہلا درجہ ہے، اور یہ مقام حقیقت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام سے جانا جاتا ہے، اس کے بعد اس نے چاہا کہ آگے بڑھ کر ذات واحد کی حقیقت کی دنیا میں پرواز کرے تو اس سے خطاب کیا گیا کہ اسی برزخ کبریٰ میں ٹھہر جایئے جو عارفین کے مقام کی آخری منزل ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ صلاۃ پڑھ رہا ہے، یعنی وہ اس بلند مرتبہ اور قربت کی آخری منزل میں اپنے کامل بندوں پر رحمت فرما رہا ہے۔

یا ٹھہر جانے کا حکم دیکر ان پر رحمت بھیجتا ہے کیونکہ اس مقام سے آگے جانے کا شوق وقت کو ضائع کرنا ہے، اور آگے جانے کی طلب ایک ایسی شے کی طلب ہے جس کا حصول ناممکن ہے۔

یا اس کا معنی یہ ہے کہ وہ اپنی ذات کی عبادت کر رہا ہے، یعنی اپنے کمالات ذاتیہ کی ثنا کر رہا ہے، یا ان کی طرف متوجہ اور کائنات سے بے نیاز ہے، اس کے حریمِ ذات اور عزت وجلال کی طرف سعی کرنے کا کوئی مقام ہی نہیں۔

تعالی العشق عن ھمم الرجال　ومن وصف التفرق والوصال

متی ما جل شیء عن خیال　　　یحل عن الاحاطۃ والمثال

عشق لوگوں کے ارادوں سے بالا اور ہجر و وصال سے بے نیاز ہے، جب کوئی چیز خیال میں نہ آسکے تو وہ احاطہ ومثال سے بھی آزاد ہو جاتی ہے۔

## ولی اور گناہ

ایک مرتبہ شیخ عبدالحفیظ نے لکھا کہ محققین کا قول ہے "شرط الولی ان یکون محفوظاً" اس کا کیا مطلب ہے؟ یہ بھی لکھا کہ حضرت جنید بغدادیؒ سے ایک مرتبہ سوال کیا گیا کہ کیا عارف سے زنا سرزد ہوسکتا ہے؟ تو انھوں نے کچھ دیر سر جھکائے رکھا اور پھر فرمایا:

وکان امر اللہ قدراً مقدوراً* سوال یہ ہے کہ ان دونوں میں کیا موافقت ومطابقت ہے؟

حضرت نے لکھا: دونوں اقوال صحیح ہیں اور اکابرین کا ان پر اتفاق ہے، دونوں ایک دوسرے کے مخالف نہیں ہیں، ولایت کی تین قسمیں ہیں، ولایتِ ایمانی، ولایتِ عرفانی، اور ولایت احسانی، پہلی دونوں قسموں سے متصف ولی گناہ کبیرہ کا عمداً بھی مرتکب ہوسکتا ہے، مگر ولایتِ احسانی کا حامل ولی گناہِ کبیرہ سے مطلقاً اور گناہِ صغیرہ کے عمداً ارتکاب سے محفوظ ہوتا ہے۔

## دس کلمات

حضرت شیخ کے ایک خط کا اقتباس یہ ہے:

طریقہ قدسیہ رضائیہ کی بنیاد دس کلمات پر ہے:

(۱) تنزیہ المقصود (نیک ارادہ) (۲) تفرید الہمہ (ہمیشہ خلوت وتنہائی میں مگن رہے، یہاں تک کہ محفل میں بھی (۳) تجرید التوحید (کسی بھی عمل کی کوئی غرض نہ ہو، نہ دنیاوی نہ اخروی، (۴) مطالعۂ جمال فی الانفس والآفاق (۵) فنا فی اللاہوت (ذات وکائنات کی مکمل نفی، اور تمام امکانی موجودات سے علیحدگی) (۶) بقا بالہاہوت (باری تعالیٰ کے وجود کا اپنی ذات سے زیادہ استحضار (۷) ذکر بالاجتماع (۸) الجمع بین الجہر والاخفاء (۹) الحدمع الاصفیاء (۱۰) درود وسلام

## بسم اللہ کے معارف

آپ کے ہاتھ کے لکھے ہوئے بعض مسودات میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کی تفسیر اس طرح بیان کی گئی ہے: با متعلق ہے مقدر (محذوف) عام سے جو کہ وجود ہے، اور لفظ اللہ واجب الوجود کا علَم ہے جو کہ اپنے آپ میں خود موجود ہے تمام کمالات کا مجموعہ ہے اور تمام عیوب ونقائص سے پاک ہے، الرحمن، الرحیم دونوں تفضّل واحسان کے معنی میں اس کی رحمت کے اسماء ہیں، پہلا اس فیض مقدس کے لحاظ سے ہے جس کے ذریعہ وہ عظیم اشیاء اپنی عظمت کے ساتھ حاصل ہوتی ہیں جنہیں حقیقت وماہیت کا نام دیا گیا ہے، دوسرا نام یعنی الرحیم اس فضان مقدس کے اعتبار سے ہے جس کے ذریعہ سے مذکورہ ماہیت اپنے لوازم وتوابع کے ساتھ خارج (جسمانی، دنیاوی امور) میں حاصل ہوتی ہیں، اس طرح اس کا ترجمہ یوں ہوگا کہ وہ پہلے علمی طور پر حقیقتوں اور ماہیتوں کا بخشنے والا اور فیاض ہے، اور اس کے بعد خارج میں ان تمام کو وجود بخشنے والا فیاض ہے، لہٰذا رحمن ورحیم دونوں اسمِ ذات کی صفات ہیں، یا اس کا بدل ہیں یا دونوں اس کا بیان ہیں، یا دونوں صفات اس مقدر محذوف کی خبر ہیں جو اس کی طرف راجع ہے، یا دونوں مفعول ہیں تو اسکا معنی یہ ہے کہ ہر چیز کا وجود غیب وشہادت میں ذات واجب کے ظہور سے ہے۔

## تفسیر سورۂ فاتحہ

سورۂ فاتحہ کی تفسیر آپ نے اس طرح فرمائی:

۱۔ حامدیت (ثنا خواں ہونا) اور محمودیت (جس کی ثنا کی جائے) اللہ کے ساتھ خاص ہے۔

۲۔ یہ یا تو جمع الجمع (ذات کے ذات پر ظہور) کی حیثیت سے ہے، جہاں اس نے مرتبۂ غیب میں پہلی اور دوسری تجلی کے ساتھ خود اپنی ذات کے کمالات کو اپنی ہی ذات پر ظاہر کیا، اور اسی طرح اولاً اس نے اپنی ذات پر ہی الٰہی کیفیات اور حقائق کا اظہار کیا۔

۳۔ مرتبۂ جمع علی الفرق (ذات کا کائنات پر ظہور) ہے، یہ اس طرح کہ اس ذات پاک نے اپنے فیض اور نور افشانی کے ساتھ اپنی ذات کو اپنے ہی علم پر اور صفات کو خارج پر ظاہر فرمایا۔

۴۔ مرتبۂ فرق علی الجمع (ذات مطلق پر کائنات کی شہادت) کی بنا پر ہے، کیونکہ موجودات روحانی (فرشتے، روح، احکام، وغیرہ) موجوداتِ مثالی (برزخ، اور اجسام برزخیہ) اور حسی (ہوا، گرمی، سردی) تمام کے تمام اس کی ذات وصفات کے کمالات کو تمام زبانوں میں بول کر بھی ظاہر کرتے ہیں اور زبانِ حال سے بھی اور اپنی کارکردگی سے بھی اظہار کرتے ہیں۔

۵۔ مرتبۂ فرق علی الفرق (اس جمال کا مشاہدہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات نے کائنات کو بخشا ہے) کی بنا پر، کیونکہ مظاہر خلقیہ اور مجالی الکونیہ (جنکا ابھی ذکر ہوا) بھلے ہی اپنے کمالات کو اقوال و افعال اور احوال کی زبان میں ظاہر کریں لیکن حقیقت میں وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی ایسی تعریف ہے جو خود اس نے اپنی ذات کے لئے کی ہے۔

## شیخ کے تحریری تراشے

آپ کے مسودات میں جمال ہانسوی (۱) کا یہ قول بھی دیکھا گیا ہے:

تاھت عقول الاغیار فی احوال الاخیار* (اغیار کی عقلیں اخیار کے احوال میں بھٹک گئیں۔)

اس کے متعلق فقیر (شیخ ابوالرضا) کا کہنا ہے کہ:

تاھت عقول الابرار فی اسرار الاخیار وتاھت عقول الاخیار فی اسرار الاحرار*

ابرار کی عقلیں اخیار کے رموز میں حیران، اور اخیار کی عقلیں احرار کے اسرار میں بھٹک گئیں۔

---

۱ شیخ جمال الدین ہانسوی متوفی ۶۵۹ھ بابا فرید الدین گنج شکرؒ کے انتہائی چہیتے خلیفہ تھے، یہاں تک کہ بابا جس کو خلافت دیتے تو اس کو ہدایت کرتے کہ جمال سے مہر لگوا لینا، اگر شیخ جمال الدین مہر نہ لگاتے تو خلافت منسوخ ہو جاتی، بابا صاحب فرماتے کہ جمال کا پھاڑا ہوا ہم رفو نہیں کر سکتے، حضرت خواجہ علاؤ الدین صابر کلیریؒ کو دہلی کی خواجہ نظام الدین اولیاء والی گدی سے انہوں نے ہی محروم کر دیا تھا۔

ایک دوسرے مقام پر یہ تحریر ملی: وجود تیرے اس وجدان (احساس) سے عبارت ہے کہ حق سبحانہ تعالیٰ اپنی تمام صفات اور اسماء کے ساتھ تیری ذات میں جلوہ گر ہے، یہاں تک کہ تو خود باقی نہ رہے، صرف ذات حق ہی لازوال صورت میں باقی رہ جائے۔

ایک اور جگہ آپ نے لکھا: فقیر کے نزدیک توحید تفریدِ لطیفہ (خواہشات سے علیحدگی) کا نام ہے ،غرورِنسب اور دوسرے اضافات (کبیرہ گناہوں) سے تفرید (اجتناب) توحید نہیں۔

ایک بحث میں آپ نے تحریر فرمایا: ''محققین نے کہا ہے کہ عجز آخری منزل پر پہنچنے والوں کی انتہا اور مقصود کی طرف ترقی کرنے کا راستہ ہے، اس عجز سے آگے نہ کسی کامل کا گذر ہوسکتا ہے اور نہ کمال حاصل کرنے والے کے لئے ترقی کی راہ، یہاں عجز سے مراد وہ عجز نہیں جو مبتدیوں کے ذہنوں میں ہے، بلکہ یہ عجز تو حضرت الحضرات کے مرتبہ میں ادراکِ ازلی (اللہ تعالیٰ کی معرفت کے علمِ صحیح) کو حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ ترین کمال سے عبارت ہے، یہی مقام ہے جسے ادنٰی او ادنٰی کا نام دیا گیا ہے، اور اس ادراکِ ازلی کا درک (علم، پہچان) پانے کا کوئی راستہ ہی نہیں اور اس سے عاجز ہونا ثابت ہے، جیسا کہ حضرت صدیق اکبرؓ نے فرمایا:

**العجز عن درک الادراک ادراک"(۱)**

ادراک ازلی کے علم سے عاجز ہوجانا ہی ادراک (معرفت) ہے۔

مزید تحریر فرمایا کہ کمالِ مطلق ولی کا وہ مقام ہے جہاں ولیِ کامل کو اشیاء کی حقیقت مکمل طور پر بتا دی جاتی ہے، یوں اسے بیک وقت ربوبیت وعبودیت کی صفات سے متصف کردیا جاتا ہے۔

یہ بھیلکھا: فنا، لوازمِ بشریہ (انسان کے فطری تقاضے بھوک پیاس نیند وغیرہ) کے ختم ہوجانے کا نام ہے، یہخاتمہ یا تو ان تقاضوں سے لاپرواہی برتنے کی وجہ سے ہوتا ہے، یا ان کے فنا ہونے

---

[1] المقصد الأسنی -للغزالی (54/1) آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چند حسین لفظوں میں اس ساری بحث کو سمیٹ دیا:

**لا أحصي ثناء عليك أنت كما أثنيت على نفسك***(موطأ مالك - (ح ۵۲۷) اللہ اللہ خیر ص لاح *

کے احساس کی بنا پر، یا حقیقی حال طاری ہونے کے سبب، فنا کے نو (۹) مراتب ہیں:

(۱) پہلا مرتبہ ذہول ہے، یعنی اہلِ حجاب کا ذکر میں مستغرق ہوکر اپنی ذات کا شعور کھو دینا، یا اہلِ کشف پر محبوبِ حقیقی کے جمال کا نور ظاہر ہو جانا۔

(۲) دوسرا مرتبہ ذہاب ہے، اس سے مراد بندے کا افعالِ حق کو مشاہدہ کرنے کے بعد اپنے افعال کو ایسا سمجھنا ہے جیسے کاتب کے ہاتھ میں قلم، اور کبھی ذہاب کا اطلاق ترقی پر بھی ہوتا ہے۔

(۳) تیسرا مرتبہ سلب ہے، حق کی صفات کے ظاہر ہونے کی بنا پر مخلوق کی صفات کو فنا کر دینا۔

(۴) اصطلام یعنی ذاتِ حق کے وجود کی خاطر بندے کا خود کو فنا کر دینا۔

(۵) انعدام، بندے کا اپنی فنائیت سے بھی بے خبر ہو جانا۔

(۶) سحق، بندے کے نفس سے کبر و عجب کا زائل ہو جانا، اور الٰہی صفات کو اپنے اندر بلا تکلف جذب کر لینا جیسے وہ اپنی صفات کو قبول کرتا ہے، تحقق باللہ کا یہ پہلا مقام ہے۔

(۷) محق، بندے کے جسم اور روح سے حد اور احاطے (فرق) کا زائل ہو جانا۔

(۸) طمس، اس میں بندے کی طبیعت، مزاج اور ظاہر و باطن سے تمام بشری تقاضے ختم ہو جاتے ہیں یہاں تک کہ اسے نہ بھوک ستاتی ہے اور نہ نیند۔

(۹) محو، طبیعت کے تمام آثار کا زائل ہو جانا اور حقیقت کے کمال کا حاصل ہو جانا۔

پہلے پانچ مراتب اہلِ فنا کے ساتھ خاص ہیں، اور آخر کے چار اہلِ بقا کا حصہ ہیں، ظاہر ہے کہ بقا اللہ تعالیٰ کی صفت ہے، لہٰذا اس سے بندے کو اس وقت متصف کیا جاتا ہے جب بندہ خود کو فنا کر دیتا ہے۔

## ولایت کبریٰ کے فرائض

حضرت شیخ نے اپنے رسالے ''اصول الولایہ'' میں فرمایا کہ ولایت کبریٰ کے چھ فرائض ہیں، ان میں سے چار قرآن کریم کی اس آیت میں ترتیب وار موجود ہیں:

**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ ابْتَغُوا إِلَيهِ الْوَسِيلَةَ وَ جَاهِدُوا فِي سَبِيلِهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ*(المائدہ ۳۵)**

(۱) سچے دل سے ایمان لانا اور زبان سے اقرار کرنا۔

(۲) تقوی، یعنی ماموراتِ پر عمل اور شبہات ووساوس سے پرہیز۔

(۳) شیخ طریقت کی طلب، کہ وسیلہ یہی ہے اور محبوب کے وصل کی راہ اسی سے کھلتی ہے۔

(۴) انانیت کو فنا کر کے نبوت کی پیروی کا جہاد، اپنی آزادی سے دور ہو کر دوست کے در کا اسیر ہو جانا، یہی فنا ہے اور یہی ولایت کبریٰ۔

## خلوت کا طریقہ

اسی رسالے میں آپ نے تحریر فرمایا ہے:

جب سچا مرید خلوت میں داخل ہو تو پوری طرح اپنی دنیا سے نکل آئے، کامل غسل کرے، مصلی اور کپڑے پاک ہوں تا کہ حق کی عبادت کے لائق ثابت ہو، قبلہ رو ہو کر دو رکعت نماز توبہ کی نیت سے ادا کرے، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی میں اپنی نجات سمجھے، نہایت عاجزی و زاری کیساتھ خلوت گاہ میں بیٹھے، کسی نماز میں تکبیر اولیٰ کو فوت نہ ہونے دے، سلام پھیرتے ہی خلوت گاہ میں آجائے، ساتھ والوں سے بچ کر گذرے، ادھر ادھر نہ دیکھے، لوگوں کی نظروں سے بچے، نفس کی لذت اور غفلت کو قریب نہ پھٹکنے دے، جو خلوت ایسی نہ ہو وہ کسی کام کی نہیں، ذکر مراقبہ اور انکساری کا دامن تھامے رہے، نوافل، تلاوت اور درود و استغفار میں مشغول رہے، تا کہ سستی و کاہلی نہ ہو، سستی آئے تو تازہ وضو کرلے، اگر غنودگی کا غلبہ ہو تو سو جائے، تا کہ فضول باتوں سے بچ جائے اور برائی سے محفوظ رہے، دن اور رات کا تیسرا حصہ آرام کرے تا کہ نفس اضطراب کا شکار نہ ہو، یعنی چھ ساعت رات اور دو ساعت دن کے وقت آرام کرے، دن رات کے گھٹنے بڑھنے کے مطابق آرام کے وقت میں تبدیلی کرتا رہے، سورج غروب

ہونے سے پہلے مکمل طہارت کے ساتھ مصلے پر قبلہ رو ہو کر ذکر و مراقبہ میں مشغول رہتے ہوئے نماز کا انتظار کرے، اور مغرب و عشاء کو اس طرح ملا دے کہ بیچ کا وقت ذکر، مراقبہ اور نوافل میں گذرے، قلب کو روشن کرنے میں یہ عمل خاصا مؤثر ہے، جب صبح طلوع ہو تو مندرجہ ذیل چار دعائیں پڑھے تا کہ دنیا میں گم ہو جانے اور شیطان و نفس کے شر سے محفوظ رہے:

**(۱) اللھم یا رب انت الہ عالم و انا عبد جاھل اسئلک ان ترزقنی علماً نافعاً حتی اعبد بعلمک و الا ھلکت***

یا اللہ یا رب آپ معبود و عالم ہیں اور میں جاہل بندہ، آپ سے بھیک مانگتا ہوں کہ مجھے علمِ نافع عطا فرما دے، یہاں تک کہ میں آپ کے علم کی روشنی میں عبادت کروں ورنہ ہلاک ہو جاؤنگا۔

**(۲) یا رب انت الہ غنی و انا عبد فقیر اسئلک ان تحفظنی حتی اسئل من سواک کفاف الدنیا و الا ھلکت***

یا رب آپ الہ غنی ہیں اور میں فقیر بندہ، آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میری حفاظت فرمایئے اس سے کہ میں آپ کے سوا کسی اور سے سوال کروں دنیا کا ورنہ میں ہلاک ہو جاؤنگا۔

**(۳) یا رب انت الہ قوی و انا عبد ضعیف اسئلک ان تعین حتی غلبت الشیطان بقوتک و الا ھلکت***

یا رب آپ قوی معبود ہیں اور میں کمزور بندہ، آپ سے سوال کرتا ہوں مدد کا، تا کہ آپ کی قوت سے میں شیطان پر غلبہ حاصل کر سکوں، ورنہ میں ہلاک ہو جاؤنگا۔

**(۴) یا رب انت الہ قادر و انا عبد عاجز اسئلک ان تجعلنی قاھر أعلی نفسی حتی اقھرھا بقدرتک و الا ھلکت***

یا رب آپ معبود قادر اور میں عاجز بندہ، آپ سے سوال کرتا ہوں کہ مجھے میرے نفس پر قابو عطا فرما دیجئے، کہ میں اس پر آپ کی قدرت سے غلبہ حاصل کروں ورنہ میں ہلاک ہو جاؤنگا۔

اس کے بعد فجر کی دو سنتیں گھر میں ہی ادا کرے، پیغمبر علیہ السلام نے فرمایا کہ جو شخص فجر کی

سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھے گا تو اس کا دل زندہ اور ایمان سلامت رہے گا چاہے دوسرے سارے دل مردہ ہوجائیں۔

یا حي یا قیوم یا بدیع السموات و الأرض یا ذا الجلال و الإکرام یا الله لا إله إلا أنت أسألك أن تحیي قلبي بنور معرفتك یا الله یا الله یا الله*

اے ہمیشہ رہنے والے، اے زمین وآسمان کو بنانے والے، اے جلال وعظمت کے مالک، اے اللہ! آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دل کو اپنی معرفت کے نور سے حیات بخش دیجئے، یا اللہ یا اللہ یا اللہ۔(۱)

جب جماعت میں شامل ہونے کے لئے گھر سے باہر قدم رکھے تو کہے:

بسم الله و بالله و الی الله و التکلان علی الله و لا حول و لا قوة الا بالله*

اللہ کے نام سے، اللہ کی مدد سے، اللہ کی جانب، اللہ کے بھروسے، کوئی داروگیر ہے نہ قوت مگر اللہ کی۔

جب مسجد کے دروازے پر پہنچے تو یہ دعا پڑھے:

اللھم عبدک ببابک مذنبک ببابک وجھه الیک عمن سواک یستغفرک ویطلب رضاک ان لم تفتح باب فضلک فای باب سوی بابک*

یا اللہ آپکا بندہ، آپکا گنہ گار آپ کے دروازے پر حاضر ہے، اس نے اپنی توجہ دوسروں سے ہٹا کر آپکی جانب کرلی، آپ سے مغفرت چاہتا ہے، اور آپ کی رضا کا طالب ہے، اگر آپ نے اپنے فضل کا دروازہ نہ کھولا تو پھر آپ کے در کے علاوہ کونسا دروازہ ہے؟

پھر داہنا پاؤں مسجد کے اندر رکھے اور پڑھے:

بسم الله و الحمد لله و الصلاة و السلام علی رسول الله*

---

۱ یہ دعا کسی حدیث میں ہمیں نہیں ملی، البتہ امام ترمذی صاحب سنن کا بیان ہے کہ ایک بار میں نے اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا تو عرض کیا کہ مجھے اپنے ایمان کے سلب ہوجانے کا اندیشہ ہے، اللہ تعالیٰ نے یہ دعا تلقین فرمائی۔
إعانة الطالبين للدمياطی-(1/247)، اللہ اللہ کے بعد اس دعا میں یا ارحم الراحمین بھی ہے، واللہ اعلم۔

اور جب اندر داخل ہو جائے تو یہ دعا پڑھے:

**اعوذ باللہ العظیم بوجھک الکریم وسلطانہ القدیم من الشیطن الرجیم***

اور جب اندرونِ مسجد پہنچ جائے تو سلام کرے، اگر مسجد میں کوئی نہ ہو یا نماز میں مشغول ہو تو کہے: السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین، نماز کے بعد اپنی جگہ قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائے اور پورے انہماک کے ساتھ ذکر و مراقبہ میں مشغول ہو جائے، اس وقت سونا انتہائی مکروہ عمل ہے، اگر نیند کا غلبہ ہو بھی جائے تو اٹھتے بیٹھتے ہوئے ذکر کر کے اسے دور کرے، یہاں تک کہ جب سورج ایک دو نیزہ بلند ہو جائے تو دو رکعت شکرانے کی نیت سے ادا کرے۔

اس کے بعد مسجد یا اپنی خلوت گاہ جہاں بھی قلب کو جمعیت خاطر میسر ہو، وہاں پھر ذکر و مراقبہ میں مشغول ہو جائے، جب دن کا ایک چوتھائی حصہ گذر جائے تو وہیں چار رکعت چاشت کی نماز ادا کرے، اس کے بعد اگر کوئی ضروری کام درس و تدریس وغیرہ کا ہو تو اسے انجام دے لے ورنہ تازہ وضو کر کے پھر مراقبہ میں بیٹھ جائے، اگر کھانے کی کوئی چیز ہو تو کھا لے، اور کھانے کے دوران زبان پر ذکر اور دل میں تصور رکھے، اس کے بعد تازہ وضو کر کے ذکر کرتے ہوئے قیلولہ کرے، اور سورج ڈھلنے سے پہلے بیدار ہونے کو غنیمت جانے، تا کہ زوال کے وقت تک طہارت کاملہ کے ساتھ قبلہ رو ہو کر مصلے پر ذکر و مراقبہ میں مشغول ہو چکے، جب سورج آگے بڑھ جائے تو چار رکعت زوال کی نماز ادا کرے۔

نمازِ ظہر کی ادائیگی کے بعد اگر کوئی ضروری کام ہو، مثلاً کسی سے ملاقات، عیادت، آل اولاد کی تعلیم اور ان کی خبر گیری وغیرہ تو حسبِ ضرورت ان کے لئے وقت نکال لے، مگر ان سے جلد فراغت حاصل کرے اور استغفار پڑھے "حسنات الابرا سیئات المقربین" اس کے بعد طہارت حاصل کر کے عصر کی نماز کی تیاری کرے اور عصر و مغرب کے درمیانی وقت کو ذکر و مراقبے میں صرف کرے۔

عمر برف است آفتاب تموز اندکے ماندہ خواجہ غزہ ہنوز
دل گفت مرا علم لدنّی ہوس است تعلیم کن دگرت بدیں دسترس ست
گفتم کہ الف الف گفت دگر ہیچ مگو درخانہ اگر کس ست یک حرف بس است

عمر برف ہے اور سورج ساون کے مہینے کا ہے، تھوڑی عمر باقی ہے، اور خواجہ ابھی تک مغرور ہے۔
دل نے کہا مجھے علمِ لدنی (۱) کی ہوس ہے اگر تو اس میں کچھ دسترس رکھتا ہے تو مجھے سکھلا دے، میں نے کہا ''الف'' تو کہنے لگا بس اور کچھ مت کہنا، کیونکہ اگر کسی کا خانہ خالی نہیں ہے تو اس کے لئے ایک حرف کافی ہے۔

## شیخ ابوالرضا کا سفر آخرت

شیخ محمد ظفر رہتکی کا بیان ہے کہ ابتدائی زمانے میں حضرت شیخ اکثر فرمایا کرتے تھے کہ ہماری عمر پچاس اور ساٹھ سال کے درمیان ہوگی، جب آپ کی عمر پچاس سال کو پار کر گئی تو آپ کے اس فرمان کی وجہ سے ہمیشہ کھٹکا رہنے لگا، پھر جب آپ پچپن سال کے ہوگئے تو مجھے کسی تقریب کی وجہ سے اتفاقاً اپنے وطن روہتک جانا پڑا، رخصت ہوتے وقت میں نے آپ سے اپنے اس خدشے کا ذکر کیا تو آپ مسکرائے اور ٹالتے ہوئے فرمایا کہ تمہیں اپنے وطن ضرور جانا چاہئے، اس خیال کو دل سے نکال دو۔

حضرت شیخ کے یہ آخری کلمات تھے جو میں نے سنے، گلشن شاعر نے بیان کیا کہ حضرت شیخ کے آخری ایام میں ایک روز شیخ عبدالاحد آپ کی زیارت کے لئے تشریف لائے، اس وقت میں بھی حضرت شیخ کے ہمراہ تھا جب ہم لوگ حضرت شیخ کی خدمت میں پہنچے تو اس وقت آپ خلاف عادت پلنگ پر تشریف فرما تھے اور باقی تمام اصحاب زمین پر بیٹھے ہوئے تھے، حضرت شیخ نے شیخ عبدالاحد کو دیکھتے ہی تبسم فرمایا، اور خندہ پیشانی کے ساتھ ان کا استقبال کیا، اور اپنے

---

۱علم لدنی وہ علم کہلاتا ہے جو درس گاہوں میں نہیں ملتا بلکہ بلا کسی واسطے کے منجانب اللہ عطا کیا جاتا ہے۔

ساتھ پلنگ پر ہی بیٹھالیا، کچھ دیر یہ صحبت قائم رہی، تاہم آپس میں کسی قسم کی گفتگو نہیں ہوئی، ایسا لگتا تھا جیسے آپکا دل تمام دنیوی رشتوں سے سرد ہو گیا ہے، بے خودی اور فرط رمیدگی کی وجہ سے بات تک نہیں کر سکتے تھے، پھر آپ اٹھ کھڑے ہوئے، چونکہ شیخ عبدالاحد کے ساتھ قریبی رشتہ داری تھی اس لئے شیخ کو اپنے ساتھ گھر میں ہی لے گئے، کچھ دیر پھر اسی طرح خاموش صحبت رہی، مغرب کی اذان ہوئی تو آپ کے بڑے صاحبزادے شیخ فخر العالم نے آ کر عرض کیا کہ اذان ہو چکی ہے اب باہر چلنا چاہئے، حضرت شیخ نے فرمایا: بابا ابھی تک اندر باہر میں فرق باقی ہے؟ یہ فرما کر باہر تشریف لائے، اور مسجد میں نماز ادا کی، اس صحبت کے ختم ہونے کے بعد شیخ عبدالاحد نے فرمایا کہ گویا حضرت شیخ اسی حالت میں بیٹھے رہنے پر مامور ہیں، اور شاید آپ کے انتقال کا وقت قریب آ گیا ہے، اور رفیق اعلیٰ سے ملنے کی تڑپ کا غلبہ ہے، اس کے تھوڑے عرصہ بعد آپ نے انتقال فرمایا۔

اصحاب شیخ کی ایک جماعت نے بیان فرمایا کہ حضرت شیخ کچھ کمزوری اور کسل محسوس کرنے لگے تو آپ نے دو تین روز کھانا نہ کھایا، آپ کی طبیعت میں نہایت بے تعلقی سی پیدا ہو گئی، یہاں تک کہ کسی چیز کی طرف بھی توجہ باقی نہ رہی، نمازِ عصر کے وقت مسجد کو جانے لگے تو اہلِ خانہ کو الوداع کہا، نماز کے بعد ''مقامات خواجہ نقشبندیہ'' طلب فرمائی اور اس میں سے کچھ مطالعہ کیا، اسی دوران کسی معتقد نے پان پیش کیا اس میں سے آپ نے ایک دو ٹکڑا لیا، اور خوشی و مسرت کے عالم میں تکئے سے سہارا لیا، اسی وقت آپ کی روح پرواز کر گئی۔

رحلت سے تھوڑی دیر پہلے آپ نے حضرت شیخ عبدالرحیم قدس سرہ کی طرف اشارہ فرمایا، کچھ لوگ ان کی تلاش میں نکلے اور بعض نے آپ کو غشی میں سمجھ کر اٹھایا اور دروازے تک لائے، حضرت شیخ عبدالرحیم اسی وقت آ گئے انہوں نے دیکھا کہ آپ کی روح پرواز کر چکی تھی، یہ محرم الحرام کی سترہ تاریخ ۱۱۰۰ھ کا واقعہ ہے، بعض احباب نے آفتابِ حقیقت سے تاریخ

نکالی ہے، (اللہ ان سے راضی ہو اور ان کو راضی کرے، اور جنت الفردوس ان کا ٹھکانہ بنائے)
یہاں مخدومنا وسیدنا الشیخ ابو الرضا کے احوال و آثار جس قدر میں نے جمع کرنے کا ارادہ کیا تھا مکمل ہوئے۔

تمت حصۂ دوم

# حضرت شاہ ولی اللہ کے اجداد اور مشائخ کے حالات

**الحمد للہ الذی بنعمتہ تتم الصالحات و علی فضلہ المعول فی جمیع الحالات و بسم اللہ الرحمن الرحیم و صلی اللہ علی سیدنا محمد و آلہ و صحبہ اجمعین، اما بعد!**

فقیر ولی اللہ بن شیخ عبدالرحیم (اللہ ہی دنیا و آخرت میں ان کا کفیل ہو) کہتا ہے کہ یہ چند اوراق اس کے بعض اجداد کے بارے میں ہیں، اس کا نام (الامداد فی مآثر الاجداد) رکھا گیا ہے۔ حسبنا اللہ و نعم الوکیل *

واضح رہے اس فقیر کا سلسلۂ نسب امیر المؤمنین عمر ابن الخطابؓ عنہ تک اس طرح پہنچتا ہے:

فقیر ولی اللہ ابن شیخ عبدالرحیم ابن الشہید وجیہ الدین بن معظم بن منصور بن احمد بن محمود بن قوام الدین عرف قاضی قادن بن قاضی قاسم بن قاضی کبیر عرف قاضی بدہ بن عبدالملک بن قطب الدین بن کمال الدین بن شمس الدین مفتی بن شیر ملک بن محمد عطا ملک بن ابوالفتح ملک بن عمر حاکم ملک بن عادل ملک بن فاروق بن جرجیس بن احمد بن محمد شہر یار بن عثمان بن ہامان بن ہمایوں بن قریش بن سلیمان بن عفان بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ وعنہم اجمعین۔

پرانے نسب نامے جو رہتک اور شاہ ارزانی بدایونی کے خاندان میں موجود ہیں جن کا نسب سالار حسام الدین بن شیر ملک سے ملتا ہے، ان میں ایسا ہی پایا گیا ہے، زمانۂ قدیم میں لفظ ملک تعظیم کے لئے استعمال ہوتا تھا جیسے ہمارے زمانے میں خان، واللہ اعلم

معلوم رہے کہ ہمارے اجداد میں سے جس نے سب سے پہلے شہر روہتک میں رہائش اختیار کی وہ شیخ شمس الدین مفتی ہیں، روہتک ہانسی اور دہلی کے درمیان ایک شہر ہے جو دہلی سے تیس کوس قبلہ کی طرف واقع ہے۔(۱)

---

۱ یہ شہر اسی موقع پر اسی نام سے اب بھی موجود ہے، ہریانہ صوبہ کا ایک ضلع ہے۔

ابتدا میں جب ہندوستان فتح ہوا تو سادات اور قریش بڑی تعداد میں یہاں آ کر آباد ہوئے، اس علاقہ کا کوئی دوسرا شہر اس سے زیادہ بارونق اور آباد نہ تھا مگر زمانہ گذرنے کے ساتھ وہ آبادی اور رونق ختم ہو گئی، حضرت شیخ شمس الدین مفتی عالم وزاہد تھے، یہی وہ پہلے فرد ہیں جو خاندان قریش میں سے اس شہر میں آباد ہوئے، آپنے یہاں اسلام کی اشاعت کی اور کفر کا زور توڑا۔

ان کے حالات میں سے ایک یہ ہے کہ انہوں نے وصیت کی تھی کہ ان کا جنازہ نماز کے بعد اس مسجد میں رکھ دیا جائے جو ان کی عبادت گاہ اور اور جائے اعتکاف تھی، اس کے بعد تھوڑی دیر کے لئے مسجد کو خالی چھوڑ دیا جائے، پھر اگر جنازے کو موجود پائیں تو دفن کر دیں ورنہ واپس چلے جائیں، چنانچہ ایسا ہی کیا گیا، کچھ دیر بعد جب دیکھا گیا تو جنازہ موجود نہیں تھا۔

حضرت والد ماجد جب اس واقعہ کو بیان کرتے تو اس کی تائید میں فرماتے کہ میں نے اس زمانے کے سلسلۂ چشتیہ کے مشائخ کے حالات پر مبنی کتابوں میں اس واقعہ کو دیکھا ہے، اگرچہ وہاں اس بزرگ کا نام موجود نہیں۔

بعض قرائن سے معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں مسلمانوں میں جو ذی وقار شخص اس قسم کے قصبات میں رہتا تھا تو قضاء، احتساب اور افتا وغیرہ کی ذمہ داریاں اس کے سپرد ہوا کرتی تھیں، بعض اوقات ان مناصب کے بغیر بھی ایسے شخص کو قاضی محتسب اور مفتی وغیرہ کے معزز الفاظ سے پکارا جاتا تھا۔

شیخ شمس الدین مفتی کی وفات کے بعد ان کی اولاد میں سے کمال الدین مفتی لائق ترین آدمی تھے جو ان امور میں اپنے والد کے جانشین ہوئے، ان کے بعد ان کے صاحبزادے قطب الدین، ان کے بعد ان کے خلف الرشید عبدالملک اسی نقشِ قدم پر چلے۔

ان بزرگوں کے بعد ان شہروں میں با قاعدہ طور پر قضا کا منصب قائم ہوا تو قاضی بدھا ابن عبد الملک نے اپنے سابقہ استحقاق کے بنا پر قضا کا منصب حاصل کیا، آگے ان کے دو صاحبزادے

ہوئے ایک قاضی قاسم جو اپنے والد کے بعد ان کے جانشین ہوئے ،اور دوسرے منگن ،ان کے بھی یونس نام کے ایک صاحبزادے ہوئے۔

قاضی قاسم کے دولڑکے ہوئے ایک قاضی قادن جو اپنے والد کے جانشین اور شہر کے رئیس تھے، معلوم ہوتا ہے کہ ان کا پورا نام عبدلقادر یا قوام الدین ہوگا جو ہندوؤں کی زبان پر اس طرح بگڑ گیا، واللہ اعلم، دوسرے کمال الدین تھے جن کا ایک لڑکا نظام الدین نامی تھا۔

قاضی قادن کے دو صاحبزادے ہوئے ،شیخ محمود اور شیخ آدم عرف بھائی خاں تھا، ان کی نسل باقی ہے، شیخ محمود جو اپنے خاندان میں بزرگ تھے انہوں نے کسی سبب سے قضا کا منصب نا منظور کر دیا تھا اور سرکاری ملازمت اختیار کرلی، اس دوران انہوں نے زمانے کے سرد وگرم کا خوب تجربہ کیا، ان کا ظاہری حال روہتک کے صدیقیوں کی طرح تھا، ان کی شادی سونی پت کے سید گھرانے کی ایک لڑکی آفریدہ سے ہوئی جس سے شیخ احمد پیدا ہوئے۔

شیخ احمد بچپن ہی میں روہتک چلے گئے اور شیخ عبدالغنی بن شیخ عبدالحکیم کے ساتھ پرورش پائی، انہوں نے اپنی لڑکی کا نکاح شیخ احمد کے ساتھ کر دیا، اور ایک مدت تک ان کی تربیت کی۔

اس کے بعد وہ روہتک واپس آگئے اور قلعہ سے باہر ایک عمارت بنا کر اپنے عزیزوں اور خادموں کے ساتھ رہنے لگے۔

شیخ احمد کے بعد ان کے صاحبزادوں میں سے دو کی اولاد باقی رہی، ایک شیخ منصور جو بہادری، حلم وغیرہ قائدانہ صفات کے حامل تھے، انہوں نے پہلے اپنے ماموں شیخ عبدالغنی کی لڑکی سے شادی کی ،اسی عفیفہ کے بطن سے شیخ معظم اور شیخ اعظم پیدا ہوئے، اس کی وفات کے بعد دوسری شادی کی، اس سے شیخ عبدالغفور اور اسماعیل پیدا ہوئے۔

دوسرے شیخ حسین تھے جو خوشحال اور فارغ البال تھے ان کے دو صاحبزادے ہوئے محمد سلطان اور محمد مراد، حضرت والد ماجد نے شیخ محمد مراد کو دیکھا تھا، محمد مراد کی پکڑ کی طاقت کے

عجیب وغریب قصے مشہور ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ اسی سال کی عمر میں انگوٹھے اور شہادت کی انگلی میں دینار کو لے کر دوہرا کر دیتے تھے۔

انہوں نے حضرت والد صاحب کو دیکھ کر کہا، اس بچہ کو دیکھنے سے میرے دل پر رعب وہیبت طاری ہوجاتی ہے جیسا کہ اس کے دادا شیخ معظم کی زیارت سے ہیبت طاری ہوتی تھی۔

اس ساری تفصیل کا مقصد یہ ہے کہ مطالعہ کرنے والا سلسلۂ نسب کے اس حصہ پر اچھی طرح مطلع ہوجائے کیونکہ اس سے مقصود صلہ رحمی ہوتی ہے، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

**تعلموا من أنسابكم ما تصلون به أرحامكم فإن صلة الرحم محبة في أهل مثراة في المال منسأة في الأثر*(1)**

اپنے نسب کا علم حاصل کرو تا کہ تم اسکے ذریعہ رشتہ داریاں قائم کرسکو، صلہ رحمی محبت کا ذریعہ ہے، اس کی بدولت مال اور عمر میں برکت ہوتی ہے۔

## چتوڑ کی فتح

اس فقیر (شاہ ولی اللہ) نے شیخ عبدالغنی مذکور کی اولاد سے سنا ہے کہ وہ عالم وزاہد تھے، جلال الدین اکبر بادشاہ ان کی بہت تعظیم کیا کرتا تھا، جب بادشاہ الحاد وگمراہی میں مبتلا ہوگیا تو محبت کا وہ رشتہ ختم ہوگیا اور دونوں میں ایک دوسرے کے خلاف سخت نفرت پیدا ہوگئی، ایک عرصے کے بعد بادشاہ کو چتوڑ کی مہم پیش آئی، لگاتار فوجیں بھیجی جاتی رہیں لیکن فتح نہ ہوئی، اسی دوران ایک رات امام ناصر الدین شہید بن محمد باقر رحمہما اللہ کے مزارِ مبارک کے بعض معتکفین نے بیداری میں دیکھا کہ ایک جماعت اپنے سردار سمیت ہتھیاروں سے لیس ہو کر آئی ہے، اور ان کے ساتھ ایک مشعل ہے، یہ لوگ روضہ میں داخل ہوگئے، دیکھنے والے نے سمجھا کہ شاید مسافر ہیں جو خانقاہ کی زیارت کے لئے آئے ہیں، وہ آگے بڑھا تو اس نے دیکھا کہ وہ سردار قبر میں

---

[1] المستدرك على الصحيحين للحاكم مع تعليقات الذهبي في التلخيص - (178/4)

داخل ہو گیا اور سب ایک ایک کر کے داخل ہو گئے، اس نے ایک شخص سے معلوم کیا کہ یہ سردار اور افراد کون ہیں؟ اس نے جواب دیا کہ یہ حضرت امام ناصرالدین اور ان کے ساتھی شہدا ہیں، اس نے پوچھا کہ آپ کہاں تشریف لے گئے تھے؟ اس نے کہا کہ چتوڑ فتح کرنے گئے تھے اور اسے فلاں وقت فلاں برج کی طرف سے فتح کر لیا ہے۔

شیخ عبدالغنی کو جب یہ واقعہ معلوم ہوا تو انہوں نے پورا واقعہ فتح کی خوشخبری کے ساتھ بادشاہ کو لکھ بھیجا، کچھ دنوں کے بعد چتوڑ اسی طرح فتح ہوا، چنانچہ بادشاہ نے امام ناصرالدین رحمہ اللہ کی خانقاہ کے لئے بارہ گاؤں وقف کر کے شیخ عبدالغنی کی تحویل میں دے دیئے۔

خواجہ محمد ہاشم کشمیؒ نے شیخ احمد سرہندیؒ سے نقل کیا کہ میرے والد ماجد (شیخ عبدالاحد) ایک راز معلوم کرنے کے لئے کافی عرصہ سے شیخ عبدالغنی کی ملاقات کے خواہش مند تھے، وہ راز یہ تھا کہ میرے مرشد نانا نے اپنے انتقال کے وقت مجھے اور ایک دوسرے درویش کو اپنے پاس بلایا ،تا کہ نسبت اور باطنی فیض فرمائیں، جب ہم ان کے پاس پہنچے تو انہوں نے حقیقت کا ایک راز ہمیں بتایا، اس کے سنتے ہی وہ درویش تو جان سے ہاتھ دھو بیٹھا اور میں اسی طرح حیران وسراسیمہ کھڑا رہا۔

حضرت والد ماجد یہ واقعہ شیخ عبدالغنی کی زبانی سننا چاہتے تھے، اتفاقاً شیخ کا کسی مہم کے سلسلے میں سرہند سے گذر ہوا جب سرہند میں پہنچے تو ایک سرائے میں ٹھہرے، والد ماجد بھی وہاں پہنچ گئے ، ملاقات اور رسمی مزاج پرسی کے بعد انہوں نے خلوت اور اس راز کو ظاہر کرنے کی درخواست کی، شیخ نے انہیں وہ رازِ حقیقت بتلایا، جب میرے والد (شیخ عبدالاحد) باہر نکلے تو انہیں شیخ جمیل الدین ملے جو والد صاحب کے خلیفہ، صاحبِ دل اور عالم وفاضل تھے، انہوں نے پوچھا کیا آپ نے وہ راز معلوم کر لیا؟ والد ماجد نے فرمایا، ہاں، معلوم کیا کہ وہ کیا تھا؟ فرمایا: وہی مسئلہ ہے جس پر ہم ہیں اور جو ہمارے مشرب وطریقہ کی جان ہے، یعنی یہ سب کچھ

جونظر آرہاہے واحدِ حقیقی ہے، جو کثرت کے عنوان سے ظاہر ہورہاہے، مگر چونکہ وہ درویش سادہ لوح تھا، لہٰذا جب اچانک اس کے کان میں یہ راز پڑا تو اس کا متحمل نہ ہوسکا اور ہلاک ہوگیا، شیخ عبدالغنی عالم، صاحبِ مقام اور واقفِ راز تھے اس لئے اپنی جگہ قائم رہے۔

## قہرِ درویش

شیخ معظم شجاعت و بہادری کی صفات سے متصف تھے، اس سلسلے میں ان کے عجیب وغریب واقعات بے شمار ہیں، حضرت والد ماجد فرمایا کرتے تھے کہ ایک بار شیخ منصور کی کسی راجہ سے ٹھن گئی، تو انہوں نے لشکر کا میمنہ (۱) شیخ معظم کے حوالے کر دیا، اس وقت وہ بارہ سال کے تھے، سخت لڑائی ہوئی، دونوں طرف سے بہت سے لوگ قتل ہوئے، اسی اثنا میں کسی نے شیخ معظم سے کہا کہ شیخ منصور شہید ہوگئے ہیں، اور ان کا تمام لشکر شکست کھا گیا ہے، یہ سن کر شیخ معظم کی رگِ حمیت پھڑک اٹھی اور انہوں نے کفار کے رئیس کو قتل کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا، مزاحمت کے لئے جو بھی حائل ہوتا اسے قتل یا زخمی کر کے راستے سے ہٹا دیتے، کافی کوشش کے بعد راجہ کے ہاتھی تک پہنچنے میں کامیاب ہوگئے، کفار کے سرداروں میں سے ایک نے مقابلہ کیا آپ نے تلوار کی ایک ہی ضرب سے اس کے دوٹکڑے کر دیئے اور لاش گھوڑے کے نیچے ڈال دی، لوگوں نے انہیں گھیر لیا، راجہ نے ان سب کو ڈانٹا کہ جو شخص اتنی کم عمری میں بہادری اور جوانمردی کے جوہر دکھاتا ہے اس کی شخصیت نابغۂ روزگار ہے، اس کے بعد راجہ نے شیخ معظم کے ہاتھ چومے اور بہت احترام سے پیش آیا اور غصہ کا سبب پوچھا، انہوں نے کہا کہ مجھے پتہ چلا ہے کہ میرے والد شہید ہوگئے ہیں میں نے پختہ ارادہ کرلیا ہے کہ حملہ کرونگا پیچھے نہیں ہٹوں گا، یہاں تک کہ یا تو راجہ کو قتل کردوں یا خود قتل ہوجاؤں۔

---

۱دایاں بازو، جس پر اقدامی حملہ کی ذمہ داری ہوتی ہے، لشکر میں سب سے اہم یہی حصہ ہوتا ہے۔

راجہ نے کہا آپ کو غلط خبر پہنچی ہے، آپ کے والد زندہ ہیں اور ان کے جھنڈے فلاں جگہ نظر آرہے ہیں، راجہ نے اسی وقت شیخ منصور کے پاس آدمی بھیجا کہ اس بہادر لڑکے کی وجہ سے ہم نے صلح کر لی ہے، شیخ منصور کے تمام مطالبات اس نے قبول کر لئے اور واپس ہو گیا۔

## ڈاکوؤں کی توبہ

موضع شکوہ پور شیخ معظم کا تعلقہ تھا اس کے ایک کسان نے حضرت والد ماجد کو بتلایا کہ ایک مرتبہ تیس ڈاکو گاؤں میں ڈاکہ ڈالکر تمام مویشی لوٹ لے گئے، شیخ معظم اس وقت گاؤں میں ہی موجود تھے، انہیں اس حادثے کی اطلاع اس وقت ملی جب کہ دستر خوان بچھ چکا تھا، شیخ نے کسی بے چینی کا مظاہرہ کئے بغیر حسبِ عادت کھانا کھایا، فراغت کے بعد ہاتھ دھوئے، اور کہا میرے ہتھیار اور گھوڑا لاؤ، جب آپ سوار ہوئے تو دیہاتیوں کا ایک گروہ آیا تا کہ ساتھ چلے، لیکن آپ نے سب کو واپس کر دیا، کہ میں بہت تیزی کے ساتھ جاؤں گا تم میرے گھوڑے کا ساتھ نہ دے سکو گے، البتہ ایک کسان کو ساتھ لے لیا جو گھوڑے کے ساتھ دوڑ سکتا تھا تا کہ وہاں کے حالات لوگوں کو آ کر سنا سکے۔

آپ ڈاکوؤں کے تعاقب میں روانہ ہوئے اور انہیں اس وقت جا لیا جب وہ اپنے ٹھکانے پر پہنچ چکے تھے، آپ ان کو اشتعال دلا کر میدان میں نکال لائے اور کمال ہنر مندی سے ایک ایک تیر سے دو دو آدمیوں کو مارنا شروع کیا، جب ڈاکوؤں نے دو تین تیروں کا مشاہدہ کر لیا تو مرعوب ہو گئے اور فریاد کرنے لگے کہ ہم توبہ کرتے ہیں، ہمیں معاف کر دیجئے، شیخ نے کہا کہ تمہاری توبہ یہی ہے کہ خود اپنے ہتھیار اتارو اور ایک دوسرے کے ہاتھ باندھ کر تمام ہتھیار اور گھوڑوں سمیت گاؤں میں واپس چلو، چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور اپنے مذہب کے مطابق قسمیں کھائیں کہ دوبارہ اس قصبے کی طرف بری نظر سے نہیں دیکھیں گے، اور شیخ کی منشا کے بغیر کوئی قدم نہیں اٹھائیں گے۔

## شیخ معظم کی اولاد

سید نور الجبار سونی پتی کی صاحبزادی سے شیخ معظم کے تین لڑکے ہوئے:
شیخ جمالؒ، شیخ فیروزؒ، شیخ وجیہ الدین۔

## شیخ وجیہ الدین

شیخ وجیہ الدین بہادری و پرہیز گاری میں کمال رکھتے تھے، حضرت والا قدس سرہ (شاہ عبد الرحیمؒ) فرمایا کرتے تھے کہ میرے والدؒ کا معمول تھا کہ روزانہ دو پارے تلاوت کرتے تھے، سفر ہو یا حضر خوشی ہو یا غم اس معمول میں فرق نہ آتا، بڑھاپے میں بینائی کم ہو جانے کی وجہ سے بڑے حروف کا مصحف ساتھ رکھتے تھے، نیز والد ماجد فرماتے تھے کہ آپ کسی کے کھیت میں اپنا گھوڑا نہ ڈالتے، چاہے سارا لشکر اس میں سے کیوں نہ گذرے، اس لئے بعض اوقات جانے پہچانے راستہ سے ہٹ کر بھی چلنا پڑ جاتا تھا، والد ماجد نے فرمایا ایک بار کسی لڑائی میں شیخ وجیہ الدین کا سامان گم ہو گیا، کھانے پینے تک کا سامان نہ رہا، ان کے دوسرے ساتھی گاؤں کے مویشی زبردستی لیکر کھا جاتے تھے مگر آپ نے پرہیز گاری اختیار کی، جب دو تین دن کا فاقہ ہو گیا اور طاقت بالکل جاتی رہی تو رزاق حقیقی کی شان جلوہ گر ہوئی، آپ اپنے چابک سے زمین کریدر ہے تھے، جیسا کہ سوچ بچار کے دوران اکثر لوگ کرتے ہیں کہ اچانک وہاں سے خوراک بھر چنے نکلے، چنانچہ آپ نے انکو دھو کر صاف کیا اور ابال کر کھا لئے۔

والد گرامی فرماتے تھے کہ میرے والد شیخ وجیہ الدینؒ خدام، ملازمین، اور گھسیاروں تک سے ایسی شفقت سے پیش آتے کہ اس زمانے کے متقی بھی کم ہی ایسا برتاؤ کرتے تھے۔

مزید آپ نے فرمایا کہ ایک سفر میں میرے والد نے کسی ولی کی ولایت کے ایسے شواہد دیکھے کہ انہوں نے اس سے بیعت کر لی، اور صوفیاء کے اشغال میں مصروف ہو گئے، کم گوئی اور کم

آمیزی (لوگوں سے کم ملنے) کو اپنا شعار بنایا اور اس سلسلے میں انہوں نے ایسا کمال دکھایا کہ اس زمانے کے صوفیا میں اس کی مثال نہیں ملتی۔

کاتب الحروف (شاہ ولی اللہ) کہتا ہے کہ شیخ مظفر رہتکی میرے والد ماجد اور عم بزرگوار کے ساتھ ان کے والد شیخ وجیہ الدین کے رابطہ کو بیان کرتے تھے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دونوں ان کے فیض سے مستفید اور اس چشمۂ شیریں سے سیراب ہوئے ہونگے۔

حضرت والد ماجد شیخ وجیہ الدین کی بہادری کی بہت سی حکایات بیان کرتے تھے، میں ان میں سے کچھ واقعات بیان کرتا ہوں تا کہ اہل خاندان کو اخلاقِ فاضلہ کی حرص اور رغبت ہو۔

**انما لاعمال بالنیات***

## خونی بوسہ

والد ماجد نے فرمایا کہ جب میری عمر چار برس کی تھی کہ میرے والد صاحب (شیخ وجیہ الدین) سید حسین کی ہمراہی میں قصبہ دہامونی کی جانب متوجہ ہوئے جو مالوہ کے علاقے میں ہے، سید حسین اپنے زمانے کا مشہور بہادر تھا، اس کی بے جگری اور شجاعت کی دھوم تھی۔

اتفاق سے میں بھی اس سفر میں ساتھ تھا، وہاں ایک کافر نے فساد برپا کر رکھا تھا یہ کافر بھی اپنی بے باکی اور سفاکی میں مشہور تھا، بڑی کوشش کے بعد وہ سید حسین کی ملاقات کو آیا، دربان چاہتے تھے کہ اس کو مسلح اندر نہ جانے دیں، وہ اس پر راضی نہ ہوا، بحث نے طول پکڑا تو اس کافر نے سید حسین کو یہ پیغام بھجوایا کہ آپ سپاہی ہیں، ایک بڑا لشکر آپ کے ساتھ موجود ہے، آپ کو شرم نہیں آتی کہ ایک مکھی کو ہتھیار سمیت اندر نہیں آنے دیتے؟ سید صاحب اس بات سے متأثر ہوئے اور حکم دیا کہ کوئی شخص اس کے اسلحہ کو نہ روکے، فرمایا کہ ان کا ہشاش بشاش چہرہ آج بھی میرے تصور سے نہیں اترتا، وہ کافر پان چباتے ہوئے متکبرانہ انداز میں چل رہا تھا جیسے شادی کی محفل میں آیا ہو، والد صاحب نے جب اسے دیکھا تو فرمایا کہ یہ شخص اس مجلس

میں ہاتھا پائی کرے گا، انہوں نے جلدی سے اپنے خدمت گار کو طلب کیا اور میری طرف اشارہ کر کے کہا کہ اس بچے کو کسی بلند جگہ پر بٹھا دو تا کہ اس دنگا فساد میں اس کو نقصان نہ پہنچے۔

جب وہ سلامی کی جگہ سے آگے بڑھنے لگا تو دربان نے روکا کہ یہیں سے سلام کرو، آگے مت بڑھو، اس نے دربان کی بات سنی ان سنی کر دی اور کہنے لگا کہ میں چاہتا ہوں کہ سید صاحب کے پاؤں کو بوسہ دوں تا کہ گناہوں کا کفارہ ہو جائے، جب بالکل قریب پہنچا تو اس نے آپ پر تلوار کا وار کیا، سید حسین بڑی پھرتی سے وار بچا گئے، تلوار نے تکیہ کی خبر لی، اس نے دوسرا وار تولا ہی تھا کہ والد صاحب نے تیزی کے ساتھ بڑھ کر خنجر کا ایک بھرپور وار اس پر کیا اور اسے جہنم کی راہ روانہ کر دیا۔

## فراست و بہادری

فرماتے تھے کہ اسی جنگ میں والد ماجد سید حسین کے ساتھ تھے، صفیں آمنے سامنے آراستہ ہو گئیں تو کفار کی صف سے ایک مسلح شخص نکل کر کہنے لگا، میں فلاں ہوں، چنیں ہوں چناں ہوں، تنہا کھڑا ہوں چاہو تو مجھے قتل کر سکتے ہو، مگر شرط بہادری تو یہ ہے سید حسین اکیلے میرے مقابلے کو نکلیں، سید صاحب کی رگوں میں ہاشمی خون کھول اٹھا، اپنے گھوڑے کو صف سے باہر لائے، اور اس کے ساتھ مقابلے میں مشغول ہو گئے، اس کافر نے چابک دستی سے وار کیا آپ نے اسے ڈھال پر روکا، تلوار ڈھال کی ایک طرف کو کاٹ کر دوسری طرف میں جا پھنسی، دشمن نے اپنی تلوا پر قوت لگائی تو سید صاحب گھوڑے سے نیچے گر گئے، دشمن کود کر سید صاحب کے سینے پر سوار ہو گیا اور ذبح کرنے کی کوشش کرنے لگا، والد صاحب فوراً پہنچے اور تلوار کے ایک ہی وار سے دشمن کو کیفر کردار تک پہنچایا۔

صفیں پھر برابر ہو گئیں تو ایک سوار ہو بہو پہلے کی صورت آگے بڑھا اور پکارا: میں مقتول کا بھائی ہوں آپ کے سامنے اکیلا کھڑا ہوں جو چاہے قتل کرے، مگر شجاعت تو یہ ہے میرے بھائی کا

قاتل میرے مقابلے کو آئے، والد ماجد آگے بڑھے اور تھوڑے سے مقابلے کے بعد اسے بھی واصلِ جہنم کیا۔

تھوڑی دیر بعد ایک تیسرا سوار ویسی ہی شکل وصورت کا سامنے آیا، اور اسی طرح دعوت مبارزت دی، والد صاحب مقابلے میں آئے، دشمن نے ان کے دونوں ہاتھ قابو کر کے چاہا کہ انہیں گرادے یا اپنے گھوڑے پر کھینچ لے، والد صاحب نے اندازہ کیا کہ دشمن زیادہ طاقت ور ہے تو ہوشیاری کے ساتھ کہا، اے فلانے پیچھے سے اس پر حملہ کر، دشمن نے فوراً پیچھے دیکھا اور اس کی پکڑ کمزور پڑگئی، پیچھے کوئی نہ تھا لیکن والد صاحب کے لئے اتنی مہلت کافی تھی، آپ نے اسی مہلت میں اپنا ہاتھ چھڑالیا اور بھرپور وار کر کے اس کا کام بھی تمام کر دیا، اس مبارزت کے بعد دشمن نے شکست قبول کر لی اور لشکرِ اسلام مظفر و فتح یاب ہو کر اپنی چھاؤنی میں واپس آگیا۔

## بہادر ماں

اس واقعہ کے تین بعد ایک ضعیفہ پوچھتے پوچھتے آپ کے خیمہ تک پہنچی اور کہنے لگی کہ میں ان تینوں مقتولوں کی ماں ہوں، میں سمجھتی تھی کہ میرے بیٹوں سے بہادر کوئی نہیں ہے، لیکن خدا کی رحمت تو تجھ پر ہو کہ تو سب سے بہادر اور قوی ہے، اس لئے بجائے ان کے تجھے اپنا بیٹا مانتی ہوں، میری آرزو ہے کہ تو مجھے اپنی ماں سمجھتے ہوئے میرے ساتھ میری بستی میں رہ، تاکہ تجھے جی بھر کر دیکھوں اور مقتولوں کے غم سے تسلی پاؤں، آپ نے اپنے خادم سے فرمایا کہ میرے گھوڑے پر زین کسو، آپ کے بھائی بندوں نے منع کیا، کہ عجیب بات ہے آپ جیسا ذی عقل آدمی ایسا اقدام کرے؟ مگر نہ مانے، تو اقرباء نے سید حسین صاحب سے کہا وہ فوراً خیمہ میں آئے اور انتہائی کوشش اور اصرار سے آپ کو روک لیا، جب کوئی چارہ آپ نے نہ دیکھا تو اس بڑھیا کو بلا کر فرمایا: ماں میرے ساتھی مجھے آپ کے ساتھ نہیں جانے دے رہے، چند دن بعد میں تیری بستی میں آؤں گا۔

کچھ دن بعد جب ان کے ساتھی غافل ہو گئے تو آپ گھوڑے پر سوار ہو کر اس عورت کے گھر جا پہنچے، وہ عورت اس قدر محبت واخلاص اور تعظیم سے پیش آئی کہ حقیقی ماں اور اس میں کوئی فرق نہ رہ گیا، حضرت والد گرامی (شاہ عبدالرحیمؒ) نے فرمایا کہ میں کئی بار اس عورت کے گھر گیا میں اسے دادی جان کہتا تھا وہ شفقت میں کوئی کسر نہیں چھوڑتی تھی، میں نے اپنی حقیقی دادی کو نہیں دیکھا تھا، مجھے بچپن میں معلوم ہی نہیں تھا کہ میری دادی اس کے علاوہ کوئی اور تھی۔

## قربانی کا وقت

والد گرامی نے فرمایا: جب عالم گیر بادشاہ بنا تو اس کے بھائی شاہ شجاع نے بنگالہ کی طرف سے بغاوت کی، عالم گیر مقابلے کو نکلا، والد ماجد (شاہ وجیہ الدینؒ) شریک تھے، سخت لڑائی ہوئی، دونوں لشکر تھک کر چور ہو گئے، شاہ شجاع کی جانب سے دو تین مست ہاتھیوں نے حملہ کر دیا، ہر ہاتھی کے پیچھے زرہ پوشوں کا دستہ تھا، اس صورت حال کو دیکھ کر عالم گیر کے لشکر میں بھگدڑ مچ گئی، خود عالم گیر کے ہاتھی کے ارد گرد چند آدمی باقی رہ گئے، اس وقت میرے والد (شیخ وجیہ الدینؒ) کے دل میں خیال آیا کہ ان ہاتھیوں میں سے کسی پر حملہ کرنا چاہئے، انہوں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ یہ جان کی قربانی کا وقت ہے، ایسے موقع پر استقامت ہر ایک کا کام نہیں، جو شخص علیحدگی چاہتا ہو اسے میری طرف سے اجازت ہے، لہٰذا چار کے علاوہ سب نے باگیں موڑ لیں، آپ نے فرمایا کہ اگر ہمارے احباب میں سے کوئی ہماری محبت میں شریک ہوگا تو یہی چار ہونگے، ان چاروں نے آپ کے شکار بند کو مضبوطی سے تھاما اور پیمان کیا کہ جہاں شیخ وجیہ الدین ہونگے ہم بھی ان کے ساتھ ہونگے۔

چنانچہ انہوں نے سب سے سرکش ہاتھی کو نشانہ بنایا اور اسے اشتعال دلایا، ہاتھی نے انہیں گھوڑے سے گرانے کیلئے سونڈ اوپر اٹھائی، حضرت نے ایک ہی وار میں اسے کاٹ کر رکھ دیا، ہاتھی بری طرح چنگھاڑتے ہوئے واپس بھاگا اور اپنے ہی لشکر کو روند ڈالا، یہ پہلی فتح تھی۔

عالم گیر نے یہ سب اپنی آنکھوں سے دیکھا اور فتح کے بعد حضرت والا کا منصب بڑھانا چاہا، لیکن آپ نے استغنا اختیار کیا اور منصب کو منع فرما دیا۔

## ضمانت

فرمایا: ایک بار سید شہاب الدین کو بادشاہ کے سامنے محاسبہ کے لئے پیش ہونا پڑا، حضرت والا (شیخ وجیہ الدین) ان کے ضامن بن گئے، مگر شہاب الدینے رقم ادا نہ کی تو والد صاحب سے مطالبہ ہوا، آپ نے ان سے بات کی تو انہوں نے کہا کہ میرے پاس تو پھوٹی کوڑی بھی نہیں ہے، البتہ تلوار حاضر ہے۔

حضرت والا مسکرائے، اور فرمایا تلوار کا پکڑنا تو آسان ہے نباہنا مشکل، یہ سن کر سید شہاب الدین کی حمیت جاگ اٹھی اور خنجر سے حملہ کر دیا، آپ نے اسے بائیں ہاتھ سے پکڑا اور دائیں سے ایسا تھپڑ رسید کیا کہ الٹا زمین پر آ رہا، اور گرتے ہی بے ہوش ہو گیا، آپ نے خادم سے فرمایا کہ اسے قید کرلو، اور اس کے اصطبل سے تمام اونٹ گھوڑے نکال لاؤ، تھوڑی دیر بعد جب اسے ہوش آیا تو آپ نے فرمایا: تیری وہ ڈینگیں کیا ہوئیں؟ کہنے لگا، میرا کوئی قصور نہیں، میرے ہاتھ سے پہلے آپ کا ہاتھ چل گیا، اور میں بے ہوش ہو گیا اس میں میری کیا تقصیر؟ آپ نے فرمایا: درست کہتے ہو، اور خادم کو اشارہ کیا کہ اس کے بند کھول دو، اور اس کا خنجر اس کے ہاتھ میں دیدو، اس نے خنجر لیتے ہی پھر حملہ کا ارادہ کیا، فوراً اس کے بدن میں لرزہ طاری ہو گیا اور حملہ کی جرأت نہ ہو سکی، حضرت والا نے یہ واقعہ اپنی آنکھ سے دیکھا تھا۔

## قلبی طاقت

حضرت والد ماجد (شاہ عبدالرحیم) فرماتے تھے کہ میرے والد (شیخ وجیہ الدین) کی قلبی قوت کا یہ عالم تھا ایک بار معرکۂ جنگ میں سخت خونریز مقابلہ ہوا طرفین سے بہت سے لوگ مارے

گئے، لیکن انجام کار مسلمانوں کو فتح حاصل ہوئی، جب اسلامی لشکر کا سپہ سالار رات کو کیمپ میں واپس آیا تو سب افسران اکٹھے ہو گئے اور مقتولین کی تعداد کے بارے میں بات ہونے لگی، ہر شخص اپنے اندازے سے تعداد بتانے لگا، آپ (شیخ وجیہ الدین) نے فرمایا میرے خیال میں پانچ کم دوسو یا پانچ اوپر دوسو آدمی کھیت ہوئے ہیں، اور جو شکست کھا کر بھاگے ہیں ان کے متعلق کچھ نہیں کہا جا سکتا۔

حاضرین نے یہ بات ماننے میں ہچکچاہٹ محسوس کی، آپ نے حقیقت حال کا پتہ لگانے کی ٹھان لی اور مجلس سے اس انداز سے رخصت ہو لئے جیسے رفع حاجت کے لئے اٹھے ہوں، اندھیری رات، بارش اور ہوا کا زور لیکن آپ میدان کارزار میں پہنچ گئے، آپ ایک زخمی سے ٹکرائے اس نے چیخ ماری، آپ نے اس کو تسلی دی اور اپنا نام بتایا، اس کے بعد ان کے دل میں آیا کہ جنگ گاؤں کے بیچ بھی ہوئی تھی وہاں بھی دیکھ لینا چاہئے، جہاں بھی ذرا شک ہوتا وہاں ٹٹول کر دیکھ لیتے، اسی اثنا میں ان کا ہاتھ ایک بڑھیا سے ٹکرایا جو لڑائی کے دوران چھپ کر بیٹھ گئی تھی، ہاتھ لگنے سے وہ بری طرح چیخی، آپ نے اسے بھی تسلی دی اور اپنا نام یاد کرایا، مقتولین کی تعداد ان کے اندازے کے مطابق نکلی، آپ لشکر کے پڑاؤ پر پہنچے تو اس مجلس کو بدستور اسی حالت میں پایا، آپ نے جو کچھ دیکھا اور کیا تھا ان کو بتایا تو ان کا تعجب اور بڑھ گیا، سپہ سالار نے تقریباً سو آدمی مشعلوں کے ساتھ متعین کئے تاکہ مقتولین کو شمار کریں اور ان زخمیوں کو بھی لیکر آئیں، یہ لوگ اس ہیبت ناک رات میں جانے کو تیار نہ تھے ناچار گئے، مقتولین کی گنتی کی اور ان زخمیوں کو بھی لے آئے، گنتی بھی آپ کے کہنے کے مطابق نکلی اور ان زخمیوں نے آپ کے وہاں جانے کی بھی تصدیق کر دی۔

آپ کے متعلق اس قسم کے عجیب و غریب واقعات تو بے شمار ہیں، لیکن ہم نے چند پر اکتفا کیا ہے کیونکہ تھوڑا دلیل ہوتا ہے زیادہ کی، اور چلو بھر پانی دریا کا پتہ دیتا ہے، شیخ وجیہ الدین کی

شادی رفیع الدین محمد بن قطب العالم بن شیخ عبدالعزیز کی لڑکی سے ہوئی جس سے آپ کے تین صاحبزادے پیدا ہوئے۔

(۱) مخدومی شیخ ابوالرضا محمد (۲) مخدومی شیخ عبدالرحیم (۳) مخدومی شیخ عبدالحکیم

## جائے شہادت

والد ماجد (شاہ عبدالرحیم) فرماتے تھے کہ ایک روز میرے والد (شیخ وجیہ الدین) تہجد کی نماز ادا کر رہے تھے، ان کو سجدے میں بہت دیر ہوگئی، میں نے سمجھا کہ شاید روح پرواز کر گئی، جب اس حالت سے افاقہ ہوا تو میں نے لمبے سجدے کی وجہ پوچھی، انہوں نے فرمایا کہ مجھے غیبت واقع ہوئی تو میں نے اپنے ان عزیزوں کے حالات دیکھے جو شہید ہو گئے تھے، ان کے درجات اور مقامات سے میں بہت خوش ہوا، اور اللہ تعالیٰ سے شہادت کی درخواست کی اور بہت زیادہ گڑگڑایا، یہاں تک کہ میری دعا قبول ہوگئی، اور مجھے اشارے سے بتلایا گیا کہ تیری شہادت دکن کی طرف ہوگی، اس واقعہ کے بعد آپ نے ازسرنو سفر کا ارادہ کیا حالانکہ نوکری چھوڑ چکے تھے، اور اس کام سے نفرت سی ہوگئی تھی، گھوڑا خریدا اور دکن کو چل دیئے، آپکا خیال تھا کہ یہ مقابلہ شیوا سے ہوگا جو اس وقت کفار کا راجہ تھا، اور اس سے مسلمانوں کے قاضی کی بہت بے حرمتی ہوئی تھی، جب آپ برہان پور پہنچے تو بذریعہ کشف معلوم ہوا کہ جائے شہادت کو پیچھے چھوڑ آئے ہیں یہاں سے پھر واپس پلٹے، راستہ میں آپ نے بعض صالح اور متقی تاجروں کے ساتھ ہم سفری کا معاہدہ کیا، اور ارادہ کیا کہ قصبہ ہنڈیا کی جانب سے ہندوستان میں داخل ہوں، اسی دوران آپ کو ایک ضعیف العمر شخص ملا جو گرتا پڑتا جا رہا تھا، آپ نے اس سے منزل پوچھی تو اس نے بتایا کہ میرا دہلی جانے کا ارادہ ہے، آپ نے اس پر رحم کرتے ہوئے کہا کہ میرے ملازم سے ہر روز تین پیسے لے لیا کرو، دراصل وہ بوڑھا کافروں کا جاسوس تھا، جب یہ قافلہ نونبریا کی سرائے میں پہنچا جو دریائے نربدہ سے دو تین منزل ہندوستان کی طرف ہے تو

اس جاسوس نے اپنے ساتھیوں کو اطلاع دیدی، چنانچہ لٹیروں کا ایک بہت بڑا گروہ سرائے میں پہنچ گیا، آپ اس وقت قرآن کریم کی تلاوت میں مشغول تھے، اس گروہ میں سے تین آدمیوں نے آگے بڑھ کر پوچھا کہ شیخ وجیہ الدین کون ہے؟ جب پہچان لیا تو کہا کہ ہمیں آپ سے سروکار نہیں ہے، ہمیں یہ بھی پتہ چلا ہے کہ آپ کے پاس مال ودولت نہیں ہے اور ہمارے گروہ کے ایک آدمی پر آپ کا حق نمک بھی ہے، لیکن ان تاجروں کے پاس تو اتنا اتنا مال ہے ان کو ہم ہرگز نہیں چھوڑیں گے، کیونکہ آپ کو اس سفر کے مقصد سے آگاہی حاصل تھی لہٰذا تاجروں کی رفاقت چھوڑنے پر راضی نہ ہوئے، اور انہیں قتل اور لوٹ سے بچانے کی خاطر آگے بڑھے، اس مقابلے میں آپ کو بائیس زخم آئے، آخر آپ کا سر تن سے جدا ہو گیا، اس کے باوجود تکبیر کہتے ہوئے ایک تیر کی مار تک آپ نے ان کا تعاقب کیا، ایک عورت یہ حال دیکھ کر بہت حیران ہوئی، آپ اسی وقت گر پڑے اور وہیں دفن ہوئے۔

حضرت والا (شاہ عبدالرحیم) فرماتے تھے کہ اسی دن کے آخری حصہ میں آپ تمثیلی جسم میں منتقل ہو کر میرے پاس آئے اور زخموں کے نشانات دکھلائے، میں نے ایصالِ ثواب کے لئے کچھ صدقہ دیا، میرا ارادہ تھا کہ آپ کے جسد کو وہاں سے منتقل کروں، لیکن ایک روز انہوں نے متمثل ہو کر اس بات سے مجھے منع فرمادیا، آپ کے قتل کی خبریں بہت مشہور ہیں۔

# شیخ رفیع الدین محمد کے خاندان کے حالات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو منعم اور وہ نعمتیں بخشنے والا ہے جو حد وشمار سے باہر ہیں اور درود وسلام ہو افضل الانبیاء پر اور ان کی آل پر بھی سلامتی اور رحمت ہو جو ارباب فہم وفراست کے قائد ہیں۔

فقیر ولی اللہ (اللہ اس سے درگزر کرے) کہتا ہے کہ یہ چند کلمات جو کہ (النبذ الابریزیہ فی اللطیفۃ العزیزیہ) کے نام سے موسوم ہیں شیخ عبدالعزیز دہلوی اور ان کے اسلاف واخلاف، قدست اسرارہم کے حالات پر مشتمل ہیں، جو کہ ماں کی جانب سے والد بزرگوار کے جداعلی (شاہ عبدالرحیم کے نانا) ہیں۔

## شیخ طاہر اور علمی غیرت

شیخ طاہر کا اصلی وطن اوچ (ملتان) ہے اور آپ وہاں کے سربرآوردہ خاندان سے تعلق رکھتے تھے، کہا جاتا ہے کہ آپ ابتدائے حال میں سارا وقت سیر وتفریح اور شکار میں گزارتے تھے، یہاں تک کہ یہ مشاغل انہیں تحصیل علم سے بھی باز رکھنے لگے، ایک دن آپ کے بھائی نے آپ سے قرآن مجید کی ایک آیت کا مفہوم دریافت کیا جس کا جواب آپ سے نہ بن پڑا۔

یہی واقعہ ان کی غیرت کو جگانے کا سبب بنا، قرآن مجید ہاتھ میں لیکر وطن محبوب کو خدا حافظ کہا۔ جہاں بھی جاتے استفادۂ علم کرتے، جب تھانیسر پہنچے تو اسی آیت کی تفسیر وتشریح لکھ کر ہمشیر کو بھجوادی، اس کے بعد حصول علم کا شوق انہیں بارہہ لے آیا، جو ان دنوں علماء کا مرکز تھا، اس دوران مناظرہ وریاضت میں مہارت بھی انہیں حاصل ہوئی، تحصیل علم کے بعد بارہہ کے قاضی نے جب ان کے علم وفضل اور وجاہت کو دیکھا تو اپنی دختر نیک اختر ان کے نکاح میں دے دی،

اس کے بعد آپ پورب کے کسی علاقہ میں قیام پذیر ہو گئے، اس بیوی سے تین فرزند ہوئے، آخر عمر میں شیخ نے اپنے بیٹوں کے ساتھ جون پور میں رہائش اختیار کی اور یہیں رحلت فرمائی، آپ کا مزار مبارک اسی شہر میں واقع ہے، جو زیارت گاہ خلائق اور مرکز برکات ہے۔

## شیخ حسن کا حافظہ

شیخ طاہر کے بڑے صاحبزادے شیخ حسن تھے، جنہوں نے نو سال کی عمر میں قرآن مجید حفظ کرلیا اور اٹھارہ برس کی عمر میں تمام کتب متداولہ (نصابی کتابوں) سے فراغت حاصل کر کے درس و تدریس مشغول ہو گئے۔

بچپن ہی سے آپ میں معرفت کی طلب اور اولیاء کی جستجو تھی، جن دنوں سید حامد راجی شاہ کی عظمت کا شہرہ عام تھا، شیخ حسن آزمائش و امتحان کی غرض سے سید صاحب کی ملاقات کو گئے تو سید صاحب کی پہلی نگاہ ہی نے آپ کو اپنے حلقۂ ارادت کی طرف کھینچ لیا، سید صاحب اپنے وقت کے مشائخ عظام میں سے تھے، آپ شیخ حسام الدین مانک پوری کے خلیفہ تھے، شیخ حسام الدین جامع شریعت و طریقت اور اکابر مشائخ چشتیہ میں سے تھے، آپ شیخ نور قطب العالم کے خلیفہ تھے، شیخ نور قطب العالم ہندوستان کے مشہور مشائخ میں گزرے ہیں، وہ صاحب عشق و محبت، ذوق و شوق، تصرف و کرامات اور ریاضات و مجاہدات تھے، یہ اپنے والد شیخ علاء الحق ابن سعد کے خلیفہ تھے جو کہ ظاہری و باطنی علوم کے جامع، عوام و خواص میں مقبول اور پورب و بنگال کے معروف ترین بزرگوں میں سے تھے۔

شیخ علاء الحق ابن سعد شیخ سراج الدین اودھی کے خلیفہ تھے جو کہ شیخ نظام الدین قدس اللہ تعالیٰ اسرارہم کے خلفاء میں سے تھے۔

کہتے ہیں کہ شارح ہدایہ شیخ اللہ داد اور دیگر نامور علماء جو شیخ حسن کے ہم درس اور ان کے ہم پیالہ و ہم نوالہ تھے، انھوں نے سید حامد راجی سے آپ کی بیعت پر حیرانی و تعجب کا اظہار کیا

کیونکہ سید صاحب علوم ظاہری سے پوری طرح بہرہ ورنہ تھے، شیخ حسن نے ان سے کہا کہ اہل علم کی ایک جماعت سید صاحب کی خدمت میں جا کر ان سے ہر قسم کے اشکالات کے بارے میں سوالات کرے، اگر صحیح جواب ملے تو عقیدت کے ساتھ ان سے بیعت ہو جائے ورنہ جیسے ان کی مرضی، چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا، ان میں سے بعض کے اشکال تو راستے ہی میں حل ہو گئے اور بعض لوگوں کے اعتراضات سید صاحب کے جمال پر انوار پر نگاہ پڑتے ہی کافور ہو گئے اور باقی حضرات کے مسائل آپ کی حکمت آمیز اور پر اسرار گفتگو سے حل ہو گئے۔

الغرض سب کے سب ان کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو گئے، کچھ عرصہ تک شیخ حسن وہیں طالبان معرفت کی تعلیم وارشاد کا منصب سنبھالے رہے اور اس کے بعد سلطان سکندر کی درخواست پر دہلی تشریف لائے، جو کہ سلاطین دہلی کے انتہائی انصاف پسند بادشاہوں میں سے تھے، یہاں آپ نے بجے منڈل کے محل میں رہائش اختیار کی اور یہیں پر رحلت فرمائی، آپ کا مزار مبارک بھی اسی جگہ ہے، کہا جاتا ہے کہ سلطان سکندر کے صاحبزادے فتح خاں شیخ کے معتقد تھے، اس کے دل میں اچانک بغاوت کا خیال پیدا ہوا، اور امرائے مملکت اس سلسلے میں اس سے متفق ہو گئے، جب اس نے شیخ سے مشورہ کیا تو انہوں نے اسے اس کام سے منع فرمایا اور امن کی بشارت دی، چنانچہ یہ بات سلطان سکندر کی آپ سے عقیدت کا سبب بنی، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب شیخ دہلی پہنچے تو بادشاہ کو خواب میں ان کے بعض کمالات کا علم ہوا، اس طرح اس کا اعتقاد اور بڑھ گیا، آپ نے ۹۰۹ھ میں وجد کی حالت میں رحلت فرمائی، اس وقت آپ کی مجلس میں یہ رباعی پڑھی جارہی تھی۔اے ساقی ازاں مے کہ دل و دین است الخ آپ کی کتاب ''مفتاح الغیب''، علمِ سلوک میں آپ کی یادگار ہے، آپ کے چار فرزند ہوئے جن میں سے دو کی نسل چلی: (۱) شیخ محمد خیالی (۲) شیخ عبدالعزیز

## شیخ محمد خیالی اور حکم نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

شیخ محمد خیالی، پاکیزہ مشرب، صاحب ریاضت اور صحیح الحال بزرگ تھے، اپنے والد گرامی سے بیعت تھے، لیکن بعد میں سلسلۂ قادریہ کی نسبت آپ پر غالب ہوگئی، آپ نے حرم مدینہ منورہ میں سالہا سال عبادات وریاضات اور مجاہدے کئے، حاجی عبدالوہاب بخاری جب دوسری بار زیارت حرمین کے لئے تشریف لے گئے تو شیخ محمد خیالی کو یہ خوشخبری سنائی:

مجھے خاتم النبیین علیہ افضل الصلوۃ واکمل التحیات نے خواب میں ارشاد فرمایا ہے کہ اس ہندی شیخ زادے نے یہاں کافی وقت دشواری اور مشقت سے گزارا ہے، اب انہیں ہندوستان واپس لے جاؤ، انہوں نے کہا: جب تک مجھے بذات خود اس بات کا حکم نہیں ہوگا میں یہاں سے ہرگز نہیں ہلوں گا، آخر انہیں بھی حکم دے دیا گیا چنانچہ حاجی عبدالوہاب انہیں ہندوستان لے آئے، جہاں بجے منڈل میں وہ اپنے والد بزرگوار کے پہلو میں آسودۂ خاک ہوئے۔

آپ کے خلفاء بے شمار ہیں، جو سب کے سب مرتبۂ کمال کو پہنچے، ان میں سے شیخ امان اللہ پانی پتی اور شیخ عبدالرزاق جھنجانی اس علاقہ کے مشہور بزرگ ہیں۔

## شیخ عبدالعزیز کے حالات

آپ دو یا تین برس کے تھے کہ والد بزرگوار کا سایہ سر سے اٹھ گیا، وہ اپنا باطنی فیض اپنے بیٹے شیخ عبدالعزیز کے لئے (جو ابھی صغیر سن تھے)، بطور امانت شیخ قاضی خاں ظفرآبادی کے حوالے کر گئے جو کہ شیخ حسن کے خلیفہ اور استقامت وکرامت، زہد وتجرید اور ریاضت وتاثیرِ صحبت کے حامل بزرگ تھے، جب شیخ عبدالعزیز نے شعور سنبھالا تو جناب سید محمد بخاری ابن حاجی عبدالوہاب سے فصوص الحکم (ابن عربی ۵۶۰-۶۳۸، 1165-1240م) کی تعلیم حاصل کر کے سلسلۂ سہروردیہ کا خرقۂ خلافت زیب تن کیا۔

حاجی عبدالوہاب مذکور نے سید راجو قتال سے خرقۂ خلافت حاصل کیا تھا جو کہ مخدوم جہانیاں رحمہ اللہ کے چھوٹے بھائی اور عمر رسیدہ بزرگ تھے، انہوں نے اپنے برادر مخدوم جہانیاں اور شیخ رکن الدین ابوالفتح سے بھی خرقۂ خلافت حاصل کیا، ان کا سلسلہ معروف ہے۔

حاجی عبدالوہاب شیخ عبداللہ قریشی کی صحبت میں بھی مدتوں رہے، اس کے بعد شیخ قاضی خاں نے اپنے فرزند شیخ عبداللہ کو شیخ عبدالعزیز کے پاس بھیجا تاکہ وہ انہیں امانت یاد دلائیں جو شیخ کے والدان کے سپرد کر گئے تھے اور یہ بھی کہلا بھیجا کہ میں خود آتا مگر مجبوری یہ ہے کہ اس سلسلے میں طلب شرط ہے۔

شیخ عبدالعزیز یہ خبر سنتے ہی ظفرآباد روانہ ہو گئے، جب وہاں پہنچے تو کچھ کپڑے، نقدی اور گھوڑے وغیرہ ساتھ تھے، سب کے سب راہ خدا میں دیدیئے اور تجرید کے عالم میں مسلسل تین سال تک ریاضات کے دور سے گزر کر ارشاد و تکمیل کے مرتبہ پر فائز ہوئے۔

پھر شیخ قاضی خاں کی اجازت سے واپس دہلی آئے اور قواعد ارشاد کی بنا ڈالی، اس دوران فرصت کے لمحات میں سید ابراہیم ایرچی سے علومِ تصوف کا استفادہ کر کے خرقۂ قادریہ بھی حاصل کیا، سید ابراہیم ایرچی تمام فنون علم میں درجہ کمال رکھتے تھے اور کئی خانوادوں کی برکات کے جامع تھے، مگر نسبت قادریہ ان پر غالب تھی، اور سلسلۂ قادریہ میں انہیں شیخ بہاء الدین قادری سے خلافت حاصل تھی۔

الغرض شیخ عبدالعزیز کی زندگی مجاہدے اور ریاضت سے عبارت تھی، انہوں نے جن چیزوں کو بچپن سے خود پر لازم ٹھرایا انہیں آخری سانس تک قضاء نہ کیا، اسلاف کے طور طریقوں کی اتباع میں کبھی کسر نہ چھوڑی۔ آپ آداب مشائخ کی حفاظت اور حاجت مندوں کی اعانت کے سلسلے میں بہتکوشش فرماتے تھے، تواضع، انکساری، خوش اخلاقی، علم، بردباری، صبر، رضا وتسلیم، الغرض تمام اخلاق محمودہ میں مشائخ چشتیہ کا مثالی پیکر تھے۔

آپ نے ۶ جمادی الثانی ۹۷۵ھ میں انتقال فرمایا اس وقت زبان پر یہ آیت کریمہ تھی:

فَسُبْحَانَ الَّذِي بِيَدِهِ مَلَكُوتُ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ [يس: 83]

فقیر نے شیخ یحیی جنیدی کے مجموعے میں شیخ عبدالعزیز کے قلم سے سلسلۂ قادریہ لکھا ہوا دیکھا جسے تبرکاً من وعن نقل کیا جاتا ہے:

## شجرہ سلسلۂ قادریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سب تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں جس نے ہمیں راہ ہدایت دکھائی اور حق کی اتباع پر مامور فرمایا اور درود وسلام ہوں اس کے نبی علیہ السلام اور ان کی صاحب ولایت وارشاد آل پر اور درود وسلام ہوں ان کے مکرم اور صاحب مجد وکمال اصحاب پر۔

یہ بندۂ ناچیز خاکپائے خدام اہل بیت نبوی علیہ السلام عبدالعزیز بن حسن (اللہ اس کے عیوب کی ستر پوشی کرے اور اس کی آخرت کو دنیا سے بہتر بنائے) عرض کرتا ہوں کہ برادر محترم ومکرم، عالم باعمل، فخر فضلاء کاملین، مایۂ اولیاء اور نمونۂ اصفیاء شیخ یحیٰ بن شیخ معین الدین خالدی حفظہ اللہ اور ان کے خلوصِ محبت اور کمالِ معرفت کی بنا پر جب ہم نے ان کے یہاں حاضری وصحبت پائی اور جب ہمارے ساتھ ان کا تعلق اور جذبۂ محبت پوری طرح قائم ہوگیا تو ہم نے ان کے ساتھ اخوت دینی کا رشتہ جوڑ لیا، میں نے انہیں خرقۂ مشائخ پہنایا۔

یہ خرقۂ خلافت میں نے بطور ارشاد ووکالت، نیابت اور اجازت اپنے شیخ مرشدی مخدومی وسیدی سید السادات سرچشمۂ برکات سید ابراہیم بن معین بن عبدالقادر ابن مرتضی احسن القادری سلمہ اللہ تعالیٰ سے، اور انہوں نے اپنے شیخ ومرشد ابوالبرکات بہائل ملت، والد ابراہیم الانصاری القادری سے اور انصاری نے اپنے شیخ سید قطب العصر ابوالعباس احمد بن حسن الجیلی المغربی الشافعی سے اور انہوں نے اپنے والد بزرگوار سید حسن سے، انہوں نے اپنے والد گرامی سید

موسی سے ،انہوں نے اپنے والد بزرگوار سید علی سے،انہوں نے اپنے والد ماجد سید محمد سے، انہوں نے اپنے والد سید حسن سے اور انہوں نے اپنے والد سید محمد صلو احمد سے،انہوں نے اپنے والد سید محی الدین ابونصر سے،انہوں نے اپنے والد سید ابوصالح سے،انہوں نے اپنے وا لد عبدالرزاق سے،انہوں نے اپنے والد گرامی قطب ربانی غوث صمدانی محی الملۃ والدین ابو محمد عبدالقادر الحسنی والحسینی الجیلانی سے،انہوں نے شیخ ابوسعید علی المخز می سے،انہوں نے شیخ الاسلام ابوالحسن علی بن محمد بن یوسف القرشی الھنکاری سے،انہوں نے شیخ ابوالفراح یوسف الطرطوسی سے،انہوں نے شیخ عبدالواحد بن عبدالعزیز الیمنی سے،انہوں نے شیخ سید الطائفہ جنید بغدادی رحمہ اللہ سے،انہوں نے شیخ سری سقطی سے،انہوں نے شیخ معروف کرخی سے ،انہوں نے ابوسلیمان داؤدابن نصر الطائن سے،انہوں نے امام علی بن موسی رضا سے اور انہوں نے اپنے والد امام موسی کاظم سے،انہوں نے اپنے والد امام جعفر صادق سے،انہوں نے اپنے والد امام محمد باقر سے،انہوں نے اپنے والد امام زین العابدین سے،انہوں نے اپنے والد امام حسین رضی اللہ عنہ سے،انہوں نے اپنے والد امام علی بن ابی طالب (رضی اللہ عنہ اجمعین ) سے،اور انہوں نے سید المرسلین خاتم النبیین حبیب رب العلمین محمد بن عبداللہ ﷺ سے حاصل کیا اور حضور علیہ السلام نے فرمایا:

ادبنی ربی فاحسن تادیبی*

میرے رب نے مجھے سکھایا (یعنی اپنی معرفت کی تعلیم ) اور کیا ہی خوب سکھایا۔

## قطب العالم کا انکار

حضرت شیخ عبدالعزیز کے فرزندوں میں شیخ قطب العالم اپنے فضل وکمال،علم ودانش اور جود و سخا کی بنا پر سب سے ممتاز تھے،کہتے ہیں کہ ابتداء میں آپ طریقۂ وجد وسماع اور صوفیاء کے تمام احوال واطوار کے معترض اور منکر تھے،ایک روز شیخ عبدالعزیز قدس سرہ نے اپنی ایک

مجلس میں ان پر توجہ کی ، بے خود ہو گئے ، حاضرین نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اب وہ ضرور صوفیاء کے معتقد ہو جائیں گے اور اعتراض و انکار سے باز آجائیں گے۔

شیخ نے فرمایا کہ ابھی اس کا انکار مضبوط ہے اور طلب کا وقت نہیں آیا، جب شیخ قطب العالم ہوش میں آئے تو حاضرین نے بے ہوشی کی کیفیت کے بارے میں پوچھا تو فرمانے لگے ،ایک خواب جیسا سماں تھا اس کا کیا اعتبار؟

جب شیخ عبدالعزیز واصل بحق ہوئے ،تو شیخ نجم الحق جو ان کے سب سے بڑے خلیفہ تھے، اپنے شیخ کے مزار مبارک کی زیارت اور پسماندگان شیخ سے تعزیت کے لئے آئے ، جب زیارت سے فارغ ہوئے اور ارادہ کیا کہ اس جگہ سے باہر نکلیں تو دیکھا کہ شیخ قطب العالم درس دے رہے ہیں، ان کی جانب نظر التفات سے دیکھ کر تصرف کیا، اور پالکی پر سوار ہو گئے۔

ابھی ان کی پالکی تھوڑی دور نہیں چلی تھی کہ شیخ قطب العالم پر بے قراری و اضطراب کی کیفیت طاری ہو گئی ، یہ کیفیت لمحہ بہ لمحہ بڑھنے لگی ، یہاں تک کہ گرتے پڑتے پیادہ پا شیخ نجم الحق کی طرف چل پڑے، اور ان سے بیعت ہو گئے۔

خواجہ محمد باقی قدس سرہ کے طریقہ نقشبندیہ کی تبلیغ میں مشغولیت کے بعد شیخ قطب العالم اکثر ان کی خدمت میں پہنچتے اور فیض صحبت حاصل کرتے ، جو کہ طریقہ نقشبندیہ کی بہترین روایت ہے، اگر چہ ابتداء میں خواجہ محمد باقی نے شیخ قطب العالم کے سامنے شاگردی اختیار کی تھی اور ان کی خانقاہ میں ایک عرصہ تک مجاور بن کر رہے تھے۔

والد گرامی فرمایا کرتے تھے : کہ جن دنوں خواجہ محمد باقی ان کی خانقاہ میں مقیم تھے، تو شیخ قطب العالم پر نصف شب کے وقت یہ آشکار ہوا ، کہ خواجہ محمد باقی کی تعلیم و تلقین کی تکمیل بخارا میں ہو گی ، اسی وقت باہر تشریف لائے اور خواجہ محمد باقی سے فرمایا کہ آپ کو مشائخ بخارا بلاتے ہیں، آپ کو اسی وقت روانہ ہو جانا چاہئے ، اس وقت خرقہ موجود نہ تھا، صرف تہ بند تھا، وہی عنایت کیا

جسے خواجہ محمد باقی نے دستار کے طور پر سر پر باندھ لیا اور فوراً بخارا کو روانہ ہو گئے، وہاں آپ حضرت خواجہ امکنگی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے فیوض برکات کی نعمت حاصل کی۔
شیخ قطب العالم کے فرزندوں میں سب سے بڑے اور صاحب فضل شیخ رفیع الدین محمد تھے۔

## شیخ رفیع الدین محمد کا مختصر تذکرہ

آپ جامع علوم ظاہری و باطنی اور کتب تصوف کے ماہر تھے، اور صوفیاء کے اسرار و اشارات کو بیان کرنے پر کامل دسترس رکھتے تھے، پہلے اپنے والد سے طریقۂ چشتیہ قادریہ میں بیعت کی، شیخ نجم الحق کی صحبت سے بھی فیض حاصل کرتے رہے، اسکے بعد اپنے والد کی ترغیب پر خواجہ محمد باقی کی صحبت اختیار کی اور انہیں کی نسبت آپ پر غالب آ گئی۔
حضرت والد ماجد فرماتے تھے: خواجہ محمد باقی شیخ رفیع محمد پر بے حد مہربان تھے، جو کچھ عرض کرتے خواجہ ضرور مان لیتے تھے، اس لئے خواجہ کے احباب حضرت شیخ رفیع محمد کو خواجہ کا معشوق کہتے تھے، جب شیخ رفیع الدین کی زوجہ انتقال کر گئی تو انہوں نے شیخ محمد عارف بن شیخ اعظم پوری کی دختر سے نکاح کا ارادہ کیا، اور حضرت خواجہ سے نکاح کی مجلس میں تشریف لانے کی درخواست کی، حضرت نے ضعف کا عذر کیا، شیخ نے کہا: اگر حضرت خواجہ اس مجلس میں نہ آئیں گے تو میں بھی نہیں جاؤں گا، حضرت خواجہ کو مجبوراً جانا پڑا، وہاں کے صوفیاء نے سنا تو اطراف و جوانب کے صوفیا اس مجلس میں حاضر ہوئے اور ایسی محفل برپا ہوئی کہ ویسی کبھی سنی نہ گئی۔
کاتب الحروف کہتا ہے کہ حضرت والد بزرگوار کی والدہ اسی خاتون کے بطن سے پیدا ہوئیں۔

## خواجہ محمد باقی کی گرہ

مزید آپ نے فرمایا کہ حضرت شیخ احمد سرہندیؒ سے حضرت خواجہ محمد باقی رحمہ اللہ کی شان میں ایک ناگوار بات سرزد ہو گئی، کہنے والے نے وہ بات جوں کی توں حضرت خواجہ کی خدمت

میں بیان کرڈالی، جسے سنتے ہی ان کے ماتھے پر بل پڑ گئے اور غصہ کے عالم میں قریب پڑی ہوئی ڈورا اٹھائی اور قوت کے ساتھ اس میں گرہ لگادی، شیخ رفیع الدین جو حضرت خواجہ کے مزاج شناس تھے، انہوں نے اس ڈور کو احتیاط کے ساتھ اٹھا کر رکھ لیا۔

چند روز بعد شیخ احمد سرہندیؒ قبض (رکاوٹ، طاعات کی لذت ختم ہوجانا) میں مبتلا ہو گئے، سبب تلاش کیا تو حقیقت معلوم ہوگئی، فوراً دہلی حاضر ہوئے، اور حضرت کے احباب سے سفارش کی درخواست کی، ان میں سے کوئی بھی اس پر راضی نہ ہوا اور کہا کہ ہم خواجہ کی مرضی کے بغیر کسی سفارش کی جرأت نہیں کر سکتے، البتہ خواجہ کے محبوب جو چاہیں کر سکتے ہیں۔

یہ سن کر شیخ احمد نے شیخ رفیع الدین کی طرف رجوع کیا، شیخ رفیع الدین نے اس بات کو بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ خلوت میں حضرت خواجہ کی خدمت میں پیش کیا اور کافی لیت ولعل کے بعد ان کی نفرت وغضب کو دور کرنے میں کامیاب ہو گئے تو حضرت خواجہ نے فرمایا: کیا کروں؟ وہ دھاگا ہی گم ہوگیا ہے، شیخ رفیع الدین نے فوراً وہ دھاگا پیش خدمت کر دیا، حضرت خواجہ نے اس کی گرہ کھولی تو اسی وقت شیخ احمد کا قبض دور، اور مقصود حاصل ہوگیا۔

## بیوی کے لئے وجد

والد ماجد فرماتے تھے کہ شیخ فرید بخاری جو اپنے وقت کے بڑے امراء ہونے کے باوجود جامع شرافت اور صوفیاء کے معتقد تھے، انہوں نے ایک عمارت بنوائی، یہ عمارت ان کی مشہور سرائے تھی یا کوئی اور اللہ بہتر جانتا ہے، اس عمارت کی تعمیر کے بعد انہوں نے ایک ضیافت کا اہتمام کیا اور شہر کے مشائخ کو دعوت دی، شیخ رفیع الدین موجود تھے، جب نغمۂ سرود چھڑا تو اہل مجلس میں سے ایک شخص کا حال متغیر ہوا مستی کے عالم میں نعرے لگانے لگا، اور رقص بھی کر رہا تھا اور اس کے چہرے سے حسن انداز بھی ظاہر تھا، تمام حاضرین مجلس آداب سماع کا لحاظ کرتے ہوئے اس کی تواضع کے لئے اٹھے، مگر شیخ رفیع الدین اپنی جگہ بیٹھے رہے، بعض لوگوں نے شیخ

کے نہ اٹھنے پر اعتراض کی زبان کھولی اور باہم چہ میگوئیاں کرنے لگے کہ شیخ نے آداب طریقت کی خلاف ورزی کی، شیخ فرید بخاری نے جب یہ صورت حال دیکھی تو وجد کرنے والے کے سکون کے بعد شیخ رفیع الدین سے پوچھا کہ آپ صاحب وجد کی تعظیم کے لئے کیوں نہیں اٹھے؟ شیخ رفیع الدین نے فرمایا کہ آپ وجد کرنے والے شخص سے اسکے وجد ورقص کا سبب دریافت کر لیجئے میرے نہ اٹھنے کی حکمت آپ کو خود بخود سمجھ میں آ جائیگی۔

شیخ فرید نے اس شخص کو قریب بلا کر وجد اور نعروں کا سبب دریافت کیا۔

اس نے کہا: میں اور تو کچھ نہیں جانتا البتہ دو تین روز ہوئے ہیں کہ میری بیوی انتقال کر گئی ہے، اس کی جدائی کا غم وحزن میرے دل میں تھا، جب یہ غمگین نغمے شروع ہوئے، تو وہ غم واندوہ بے اختیار وجد ورقص کی صورت میں ظاہر ہو گیا، اس پر شیخ رفیع الدین نے فرمایا کہ اب بتاؤ کہ ایسے شخص کی تعظیم کے لئے اٹھنا، جو اپنی بیوی کے غم میں نعرے لگا رہا ہو، مشائخ نے کہاں فرمایا ہے؟

یہ سن کر معترض حضرات بہت نادم ہوئے اور اس بحث سے توبہ کی۔

## پچا ٹھگ

حضرت والد گرامی فرمایا کرتے تھے کہ اس دور کے امراء میں سے خان عالم شیخ رفیع الدین کے معتقد تھے، ایک دفعہ ان کے گھر سے متصل باغ میں ایک درویش وضع شیخ وارد ہوا، یہ فقیر بظاہر دنیا اور اہل دنیا سے بالکل بے خبر نظر آتا تھا، بات بات میں اس کی زبان سے قال اللہ اور قال الرسول نکلتا تھا، خان عالم چند ہی دنوں میں اس کا معتقد ہو گیا، اتفاق سے ایک دن شیخ محمد رفیع الدین کا گزر اس باغ سے ہوا، آپ نے اس فقیر کو دیکھا اور خان عالم سے فرمایا یہ تو کالا ناگ ہے، اس سے بچ کے رہو، خان عالم نے خیال کیا کہ شیخ نے یہ بات شاید حسد میں کہی ہے، چنانچہ اس نے شیخ کی یہ بات سنی ان سنی کر دی۔

کچھ عرصہ بعد بادشاہ نے خان عالم کو ایران کی سفارت پر مقرر کیا، چونکہ اس سفر کے لئے خان عالم کو رقم کی ضرورت تھی، اور رقم تھی نہیں، لہٰذا خان عالم پریشان تھے، اس فقیر کو پتہ چلا اس نے خان عالم سے پریشانی کی وجہ پوچھی، وجہ بتائی گئی تو اس نے تسلی دیتے ہوئے کہا کہ اس کا علاج میرے پاس موجود ہے، میں اکسیر بنانا جانتا ہوں، اس پر اتنی رقم خرچ ہوگی۔

خان عالم اس دھوکے میں آ گئے اور ایک لاکھ روپیہ سے بھی زیادہ کی خطیر رقم اس کے سامنے ڈال دی، تاکہ وہ اس سے اکسیر کے لئے ضروری سامان منگوا لے، اس کے بعد فقیر نے عجیب عجیب حیلے شروع کر دیئے اور تمام روپیہ برباد کر کے ایک دن خود بھی روپوش ہو گیا، بہت جستجو کی گئی لیکن اس کا کچھ پتہ نہ چل سکا، خان عالم بھی اپنی اس حرکت پر نادم ہو کر چپ ہو رہے، اس سفر سے واپسی کے بعد حافظ محمد حسن نے جو کہ خان عالم کا متبنیٰ تھا ایک برہمن کو دیکھا، جس نے ڈاڑھی، مونچھ منڈائی ہوئی تھی، اور سنسکرت زبان میں گفتگو کیا کرتا تھا، اس نے پہچان لیا کہ یہ وہی ٹھگ ہے حافظ محمد حسن نے اس پر سختی کی تو اس نے دھوکہ کا اقرار کر لیا، اس سے کچھ مال بر آمد ہوا اور باقی ہاتھ نہ آیا۔

حضرت والد گرامی فرمایا کرتے تھے کہ خان عالم نے خواب میں ایک بزرگ (شیخ رفیع الدین) کی خدمت میں حاضری دی اور ان سے بیعت کی، خان عالم مصوری بھی جانتے تھے، لہٰذا ان بزرگ کی تصویر بنا کر حضرت خواجہ محمد باقی کی خدمت میں بھیجی اور تعبیر بھی پوچھی، حضرت خواجہ نے کہلا بھیجا کہ میں اس بزرگ کو اچھی طرح جانتا ہوں، اس سے آپ کا بیعت کر لینا مناسب ہے شیخ رفیع الدین کی بیعت اور روحانی تعلق کا سبب ظاہری طور پر یہی واقعہ بنا۔

## اندھا جاسوس

سننے میں آیا ہے کہ ایک مرتبہ راہزنوں کے گروہ نے شیخ رفیع الدین کے گھر کو لوٹنا چاہا، یہ ارادہ کر کے وہ کچھ فاصلے پر کھڑے ہو گئے، اور اپنے میں سے ایک کو آگے بھیجا تاکہ آنے جانے کا

راستہ اور اہل خانہ کی حالت دیکھ لے، جب یہ جاسوس شیخ کے گھر میں داخل ہوا تو اندھا ہو گیا اور ادھر ادھر ہاتھ پاؤں مارنے لگا، جسکی وجہ سے اہل خانہ بیدار ہو گئے اور انہوں نے چراغ کی روشنی میں ساری حقیقت حال معلوم کر لی، حضرت شیخ نے مہربانی کی اور چور کو فرمایا کہ چلے جاؤ، چور بولا، کیسے چلوں، بینائی تو ہے نہیں اور نہ ہی چلنے کی طاقت ہے؟ شیخ اس کے پاس آئے اور اپنا عصا اسکے گھٹنوں اور آنکھوں پر لگایا، یہاں تک کہ ان کے عصا کی برکت سے وہ اس مصیبت سے نجات پا کر اپنے گروہ سے آملا اور کہنے لگا: یہاں تو معاملہ ہی اور ہے، تمام ڈاکو پشیمان ہو کر واپس ہو کر چلے گئے، اسکے بعد انہوں نے کبھی شیخ کے دولت کدے کا رخ نہ کیا، حالانکہ شیخ کا مکان شہر کی آبادی سے الگ تھا اور اس کی عمارت بھی پختہ نہ تھی، پھر آپ کی دولتمندی اور امارت کے قصے بھی مشہور تھے اور پہرے کا بھی کوئی انتظام نہ تھا۔

## قدوۃ العارفین حضرت شیخ محمد قدس سرہ العزیز کے حالات وکرامات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے اپنے اولیاء کومختلف نشانیوں کے ذریعہ عزت بخشی اور اپنے بندوں میں سے مقربین کو فضائل کے ذریعہ منتخب فرمادیا۔

وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ وصحبہ اجمعین۔

فقیر ولی اللہ بن شیخ عبدالرحیم العمری الدہلوی عرض کرتا ہے کہ یہ چند کلمات جو کہ ''العطیۃ الصمدیہ فی انفاس الحمدیہ'' کے نام سے موسوم ہیں، میرے جد مادری (نانا) قدوۃ العارفین عمدۃ الصالحین حضرت شیخ محمد پھلتی قدس اللہ تعالی سرہ العزیز کے احوال ومناقب اوران کی کرامات پر مشتمل ہیں۔

واضح ہو کہ حضرت شیخ محمد کے اجداد پہلے پورب کے ایک شہر سدہور میں ہوئے اور وہ نسلا بعد نسل مسند تدریس کو زینت بخشتے رہے، یہاں تک کہ شیخ احمد بن شیخ یوسف سلطان سکندر کی صحبت میں پہنچے اور وہاں ایک خاص مقام پیدا کیا، سلطان سکندر نے انہیں معاش کے لئے بارہہ کے علاقہ میں چند مواضعات پیش کئے، اسی بنا پر قصبہ پھلت کو ان کی مستقل قیام گاہ بننے کا شرف حاصل ہوا، کچھ مدت کے بعد ان کی آل اولاد نے بھی وہاں سکونت اختیار کر لی، شیخ احمد مذکور کے برادر شیخ محمود کے فرزندوں میں سے شیخ فرید اور شیخ محمد وہیں رہ گئے مجموعی طور پر شیخ فرید اپنے آباؤ اجداد کے طریقہ پر کاربند اور ظاہری وباطنی علوم سے بہرہ ور تھے۔

ان کے تین فرزند ہوئے، شیخ فیروز شیخ ابوالفتح اور شیخ عبدالرحمن، ان تینوں میں سے شیخ ابوالفتح نے عین جوانی کے عالم میں تحصیل علوم کی طرف توجہ کی، انہیں علم سے وافر حصہ ملا، اس کے بعد علوم باطن کی طرف اپنی بلند ہمت کو متوجہ کیا اور کافی عرصہ تک اس دور کے صوفیاء کی صحبت میں رہے، ایک ثقہ روایت کے مطابق آپ نے شیخ عبدالعزیز کی خدمت میں پہنچ کر ان سے بھی

فیض حاصل کیا، اس کے بعد شیخ نظام نارنولی کی صحبت اختیار کی، جو کہ مشاہیر مشائخ چشت اور خواجہ خانوی گوالیری کے خلفاء میں سے تھے، یہ صحبت ان کو بہت راس آئی، برسوں ریاضتیں کیں اور بے حد فیوض سے اپنی تشنہ روح کو سیراب کیا۔

جب آپ نے سلوک وارشاد کی تکمیل کر لی تو اپنے وطن واپس ہوئے، سننے میں آیا ہے کہ شیخ نظام خود علوم ظاہری زیادہ نہیں جانتے تھے، ان کے گھر میں ان علوم کا فیض شیخ ابوالفتح ہی کے ذریعہ پہنچا، حضرت شیخ نے اپنے مرشد کی اولاد کی تربیت کا بیڑا اٹھایا اور تھوڑے ہی عرصے میں انہیں پڑھا لکھا کر دانش منداور نامور بنا دیا۔

مزید یہ سنا گیا ہے کہ ایک صاحب دل بزرگ نے جب شیخ ابوالفتح کو حضرت نظام کی بارگاہ میں دیکھا تو سخت تعجب کے انداز میں کہا: آفتاب ستارے کی پناہ لئے ہوئے ہے!

یہ بھی سنا گیا ہے کہ حضرت شیخ عبدالعزیز کے خلفاء میں سے شیخ ہیبت اللہ انصاری جو کہ پھلت کے باشندے تھے، انھوں نے سفر آخرت سے پہلے یہ وصیت کی کہ ان کا جنازہ شیخ ابوالفتح پڑھائیں، جبکہ اس وقت شیخ ابوالفتح نارنول میں تھے، لوگ وضو کر رہے تھے، کہ اتنے میں شیخ نہایت تیزی سے پہنچ گئے اور نماز جنازہ کے امام بنے، نارنول میں ان کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا اور وہ فوری طور پر وطن روانہ ہوئے، گویا ان کے وطن پہنچنے کا سبب یہ وصیت ہی تھی۔

ایک روایت یہ بھی ہے کہ دونوں شیوخ (شیخ ہیبت اللہ شیخ ابوالفتح) نے آپس میں یہ عہد کر رکھا تھا کہ ان میں سے جو بھی پہلے رحلت کرے گا دوسرا اس کی نماز جنازہ پڑھائے گا، جب شیخ ہیبت اللہ مرض الموت میں مبتلا تھے اور شیخ ابوالفتح نے نارنول کا عزم کیا تو جاتے وقت شیخ ہیبت اللہ نے انہیں وعدہ یاد دلایا، شیخ ابوالفتح نے کہا کہ اگر ایسی صورت ہوئی تو وہ وعدہ ضرور پورا ہوگا اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے پھلت پہنچنے کا سبب دراصل یہی وعدہ تھا، یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ شیخ ابوالفتح کا رشتہ خواجہ طیفور کی عفت مآب صاحبزادی کے ساتھ ہونا قرار پایا

مجلس نکاح میں جب گانے کی آواز بلند ہوئی تو شیخ ابوالفتح کی حالت متغیر ہوگئی، اور وجد ورقص کی حالت میں اٹھ کھڑے ہوئے۔

چونکہ خواجہ طیفور سماع کو ناپسند کرتے تھے، اس لئے اس واقعہ کو خواجہ طیفور تک پہنچایا گیا، خواجہ صاحب آئے اور خود آنکھوں سے دیکھا تو کہنے لگے کہ اس عزیز کو حقیقی وجد ہوا ہے، جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔

ایک روایت یہ بھی سنی گئی ہے کہ جب شیخ ابوالفتح کے انتقال کا وقت قریب آیا تو اپنے بھتیجہ شیخ ابو الحسن کو بلوایا اور اشارے سے فرمایا کہ قرآن مجید کی کوئی سورت پڑھو جب وہ تلاوت سے فارغ ہوئے، تو شیخ ابوالفتح نے فاتحہ کے لئے ہاتھ اٹھائے اور سبحان ربک رب العزت عما یصفون پڑھتے ہوئے اپنے ہاتھ چہرے پر پھیرے، اور آپ کا طائر روح قفس عنصری سے پرواز کر گیا، اوراد و وظائف پر مشتمل ایک نہایت لطیف رسالہ آپ کی یادگار ہے۔

الغرض جب شیخ ابوالفتح وصال فرما گئے تو ان کے بڑے فرزند شیخ ابوالفضل ظاہری و باطنی فیوض عام کرنے کے لئے ان کے جانشین ہوئے، آپ نے طویل عمر پائی، جو سب کی سب رضائے الٰہی، ترک دنیا، تدریس علوم دینیہ اور کتب سلوک مثلاً احیاء اور عین العلم، کی تحقیق و توضیح اور ان کی اشاعت و عمل میں گزاری، آپ آداب طریقت میں نہایت خوش مسلک تھے فقیر شاہ ولی اللہ نے عین العلم کا نسخہ جس پر شیخ ابوالفضل نے اپنے قلم سے حواشی لکھے ہیں، دیکھا ہے، اس کتاب کے حواشی کی خوبی ان کی تحقیق اور باریک بینی پر دلیل ہے۔

سنا گیا ہے کہ ایک روز آپ نے اپنے عزیزوں میں سے ایک شخص کو کوئی چیز لانے کو کہا، اس شخص نے اس میں سے کچھ اپنے پاس رکھ لی اور باقی شیخ کی خدمت میں پہنچا دی، اسی دوران بطور نیاز آپ کی خدمت میں حلوہ آ گیا، شیخ اسے تقسیم کرنے لگے، جب اس شخص کی باری آئی تو اسے سب سے کم دیا اور فرمایا کہ یہ تمہاری خیانت کا بدلہ ہے جو تم نے ہمارے ساتھ کی۔

## روح کا فیصلہ

جب شیخ ابوالفضل کی زندگی کے دن پورے ہوگئے تو ان کے بڑے فرزند شیخ ابوالکرم جو کہ پہلے ملازم پیشہ تھے، سجادہ نشینی کے لئے کوشاں ہوگئے اور اس منصب کی ذمہ داری سنبھالنے کا ارادہ کیا، اعزہ واقارب میں سے ایک گروہ ان کی حمایت میں اٹھ کھڑا ہوا جب کہ شیخ مبارک نے یہ صورت حال دیکھی تو وہ متفکر ہوئے اور حضرت شیخ کی روحانیت کی طرف متوجہ ہوئے، تاکہ شیخ کی طرف سے سجادہ نشینی کے منصب کی وضاحت ہوجائے، شیخ ابوالفضل نے خواب میں اپنے خادم شیخ مبارک سے فرمایا کہ میرا سجادہ نشین وہی ہوگا جو کل فلاں درخت کے نیچے کھانا تقسیم کرے گا، شیخ مبارک نے یہ سارا واقعہ حاضرین کو بتادیا، صبح سویرے یہ عجیب اتفاق ہوا کہ تقسیمطعام کا کام اسی درحت کے نیچے شیخ محمد عاقل کے ہاتھ میں تھا، رفتہ رفتہ شیخ ابوالکرم کی جماعت میں اختلافات پیدا ہوگئے اور وہ اس مشکل وقت میں صبر کا مظاہرہ نہ کرسکے جو کہ فقراء کا خاصہ ہے، خلاصہ کلام یہ ہے کہ شیخ محمد عاقل طالبان علم وفقراء کی رعایت فرماتے تھے ،اور وظائف واوراد پر سختی سے کاربند رہنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے تھے۔آپ جودوسخا اور ترک دنیا میں بہت بلند مقام کے مالک تھے، آپ کے سب سے بڑے فرزند مخدوم شیخ محمد تھے۔

## شیخ محمدؒ کا علمی وروحانی سفر

بچپن ہی سے شیخ محمد کی جبین مبارک پر رشد وہدایت کے آثار تھے، اور اہل دل بزرگ ان کے ساتھتوجہسے پیش آیا کرتے تھے، چنانچہ شیخ آدم بنوری کے خلفاء میں سے تھے، اور اس علاقہ میں گوشہ نشینی اختیار کی ہوئی تھی، شیخ محمد عاقل کے ساتھ بہت قلبی لگاؤ رکھتے تھے، جب شیخ محمد پیدا ہوئے تو انہوں نے بشارت دی اور وضاحت کے ساتھ تمام خواص کو یہ خبر دی کہ یہ نومولود

بچہ بلند رتبہ کا مالک ہے، شیخ جلال نے اس بچہ کی ولادت پر ایک دینار بطور ہدیہ دیا اور دنیا سے رخصت ہوتے وقت یہ وصیت کی کہ ان کا نسخۂ قرآن مجید شیخ محمد کو دیا جائے۔

جب شیخ محمد سن شعور کو پہنچے تو تحصیل علم میں مشغول ہو گئے، آپ نے اپنی تعلیم کا کچھ حصہ نارنول میں اور کچھ مخدومی شیخ ابوالرضا محمد کی خدمت میں رہ کر حاصل کیا، اس کے بعد قدوۂ ارباب کمال سندی ووالدی شیخ عبدالرحیم قدس سرہ کی صحبت میں پہنچے جو انہیں بڑی موافق آئی، یہاں انہوں نے علوم کی تکمیل کی، اسی دوران پردۂ غیب سے انہیں راہ معرفت کی طرف آنے کی دعوت ملی جسے حضرت شیخ نے مردانہ وار قبول کیا، انہوں نے تمام سرچشموں سے استفادہ کیا، سالہا سال معرفت کی طلب میں کوشاں رہے، اور صوفیاء کے تمام اشغال حاصل کئے، یہاں تک کہ

کان اللہ بود در ماضیٰ  تا کان اللہ لہ آمد جزا

تو اللہ کے لئے گیا گذرا ہو جا کہ اس کے بدلے میں خدا تیرے لئے ہو جائے۔

کے مصداق مقامات تکمیل وارشاد سے دامن بھر کر آپ وطن کی طرف لوٹے، الغرض آپ کی سیرت یہ تھی کہ جود وسخا تواضع وانکساری ترک خواہشات نفس، مرشد کا احترام، ایام طلب و ارشاد میں شیخ کی رضا جوئی، ظاہری و باطنی فوائد اور تاثیر و توجہ میں اپنے تمام خاندان میں ممتاز تھے، اس سلسلے میں آپ کے بلند مقام کا یہ عالم تھا کہ ہم عصروں کو برابری کی کوئی گنجائش نہ تھی۔

## ظلمت

حضرت شیخ محمد فرمایا کرتے تھے کہ چونکہ ہمارے شیخ اکثر و بیشتر تجرد میں مستغرق رہتے تھے، لہٰذا ہمارے اسباق تھوڑے تھوڑے ہوا کرتے تھے یہ دیکھ کر میرے دل میں قلق پیدا ہوا، انہیں دنوں میرا گزر شہر کے ایک عالم کے درس سے ہوا تو وہاں درس کی پابندی دیکھ کر میں نے پختہ ارادہ کر لیا کہ کچھ ضروری کتابیں اس درس میں پڑھ لینی چاہئیں، جب میں واپس حضرت شیخ کی خدمت پہنچا تو انہوں نے مجھ پر ایک نگاہ ڈالی اور قلم اٹھا کر ایک کاغذ کے ٹکڑے پر دو

تین لفظ لکھے، اور اسے وہیں پھینک کر گھر تشریف لے گئے، میں نے وہ پرچہ اٹھا کر دیکھا، لکھا تھا ''آج تم کہاں گئے تھے کہ تمہارے اندر ایک ظلمت دیکھ رہا ہوں؟'' میں نے توبہ کی اور اپنے ارادہ سے باز آیا، پھر اس قسم کا کوئی خیال میرے ذہن میں نہ آیا۔

## خدمت کا صلہ

ایک روز حضرت مرشد (شیخ عبدالرحیم) نے اپنے ایک مرید کو کسی صاحب کے گھر بکری پہنچانے کا حکم دیا، وہ بکری کو نہ تو ہانک سکا نہ اٹھا پایا تو اس نے کسی مزدور کی تلاش شروع کی، مگر اسے کوئی مزدور ہاتھ نہ آیا، اس لئے اس کام میں تاخیر ہوگئی، شیخ محمد کو جب اس کی اطلاع ہوئی تو وہ فوراً بکری کو کاندھے پر اٹھا کر چل پڑے، جب شیخ محمد واپس آئے اور حضرت شیخ کو دونوں کے بارے میں علم ہوگیا تو آپ نے فرمایا شیخ محمد کو اس کی حسن خدمت نے مقربین کے درجہ پر پہنچایا، اور دوسرے کو اس کے قصور نے اس مرتبہ کے حصول سے باز رکھا۔

## خلافت واجازت

شیخ محمد نے فرمایا کہ ایک مرتبہ لگ بھگ آدھی رات کے وقت حضرت شیخ مسجد سے اٹھ کر گھر کی طرف چلے، جب اپنے دروازے پر پہنچے تو ایک لمحہ کے لئے مراقبہ کی صورت میں بیٹھ گئے، اور مجھ سے فرمانے لگے: اگر راہ سلوک کا کوئی طالب علم تمہاری طرف رجوع کرے تو جو کچھ تمہیں مجھ سے پہنچا ہے، اسے اسکی تلقین کرنا تمہیں اجازت ہے، میں ذرا توقف میں پڑ گیا اور میرا دل کہ جس میں کبھی اس طرح کا خیال نہیں آیا تھا، گھبرا گیا، حضرت شیخ میرے اس خدشے پر مطلع ہوکر فرمانے لگے اس وقت خدا تعالیٰ نے ان تمام لوگوں کے نام مجھے الہاماً بتادیئے ہیں، جو تم سے براہ راست یا بالواسطہ بیعت کریں گے، چاہو تو میں کچھ کے نام تمہیں بتادوں، اور جان لو کہ جب کوئی امر خدا تعالیٰ کے یہاں مقدر ہوجائے تو پھر وہ محل توقف نہیں ہوتا۔

## یوں بھی ہوتے ہیں شفا یاب

شیخ محمد نے فرمایا کہ ایک امیر کو پیشاب کی رکاوٹ کا عارضہ لاحق ہوگیا، بہت علاج ومعالجہ کیا، مگرافاقہ نہ ہوا، اسی دوران شیخ بایزید اللہ گو درویشوں کی اللہ اللہ کرنے والی ایک جماعت کے ساتھ وہاں سے گزرے، امیر کے متعلقین ان کے پیچھے دوڑے اورعرض کیا کہ ہمارے یہاں ایک بیمار ہے اس کے حال پر توجہ فرمائیں، شیخ بایزید اللہ گو اس کے گھر میں داخل ہوئے، بیمار کی پریشانی دیکھ کر شفقت فرمائی، اور خدا کی راہ میں کوئی چیز دینے کے لئے کہا۔

اس نے کہا جس قدر فرمائیں؟ آپ نے فرمایا فی الحال ایک ہزار کرو، شیخ دروازے کے باہر کھڑے ہوگئے اور اپنا پرایا جو بھی سامنے آیا وہ روپیہ ان میں تقسیم فرماتے گئے، یہاں تک کہ رقم ختم ہوگئی، تو پوچھا کہ اب مریض کا کیا حال ہے؟ انہوں نے کہا ابھی تو ویسے ہی ہیں، فرمایا ایک ہزار روپیہ مزید لاؤ، وہ لے آئے اور تقسیم کردیا، پوچھا کے اب کیسا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ اسی طرح ہے، یہ سن کر آپ نے دعاء کے لئے ہاتھ اٹھائے اور فرمایا: اے خدا اب مجھے مانگتے ہوئے شرم آتی ہے، اپنے فضل سے اس مریض کو شفا عطا فرمادے، اسی وقت مریض کے پیشاب کی رکاوٹ ختم ہوگئی، اور وہ شفاء یاب ہوگیا۔

## تجھے ڈھونڈا کہاں کہاں؟

فرمایا کرتے تھے کہ سترہ سال ہوئے ہیں خود کو نہیں پایا، اکثر یہ رباعی پڑھا کرتے تھے۔

اے دوست ترا بہ ہر مکاں می جستم — وز تو خبر ز ایں و آں می جستم

دیدم بتوں خویش راتوں خود من بودی — خجلت زدہ ام کز تو نشاں می جستم

اے محبوب ازل تجھے میں نے ہر جگہ تلاش کیا اور این وآں ہر چیز سے تیری خبریں پوچھیں۔ جب میں نے تیری تلاش میں خود پر نظر کی تو میں نہ تھا تو ہی تھا، اس لئے شرمندہ ہوں کہ میں تیرا نشان پانے کی تلاش میں سرگرداں تھا۔

## بشارت

حضرت شیخ محمد نے فرمایا کہ ایک روز مشاہدات میں حق سبحانہ وتعالیٰ ایک دوست کی صورت میں اس طرح جلوہ گر ہوئے کہ گویا ایک بچہ کو انگلی پکڑے ہوئے لا رہے ہیں اور مجھے فرمایا کہ یہ بچہ تیرے گھر پیدا کرتا ہوں، میں نے عرض کیا بارخدا! آپ کی مخلوق ہے، جہاں چاہے پیدا کریں، اس واقعہ کے تھوڑے عرصہ بعد مخدومی شاہ عبیداللہ سلمہ اللہ تعالیٰ پیدا ہوئے جو حضرت شیخ محمد کے سب سے بڑے فرزند تھے ۔

## زخم کی لذت

فرمایا کہ میرے اقارب میں سے محمد سخی نامی ایک شخص پورب کے کسی علاقے میں شہید ہو گیا تھا، ایک دن میں مسجد جٹو کے ایک حجرے میں تنہا دروازہ بند کئے بیٹھا تھا کہ اچانک وہ عزیز میرے سامنے ظاہر ہوا، اس کے لباس اور ہتھیاروں کی چمک زمین پر پڑ رہی تھی، میں نے کہا کچھ اپنے بارے میں تو بتاؤ؟ کہنے لگا جب میں زخم کھاتا تھا تو ایسی لذت محسوس ہوتی تھی کہ جس کی حلاوت اب بھی میرے دل میں باقی ہے، اس وقت بادشاہ کی فوج فلاں بت خانے کو توڑنے کی خاطر جارہی ہے، میں بھی ان کی رفاقت میں جا رہا ہوں، یہاں سے گزر ہوا تو آپ سے ملاقات کا شوق مجھے یہاں لے آیا۔

## شیخ محمدؒ کی روح

جب حضرت شیخ محمد اس دنیا سے رخصت ہوئے تو حضرت والد بزرگوار (شاہ عبدالرحیم) نے ان کے مزار پر بیٹھ کر حاضرین کو ذکر بالجہر کا حکم دیا، اس مجلس ذکر کے بعد آپ نے فرمایا کہ حضرت شیخ محمد کی روح نے میرے سامنے حاضر ہو کر کہا میں چاہتا تھا کہ اپنے جسم سمیت آپ کے پاس آؤں کیونکہ خدا نے مجھے یہ طاقت عطا کر رکھی ہے، مگر یہ بات مصلحت کے خلاف تھی۔

# حضرت شیخ محمدؒ کے بعض تصرفات وکرامات

## اک نگاہ کی بات

آپکے مرید خاص سید علی بیان کرتے ہیں کہ میں نو جوانی میں شراب پیتا تھا، اور کسی بھی برائی سے احتراز نہیں کرتا تھا، میں نے اپنے دل میں یہ عہد کر رکھا تھا کہ اگر کسی بزرگ کی زیارت سے میں ان برے کاموں سے باز آ گیا اور تقوی و پرہیز گاری میرے دل میں جم گئ تو میں اس کی صحبت اختیار کروں گا، اور اسی سے بیعت کروں گا، حضرت شیخ محمد کسی تقریب کے سلسلے میں قریہ سرائے تشریف لائے چونکہ میرے والدان کے معتقد تھے، اس لئے میں بھی ان کے ساتھ شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے میری طرف توجہ فرمائی اور فرمایا تم کہاں تھے؟ اور کہاں نوکر ہو؟ یہ دو تین لفظ انہوں نے میرے بارے میں ادا فرمائے ہی تھے، کہ میرے دل میں ایک عجیب قسم کی کشمکش پیدا ہو گئ، اور تمام برے امور سے ایسی نفرت پیدا ہوئی جو بڑھتی ہی چلی گئ، یہاں تک کہ میں اٹھا، شراب کی تمام بوتلیں توڑ ڈالیں، برے افعال کے تمام سامان ہٹا دیئے، غسل کر کے نئے کپڑے پہنے اور توبہ کر کے آپ سے بیعت ہو گیا، اور باقاعدگی سے آپکی صحبت میں رہنے لگا، کچھ عرصہ بعد مجھے کابل جانے کا اتفاق ہوا، تو میں نے حضرت شیخ کی خدمت میں عرض کی کہ میرا ارادہ تھا کہ اس وقت آپ کی صحبت کی سعادتوں سے بہرہ ور ہوتا مگر کیا کروں کہ قسمت کابل کی طرف کھینچے لیجاتی ہے، آپ نے یہ مشہور شعر پڑھا:

گر در یمنی چو بامنی پیش منی　　　　در پیش منی چو بے منی در یمنی

چاہے تم یمن میں بھی رہو لیکن مجھے ذہنی طور پر ساتھ رکھو، تو یہ ایسا ہے، جیسے میرے سامنے موجود ہو، اور اگر میرے ساتھ ہو لیکن میرے تصور سے خالی ہو، تو یہ ایسا ہے جیسے یمن میں ہو۔

اس کے بعد آپ نے مجھے اجازت عطا فرمائی اور میں کابل پہنچ گیا، وہاں ایک دن اتفاق سے مجھے ایک عورت کے ساتھ تنہائی میسر آ گئی اور بدکاری کی خواہش نے مجھ پر پوری طرح غلبہ

پالیا، قریب تھا کہ میری توبہ ٹوٹ جاتی، کہ اسی وقت حضرت شیخ محمد کی صورت مبارک میری آنکھوں کے سامنے آموجود ہوئی، آپ کی شکل مبارک دیکھتے ہی مجھ پر سوار شہوت کا بھوت ایک دم غائب ہوگیا، اس کے بعد میں نے کابل میں تین چار سال گزارے لیکن اس دوران عورتوں کا خیال تک میرے دل میں پیدا نہیں ہوا، اس سے مجھے یہ گمان ہوا کہ میں نامرد ہو گیا ہوں، مگر جب وطن واپس آیا اور بیوی کے ساتھ خلوت ہوئی تو معلوم ہوا کہ یہ عصمت تھی۔

## قلندر کا عتاب

عظمت اللہ نامی ایک طالب علم حضرت شیخ کی خانقاہ میں مقیم تھا، حسین شکل وصورت کا مالک تھا، جب وہ نغمہ کی لے چھیڑتا تو حضرت شیخ بہت خوش ہوتے تھے، ایک رات آپ حد درجہ مسرور تھے کہ عظمت اللہ کو گانے کے لئے فرمایا، اس نے بات سنی ان سنی کردی، آپ نے اسے دو تین بار طلب فرمایا مگر وہ نہ آیا، آپ ناراض ہوگئے، اور اس پر غصہ کی نگاہ ڈالی، تو اس کی حالت بدل گئی، چہرہ زرد پڑ گیا، جسم پر لرزہ طاری ہوگیا اور اسے اپنی ہلاکت کا خوف پیدا ہوا، چنانچہ اس نے آپ کے خادم خاص محمد جعفر سے شفارش کی التجا کی، جب اس نے حضرت شیخ کے حضور اس کی سفارش کی تو آپ کا غصہ تو کم ہوگیا، لیکن آپ نے فرمایا کہ اس کی جس خوش الحانی سے مجھے دلچسپی تھی، وہ واپس نہیں آئے گی، اسکے بعد وہ خوش آوازی سے محروم ہوگیا اور تمام لوگوں کی طبیعتیں اس سے اچاٹ ہوگئیں، بعد ازاں کئی طرح کی برائیوں اور بدعقیدگیوں کا مرتکب ہوگیا، اور کہیں امن وسکون نہ پاسکا۔ (العیاذ باللہ)

## دوسروں کا درد

ایک بار سید برہان بخاری قولنج کے درد میں مبتلا ہوگئے، اور شدید بے چینی محسوس کرنے لگے، آپ کی خدمت میں عرض کی گئی تو آپ ان کے گھر تشریف لے گئے اور ان کے سرہانے بیٹھ کر

اس کے مرض کو اس طرح سلب کر لیا کہ اسے فوراً شفائے کاملہ ہو گئی، البتہ کبھی کبھی قولنج کا یہ عارضہ حضرت شیخ کو ہو جاتا تھا۔

## میر عبداللہ

میر عبداللہ جو کہ آپ کے خاص دوستوں میں سے تھے بیان کرتے تھے کہ حضرت شیخ ایک دفعہ ایک جگہ تشریف لے گئے میں بھی آپ کے ہمراہ تھا، آپ نے جب واپس آنے کا عزم کیا تو مجھے تیز بخار ہوا، یہاں تک کہ ہلنے کی سکت باقی نہ رہی، میرے لئے سواری تلاش کی گئی لیکن نہ مل سکی، آخر فرمانے لگے کہ اگر ہو سکے تو میرے گھوڑے کے آگے آگے چل تجھے ایک عجیب واقعہ دکھائی دے گا، چنانچہ بہت دقت اور محنت کے ساتھ لوگوں نے مجھے کھڑا کیا اور حضرت شیخ کی نظر کے سامنے لے آئے، میں نے تکلیف کی شدت میں کچھ کمی محسوس کی اور آپ کے گھوڑے کے آگے چلنا شروع کیا، بخار کی شدت آہستہ آہستہ کم ہونے لگ گئی یہاں تک کہ میں پوری طرح صحت یاب ہو گیا، اور ساری مسافت پیدل طے کی۔

## کھانے میں برکت

ایک دفعہ کا قصہ ہے کہ قصبہ سنوتھ رہنے والے کے آپ کے ایک معتقد نے دعوت کا اہتمام کیا، اور صرف پندرہ آدمیوں کا کھانا تیار کرایا، ابھی دستر خوان لگا ہی تھا کہ شیخ یعقوب جو نلوہہ کا حاکم تھا ایک کثیر جماعت لئے ہوئے آپ کی زیارت کو آیا، میزبان کچھ گھبرا سا گیا، آپ نے فرمایا فکر کی بات نہیں ان لوگوں کی ذمہ داری ہمارے اوپر ہے، اسی وقت حکم دیا کہ بہت ساری پلیٹیں لائی جائیں، سب کو اچھی طرح بھرا جائے اور تمام لوگ سیر ہو کر کھانا کھائیں، چنانچہ بالکل اسی طرح ہوا، اس پر آپ نے مسکراتے ہوئے فرمایا بعض اوقات فقراء یوں بھی کیا کرتے ہیں۔

## گستاخی کی سزا

شیخ الہ بخش جو آپ کے خاندان کا ایک فرد اور باوقار و معتمد انسان تھا، اس نے ایک دفعہ آپ کی شان میں کوئی نامعقول بات کہی اور گستاخی کی، آپ طیش میں آ گئے، اور فرمانے لگے خداوند! اس شخص کا منہ پھر مجھے مت دکھانا اور اسی وقت سوار ہو کر کسی جگہ تشریف لے گئے، وہ اسی دم بیمار پڑ گیا یہاں تک کہ اس پر جان کنی کا عالم طاری ہو گیا، تیسرے روز جب آپ واپس تشریف لائے تو وہ دم توڑ چکا تھا، چنانچہ آپ نے اسکے جنازہ کی نماز پڑھی۔

## جنگ و جدل فقراء کا شیوہ نہیں

شیخ عبدالوہاب جو حضرت شیخ محمد کا چچازاد بھائی تھا، اس نے ایک عمارت تعمیر کرائی، اس علاقہ کے رئیس رستم نے شیخ عبدالوہاب کی عدم موجودگی میں اس عمارت کو گرانے کا ارادہ کیا۔

لوگوں نے یہ بات حضرت تک پہنچائی تو آپ نے فرمایا بہت نامناسب سی بات ہے کہ ہمارے ہوتے ہوئے رستم شیخ عبدالوہاب کی عمارت گرائیں، جنگ و جدل تو فقراء کا شیوہ نہیں، البتہ میں ایسا تصرف کرتا ہوں کہ وہ یہاں تک پہنچ ہی نہ سکے گا، چنانچہ جب رستم عمارت گرانے کی خاطر لشکر لے کر باہر نکلا تو سید لشکر خاں کے عاملوں میں سے ایک آدمی اس کے ساتھ اس بارے میں متفق نہ ہوا، اور اس نے راستے میں ان کے ساتھ تنازعہ شروع کر دیا، نتیجہ یہ نکلا کہ اس عامل کا بھائی مارا گیا، رستم اس میں ماخوذ ہوا اور اس مواخذے میں ہی مر گیا۔

## شیخ کی بخشش

سید محمد وارث کا بیان ہے کہ مجھے ایک سفر کا اتفاق ہوا، میں حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوا، اور ان سے توجہ کی درخواست کی، آپ نے خیر و عافیت کی خوش خبری دی، اتفاقاً سفر میں ایک رات ڈاکوؤں نے حملہ کر دیا، اور مجھے اپنی موت کا خوف محسوس ہوا، اس حالت میں حضرت شیخ

کی جناب میں متوجہ ہوا، فوراً مجھ پر رعشہ طاری ہوگیا اور خواب میں حضرت شیخ کو دیکھا کہ آپ فرمارہے ہیں: فلانے! تمہیں کس نے روکا ہے؟ اٹھو اور روانہ ہوجاؤ اس کے بعد آپ نے دو لڈو عنایت فرمائے، جو میں نے جیب میں رکھ لئے، جب اس غنودگی سے بیدار ہوا تو میں نے دیکھا کے وہ دونوں لڈو بدستور میری جیب میں موجود ہیں، چنانچہ میں اٹھا اور سوار ہوکر اپنی منزل کو چل دیا، تمام ڈاکو مجھ سے غافل رہے، اوران میں سے کوئی شخص بھی مجھ سے تعرض نہ کر سکا، وہ لڈو ایک عرصہ تک میرے پاس رہے، مگر جب حضرت شیخ اس دارفانی سے کوچ فرماگئے تو میں نے کھالئے، حضرت شیخ کے انتقال کے بعد آپ کے متوسلین میں سے ایک عمر رسیدہ عورت ٹی بی میں مبتلا ہوکر انتہائی کمزور پڑگئی، رات کے وقت اسے پانی اور لحاف اوپر لینے کی ضرورت محسوس ہوئی، خود اسے اٹھنے کی طاقت نہیں تھی، اور پاس کوئی تھا نہیں، چنانچہ حضرت شیخ مجسم ہوکر تشریف لائے، اسے پانی پلایا لحاف اڑاھایا اور پھر غائب ہوگئے۔

جب شاہ عالم اور اعظم ایک دوسرے کے خلاف صف آراء ہوئے تو آپ کے ایک مرید نے عریضہ ارسال کرکے آپ سے استفسار کیا، کہ ان دونوں میں سے کون فتح مند ہوگا؟ آپ جس کی فتح اور کامیابی کی تصدیق فرمائیں میں اسی کا ساتھ دوں، آپ نے اسے وضاحت سے لکھ بھیجا، کہ فتح شاہ عالم کی ہے، چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

## کفار کا جتھا

کفار مانکیان نے اپنا ایک جتھہ بنا رکھا تھا جو اکثر اس علاقے کے شہریوں کو لوٹا کرتا تھا، بستی والے بہت پریشان ہوئے اور آپ کے حضور دعاء کی درخواست کی، آپ نے فرمایا اس سے پہلے تو ہم جس چیز کی طرف چاہتے اپنی قوت تصرف کو متوجہ کردیا کرتے تھے، مگر اب وہ ہمت وارادہ باقی نہیں رہا، مگر حکم خداوندی کے تحت اس کے اسمائے گرامی سے تعلق ضرور کرنا چاہئے، یہ کہہ کر آپ ختم خواجگان میں مشغول ہوگئے، اور فراغت کے بعد فرمانے لگے دعاء قبول ہوگئی

ہے ،حق سبحانہ وتعالیٰ نے کفار کو ہماری طرف آنے سے روک دیا ہے ، چنانچہ ایسا ہی ہوا ، حضرت شیخ محمد جب کسی کے حق میں بنظر قبول التفات فرماتے تو ایک دم عالم غیبت میں پہنچ جاتے اور عجیب وغریب حالات رونما ہوتے۔

## توجہ کاامتحان

ایک دفعہ موضع سنبلہیڑہ کے باشندوں نے آپ سے توجہ اور تاثیر کی استدعا کی ،آپ نے ایک ہی نظر ڈالی تو سید نور علی سید ملتانی وغیرہ سترہ کے سترہ حاضرین مجلس شخصبیہوش ہوکر گر پڑے۔
ایک مرتبہ قصبہ لادر کے رہنے والے شیخ مانکہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے : حضور میں آپ کی توجہ تاثیر کوآزمانے کے لئے حاضر ہوا ہوں ،حضرت شیخ نے اس پر توجہ فرمائی تو اشراق سے جمعہ تک بے ہوش پڑا رہا ، جب اسے جھنجوڑا گیا تو وہ مستانہ حرکتیں کرنے لگا ، تھوڑی دیر بعد جب ہوش میں آیا تو اس سے اس کی حالت کے بارے میں پوچھا گیا اس نے کہا کہ گر ایک ساعت حضرت شیخ مزید توجہ فرماتے تو روح بدن سے پرواز کر جاتی ،سید عبد الرحیم اور سید ہاشم حضرت شیخ کی خدمت میں حاضر ہوئے ،اور آپ سے بیعت وصحبت کا ناطہ جوڑا ،آپ کی صحبت کی تاثیر کی وجہ سے دونوں میں عجیب کیفیت پیدا ہوگئی۔

## بدکاری کی سزا

سید عبدالرحیم کو قلوب اور قبور کا علم حاصل ہوا ،جس قبر پر جاتے اس کی حقیقت بیان کر دیا کرتے تھے ،ایک مرتبہ کہنے لگے کہ کھاتولی کے قریب مجھے ایک شعلہ نظر آتا ہے ، جو زمین سے نکل کر آسمان تک پہنچ گیا ہے ، جب ایک قبر کے نزدیک پہنچے تو فرمایا کہ شعلہ اس قبر سے نکل رہا ہے ، جب تحقیق کی گئی تو معلوم ہوا کے وہ صاحب قبر زندگی میں ظلم اور بدکاری میں مبتلا تھا ،اکثر ایسا ہوتا کہ کوئی شخص سامنے سے گزرتا تو آپ فوراً اس کے دل کا حال بیان کر دیا کرتے تھے ، رفتہ

رفتہ سید عبدالرحیم پر جنون کے آثار ظاہر ہونے لگے، اور مجذوبوں اور دیوانوں کے جیسی حالت ہوگئی، ان کی والدہ نے حضرت شیخ کی خدمت میں فریاد کی، تو آپنے فرمایا اسے کچھ عرصہ میری صحبت میں رہنا چاہئے، کچھ وقت شیخ کی نگرانی میں رکھا گیا تو ان کی حالت معمول پر آ گئی، اور وہ دیوانگی جاتی رہی۔

## نہ چھیڑ ان خرقہ پوشوں کو

سید ہاشم کی کیفیت یہ تھی کہ جو آسیب زدہ بھی ان کے سامنے لایا جاتا، ان کا سامنا کرتے ہی جن بھوت فوراً فرار ہو جاتا، اس طرح آپ کی نظر کے فیض سے ایک عالم آسیب و جنات سے نجات حاصل کرتا تھا، رفتہ رفتہ ان پر بھی حالت جذب طاری ہوگئی، سارا دن صحرا و بیابان میں گھومتے رہتے تھے، ایک رات آپ ایک ہندو جوگی کے تکئے پر پہنچ گئے، اس نے ایسا جادو کیا سنگریزوں سے ایسی آواز سنائی دینے لگی جیسی خشک کھالوں کی رگڑ سے پیدا ہوا کرتی ہے، مگر آپ نے کوئی توجہ نہ کی، اسکے بعد بھینسے کی شکل میں ایک خوف ناک دیو ظاہر ہوا، اس نے سید ہاشم پر حملہ کر دیا، مگر آپ عالم مستی میں حق حق کا نعرہ لگاتے ہوئے جیسے ہی اس کی طرف پلٹے تو اسے فوراً راکھ بنا کر ہوا میں اڑا دیا، جب جوگی نے یہ ماجرا دیکھا تو فوراً مسلمان ہوگیا۔

## توحید کا اثر

ایک دفعہ عبدالسبحان نامی شخص حضرت شیخ محمد کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے تصرف فرمایا تو اس پر توحید کی ایک قسم منکشف ہوئی، جس کے نتیجہ میں وہ دیوانہ وار گلی کوچوں میں گشت کرتا ہوا ہر چیز کو خدا کہنے لگا، اور ہر قسم کے شرعی و اخلاقی آداب سے بے نیاز ہوگیا، لوگ اس بات سے تنگ آ گئے اور اس کو دوبارہ شیخ کی خدمت لے آئے، آپ نے اس کی اس ساری کیفیت کو سلب فرمالیا، تو وہ اپنی سابقہ حالت پر لوٹ آیا۔

## کشف غیوب

سید عنایت اللہ ساکن سنبلہیڑہ کو حضرت شیخ کی توجہ سے قلیل مدت میں غیب کی باتوں کا کشف حاصل ہو گیا، کہتے ہیں کہ ایک بار سید صاحب بیمار پڑ گئے اور حضرت شیخ ان کی عیادت کو گئے، سید صاحب پر شیخ کے سوار ہونے کے وقت سے لیکر گھر پہنچنے تک کے تمام حالات اس طرح منکشف ہو گئے جیسے آنکھوں سے دیکھ رہے ہوں، شیخ ادھر سوار ہوئے ادھر انہوں نے کہا کہ اب سوار ہوئے ہیں، پھر کہا اب فلاں جگہ پہنچے ہیں، اب شہر میں داخل ہوئے ہیں، دوستو اٹھو شیخ کے استقبال کے لئے نکلو، پھر کہا اب میرے دروازہ پر تشریف لے آئے ہیں، مجھے بٹھا دو۔

## توحید کا غلبہ

سید ملتانی آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے عجیب و غریب غیبت حاصل کی، لوگوں کے شور و شغب کا کوئی احساس نہیں کرتے تھے، کیونکہ ان پر توحید کا غلبہ تھا، کسی نے ان سے توحید کی مثال پوچھی، کہنے لگے جس طرح ایک مٹکے کو ریت سے بھر کر اس میں پانی ڈالدیا جائے اور وہ پانی اس ریت کے ہر ذرے میں سرایت کر جائے، اسی طرح ذات وحدہ لاشریک کائنات کے ہر ذرے میں سرایت کئے ہوئے ہے۔

## دیوانے کو فرزانہ بنا دے

محمد محسن حضرت شیخ کی صحبت میں حاضر ہوئے اور چند ہی روز میں علمِذات حاصل کر کے ہمہ اوست کی معرفت کے مرتبے پر فائز ہو گئے، حضرت شیخ نے محمد جعفر کو اس بات پر مقرر کر دیا کہ محمد محسن سے نماز نہ چھوٹ جائے، لیکن تھوڑے عرصہ بعد محمد محسن کو اس کیفیت سکر سے قدرے افاقہ ہو گیا، تھوڑی ہی مدت میں محمد محسن کی توجہ بلندیوں تک پہنچ گئی، چنانچہ ایک شخص کسی عورت کی محبت میں مبتلا ہو کر دیوانہ وار زار و قطار روتا پھر رہا تھا، اس کے بارے میں بعض دوستوں

نے آپ سے کہا کہ افسوس، ایسا مرد ہاتھ سے جا رہا ہے، اس پر محمد محسن نے اس شخص کو اپنے پاس بلایا اور ایک دولمحہ اس پر توجہ ڈالی تو اس عورت کی محبت اس کے دل سے بالکل زائل ہوگئی، اور اس کی جگہ محبت الٰہی نے گھر کرلیا۔

## منکر کا وجد

عبدالہادی نامی ایک شخص سماع کا منکر تھا، وہ آپ کی خانقاہ میں وارد ہوا، اتفاقاً اس روز آپ سماع کی ایک مجلس میں مدعو تھے، جب آپ چلے تو عبدالہادی بھی ہمراہ ہولیا، راستے میں اس سے دل لگی کرتے ہوئے آپ نے فرمایا کبھی تو نے وجد بھی کیا ہے؟ اس نے کہا کہ نہیں، آپ نے فرمایا کیا تم وجد کرنا چاہتے ہو؟ اس نے تعجب کا اظہار کیا، سماع کے دوران آپ نے اس پر ایک نگاڈالی اور تصرف کیا، تو وہ شخص مستانہ حرکتیں کرنے لگا، اس کی یہ کیفیت لحظہ بہ لحظہ بڑھتی گئی، یہاں تک کہ مسلسل دو روز اسی طرح بے خود رہا۔

جہاں آباد کا رہنے والا نھو نامی ایک شخص آپکی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے اس پر توجہ فرمائی ،تو وہ ایسا بے خود ہوا کہ جس پر بھی نظر ڈالتا، اس پر بھی بے خودی کے اثرات ظاہر ہونے لگتے۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ حضرت شیخ محمد پھلتی کے تصرفات اور باطنی توجہات حدوشمار سے باہر ہیں۔

قیاس کن زگلستان من بہار مرا

حضرت شیخ محمد نے ۸ جمادی الاولی ۱۲۲۵ھ میں رحلت فرمائی، رضی اللہ عنہ وارضاہ والحقنا بہ۔

# حضرت شاہ ولی اللہ کے اساتذہ ومشائخ حرمین کے مختصر حالات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تمام تعریفیں اس ذات کے لئے ہیں، جس نے حرمین شریفین کو خیر البلاد بنایا، اور ہر دور میں ان میں اپنے منتخب بندوں کو ٹھہرایا، اور درود وسلام ہو ہمارے آقا سید الکونین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کے آل واصحاب پر، فقیر ولی اللہ کہتا ہے کہ یہ چند کلمات جنہیں "انسان العین فی مشائخ الحرمین" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے، حرمین شریفین کے بعد ان مشائخ صوفیاء اور علماء محدثین کے حالات پر مشتمل ہیں، جن سے اس فقیر کو خرقۂ سلسلۂ صوفیاء اور اسناد حدیث پہنچی ہے۔ جزاھم اللہ خیر الجزاء*

## حضرت شیخ احمد شناویؒ

آپ علی بن عبدالقدوس بن محمد عباس شناوی کے فرزند ارجمند ہیں۔ آپ کے آباؤ اجداد گرامی اولیائے کبار میں گزرے ہیں، شیخ عبدالوہاب شعراوی نے ان کے کچھ حالات لکھے ہیں۔

آپ علوم شریعت وطریقت کے جامع تھے، علم حدیث وشمس رملی اپنے والد بزرگوار سید غضنفر اور شیخ محمد بن ابی الحسن بکری سے حاصل کیا اور اپنے والد بزرگوار سے خلافت پائی۔

ان کی صحبت کے بعد سید صبغۃ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور ان کے ہاتھوں بھی خرقۂ خلافت پہنا، آپ ان کی صحبت سے درجات عالیہ پر پہنچ کر ان کے خلیفہ بنے، کہا جاتا ہے کہ تربیت سالکین کے سلسلے میں انہوں نے کہا: لو کان الشعراوی حیا ما وسعہ الا اتباعی *یعنی اگر شعراوی زندہ ہوتے تو وہ بھی میری ہی اتباع کرتے، آپ کا قول ہے: عھدنا بحفظ وان لم یحفظ* (ہم نے حفاظت کا اہتمام کیا ہے گرچہ ہو نہیں پائی)

کاتب الحروف کہتا ہے کہ متاخرین اہل حرمین کی اصطلاح میں بیعت کو قبول کرنے کا معنی عہد ہے، یعنی جب بھی مشائخ صوفیاء کسی کی بیعت قبول کرتے ہیں تو اس سلسلے کے تمام مشائخ چاہے زندہ ہوں یا نہ، سب کی برکات اسے حاصل ہوجاتی ہیں، آپ کا قول ہے:

لایدخل النار من رانی ورای من رانی الی یوم القیمة*

وہ شخص دوزخ میں داخل نہیں ہوگا، جس نے مجھے دیکھا، یا جس نے مجھے دیکھنے والوں کو دیکھا، یہ سلسلہ قیامت کے دن تک رہے گا۔

کہتے ہیں کہ ایک روز آپ اپنے حجرے میں لیٹے ہوئے تھے، کہ ایک گرگٹ کو دیوار پر جاتے ہوئے دیکھا، حکم شرعی کے تحت آپ نے اسے مارنا چاہا، مگر شہود وحدت نے آپ کے اس ارادے کو متزلزل کردیا، ایک بار پھر اس کو مارنے کا ارادہ کیا، مگر شہود وحدت مانع رہا، غرض ان دو اندیشوں کے درمیان الجھے ہوئے تھے، کہ آخر کار حکم شرعی کی تعمیل کا پختہ ارادہ کرتے ہوئے ایک پتھر اسے دے مارا، نشانہ چوک گیا اور گرگٹ بھاگ گیا، آپ بہت خوش ہوئے اور کہا، شکر ہے اس خدا کا جس نے ہمارے لئے دونوں باتیں جمع کردیں۔

شیخ احمد قشاشی رحمۃ اللہ نے اس حکایت کے بعد کہا، اگر وہاں میں ہوتا تو ہرگز تأمل نہ کرتا، اور فوراً اس گرگٹ کا سر کچل دیتا۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ قشاشی کی مراد یہ تھی کہ اصل میں وحدت اس طرح جلوہ گر ہے کہ کثرت اور اسکے احکام کے ساتھ اس کا کوئی ٹکراؤ نہیں، جیسے پانی اور آگ دونوں وجود کے لحاظ سے اگرچہ ایک ہیں، لیکن چونکہ ان میں سے ہر ایک خاص فائدہ کا مظہر اور مخصوص استعداد کا حامل ہے، لہٰذا پانی آگ سے اڑ جاتا ہے، اور آگ پانی سے بجھ جاتی ہے، اور حکم شرع اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ کثرت کے احکام میں نظم وترتیب قائم رہے، اور شہود کامل یہ ہے کہ وحدت کثرت سے نہ ٹکرائے، اور کثرت وحدت کے راستہ میں رکاوٹ نہ بنے:

چوں کہ بیرنگی اسیر رنگ شد　　　موسوی با عیسوی در جنگ شد

چونکہ بے رنگی نے رنگ کا روپ اختیار کرلیا، اسلئے موسوی عیسوی کے خلاف جنگ میں کودا۔

آپ ۱۰۲۸ھ میں وصال فرما کر جنت البقیع میں مدفون ہوئے۔

## شیخ احمد قشاشیؒ

آپ محمد بن یونس القشاشی عرف عبدالنبی ابن شیخ احمد الدجانی کے فرزندار جمند ہیں۔

دجانہ، بیت المقدس کے قصبات میں سے ایک قصبہ ہے، آپ اسی قصبہ کے نہایت بزرگ باشندے تھے، شیخ عبدالوہاب نے طبقات میں ان کے حالات زندگی لکھے ہیں، شیخ یونس کو عبد النبی کے نام سے اس لئے پکارا جاتا ہے کہ وہ لوگوں کو اجرت دے کر مسجد میں بٹھاتے تاکہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود وصلوۃ پڑھیں، آپ کو قشاشی اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو چھپانے کی غرض سے مدینہ منورہ میں قشاشہ فروشی کی دکان کرتے تھے، اور قشاشہ پرانے سامان کو کہتے ہیں، مثلاً دواتیں، پرانے جوتے اور اسی طرح کی دوسری طرح کی اشیاء، آپ کے والد بزرگوار محمد مدنی بھی عالم اور مرد صالح تھے، شیخ احمد قشاشی علم حقیقت وشریعت کے امام تھے، حقائق معرفت کے بارے میں آپ کی گفتگو آیات واحادیث سے مدلل ہوتی تھی، کئی مشائخ کی صحبت میں رہے اور خرقۂ خلافت اپنے والد سے حاصل کیا، مگر انہیں گوہر مقصود شیخ احمد شناوی سے حاصل کیا، اس لئے انہوں نے خود کو ان کی طرف منسوب کیا۔

کہا جاتا ہے کہ شیخ احمد قشاشی نے مشائخ صوفیاء کی تلاش میں سفر اختیار کیا جب واپسی پر جدہ پہنچے تو حالت کشف میں ان پر ظاہر ہوا کہ شیخ احمد شناوی سامنے کھڑے ہیں، اور ان کی شرم گاہ سے مادۂ منویہ خارج ہو رہا ہے، جس کی وجہ سے ان کے پاؤں اور کپڑے آلودہ ہیں، جب بیدار ہوئے تو ان کے ذہن میں اس واقعہ کی یہ تعبیر آئی کہ شیخ شناوی مرتبۂ تکمیل کو پہنچ گئے ہیں، لیکن ان سے اکتساب فیض کرنے والا ابھی تک کوئی نہیں۔

اسکے فوراً بعد وہ حضرت شناوی کی خدمت میں حاضر ہوئے ،انہوں نے جب آپ کو دیکھا تو فرمایا: ہم اس شخص کو مرحبا کہتے ہیں جو ہم سے ہمارے علوم کا فیض پانے کے لئے آیا ہے، کہتے ہیں کہ ایک رات شیخ احمد قشاشی نے خواب میں دیکھا کہ محی الدین ابن عربی نے انہیں خرقۂ خلافت پہنا کر اپنی ہمشیرہ ان کے نکاح میں دیدی ہے، اسکی تعبیر انہوں نے یہ سمجھی کہ ان کی وحدت الوجود کی معرفت تکمیل کو پہنچ گئی ہے، کیونکہ شیخ ابن عربی کی ہمشیرہ سے ان کے نکاح کی تعبیر یہی ہوسکتی ہے۔

سید محمد بن علوی نے انہیں لکھا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی ،آپؐ نے مجھ سے فرمایا کہ احمد قشاقی سے میرا اسلام کہو،اور اسے میری شفاعت کی بشارت دو۔

اگلے روز دوبارہ سید محمد بن علوی نے کہا، میں نے دوسری دفعہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی تو آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: احمد قشاشی سے میرا اسلام کہواور اسے یہ مژدہ سناؤ کہ وہ جنت الفردوس میں میرا جلیس ہوگا۔

کہتے ہیں جب کبھی گفتگو کے دوران مقامات کا ذکر آتا تو شیخ احمد فرماتے کہ ہمارے لئے کوئی مقام نہیں اس لئے کہ ہم اہل یثرب سے ہیں اور خدا تعالیٰ نے فرمایا "یا اھل یثرب لا مقام لکم" گویا اس سے مقام بے نشان کی طرف اشارہ کررہے تھے،اور یہ کہ وہ حضور ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نقش قدم پر کاربند تھے، شیخ احمد قشاشی کے عجیب کرامات میں سے ایک یہ ہے کہ انہوں نے خواب کی حالت میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکمل قرآن مجید سنایا۔

## نامِ محمد کیا کہئے!

شیخ ابراہیم سے منقول ہے کہ ایک روز شیخ قشاشی نے اپنی مجلس میں یہ حدیث بیان کی:

ماعلی احدکم ان یکون فی بیتہ محمد و محمدان ثلثۃ*

یعنی تمہارے گھر میں ایک، دو یا تین محمد ہونے چاہئیں، (۱) اسی وقت میرے دل میں یہ خیال آیا کہ خدا مجھے تین فرزند عطا کرے گا جن میں ہر ایک کا نام محمد ہوگا، اس کے بعد میں اس فکر میں پڑ گیا کہ ان کی الگ پہچان کیسے کر سکوں گا؟

شیخ قشاشی میرے خدشہ پر مطلع ہو گئے اور فرمایا ان میں سے ایک ابوسعید اور دوسرا ابوالحسن اور تیسرا ابوطاہر کنیت اختیار کرے گا، ایک مدت بعد ایسا ہی ہوا جیسا کہ انہوں نے فرمایا تھا۔

شیخ ابراہیم سے منقول ہے کہ ایک روز شیخ قشاشی نے میرے دل میں ایک بات کہہ ڈالی، مجھے خیال آیا کہ کاش یہ بات آج سے پہلے واقع ہوتی، شیخ نے میری طرف توجہ نہ دی اور فرمایا اگر اللہ چاہتا تو میں تمہیں یہ بات نہ بتا سکتا اور نہ سمجھا سکتا، شیخ قشاشی کی اس طرح کی کرامات اور تصرفات بے شمار روایت کی گئی ہیں۔

الغرض شیخ قشاشی کی زندگی نہ فقہاء کے طرز پر تھی، اور نہ ہی خشک مزاج زاہدوں کے انداز پر بلکہ عین سنت کے مطابق تکلف سے خالی اور اعتدال سے عبارت تھی، آپ امراء کے یہاں کبھی نہیں جاتے تھے، اگر وہ خود ان کی زیارت کو آتے تو خوش خلقی اور بشاشت سے ان کے ساتھ ملاقات کرتے، اور ہر ایک سے اس کی قدر و منزلت کے موافق سلوک کرتے، قوم کے سردار کی بہت زیادہ عزت فرماتے، بڑی نرمی کے ساتھ نیکی کی تلقین فرماتے، اور زیارت کرنے والوں کو نصیحت کے بغیر نہ جانے دیتے۔

شیخ عیسی مغربی نے آپ کے بارے میں کہا: کہ میں جب بھی شیخ قشاشی کی محفل سے اٹھا تو دنیا میری نظروں میں حقیر ترین اور نفس ذلیل ہوتا تھا، خواہ میں ان کے پاس کتنی بار بھی حاضر ہوا، میرا یہ تاثر اپنی جگہ قائم رہتا، آپ نے ۱۹ ذی الحجہ ۱۰۷۱ھ میں انتقال فرمایا۔ رحمہ اللہ

---

[۱] قال رسول الله ﷺ ما ضر أحدكم لو كان في بيته محمد و محمدان و ثلاثة* جمع الجوامع ۷۸۰

## سید عبدالرحمن ادریسیؒ

آپ مغرب کے شہر مکناسہ میں پیدا ہوئے، مغرب، مصر، روم اور شام کی سیاحت کے بعد حرمین شریفین تشریف لے آئے اور کئی برس یہاں کی مجاولت کی، اس کے بعد زیارت اولیاء کی خاطر یمن تشریف لے گئے، کیونکہ انہوں نے یہ مشہور مقولہ سن رکھا تھا، کہ یمن میں اولیاء ایسے پیدا ہوتے ہیں جیسے زمین سے گھاس، یہاں کے اولیاء کی مجالس میں ان کو عجیب وغریب قسم کے واقعات اور دلچسپ ورنگین صحبتیں میسر آئیں، پھر جب مکہ واپس آ گئے اور یہاں مستقل اقامت اختیار کر لی تو اہل مکہ نے ان سے استفادہ کیا، اور کئی لوگوں نے خرقۂ صوفیاء بھی حاصل کیا، آپ سے بے شمار کرامات روایات کی جاتی ہیں۔

## ایران کا مکان مکہ میں

شیخ زین العابدین شافعی مفتی مدینہ سے میں نے سنا، انہوں نے اپنے والد سے نقل کیا جو کہ سید محمد کے خادم تھے، سید محمد سید عبدالرحمن کے معتقد تھے: کہ شریف مکہ کو کوئی ضرورت پیش آئی، سید عبدالرحمن مجوب کی طرف دعاء کے لئے رجوع کیا، سید عبدالرحمن ایک لمحہ تک سر بگریباں رہے، کچھ سوچا اور اس کے بعد فرمایا کہ مکہ کے فلاں محلے میں اس قسم کا گھر ہے، بیت المال کے افسر کو چاہئے کہ جس قدر شریف مکہ کو ضرورت ہے اتنا مال اس میں سے لے لے، اور باقی احتیاط سے وہیں پر چھوڑ دے، لوگ اسی وقت وہاں پہنچے اس گھر کو ویسے ہی پایا جیسے کہ سید صاحب نے فرمایا تھا، وہاں سے انہوں نے بیس ہزار اشرفیاں اٹھالیں اور صندوقوں میں مقفل کر دیا، یہ رقم سید صاحب کے پاس لے آئے، آپ نے شریف مکہ کے حوالے کر دی، تا کہ وہ اس سے اپنی ضرورت پوری کر لے، دوسری بار شریف مکہ نے چاہا کہ باقی دولت بھی اپنے تصرف میں لے آئیں مگر نہ گھر کا پتہ ملا اور نہ مال، لوگ حیران رہ گئے، اور سید عبدالرحمن سے

اس معاملہ کا راز پوچھا آپ نے فرمایا کہ ایران کا ایک شخص اپنے ملک میں فوت ہوگیا اس کا کوئی وارث نہ تھا، میں نے تصرف کر کے اس کے گھر کو مکہ میں لا کھڑا کیا، وہاں سے جو کچھ تم نے لینا تھا لے لیا، اور جب ضرورت پوری ہوگئی تو مکان اپنی سابقہ جگہ پہنچ گیا۔

## بند دروازے میں

کہتے ہیں کہ سید عبد الرحمن ایک دفعہ سید احمد بن ملوان کے مزار مبارک کی زیارت کے لئے تشریف لے گئے، سید احمد نے اپنے خادم کو خواب میں سید عبد الرحمن کے آنے کی خبر دی اور فرمایا کل ان کا استقبال اور تعظیم بجالانا، خادم استقبال کی غرض سے شہر سے باہر نکلا، بہت تلاش کیا مگر سید صاحب کا کہیں پتہ نہ چلا، ناامید ہو کر واپس لوٹ آیا تو دیکھا کہ سید صاحب مزار کے قبہ میں تشریف فرما ہیں حالانکہ دروازہ بند تھا، اور اس کی چابی خادم کے پاس تھی۔

## رونے کا سبب

شیخ ابو طاہر کا بیان ہے کہ ایک بار شیخ ابراہیم کو قبض لاحق ہوگیا، مسلسل چھ ماہ روتے رہے، کسی کی سمجھ میں اس کا سبب نہیں آتا تھا، جب حج کے ایام آئے تو ان کے ایک شاگرد شام سے حج کے قافلہ میں آئے، انہوں نے شیخ قشاشی سے شیخ ابراہیم کو حج پر لیجانے کی اجازت، انھوں نے اجازت دیدی، جب شیخ ابراہیم کے بھائی عبد الرحمن نے ان کی کتابیں اٹھائیں تو ان کے نیچے کاغذ کا ایک ٹکڑا پایا، جس پر شیخ قشاشی کے قلم سے لکھا ہوا تھا:

اے ابراہیم! ہم نے تمہارا آدھا حصہ غائب کر دیا اگر تم نے رجوع نہ کیا تو ہم تمہیں سارا ڈبو دیں گے، اس وقت پتہ چلا کے ان کے رونے کا سبب کیا تھا۔

جب حضرت شیخ ابراہیم مکہ پہنچے اور سید عبد الرحمن محبوب کی خدمت میں حاضر ہوئے تو سید صاحب شیخ ابراہیم پر گلاب کا پانی چھڑکنے لگے، چونکہ شیخ ابراہیم احرام کی حالت میں تھے، اور

ان کے لئے خوشبو کا استعمال ممنوع تھا، اس لئے گلاب کا پانی چھڑکنے کے ساتھ ہی شیخ ابراہیم کی حالت قبض رفع ہوگئی، گویا یہ شیخ قشاشی اور شیخ ابراہیم کے درمیان مصالحت تھی، جسے سید عبد الرحمن نے انجام دیا۔

## سید عبدالرحمن کی ہردلعزیزی

سید عبدالرحمن جہاں باطنی کمالات سے متصف تھے، وہاں کمالات ظاہری میں بھی بلند مقام پر فائز تھے، جود وکرم میں اپنی مثال آپ تھے، ان کے دستر خوان پر صبح وشام بہت سے لوگ جمع ہوتے، اور وہ ان تمام کے ساتھ خوش خلقی سے پیش آتے، آس پاس کے اسلامی شہروں سے ان کی خدمت میں نذرونیاز پیش ہوتے جسے آپ فقراء میں تقسیم فرما دیتے، تقریباً دوسو غلاموں کو آزاد کیا، جو بھی ایک دفعہ آپ کی محفل میں بیٹھ جاتا آپ کی شیریں کلامی اور خوش خلقی کی بنا پر اٹھنے کا نام نہ لیتا، اس قدر زیرک ودانش مند تھے کہ جس سے بھی ایک بار ملاقات کر لیتے چاہے ایام حج میں ہی کیوں نہ ہوں، اسے دوبارہ فوراً پہچان لیتے، جو بھی ان کی زیارت کو آتا استعداد کے مطابق اسے درود، تلاوت، استغفار اور اوراد و وظائف کی تلقین فرماتے، اور اسی طرح جس میں استعداد دیکھتے اسے صوفیاء کے کلام اور ان کے معتقدات بالخصوص شیخ اکبر ابن عربی قدس سرہ کے مطالعہ کی ترغیب دلاتے۔

میں نے ان کے لقب محجوب اختیار کرنے کی وجہ ہر چند اہل مکہ سے معلوم کرنے کی کوشش کی مگر پتہ نہ چل سکا قرین قیاس یہ ہے کہ آپ سماع کے دوران چہرے کو ڈھانپ لیا کرتے تھے، جب گرمی شوق کے آثار ظاہر ہونے لگتے تو چہرے سے نقاب ہٹا دیتے، اس وقت عجیب انوار وتجلیات کا ظہور ہوتا، جس کا اثر اہل مجلس پر بھی پڑتا تھا، شیخ احمد نخلی رحمہ اللہ نے بھی اسی توجیہ کی طرف اشارہ کیا۔ واللہ اعلم

# شیخ شمس الدین بابلیؒ

آپ حافظ حدیث، اپنے زمانے میں مصر اور حرمین میں استاذ تھے، اعلیٰ اخلاق، تواضع، ذکاوت ومحبت سے متصف تھے، کہتے ہیں کہ انہیں ابتداء حال میں شب قدر کی نعمت حاصل ہو ئی اور اس مبارک رات کے بعد عجیب وغریب آثار مشاہدہ کئے، اسی وقت آپ نے دعاء کی، الٰہی! مجھے حافظ ابن حجر عسقلانی کی طرح بنادے، چنانچہ آپ کی یہ دعاء قبول ہوگئی۔

آپ فرمایا کرتے تھے کہ کوئی شخص جب کسی کتاب کی تالیف کرے تو مندرجہ ذیل شرائط کو پیش نظر رکھے، پہلی یہ کہ ایسی چیز تالیف کرے جسکی طرف اس سے پہلے کسی کا ذہن نہ گیا ہو، دوسری یہ کہ جس کی تکمیل مقصود ہو اس میں کوئی چیز نامکمل نہ چھوڑے، تیسری کوئی چیز مغلق (سمجھ سے باہر) ہو اور اس کی شرح پیش نظر ہو، چوتھی یہ کہ کوئی چیز طویل ہو اسے مختصر کرنا مقصود ہو، مگر اختصار میں حل معانی اور تفسیر ومطالب کو راہ نہ دے، پانچویں کسی بات میں گڑبڑ ہو جسے صحیح ترتیب میں لانا مقصود ہو، چھٹے کوئی ایسی چیز جس میں پہلے مصنف نے غلطی کی ہو، اور یہ اسکی تصحیح چاہتا ہو، ساتویں کوئی چیز منتشر ہو جسے جمع کیا جائے، اگر کسی کتاب کی تالیف میں مندرجہ بالا سات وجوہ میں سے ایک وجہ نہ پائی جائے تو ایسی تصنیف اوقات کی بربادی کے علاوہ کچھ نہیں۔

آپ نے صحیح بخاری موطا اور دیگر تمام کتابیں سالم سنواری اور دوسرے لوگوں سے روایت کیں۔ موطا، بخاری اور حدیث کی دوسری کتابوں میں آپ کے پاس مسلسل اسناد تھیں۔

آپ نے مسلسل اسناد ہی کے ذریعہ ان کتابوں کا سماع کیا تھا، شیخ عیسی مغربی رحمہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی تمام سندوں کو ایک رسالے میں جمع کر دیا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ متاخرین کی اسناد کا ماخذ یہی رسالہ ہے، جو کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان کا مصداق ہے:

نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَيْئًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَ، الخ (بن حبان ح ٦٦)

اللہ اس کو سلامت رکھے، جس نے ہم سے کچھ سنا اور اسکو جوں کا توں دوسروں کو پہنچا دیا۔

آپ کی شان وعظمت وجلالت وبزرگی کا عجیب انداز تھا، بادشاہ امراءاوروزراءآپ سے توجہ و دعاء کے طلب گار رہتے تھے، اور آپ کے کسی حکم سے سرموانحراف نہیں کرتے تھے، قرآن مجید کی تلاوت آپ کا دائمی معمول رہا، آپ نے ۱۰۷۷ھ میں انتقال فرمایا۔ بابل جس کی طرف وہ منسوب تھے، مصر میں ایک گاؤں ہے۔

## شیخ عیسیٰ جعفریؒ

آپ کی پیدائش اورنشونما مغرب میں ہوئی، مروجہ علوم کے کچھ اسباق بھی آپ نے اسی علاقے میں پڑھے، پھر الجزائر میں آ گئے اور سجلماسی کے پاس دس برس سے زیادہ عرصہ تک رہ کر علوم میں تبحر حاصل کیا، اس کے علاوہ آپ نے قسطنطنیہ، مصر اور حرمین کے علماء سے بھی روایت کی، پھر آپ نے مکہ معظّمہ کو مستقل وطن بنالیا، آپ نے ،مقالید الاسانید، کے نام سے ایک معجم بھی تصنیف فرمائی، الغرض آپ ایک متقی عالم جمہور اہل حرمین کے استاذ اور حدیث وقرأت کے امام تھے، سید عمر نے آپ کے بارے میں کیا خوب رائے پیش کی ہے'' جو آدمی کسی ایسے شخص کو دیکھنا چاہے جس کی ولایت شک وشبہ سے بالاتر ہوتو وہ شیخ عیسی کی زیارت کرے۔

اورسید محمد بن علوی نے ان کے بارے میں کہا کہ وہ اپنے وقت کی ایک باکمال شخصیت تھی۔ انہیں اعمال حسنہ پابندئ نماز باجماعت کثرت طواف اور مداومت صیام وقیام جیسی خوبیاں ودیعت کی گئی تھیں، آپ تمام امور میں اعتدال پسند تھے، ننگ وناموس میں نہ مبالغہ سے کام لیتے تھے اور نہ تساہل سے، اگرچہ آپ کا تعلق کئی مشائخ کے ساتھ تھا، تاہم سلسلہ شاذلیہ سے باقاعدہ منسلک تھے اوران پر تادم آخر اسی سلسلے کی نسبت کا غلبہ رہا۔

آپ نے مسلک ابوحنیفہ کے مطابق ایک مسند بھی تالیف فرمائی جس میں متصل عنعنہ کے ساتھ حدیث کی روایت کی ہے، اس سے لوگوں کے اس خیال کی تردید ہوتی ہے کہ آج کل سلسلۂ حدیث متصل نہیں رہا۔ آپ ۱۰۸۰ھ میں رحلت فرمائے خلد بریں ہوئے۔

## شیخ محمد بن محمد بن سلیمانؒ

آپ حافظ حدیث تھے اور علم و ریاست اور دین و دنیا دونوں کے فنون کے جامع تھے، آپ کو شیخ ابومدین مغربی سے خرقۂ مدینہ حاصل تھا۔

درحقیقت کتب حدیث کا طریقۂ تصحیح اور نسخۂ نبویہ کا تعارف حرمین میں آپ ہی کے ذریعہ ہوا، آپ تمام اہل حرمین کے استاذ اور متبحر و ثقہ عالم تھے، کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ استمبول تشریف لے گئے، وہاں ایک شخص نسخۂ نبویہ فروخت کررہا تھا، آپ علم کے اس قدر شائق اور قدرشناس تھے کہ وہ نسخہ تین ہزار سکہ میں خرید لیا، اس نسخہ سے آپ کو اس قدر محبت تھی کہ ایک بار مسجد حرام میں ایسا سیلاب آ گیا کہ وہاں کے لوگوں کو غرق ہونے کا اندیشہ پیدا ہوگیا، محمد بن سلیمان نے یہ نسخہ سر پر رکھا اور طواف میں مشغول ہو گئے، تاکہ اسے کوئی نقصان نہ پہنچے۔

اس فقیر شاہ ولی اللہ نے اس نسخہ کی زیارت کی ہے اور مطالعہ بھی کیا ہے، شیخ تاج الدین قلعی کا بیان ہے کہ جس طرح شیخ محدث بن محمد بن سلیمان علم و روایت میں کمال رکھتے تھے اسی طرح وہ بھی بہت سے عجیب و غریب علوم و فنون میں ید طولیٰ رکھتے تھے۔

آپ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ”زادہ بسطۃ فی العلم والجسم“ (اللہ نے علمی اور جسمانی طور پر اس کو بڑھایا) مصداق تھے، تدبیر معاش میں اس قدر کمال حاصل تھا کے سارے مکہ معظّمہ کا نظام آپ کے ہاتھ میں آ گیا، اس پر حاسدوں کو موقعہ مل گیا اور جو کچھ ہونا تھا ہو گیا، واللہ اعلم۔

اس فقیر نے شیخ مذکور کی مرویات کی اجازت ان کے صاحبزادے محمد وفد اللہ سے لی ہے، کیونکہ انہیں اپنے والد سے ان تمام مرویات کی قرأت، سماعت اور اجازت حاصل کی تھی۔

اس کے علاوہ میں نے مکمل مؤطا بروایت یحیی بن یحیی بھی شیخ وفد اللہ کے سامنے پڑھی اور انہوں نے مؤطا شیخ حسن عجمی اور دیگر مشائخ سے پڑھی تھی۔ والحمدللہ

## شیخ ابراہیم کردیؒ

آپ عالم و عارف تھے اور فقہ شافعی، حدیث اور عربی ادب میں مہارت کاملہ رکھتے تھے، ان تمام علوم میں آپ کی تصانیف موجود ہیں، آپ نے اپنے وطن میں علم کی تکمیل فرمائی، پھر حج کے ارادے سے نکلے، اور تقریباً دو سال تک بغداد میں مقیم رہے، اس اثناء میں آپ اکثر سیدی شیخ عبدالقادر قدس سرہ کے مزار مبارک کو مرکز توجہ بنایا کرتے تھے، اور یہیں سے آپ کو اس راہ معرفت کا ذوق وشوق پیدا ہوا، اس کے بعد آپ نے شام میں چار سال قیام فرمایا، پھر مصر ہوتے ہوئے حرمین شریفین تشریف لائے، اور شیخ احمد قشاشی سے ملاقات کی، دونوں کے درمیان نہایت گہرے روابط وتعلقات پیدا ہوگئے، شیخ ابرہیم کردی نے شیخ قشاشیؒ سے حدیث روایت کی، ان سے خرقہ پہنا اور ان کی صحبت کے فیض سے اعلی کمالات پر فائز ہوئے۔

آپؒ فارسی، کردی، ترکی اور عربی سب زبانیں اچھی طرح جانتے تھے، ذہن رسا تبحر علم، زہد، انکساری، صبر وحلم وحوصلہ جیسے خصائل حمیدہ سے متصف تھے۔

کہتے ہیں کہ شام میں قیام کے دوران ایک دفعہ آپ نے شیخ محی الدین ابن عربیؒ کے مزار مبارک کی طرف اس نیت سے توجہ کی کہ آگے سفر مفید ہے یا نہیں؟ تو آپ نے دیکھا کہ شیخ اکبرؒ ان کے پاپوش سے گرد وغبار جھاڑ رہے ہیں، آپ نے سمجھ لیا کہ ابھی ٹھہرنے کا حکم ہے۔

## دل گیر نغمہ

شیخ ابوطاہر کا بیان ہے کہ ایام حج میں مدینہ منورہ میں جب مصری لوگ آئے تو شیخ اپنے احباب و معتقدین کے ہمراہ اہل مصر کی ایک جماعت سے ملاقات کے لئے تشریف لے گئے، راستہ میں وہ ایک ایسی جگہ سے گذرے جہاں کچھ گانے بجانے والی لڑکیاں، گانے بجانے اور لہولعب میں مشغول تھیں، آپ کے شاگردوں میں سے سید محمد برزنجی نے ڈنڈا اٹھا کر انہیں اس برے

کام سے روکنا چاہا، شیخ نے انہیں منع کیا، کیونکہ اس طرح ہنگامہ ہو جانے کا خطرہ تھا، سید محمد برزنجی خشک مزاج تھے، شیخ کے روکنے سے تنگ دل ہوئے، جب شیخ اوران کے رفقاء منزل مقصود پر پہنچے تو گانے والیوں میں سے ایک نے اپنے نغمہ کا آغاز اس شعر سے کیا:

ان شرقوا اسادتی وان غربوا اویلی　　　　وان عاشروا اغیرنا ویلا علی ویلی

میرے محبوب اگر مجھ سے جدا ہو کر چلے جائیں تو یہ میری بربادی ہے، اور اگر کسی غیر کو اپنالیں تو یہ تو بربادی پر بربادی ہے۔

یہ شعر عروض کے مطابق نہیں تھا مگر متاخر عروضیوں کے قواعد کے مطابق تھا، جب یہ شعر شیخ ابراہیم نے سنا تو ان کی حالت متغیر ہوگئی اور چہرا ڈھانپ کر گریہ شروع کر دیا، اس مجلس میں جس نے بھی شیخ کی آواز سنی یا ان کی شکل دیکھی وہ رو پڑا حالانکہ ان میں سنگدل بھی تھے، سید محمد برزنجی بھی رو پڑے اوران کے دل سے اعتراض کی سیاہی دھل گئی۔

## حق پست نہیں ہوتا

شیخ ابوطاہر کا بیان ہے کہ بادشاہ روم کا استاذ جسے وہاں کے لوگ خواجہ کہتے ہیں، مدینہ منورہ کی زیارت کو آیا اور علماء واحباب کی ایک کثیر جماعت کے ساتھ شیخ ابراہیم کی خدمت میں حاضر ہوا، ملاقات کے دوران اس نے شیخ سے کہا کہ میں نے شام میں ایک کھلم کھلا بدعت دیکھی، جس کا قلعہ قمع کرنے میں میں نے انتہائی کوشش سے کام لیا، شیخ نے پوچھا وہ کونسی بدعت تھی؟ کہنے لگا مساجد میں ذکر بالجہر، جواب میں شیخ نے یہ آیت پڑھی:

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ أَنْ يُذْكَرَ فِيهَا اسْمُهُ وَسَعَى فِي خَرَابِهَا [البقرة:114]

اس سے ظالم کون ہے جو اللہ کی مساجد میں ذکر اللہ سے روکے اور انکی ویرانی کی کوشش کرے۔

خواجہ کا رنگ متغیر ہوگیا اور وہ نہایت مشکل میں پڑ گیا، وہ فتاوی قاضی خان وغیرہ سے فقہ کی چند جزئیات لکھ کر لایا تھا، وہ جزئیات جیب سے نکالی اور شیخ کے ہاتھ میں تھما دی، شیخ نے فرمایا: اگر

تقلید کی بات ہے تو میں کسی اور کا مقلد ہوں اور آپ کسی اور کے، اس لئے اس صورت میں آپ کے دلائل کو تسلیم کر لینا میرے لئے ضروری نہیں ہوگا اور اگر تحقیق مطلوب ہے تو بندہ مناظرہ کے لئے حاضر ہے۔

حضرت شیخ نے بہت جلد اس موضوع پر دلائل سے بھرپور رسالہ تحریر فرمایا، اور خواجہ کے شبہات کے منہ توڑ جوابات دیئے، چونکہ حضرت کے احباب نے خواجہ کے مزاج کو دیکھ لیا تھا، اور وہ جانتے تھے کہ وہ دولت عثمانیہ میں بلند مرتبہ پر فائز ہیں، اس لئے انہوں نے عرض کیا کہ اس قدر تردید مناسب نہیں، شیخ نے فرمایا، حق بات کہنے سے نہیں ٹلنا چاہئے، چاہے کچھ بھی ہوجا ئے، نتیجہ یہ نکلا کے خواجہ اور اسکے ساتھی اس رسالہ کے جواب میں کچھ نہ کہہ سکے، وہ مبہوت ہو کر رہ گئے، اور حقیقت کھل کر سامنے آ گئی کہ حق ہمیشہ بلند رہتا ہے کبھی پست نہیں ہوتا۔

## جو ہاتھیوں کو روک لیتا ہے

شیخ ابو طاہر مزید بیان کرتے ہیں کہ شیخ یحییٰ شاذلی حرمین میں آئے ہوئے تھے، اس دوران انہوں نے شیخ ابراہیم سے بھی ملاقات کی، جب وہ روم واپس چلے گئے تو وزیر روم نے جو شیخ ابرہیم کا معتقد تھا شیخ یحییٰ سے پوچھا کہ آپ نے ہمارے شیخ کو کیسا پایا؟ اس نے کہا کہ وہ تو ایک بت ہیں، وزیر یہ سن کر بھڑک اٹھا اور شیخ یحییٰ کو بے عزتی کے ساتھ مجلس سے نکال دیا، اس واقعہ کے بعد یحییٰ شاذلی کو شیخ ابراہیم کے ساتھ سخت کینہ پیدا ہوگیا اور اس نے شیخ کو ایذاء پہنچانے کی نیت سے حرمین آنے کا ارادہ کیا، لوگوں نے یہ بات شیخ ابراہیم کو پہنچائی، تو آپ نے فرمایا: جو ہاتھیوں کو روک لیتا ہے وہ اسے بھی قابو کر لیگا، جب شیخ یحییٰ طور کے قریب پہنچے تو بیمار پڑ گئے اور اسی جگہ انتقال کیا۔

شیخ ابراہیم کی سیرت یہ تھی کہ وہ خود پسند فقہاء اور صوفیاء کی طرح بڑے بڑے عماموں، لمبی آستینوں اور پھٹے پرانے لباس سے بیزار تھے، آپ اہل حجاز کی طرح متوسط درجہ کا لباس پہنتے

تھے، جو مختصر سی پگڑی، اون کی دھاری دار عبا اور بڑے رومال پر مشتمل ہوتا، آپ کبھی کسی محفل میں نمایاں جگہ بیٹھنے اور گفتگو میں پہل کے ذریعہ اپنی حیثیت کا اظہار نہیں فرماتے تھے۔ آپ کے معتقدین مناظرہ اور مذاکرہ کے ذریعہ آپ سے استفادہ کرتے تھے۔

فرمایا کرتے تھے: بہر حال یہ ایسے ایسے ہے، کیا تمہیں فلاں بات سے اس کی سمجھ نہیں آتی؟ اگر کوئی ان سے کسی مسئلہ کے بارے میں سوال کرتا تو توقف فرماتے یہاں تک کہ تحقیق و انصاف کے ساتھ اس اشکال کو حل کر دیتے۔

عبداللہ عیاشی نے ان کے بارے میں کہا کہ آپ کی مجلس نمونۂ جنت تھی، جب مسائل حکمت پر گفتگو فرماتے تو اس سلسلے میں صوفیاء کی تحقیقات بھی بیان فرماتے اور صوفیاء کے کلام کو حکماء کی تحقیق پر ترجیح دیتے اور فرماتے کہ یہ فلاسفہ گرتے پڑتے حق کے قریب تو پہنچ گئے لیکن اس تک ان کی رسائی نہیں۔

آپ کی تاریخ وفات اس زمانے کے ایک خطیب نے ان الفاظ سے نکالی ہے:

**واللہ انا علی فراقک یا ابراھیم لمحزونون*(۱۰۷۱ھ)**

اللہ کی قسم اے ابراہیم ہم آپ کی جدائی سے غمگین ہیں۔

## شیخ حسن عجمی رحمہ اللہ

آپ شیخ الحدیث جامع علوم وفنون اور فصاحت و یادداشت اور فہم وفراست کے پیکر تھے۔ آپ اکثر و بیشتر شیخ عیسی مغربی کی صحبت میں رہے اور ان سے استفادہ کیا، ان کے علاوہ کئی دوسرے شیوخ مثلاً شیخ احمد قشاشی، شیخ محمد بن العلاء بابلی اور شوافع کے امام و مفتی شیخ زین العابدین بن عبدالقادر طبری کی صحبت میں بھی رہے اور ان سے روایت کی۔

شیخ ابوطاہر کا بیان ہے کہ شیخ حسن عجمی نے شیخ نعمت اللہ قادری اور دوسرے صوفیاء کرام سے بھی ملاقات کی تھی آپ اسمائے حسنی کے ساتھ دعا کے سلسلے میں بھی مشہور تھے۔

شیخ ابوطاہر ہی کا بیان ہے کہ یوں تو شیخ حسن حنفی تھے، مگر سفر کے دوران ظہر اور عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں اکھٹی پڑھ لیتے تھے، اور امام کے پیچھے سورۂ فاتحہ بھی پڑھتے تھے، آپ ہمیں وصیت فرمایا کرتے تھے کہ اپنی عورتوں کو تنگی میں نہ ڈالا کرو بلکہ انہیں حنفی مسلک کی آسانیوں سے مطلع کر دیا کرو، تاکہ وہ نماز پڑھ سکیں جیسے درہم برابر نجاست میں جو اجازت دی گئی ہے اور اسی طرح کے دیگر مسائل کہ جن میں آسانی اور رخصت ہے۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ اسکا مطلب یہ ہے کہ شیخ حسن عجمی باوجود حنفی ہونے کے تمام امور میں ایک ہی مسلک کی پیروی ضروری نہیں سمجھتے تھے، بلکہ فریقین کے یہاں کسی مسئلہ کے ثابت ہونے یا نہ ہونے کی پرواہ کئے بغیر تمام فقہی مکاتب سے اقوال لے لیا کرتے تھے۔ واللہ اعلم۔

شیخ ابوطاہر مزید کہتے ہیں کہ میرے شیخ عجمی خوبصورت نہیں تھے بلکہ ان کی ایک آنکھ میں عیب بھی تھا، اس کے باوجود جب حدیث پڑھتے تو ان کے چہرے پر انوار ظاہر ہوتے اور وہ دنیا بھر سے زیادہ حسین دکھائی دیتے، یہ قول نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "نضر الله عبداً ال[1] خ" کا اثر تھا۔

آپ نے اپنی اسانید حدیث کو ایک رسالے کی صورت میں جمع کیا ہے جس سے علم حدیث میں ان کے مرتبہ کا بخوبی پتہ چلتا ہے، آپ فرماتے تھے: لوگ کہتے ہیں کہ عالم کا فرزند نصف عالم ہوتا ہے تو یہ صحیح ہے کیونکہ ایسا کہنے سے عالم کے دو نصف ہو جاتے ہیں، ایک خود عالم اور دوسرا اس کا فرزند، اب یہ تو طے ہے کہ والد تو عالم ہے ہی، اور کسی عالم کے دو نصف کئے نہیں جا سکتے، ایسی صورت میں تسلیم کرنا پڑے گا کہ عالم کا فرزند جسے نصف عالم کہا گیا ہے کچھ نہیں، اخلاصہ یہ نکلا کہ یہ ضروری نہیں کہ عالم کا بیٹا بھی عالم ہو۔

آپ ہر سال رجب کے مہینے میں مدینہ منورہ کی زیارت کے لئے تشریف لاتے اور مسجد نبوی میں صحاح ستہ میں سے ایک حدیث کی کتاب بطریق سرد پڑھتے اور اہل مدینہ آپ سے

---

[1] نضر الله عبدا سمع مقالتي فوعاها وحفظها ثم أداها إلى من لم يسمعها* (ابن عساکر، ۲۵۰)

روایت کرتے تھے، شیخ ابوطاہر قرأت کرتے، انکے علاوہ کسی قرأت سے مطمئن نہ ہوتے۔

یہاں یہ بات واضح رہے کہ علمائے حرمین کے نزدیک کتب حدیث کی تدریس کے تین طریقے رائج ہیں، پہلا طریقہ سرد ہے جس کے مطابق شیخ سنے یا تلاوت کرے، دونوں صورتوں میں نہ تو لغوی وفقہی مباحث چھیڑے اور نہ ہی اسماء رجال کے بارے میں کوئی بحث کرے۔

دوسرا طریقہ بحث وحل ہے، اس میں ایک حدیث کی تلاوت کے بعد اس میں غریب لفظ، مشکل ترکیب، اسماء اسناد میں سے نیا اور کمیاب اسم، ظاہری شان نزول اور اس سے نکلنے والے مسائل پر بحث کرتے ہوئے نہایت اعتدال کے ساتھ حل کر دیا جاتا ہے، اس کے بعد اگلی حدیث تلاوت کر کے اسے بھی اسی طرح حل کیا جاتا ہے۔ علی ہذا القیاس

تیسرا طریق ایمان وتعمق ہے، اس کے مطابق ہر ہر لفظ کی تحقیق اور اس کے متعلقات کو نہایت توضیح وتشریح کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے، مثال کے طور پر غریب کلمہ اور کسی مشکل ترکیب کی تشریح میں کلام شعراء سے استشہاد کیا جاتا ہے، اور الفاظ کے متعلقات کو اشتقاق واستعمال کی جگہوں کے پیش نظر پرکھا جاتا ہے، اس کے علاوہ اسماء الرجال کی تشریح کرتے ہوئے رجال حدیث کے حالات اور سیرت واخلاق تفصیل سے بیان کئے جاتے ہیں، نیز فقہی مسائل کی منصوص علیہا مسائل سے تخریج کرتے ہوئے، اس کے ساتھ مناسبت رکھنے والے قصے اور عجیب وغریب حکایات بھی بیان کی جاتی ہیں۔

علمائے حرمین شریفین کے یہاں یہی تینوں طریقے مذکورہ تفصیلات کے مطابق رائج ہیں، شیخ حسن عجمی، شیخ احمد قطان اور شیخ ابوطاہر کا پسندیدہ طریق سرد تھا، مگر یہ طریقہ اہل علم وفضل اور منتہی طلبا کے لئے زیادہ بہتر سمجھا گیا ہے، تاکہ وہ جلد از جلد اپنے سماع حدیث اور سلسلۂ روایت کو مکمل کرلیں، اور دوسرے مباحث شروحات کی مدد سے حل کریں، کیونکہ آج کل ضبط حدیث کا انحصار شرح پر ہی ہے، مبتدی ودورمیانے درجے کے طلبا کے لئے طریقۂ بحث وحل ہے تاکہ وہ

علم حدیث کے بارے میں ضروری معلومات حاصل کر کے فائدہ اٹھائیں، شروح کو مطالعہ میں رکھیں تاکہ بحث وتمحیص کے دوران ان کی طرف رجوع کر سکیں۔

چوتھا طریقہ قصاص ہے، اس کا مقصد روایت وتحصیل علم نہیں بلکہ علم وفضل اور تحقیق وتدقیق کے اعلیٰ مراتب کا حصول ہے، چونکہ ایک محدث کو رجال اسناد کے حالات، ناموں کی صحت، انکی ثقاہت کا علم خصوصاً صحیحین (بخاری ومسلم) اور صحاح ستہ کے راویوں اور "لیس منا من فعل کذا" اور "فان اللہ وجھہ" (۱) اور اسی طرح کے دوسرے جملوں کی تاویلات، فقہیجثیں، فقہاء کے اختلافات، مختلف روایات میں باہمی موافقت پیدا کرنے اور بعض احادیث کی بعض پر ترجیح میں تحقیق وتدقیق اور گہرائی وگیرائی پر حاوی ہونا چاہیئے، مگر امت مرحومہ کے متقدمین علماء انمعاملات میں دلچسپی نہیں رکھتے تھے، ہاں فقہاء ومتکلمین اس سلسلے میں غور وخوض کرتے ہیں، لیکن آج اس کی بھی ضرورت باقی نہیں رہی۔ واللہ اعلم

شیخ حسن اپنے مشائخ سے انتہائی تواضع اور انکساری سے پیش آتے اور ہر لحاظ سے ان کا دل رکھنے کی کوشش کرتے، شیخ حسن کہتے ہیں کہ میں نے شیخ عیسیٰ سے دریافت کیا کہ اگر کسی کا شیخ موجود ہو تو کیا وہ کسی دوسرے شیخ کی بیعت کر سکتا ہے؟ تو انہوں نے فرمایا کہ باپ تو ایک ہی ہوتا ہے مگر چچا تایا کئی ہوتے ہیں، کاتب الحروف کہتا ہے کہ آپ کی اس بات کا مفہوم یہ ہے کہ شیخ اول جسکے ذریعہ مرید دائرہ بشریت سے نکلا، یا جس سے اس نے ظاہری علوم حاصل کئے،

---

۱یعنی وہ احادیث جن میں آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بعض گناہوں کے مرتکب کو مومن نہ ہونے کی یا اپنی جماعت سے خارج ہونے کی وعید سنائی ہے، مثلاً حدیث:

من غشنا فلیس منا* (ابن عساکر ۳۹۶) جس نے دھوکہ دیا وہ ہم میں سے نہیں۔ وغیرہ

بعض علماء کرام نے ان کو کفر پر محمول کیا ہے جیسے علامہ ابن تیمیہؒ جبکہ بعض جزوی کفر یا ایمان کامل کی نفی پر محمول کرتے ہیں جیسے امام بخاریؒ اور امام مالکؒ وغیرہم، جمہور علماء نے کبائر میں شمار کیا ہے، ان میں امام اعظمؒ اور امام طحاویؒ شامل ہیں، اسی طرح وہ احادیث یا آیات جن میں اللہ تعالیٰ کے لئے بعض جسمانی اعضا کا ذکر کیا گیا ہے۔ واللہ اعلم۔

اسکا مرتبہ تو حقیقی والدین کا سا ہے، جبکہ دوسرے بزرگ جن سے اس نے دیگر خارجی فیوض حاصل کئے ہیں، ان کا معاملہ چچا تایا کا ہے، لہٰذا انہیں اسی طرح سمجھنا چاہئے۔

شیخ حسن آخری عمر میں مکہ مکرمہ سے سکونت ترک کر کے طائف میں گوشہ نشیں ہو گئے تھے آپ کا مقولہ ہے: لیس بکمة من یقر الیه *

آپ نے طائف ہی میں ۱۱۱۳ھ میں انتقال فرمایا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے مزار کے قریب مدفون ہوئے۔

## شیخ احمد نخلی رحمۃ اللہ

آپ ظاہری و باطنی دونوں علوم کے جامع تھے، مشائخ طریقت اور علمائے شریعت کی بے شمار صحبتوں سے مستفیض ہوئے، سید عبدالرحمن مجوب، سید محمد رومی، سید عبداللہ سقاف اور میر کلاں بن میر محمود بلخی وغیرہ سے خرقۂ خلافت حاصل کیا۔

آپ نے حدیث کی تعلیم محمد بن العلاء بابلی، شیخ عیسی مغربی اور اسی طبقہ کے دوسرے شیوخ سے حاصل کی اور انہیں سے بخاری و موطا کے سماع میں تسلسل حاصل کیا، مشائخ کے کئی خاندانوں سے آپ کا تعلق تھا، ابتداء ہی میں علم اور علماء کی محبت کی طرف مائل ہو گئے ان کی صحبت میں حاضر رہتے، صوفیاء کرام سے عقیدت مندی اور ان کے اعمال اور اشغال پر ثابت قدم تھے۔

آپ حرمین شریفین اور باہر سے آنے والے مشائخ کی صحبت سے استفادہ کرتے رہے، مختصر یہ ہے کہ شیخ احمد نخلی رحمۃ اللہ اعیان مکہ معظّمہ میں سے وہ عظیم المرتبت بزرگ تھے جن کی برکات کا فیض عام اور دعوات مستجاب تھیں۔

شیخ احمد نخلی رحمہ اللہ کے فرزند شیخ عبدالرحمن نخلی رحمۃ اللہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے دادا کے یہاں نرینہ اولاد زندہ نہیں رہتی تھی جس کی وجہ سے وہ بہت پریشان رہتے تھے، جب شیخ احمد رحمۃ اللہ پیدا ہوئے تو ان کے لئے اولیاء اللہ سے دعاء کی درخواست کی، اور ان سے استمداد اور

روحانی توجہ کے طالب ہوئے، وہ ہر جمعہ کے دن شیخ احمد نخلی رحمۃ اللہ کو شیخ تاج سنبھلی کی خدمت میں بھیجتے تھے، ایک روز اتفاق سے شیخ تاج سنبھلی نے قدرے تأمل کے بعد شیخ احمد کو لانے والے خادم کے ہاتھ کہلا بھیجا کہ یہ بچہ آپ کی طرح کا نہیں، بلکہ آپ سے بڑھ کر صاحب فضل اور سعادت مند ہے، یہ الگ بات ہے کہ اس کی زندگی کم ہے۔

جب خادم اپنے مالک کے پاس پہنچا اور انہیں شیخ تاج سنبھلی کا پیغام دیا تو انہوں نے اسے یہ کہہ کر فوراً واپس بھیجا کہ میری طرف سے حضرت کی خدمت میں التماس کرو کہ آقائے من! میں نے اپنی عمر اس بچہ کو دیدی، اور اس بارے میں آپ سے شفارش کا طالب ہوں، جب حضرت شیخ نے یہ پیغام سنا تو فوراً توجہ کی اور چند لمحوں کے بعد اس خادم سے کہا کہ اپنے مالک سے کہہ دو کہ ان کا مدعاء پورا ہو گیا ہے، اور اپنی طرف سے انہیں (شیخ احمد نخلی کے رحمۃ اللہ کے والد کو) تین ماہ کی مہلت سفر آخرت کی تیاری کے لئے عطا کی، چنانچہ شیخ احمد نخلی کے والد اسی مدت میں اس عالم فانی سے رخصت ہو گئے۔

شیخ احمد نخلی نے نوے سال کی عمر پائی، شیخ عبد الرحمن کا بیان ہے کہ تمام دنیاوی معاملات اور لین دین میں میں اپنے والد کا وکیل تھا، جب والد بزرگوار یعنی شیخ احمد نخلی اپنی آخری عمر کو پہنچے اور ان پر ضعیفی غالب آ گئی، تو میں نے ایک روز ان کی خدمت میں قرض خواہوں کے مطالبات کی شکایت کی اور عرض کی کہ مجھے اندیشہ ہے کہ اگر خدانخواستہ آپ کی وفات کا حادثہ پیش آ گیا تو یہ تمام قرضہ میرے ذمہ پڑ جائیگا، اور عزیز و اقارب میری وکالت کا اعتبار نہیں کریں گے۔

والد بزرگوار نے فرمایا اس خدشہ کو ہرگز اپنے دل میں راہ نہ دو، مجھے امید کامل ہے کہ میں تب تک نہیں مروں گا جب تک کہ میرے ذمہ واجب الاداء قرض اداء نہ ہو جائے، اور میرا خیال ہے کہ وہ رات میری زندگی کی آخری رات ہو گی جس میں مجھ پر کسی کا قرض باقی نہیں رہیگا، آپ کی وفات سے کچھ عرصہ پہلے ان تمام قرضوں جتنی رقم ایسی جگہ سے حاصل ہو گئی جہاں سے

توقع بھی نہیں تھی، اور آپ کے کہنے کے مطابق وہ آخری رات آ ہی پہنچی، جب کہ آپ کے ذمہ کوئی واجب الاداء کوئی قرض نہیں تھا۔

شیخ احمد نخلی رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ طریقۂ خلوتیہ میں میرے شیخ، شیخ عیسیٰ بن کنعان خلوتی نے جب مجھے اس طریقہ کی اجازت بخشی تو مجھے مکہ معظّمہ میں اپنا خلیفہ بنایا، تاکہ خلوتیہ طریقہ کے تمام پیروکار میرے سامنے اکھٹے ہوکر نماز تہجد کے بعد جیسا کہ ان کا طریق ہے اوراد و وظائف میں مشغول ہوجائیں۔

اس بات سے میرے دل میں غایت درجہ تردد تھا کیونکہ میرا میلان پوری طرح نقش بندیہ سلسلے کی طرف تھا، اور شیخ خلوتی کے سامنے مجھے لب کشائی کی جرأت بھی نہیں تھی، اس تردد کے عالم میں میں نے ختم الرسل علیہ الصلوات والتسلیمات کی بارگا میں رجوع کیا، اور اسی سال روضۂ مقدسہ کی زیارت سے مشرف ہوا، تو جمعہ کے روز نماز جمعہ سے قبل مجھے خواب میں سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت نصیب ہوئی، میں نے دیکھا کہ زیارت عثمانیہ میں چاروں خلفاء کے ہمراہ جلوہ افروز ہیں، میں آپ کی طرف تیزی سے بڑھا اور دست مبارک چومنے کے بعد بالترتیب خلفاء کرام کے ہاتھوں کو چومنے کی سعادت حاصل کی، اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم میرا ہاتھ پکڑ کر اپنے مزار مقدس کے سرہانے صف اول کے برابر پیچھے ہوئے، ایک نئے مصلے کی طرف لائے اور فرمایا یہ شیخ تاج کا سجادہ ہے، اس پر بیٹھ جاؤ، میں سمجھ گیا کہ آپ کا یہ اشارہ طریقہ نقش بندیہ کی طرف ہے، اور آپ نے اس طریقہ کی اجازت عطا فرمادی ہے۔

## شیخ عبداللہ بصریؒ

آپ نے بہت ساری حدیث کی نایاب کتابوں کی ترویج واشاعت میں نمایاں کردار انجام دیا، مثلاً مسند امام احمد جس کے بارے میں یہ خدشہ تھا کہ شاید روئے زمین پر اس کا کوئی مکمل نسخہ ملنا محال ہوجائے، آپ نے مصر وعراق، شام اور اطراف واکناف کے قدیم کتب خانوں سے اس

کے متفرق اجزاء کمال احتیاط سے جمع کر کے ان تمام کو ایک نسخہ کی صورت میں ترتیب دیا، اور اسے صحت کے ساتھ ایک اصلی نسخہ کی صورت میں عام کر دیا۔

اس کے علاوہ صحاح ستہ کی روشنی میں آپ نے کئی اصول وضع کئے، اور نسخہ نبویہ اصل کی نسبت زیادہ بہتر انداز میں اپنے قلم سے لکھا، آپ نے صحیح بخاری کی شرح ضیاء الساری کے نام سے لکھنی شروع کی تھی جسے بڑھاپے اور کمزوری کے سبب مکمل نہ کر سکے۔ آپ نے ساری زندگی سرد اور بحث طریقوں سے روایت حدیث میں گزاری۔

الغرض آپ اس دور کے حافظ الحدیث تھے، اس اجمالی گفتگو کی تفصیل یہ ہے کہ صحیح حدیث کو ضبط یعنی محفوظ کرنے کے تین ادوار ہیں، پہلا دور صحابہ و تابعین کا ہے، اس دور میں صحابہ و تابعین احادیث کو زبانی یاد کر لیتے تھے، اور اچھی طرح یاد کر لینا ہی ان کے یہاں ضبط حدیث کہلاتا تھا۔

دوسرا دور تبع تابعین اور آٹھویں طبقہ تک کے متقدمین محدثین کا ہے، یہ حضرات احادیث کو لکھ لیتے تھے، ان کے نزدیک ضبط ان اصولوں پر مبنی تھا، صفائی تحریر، حرکات و سکنات اور نقاط میں احتیاط، ہیئت حروف کی حفاظت، احادیث کا اصول صحیحہ سے موازنہ اور کتاب کو ہر قسم کے خارجی اثرات سے محفوظ رکھنا۔

تیسرا دور وہ ہے کہ جس میں حفاظ حدیث نے اسماء رجال اور مشکل و غریب الفاظ کے ضبط میں کتابیں تالیف کیں، مفصل شرحیں لکھیں اور پیچیدہ و مشکل مقامات کی تشریح میں رسائل لکھے۔

آج ضبط حدیث کا یہ عالم ہے کہ کوئی بھی شخص ان تصانیف و شروح کو پیش نظر رکھ کر ان کے مطابق روایت شروع کر دیتا ہے، یہی وجہ ہے کہ اب علمائے حدیث ان حدیثوں میں تساہل سے کام لینے لگے ہیں جن پر اسلاف سختی سے کاربند تھے، چونکہ متوسطین نے حفظ حدیث میں سستی برتی، اور صرف عبارت پر ہی اکتفاء کر لیا، جس کے نتیجہ میں طبقات سابقہ کے

برعکس ان میں وجادت (۱) اور اجازت مجردہ اور اس کی دوسری چیزیں رائج ہوگئیں، حاصل کلام یہ ہے کہ ضبط حدیث کا یہ طریقہ شیخ عبداللہ کے یہاں بکمال موجود تھا بلکہ اس سلسلے کی بقاء کا سبب بھی انہی کی ذات بنی۔

حضرت شیخ عبداللہ بچپن ہی سے علم وعلماء اور اصلاح وتقوی کو دل وجان سے عزیز جانتے تھے، روزانہ قرآن مجید کے دس پارے تلاوت فرماتے تھے، آپ کے وقت کا کوئی حصہ بھی درس و تدریس، تلاوت کلام پاک، نماز یا ضروری گفتگو سے خالی نہ ہوتا تھا۔

میں (شاہ ولی اللہ) نے سنا ہے کہ جب شیخ عبداللہ کے فرزند شیخ سالم نے شریف مکہ کے دربار میں ملازمت اختیار کرلی تو شیخ عبداللہ، شیخ سالم کے کھانے میں شامل ہوتا تو درکنار ان کے گھر کے نمک مصالحے سے احتراز فرماتے تھے، آپ نے حجرۂ کعبۃ اللہ میں دوبار صحیح بخاری ختم کی، پہلی بار مرمت کعبہ کے وقت اور دوسری دفعہ اس وقت جب کعبۃ مکرمہ کا دروازہ درست کیا جارہا تھا، اور مسند امام احمد بن حنبل تصحیح وجمع کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مزار مقدس کے سرہانے مسجد نبوی میں چھپن ورز میں ختم کی، آپ نے طویل عمر پائی جو سب کی سب رضائے الٰہی میں گزری آخر عمر تک سمجھ بوجھ، حافظہ اور حواس درست رہے، البتہ قوت سماع میں کچھ کمی واقع ہوگئی تھی، عمر کے آخری حصہ میں شیخ عبداللہ مغربی نے آپ سے کتب صحاح ستہ پڑھیں اور اہل مکہ نے آپ سے سماع حدیث کیا ۴ رجب ۱۱۳۴ھ میں واصل بحق ہوئے۔

## شیخ ابوطاہر محمد بن ابراہیم کردیؒ

آپ ابتداء ہی سے علم اور علماء کی طرف راغب تھے، خرقہ خلافت اپنے والد سے حاصل کیا، جنہوں نے آپ کے لئے بے شمار بزرگوں سے خرقہ واجازت حاصل کی تھی، جن میں شیخ محمد بن

---

۱ کسی محدث کی کتاب یا کاپی سے بنا اجازتِ حدیث روایت کرنا، ایسی صورت میں راوی وجدت بخط فلاں یا قرأت بخط فلان وغیرہ الفاظ استعمال کرتا ہے، اس لئے اسے وجادت کہا جاتا ہے۔

سلیمان مغربی بھی شامل ہیں، آپ نے کتب عربیہ کی تعلیم سیبویہ وسید احمد ادریس مغربی سے حاصل کی، شیخ ابو طاہر سید احمد ادریس کا ایک واقعہ نقل کرتے ہیں کہ ان کے ایک فاضل شاگرد نے مسجد نبوی کے محراب میں سورہ تبت تلاوت کی، جب وہ نماز سے فارغ ہوکر سید صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ اس پر برس پڑے اور فرمانے لگے کہ میں ہرگز یہ برداشت نہیں کر سکتا کہ تم رسول اللہ کے حضور وہ سورۃ پڑھو جس میں انکے چچا ابولہب کا نام اہانت کے ساتھ مذکور ہے، کیونکہ خدا جیسے چاہے اپنے رسول سے خطاب کرے لیکن ہمارا یہ مقام نہیں۔

کاتب الحروف کہتا ہے کہ اگرچہ اس طرح کی باتیں سید الکونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ انتہائی محبت کا نتیجہ ہیں، تاہم یہ ارباب تقوی وتحقیق کا مقام ہے، مگر ہمارے لئے توصحابہ وتابعین کا طرزعمل ہی کسوٹی ہے، وہ یوں کیوں نہیں سمجھتے کہ اس سورت میں تو حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انتہائی مدح و منقبت کا پہلو نکلتا ہے، کیونکہ یہاں اس سورت میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخی کرنے والے آپ کے ایک دشمن پر خدا تعالیٰ نے لعنت کی ہے۔

شیخ ابو طاہر نے فقہ شافعی کی تعلیم شیخ طولونی سے معقولات، روم کے مشہور زمانہ متبحر عالم منجم باشی سے اور علم حدیث اپنے والد بزرگوار سے حاصل کیا، اس کے بعد وہ شیخ حسن عجمی کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے بہت زیادہ استفادہ کیا، ان کے بعد شیخ احمد نخلی اور شیخ عبداللہ بصری کی صحبت میں پہنچے، اور شیخ عبداللہ بصری سے شمائل النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پڑھی، اور انہی سے مسند امام احمد دو ماہ سے بھی کم عرصہ میں سنی، ان کے علاوہ آپ نے وقتاً فوقتاً حرمین شریفین میں باہر سے آنے والے علماء ومشائخ سے بھی بہت کچھ حاصل کیا ان میں ایک شیخ عبداللہ لاہوری تھے، جن سے آپ نے ملا عبدالحکیم سیالکوٹی (۱) کی کتابیں روایت کیں، ان کا سلسلہ شیخ عبداللہ لبیب کے ذریعہ خود مولانا تک پہنچتا ہے، اسی طرح شیخ عبدالحق دہلوی کی کتابیں بھی آپ

---

۱ ملا عبدالحکیم سیالکوٹی متوفی ۱۶۵۶ء خیالی، شرح عقائد، شرح شمسیہ، تفسیر بیضاوی وغیرہ کے حواشی کے مصنف ہیں۔

نے اسی واسطے سے پڑھیں، مولانا سیالکوٹی نے خود ان سے ان کتابوں کی روایت کی اجازت لی تھی اور ان میں سے شیخ سعید کوکنی سے بھی آپ نے بعض عربی کتابیں اور فتح الباری کا چوتھا حصہ پڑھا۔(۱)

الغرض آپ سلف صالحین کے تمام اوصاف مثلاً تقوی، عبادت، علم وشغف اور بحث وتمحیص میں انصاف پسندی سے متصف تھے، جب آپ سے کسی مسئلہ کے بارے میں رجوع کیا جاتا تو جب تک پورا غور وفکر اور کتابوں سے اس کی تحقیق نہ کر لیتے جواب نہ دیتے۔

آپ بیحد رقیق القلب تھے جب بھی کوئی حدیث پڑھتے تو آنکھیں پرنم ہو جاتیں۔

لباس وغیرہ میں کوئی تکلف نہ برتتے، اپنے تلامذہ اور خدام سے بھی تواضع سے پیش آتے، صحیح بخاری کی قرأت کے دوران جب روایات، احادیث اور فقہ کے اختلافات سامنے آتے تو شیخ ابوطاہر فرماتے کہ یہ تمام اختلافات سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انتہائی جامعیت (ہمہ گیری) کا نتیجہ ہیں جو اپنے اندر کونین کی تمام تر اضداد و موافقات سموئے ہوئے ہے۔

راقم الحروف کہتا ہے کہ یہ ایک نہایت گہرا نکتہ ہے جس پر تدبر کی ضرورت ہے۔

ایک دن احوال صوفیاء اور ان کی باہمی تردید وتنقید جو بعض دفعہ ان کے پیروکاروں میں بھی چل پڑتی ہیں، اس پر گفتگو چھڑ گئی، تو شیخ ابوطاہر نے فرمایا کہ میں صوفیاء کے بارے میں کچھ کہنے سے بہت ڈرتا ہوں، اگرچہ میرے بعض اسلاف بعض صوفیاء کے بارے میں ناقدانہ رائے رکھتے تھے، مگر جہاں تک کہ میرا تعلق ہے میرے دل میں ان کے لئے تردید وتنقید کا معمولی جذبہ بھی موجود نہیں۔

---

۱۔ شاہ عبدالحق محدث دہلوی، خواجہ محمد باقی باللہ کے خلیفۂ اجل، امام المحدثین، ہندوستان میں علمِ حدیث کی اشاعت کا سہرا انہیں کے سر ہے، اسی لئے لقب ہی محدث ہو گیا، امت کو حدیث دانی، اتباع حدیث، اور حب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دعوت انکا نمایاں کارنامہ ہے، ۱۶۴۲ء میں رحلت فرمائی۔

یہاں آپ نے ایک قصہ سنایا کہ شیخ یحیی شاذلی میرے والد سے کچھ اختلافات رکھتے تھے، یہ بات ان کی طرف سے میرے دل میں کھٹکتی رہی، اسی دوران شیخ یحیی شاذلی اس دنیا سے کوچ کر گئے، ایک عرصہ کے بعد کسی وجہ سے ان کی میت کو لحد سے باہر نکالا گیا تو اسی طرح صحیح وسالم تھے جیسے آج سوئے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ کسی پر کسی عارف سے اختلافات کی وجہ سے طعن و تشنیع نہیں کرنا چاہئے۔

یہاں انہوں نے مزید فرمایا کہ شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ نے اس سلسلے میں ایک عجیب و غریب وصیت فرمائی ہے، یہ کہہ کر انہوں نے شیخ ابن عربی کے قلم سے لکھا ہوا فتوحات کا نسخہ نکالا اور اس میں سے باب الوصیت پڑھ کر سنایا، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ شیخ اکبر فرماتے ہیں کہ میں ایک شخص سے اس لئے عداوت رکھتا تھا، کہ وہ شیخ ابو مدین مغربی پر طعن و تشنیع کرتا تھا، جبکہ میں شیخ مغربی کی مقبولیت اور بزرگی کا معترف تھا، ایک دن میں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تمہیں فلاں شخص سے کیوں بغض ہے؟

میں نے عرض کیا: اس لئے کہ وہ ابو مدین سے عداوت رکھتا ہے، جبکہ میں انہیں بزرگ سمجھتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کیا وہ شخص اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت نہیں رکھتا؟

میں نے عرض کیا: رکھتا ہے۔

فرمایا: گویا تمہیں ابو مدین سے اس کے بغض کی بنا پر تو عداوت ہے، لیکن میرے محب ہونے کی حیثیت سے الفت نہیں۔

شیخ اکبر فرماتے ہیں کہ اس کے بعد میں نے اللہ سے اس بغض کی توبہ کی، اس شیخ کے گھر گیا، اسے معذرت کے ساتھ سارا واقعہ سنایا، اور ایک قیمتی کپڑا اس کی نذر کر کے اسے راضی کیا، اس کے بعد میں نے اس سے ابو مدین کے بارے میں ناراضگی کا سبب پوچھا، اس نے جو وجہ بتائی وہ ایسی نہ تھی کہ اس کی بنا پر ابو مدین سے عداوت رکھی جاتی، تو میں نے اسے حقیقت حال سمجھائی

جس پر اسنے خدا تعالیٰ سے توبہ کی، اور ابو مدین کے بارے میں طعن تشنیع سے رجوع کرلیا، اس طرح سب کے دلوں میں الفت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکات جاری ہوگئی، اس پر اللہ کا شکر ہے۔

جس روز میں (شاہ ولی اللہ) وطن واپس ہوتے وقت شیخ ابو طاہر کی خدمت میں الوداعی سلام کے لئے حاضر ہوا، تو بے اختیار میری زبان پر یہ شعر آ گیا:

**نسیت کل طریق کنت اعرفه الا طریقایو دینی لربعکم**

میں تیرے گھر کی طرف جانے والے راستے کے علاوہ باقی سارے راستے بھول گیا۔

یہ شعر سنتے ہی حضرت شیخ پر گریہ طاری ہوگیا، اور بہت متاثر ہوئے، آپ رمضان المبارک ۱۱۴۵ھ میں رحلت فرمائے خلد بریں ہوئے۔

## شیخ تاج الدین قلعی حنفیؒ

آپ قاضی عبدالمحسن کے فرزند اور مکہ مکرمہ کے مفتی تھے، کئی مشائخ حدیث کی صحبتوں میں پہنچ کر ان سے علوم حاصل کئے، اور ہر ایک سے اجازت بھی حاصل کی، آپ ابھی کم سن تھے کہ والد بزرگوار نے شیخ عیسی مغربی سے آپ کے لئے اجازت حاصل کی۔

آپ فرماتے تھے کہمیں شیخ محمد بن سلیمان مغربی کے درس میں سنن نسائی کی تکمیل کے موقع پر حاضر ہوا، انہوں نے ختم کے بعد تمام حاضرین مجلس کو اجازت دی، جن میں میں بھی شامل تھا، آپ نے علم حدیث کا اکثر حصہ شیخ عبداللہ بن سالم بصری کی خدمت میں مکمل کیا۔

فرمایا کرتے تھے کہ یہ ساری کتابیں میں نے بحث وتنقیح کے ساتھ ان سے پڑھیں، صحیحین (بخاری ومسلم) شیخ حسن عجمی سے پڑھیں، اور جس قدر روایات ان کی نظر میں صحیح تھیں ان کی اجازت بھی حاصل کی، اس کے علاوہ شیخ صالح زنجانی کی خدمت میں ایک عرصہ تک رہ کر ان سے فقہ میں مکمل استفادہ کیا، آپنے شیخ احمد نخلی سے بھی اجازت وروایت حاصل کی، شیخ احمد قطان بھی آپ کے مشائخ میں تھے جن کی صحبت میں سالہا سال رہ کر درس کا طریقہ سیکھا۔

شیخ تاج الدین فرمایا کرتے تھے کہ شیخ احمد قطان کی وفات کے بعد میرے تمام مشائخ یعنی شیخ عبداللہ مصری اور شیخ احمد نخلی وغیرہ اس پر مصر ہوئے، کہ شیخ احمد کی جگہ حرم کعبہ میں مصلی مالکی پر بیٹھ کر حدیث کا درس دوں، جیسا کہ میرے شیخ کا معمول تھا، مگر مجھے اکابر کی موجودگی میں یہ جرأت نہیں ہوتی تھی، اس لئے میں اس پر آمادہ نہ ہوا، اس کے باوجود ان کی طرف سے اصرار بڑھتا گیا تو میں نے حسن عجمی کی خدمت میں ساری صورت حال لکھ بھیجی، وہ ان دنوں طائف میں مقیم تھے، انہوں نے بھی مشائخ کا کہنا مان لینے کی تاکید کی۔

آخر کار اس معاملہ میں ہر طرح کا استخارہ وغور وفکر کر کے میں اس فریضہ کو انجام دینے کے لئے تیار ہو گیا، اور شیخ قطان کیمسند پر بیٹھ کر بخاری کا درس اسی مقام سے شروع کیا جہاں شیخ نے چھوڑا تھا، ختم بخاری کی مجلس میں تمام علماء ومشائخ موجود تھے۔

آپ نے شیخ ابراہیم کردی سے بھی ان تمام علوم کی اجازت حاصل کی، حدیث مسلسل بالاوّلیت بھی انہی سے حاصل کی۔(۱)

کاتب الحروف نے شیخ تاج الدین سے ایک عجیب وغریب حکایت سنی، انہوں نے فرمایا: ایک دفعہ میں سخت بیمار ہو گیا، اس بیماری نے اس قدر طول پکڑا کہ ضعف وناتوانی کے مارے ہاتھ پاؤں ہلانے کی سکت نہ رہی، اسی حالت میں ایک رات خواب میں کیا دیکھتا ہوں کہ کوئی آ کر کہہ رہا ہے کہ مرغ پکا کر اس پر پورا قرآن مجید دم کر کے مریض کو کھلایا جائے، تاکہ بیمار اسے کھا کر شفایاب ہو۔

جب میں بیدار ہوا تو خواب کو عملی جامہ پہنانے کا پختہ ارادہ کر لیا، اگلی رات میں نے پھر خواب میں دیکھا کہ امام محمد بخاری میرے غریب خانہ پر تشریف لائے ہیں، اپنے ہاتھوں سے دیگچہ

---

۱حدیث کی پوری سند میں کسی لفظ یا راوی کی کیفیت کا مسلسل قائم رہنا، مثلاً ہر جگہ سمعت، یا اخذ اللحیہ وغیرہ موجود ہو، تو جس لفظ یا حالت کا تکرار ہو گا اسی کے ساتھ اس مسلسل کا نام رکھا جائے گا، جیسے سمعت ہو تو مسلسل بسمعت، وغیرہ۔

چڑھا کر آگ جلائی اور اسمیں صبح سے لیکر شام تک مرغ پکاتے رہے، جب پک کر تیار ہو گیا تو میرے سامنے لا کر رکھ دیا اور کہنے لگے، میں نے اس کھانے پر سارا قرآن پڑھا اسے کھا لو، اسے کھاتے ہی مجھے اس قدر افاقہ ہوا کہ مرض کا نشان بھی باقی نہ رہا، اور صحیح وتندرست ہو کر اٹھ بیٹھا، مجھے جو مسرت وشادمانی حضرت امام بخاریؒ کے اس لطف وکرم سے حاصل ہوئی وہ صحت یاب ہونے میں بھی نہ ملی۔

کاتب الحروف (حضرت شاہ ولی اللہ) شیخ تاج الدین کے درس بخاری میں دو تین روز لگاتار حاضر ہوا، اور ان سے صحاح ستہ اور مؤطا امام مالک کے کچھ حصے، مسند دارمی، امام محمد کی کتاب الآثار اور مؤطا سماعت کی، حضرت شیخ نے ان تمام کتابوں کی اجازت تمام اہل مجلس کو عطا کی جن میں فقیر بھی شامل تھا، حدیث مسلسل کے سلسلے میں یہ میری پہلی حدیث تھی جو میں نے زیارت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے واپسی کے بعد شیخ ابراہیم سے سماعت کی ۱۱۴۴ھ۔

# حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ کے خود نوشت حالات زندگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

**الحمد للہ الذی بدا بالنعم قبل استحقاقھا وخص من شاء بمعرفۃ الاسماء واذواقھا والصلوۃ والسلام علی سیدنا محمد المتحلی بتیجان الکرامات واطواقھا المکرم بصنوف العطیات واطباقھا وعلی آلہ واصحابہ الذین بھم قیام الملۃ ورواج اسواقھا**

**امابعد**

فقیر عبداللہ بن عبدالرحیم (خدا اسے اور اس کے والدین کو بخشے اور اس کے والدین کو احسان سے نوازے) رقم طراز ہے، کہ یہ چند کلمات میں نے اپنی زندگی کے حالات کے بارے میں الجزء الطیف فی ترجمہ العبد الضعیف، کے نام سے تحریر کئے ہیں۔

## ولادت

میری ولادت بروز بدھ ۴ شوال ۱۱۱۴ھ ہجری بوقت طلوع شمس ہوئی بعض ستارا شناسوں نے علم نجوم کے مطابق یہ کہا ہے کہ میری پیدائش کے وقت حوت کا درجہ دوم طالع میں تھا اور شمس بھی اسی درجہ میں تھا، زہرا آٹھویں، عطارد اکسویں، زحل دسویں اور حمل ومشتری پندرھویں درجہ میں تھے، اور وہ سال علویین کے قران کا سال تھا، یہ قران درجہ اول میں تھا، اور مریخ اس سے دوسرے درجہ میں تھا، اور راس سرطان تھا۔ واللہ اعلم

بعض احباب نے میری تاریخ پیدائش عظیم الدین سے نکالی ہے، میرے والدین قدس اللہ تعالیٰ سرہما اور کئی دیگر صلحا کو میرے بارے میں میری پیدائش سے پہلے اور اسکے بعد بشارتیں ہوئیں، چنانچہ ایک قریبی برادر اور مخلص دوست نے یہ ساری تفصیلات دوسرے واقعات کے ساتھ اپنے رسالے قول جلی میں بیان کی ہیں (اللہ اسے بہترین جزاء عطا فرمائے، اسکے اسلاف واخلاف کے ساتھ حسن سلوک کرے، اور اسکے تمام مقاصد پورے فرمائے۔)

## ابتدائی تعلیم

پانچ سال کی عمر میں میں مکتب میں بیٹھا اور سات سال کا تھا کہ میرے والد بزرگوار نے مجھے نماز کے لئے کھڑا کر دیا، اور روزے رکھنے کا حکم دیا، ختنہ بھی اسی سال ہوا اور مجھے یاد پڑتا ہے کہ میں نے قرآن مجید بھی اس سال ختم کر کے عربی فارسی کی کتابیں شروع کیں۔

دس برس کا تھا تو شرح ملا پڑھتا تھا اسی دوران مجھ پر مطالعہ کی راہ کھلی ۱۴ برس کی عمر میں میری شادی ہوگئی، والد بزرگوار کو میری شادی کے بارے میں بڑی جلدی تھی جب میرے سسرال والوں نے سامان شادی وغیرہ کے مہیا نہ ہونے کا عذر کیا تو والد بزرگوار نے انہیں لکھ کر بھیجا کہ اس عجلت میں بھی ایک راز ہے، اور یہ راز مجھ پر اس وقت کھلا جب میری شادی کے کچھ ہی دن بعد میری ساس، میری اہلیہ کے نانا شیخ ابو الرضا محمد قدس سرہ کے خلف الرشید شیخ فخر العالم، میرے بڑے بھائی شیخ صلاح الدین کی والدہ، اور والد بزرگوار جو ضعیف ہونے کے سبب طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہو گئے تھے، اللہ کو پیارے ہو گئے، الغرض اس طرح خاندان کے بہت سارے بزرگ اس دار فانی سے کوچ کر گئے، اور ہر خاص و عام کو معلوم ہو گیا کہ اگر اس وقت میری شادی نہ ہو جاتی تو پھر برسوں اس کا امکان نہ تھا۔

## راہِ سلوک اور تعلیم حدیث

پندرہ برس کی عمر میں والد ماجد سے بیعت کر کے صوفیاء خصوصاً نقشبند کے اشغال میں مصروف ہو گیا، اور ان کی توجہ و تلقین سے بہرہ ور ہوتے ہوئے ان سے آداب طریقت کی تعلیم اور خرقۂ صوفیاء حاصل کر کے اپنے روحانی سلسلے کو درست کر لیا، اسی سال بیضاوی شریف کا کچھ حصہ پڑھا تو والد ماجد نے ایک عام دعوت کا اہتمام کیا، اور درس کی اجازت عطا فرمائی، خلاصہ یہ کہ اس علاقہ کے تمام علوم متداولہ سے پندرہ برس کی عمر میں فراغت حاصل کر لی۔

میں نے تمام علوم کی کتب مندرجہ ذیل ترتیب کے ساتھ پڑھیں:

حدیث میں کتاب البیع سے کتاب الآداب کا حصہ چھوڑ کر مکمل مشکوۃ، صحیح بخارح کتاب الطہارات تک، شمائل مکمل، (والد ماجد سے ان کتابوں کی قرأت ہم درس ساتھیوں نے کی)

تفسیر میں بیضاوی ومدارک کے کچھ حصے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کے عظیم احسانات میں سے مجھ پر ایک احسان یہ ہے کہ چند مرتبہ والد بزرگوار سے مدرسے میں قرآن عظیم کے معانی، شان نزول اور کتب تفاسیر کی طرف رجوع کرتے ہوئے کلام قدسی میں تدبر حاصل کرنے کا موقع ملا، جو میرے لئے ایک عظیم فتح تھی اور اس پر خدائے قدوس کا لاکھ لاکھ شکر ہے۔

فقہ میں شرح وقایہ اور ہدایہ کا اکثر حصہ۔

اصول فقہ میں حسامی اور توضیح تلویح کا کچھ حصہ۔

منطق میں شرح شمسیہ مکمل اور شرح مطالع کا کچھ حصہ۔

کلام میں شرح عقائد مکمل اور خیالی وشرح مواقف کے کچھ حصے۔

سلوک میں عوارف المعارف کا کچھ حصہ، اور رسائل نقشبندیہ وغیرہ۔

حقائق میں شرح رباعیات مولانا جامی، لوائح مقدمہ شرح لمعات اور نقد النصوص، خواص اسماء والد بزرگوار کا مجموعہ جس کی انہوں نے چند بار اجازت دی۔

طب میں موجز القانون، حکمت میں شرح ہدایۃ الحکمت وغیرہ۔

نحو میں کافیہ اور اس پر شرح ملا۔

معانی میں مطول کا اکثر حصہ اور مختصر معانی کا وہ حصہ جس پر ملا زادہ کا حاشیہ ہے۔

اور ہندسہ وحساب میں بعض مختصر رسائل۔

## حضرت والد ماجدؒ سے اجازت

اس حصول علم کے دوران ہر فن کے کئی قیمتی نکات میرے ذہن میں پیدا ہوتے تھے، جو مزید غور و فکر سے کئی اور راہیں سجھا دیتے، میں اپنی عمر کے سترویں برس میں تھا کہ والد بزرگوار بیمار پڑ گئے، اور اسی علالت میں رحمت خداوندی کی آغوش میں چلے گئے۔

آپ نے مرض الموت کے دوران مجھے بیعت و ارشاد کی اجازت عطا فرمائی اور دوبارہ یہ جملہ ارشاد فرمایا "یدہ کیدی" (ولی اللہ کا ہاتھ میرا ہاتھ ہے)، یہ میرے نزدیک سب سے بڑی نعمت ہے کہ والد بزرگوار ساری زندگی مجھ سے راضی رہے، اور اسی عالم میں دنیا سے رخصت ہوئے، مجھ پر ان کی اس قدر توجہ تھی کہ کسی باپ کو اپنے بیٹے پر نہیں ہو سکتی، میں نے کسی ایسے والد استاذ یا مرشد کو نہیں دیکھا جو اپنے فرزند شاگرد اور مرید کے ساتھ ایسی شفقت کرتا ہو، جس شفقت کے ساتھ میرے والد بزرگوار پیش آتے تھے۔

(اے اللہ مجھے اور میرے والدین کو بخشدے اور ان پر رحم فرما جیسا کہ انہوں نے مجھے بچپن میں پالا اور ان کی ہر شفقت اور رحمت و نعمت کا انہیں ہزار دو ہزار گنا اجر عطا فرما بیشک تو قریب اور دعاء کو قبول کرنے والا ہے)

## درس و تدریس اور فقہی مسلک

والد بزرگوار کی وفات کے بعد کم و بیش بارہ برس تک میں دینیات اور عقلی کتابوں کی تدریس میں مشغول رہا اور ہر علم میں خاصہ درک حاصل ہوا، جب میں والد گرامی کے مزار مبارک پر مراقبہ کرتا تو مسائل توحید حل ہو جاتے، جذب کا راستہ کھل جاتا، سلوک میں سے وافر حصہ میسر آتا، اور وجدانی علوم کا ذہن میں ہجوم لگ جاتا مذاہب اربعہ (حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی) اور ان کے اصول فقہ کی کتابوں اور ان احادیث کے مطالعے کے بعد جن سے وہ استدلال کرتے ہیں، مجھے نور بصیرت سے معلوم ہوا کہ فقہائے محدثین کی روش ہی اختیار کی جائے۔

## سفر حرمین شریفین اور خرقۂ جامعہ

اس بارہ سال کے عرصے کے بعد میرے سر میں حرمین شریفین کی زیارت کا سودا سمایا، ۱۱۴۳ھ کے آخر میں حج کی سعادت سے مشرف ہوا، اور ۱۱۴۴ھ میں مجاورت مکہ مکرمہ، زیارت مدینہ منورہ کے شرف کیساتھ شیخ ابوطاہر قدس سرہ اور دوسرے مشائخ سے روایت حدیث کی سعادت حاصل کی، اسی دوران حضرت سید البشر علیہ افضل الصلوۃ واتمام التحیات کے روضۂ اقدس کو مرکز توجہ بنا کر فیوض حاصل کئے، علماء حرمین اور دیگر لوگوں کے ساتھ دلچسپ صحبتیں رہیں اور شیخ ابوطاہرؒ سے خرقۂ جامعہ حاصل کیا، جو بلا شبہ تمام سلاسل کے خرقوں کا جامع ہے، اسی سال کے آخر میں فریضۂ حج ادا کیا، ۱۱۴۵ھ میں وطن کو روانہ ہوا اور اسی سال بروز جمعہ ۱۴ رجب صحیح سالم وطن پہنچ گیا، واما بنعمة ربك فحدث (اور اپنے رب کی نعمت کا شکر ادا کرو۔)

## خلعتِ فاتحیہ

خاکسار پر اللہ تعالیٰ کا سب سے بڑا انعام یہ ہے کہ اس نے مجھے خلعت فاتحیہ، سے نوازا اور اس آخری دور کا آغاز میرے ہی ہاتھوں کرایا اور مجھے اس طرح رہنمائی کی گئی کہ فقہ میں سے پسندیدہ مسالک کو یکجا کر کے فقہ حدیث کی نئی سرے سے بنیاد رکھوں۔

اسی طرح اسرار حدیث، مصالح احکام، ترغیبات اور جو کچھ حضور رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے ہیں اور جن کی آپ نے تعلیم دی ہے، ان تمام اسرار و رموز کا بیان ایک مستقل فن ہے جس کے بارے میں اس فقیر سے زیادہ وقیع بات کسی اور سے نہیں بن آئی ہے ، اگر کسی کو اس فن کی عظمت و بلندی کے باوجود میرے بیان میں شبہ گزرے تو اسے شیخ عزالدین ابن عبدالسلام کی کتاب ،قواعد کبری، دیکھنی چاہئے جس میں انہوں نے کس قدر زور مارا ہے مگر پھر بھی وہ اس فن کے عشر عشیر تک نہیں پہنچ پائے۔

# طریقۂ سلوک، کمالات اربعہ اور حکمت عملی

طریقۂ سلوک جو کہ خدائے بزرگ و برتر کے نزدیک بہت پسندیدہ ہے اور جسے اس دور میں رائج ہونا ہے، وہ مجھے الہام کیا گیا، جسے میں نے اپنے دو رسالوں ''لمعات اور الطاف القدس'' میں قلم بلند کیا ہے، میں نے قدیم علمائے اہل سنت کے عقائد کو دلائل و براہین کی روشنی میں جس طرح ثابت کیا اور جس طرح انہیں معقولیوں کے شکوک وشبہات سے پاک کیا ہے، حقیقت یہ ہے کہ اب ان پر مزید بحث کی گنجائش ہی نہیں رہی۔

مجھے کمالات اربعہ یعنی ابداع، خلق، تدبیر اور تدلی جو اس دنیا کے طول و عرض میں موجود ہیں اور نفوس انسانیہ کی استعداد اور ان کے کمال اور انجام کو جاننے کا علم عطا کیا گیا ہے، یہ دونوں علوم اس قدر اہم ہیں کہ اس فقیر سے پہلے کوئی ان کی گرد تک نہیں پہنچا۔

حکمت عملی جس کے ذریعے اس دور کی اصلاح کی جاسکتی ہے، مجھے پوری طرح ودیعت کی گئی ہے، اس کے ساتھ مجھے کتاب وسنت اور آثار صحابہ کے ذریعہ اس حکمت عملی کو مستحکم کرنے کی توفیق بھی بخشی گئی ہے، اور جو کچھ پیغمبر علیہ السلام سے منقول ہے یا دین میں جو کچھ اضافے کئے گئے ہیں یا تحریف کی گئی ہے اور جو کچھ سنت ہے یا ہر فرقے نے نئی چیزیں دین میں رائج کی ہیں، ان تمام کی مجھے پرکھ عطا فرمائی گئی ہے، اگر میرا ہر بن مو زبان بن جائے تو بھی میں کما حقہ اسکا شکر نہیں بجالاسکتا اور تمام تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو عالمین کا پروردگار ہے۔

## اختتام

یہ ترجمہ اللہ کی نصرت و مدد سے ۲۹ / شعبان ۱۴۳۵ھ مطابق ۲۸ / جون ۲۰۱۴م، دارالعلوم منہاج الدعوہ میں مکمل ہوا۔

فله الحمد على ذلك وصلى الله على نبينا محمد وعلى آله وصحبه وسلم